رو سے ۶۴-۶۵ء میں ۴۵ لاکھ ٹن سے بھی زیادہ گندم کی پیداوار ہوئی لیکن گذشتہ سال مسلسل خشک سالی کی وجہ سے اور دریاؤں میں پانی کی کمی کی وجہ سے گندم کی پیداوار اتنی نہ ہو سکی جتنا کہ ہمارا اندازہ تھا اور اس کے علاوہ جیسا کہ جناب والا ۔ کو معلوم ہے گذشتہ سال بھارت نے ہمارا پانی جنگ کے بہانے روک لیا تھا اور اس وقت روکا جب کہ گندم کی بیجائی ہو رہی تھی ۔ آپ کو معلوم ہے کہ سیالکوٹ اور لاہور کے اضلاع میں کافی رقبہ پر بھارت ۔ رات کی تاریکی میں بین الاقوامی ضوابط کو بالائے طاق رکھتے ہوئے غاصبانہ قبضہ کر لیا ۔ تو ان حالات میں پچھلے سال پیداوار میں چھ سات لاکھ ٹن کی کمی واقع ہو گئی ۔ ان تمام باتوں کے باعث گندم کی پیداوار ۳۸ لاکھ ٹن کم ہوئی لیکن باوجود ان نا مساعد حالات کے حکومت نے ہر امکانی کوشش کی کہ وہ دیگر ممالک سے گندم مناسب نرخ پر خرید کر ملکی ضروریات کو پورا کریں اور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس وقت شہروں میں ملکی اور بیرونی گندم سترہ روپیہ اور کچھ پیسے فی من کے حساب سے ڈپوؤں پر فروخت ہو رہی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کب سے ؟

وزیر خوراک و زراعت ۔ خواجہ صاحب یہ تو اسی سال کے شروع سے چل رہا ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I challenge the statement.

مسٹر حمزہ ــ ہماری طرف لوگ ۳۰ روپیہ فی من خرید کر رہے ہیں ۔

وزیر خوراک و زراعت ــ وہ دیسی گندم ہے حمزہ صاحب ۔ اس پر ہمارا کنٹرول نہیں ہے ۔ ہم نے ۱۸ روپیہ ۳۷ پیسہ فی من آٹے کا انتظام ڈپوؤں پر کیا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم نے نصف دیسی اور نصف بیرونی گندم کا ایک مخلوط آٹا مہیا کیا ہے جس کی قیمت ۲۱ روپیہ اور کچھ پیسے فی من ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ قیمت کاغذوں میں ہے بازار میں نہیں ۔

وزیر خوراک و زراعت ــ جو کچھ آپ کا خیال ہے آپ فرما سکتے ہیں ۔ میری اطلاع کے مطابق و آٹا بالعموم اسی قیمت پر مل جاتا ہے ۔ بہرحال حکومت جس حد تک بھی ہو سکتا ہے کوشش کرتی ہے کہ پبلک کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو ۔ اس کا ارادہ ہے اور مصمم ارادہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے وہ عوام کی بھلائی کے لئے کوشاں رہے ۔ اور کوئی چیز ایسی مانع نہ ہوگی کہ جس سے ہم اس گندم کی گرانی کو یا قلت کو دور نہ کریں ۔ بہرحال میری نیاز مندانہ گذارش ہے اور میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر کسی کارخانہ دار یا کسی ڈپو ہولڈر نے حکومت سے بھرپور تعاون نہ کیا تو حکومت ہر اقدام ان کے خلاف کرنے سے گریز نہیں کرے گی ۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں یہاں اس موقع پر یہ اپیل کرنی چاہتا ہوں کہ ان مسائل

پر بحث کرنے سے اگر اصلاح مقصود ہو اگر کوئی فائدہ مقصود ہو تو میں ان کا خیر مقدم کروں گا لیکن یہ بھی سوچ لینا چاہئے کہ ایسی باتوں سے بعض اوقات ایسی فضا بھی پیدا ہو جاتی ہے کہ بجائے فائدہ کے ایسی چیزیں نقصان پیدا کرتی ہیں ۔ میں خواجہ صاحب کی قدر کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ وہ ضرور موثر اور قابل عمل تجویز اس ضمن میں پیش کریں گے ۔ یا بعد اجلاس اگر میں نے ضروری سمجھا تو میں اس کے متعلق فیصلہ کروں گا کہ کیا اس معاملے کی کچھ ایسی نوعیت ہے جس کے متعلق اس ایوان میں اس کا تذکرہ یا اس کی بحث مفید ہوگی ۔ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے اس کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس سے اس کو خوف ہو ۔ ہم نے کسی چیز کو چھپانا نہیں ۔ ہم نے ہر شخص سے تعاون کی بھیک مانگنی ہے ۔ یہ قومی نوعیت کا معاملہ ہے اور اس معزز ایوان میں آپ کی وساطت سے گذارش کرتا ہوں کہ کارخانہ دار اور ڈپو ہولڈر اس قسم کے کردار کا مظاہرہ کریں جس کا انہوں نے ۱۹۶۵ء میں کیا تھا ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. A similar adjournment motion, though in a different form, has also been moved by me and the worthy Minister has referred in his lengthy speech to the contents which are relevant to my adjournment motion. If the Speaker considers it fit and proper both the adjournment motions may be taken up at the same time and may be disposed off. And if my adjournment motion is to be taken up at a different occasion, I don't object to that. The confusion has been caused by a lengthy speech of the worthy Minister and he has made certain references which are relevant to my adjourment motion. Otherwise, it can be taken up in due course, I d on't mind that.

Minister of Finance : The confusion has been cleared.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب اگر آپ یہ فیصلہ فرمائیں کہ اس بحث کے لئے ایک علیحدہ دن ہونا چاہئے تو میرا خیال ہے یہ تحریکات التوا سے متعلقہ قواعد کے مطابق نہیں ہوں گی ۔ اگر آپ آج یا کل یہ فیصلہ فرمانا چاہتے ہیں تو ہم ان تمام تحریکات کو جو فوڈ پالیسی کے متعلق ہیں زیر غور لانا ملتوی کر سکتے ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ میں اس بارہ میں آج کچھ عرض نہیں کر سکتا ۔ کل لیڈر آف دی آپوزیشن اور دوسرے حضرات سے تبادلہ خیالات کے بعد عرض کروں گا ۔

FAILURE OF GOVT. TO PROVIDE SUFFICIENT ELECTRICITY FOR RUNNING TUBEWELLS IN DISTRICT LYALLPUR.

Mr. Speaker : Next motion by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I beg leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and recent occurrence namely the failure of the Government to provide sufficient electricity for running tube-wells in District Lyallpur, which will ultimately hamper the chances of bumper Rabi in this part of the province. The news of the scarcity of electricity was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore dated 6.11.1966 and had caused great resentment among the affected agriculturists in the said District.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں جناب میں اس سلسلہ میں عرض کروں گا کہ اس مسئلہ کے متعلق تین چار تحاریک التوا پیش ہو چکی ہیں ۔ اگر ان تمام کا مجموعی اثر لیا

جائے تو ان کا موضوع ایک ہے ـــــ صوبہ بھر میں برقی قوت کی کمی ۔ اگر اس تحریک کو اس پس منظر میں دیکھا جائے تو اس سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ یہ کوئی خاص نوعیت کا معاملہ نہیں بلکہ صوبائی سطح پر ایڈمنسٹریٹو ڈیپارٹمنٹ کی اچھی یا بری کارکردگی سے متعلق ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order, Sir. The Minister is again referring to more than one adjournment motion, and in that case I would humbly submit that all those motions may be taken up together, may be moved and then he can have a right to comment on those motions.

Mr. Speaker : Has the Member any adjournment motion about Lyallpur ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir it is...

Mr. Speaker : Is it about Lyallpur ?

Malik Muhammad Akhtar : If I am allowed to explain, Sir, it is on the part of the Ministers that they are confusing the adjournment motions. He has stated that there are three or four such motions. Presumably he is referring to certain motions, which have been moved in respect of failure of WAPDA, regarding that Power House which has failed in Multan.

Mr. Speaker : I am not going to dispose of that adjournment motion. I have only taken up adjournment motion No. 4, and that relates to Lyallpur.

وزیر برقیات ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک اس کی نوعیت کا تعلق ہے یہ خاص نوعیت کا معاملہ نہیں ہے کیونکہ اس کے پس منظر میں بہت سا علاقہ ہے ۔ دوسری عرض میں یہ کروں گا کہ یہ

فوری نوعیت کا اس لئے نہیں ہے کہ یہ چند ماہ پر پھیلا ہوا ہے ۔ کچھ مہینوں سے یہ مسئلہ رولنا ہوا ہے یہ فوراً واقع نہیں ہوا ۔ اور پھر اس کی وہ نوعیت بھی برقرار نہیں رہ سکتی جو پہلے تھی ۔ حکومت نے اس سلسلہ میں بہت سے اقدامات کئے ہیں اور کئی مؤثر اقدامات کر رہی ہے ۔ پریس میں ان تاثرات کا اظہار ہو چکا ہے کہ حکومت نے جو اقدامات کئے ہیں ان سے حالات بہتر ہوئے ہیں ۔ چنانچہ اب اس بارہ میں لوگوں کے محسوسات وہ نہیں ہیں ۔ اب اس مسئلہ کی وہ بنیادی حیثیت اور نوعیت برقرار نہیں رہی ۔ یہ معاملہ فوری طور پر وقوع پذیر نہیں ہوا ہے ۔ یہ تین چار مہینوں کی بات ہے ۔ موضوع تبدیل ہو چکا ہے ۔ صورت حال بہتر ہو چکی ہے ۔ پریس میں بھی آ چکا ہے کہ لوگ اب مطمئن ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لوگ مطمئن نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب ۔ کیا یہ کمی گذشتہ سیشن سے پہلے بھی موجود تھی ؟

وزیر برقیات ۔ یہ گذشتہ سیشن کے فوراً بعد جون ، جولائی ، اگست میں ہوئی ۔ میں تشریح کروں گا کہ حکومت نے اس سلسلہ میں کیا کام کیا ہے ۔

Mr. Speaker : I hold that this motion is of recent occurrence and it is in order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر موصوف نے جو بیان یہاں

اس ایوان میں دیا ہے اس سے ظاہر ہے کہ وہ اس مسئلہ کی نزاکت اور اہمیت کو خاص طور سے محسوس کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی چاہتے ہیں کہ یہ حکومت بجلی کی کمی کو رفع کرنے کے لئے جو اقدامات کر رہی ہے اس ایوان میں ان پر بحث ہو تاکہ پبلک کے سامنے حکومت کے وہ اقدامات آئیں ۔

Mr. Speaker : I have already held the motion in order ; the Member may please take his seat.

Mr. Hamza asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and recent occurrence namely the failure of the Government to provide sufficient electricity for running tube wells in District Lyallpur, which will ultimately hamper the chances of bumper Rabi in this part of the province. The news of the scarcity of electricity was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore dated 6.11.1966 and had caused great resentment among the affected agriculturists in the said District.

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(*Five Members rose in their places*)

Mr. Speaker : There are only five members ; the leave is refused.

FAILURE OF GOVT. TO IMPOSE ANTI-PROSTITUTION ORDINANCE EFFECTIVELY.

Mr. Speaker : Next motion please.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, I beg leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the failure

of the Government to impose anti-prostitution ordinance effectively even in the provincial metropolis where even today nearly 4000 women are indulging in this anti-social business in various forms.

This has caused great resentment all over the province. This horrible state of affairs was disclosed in a news item in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore dated 7.11.1966.

Mr. Speaker : When was the Ordinance promulgated ?

Mr. Hamza : It was promulgated more than a year ago.

Mr. Speaker : Is it not o continuing grievance ?

Mr. Hamza : People did know that something of the sort was going on but not to the extent as has been disclosed in the paper.

Mr. Speaker : Has it been disclosed recently ?

مسٹر حمزہ ۔ Yes, Sir. گذشتہ اجلاس کے بعد اس کا انکشاف ہوا ہے چار ہزار کی یہ تعداد لاہور شہر میں ہے جہاں وزراء بھی رہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کی شکایت یہ ہے کہ جب سے یہ آرڈیننس پاس ہوا ہے اس پر مناسب چیک نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جی ہاں ۔ وہ بالکل بے معنی ہے اور یہ صورت حال جہاں ہماری قوم کے لئے باعث شرم ہے وہاں انتہائی خوف ناک بھی ہے ۔

Mr. Speaker : The matter is not of recent occurrence. The motion is ruled out of order. Next motion please.

FAILURE OF GOVT. TO PROVIDE PENSION AND PROVIDENT FUND FACILITIES TO THE PRIMARY SCHOOL TEACHERS IN WEST PAKISTAN

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the failure of the Government to provide pension and Provident Fund facilities to the Primary School Teachers in West Pakistan. This has caused great resentment among the public all over the Province. The news item disclosing the absence of such basic facilities to low paid Primary School Teachers was published in the daily 'Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 8.11.66.

Mr. Speaker : Since when did the Member have this grievance ?

Mr. Hamza : The grievance came to my notice on the 8th November, 1966.

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, it is a very old case. In fact, it is four year-old. The matter is neither of recent occurrence nor has it been presented correctly. The fact of the case is that these primary school teachers, prior to 30th June, 1962, were in the service of Local Bodies and there they were entitled to Provident Fund facilities. After 1st July, 1962, they entered into Government service and from that very date they became entitled to pension. Some of the people who have retired have drawn their Provident Fund and the cases of others are still lying pending who are entitled to Provident Fund. Now, they demand that prior to their entering the Government service, namely, when they were in the service of Local Bodies, they should be entitled to pension as is given to other local employees.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that the Govt. are providing pension and Provident Fund facilities to the teachers at present ?

Minister of Education : When they were in the service of the Local Bodies they were entitled to Provident Fund only. Since they have joined Government service they are entitled to proper pension. So, I submit that the motion has not been presented correctly and it should be ruled out of order.

Mr. Speaker : Is the member satisfied with the statement of the learned Minister of Education ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ اگر یہ پرائمری سکولوں کے اساتذہ کو پنشن دیتے ہیں یا باقاعدہ دے رہے ہیں اور آئندہ بھی پنشن دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو پھر میں اپنی تحریک پر اصرار نہیں کرتا۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Next motion please.

FAILURE OF GOVT. TO IMPOSE STRICT RESTRICTIONS ON THE MANUFACTURE OF FIRE-WORKS.

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the failure of the Government to impose strict restrictions on the manufacture of fire-works leading to the loss of ten valuable lives in a village near Jaranwala in District Lyallpur. The news of the death of ten persons was published in the daily Nawai-i-Waqt, Lahore, dated 9.11.66. This has caused great resentment among the public all over the Province.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, the loss of lives is, of course, very tragic and every one of us has sympathy with those persons who have lost their lives, particularly those who were bread-earners and were working to earn their living. But so far as the imposition of restrictions is concerned, since it is not a matter of very recent occurrence and it might necessitate certain measures in the form of a law. I assure my friend on the opposite that the Government will certainly look into the matter and all the necessary measures will be adopted, I would request my friend to withdraw his motion. We will take particular action to see that no such occurrence takes place. We are collecting facts and as soon as possible a law shall be brought on that issue.

Mr. Speaker : Is the member satisfied with the statement of the learned Law Minister ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا۔ مجھے انتہائی خوشی ہوئی ہے اور میں سمجھوں گا کہ عوام الناس میں جو اضطراب ہے وہ اس طرح رفع ہو جائے گا اگر حکومت مناسب وقت کے اندر اور جلد سے جلد آتش بازی کو ممنوع قرار دے دے اور ایک قانون اس اسمبلی میں ایک بل کی شکل میں لے آئے ۔

Mr. Speaker : I think the motion is not pressed ?

Mr. Hamza : No, Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Next motion please.

DETERIORATION IN THE LAW AND ORDER SITUATION IN WEST PAKISTAN

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the deterioration in the law and order situation in West Pakistan to the extent that even Government officials on tour are not safe from the clutches of the dacoits, as is evident from a news item in the daily Nawai Waqt, Lahore, dated 15.7. 1966, according to which an officer on tour in Jaccobabad District, who was way laid by the dacoits, was forced to dance by them.

This has caused great harrassment to the public all over the Province.

Minister of Law (Mr. A.B. Akhund) : Sir, the information given by my friend on the other side is not factually correct. So far as the dancing of the officer is concerned. It may be in the imagination of some Paper or may be in the imagination of some Reporter. As a matter of fact that never took place.

Malik Muhammad Akhtar : The officers dance at the instance of Ministers.

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : He has said it might be in the imagination of some Reporter.

Minister of Law : So far as the nature of the occurrence is concerned, there are always certain activities of illegal nature in all the societies and so far as the eradication of crime is concerned it can never be eliminated in howsoever high a society one may be living. But the question is whether this is a matter of such a great and urgent public importance ? The matter is neither of recent occurrence nor is it of such great importance to cause resentment. Offences do take place and in human societies these things do occur. Therefore, to imagine that any particular offence is a matter of great public importance and of recent occurrence is something which cannot be justified. I, therefore, oppose this motion and request that it may be ruled out of order.

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب آپ یہ فرمائیں کہ یہ معاملہ public importance اور recent occurrence کا کیسے ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ آپ کو علم ہے کہ ہمارے ملک میں اگر کوئی طبقہ قابل صد احترام ہے جس کو جینے کا حق حاصل ہے تو وہ افسران کا طبقہ ہے اگر ڈاکو ان پر بھی ہاتھ صاف کریں اور ان کو ناچنے پر مجبور کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں کسی شہری کی عزت اور جان محفوظ نہیں ہے - جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم وزیر صاحب ہی کو ، جو اس صوبہ میں نئے وزیر ہیں اس چیز کا احساس ہو کہ یہ حکومت نوکر شاہی کے اشارہ پر چلتی ہے اور اگر نوکر شاہی کے کسی رکن کے خلاف کوئی اقدام کیا جائے تو حکومت کو ہل جانا چاہیے بلکہ وزرا کو استعفیٰ دے دینا چاہئے -

جناب سپیکر ۔ یہ فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ فوری نوعیت کا نہیں ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ اپنے ساتھ زیادتی کرتے ہیں ۔ یہاں ان کا یہ کہنا یہ خبر گھڑ لی گئی ہے یا کسی کو گھر بیٹھ کر خواب آیا ہے میرے نزدیک یہ عذر لنگ ہے ۔ پہلے تو کہہ سکتے تھے کہ بڑے بڑے تجربہ کار وزیر انفرمیشن یعنی وزیر اطلاعات رہے ہیں جو پریس پر سختی سے کنٹرول کیا کرتے تھے ۔ لیکن یہ خبر ایک ایسے اخبار میں آئی ہے جو حکومت کو بہت بری طرح کھٹکتا ہے ۔ یہ خبر اس اخبار کے آخری صفحہ پر چھپی ہے ۔ اگر یہ خبر من گھڑت تھی تو ان کو چاہیے تھا کہ اس کی تردید کرتے ۔ میں وزیر قانون صاحب سے عرض کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Finance : We don't interfere. They are given fulll liberty.

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے جو سزا دینی تھی وہ دے چکے ہیں ۔ آپ اس کے اشتہارات بھی بند کر رہے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The Member may please address the Chair.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اتفاق سے یا حسن اتفاق سے جناب وزیر قانون سابق صوبہ سندھ کے علاقے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ جو واقعہ ہوا ہے اسی علاقے کے متعلق ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ کم از کم اس مسئلے کو اس ایوان میں زیر بحث آنے دیں ۔ اور اگر آپ کو اس مسئلے کے متعلق علم ہے تو آپ ہمیں اس سے پوری طرح آگاہ کردیں تاکہ عوام کے ذہن میں جو غلط فہمی ہے وہ رفع

ہو جائے یا پھر ہمیں اس پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ اگر اس کے متعلق آپ کے ذہن میں کوئی غلط فہمی ہو تو وہ رفع ہو جائے۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza has given notice of a motion to discuss deterioration in law and order situation in West Pakistan. It has been ruled in the Punjab Legislative Assembly Debates Volume 11, page 181, that the failure of a particular Government, then it was the Punjab Government, to maintain law and order in the province is not a fit subject for discussion as an adjournment motion. Relying on the same ruling, I hold that it is a continuing process and rule the motion out of order.

Next motion, Mr. Hamza.

Scarcity of drinking water in Lahore due to Low Electricity Voltage

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the scarcity of drinking water caused in Lahore due to low electricity voltage as published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore dated 19-7-66. This has caused great hardship to nearly whole of the population of Lahore.

Mr. Speaker : Is there any scarcity now ?

مسٹر حمزہ ۔لازماً ہوگی ۔ پہلے تو voltage کی کمی تھی اب پانی کی کمی ہے ۔

Mr. Speaker : That means that the Member is not sure about that.

خواجہ محمد صفدر ۔ صنعتی اداروں کو دو دن تک بجلی نہیں ملی ۔

Mr. Speaker : Is the Member sure about it ?

مسٹر حمزہ ۔ مجھے تو اس کا اس حد تک یقین ہے کہ میں سمجھتا ہوں آپ کو بھی یقین ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ مجھے تو یقین اسی صورت میں ہوگا جب آپ مجھے یقین دلا دیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ مجھے تو یقین ہے کہ واپڈا سے جو کہ وزیر موصوف کا محکمہ ہے اور جن کی طرف سے یہ حکم ہوا ہے کہ ایک دن بجلی دیں اور ایک دن نہ دیں تو اس کے پیش نظر بجلی میں کمی ہونا اور اس کے نتیجے میں پانی کی سپلائی میں کمی واقع ہونا تو بالکل لازمی بات ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ۔ آپ نے جو حوالہ دیا ہے ۔ اس کے مطابق تو پانی کی کمی ۱۹۶۶-۶۷ کو تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں آپ کا یہ خیال ہے کہ اگر ۱۹ جولائی کو عوام یہاں پر انتہائی مصیبت میں گرفتار رہے ہیں اور اگر اب ان کو اس سلسلے میں کوئی تکلیف نہیں ہے تو ہم اسمبلی کے ممبران کی حیثیت سے جناب وزیر موصوف سے یہ بھی نہیں پوچھ سکتے کہ عوام کو یہ مصیبت کیوں جھیلنی پڑی ۔

Mr. Speaker : If the Member desires to get some information about it he can ask this through a question.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں اس سے پیشتر بھی عرض کر چکا ہوں کہ یہ تکلیف اس وقت بھی موجود ہے اور اگر اس وقت موجود نہ بھی ہو تاہم ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم وزیر موصوف سے یہ دریافت کریں کہ آپ اس سلسلے میں کروڑوں روپے خرچ کر رہے ہیں جس کے لیے آپ نے ہمارے ملک کو دوسرے ممالک کے پاس گروی رکھ دیا ہے لیکن اس کے باوجود بھی عوام کو پانی کی قلت کا سامنا کیوں ہے ۔

Mr. Speaker : Is there any scarcity of water on account of shortage of electric power ?

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس قوم کی نمائندگی کے حقوق صرف حمزہ صاحب کے پاس ہی نہیں ہیں بلکہ اس کے لیے اور بھی ادارے ہیں ۔ (قطع کلامی) ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کم از کم آپ تو عوام کے نمائندے نہیں ہیں کیوں کہ آپ تو گورنر صاحب کی نمائندگی کرتے ہیں اور ہم عوام کے نمائندے ہیں ۔

وزیر آبپاشی ۔ میری نمائندہ حیثیت تو ملک بھر میں مسلمہ ہے میں منتخب ہو کر اس ایوان میں آیا تھا ۔ اگر حمزہ صاحب کو موقع نہیں ملا تھا ۔ کیونکہ اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا تھا ، تو قومی پریس عوام کی نمائندگی صحیح طریقے پر کرتا رہا ہے اور جہاں تک اس وقت پانی کی قلت کا تعلق ہے تو نہ پانی کی قلت ہے اور نہ ہی low voltage ہے voltage بھی پوری ہے ۔

And also on the grounds earlier opressed by me, the motion may be ruled out of order.

Mr. Speaker : The matter reported in the press on 19th July, 1966, has lost its urgency. The motion is ruled out of order.

Next motion, Mr. Hamza.

DECISION OF THE GOVT. TO DEBAR B.D. MEMBERS FROM MOVING SATE OF NO-CONFIDINCE AGAINST THEIR CHAIRMAM.

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the decision of the Government of West Pakistan to debar the members of the basic democracies from moving vote of no-confidence against their respective chairmen as disclosed by Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo, Minister for Basic Democracies, West Pakistan on 20-7-66. and reported in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore on 21-7-1966. This has caused great resentment among the basic democrats all over the province in particular and the public in general.

ملک محمد اختر ۔ وٹو صاحب کا ذکر آیا ہے تو مجھے ایک شعر بھی یاد آگیا ہے ۔ اجازت ہو تو پڑھ دوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ کوئی پوائنٹ آف آرڈر شعر کے ذریعے اٹھانا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔

زبان پہ بارے خدایا یہ کس کا نام آیا

کہ میری نطق نے بوسے میری زبان کے لیے

ایک آواز - توتلی زبان کے ! (قطع کلامیاں)

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خاں وٹو) - جناب والا - میں اس شعر کے لئے ملک صاحب کو داد تو دیتا ہوں - لیکن ''نطق'' کے ساتھ انہوں نے جو ''نطقہ'' کیا ہے مجھےاس پر ضرور اعتراض ہے - بہر حال حمزہ صاحب جو کہ آج صبح سے ہی سراپا motion بنے ہوئے ہیں مجھے سب سے پہلے ان کی صحت کی داد دینی ہے کیونکہ وہ اب دسویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں لیکن پھر بھی وہ ابھی تک ماشاء اللہ اسی طرح ترو تازہ ہیں اور اپنے چہرے کی بشاشت پیش کر رہے ہیں - (قطع کلامیاں) - جناب والا - خواجہ صاحب کو حمزہ صاحب کی امداد کی اجازت نہ دی جائے - (قطع کلامیاں) -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - مجھے امید ہے کہ جناب وٹو صاحب اس ''نمبر'' کی ضرور لاج رکھیں گے -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

چودھری محمد نواز - جناب والا - مجھے اعتراض ہے کہ حمزہ صاحب اور خواجہ صاحب نے نمبر دس کا ذکر کرکے وٹو صاحب کی توہین کی ہے -

وزیر بلدیات - جناب والا - اصل میں بات یہ ہوئی ہے کہ تحریک التوا کا نمبر دس ان کو پہلے ملا ہے - میں تو صرف ان کے نمبر دس کا جواب دے رہا ہوں - (قطع کلامی) جناب والا - عرض یہ ہے کہ اس

تحریک التوا کو پیش کرنے سے حمزہ صاحب کا منشاء یہ ہے کہ حکومت اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرے جس کے ذریعے ہم نے اس قانون میں تبدیلی کی ہے ۔ اور ان کے خیال کے مطابق یہ حق قائم رہنا چاہیے اور یوں بھی کسی تحریک التوا کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ حکومت کی توجہ کسی خاص مسئلے کی طرف مبذول کرائی جائے ۔ میں ان کی اطلاع کے لیے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں آج سے پیشتر بھی متعدد بار یہ عرض کر چکا ہوں کہ اس قانون یا رولز کے پیش ہونے سے حکومت کا یہ منشاء نہیں تھا کہ یہ حق مستقل طور پر ممبروں سے واپس لے لیا جائے ۔ بلکہ ان قواعد میں ہم یہ ترمیم کرنا چاہتے ہیں کہ بنیادی جمہوریت کے ممبروں کو چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔ میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمینوں کے لیے یہ حق اور اختیار بدستور قائم ہے ۔ یونین کونسل ، ٹاؤن کمیٹی اور یونین کمیٹیوں کے بارے میں حکومت اس معاملے پر غور کر رہی ہے ۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ صوبائی حکومت کا جہاں تک تعلق ہے ہم اس کے بارے میں آخری فیصلے کے قریب پہنچ چکے تھے لیکن اسی وقت مرکزی حکومت کی طرف سے یہ ہدایت آئی کہ یہ ایک ایسا اہم معاملہ ہے کہ جس کے متعلق دونوں حکومتوں کے قوانین ایک جیسے ہونے چاہئیں چنانچہ مرکزی حکومت نے ہم سے بھی رائے طلب کی ہے اور مشرقی پاکستان سے بھی ان کی رائے مانگی گئی ہے اور مرکزی حکومت بڑی سنجیدگی سے اس معاملے پر غور کر رہی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ اس سلسلے میں جلد ہی قانون نافذ ہو جائے گا ۔

خواجہ محمد صفدر - آپ نے اس بارے میں مرکزی حکومت کو کیا رائے بھیجی ہے -

وزیر بلدیات - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری رائے یہی ہے کہ ہم یہ حق بہر حال بحال رکھیں گے کہ ممبروں کو یہ حق ہے کہ وہ وائس چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کر سکیں - اب رولز کی پابندی یا اس میں میعاد تو الگ بات ہے ویسے تو ڈسٹرکٹ کونسل کے وائس چیئرمین کے خلاف اور یونین کونسل کے وائس چیئرمین کے خلاف اور یونین کونسل کے چیئرمین کے خلاف ایسی تحریک کے متعلق تو قانون بدستور موجود ہے - ہم اس میں ترمیم کے ذریعے صرف یہ چاہتے ہیں کہ حتی الوسع یہ کوشش ہونی چاہئیے کہ ان اختیارات کا استعمال غلط طریقے پر نہ ہو - ہم ان کے غلط استعمال کو مناسب طور پر روکنا چاہتے ہیں وگرنہ ہم نے ان کے کہنے سے دو تین مہینے پہلے ہی یہ فیصلہ کرلیا - بلکہ ہمارا منشاء یہی تھا کہ یہ حق رکھا جائے اور اسے رہنا چاہئیے اور ہم اس حق کے حق میں ہیں -

ویسے تو جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے اس کے متعلق عرض کروں گا تم نے کہا مان لو - مان گئے ہم اور اب میں یہ کہوں گا کہ آپ بھی مان جائیے اور اس کو ختم کیجئے -

Mr. Speaker : Does Mr. Hamza press it ?

مسٹر حمزہ - چند ایک معروضات پیش کروں گا -

مسٹر سپیکر ۔ آپ اسے press کرتے ہیں یا نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ اب میرے لیے اپنی گذارشات پیش کرنا لازمی ہوگیا ہے ۔ میں انتہائی ممنون ہوں جو آپ نے یہ فرمایا ہے کہ اتنی تحریکات التوا پیش کرنے کے باوجود نہیں تھکا ۔ مجھے انتہائی ہمدردی ہے کہ وہ ۴ ماہ سے اس معاملہ کے متعلق سوچ رہے ہیں اور بڑی سنجیدگی سے سوچ رہے ہیں لیکن ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کر سکے ان کی قابلیت اور فیصلہ کرنے کی طاقت قابل داد ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ اپنی تحریکات کا رنج مجھ پر کیوں نکال رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ عام آبادی کو تو بے شعور قرار دے دیا ہے حکومت کے باشعور افراد یا جناب صدر مملکت نے جن کو معزز شہری قرار دیا ہے اب ان کے لیے بھی خطرہ پیدا ہو گیا ہے اور ممکن ہے کہ ان کے خیالات کو بھی وقعت نہ دی جا سکے اور آخر یہ فیصلہ ہو جائے کہ صرف ایک ہی آدمی باشعور ہے اور باقی سب بے شعور ہیں ۔ شاید اسی لیے آپ یہ حقوق ان سے لے رہے ہیں ۔ مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ اس میں جلدی نہ کی جائے اب وہ خود سوچ رہے ہیں کیوں کہ آپ کی سوچ پر انہیں اعتماد نہیں رہا ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آخر کار یہی فیصلہ ہوگا جیسا کہ میں نے پہلے عرض کر دیا ہے ۔ وزرا پر تو پہلے ہی کوئی اعتماد نہیں تھا اب شاید گورنر صاحب پر بھی کوئی ایسا اعتماد نہ رہے ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ نہایت سنجیدگی سے سوچ رہے ہیں ۔ اور آپ نے جو چار ماہ تک

سوچا ہے وہ بالکل بے معنی ہے ان حالات کے پیش نظر ہی یہ تحریک التوا پیش کی گئی ہے ۔ اگر آپ عوام کو با شعور سمجھنے کے لیے تیار نہیں ہیں تو کم از کم بنیادی جمہوریت کے نظام کی اولاد یعنی ممبران کی قدر کی جائے ۔

Mr. Speaker: No discussion about that.

وزیر بلدیات ۔ ممبران کو اولاد کہنا ان کی بے حرمتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کی قدر نہ کریں گے تو اس سے پبلک میں ایک ہیجان پیدا ہوگا ۔ چنانچہ میں نے یہ تحریک التوا پیش کی ہے ۔

Mr. Speaker : Is the Member pressing it ?

مسٹر حمزہ ۔ اگر وزیر بلدیات یہ فرمادیں کہ کتنے عرصہ میں وہ اس قسم کی ترمیم لے آئیں گے اور جو کچھ انہوں نے پٹاری میں چھپا رکھا ہے اسے کب تک باہر لے آئیں گے یا فیصلہ کر سکیں گے تو پھر میں اسے واپس لے لوں گا ۔

وزیر بلدیات ۔ میں نہیں بتا سکتا کہ آخری فیصلہ کیا ہوگا ۔ البتہ مرکزی حکومت نے دونوں صوبوں کی حکومتوں سے قوانین کی یکسانیت اور معاملہ کی اہمیت کے پیش نظر رائے مانگی تھی ۔ چنانچہ ہم نے دے دی ۔ اس سلسلہ میں مرکزی حکومت سنجیدگی سے غور کر رہی ہے اور یہ

کوشش کر رہی ہے کہ اس بارے میں جلد از جلد فیصلہ ہوسکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اللہ کرے یہ ''جلد از جلد'' جلدی ہو جائے ۔ اس یقین دہانی کے بعد میں اس پر اصرار نہیں کرتا ۔

وزیر بلدیات ۔ آپ نے بڑی بے لطفی سے واپس لیا ہے ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ تحریکات التوا پر بحث کرتے ہوئے ایک گھنٹہ ہو گیا ہے اگر وزرا صاحبان کو اعتراض نہ ہوتو باقی کل زیر بحث لے آئیں ۔

وزیر بلدیات ۔ خواجہ صاحب تو بات مان لیتے ہیں خدا حمزہ صاحب کو ہدایت دے ۔

ملک محمد اختر ۔ precedents کے مطابق کل کیسے ہو سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ہو سکتا ہے اور ہم کرتے رہے ہیں Adjoument
The other motions will be taken up tomorrow

چودھری محمد نواز خاں ۔ پچھلے سیشن کے دوران یہ practice رہی ہے کہ کچھ وقت کے لیے Tea break رکھا جاتا تھا میری گذارش ہے کہ اب بھی ایسا کیا جائے ۔

Mr. Speaker : This is upto the House. I have no objection.

ملک صاحب آپ کو معلوم ہے کہ آج اسمبلی کا پہلا دن ہے اور ساڑھے آٹھ بجے صبح کارروائی شروع ہو کر ڈیڑھ بجے بعد دوپہر تک رہے گی اب آپ لیڈر آف دی آپوزیشن سے مل کر یہ فیصلہ کرلیں کہ آپ کو کون کون سے اوقات suit کرتے ہیں ۔ پھر جیسے آپ فرمائیں گے اوقات میں تبدیلی کر لیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ابھی چائے کے وقفہ کا تو فیصلہ نہیں ہوا ؟

مسٹر سپیکر ۔ اگر لیڈر آف دی ہاؤس فرما دیں کہ یہ وقفہ کب ہوگا تو اس کے مطابق کر لیں گے بغیر کسی فیصلہ کے تو اجازت نہیں ہو سکتی ۔

چودھری محمد سرور ۔ چائے کے وقفہ کے متعلق کیا فیصلہ ہوا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ رمضان میں تو سیشن نہیں ہوگا لیکن اس وقت آپ شاید روزوں کی ٹریننگ دینا چاہتے ہیں ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ آپ بتائیں کہ آپ کس وقت Tea interval چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : At what time does the House want the break.

Khawaja Muhammad Safdar. Make it 10·40, Sir.

Mr. Speaker : The House is adjourned for twenty minutes.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11.00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker : We will now take up the order of the day ; first motion please.

ORINANCES LAID ON THE TABLE

Mr. Speaker : The Minister of Law.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I beg to lay six ordinances for approval before the House. They are ;

(1) The West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance, 1966.

(2) The West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966.

(3) The West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) (Amendment) Ordinance, 1966.

(4) The Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second Amendment) Ordinance, 1966.

(5) The West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1966.

(6) The Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966.

THE COMMERCIAL ACCOUNTS OF THE GOVERNMENT OF WEST PAKISTAN FOR THE YEAR 1963-64 AND THE AUDIT REPORT THEREON (*laid on the table*)

Mr. Speaker : Next item.

Minister for Finance and Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I beg to lay on the table the Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1963-64 and the Audit Report, thereon.

THE REPORT OF THE NATIONAL ECONOMIC COUNCIL ON INTER-REGIONAL AND INTRA-REGIONAL DISPARITIES

(laid on the table)

Mr. Speaker : Next item.

Minister for Finance and Information : Sir, I beg to lay on the table the Report of the National Economic Council on Inter-Regional Disparities.

BILLS

THE WEST PAKISTAN YOUTHFUL OFFENDERS BILL, 1965

(introduced)

Mr. Speaker : The Minister for Jails.

Minister for Labour and Jails (Malik Allah Yar Khan) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Youthful Offenders Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan Youthful Offendecs Bill, 1965, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN CHILDREN BILL, 1966 *(introduced)*

Mr. Speaker : Next item, Minister for Jails.

Minister for Labour and Jails: Sir, I beg to introduce the West Pakistan Children Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Children Bill, 1966, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN (LAND ADMINISTRATION LAWS) (AMENDMENT) BILL, 1966 *(introduced)*

Mr. Speaker : Next item, Minister for Revenue.

Minister for Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan (Land Administration Laws) (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan (Land Administration Laws) (Amendment) Bill, 1966, stands introduced.

THE COLONIZATION OF GOVERNMENT LANDS (PUNJAB) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1966 (*introduced*)

Mr. Speaker : Next item.

Minister for Revenue : Sir, I beg to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : The Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment)) Bill, 1966, stands introduced. Next motion.

Minister for Revenue : Sir, I do not propose to move the other two motions.

Mr. Speaker : Then he may please take his seat.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN TENDOO LEAVES (PROHIBITION ON POSSESSION AND USE) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : Now the House will take up the ordinances. Yes, the Minister for Law.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I beg to move :

> **That the Assembly do approve of the West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 28th July, 1966.**

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the west Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 28th July, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : Will the Minister please be brief on this?

Minister for Law : Yes Sir.

Mr. Speaker Sir, the facts of the ordinance are that that at one time in the Governor's Conference, it was decided that the Bidi leaf which is popularly known as Tendoo leaf and which is manufactured and imported from India, on that there should be prohibition on the possession and use of that Tendoo leaf in the Province of West Pakistan because this created a certain evil with regard to the smuggling against which the Government is concerned, and, therefore, it was necessary to pass an immediate ordinance considering the urgency of the matter, and this ordinance place restrictions on the possession and use of this leaf. The various provisions of the ordinance are there and its clause 2 (a) reads :

"(a) "border-belt" means the area extending upto ten miles inside the Province of West Pakistan from the International boundary line of Pakistan ; and

(b) "Government" means the Government of West Pakistan ; and

(c) "tendoo leaf" means a leaf commonly known as such, which is grown in India and is used for manufacture of bidi."

"3 (1) No person shall manufacture bidi in the border belt.

(2) Without prejudice to the provisions of sub-section (1) no person shall, after the 31st August, 1966, manufacture bidi using tendoo leaf."

Clause 4 places prohibition on possession of tendoo leaf and bidi made of tendoo leaf. It reads :

"No person shall—

(a) after the 31st August 1966, be in possession for any purpose of any tendoo leaf; and

(b) after the 30th September, 1966, be in possession of any bidi partly or wholly made of tendoo leavs."

And with this I would pass on and refer to another Ordinance by which the dates have been extended. Mr. Speaker you will see that in clause 4, sub-clause (a) the date mentioned is the 31st of August which has been amended to 30th September by an amending Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. Can the Minister move two Ordinances at a time ?

Mr. Speaker : He is just referring to that Ordinance.

Minister of Law : Sir, in sub-clause (b) the date that is mentioned is 30th September, 1966 but on the representation of certain agencies it has been extended to 30th November, 1966.

Then, Sir, clause 5 prescribes penalties. It reads:

"(1) Whoever contravenes any provision of the Ordinance shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to three years, or with fine which may extend to five thousand rupees, or with both."

Then, Sir, sub-clause (2) reads:

"Where a Court convicts a person of an offence punishable under sub-section (1), the Court shall direct that the bidi or the bidi leaf in respect of which the offence has been committed be forfeited to Government."

Clause 6.

"If the person contravening any provision of this Ordinance be a company or other body corporate, every director, manager, secretary or other officer or agent thereof shall, unless he proves that the contravention took place without his knowledge or that he exercised due diligence to prevent such contravention, be deemed to be guilty of such contravention."

Then, Sir, clause 7.

"(1) No Court inferior to that of a Magistrate of the First Class shall try any offence punishable under this Ordinance.

(2) No Court shall take cognizance of any offence punishable under this Ordinance except on the complaint of a Magistrate or a police officer not below the rank of Assistant Sub-Inspector or an Excise Officer not below the rank of Sub-Inspector or any other Officer of Government authorised in this behalf by Government."

And, Sir, Clause, 8 reads :

"Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Ordinance."

As this august House is aware, we are out to ruthlessly stop smuggling of any kind. This was one of the evils which was sought to be controlled by means of this prohibitory Ordinance. I think the House will agree in principle as well as, in particular, with the spirit of the law which has been promulgated. And I think there will be no difficulty in agreeing to this Ordinance being approved by the Assembly. I, for one, do not find any reason on which it could be opposed. Tendoo leaf is not a product of Pakistan. It is the product of a foreign country which was manufactured here. It also involved us in foreign exchange being utilised for the import of this thing. Therefore, on all grounds this is a measure which is laudible in its spirit and I request that the House may kindly accept the Ordinance.

Mr. Speaker : Yes please, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور۔ ۲) ۔ جناب سپیکر۔ سب سے قبل میں اس آرڈیننس کے سیکشن ۲ (سی) جس میں tendoo leaves کی definition دی گئی ہے اس ہاؤس کے سامنے اس definition پر تبصرہ کروں گا ۔

"tendoo leaf" means a leaf commonly known as such, which is grown in India and is used for the manufacture of bidi."

جناب سپیکر ۔ دراصل ہمارے قابل وزیر قانون صاحب بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ان کے عملہ کو چاہئے تھا کہ وہ اس measure کی طرف جو اس وقت ملک میں موجود ہے اور جس کی حیثیت سنٹرل لا کی ہے اور وہ سنٹرل لا جس کی وجہ سے یہ پابندی پہلے ہی موجود ہے اس کی طرف وہ اپنی توجہ مبذول کرتے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یقیناً گورنمنٹ کا ہمنوا

ہوں کہ سمگلنگ کو بند کیا جائے۔ جہاں تک بیڑی کے پتے کا تعلق ہے میں اس کے متعلق بھی عرض کروں گا۔ جب میں اس آرڈیننس کی ایک ایک دفعہ کا دوسرے قوانین سے مقابلہ کروں گا تو اس سے ثابت ہو جائے گا کہ یہ آرڈیننس ملک سے سمگلنگ کو دور کرنے کے لئے ہے یا سمگلنگ کو مزید فروغ دینے کے لئے ہے۔

جناب سپیکر۔ مجھے ذرا سی تفصیل میں جانا ہوگا اس کے لئے میں متعلقہ وزیر صاحب سے معافی مانگتا ہوں۔ جناب سپیکر۔ میں شیڈول، جو کلاز (سی) کے تحت بنایا گیا ہے، کے متعلق عرض کروں گا اور ساتھ ہی Essential Commodities Control Order, 1965 کا جو شیڈول ہے اس موقع پر اس کو بھی refer کرنا میرے لئے ضروری ہوگا۔ یہ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کے غیر معمولی گزٹ آف پاکستان میں چھپا ہے۔

"whereas it is expedient to provide for powers to control prices, production, ...

جناب والا۔ میں ان کا مقابلہ کرکے عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے نئے نئے قوانین میں پروڈکشن پر پابندی لگائی ہے۔

"treatment, keeping, storage, movement, transport, supply, distribution, disposal, acquisition, use or consumption or, and trade and commerce in certain essential commodities.

Now, therefore, in exercise of the powers conferred by rule 131 of the Defence of Pakistan Rules, the Central Government is pleased to make the following order namely :—

(1) ..... This order may be called the Essential Commodities Control Order, 1965.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once."

جناب سپیکر ۔ اب میں بقایا دفعات کو چھوڑتے ہوئے صرف ان definitions کی طرف آتا ہوں جو Essential Commodities سے متعلق ہیں ۔ Essential Commodities Control Order کی جو دفعہ ''بی'' ہے وہ یہ ہے ۔

(c) "essential commodity" means any of the commodities or classes of commodities mentioned in the Schedule to this Order, and such other commodities or classes of commodities as may be declared by the Central Government by notification in the official Gazette to be essential commodities for the purposes of this Order ;

جناب والا ۔ اب آئٹم نمبر ۳۸ کے شیڈیول کو دیکھیں وہاں پر bidi leaves شامل ہے ۔ اس آرڈیننس میں جو آپ نے definition دی ہے وہ bidi leaves کی ہے میں اس کو یہاں پر پھر دھراتا ہوں ۔

"tendoo leaf" means leaf commonly known as such, which is grown in India and is used for the manufacture of bidi.

یعنی ہندوستان میں جو bidi leaves ہیں ان کو اس bidi leaves کی definition میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ دو الفاظ ہیں "bidi leaves" میں ان کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ اسی طرح Essential Commodities Control Order کی definition No. 1 میں Controller General کی definition دی گئی ہے ۔

"Controller-General" means the Controller-General of Prices and Supplies appointed by the Central Government, and includes any Deputy or Assistant Controller-General of Prices and Supplies so appointed, and any other officer authorised by the Central Government to exercise all or any of the powers of Controller-General under this Order ;"

اور اس سے قبل بھی کہہ چکا ہوں کہ preamble میں ہے ۔ کہ

"Whereas it is expedient to provide for powers to control prices, production, treatment, etc.,

اور اس طرح سے جناب والا ۔ یہ Essential Commodities Control Order, 1965 جو ہے یہ بیڑی کے پتوں کی پیداوار ، اس کی ذخیرہ اندوزی وغیرہ کو کنٹرول کرتا ہے ۔ اور بات صرف یہاں پر ہی ختم نہیں ہوتی ۔ جب صدر مملکت نے مذکورہ آرڈیننس نافذ کیا تھا تو انہوں نے ایسا کرنے میں جو اختیارات استعمال کئے ہیں مجھے ان کا حوالہ بھی دینا ہوگا ۔

"NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by rule 131 of the Defence of Pakistan Rules, the Central Government is pleased to make the following Order, namely :-"

جناب والا ۔ مجھے رول نمبر ۱۳۱ کے متعلق بھی اس ایوان کے سامنے کچھ عرض کرنا ہوگا ۔

جناب والا ۔ ڈیفنس آف پاکستان رول نمبر ۱۳۱ اس طرح سے ہے ۔ آپ اس کا عنوان ہی ملاحظہ فرمائیں ۔ میرے خیال میں اس کا عنوان ہی ایسا material ہے ۔ یہ اس طرح سے ہے ۔ کہ

Heading of Rule 131 of the Defence of Pakistan Rules :

GENERAL CONTROL OF INDUSTRY, etc.

(1) In this rule, any reference to "article" shall be construed as including a reference to electrical energy, and the expression "undertaking" means any undertaking by way of any trade or business and includes the occupation of handling, loading or unloading goods in the course of transport.

(2) The Central Government so far as appears to it to be necessary or expedient for securing the defence of Pakistan or the efficient prosecution of war, or for maintaining supplies and services essential to the life of the community, may by order provide—

تو جناب والا ۔ سارا دھندا ھی آگے ھے ۔ ۔ ۔ ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے تو ملک صاحب کی اس بحث میں کوئی نکتہ نظر نہیں آ رہا ھے وہ یہ تو بتائیں کہ وہ کس بات پر بحث کر رھے ھیں ۔

We do not understand. He is referring to the Defence of Pakistan Rules. I can't follow that. I don't know what point he is making.

مسٹر سپیکر ۔ جو کچھ میں سمجھ سکا ھوں وہ یہ ھے کہ اس سلسلے میں پہلے ھی سے ایک مرکزی قانون موجود تھا اور اس کے لئے مزید قانون سازی کی ضرورت نہیں تھی ۔ ملک صاحب کیا یہی بات ھے نہ ۔

Malik Muhammad Akhtar : Yes. Sir, I will come to that Sir.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ملک صاحب اپنی ٹوپی سر پر رکھ لیں تو شاید ان کی بات زیادہ سمجھ میں آ جائے ۔

Mr. Speaker : That is no point of order.

Malik Muhammad Akhtar : " . . . . . may by order provide —

"(a) for regulating or prohibiting the production, treatment, keeping, storage, movement, transport, distribution, disposal, acquisition, use or consumption of articles or things of any description whatsoever and in particular for prohibiting the withholding from sale, either generally or to specified persons or class of persons, or articles of things kept for sale and for requiring articles or things kept for sale to be sold either generally or to specified persons or class of persons or in specified circumstances ;"

جناب والا ۔ اب مجھے ذرا سا اور آگے جانا پڑے گا ۔ وہ ڈیفنس آف پاکستان رول ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) میں کہہ رہا ہوں کہ آپ میں عقل ہی نہیں ہے کہ آپ اس قانون کو نافذ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ یہ جو آرڈیننس بنایا گیا ہے جس کا ذکر میں نے پہلے بھی کیا ہے اور وہ قانون جس کے تحت ڈیفنس آف پاکستان رول بنایا گیا ہے میں اسے بھی ذرا سا refer کرتا ہوں ۔

Defence of Pakistan Ordinance XXIII of 1965.

"An Ordinance to provide for special measures to ensure the security, the public safety and interest and the defence of Pakistan, and for the trial of certain offences."

یہ جناب والا ۔ میں اس لئے refer کر رہا ہوں کہ اس میں قانون سازی کے اختیارات بھی دئے ہوئے ہیں ۔

3(1) "The Central Government may, by notification in the official Gazette, make such rules as appear to it to be necessary or expedient for ensuring the security, the public safety and interest and the defence of Pakistan, or for securing the maintenance of public order or the efficient prosecution of war, or for maintaining supplies and services essential to the life of the community."

جناب والا ۔ اس کتاب کا بقیہ حصہ کا بعد میں حوالہ دوں گا اور اس سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ constitution کی یہ provision ہے کہ صدر مملکت نے جبکہ انہوں نے ان قوانین کا نفاذ کیا تو ان قوانین کی قانونی حیثیت یا صدر مملکت کے اپنے اختیارات کیا تھے ان کو اس لئے refer کرنا ضروری ہے کہ یہ ان powers کو

over-ride کرتا ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے ۱۹۶۵ء کے قانون کا جو حوالہ دیا ہے کیا آپ اس کی vires کو چیلنج کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں constitution کی provision کو refer کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں تو پھر یہ relevant ہوگا لیکن اگر آپ اس قانون کے متعلق کچھ فرمانا چاہتے ہیں جو کہ صدر مملکت نے promulgate کیا تھا تو پھر یہ irrelevant ہوگا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں اس سے وہ بھی cover ہو جائے گا ۔ میں جناب والا ۔ آپ کو constitution کے آرٹیکل نمبر 30 (i) کا حوالہ دیتا ہوں ۔

This Ordinance shall be covered in that. Article 30 (1) of the Constitution lays down :

"If the President is satisfied that a grave emergency exists —

(a) in which Pakistan, or any part of Pakistan, is (or is in imminent danger of being) threatened by war or external aggression ; or

(b) in which the security or economic life of Pakistan is threatened by internal disturbances beyond the power of a Provincial Government to control,

the President may issue a Proclamation of Emergency.

(2) A Proclamation of Emergency shall, ... "

Khan Ajoon Khan Jadoon : On a point of order Sir. What relevancy has this got with this Ordinance?

ملک محمد اختر ــ خان صاحب ۔ اگر آپ نہیں سمجھ سکتے تو یہ میرا قصور نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ــ میں سمجھ تو سکتا ہوں لیکن اگر سمجھائیں تو ۔

Mr. Speaker : Order please.

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرا خیال ہے کہ اس ایوان میں کوئی بھی آپ کی بات نہیں سمجھ سکتا سوائے سپیکر صاحب کے اور کوئی بھی آپ کی بات نہیں سمجھ رہا ہے ۔

ملک محمد اختر ــ یہ تو آپ پھر اس حکومت سے کہئے جس نے کہ آپ کو ممبر بنا دیا ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order the Member may please take his seat.

Malik Muhammad Akhtar :

"……as soon as is practicable, be laid before the National Assembly.

(3) The President shall, when he is satisfied that the grounds on which he issued a Proclamation of Emergency have ceased to exist, revoke the Proclamation."

انہوں نے اس proclamation کو revoke نہیں کیا ۔

(4) If, at a time when a Proclamation of Emergency is in force (whether or not the National Assembly stands dissolved or is in session at that time), the President is satisfied that immediate legislation is necessary to assist in meeting the emergency that gave rise to the issue of the Proclamation, he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinances as appear to him to be necessary to meet the emergency, and any such Ordinance shall, subject to this Article, have the same force of law as an Act of the Central Legislature."

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ذرا سی دو اور دفعات ہیں ۔ ان کو refer کرنا نہایت ضروری ہے ۔

"(5) An Ordinance made and promulgated under this Article shall, as soon as is practicable, be laid before the National Assembly.

(6) The National Assembly shall have no power to disapprove of the Ordinance but if, before the Ordinance ceases to have effect, the National Assembly, by resolution, approves of the Ordinance, the Ordinance shall be deemed to have become an Act of the Central Legislature.

(7) An Ordinance made under this Article shall, unless it has been sooner approved by the National Assembly or repealed by the President, ceases to have effect, and shall be deemed to have been repealed, at the time when the Proclamation of Emergency by virtue of which it was made is revoked."

جناب والا ۔ اب خان صاحب سمجھ جائیں گے کہ emergency اب نہیں ہے ۔

یہ تمام قوانین سنٹر کے ہیں اور تاحال نافذ ہیں ۔ اب یہ کہ سنٹر کے قوانین کی کیا حیثیت ہے ۔ وہ یہ ہے جیسا کہ آئین کے آرٹیکل ۱۳۴

میں درج ہے -

"When a Provincial Law is inconsistent with a Central Law, the latter shall prevail, and the former shall, to the extent of the inconsistency, be invalid."

ہمارے نئے وزیر قانون جو بڑے لائق اور فاضل ہیں ہمیں تو ان سے سیکھنا تھا وہ Law Graduate کو پڑھاتے رہے ہیں لیکن ہمیں کچھ نہ بتا سکے -

"گر ہمیں مکتب و ہمیں ملا ست ۔ کار طفلاں تمام خواہد شد"

وزیر بلدیات (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ اگر آپ لاء منسٹر صاحب سے پڑھے ہوئے ہوتے تو اچھی باتیں کرتے -

Mr. Speaker : Is there any inconsistency between the two laws ?

ملک محمد اختر ۔ Certainly, Sir. اب میں اصل آرڈیننس کی طرف آتا ہوں - اس کے سیکشن ۳ میں سب کچھ واضح کر دیا ہے - اس لئے مجھے دہرانے کی ضرورت نہیں -

جناب والا - اس وقت میں صرف ایک آرڈیننس کو discuss کر رہا ہوں۔

I have the right to discuss others also.

جناب والا - آپ دیکھیں کہ اب inconsistencies اتنی ہیں کہ ہر full stop اور commas کا تضاد ہے - مشینری کے کام میں تضاد ہے سزاؤں میں تضاد ہے - بلکہ آپ جو افسر مقرر کریں گے ان میں تضاد ہے - اور یہ تو ایک لمبا قصہ ہے - وہ کہتے ہیں -

Section 3 of the Ordinance—

"(1) No person shall manufacture bidi in the border-belt.

(2) Without prejudice to the provisions of sub-section (1), no person shall, after the 31st August, 1966, manufacture bidi using tendoo leaf."

Section 4—

"No person shall—

(a) after the 31st August, 1966, be in possession for any purpose of any tendoo leaf, and

(b) after the 30th September, 1966, be in possession of any bidi partly or wholly made of tendoo leaves."

جناب والا ۔ سنٹر والے کہتے ہیں کہ وہ اپنے رولز بنائیں گے ۔ storage کے لئے protection کے لئے ۔ اور اس کے ساتھ ہی hoarding کے لئے ۔ پھر اہلیل سرکار یا صدر مملکت یا قومی اسمبلی جو Rules and Regulations بنائیں گے وہی prevail کریں گے ۔ لیکن ایسے Regulations کیا ہوں گے وہ خود نہیں جانتے کہ ان میں کس قدر consistency ہے ۔ آپ سیکشن ۵ ملاحظہ فرمائیں ۔ اس میں درج ہے :—

"(1) Whoever contravenes any provision of this Ordinance shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to three years, with fine which may extend to five thousand rupees, or with both.

(2) Where a Court convicts a person of an offence punishable under sub-section (1), the Court shall direct that the bidi or the bidi leaf in respect of which the offence has been committed be forfeited to Government."

اب میں یہ بتاتا ہوں کہ وہاں بالکل کسی مختلف procedure ہے جو مرکزی

حکومت نے lay کیا ہے۔

I am sorry Sir. I have to search it and it will take a litte while.

Mr. Speaker : The Member may please move on to the next point.

Malik Muhammad Akhtar : There are many points, Sir.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ اگر معزز ممبر کی تلاش کی یہی صورت رہی تو ایوان کا کورم ٹوٹنے کا ڈر ہے ۔ اگر وہ کاغذات ڈھونڈ رہے ہیں تو ڈھونڈتے رہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : I am searching it, Sir.

جناب والا ۔ سیکشن یا رول نمبر ۹ وہ یہ ہے ۔

Sir, I was searching this. This is Ordinance XXIII of 1965 and it says—

"Jurisdiction of Special Tribunalts :—The Central Government may, by general or special order, direct that a Special Tribunal shall try any offence—

(a) under any rule made under Section 3, or

(b) punishable with death, transportation or imprisonment for a term which may extend to seven years,—

triable by any Court having jurisdiction within the local limits of the jurisdiction of the Special Tribunal, and may in any such order direct the transfer to the Special Tribunal of any particular case from any other Special Tribunal or any other criminal court not being a High Court "

جناب والا ۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ ان کے جو کورٹ ہیں وہ عام

طور پر کرمنل پروسیجر کوڈ میں آ جائیں گے اور اس میں یہ سزا دی جائے گی اور وہ سیکشن ۵ - ہے جس کو میں نے عرض کیا تھا

"Penalties 5. (1) Whoever contravenes any provision of this Ordinance shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to three years or with the fine which may extend to five thousand rupees, or with both."

وہاں پر term ۷ - سال کی ہے اس طرح ordinary کرمنل کورٹ کو اختیار دیا گیا ہے - لیکن ان اختیارات کے ماتحت سپیشل کورٹ کا قیام ضروری ہے - جناب سپیکر - آپ اندازہ فرمائیں کہ سیکشن ۶ میں ہماری صوبائی حکومت نے جو پرووژن کی ہے -

"6. If the person contravening any provision of this ordinance be a company or other body corporate every director, manager, secretary or other officer or agent thereof, shall, unless he proves that the contravention took place without his knowledge or that he exercised due diligence to prevent such contravention be deemed to be guilty of such contravention."

تو جناب والا - اس سے آگے ایک ضروری دفعہ ہے جو بالکل ہی تصادم کرتی ہے یہ سیکشن ۷ میں :

7. (1) No Court inferior to that of a Magistrate of the First Class shall try any offence punishable under this Ordinance "

جناب والا - یہ تضاد کہاں نہیں پایا جاتا ہے - ان میں سپیشل ٹریبونل اور کورٹس ہیں اور سزائیں بھی مختلف ہیں - وہ وضاحت کے ساتھ protection یا بند کرنے کو کہتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم صرف prohibit کرتے ہیں - جناب سپیکر - آپ اندازہ فرمائیے کہ ہمارے

صوبائی محکمہ قانون کا یہ شیوہ ہو چکا ہے کہ جب unification آف لاز کرتا ہے تو یہ بنیادی حقوق کو بالکل نظر انداز کر دیتا ہے اور اسی unification کی آڑ میں ۶۔۷ - آرڈیننس پچھلے سیشن یعنی جون میں پیش کئے گئے تھے - یہ ہمارا لا ڈیپارٹمنٹ جولیجسلیشن کے لئے بیٹھا ہے یہ لا سے بالکل بے بہرہ ہے اور لا ڈیپارٹمنٹ والے یہ نہیں دیکھتے کہ سنٹرل لیجسلیشن اس وقت ایمرجنسی کی کس فارم میں آ چکی ہے -

جہاں تک سمگلنگ کے روکنے کا تعلق ہے میں حکومت کا ہمنوا ہوں لیکن آپ اندازہ فرمائیں کہ اگر کل سپریم کورٹ - ہائی کورٹ یا کسی اور اعلیٰ عدالت میں آپ کا یہ جو اصل قانون ہے چیلنج ہو کر ultravires ہو جاتا ہے تو یہ convictions جو آپ سمگلرز کو دیں گے ان کا کیا حشر ہوگا - جناب سپیکر - مجھے انتہائی افسوس ہے مجھے انتہائی دکھ ہے اور مجھے بیحد درد ہے کہ مجھ جیسا layman جس کو قانون سے اس قدر واقفیت نہیں ہے وہ ان غلطیوں کو پکڑ سکتا ہے تو یہ غلطیاں کوئی اور قانون دان کیوں نہیں پکڑ سکتا ہے شاید اس وقت لا ڈیپارٹمنٹ والے یہ سٹینڈ لیں کہ امر میں فلاں قانون ختم ہو چکا ہے تو میں یہ کہوں گا کہ مجھ کو یہ بتایا جائے کہ اس قانون کے ختم ہونے کی صورت میں ڈیفنس آف پاکستان رولز کیوں اب تک موجود ہیں اور اس کے تحت اس ملک کی چار عظیم ہستیوں سردار شوکت حیات خان وغیرہ کے لئے یہ قانون کیوں نہیں ختم کیا گیا -

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ـ پوائنٹ آف آرڈر ـ اس مقدس ہاؤس کے احترام میں اور پارٹی لیڈر کے حکم کی تعمیل میں ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم کورم نہیں توڑیں گے یہی استدعا ہم لیڈر آف دی آپوزیشن اور دوسروں سے بھی کرتے ہیں کہ وہ relevant رہیں اور حالات سے فائدہ اٹھائیں ـ

خواجہ محمد صفدر ـ جناب کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ جو بات سردار صاحب نے کی ہے کیا وہ relevant تھی سردار صاحب خود تو irrelevant ہیں ـ ـ ـ ـ ـ

چودھری محمد نواز ـ جناب یہ باتیں ملک محمد اختر کی تھیں ـ سردار صاحب کا مطلب یہ ہے کہ ملک محمد اختر صاحب جب تقریر کرتے ہیں تو کورم لازمی طور پر ٹوٹ جاتا ہے ـ

مسٹر سپیکر ـ کیا کوئی اور صاحب بھی میری اجازت کے بغیر بولنا چاہتے ہیں ؟ (قہقہہ) ـ

سردار صاحب آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ـ ملک اختر صاحب relevant ہیں ـ

رائے منصب علی خان کھرل ـ پوائنٹ آف آرڈر ـ جناب والا ـ ابھی ابھی آپ نے فرمایا تھا کہ وہ relevant نہیں ہیں لیکن سردار صاحب نے جب کہا تو ـ ـ ـ ـ ـ

مسٹر سپیکر ــ رائے صاحب آپ نے ہمسایہ ممبر کا پوائنٹ آف آرڈر نہیں سنا ان کا پوائنٹ آف آرڈر ڈیفنس آف پاکستان رولز کے متعلق نہیں تھا بلکہ انہوں نے فرمایا تھا کہ ملک اختر اپنی تقریر میں relevant نہیں ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ آپ

West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance 1966.

کی جو دفعات ہیں ان کو ملاحظہ فرمائیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان دفعات سے پہلے اس کے preamble کو ملاحظہ فرمائیں

"Whereas the Provincial Assembly of West Pakistan is not in session and the Governor of West Pakistan is satisfied that circumstances exist which render immediate necessity ;"

سب سے پہلے مجھے یہ رونا ہے کہ ایسے لیجسلیشن کی کیا ضرورت پیش آئی جبکہ ایک ایسا قانون اور ایک ایسا مؤثر قانون جس کے تحت کنٹرولر جنرل مقرر ہو سکتا تھا موجود تھا ۔ اس کے ہوتے ہوئے یہ ضرورت کیوں پیش آئی کہ ایسے لیجسلیشن کو فوری طور پر کیا جائے ۔ اس لئے مجھے اس کے preamble سے اتفاق نہیں ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑی غلطی ہو گئی ہے اور میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ لا ڈیپارٹمنٹ کا عملہ اس قابل نہیں کہ اس کو اس محکمہ میں رکھا جائے ۔

They should be transferred.

Khawaja Muhammad Safdar : Rather dismissed.

ملک محمد اختر ۔ اس کے بعد میں آرڈیننس کی دفعات پر آتا ہوں ۔

"1. (1) This Ordinance may be called the West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance, 1966."

جناب والا ۔ (Prohibition on Possession and Use) exist کرتی ہے اور anti-smuggling کی جا سکتی ہے ۔ بلکہ میں ابھی رعائت کر رہا ہوں میں کا جو قانون ہے اس کو refer نہیں کر رہا ۔ ورنہ ایک گھنٹہ اور لگ جائے گا ۔ (قہقہہ) یہ execute کس طرح کی جاتی ہے اور execute کیا جا سکتا ہے اس میں بھی یہ bidi leaves جو ہیں prohibited ہیں ۔ جناب والا ۔ پھر اس کے بعد یہ ہے

(2) It extends to the whole of the Province of West Pakistan . ..."

میں کہتا ہوں کہ جب پورے پاکستان کے لئے ایک قانون موجود ہے تو اس نئے لیجسلیشن کی کیا ضرورت ہے ۔ اس کے آگے آپ نے border-belt کا ذکر کیا ہے

"2. (a) 'border-belt' means the area extending upto ten miles inside the Province of West Pakistan from the International boundary line of Pakistan ;"

یعنی bidi کے جو manufacturers ہیں وہ border-belt کے ۱۰ ۔ میل کے ایریا میں bidi نہیں بنا سکیں گے ۔ یہ چیز بالکل غلط ہے اور کانسٹی ٹیوشن کے منافی ہے کہ آپ ایک جگہ prohibition کر رہے ہیں اور دوسری جگہ

prohibition نہیں کر رہے ہیں اس کے لئے آپ شاید یہ کہہ دیں کہ چونکہ بنیادی حقوق ختم کر دئے گئے ہیں اس لئے ہم جہاں چاہیں ختم کر دیں اور جہاں چاہیں ختم نہ کریں کوئی ہم سے نہیں پوچھ سکتا ۔ میں پھر کہوں گا کہ یہ ۱۰ ۔ میل کا جو border-belt رکھا گیا ہے یہ ایک تضاد ہے اور اس طرح کسی جگہ prohibition کرنا اور کسی جگہ یا بقیہ جگہوں پر نہ کرنا بنیادی حقوق کے خلاف ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ کانسٹی ٹیوشن کو کیوں suspend نہ کر دیں تاکہ آپ کی جان چھوٹے لیکن آپ ایسا نہیں کریں گے کیونکہ اس کے ذریعہ سے وزیر ہو جاتے ہیں اور کئی میری طرح ممبر ہو جاتے ہیں ۔ میں معافی مانگتا ہوں میں پرسنل ہونا نہیں چاہتا ۔

جناب والا ۔ یہاں گورنمنٹ کے معنی ہیں گورنمنٹ ویسٹ پاکستان کے لیکن وہاں گورنمنٹ کی جو definition ہے وہ سنٹرل گورنمنٹ کی ہے ۔ بتائیے ویسٹ پاکستان گورنمنٹ پاور کے لئے اتنی کیوں بھوکی ہو گئی ہے کہ وہ مرکزی حکومت کے حقوق کا خود اطلاق کرنا چاہتی ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں تیزی سے اس کو ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ تو جناب والا ۔ آپ سنئیے

No person shall manufacture bidi in the border-belt.

اور اس کے متعلق تو میں عرض کر چکا ہوں

(2) Without prejudice to the provisions of sub-section (1), no person shall, after the 31st August, 1966, manufacture bidi using tendoo leaf.

تو اس کے متعلق مرکزی قانون ہے اور اس کے بعد وہ یہ کہتے ہیں

"after the 31st August, 1966, be in possession for any purpose of any tendoo leaf,"

تو بتائیے جن لوگوں کے سٹاک ہیں اور ہو سکتا ہے کہ بعض پارٹیاں ایسی ہوں جنہوں نے اپنا کافی روپیہ اس میں لگایا ہوا ہو تو وہ اس آرڈیننس کے نفاذ کے بعد ۳۱ اگست ۱۹۶۶ء تک اپنا تمام کاروبار اس سلسلہ میں ختم کر لیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا حکومت ان کے سٹاک کو خریدے گی۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ ایسی چیز کو کیسے کر سکتے ہیں آپ اس کا قانونی جواز کس طرح پیش کر سکتے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ چور بازاری اور بلیک مارکیٹ کی خود سرپرستی کر رہے ہیں کہ ایسے لوگ ۳۱ اگست تک فری جنرل لائسنس لیں اور جو چاہیں وہ کرتے رہیں۔

اس کے بعد میں جناب سپیکر سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو آپ کے کورٹس کا طریقہ ہے اور جو سزائیں دینے کا طریقہ ہے یہ ٹھیک نہیں ہے۔ میں اس چیز کو دھرانا نہیں چاہتا کیونکہ ہماری صوبائی حکومت اور محکمہ قانون نے بڑی گرانقدر خدمات سر انجام دیں ہیں۔ پہلے حکومت انگریزوں کی تھی وہ ہم غریب شہریوں پر ٹیکس لگاتے تھے۔ اب اس حکومت میں زیادہ تر صنعتکار لوگ ہیں اور یہ جو ہمارے صنعتکار ہیں ان کی حفاظت کرنا حکومت کا ذمہ ہے کیونکہ یہی وہ طبقہ ہے جو زیادہ موثر ہے۔ میں ان کی طرف اشارہ نہیں کر رہا

جو ہاؤس میں بیٹھے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ ان صنعتکاروں کی حفاظت کرنے کے لئے انہوں نے یہ کیا ہے ۔

"If the person contravening any provision of this Ordinance be a company or other body corporate, every director, manager, secretary or other officer or agent thereof shall, unless he proves that the contravention took place without his knowledge or that he exercised due diligence to prevent such contravention..."

اب جناب والا ۔ منافع جو ہوگا بلیک مارکیٹ سے اور سمگلنگ سے اس سے باقاعدہ حصہ لیا جائے گا ۔ میں نے سنٹرل لا کو بغور دیکھا ہے اس میں ایسی کوئی پرووِیژن نہیں ۔ وہ تو کہتے ہیں کہ جو کوئی گناہ کرے گا یا جس سے جرم سر زد ہوگا اس کو سات سال کی سزا دی جائے ۔ ہماری پراونشل گورنمنٹ کے لوگ کچھ اپنا ہی کام کرتے ہیں ۔ یہ بڑے لوگوں کو بچانے کے لئے پرووِیژن بناتے ہیں ۔ جب قانون سازی کرتے ہیں تو بڑے مزے سے بیٹھ کر کرتے ہیں ۔ جو کلرک ہیں وہ انہیں بنا کر دیتے ہیں اور اس پر وہ اپنے دستخط کر دیتے ہیں ۔ پھر جناب والا ۔ آپ دیکھئے

"No Court inferior to that of a Magistrate of the First Class shall try any offence punishable under this Ordinance."

یعنی اس کا مطلب یہ ہے کہ مجسٹریٹ فرسٹ کلاس اس آرڈیننس کے تحت جرائم کرنے والوں کے مقدمات کی سماعت کرے گا اور سیشن جج صاحب سے کم رتبے والے شخص کو نہیں لگایا جا سکے گا ۔ اب بتائیے جناب والا ۔ یہ کس طرح سے ممکن ہو سکتا ہے ۔ میں وزیر قانون صاحب کے سامنے

ثابت کرنا چاهتا هوں که یه جو ان کا قانون هے اس کا هر کاما هر فل سٹاپ ایک ردی کا ٹکڑا هے جس سے کسی کو سزا نهیں دی جا سکتی -

رانا پھول محمد خان ــ پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ردی کے ٹکڑے بازار میں فروخت هو سکتے هیں اسمبلی میں نهیں هو سکتے -

ملک محمد اختر ــ تو جناب سپیکر - میں عرض کر رها هوں که سیکشن ۷ (۲) میں یه هے که

"No court shall take cognizance of any offence punishable under this Ordinance except on the complaint of a Magistrate or a police officer not below the rank of Assistant Sub-Inspector or an Excise Officer not below the rank of Sub-Inspector or any other officer of Government authorised in this behalf by Government."

تو جناب والا - کنٹرولر جنرل کی اپنی مشینری هوگی اور اس نے اپنے انسپکٹران رکھنے هوں گے - یه تو کبڈی کا میچ هے جو هوگا - یه حکومت سٹاف مقرر کرے گی لیکن میں پوچھتا هوں که کس کس کے حکم کو مانا جائے گا - فرض کیجئے کسی جگهه کوئی چیز ضبط کرتے هیں اور یه کهتے هیں که اس کی کوالٹی مختلف هے تو اس چیز کو کون justify کرے گا - کلاز ۷ قانون کے منافی ــ - کلاز ۸ میں بهی اسی قسم کی چیز هے

"Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Ordinance."

وارے وارے جاؤں اس قانون کے یعنی جو پاورز صدر پاکستان کی هیں وه سیکرٹری لا کی هوں گی - میں ان کا احترام کرتا هوں اور ان کے

اس ٹکڑے پر انکو مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ صدر پاکستان کی powers کو exercise کریں گے ۔ Thank you Sir.

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ۶) ۔ جناب سپیکر۔ یہ تو آپ کو اور ہم سب کو بلکہ سارے صوبہ مغربی پاکستان کے ہر آدمی کو علم ہے کہ یہ آرڈیننس حکومت عالیہ کی طرف سے جاری ہوا ہے اور ہمیں بالآخر اس پر انگوٹھا ثبت کرنا ہے لیکن ہم اپنے فرائض کی ادائیگی کے سلسلے میں اس بات پر مجبور ہیں کہ حکومت عالیہ کی خدمت میں سچی بات کہہ دیں اور ان کی خدمت میں صاف صاف باتیں عرض کر دیں ۔ جناب ملک اختر نے بجا طور پر فرمایا کہ حکومت قانون در قانون سمگلنگ کی روک تھام کے لئے بناتی ہے ۔ میرے نزدیک اس کا بنانے کا منشا محض یہ ہے کہ لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ حکومت قانون کے ذریعے سمگلنگ کو روکنا چاہتی ہے اور اس معاملے میں بہت دلچسپی رکھتی ہے ۔ قانون بحیثیت خود بیکار ہوتا ہے جب تک اس پر عمل درآمد کرنے کی کسی کی نیت نہ ہو ۔

جناب والا ۔ یہ قانون جو ہے میں اس کی باریکیوں میں تو نہیں جا سکتا ۔ نہ میں موشگافیاں کر سکتا ہوں ۔ اگر اس میں کوئی نقائص ہیں تو میں وکیل صاحبان کی طرح اس کی خامیوں کی نشان دہی تو نہیں کر سکتا ۔ لیکن اتنی موٹی بات کا تو مجھے بھی علم ہے کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ border-belt میں سرحد کے ساتھ ساتھ خصوصاً ہندوستان اور پاکستان کی سرحد کے ساتھ ساتھ بیڑی کی سمگلنگ کا کاروبار ہے جسے

بند کرنے کے لئے یہ اقدام کیا گیا ہے ۔ لیکن جیسا کہ ملک اختر صاحب نے یہاں حوالہ دیا ہے حکومت کے پاس پہلے ہی اس سے زیادہ اور وسیع تر اختیارات موجود ہیں ۔ لیکن ہمیں یہ تلخ تجربہ ہے کہ ان اختیارات کے ہوتے ہوئے بھی حکومت آج تک سمگلنگ کی روک تھام میں بہت بری طرح ناکام رہی ہے ۔ عملی زندگی میں یہ دیکھا گیا ہے کہ جب کبھی حکومت بدلتی ہے تو سمگلنگ کے متعلق باتیں نکلتی ہیں ۔ سکندر مرزا تشریف لے گئے تو ہمارے عوام کو بتایا گیا کہ ایک قاسم بھٹی ہیں جو سونے کی سمگلنگ کرتے تھے ۔ جنگ کے دوران ہر شخص نے دیکھا کہ ہماری کتنی گندم سرحد پار دشمن کے ملک میں موجود تھی ۔ اگر اس سے پہلے اس ایوان میں ہماری طرف سے یہ بات کہی جاتی کہ سمگلنگ کھلے بندوں ہوتی ہے تو ہم گردن زدنی قرار دئے جاتے ۔ اس کے بعد اگر کوئی سربراہ صوبہ بدل جائے تو پھر یہ حقیقت سامنے آ جاتی ہے کہ قاسم بھٹی یہ تمام عرصہ اپنا کام کرتا رہا ہے اور آزادی سے کرتا رہا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں حکومت سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس حکومت کے پاس گذشتہ آٹھ سال سے وسیع اختیارات موجود رہے ہیں ۔ پھر کیا وجہ ہے کہ وہ ان تمام اختیارات کو جائز طریقہ سے استعمال کرنے میں ناکام رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس ہنگامی قانون پر ایک اور بڑا اعتراض ہے اور وہ یہ کہ بیڑی بنانے کا کام چھوٹے کارخانہ داروں کے پاس ہے ۔ یہ کام مزدور اپنے گھروں پر کرتے ہیں اسے کاٹیج انڈسٹری یا گھریلو صنعت کا درجہ حاصل ہے ۔ جہاں اس ملک میں بڑے بڑے کارخانوں کی ضرورت

ہے وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ اگر ہماری آبادی خصوصاً غریب آبادی کو کام کا کوئی چھوٹا موٹا موقع میسر ہو تو اسے سلب نہ کیا جائے۔ میں اس حق میں نہیں ہوں کہ اس بیڑی کے پتہ تیندو کو لازمی طور پر ہندوستان ہی سے منگوایا جائے۔ مگر میں یہ ضرور کہوں گا کہ اس قسم کے قوانین نافذ کرنے سے پہلے آپ کو اپنی ذمہ داری کا احساس ہونا چاہئے تھا۔ بلکہ آپ کا یہ فرض تھا کہ آپ دیکھتے کہ ایسے لوگ جو ایک دو نہیں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں ہیں اور کراچی، حیدرآباد، سکھر اور خیر پور جیسے شہروں میں پھیلے ہوئے ہیں روزگار سے محروم نہ ہو جائیں۔ آپ پہلے ان کے لئے روزگار کا انتظام کرتے۔ ایسے قوانین نافذ کرنے سے سیگریٹ بنانے والے بڑے بڑے کارخانہ داروں کو تو ضرور فائدہ پہنچتا ہے۔ مگر ان ہزاروں افراد کو جو مجبور ہیں اور متبادل ذریعہ معاش سے محروم ہیں نقصان پہنچتا ہے۔ جناب سپیکر۔ آج بھی اس بر عظیم ہند و پاکستان میں خصوصاً ہندوستان میں گاندھی کا نام محسن کے طور پر لیا جاتا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے اپنی قوم کے غریبوں کی حالت سدھارنے کی کوشش کی۔ گاندھی نے اپنے ملک میں بدیشی مال کا استعمال ختم کرنے پر بہت زور دیا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہاں کے لاکھوں بلکہ کروڑوں عوام کو جو کہ بے روزگاری یا نیم بے روزگاری کا شکار تھے انہیں روزگار مہیا ہو۔ آپ کو علم ہے کہ اگرچہ ان دنوں الہ آباد، احمد آباد، بمبئی اور دوسرے بڑے شہروں میں کپڑے کے کارخانے موجود تھے مگر اس کے باوجود گاندھی نے

کوشش کی کہ ہاتھ سے بنا ہوا کھڈی کا کپڑا پہنا جائے تاکہ عوام کو روزگار مہیا ہو پاکستان بننے سے پہلے پورے بر عظیم میں بے روزگاری کی وہ حالت نہ تھی جو اس وقت اس ملک میں موجود ہے ۔ ہماری بہت سی غریب مائیں بہنیں جو باہر نہیں جا سکتیں بیڑی بنانے کا کام کرتی تھیں ۔ مگر آپ نے بیک جنبش قلم یہ حکم نافذ کر دیا کہ بیڑی کا یہ پتا باہر سے نہیں منگوایا جا سکتا ۔ لیکن آپ کو قطعاً یہ احساس نہیں ہوا کہ ان لوگوں کی گذر اوقات کیسے ہوگی خصوصاً اس زمانہ میں جب کہ لاہور جیسے شہر میں گندم ۲۹ روپے من فروخت ہو رہی ہے ۔ ایک طرف بے روزگاری ، دوسری طرف مہنگائی ، غریب لوگ کہاں جائیں ۔ کیا وہ اس ملک کے باشندے نہیں ہیں ؟ کیا وہ خدا کی مخلوق نہیں ہیں آپ کی حکومت کا فرض ہے کہ وہ کوتاہی کا جرم تو نہ کرے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم نہیں ہے کہ ہمارے ملک میں اس وقت بھی غیر ممالک سے لاکھوں روپے کی شراب درآمد ہوتی ہے لاکھوں روپے کی موٹر کاریں درآمد ہوتی ہیں ۔ (ایک آواز ۔ کروڑوں روپے کی) کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ اس شراب کے استعمال سے یا ان کاروں کی سواری سے کتنے لوگوں کو روزگار مہیا ہوتا ہے اس کے برعکس بیڑی کے اس پتا کی درآمد سے بہت سے لوگوں کو روزگار مہیا ہوتا تھا میں یہ نہیں کہتا کہ اسے ہندوستان ہی سے درآمد کیا جائے ۔ یہ پتا ہمارے بھائی ملک انڈونیشیا سے بھی درآمد کیا جا سکتا ہے ۔ آپ کی کامن ویلتھ کے ملک آسٹریلیا میں بھی پایا جاتا ہے ۔ آپ وہاں سے منگوا کے لوگوں کو مہیا کرسکتے ہیں ۔

اگر آپ ایسا کرتے تو اس سے ملک کا بھلا ہوتا ۔ اور اس بے روز گاری کے شکار ملک میں ہزاروں مزدوروں کو روز گار مہیا ہوتا ۔

ایک تو آپ اس نقطہ نظر سے اس آرڈیننس کو دیکھیں اور دوسرا نقطہ نظر یہ ہے کہ جب آپ باہر سے لاکھوں روپیہ کی شراب درآمد کرسکتے ہیں جس سے لوگوں کی صحتیں برباد ہوتی ہیں ۔ لوگوں کے اخلاق تباہ ہوتے ہیں اور جو قرآن و سنت کی صریحاً خلاف ورزی ہے ۔ اس کے علاوہ لاکھوں بلکہ کروڑوں روپیہ کی کاریں درآمد ہوتی ہیں اور ان کو چلانے کے لیے لکھوکھا روپے کا پیٹرولیم ہمیں درآمد کرنا پڑتا ہے ۔ ان کی مرمت کے لیے باہر سے فاضل پرزے منگوانے پڑتے ہیں اور اس سے بہت کم لوگوں کو روزگار مہیا ہوتا ہے ۔ لیکن یہ مسئلہ اس سے بالکل مختلف ہے ۔ میں وزیر زراعت صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ پچھلے ۱۹ سال سے یہ مسئلہ آپ کے ملک میں موجود ہے ۔ پچھلے ۱۹ سال سے یقیناً یہ بیڑی کا پتا سمگل ہوتا رہا ہے ۔ کیا آپ پچھلے ۱۹ سال سے سوئے ہوئے تھے ۔ آپ مغربی پاکستان میں کیلا کامیابی سے پیدا کرسکتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ہماری حکومت اس کی پیداوار کا تجربہ نہیں کر رہی ؟ جناب والا ۔ ہمارے مغربی پاکستان کے بعض حصوں میں جن کی آب و ہوا گجرات کاٹھیاوار سے ملتی جاتی ہے وہاں اس پتے کو اگانے کی کوشش کرتے ۔ ایک طرف آپ کا لاکھوں کروڑوں روپیہ کا زرمبادلہ بچ جاتا اور دوسری طرف آپ ہزاروں انسانوں کے لیے روز گار مہیا کرتے ۔ (خوب ۔ خوب) میں وزیر زراعت صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ حیدر آباد کے ضلع ماتلی میں ان پتوں کو

اگانے کی کوشش کی تھی تو ان کوششوں کا کیا انجام ہوا ؟

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ محض عام لوگ ہی متاثر نہیں ہوئے بلکہ میں اس ایوان سے معزز ممبران کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ جب جائز ذرائع سے بیڑی کا پتا درآمد ہوتا ہے اگر ۱۰۰ روپیہ کا پتا درآمد ہوا ہے تو اس پر ۱۰۰ روپیہ ڈیوٹی ہوتی تھی ۔ ۱۰۰ روپیہ ڈیوٹی ادا کرنے کے بعد اس ۱۰۰ روپیہ کے پتے کے استعمال سے ۴۰۰ مزدوروں کو روز گار مہیا ہوتا تھا ۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ اندازہ لگائیں کہ اس درآمد پر ۴۰۰ مزدور اور ان مزدوروں کے بعد ایجنٹ اور فروخت کرنے والے کتنے لوگوں کو روزگار مہیا ہوتا تھا ۔ محض روزگار ہی مہیا نہیں ہوتا تھا بلکہ تجارتی ڈیوٹی بڑے تاجر لاکھوں روپیہ حکومت کو انکم ٹیکس کی صورت میں ادا کرتے تھے ۔ حکومت کی طرف سے کہا جاسکتا ہے کہ ہم نے بیڑی کے پتے کی درآمد قطعاً بند نہیں کی بلکہ ایک متبادل پتا جو اس بیڑی کے پتے سے ملتا جلتا ہے اور ان خصوصیات کا حامل ہے جو ہم مشرق پاکستان سے درآمد کرتے رہے ہیں مہیا کرتی ہے ۔ لیکن جہاں تک مجھے علم ہے کہ اس علاقے کے بعض افراد جو کہ یہ کاروبار کرتے ہیں اور اس گھریلو صنعت کو چلاتے رہے ہیں انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ بیڑی کا وہ پتا جو مشرق پاکستان سے درآمد کرتے ہیں وہ اس کے متبادل کچھ کام نہیں کرسکا اور اس کو لوگوں نے پسند نہیں کیا کیوں کہ اس میں وہ خصوصیات نہیں ہیں ۔ جب تک بیڑی کے پتے یا ٹانڈو کے پتے موجود ہیں حکومت کو اگر واقعی زر مبادلہ بچانے کی فکر ہے تو میں ان کو مبارکباد دیتا ہوں لیکن

زرمبادلہ بچانے کے ساتھ ساتھ عام انسانوں کی ضروریات کا بھی خیال رکھنا چاھئے ۔ اگر حکومت نے وقت سے پہلے ان تمام انسانوں کی مصیبتوں اور پریشانیوں کا احساس نہ کیا تو میں جناب وزیر قانون صاحب کی وساطت سے حکومت عالیہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ حکومت کو چاھیے کہ وہ فوری طور پر اس پالیسی میں تبدیلی کرے اور اگر یہ پتا فوری طور پر مغربی پاکستان کے بعض حصوں میں پیدا نہیں کیا جا سکتا تو انڈونیشیا اور آسٹریلیا سے ضرورت کے مطابق درآمد کیا جائے ۔ جب ہم غیر ضروری اخلاق کش انسانی ضروریات کی چیزیں کروڑوں روپیہ خرچ کرکے باھر سے درآمد کر سکتے ھیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ھم بیڑی کے پتے کو باھر سے درآمد نہیں کرسکتے اس طرح ھزاروں افراد کے لیے ذرائع معاش کیوں نہیں پیدا کرسکتے؟ اس کے ساتھ ھی ساتھ یہ اقدامات جو حکومت کی طرف سے کئے جاسکتے ھیں وہ یہ ھیں کہ آپ کی حکومت اس انڈسٹری کی طرف اور خصوصاً سمال انڈسٹریز کی طرف توجہ دے کیوں کہ ان میں بھی بہت لوگ دولت مند ھیں اور زیادہ کام کے کرنے والے ھیں لیکن ان کی تعداد بہت زیادہ ھے جو غریب ھیں ۔ جناب والا ۔ ان معروضات کے پیش نظر میں اس ھنگامی قانون کی محض اس لیے مخالفت کرتا ھوں کہ اس سے بے روزگاری عام ھوتی ھے ۔ ھمارا ملک پہلے ھی بے روزگاری کا شکار ھے اس طرح اور مزید بے روزگاری میں مبتلا ھو جائے گا ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کردوں کہ آپ کے یہ اقدامات اور آپ کے یہ قانون بذات خود بیکار ھیں ۔ ھزاروں کتابیں چھپ چکی ھیں اور الماریوں میں بند ھیں ۔ اس لیے یہ قانون بھی بیکار ھے بلکہ

میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں شرمندہ ہونا چاہئے کہ ہم زیادہ سے زیادہ قوانین بناتے ہیں لیکن ان پر عمل نہیں کرتے ۔ اگر ہم نیک نیتی سے ان پر عمل کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں تو خدارا خواہ مخواہ قانون کی مٹی پلید کیوں کریں ۔ میں کسی پر ذاتی الزام نہیں لگاتا لیکن آج اس ایوان کے اندر وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ کل ہی مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے بارڈر کے پاس یعنی جو بارڈر شہروں کے نزدیک ہیں وہاں سے باجرہ ہماری حکومت کے ساتھ مل کر (وہ لوگ جو اس کام کی روک تھام کرتے ہیں ان کے ساتھ مل کر) ہندوستان میں سمگل ہوتا ہے آج جب کہ ہمارا ملک غذائی صورت حال سے دو چار ہے ۔ لوگ اشیائے خوردنی کے لیے بلبلا رہے ہیں ۔ یہ صورت حال آج ہمارے ہاں موجود ہے ۔ اب ہماری حکومت کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ وہ اپنے فرائض میں بری طرح ناکام ہو رہی ہے خصوصاً یہ حکومت جو اب نئی بنی ہے اسے چاہئے وہ کم از کم ان حالات کو سمجھے کہ جو کل گئے ہیں عوام ان کو برا کہتے ہیں یہ اس چیز کا خیال رکھے۔ اور یہ اس دن کے منتظر رہیں کہ لوگ ان کو برا نہ کہیں اور ان کو لوگ نیک نام اور اچھے الفاظ سے یاد کریں ۔ (خوب ۔ خوب)

چودھری محمد ادریس (جھنگ-۱) ۔ جناب والا۔ زیر بحث ہنگامی قانون نہایت ہی مختصر ۔ نہایت ہی واضح ۔ نہایت ہی ضروری اور نہایت ہی بے ضرر ہے ۔ اس قانون کی رو سے صرف اتنی سی بات پر پابندی لگائی گئی ہے کہ کوئی شخص اس پتے سے جو ہندوستان سے سمگل یا ہندوستان سے امپورٹ ہوتا ہے بیڑی نہ بنائے ۔ جناب والا۔ یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ۱۹

سال پیشتر یہ پابندی کیوں نہیں لگائی گئی اور ۱۹ سال سے یہ برداشت کرتے رہے ہیں ۔ کہ ہندوستان سے پتا آتا رہا ہے اور بیڑی بنتی رہی ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ پچھلے ایک سال سے حالات ایسے پیدا ہوگئے ہیں ۔ جن کی رو سے ہر پاکستانی پر کم از کم یہ فرض عائد ہوتا ہے ۔ اور ہر پاکستانی کے لئے یہ ضروری ہے کہ بھارت جیسے ذلیل اور بدترین دشمن سے بیڑی کا پتا درآمد کرنا تو الگ رہا اگر وہاں سے ہمیں امرت بھی ملے اگر ہمیں ان سے سونا بھی ملے تو ہمارے قومی وقار اور عزت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اسے بھی پائے حقارت سے ٹھکرا دیں ۔ یہ ہماری قومی شان اور وقار کے منافی ہے کہ بیڑی کا پتا جو کہ ضروریات زندگی میں سے بھی نہیں ہے بلکہ جو کہ صحت پر خراب اثر ڈالتا ہے اور جس سے قومی دولت بھی ضائع ہوتی ہے ہم ہندوستان سے حاصل کرکے بیڑی بناتے رہیں ۔

جناب والا ۔ ہمارے ملک کے بیڑی بنانے والے تاجروں کو رضاکارانہ طور پر ہی اس بات کا انتظام کرنا چاہئے تھا کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے بعد وہ خود ہی اس درآمد کردہ پتے سے بیڑی بنانا چھوڑ دیتے ۔ لیکن جب ایسا نہ ہوا اور ہم اپنے قومی وقار کو خود ہی قائم رکھنے کی آزمائش پر پورے نہیں اترے تو پھر یہ فرض حکومت پر عائد ہوتا تھا کہ وہ

ایسا قانون بنائے جس کی رو سے بیڑی کا پتا بھارت سے درآمد نہ ہو سکے اور اس کاروبار پر پابندی عائید کی جا سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے یہ قانون بنا کر ہم سب کے جذبات کی ترجمانی کی ہے جس کے لئے یہ قانون بنانے والے ہماری مبارکباد کے مستحق ہیں ۔

جناب والا ۔ مسٹر حمزہ نے اس قانون کے بارے میں جو اعتراض فرمایا تھا اس کا جواب بھی انہوں نے خود ہی اپنی تقریر کے دوران میں مہیا کر دیا ہے ۔ یہ انتہائی صحیح بات ہے کہ ان لوگوں کے لئے جو کہ سالہا سال سے بیڑی بنانے کا کاروبار کر رہے ہیں ان کے لئے متبادل ذریعہ معاش کا انتظام کیا جائے ۔ مجھے پوری توقع ہی نہیں بلکہ یقین ہے کہ بھارت سے ان پتوں کی درآمد پر پابندی عائد کرنے کے بعد کسی نہ کسی متبادل شکل میں ان لوگوں کے لئے کوئی نہ کوئی کاروبار مہیا ہوتا رہے گا ۔ اس لئے کہ ہمارے ہی ملک کے دوسرے حصے میں یعنی مشرق پاکستان میں کافی تعداد میں اس قسم کے پتے موجود ہیں اور وہاں سے ملک کے اس حصے میں یہ پتے آسانی کے ساتھ آ سکتے ہیں ۔ اس سے دو فائدے ہوں گے ایک تو یہ کہ جو روپیہ بیڑی کے پتے درآمد کرنے میں ہمارے دشمن ملک کو جاتا تھا وہ روپیہ اب ہمارے اپنے بھائیوں کے پاس جائے گا اور اگر مشرق پاکستان میں بیڑی کے پتے ہماری ضروریات کے لئے ناکافی ہوں تو پھر انڈونیشیا سے بھی ان پتوں کی درآمد کی جا سکتی ہے ۔ اس طرح سے وہ روپیہ جو ان پتوں کی درآمد میں ہمارے سب سے بڑے دشمن کو جاتا تھا ہمارے سب سے بڑے دوست اور بھائی

ملک کو جائے گا ۔

جناب والا ۔ اس قانون پر کئے گئے ملک محمد اختر صاحب کے اعتراضات کا جواب تو جناب وزیر قانون ہی شاید دے سکیں کیونکہ انکی consistency اور inconsistency کو ہم میں سے شاید ہی کوئی سمجھ سکا ہو ۔ اور شاید جناب وزیر قانون ان کی ان باتوں کو سمجھے ہوں ۔ اور پھر ساتھ ہی وہ یہ بھی فرما گئے ہیں کہ ان کو بڑا درد ہے ۔ تو میرا خیال ہے کہ ان کے درد کا مداوا بھی جناب وزیر قانون ہی کر سکیں گے ۔ میں ان کی توجہ صرف اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ ہے اختلاف inconsistency سے شاید میرے فاضل دوست کو یہ غلط فہمی ہوگئی ہے کہ تضاد اور اختلاف دونوں ایک ہی چیز ہیں ۔ لیکن انہیں یہ معلوم ہونا چاہئے ۔ کہ تضاد اور اختلاف دو مختلف چیزیں ہیں ۔ تضاد وہ ہوتا ہے ۔ جب کوئی قانون یا کوئی چیز دو مختلف سمتوں میں جائیں ۔ اور جناب والا ۔ قانون سازی کا یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ بعض subjects پر مخصوص قانون سازی کی جاتی ہے ۔ اور اس کے لئے ایسے خاص قوانین اور طریقہ کار اور سزا اور ٹریبونل وغیرہ بنائے جاتے ہیں ۔ جو کہ عام قانون سے مختلف ہوتے ہیں ۔ ملک اختر صاحب تو لاہور کے قانون دان ہیں ۔ ان کو تو یہ ادنیٰ سا نکتہ معلوم ہونا چاہئے کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ نمبر ۳۰۲ یعنی عمداً قتل کی سزا موت ہے ۔ لیکن اسی جرم کی سزا کریمینل لاء امینڈمنٹ ایکٹ کے تحت صرف چودہ سال قید ہے ۔ تو ان دونوں قوانین میں یہ اختلاف ہے کوئی تضاد نہیں ہے تعزیرات پاکستان کے

تحت بہت سے مقدمات ہیں جن کا فیصلہ سیشن کورٹ اور عام عدالتیں کرتی ہیں - یعنی عمومی اختیارات کی عدالتیں کرتی ہیں لیکن خاص حالات کے تحت اگر special subjects پر قانون بنایا جائے تو اس کے لئے خاص ٹریبونل اور خاص سزائیں مقرر کی جائیں گی - اگر ایسا ہو تو یہ کسی رائج الوقت قانون سے تضاد نہ ہوگا - کوئی قانون دوسرے کسی قانون سے اس وقت متضاد ہوگا جس وقت کہ مرکزی حکومت اگر یہ کہے کہ بیڑی کے پتے کی درآمد جائز ہے اور ہم یہ کہیں کہ نہیں یہ ناجائز ہے - یہ تو تضاد ہوا - مگر جب وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ پتا درآمد نہ کیا جائے - اور ہم بھی یہی کہتے ہیں - البتہ صرف اس کے لئے بنائے ہوئے قوانین کی اگر خلاف ورزی کرنے پر مختلف سزائیں اور مختلف طریق کار ہے - تو یہ اختلاف تو ضرور ہے - لیکن دونوں حکومتوں کے بنائے ہوئے قوانین میں تضاد نہیں ہے - کیونکہ انتظامیہ کے اختیارات میں اختلاف سے تضاد نہیں ہوا کرتا - تضاد اس وقت ہوا کرتا ہے - جبکہ ایک قانون دوسرے قانون کی نفی کرے - ہم تو مرکز کے بنائے ہوئے قانون کو موثر بنانے کے لئے اس کی مزید امداد اور اعانت کرتے ہیں اور اس کے لئے موثر طریق کار بناتے ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کی وساطت سے معزز اراکین سے درخواست کروں گا - کہ چونکہ اس قانون کا نفاذ نہایت ہی ضروری تھا - اور جس مقصد کے حصول کے لئے یہ بے ضرر قانون بنایا گیا ہے اس لئے اس کے نفاذ پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہئے اور اسے منظور کر لینا چاہئے -

Mr. Munawar Khan (Bannu I) : Mr. Speaker Sir, I have been listening to the speeches delivered by my learned friends on this side as well as by my friend Mr. Idrees. I have no objection so far as prohibiting the import of Bidi leaves from India is concerned. We must support it. It should not be imported from an enemy country. But there is a very big 'but' we are entitled to know as to what the Government had been doing to produce a substitute for this leaf. That is my question. We must also ban the import of which is being used by the highly placed people and which is strictly prohibited by our religion, but instead, today ws see that the Govt : intend to ban the import of the bidi leaf without creating or substituting some other leaf for it. Can we prevent smuggling? No ! Something must and should have been done for that. The Law Minister was pleased to say that this ordinance was promulgated with a view to stop smuggling, but smuggling will continue and I say smuggling will increase and it must increase. There cannot be a check. We have failed miserably and it is an established fact that smuggling between the two countries, even in broad day light Sir, has been going on. There is no check on it. I said during the budget session that thousands of bags of Atta was recovered from Khem Karan and that Atta was of Lyallpur Flour Mills. Taking away stealthily of these bags of flour clearly shows that there was definitely connivance by those very officers who are posted to check and control smuggling. Through you Sir, I would like to impress upon the Law Minister, that by passing this ordinance, the smuggling would rather increase ; it cannot be stopped. You have not been able to stop any smuggling and so far as this staff. of yours which is a party to the affairs, is concerned, they have been rather affording opportunities to the smugglers to earn by those illegal means and by joining hands with the smugglers and by helping them, conniving at the offences, and thereby earning illegally lacs and lacs of rupees. There are instances, Sir, where some offcers of the former Punjab, who were in subordinate services when appointed on the checking of smuggling, had within a year or so become millionaires, left the service and started businesses of their own and are now flourishing.

Even in my part of the country daily lorry loads.....

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا صرف پنجاب والوں نے کیا ہے سرحد والوں نے نہیں کیا ؟

Mr. Deputy Speaker : It is no point of order.

Mr. Munawar Khan : In my part of the country, lorry loads of wheat and wheat atta is smuggled to Afghanistan, There is a wide belt of sixty miles the routes of which are guarded by the militia and khasedars. In broad day light that quantity of wheat is daily drained out and no notice is being taken by our far-sighted Government. As for restricting the import or smuggling of bidi leaves I absolutely agree, but the Government must make some arrangements for the poor consumers. What should they do ? They are addicted to it. What would the small industrialists do who are running this industry and what would the poor workers do who are working in these small industries ? Wherefrom would they earn their livelihood ? They would be all thrown out of employment. Mr. Law Minister the Government could and should have tried to have found out some substitute for it. If this leaf is not in abundance to meet the necessity or requirement of East Pakistan, I would say this plant should have been developed to meet the demand of our brothers over here in West Pakistan as well as East Pakistan. The Government was sleeping over it. I don't understand how it would be alerted from this slumber. They won't stop the use of liquor but they would like to deprive the poor man of his necessity. Wherefrom and in what way the poor should satisfy their vice. I would say 'vice'. It is a vice. How to meet it. Well Mr. Law Minister what is the substitute through which they should satisfy their desire. We see, Sir, opium being auctioned by the Government. Opium, which is much more injurious to the health, is publicly auctioned to satisfy the habit of the opium eaters. So when that arrangement has been made and that arrangement is continuing why cannot some arrangement be made for these poor people, who smoke bidi. I understand that it is not smuggling that is intended to be checked as the passage of the Ordinance would increase it. Why after all have you brought this Ordinance ? I am given to understand that there is some law in East Pakistan in the shape of an Ordinance or an Act which prohibits the import of bidi leaf and it was because of their complaint that the law is being enacted there, but no such law was enacted in West Pakistan. It was to remove this disparity ; my information is subject to correction, but this is my information ; that they have brought forth this Ordinance. Mr. Speaker, Sir, we fully support as I submitted that the import of these leaves from India particularly be stopped but the Government is responsible for the procurement of this leaf for the consumers of bidi in this Province.

Now, Sir, this limitation of ten miles on the border side is yet another step, I would say, for encouraging smuggling. It is not to stop it. Ten miles is a very wide area and the people who are posted there to check smuggling would be having ample chances to help those smugglers in concealing that smuggled article somewhere. So, I would say, why this wide area of ten miles. It is absolutely unnecessary. When the thing is smuggled and the smuggler crosses the border why should that man not be immediately arrested, and action under the law taken against him. Why do you give him ten miles width ? That means that the drafting of this Ordinance is not so reasonable as it should have been. There was no law, so far as I know that ten miles width of an area should be provided for this and for that and after it should be done like that. As soon as a man crosses he commits the offence. If he crosses here on this side of the border who will catch the smuggler. We are having this very staff, we are having these platoons, we are having these officials posted to keep vigilance on these routes of smugglers. But still we find that smuggling is increasing day by day. It is not the law, which will prevent the commission of offences. Create honesty, create national spirit in the nation, amongst the Services. The services have been shorn of the character because of the interference of the politicians of the present regime. The services have been extended many more amenities by the Government if they would accede to do things which the Government wants them to do. On the one hand we find that extension is given to one official, on the other side we find that a curb is applied on others. On the one hand we see people taken up to very high posts, on the other we see that they are kicked out. Mr. Speaker, I would submit that it is due to the incompetency of the present regime that smuggling has been going on, is going on and will go on. Nobody can stop it unless we imbibe that spirit which would enable us to call ourselves nothing else but Pakistanis even if we should be hungry. But how can we do this in this regime of materialism when there is a race by every individual for money. How can we stop smuggling ?

We get tyres in hundreds daily coming from Afghanistan to the former N.W.F.P. and those are being sold. We see everything Sir being smuggled into Pakistan.

Now, Mr. Law Minister, if that was your main reason that you wanted

to check smuggling of bidi leaves, I won't agree with you. By bringing in this Ordinance, you will be encouraging smuggling and you would not be in a position to stop it.

So, with these submissions, Sir, I resume my seat.

خان اجون خان جدون (مردان - ۳) ــ جناب والا - اس وقت تک اس tendoo leaves کے بند کرنے کے آرڈیننس پر جتنی تقریریں ہوئی ہیں چاہے وہ آپوزیشن کی طرف سے تھیں یا حکومت کی پارٹی کی طرف سے اصولی طور پر اسبات سے سب نے اتفاق کیا ہے کہ سمگلنگ کو روکا جائے - کیونکہ tendoo leaves ہندوستان سے سمگل ہوتے ہیں اور ان کی سمگلنگ کو اس وقت تک ختم نہیں کیا جا سکتا - جب تک کہ سمگلنگ کو اس ملک میں قطعی طور پر نہ ختم کر دیا جائے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کسی قانون سے اور اس قانون سے حقیقی طور پر tendoo leaves کی سمگلنگ تو رک جائیگی کیونکہ یہاں بیڑی بنانے اور پینا منع قرار دیا گیا ہے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ سمگلنگ کے قوانین کو زیادہ سخت کرنے کی ضرورت ہے - اس وقت ہماری غذائی حالت جو ہے اور ہندوستان کی جو غذائی حالت ہے اس کے متعلق ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ اس کے لئے سخت سے سخت سزا - پھانسی کی سزا دی جائے اور خاص طور سے اس شخص کو جو غلہ کی سمگلنگ کرے اور جلد سے جلد ایسے اقدامات کئے جائیں جن سے غلہ کی سمگلنگ کو روکا جائے - اس وقت ہماری حکومت کی یہ پالیسی ہونی چاہئے کہ anti social elements کو ختم کیا جائے اور اس قسم کی تمام خبیث حرکات کو ختم کیا جائے - جناب والا - بیڑی کی انڈسٹری کو جو

ختم کرنے کا اس ملک میں پروگرام بنایا گیا ہے اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں بہت زیادہ دور اندیشی سے کام نہیں لیا گیا میں اس بات کے حق میں ہوں کہ ہندوستان سے bidi leaves امپورٹ نہ کئے جائیں لیکن اس کے ساتھ ہی حکومت نے کوئی وضاحت نہ کی کہ جو لوگ بیڑی پیتے ہیں وہ کیا کریں گے یا آج جو کارخانے اور مزدود اس سے متاثر ہوں گے ان کے لئے کیا متبادل بندوبست کیا گیا ہے ۔ اس کی وضاحت نہیں کی گئی کہ اس سے جو اقتصادی مشکلات پیدا ہوں گی مثلاً لاکھوں اور کروڑوں من تمباکو اس میں صرف ہوتا ہے اور جو کسی اور کام نہیں آ سکتا جس کو ہم چورا کہتے ہیں وہ ہمارا قومی نقصان ہوگا اور کسی باہری ملک کا نہیں ہوگا اس کے لئے کیا متبادل تجویز پیش کی گئی ہے اور کیا انہوں نے اس بات پر غور کیا ہے کہ مغربی پاکستان لاکھوں من تمباکو ایسٹ پاکستان کو دیتا تھا اور مغربی پاکستان میں اگر لاکھوں نہیں تو ہزاروں من اسی میں صرف ہوتا تھا ۔ اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ اس آرڈیننس کو پاس کرنا چاہتے ہیں تو پاس کر لیں لیکن انڈونیشیا یا کسی اور دوست ملک سے پتا منگائیں اور اس بیڑی کے کاروبار کو ختم نہ کریں ۔ آپ کو بیڑی سے تو نفرت نہیں ہے آپ کو تو ہندوستان کے پتے سے نفرت ہے وہ ہمیں بھی ہے لیکن اس سے بیڑی بنانے والوں کو کیوں سزا دی جائے ۔ ایسی حالت میں جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کیا جائے ۔

ایک اور بات آپوزیشن کی طرف سے کہی گئی ہے وہ بھی بہت ضروری ہے کہ Industrialists گورنمنٹ پر اثر ڈال رہے ہیں کہ لوگوں کو جب بیڑی نہ ملے گی تو وہ سگریٹ پئیں گے اور سگریٹ انڈسٹری بڑھے گی ۔ لہذا اس خدشہ کو روکنا چاہئے ۔ کہ Industrialists ہم پر چھا جائیں یہ اچھی بات نہیں ہے کہ Industrialists ہماری پالیسی بنائیں ہم کو چاہئے کہ ہم خود اپنی پالیسی بنائیں ہمیں اس خدشہ کا ازالہ کرنا چاہئے جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ اس کو ختم نہ کریں اور بیڑی کے پتوں کے کاروبار کو دوبارہ رائج کریں اس آرڈیننس کو آپ پاس کریں کہ بیڑی کے پتوں کا داخلہ ہندوستان سے ممنوع قرار دیا جاتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہم یہ بھی assurance چاہتے ہیں کہ حکومت اس بات پر غور کر رہی ہے کہ سنگاپور ، انڈونیشیا اور آسٹریلیا سے لوگ بیڑی کے پتے منگا سکتے ہیں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت اس سے بے خبر نہیں ہے عوام اس سے بے خبر ہیں لہذا میں سمجھتا ہوں کہ عوام کو معلوم ہونا چاہئے کہ حکومت اس سلسلے میں کیا کر رہی ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲) — جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے اس معزز ہاؤس کی خدمت میں اور اس ہاؤس کے اراکین کی خدمت میں عرض کرتا ہوں جن کو لوگوں نے اپنا نمائندہ منتخب کرکے بھیجا ہے ۔ میں ایسا نہیں کہوں گا جیسا کہ ملک اختر صاحب نے اس ہاؤس کے اراکین سے کہا تھا کہ اگر آپ ہماری تقریر

نہیں سمجھتے تو آپ اس سرکار سے کہدیں جو سرکار آپ کو یہاں لائی ہے ۔ میں تمام دوستوں کو یہ سمجھتا ہوں کہ وہ سب عوام کے بھیجے ہوئے آئے ہیں ۔ خواہ وہ ایسٹ پاکستان کی نمائندگی کے لئے آئے ہیں یا ویسٹ پاکستان کی ہم نہ صرف اپنے حلقہ نیابت کو جوابدہ ہیں بلکہ پورے ویسٹ پاکستان کے لوگوں کو جوابدہ ہیں اور یہ ہمارا فریضہ ہے کہ ہم ان لوگوں کی تکالیف آپ کو یاد دلائیں ۔

عرض یہ ہے کہ بیڑی کا مسئلہ ہمارے سندھ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور لاکھوں لوگ جو بیڑی بناتے ہیں اور اس کے ذریعہ وہ اپنی روزی کماتے ہیں وہ زیادہ تر مزدور ہیں اور چھوٹے چھوٹے دوکاندار ان سے بنواتے ہیں اور مزدور بناتے ہیں اور پھر لاکھوں آدمی بیڑی پیتے ہیں ۔ یہ بیڑی سگریٹ سے بہت سستی پڑتی ہے اور نقصان دہ کم ہے میں خود نہیں پیتا ہوں مگر جو لوگ بیڑی پیتے ہیں ان سے میں نے سنا ہے کہ سگریٹ نقصان کرتی ہے مگر بیڑی نقصان نہیں کرتی اس لئے میں سارے ہاؤس سے عرض کروں گا اور جیسا کہ جدون صاحب نے بھی بہت اچھی بات کہی ہے اور وہ سندھ کا پورا نقشہ ہمارے سامنے لائے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ ان لوگوں کے لئے دوسرا انتظام کرنا چاہئے اگر اس کے بغیر آپ اس آرڈیننس کو پاس کریں گے تو یہ ان لوگوں کی حق تلفی ہوگی ۔ اگر جیسا کہ آپ کہتے ہیں کہ یہ آرڈیننس گورنر صاحب نے نکالا ہے پاس نہ ہوا تو یہ ان کی توہین ہوگی اس میں گورنر صاحب کی توہین نہیں ہے گورنر صاحب بھی ہمارے نمائندے ہیں

اور ہمارے ہی ملک کے ہیں ۔ اس قانون میں کیوں تبدیلی نہیں ہو سکتی ۔ ضرور ہوسکتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے

"یا ایہاالذین آمنو واتقو اللہ وکونو مع الصادقین"

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچ بولنے والوں کے ساتھ ہو جاؤ ۔ میں یہ بات سچ کہہ رہا ہوں اور اسی لئے میں نے قرآن کی آیت پیش کی ہے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ آپ نے یہ سچ بات نہیں کی ہے ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

ملک محمد اختر ۔ حاجی صاحب تو خود پوائنٹ آف آرڈر ہیں وہ کیسے پوائنٹ آف آرڈر raise کر سکتے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ عرض یہ ہے کہ چونکہ بیڑی کا ذکر ہے تو اس میں قرآن کی آیت کا کوئی بھی ذکر نہیں ہونا چاہئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ آپ کے لئے نہ ہو ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ اور ساتھ ساتھ میں یہ عرض کروں کہ ہم سندھ کے رہنے والے ہیں اس کے لئے میں آپ کو نقشہ

بتاتا ہوں لاکھوں لوگ اس بیڑی کو پیتے ہیں چاہے وہ سفر میں ہوں حضر میں ہوں ۔ چاہے ہل چلا رہے ہوں چاہے وہ اپنے کھیتوں میں پانی دے رہے ہوں اس بیڑی کو استعمال کرتے ہیں کیونکہ یہ سستی پڑتی ہے ۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ ان لوگوں کے ساتھ زیادتی کیوں کی جاتی ہے جبکہ خصوصاً ملک کے آئین کا یہ جزو ہے کہ ہر شہری کو روزگار مہیا کیا جائے گا جس سے وہ آزادانہ زندگی بسر کر سکیں ۔ تو میں یہ نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون کس نے بنایا اور وہ کس ملک کا رہنے والا تھا اور اس نے ان مزدوروں اور غریب طبقہ کے لئے کیا سوچا ہے ۔ یہ بڑے افسوس کا مقام ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ بعض اوقات ہماری حکومت کارخانہ داروں کے کہنے پر آرڈیننس جاری کر دیتی ہے اور اس کے بعد یہ عرض ہے کہ غلط آرڈیننس لگا دیتے ہیں ۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ بکریوں کے پالنے پر بھی پابندیاں عائد کی گئی تھیں اور ان کا کیا اثر ہو رہا ہے ۔ آپ فرماتے ہیں کہ بیڑی پر جو پابندیاں ہیں یہ زرمبادلہ کمانے کے لئے ہیں لیکن میں اس کے ساتھ ساتھ یہ کہتا ہوں کہ شراب کے اوپر آپ کیوں پابندی نہیں لگاتے اور یہ اخلاق سوز فلمیں منگاتے ہیں اور حکومت اس چیز کا بالکل خیال نہیں کرتی لیکن زرمبادلہ کا خیال ضرور کرتی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ گندم اور اناج کی طرف کیوں خیال نہیں کرتے جس سے لوگوں کو فائدہ ہو ۔ ان کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ انصاف کے ساتھ صحیح بات کریں ۔ آپ کو خدا نے بھیجا ہے اور آپ ذمہ دار ہیں آپ کو چاہئے کہ

آپ اس ملک اور قوم کے لئے صحیح بات کی تائید کریں ۔ اگر آپ گندم کی طرف خیال نہ کریں گے تو غریب لوگ روٹی کیسے کھائیں گے ۔ امریکی گندم کے متعلق بچو صاحب نے کہا ہے کہ ساڑھے اٹھارہ روپیہ فی من ہے ۔ صحیح ہے ہم لوگ اس کو کھائیں گے مگر میں کہوں گا کہ امیر لوگ اس کو اور طریقہ سے کھاتے ہیں ۔ ہم غریبوں کے پاس روغن مکھن نہیں ہے ۔ امیر لوگ اور طریقہ سے کھاتے ہیں ۔ وہ ڈبل روٹی اس سے بناتے ہیں وہ کیک بناتے ہیں ۔ وہ خشک روٹی بنا کر نہیں کھاتے جیسے کہ ہم کھاتے ہیں ۔ ابھی بچہ صاحب نے فرمایا کہ دیسی اور بیرونی گندم ملا کر آٹے کا نرخ مقرر کیا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ حکومت کارخانہ داروں کو چانس دیتی ہے کہ وہ بے ضابطگی کریں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ relevant نہیں ہیں حاجی صاحب آپ آرڈیننس پر تقریر کریں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ میں ان کو یہ کہتا ہوں کہ وہ اس چیز کا انتظام کریں انہیں ضرور اس کا انتظام کرنا چاہئے اور اگر ہماری حکومت اس کام میں کامیاب نہیں ہوتی تو اس کو فوراً قوم کے آگے استعفیٰ پیش کرنا چاہیئے ۔ یہ بات ٹھیک نہیں ہے کہ لوگوں کا غلہ بند کر دیا جائے اور ان کا روزگار بند کر دیا جائے ۔ اگر آپ کامیاب نہیں ہوتے تو آپ کو فوراً استعفیٰ دینا چاہیئے ۔ اس لئے میں اس آرڈیننس کی پر زور مخالفت کرتا ہوں اور سارے ہاؤس کو عرض کر دیتا ہوں

کہ وہ بھی اس کی مخالفت کرے اور اس آرڈیننس کو پاس نہ ہونے دیں ۔ اگر پاس ہونے دیں گے تو یہ لوگ گلہ دیں گے اور خدا کو بھی گلہ دیں گے اور کہیں گے کہ آپ اپنے ذاتی یا شخصی کام کے لئے آئے ہیں ۔ غریب کے لئے نہیں آئے ۔ اور دوسری بات میں یہ عرض کرتا ہوں کہ غریبوں کے خون سے نہ کھیلو ۔ ان کی آزادی پر ہاتھ نہ ڈالو ۔ ۶ ستمبر کو غریبوں کو آپ نے لڑائی میں دیکھا وہ آپ کے سامنے دوبارہ آ سکتے ہیں اس چیز کا آپ کو خیال رکھنا چاہئے ۔ جس طرح وہ بھارت کے سامنے آ سکتے ہیں تو وہ ہمارے سامنے بھی آ سکتے ہیں ۔ تو میں عرض کرتا ہوں کہ سوئی ہوئی قوم کو مت جگاؤ ۔ اس آرڈیننس کو پاس نہ کرو ۔ میں کہتا ہوں بلکہ اپیل کرتا ہوں کہ اس کو بند کرو ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) — جناب سپیکر ۔ بیڑی کے پتے کے متعلق جو قانون ہے وہ ہمارے گورنر صاحب نے آرڈیننس کی شکل میں نافذ کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قومی غیرت کے تقاضے کے تحت یہ بالکل درست ہے ۔ یہ تو بیڑی کا پتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر خدا نخواستہ ہمارے ملک میں غلہ اس قدر کم ہو جائے کہ ہم بھوک سے مرنے لگیں تو پھر بھی ہمیں یہ خواہش نہیں کرنی چاہئے کہ ہم اپنی بھوک کو دور کرنے کے لئے ہندوستان سے غلہ حاصل کریں ۔ اس غلے سے ہمیں موت اچھی ہے ۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

جناب والا ۔ میرے دوست حمزہ صاحب نے یہ کہا ہے کہ اس سے مزدور اوگ بیکار ہو کر رہ جائیں گے اور ان کا روزگار بند ہو جائے گا ۔ اور اس میں کمی واقع ہو جائے گی لیکن اگر وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں تو پائیں گے کہ بیڑی کا پتا اتنا ضروری نہیں کہ جس کے بغیر ہم زندہ نہیں رہ سکیں گے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں رانا پھول محمد خاں کو یہ خیال کرانا چاہتا ہوں اور بتاتا ہوں کہ میری تقریر کا مطلب یہ نہیں کہ بیڑی کا پتا ہندوستان سے منگایا جائے ۔ میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ پتا نیپال اور دوسری جگہوں سے منگایا جا سکتا ہے اور انہوں نے جو مطلب سمجھا ہے وہ غلط ہے وہ اپنی تقریر کے موضوع کو اور ہی طریقہ سے چلا رہے ہیں ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ابھی تک حاجی صاحب کا نام نہیں لیا لیکن وہ X X X X X *

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ رانا پھول محمد صاحب یہ X X * لفظ درست نہیں ہے اسے آپ واپس لے لیں ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ جناب والا ۔ میں اس لفظ کو واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : Please maintain the decorum of the House.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ مجھے رانا صاحب کے اس X X * لفظ پر کوئی اعتراض نہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔ رانا صاحب نے اپنے الفاظ واپس لے لئے ھیں ۔

And those words will not form part of the proceedings.

رانا پھول محمد خاں ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ میرے محترم دوست حمزہ صاحب اور ملک اختر صاحب ۔ جو اس قانون کی مخالفت کی ھے وہ حسب عادت کی ھے ۔ مجھے یقین ھے کہ اگر ھم مسجد بھی تعمیر کریں تو یہ اس سے اتفاق نہیں کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ ھمیشہ میرا نام اپنی تقریر میں لیتے ھیں اس پر مجھےبڑا ھی اعتراض ھے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

رانا پھول محمد خاں ۔ میں اس لیے ان کا نام لیتا ھوں کہ مجھے ملک صاحب سے بہت پیار ھے ۔ وہ میرے بھائی ھیں ۔

میں سمجھتا ھوں کہ حکومت نے اس قانون کو نافذ کرکے بہت اچھا کارنامہ کیا ھے ۔ وہ اپنے آپ پر اعتماد کرتے ھیں اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تکلیف برداشت کرنے کی ھمت رکھتے ھیں ھم ھر

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

اس چیز کو جو ہندوستان سے حاصل ہوتی ہے جس سے ہندوستان کو فائدہ پہنچتا ہو کلی طور پر بند کرنا چاہتے ہیں ۔ اس لیے مجھے اس بل کی ممانعت سے اتفاق نہیں ۔ بلکہ میں اس قانون کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ اس پورے ہاؤس کو اس قانون کے ساتھ اتفاق ہے ۔ (تالیاں)

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ ـــ م) ۔ جناب والا ۔حاجی صاحب کے حکم کے مطابق ان تک اپنی بات پہنچانے کے لیے میں اردو میں تقریر کروں گا ۔ (تالیاں)

جناب والا ۔ آپوزیشن کی طرف سے جتنی تقریریں کی گئی ہیں اگر ان کا تجزیہ کیا جائے ۔ اور ان میں سے لچھے داری کو نکال دیا جائے تو ان میں چار نکات پیش کئے گئے ہیں ۔ میں ان کا درجہ بدرجہ جواب عرض کرتا ہوں ۔

پہلی بات جو حمزہ صاحب نے کی ہے یہ ہے کہ جب اور چیزیں باہر سے منگوائی جاتی ہیں تو کیوں نہ ہیڑی کے پتے بھی منگوائے جائیں ۔ اگر حمزہ صاحب اس آرڈیننس کو غور سے پڑھیں تو اس میں کہیں بھی یہ نہیں ہے کہ ہیڑی کے پتے باہر سے نہ منگوائے جائیں ۔ اس میں صرف یہ کہا گیا ہے کہ ٹنڈو نام کے پتے جو صرف ہندوستان میں ہوتے ہیں (دوسرے ممالک میں ان کا نام کچھ اور ہوگا) نہ منگوائے جائیں اس پر حکومت کو کوئی اعتراض نہیں کہ دوسرے ممالک سے وہ پتے منگوا لیے جائیں جو ہیڑی کے کام آئیں ۔

دوسرا اعتراض اس پر یہ کیا گیا ہے کہ بہت سے لوگ جو اس پتے سے بیڑی بنانے کا کام کرتے ہیں ان کا روزگار بند ہو جائے گا اور بے روز گاری بڑھ جائے گی ۔ اگر اس آرڈیننس کو پھر غور سے دیکھا جائے تو آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ سیکشن ۳ یہ کہتا ہے کہ بیڑی صرف border belt میں نہ بنائی جائے تاکہ وہاں سمگلنگ کا کاروبار بند ہو جائے ۔ ویسے بیڑی کے بنانے پر اس آرڈیننس میں کوئی اعتراض نہیں بیڑی بنانے کی اجازت ہے ۔ اگر کوئی تکلیف پہنچے گی تو صرف انہیں جو بارڈر بیلٹ کے اندر ہیں ۔ یہ اقدام اس لیے بھی ضروری ہے کہ اگر وہ لوگ وہاں رہیں گے تو سمگلنگ بھی ضرور ہوتی رہے گی ۔ تیسری بات جو حمزہ صاحب نے فرمائی ہے یہ ہے کہ بنگال کا پتا معیار پر پورا نہیں اترتا ۔ تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر بنگال کا پتا ہندوستان کے پتے کا نعم البدل نہیں ہے تو پھر ہم کو چاہئے کہ یہ سمگلنگ جاری رکھیں تاکہ یہ انڈسٹری بند نہ ہو اسی طرح چلتی رہے ۔ اختر صاحب نے کچھ قانونی اعتراضات کئے تھے جن کا جواب ادریس صاحب نے بڑی اچھی طرح سے دے دیا ہے ۔

ان سب باتوں کو دیکھتے ہوئے مجھے یہ کہنا پڑا ہے کہ اس آرڈیننس کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ وہ بیڑی جو ٹنڈو کے پتے سے بنتی ہے جو ہندوستان سے درآمد ہوتا ہے ۔ اسے بند کیا جائے ۔ میرے خیال میں کوئی صاحب الرائے شخص اس کی مخالفت نہیں کرے گا یہ قانون ایک دشمن ملک سے اس پتا کی سمگلنگ کو بند کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ۔ اس کی اہمیت کو جاننا چاہئیے ۔

مسٹر حمزہ۔ کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ آپ آئندہ اس سوال کا جواب دیں اور یہ بتائیں کہ اس compassionate ground کا کیا مطلب ہے اور یہ چھ مہینے کے بعد compassionate ground کیوں پیدا ہوئی۔

وزیر زراعت۔میں عرض کرتا ہوں کہ پچھلی دفعہ بھی شاید حمزہ صاحب نے یہ سوال کیا تھا تو میں نے عرض کیا تھا کہ میں فائل دیکھکر عرض کروں گا۔ میں نے فائل دیکھی تو اس میں یہی compassionate ground لکھی ہوئی ہے اور compassionate ground کی تشریح کرنیکی ضرورت نہیں ہے شاید رحم دلی کا ثبوت دیا گیا ہو بہرحال جو صورت بھی ہو فائل یہی بتاتی ہے کہ اسکو چھ مہینے کے بعد پھر سے نوکر رکھ لیا گیا۔ اسکے متعلق دو رائیں ہو سکتی ہیں۔ حمزہ صاحب سمجھیں گے کہ compassionate ground پر نہیں لیا گیا یہ درست نہیں ہے کہ اسے چھ مہینے کے لیے compassionate ground پر re-employ کر لیا ہے۔

Malik Muhammad Akhtar : Does 'compassionate grounds' mean 'political grounds' ?

وزیر زراعت ــ عبداللہ خانصاحب کے ساتھ تو آپ پولیٹیکل گراؤنڈ بنا رہے ہیں ہم تو کچھ ایسی بات نہیں کرتے ہیں۔

RELIEVING SH. MUHAMMAD ABDULLAH, SENIOR ENGLISH TEACHER GOVERNMENT HIGH SCHOOL, TALWANDI MUSA KHAN, DISTRICT GUJRANWALA OF HIS DUTIES.

*3383. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Sh. Muhammad Abdullah, a Senior English Teacher of Government High School, Talwandi Musa Khan, District Gujranwala was relieved of his duties in April 1966, under the orders of the Inspector of Schools, Lahore Division;

(*b*) whether it is a fact that the said orders were issued without issuing any show cause notice to the said teacher ;

(*c*) whether it is a fact that the said Inspector of Schools was not competent to issue the said orders ;

(*d*) whether it is a fact that the service record of the said teacher has been blotless throughout his service and he received excellent reports from his superiors from 1961 to-date ;

(*e*) whether it is a fact that on appeal by the said teacher, the Education Department in its letter No. SOSI/ESTT/19/175-62, dated 3rd June 1966, to the Director of Education Lahore Region, directed the retention of the said teacher in service till his attaining the age of superannuation ;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for the issuance of the orders mentioned in (*a*) above ; (*ii*) whether it is a fact that the orders mentioned in (*e*) above have not so far been complied with ; if so, reasons therefor and the time by which the said orders will be complied with ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. No show-cause notice was necessary as his term of re-employment expired on 7-11-1965 and no further extension was allowed by the competent authority *i.e.*, Director of Education, Lahore Region.

(*c*) The Inspector of Schools, Lahore Division, did not issue any orders

but communicated the orders and instructions issued by the D. E. Lahore Region

(*d*) No. The service record of Mr. Mohammad Abdullah was blemished throughout from 1947-58. However, he earned satisfactory reports after his re-employment on 8-5-1961.

(*e*) No. He was re-employed on year to year basis.

(*f*) (*i*) The appeal of the teacher concerned for extension in re-employment after 7-11-65 was rejected by the Director of Education, Lahore Region, and hence the Inspector of Schools was instructed to relieve him. Pending a decision on his representation the teacher went on attending the school at his own risk. He was relieved on 4-4-66.

(*ii*) The Director of Education, Lahore Region, allowed him extension in his re-employment from 8-11-1965 to 4-4-1966 as a special case.

REVISION OF PAY SCALE OF PRIMARY TEACHERS IN FORMER SIND.

*3564. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that at the time of the latest revision of Pay scales of Government Servants in the Province, the Pay scale of untrained Primary teachers in formers Sind were not revised ; if so, reasons therefor;

(*b*) whether it is a fact that according to the existing rules the untrained Primary Teachers as have either completed 15 years of service or have reached above the age of 40 years are to be given J. V. Selection Grade ;

(*c*) whether it is a fact that a number of teachers out of those mentioned in (*b*) above are entitled to J. V. Selection Grade but they have not been given the said grade ; if so, reasons therefor and whether Government intend to (*i*) allow such teachers the said grade and (*ii*) revise their pay scales ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No. (*b*) No.

(*c*) No. These teachers are not entitled to J. V. scale and Selection Grade as they do not possess the qualifications prescribed for appointment as a J. V. teacher.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : What are the qualifications for the appointment of J. V. teachers throughout West Pakistan ?

Parliamentary Secretary : This is a qualification meant for school teachers. Sir, J. V. itself is the name of a qualification which is required for the appointment of teachers.

Babu Muhammad Rafiq : What is that qualification ?

Parliamentary Secretary : That is Junior Vernacular. This is done mainly after Matriculation.

Mr. Speaker : The Member wants to know the qualifications about the selection grade.

Parliamentary Secretary : The J. V. teachers who are Matriculates have got a separate scale and there is a selection grade for the 15% teachers out of these J. V. teachers in each district. But the persons about which the member has made certain inquiries, they are untrained teachers who are neither Matriculates nor J. V.

ٹیچرز ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے عملے کا لنڈی کوتل ہائی سکول کے ہوسٹل پر قبضہ

*۳۶۰۵ - حاجی گلاب خان شنواری ــ کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ ــ

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ہائی سکول لنڈی کوتل کی عمارت میں ٹیچرز ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بھی قائم ہے ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ انسٹی ٹیوٹ کے عملے نے مذکورہ سکول کی عمارت کے نصف حصے اس کے ہوسٹل اور کچھ کوارٹروں پر قبضہ جمالیا ہے ۔

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ سکول کا ہوسٹل اور کوارٹر طلبا اور اساتذہ کے استعمال کے لئے بنائے گئے ہیں ۔

(د) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ہوسٹل اور کوارٹروں پر قبضہ ہو جانیکی وجہ سے متذکرہ سکول کے طلبا کو اور اساتذہ کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔

(ہ) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ سکول کے پرائمری سیکشن میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کیونکہ انہیں محفوظ جگہ کے بغیر کھلے میدان میں بیٹھنا پڑتا ہے ۔

(و) اگر جزہائے (الف) تا (ہ) بالا کے جواب اثبات میں ہوں تو آیا حکومت متذکرہ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کو کسی دوسری عمارت میں منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ اگر رکھتی ہو تو کب تک اور اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان)۔(الف) جی ہاں

(ب) جی ہاں

(ج) جی ہاں

(د) جی ہاں

(ہ) جی ہاں

(و) جب مستقبل قریب میں اس کی مخصوص عمارت جمرود کے مقام پر بن چکے گی تو مذکورہ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کو وہاں منتقل کر دیا جائیگا ۔

حاجی گلاب خان شنواری ۔ (د) اور (ہ) کے جواب میں آپ نے فرمایا ہے ''جی ہاں''۔ جب آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ سٹاف اور طلبا کو تکلیف ہے تو اب تک اس تکلیف کو رفع کرنے کیلئے حکومت نے کیا اقدام کئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری۔جناب والا۔ یہ سکول بنیادی طور پر ہوم ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں آتا ہے اور ہوم ڈیپارٹمنٹ نے دولاکھ ۶۵ ہزار

روپیہ اس کی تعمیر کیلئے منظور کیا ہے جو ۱۹۶۷-۶۸ء میں مہیا کیاجائیگا اور جہاں تک محکمہ تعلیم کا تعلق ہے اور اسکے supervise کرنے کا سوال ہے تو اس پر تو actual کنٹرول ہوم ڈیپارٹمنٹ کا ہے ۔

SCHOOL TEACHERS POSTED IN DE-EXCLUDED AREA OF DISTRICT DERA GHAZI KHAN

*3616. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that school teachers posted in de-excluded area of District Dera Ghazi Khan are not treated at par with the teachers posted at other areas of the Province in the matter of pay and pensions ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to grant same pay and pension to the teachers posted in the said area of Dera Ghazi Khan District, as are admissible to teachers in other areas; if so, when, if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) So far as the pay-scales are concerned, they are at par with the teachers of Government Schools. As the teachers are being governed by the Provident Fund Rules, the question of giving them pension does not arise.

(*b*) Does not arise.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ــ یہ لوگ Provident Fund رولز سے govern کئے جا رہے ہیں پنشن رولز سے کیوں govern نہیں کئے جاتے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ جہاں تک تنخواہوں کا تعلق ہے ان کو وہی تنخواہیں مل رہی ہیں جو باقی صوبے میں ہیں لیکن جہاں تک پنشن رولز کا تعلق ہے کیونکہ یہ سکول ڈپٹی کمشنر کی معرفت کنٹرول کئے جا رہے ہیں ان سکولوں کی وہی پوزیشن ہے جو سابقہ ڈسٹرکٹ کونسل کی تحویل میں سکولوں کی ہوا کرتی تھی ۔ لہذا انکو Provident Fund دیا جا رہا ہے ۔ پنشن کی سہولتیں دئے جانے کا مسئلہ زیر غور ہے اور عنقریب اسکا فیصلہ کر دیا جائیگا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ ہم توقع رکھیں کہ مشکل حالات کے پیش نظر یہ ترمیم ہو جائیگی ؟

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش)۔ ضرور توقع رکھیں اس معاملہ پر غور ہو رہا ہے اور ڈپٹی کمشنر سے کہا گیا ہے کہ جلد اپنی تجاویز حکومت کو بھیجیں ۔

ESTABLISHMENT OF TECHNICAL HIGH SCHOOL, BAHAWALPUR

*3617. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Technical High School, Bahawalpur was established under Colombo Plan in the year 1964 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the qualifications of the Headmaster working at present in the said school;

(*c*) whether the Metal and Wood Shop in the said school is working properly for the last one year; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No. The School was established in 1954 by the former Bahawalpur State ;

(*b*) The qualification of the present Headmaster Mr. Ghulam Qadir Khan is B. A. (Hons), B. T. ;

(*c*) Yes.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ اس ٹیکنیکل ہائی سکول کے جو ہیڈ ماسٹر صاحب ہیں انکے پاس ٹیکنیکل ایجوکیشن کی کوئی خصوصی ڈگری ہے یا نہیں ؟

Parliamentary Secretary: Bahawalpur High School is a technical type of school which, for all intents and purposes, imparts general eduction but with a technical bias. All such Headmasters who have progressive ideas can run this school efficiently. As far as the teaching of technical subjects, i.e., wood work, metal work and electricity, is concerned, duly qualified persons are appointed for that purpose. Since the very beginning

of 1954 all the Headmasters that had been appointed in this school, even by the Bahawalpur State, were B.A., B.T.S.

مسٹر حمزہ ــ جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ چونکہ ہیڈ ماسٹر صاحب کے اچھے خیالات ہیں وہ بہت progressive ہیں اسلئے یہی موزوں سمجھا گیا ہے کہ وہ ہمیشہ کیلئے سکول کے ہیڈ ماسٹر رہیں کیا میں یہ دریافت کرنے کی جسارت کر سکتا ہوں کہ آج سے ۱۲ سال پہلے ٹیکنیکل ٹریننگ دینے کیلئے اساتذہ کیلئے کوئی خاص ادارہ حکومت کے پاس موجود نہیں تھا چونکہ اس قسم کے ٹرینڈ افراد آپ کے پاس موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ آپ نے اس خصوصی کام کیلئے خصوصی ٹریننگ حاصل کئے ہوئے ہیڈ ماسٹر کو تعینات کیوں نہیں کیا ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ جہاں تک تیکنیکی مضامین کا تعلق ہے وہاں highly technical لوگ کلاسوں کے انچارج ہیں اور وہی پڑھا رہے ہیں ۔

This is a type of general school only for technical subjects education.

میجر محمد اسلم جان ــ کیا ان ٹیکنیکل سکولوں اور کالجوں کے لئے ضروری نہیں ہے کہ ان کے ہیڈ ماسٹر اور پرنسپل صاحبان تیکنیکی اعتبار سے تربیت یافتہ ہوں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ جو خالص تیکنیکی سکول ہیں ان میں پوزیشن ایسی ہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ تو آپ کا مطلب یہ ہے کہ خالص ٹیکنیکل نہیں اس میں ملاوٹ ہے ؟

Parliamentary Secretary : This is a sort of school for imparting general education.

CONSTRUCTION OF A NEW BUILDING FOR 9TH AND 10TH CLASSES AT GOVERNMENI HIGH SCHOOL BAGNOTAR, TEHSIL ABBOTTABAD

*3621. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that construction of a new building of 6 rooms for 9th and 10th classes at Government High School, Bagnotar, Tehsil Abbottabad was sanctioned in the Second Five Year Plan and necessary funds for the same were provided two years ago ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said building has been completed; if not, reasons therefor and the time required for its completion ;

(*c*) whether it is a fact that students of 9th and 10th classes of the said school have to sit in the open due to non-completion of the building of the said school, if so, whether Government intend to take action against the contractor or officials responsible for not completing the said building ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes, but the No. of rooms was 4 and not 6 ;

(*b*) Yes, the work has been completed on 30-9-1966;

(*c*) Does not arise.

---

*۳۶۳۹—حاجی سردار عطا محمد لنڈ—کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ —

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ تعلیمی ادارہ ہیں پی - ٹی - انسٹرکٹروں کے لئے سیلیکشن گریڈ کی منظوری دی گئی ہے۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ حیدرآباد ریجن میں صرف چند ایک پی - ٹی انسٹرکٹروں کو سیلیکشن گریڈ دیا گیا ہے۔

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ مذکورہ ریجن میں پی - ٹی آئی سیلیکشن گریڈ کی چند آسامیاں خالی پڑی ہیں - اگر ایسا ہے تو اس کی وجوہ کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) جی ہاں - (ب) جی ہاں -

(ج) جی ھاں ۔ تربیت جسمانی کے باقی ماندہ اساتذہ کو سیلیکشن گریڈ دینے کا سوال ڈائریکٹر ایجوکیشن حیدرآباد کے زیر غور ھے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ یہ کب سے زیر غور ھے ؟ اس پر کب سے غور ھو رھا ھے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جب سے ھو رھا ھے ۔ (قہقہہ)

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ پی ۔ ٹی ۔ آئیز کے لئے سیلیکشن گریڈ کی جو پوسٹیں تھیں وہ صرف ۱۵ فیصد تھیں لیکن بعد میں ان میں کچھ اضافہ ھوا تو ڈائریکٹر آف ایجوکیشن حیدرآباد نے ۸۸ متعلقہ دفاتر سے اطلاعات لیکر سینیارٹی لسٹ تیار کی اور ان کو اطلاع دی کہ وہ تقریباً ۲ ھفتوں کے اندر ان تمام باقیماندہ cases جنکا حال ھی میں اضافہ ھوا ھے فیصلہ کریں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ ان کو جب یہ گریڈ ملے گا تو کیا اسی دن سے ان کی تنخواہ بڑھے گی یا جب سے ان کا حق تھا یا بعد سے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جس تاریخ سے وہ متعلقہ آسامی پر تعینات ھونگے اس دن سے ان کو وہ گریڈ ملنا شروع ھوگا ۔

IRREGULARITY COMMITTED BY THE GOVERNING BODY OF M.A.O. COLLEGE, LAHORE

***3650. Mr. Hamza** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that M.A.O. College, Lahore is a recognised, affiliated and Government aided educational institution ;

(*b*) whether it is a fact that Government grant to the tune of rupees one lakh, for bifurcation, has been misappropriated by the Governing Body of the said College ;

(*c*) whether it is a fact that in the said College there is no (*i*) Librarian for the last four years (*ii*) Director of Physical Education for the last two years and (*iii*) lecturers in Biology after departure of Mr. Nuzrat Yar Khan ;

(*d*) whether it is a fact that the lecturer of Islamiat who is not qualified in Biology is taking Biology classes of the said College ;

(*e*) whether it is a fact that four lecturers of English, namely (*i*) Mr. G. Asghar, M.A. (*ii*) Mr. A.R. Khan, M.A. (*iii*) Mr. Masud Ullah Khan, M.A., and (*iv*) Mr. Zahoor-ud-Din, M.A. have been weeded out during the last five months in contravention of rules ;

(*f*) whether it is a fact that the annual increments of the teaching staff admissible under the rules have been stopped without assigning any reasons;

(*g*) whether it is a fact that the students of the said College are sent up for final examination of the Board and the University in contravention of the rules of the above mentioned bodies, which provide that no student can be sent up unless he has attended 66% of the lectures delivered ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) :

(*a*) Yes.

(*b*) The matter is under investigation.

(*c*) (i) Yes. Duties are being performed by the Assistant Librarian.

(ii) Yes. D.P.E. has since been appointed.

(iii) Yes.

(*d*) No.

(*e*) & (f) Yes. As far as the question of contravention of rules is concerned the matter is being looked into.

(*g*) No

مسٹر حمزہ ــ کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب مجھے بتائیں گے کہ ان بد عنوانیوں کا سلسلہ جنکی تحقیقات کا حوالہ دیا گیا ہے کب سے جاری ہے اور کب تک جاری رہے گا ؟

Parliamentary Secretary : Sir, the complaints against the M. A. O. College have been received in the Department and the Government has ordered an inquiry in the affairs of the College and for checking the accounts.

A Committee for this purpose has been appointed by the Government about which two three days back there was also a statement made by the Governor. The Committee is being headed by the Director of Education, Lahore, who will be assisted by a senior officer. The Committee is going to finalise its report very soon.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ جناب پارلیمنٹری سیکریٹری بڑے پڑھے لکھے اور تجربہ کار ہیں اور اب وہ محکمہ تعلیم کے پارلیمنٹری سیکریٹری ہیں لیکن بڑے افسوس کا مقام ہے کہ میرا سادہ مختصر سا سوال تھا کہ کب سے یہ تحقیقات جاری ہے اس کے متعلق آپ کوئی تاریخ بتا سکتے ہیں یا نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ ایک مہینے سے کمیٹی کا قیام عمل میں آیا ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ڈائریکٹر آف ایجوکیشن لاہور ریجن اس کے چیئرمین ہیں اور جو تحقیقات کا کام ہے امید ہے کہ وہ جلد ہی پایہ' تکمیل تک پہنچ جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب مجھے بتا سکتے ہیں کہ اس صورت حال کے متعلق آج سے ساڑھے چار ماہ قبل سوال کیا گیا تھا ۔ آپ کے محکمہ نے اعداد و شمار یا حقائق جو ایوان میں پیش کئے ہیں میں پوچھتا ہوں کہ پہلے ساڑھے تین ماہ آپ کا محکمہ اس پر اس سلسلے میں کیا کرتا رہا ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب ہو سکتا ہے کہ تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر حمزہ صاحب کے سوال پر ہی عمل میں آیا ہو ۔

خان محمد یوسف خان ۔ کیا مجھے جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب بتائیں گے کہ وہ جو کمیٹی مقرر کی گئی ہے اس کی terms of reference کیا ہیں ؟

Parliamentary Secretary : This is a fresh question Sir. I have stated that a Committee has been appointed to look into the affairs of the college and check its accounts (*interruptions*).

خان محمد یوسف خان ــ یہ کس طرح سے نیا سوال ہے ۔ خود آپ نے فرمایا ہے کہ تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی گئی ہے ۔ کیا وہ یہ نہیں بتا سکتے کہ وہ تحقیقاتی کمیٹی کیا ہے اور وہ کیا کام کرے گی ۔

Parliamentary Secretary : I have already told the Member that that is regarding the checking of accounts and looking into the affairs of the M. A. O. College.

میجر محمد اسلم جان ــ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ یہ جو کمیٹی بنائی گئی ہے کیا اس میں تمام سرکاری officials ہونگے یا پرائیویٹ آدمی بھی ۔ اگر پرائیویٹ آدمی ہوں تو ان کے کیا کیا نام ہیں اور ان کی qualifications کیا ہیں؟

Parliamentary Secretary : Sir, the Member probably does not know that this is a private college and for checking the accounts and looking into its affairs, Government Officers are the best.

Major Muhammad Aslam Jan : This is your own opinion. I did not ask for opinion ; I asked for the names of the Committee members.

Parliamentary Secretary : The Director of Education is the Chairman of this Committee and is assisted by a very senior-officer and most probably.....

Major Muhammad Aslam Jan : Who is that senior-officer ?

Parliamentary Secretary : That is a fresh question.

رانا پھول محمد خان ــ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری از راہ کرم فرمائیں گے کہ ان تمام کالجوں میں کون کون سے مضامین پڑھانے کا انتظام ہے اور جن کے لئے لیکچرار بھی ہوں ؟

مسٹر سپیکر ــ رانا صاحب اس کے متعلق آپ علیحدہ سوال دیجیئے ۔

مسٹر حمزہ ــ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری مجھے از راہ کرم بتائیں گے کہ اس سال کے بعد عرصہ چار سال سے وہاں کوئی لائبریرین نہیں تھا اب

وھاں لائیبریرین کا انتظام کر دیا ھے یا کروا دیا ھے ڈائریکٹر آف فیزیکل ایجوکیشن بھی نہیں تھا انہوں نے فرمایا کہ اس کی تعیناتی ۲ سال سے کروا دی ھے لیکن انہوں نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا ھے کہ بیالوجی کا لیکچرار وھاں ابھی تک موجود نہیں تو کیا میں آپ سے دریافت کرسکتا ھوں کہ میرے سوال کا جو اگلا حصہ ھے اس میں میں نے پوچھا تھا یہ ھے کہ کیا اسلامیات کے لیکچرار بیالوجی پڑھا رھے ھیں تو اس کے جواب میں یہ کہا گیا کہ نہیں لیکن آپ ساتھ ھی یہ فرماتے ھیں کہ بیالوجی کا لیکچرار وھاں موجود نہیں ھے اگر نہیں ھیں تو کون سے استاد بچوں کو بیالوجی کی تعلیم دیتے ھیں ؟

مسٹر سپیکر ــ حمزہ صاحب آپ کا سپلیمنٹری بہت لمبا ھوتا ھے یا چھوٹی سی تقریر ھوتی ھے آپ ذرا کوشش کیا کیجیئے کہ ضمنی سوال لمبا نہ ھو اور وہ مختصر ھو ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ھے کہ اتنی کاوش اور کوشش کے باوجود میں ان کو سمجھاتا اور پڑھاتا ھوں لیکن وہ نہیں سمجھ سکتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ــ جناب والا ۔ معلوم ھوتا ھے کہ حمزہ صاحب کو پڑھانے کا بڑا شوق ھے اگر انہیں بیالوجی کا لیکچرار مقرر کر دیں تو ٹھیک ھوگا ۔

Mr. Speaker : The Minister may please take his seat. Let the Parliamentary Secretary reply to the supplementary first put by Mr. Hamza.

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ وھاں نذیر احمد شاہ جو ایم ۔ ایس ۔ سی باٹونی کے ھیں اور جن کا ۱۰ سال کا پڑھانے کا تجربہ ھے وہ ان کلاسز کے

انچارج ھیں اور وھی کلاسز لے رھے ھیں ۔ اور جہاں تک اس کالج کا تعلق ھے وہ یونیورسٹی سے ملحق نہیں ہے Classes exist only in Botany

خان اجون خان جدون ۔ جناب یہ کمیٹی کے متعلق جو جواب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے دیا ھے وہ واضح نہیں ھے ۔ معلوم ھوتا ہے کہ صرف ڈائریکٹر تعلیمات کو ھدایت کی گئی ھے کہ وہ تحقیقات کرے ۔ اگر کمیٹی مقرر کی گئی ھے تو وہ ان کے نام بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ اس کمیٹی کو رپورٹ پیش کرنے کے لئے کون سی آخری تاریخ دی گئی ھے ؟

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ یہ کمیٹی تین آدمیوں پر مشتمل ھے ۔ ڈائریکٹر تعلیم ۔ ڈپٹی ڈائریکٹر تعلیم ۔ ڈپٹی سیکریٹری تعلیم ۔

خان محمد یوسف خان ۔ ان کی terms of reference کیا ھیں ؟

وزیر زراعت ۔ انکی terms of reference یہ ھیں کہ اس کالج کے تمام معاملات کی چھان بین کی جائے بالخصوص ان کے جو حسابات ھیں ان کے متعلق رپورٹ کریں کہ ان کی موجودہ حالت کیا ھے ۔

بابو محمد رفیق ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ یہاں اتنے زیادہ سپلیمنٹری سوالات پوچھے جاتے ھیں کہ اگلے جو سوالات ھیں وہ رہ جاتے ھیں ۔ پہلے آپ ایک حد تک سپلیمنٹری سوالات کی اجازت دیتے تھے ابھی بہت سے اھم سوالات ایجنڈے پر ھیں انتہائی زیادہ سپلیمنٹری سوالات پوچھے جانے کی وجہ سے باقی ضروری سوالات رہ جاتے ھیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بابو صاحب ۔ دنیا کی کسی پارلیمنٹ میں سپلیمنٹری

سوالات پر کوئی پابندی نہیں ہے ۔ اس ہاؤس میں آج تک کبھی سپلیمنٹری سوالات کی تعداد مقرر نہیں کی گئی نہ کی جا سکتی ہے ۔ اگر فاضل ممبران یہاں کوئی ضمنی سوال پوچھنا چاہیں تو یہ ان کا حق ہے ۔ ہو سکتا ہے وہ اسے اتنی ہی اہمیت دیتے ہوں جتنی آپ اپنے سوال کو دیتے ہیں ۔ اس لئے یہاں سپلیمنٹری سوالات کی تعداد پر پابندی عائد نہیں کی جا سکتی ۔

REOPENING OF INTERMEDIATE COLLEGE, PASRUR

*3658. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Tehsil Pasrur of District Sialkot, was the worst affected Tehsil during the September, 1965 War ;

(*b*) whether it is also a fact that the inhabitants of War affected areas of the said Tehsil are now living on Government Subsidy and they cannot afford to send their children to big cities for getting education ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether Government intend to re-open Intermadiate College, Pasrur, immediately ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes to some extent.

(*b*) Yes.

(*c*) Pasrur is one of the places from where demands for the opening of Government Intermediate Colleges, have been received, but it is not likely that a college will be opened there during the year 1966-67. However, the question of opening a new Government Inter College for boys at Pasrur, will be considered on merit during the Third Five Year Plan period subject to the availability of funds under the A.D.P.

چودھری محمد سرور خان۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب "To some extent" کی وضاحت فرمائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ (نشست پر بیٹھے بیٹھے) کسی حد تک (چودھری محمد سرور ضمنی سوال پوچھنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب ۔ ابھی آپ تشریف رکھیں ۔ جب تک اٹھ کر جواب نہیں دیا جائے گا وہ جواب نہیں سمجھا جائیگا ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ پسرور میں بھی ضرور ہوا تھا ۔ اور علاقوں میں بھی نقصان ہوا ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پرائنٹ آف آرڈر ۔ یہ جواب صحیح نہیں ہے ۔ اور علاقوں میں بھی نقصان ہوا ہے ۔ یہ اس سوال کا جواب نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order. The Member may please take his seat.

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب غور فرمائیں گے کہ میں نے پسرور میں انٹرمیڈیٹ کالج re-open کرنے کے متعلق دریافت کیا تھا مگر انہوں نے وہاں نیا کالج کھولنے کے متعلق فرمایا ہے حالانکہ نیا کالج کھولنے اور پرانے کو re-open کرنے کے اخراجات میں بے حد فرق ہے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ معزز رکن وہاں کے رہنے والے ہیں انہیں مجھ سے بہتر معلوم ہوگا ۔ کہ وہ کالج قیام پاکستان سے پہلے ہی ۱۹۴۵ء میں بند ہو چکا تھا اور اسے ساہی وال تبدیل کر دیا گیا تھا ۔ جہاں تک اسے re-open کرنے کا تعلق ہے ۔

Presently there is no question of reopening of this College which was closed in 1945 prior to the coming into existence of this State.

جہاں تک اس کے re-open کا تعلق ہے ۔

I have said that this question would be considered on merits in the Third Five Year Plan subject to the availability of funds.

چودھری محمد سرور خان ــ میں نے جو بات پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کی خدمت میں عرض کی تھی وہ پھر بھی ان کے ذھن نشین نہیں ہو سکی ۔ اگرچہ ۱۹۶۵ء میں وہ کالج تبدیل بھی کر دیا گیا تھا پھر بھی اس کی بلڈنگ گراؤنڈ اور دیگر میٹریل وھاں موجود ھے ۔ جواب دیتے وقت اس بات کو پیش نظر نہیں رکھا گیا انھوں نے نیا کالج کھولنے کو پیش نظر رکھا ھے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ جناب والا ۔ اس کالج کی بلڈنگ میں اس وقت وھاں ایک نارمل سکول ھے ۔ اب وھاں اس کالج کو جو ۱۹۶۵ء میں بند ھو چکا ھے دوبارہ کھولنے کا سوال نہیں بلکہ نئے کالج کے قیام ھی کا سوال ھے ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں اس پر یقیناً غور کیا جائیگا اور اس لحاظ سے اسے ترجیح دی جائے گی کہ وہ جنگ سے متاثرہ علاقہ ھے ۔

چودھری محمد سرور خان ــ میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاھتا ھوں کہ جس افسر نے انہیں یہ اطلاع دی ہے کہ اس کالج کی بلڈنگ میں نارمل سکول کام کر رھا ھے ۔ اس نے بالکل غلط اطلاع دی ھے ۔

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary should please check it up.

UPGRADATION OF MIDDLE SCHOOL IN HATHONGO, DISTRICT SANGHAR

***3696. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the inhabitants of Hathongo, Taluka Khipro, District Sanghar, have been demanding since long the upgradation of the Middle School functioning there to the status of a High School ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether Government intend to upgrade the said Middle School to a High School in the next academic year ; if not, reasons, therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes ;

(*b*) No, as the present enrolment in 8th Class of the one Middle School in the town is very low to merit its upgradation.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف ارڈر ۔ جو پہلے سوال کیا گیا وہ سرور صاحب کی طرف سے تھا کہ جب وہاں نارمل سکول نہیں چل رہا ہے جیسے پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے اور آپ نے انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ چیک کر لیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ اس افسر کے خلاف جس نے انہیں یہ غلط اطلاع دی ہے کیا ایکشن لینا چاہتے ہیں ؟

Mr. Speaker : This is not a point of order.

REVISION OF PAY SCALES OF TEACHERS IN HYDERABAD REGION

*3697. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that pay scales of school teachers in Hyderabad Region have been revised twice since Integration ;

(*b*) whether it is a fact that neither the pay scale of senior under graduate teachers of the said Region have been revised nor any selection grade has been given to them although some of the said teachers have 25 to 33 years service to their credit ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The case for revision of the pay-scales of the above category of teachers was taken up with Finance Department who have rejected it on the ground that they do not possess the necessary qualification.

PUBLISHING GRADATION LIST OF LECTURERS IN W.P.E.S. CLASS II

*3728. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the date on which the gradation list of lecturers in W.P.E.S. Class II was last published ;

(*b*) in case there has been any delay in its publication, reasons therefor and the time by which it is likely to be published ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Consolidated Gradation List of Lectures in W.P.E.S. Class-II has not been published. The cadre of lecturers in W.P.E.S. Class-II being regional, the Regional Directorates of Education published Gradation Lists for their own use, position in respect of which is as under :—

Quetta : Directorate is contemplating publication of its regional Gradation List.

Hyderabad : Gradation List has not been published.

Rawalpindi : Gradation List has not been published.

Lahore : Gradation List was published in 1965.

Karachi : Gradation List has not been published.

Peshawar : The Gradation List was published on 1. 1. 1958.

(*b*) Gradation Lists are meant for official use only. It is not an absolute requirement to publish such a list ; hence it cannot be said that there has been any delay. However, the Govt. is considering the advisibility of publishing such a list for the entire province in the near future.

مسٹر حمزہ— جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ یہ پابندی نہیں ہے کہ حکومت لازماً gradation لسٹ شائع کرے۔ میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ پابندی نہیں ہے تو اس gradation

لسٹ کو شائع کرنے کی ضرورت کیا ہوتی ہے ؟ آخر اسے کیوں شائع کیا جائے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جیسا کہ میں نے سوال کے جواب میں عرض کیا ہے یہ صرف آفیشل ریکارڈ کے لئے ہے ۔

مسٹر حمزہ۔ محض ریکارڈ میں رکھنے کا کیا مقصد ہے ؟ کیا اس سے وہ تمام لیکچرار صاحبان جو باقاعدہ حکومت کی ملازمت میں ہیں ان کو یہ پتہ نہیں چلتا کہ محکمہ کے اندر ان کی سینیارٹی کیا ہے ۔ کیا یہ انتہائی اہم دستاویز نہیں ہے ؟

وزیر زراعت (ملک خدا بخش)۔ یقیناً یہ اہم دستاویز ہے ۔ اس سے سرکاری ملازموں کو اپنے اپنے کوائف کا پوری طرح سے اندازہ رہتا ہے ۔ میں اس سلسلہ میں یہ عرض کروں گا کہ اس محکمہ میں ان کی سینیارٹی کے معاملات میں integration کی وجہ سے کچھ الجھاؤ پیدا ہوگئے تھے ۔ اگر اس وقت یہ gradation لسٹ شائع کردی جاتی تو ان کو اور زیادہ تشویش ہوتی ۔ اب بہت سے کیس طے ہوچکے ہیں ۔ جہاں تک میری اطلاع ہے وہ confusion اب ختم ہو چکا ہے ۔ راولپنڈی ، لاہور ، اور پشاور وغیرہ میں ان لسٹوں کی تکمیل ہو چکی ہے ۔

The confirmation of the remaining two regions - Quetta and Hyderabad are being taken up now.

After the finalisation of all the confirmations the case of determining the seniority of the lecturers will be taken up and then the gradation list will be published.

اس کا مقصد یہ ہے کہ gradation list سے صحیح حالات و کوائف معلوم ہوسکیں کہیں کہیں کچھ پیچیدگیاں پیدا ہو گئی تھیں۔ محکمہ کوشش کررہا ہے کہ یہ اہم دستاویز کو جلد از جلد مرتب کر دیا جائے۔

CONFIRMATION OF LECTURERS IN W.P.E.S. CLASS II

*3729. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the names of lectures in W.P.E.S. Class II whose appointments against permanent vacancies have been approved by the West Pakistan Public Service Commission but they have not so far been confirmed?

(*b*) dates on which their appointments were approved by the Commission ;

(*c*) reasons for which they have not been confirmed ;

(*d*) the time by which they are likely to be confirmed?

Parliamentary Secretary (Sardar) Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) & (b):- The requisite information has been mentioned in the list attached*.

(*c*) It has not been possible to finalise these cases for lack of connected particulars/documents.

(*d*) In a month or two.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ آپ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ایک ماہ کے اندر ان لوگوں کو مستقل کر دیں گے ۔ خدا کرے کہ آپ اپنا وعدہ وفا کر سکیں۔ کیا آپ بتا سکیں گے کہ وہ اساتذہ جن کو پبلک سروس کمیشن نے ۱۹۶۱ یا ۱۹۶۲ میں منتخب کیا تھا اور بعض ایسے بھی ہیں جن کو ۱۹۵۳ میں منتخب کیا تھا ان کو اتنا لمبا عرصہ گزر جانے کے باوجود

*Please see Appendix III at the end.

آپ کے محکمہ نے مستقل نہیں کیا ۔ کیا آپ یہ توقع کر سکتے ہیں کہ وہ یکسوئی یا اطمینان سے اپنے فرائض سر انجام دے سکتے ہیں ؟

Mr. Speaker: That is an expression of opinion.

مسٹر حمزہ — کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ جو تاخیر ہوئی ہے اسکی وجوہات کیا ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری— جناب والا ۔ جیسا کہ سوال کے جواب میں عرض کیا ہے کہ کچھ کاغذات یا کوائف وغیرہ نہیں پہنچے اس وجہ سے تاخیر ہوئی ہے ۔ اب اس معاملہ کے متعلق حکومت پوری توجہ دے رہی ہے ۔

جہاں تک حیدرآباد ریجن کا تعلق ہے وہاں سے by special massenger کاغذات پہنچ رہے ہیں ۔ اور جہاں تک کوئٹہ ریجن کا تعلق ہے وہاں کام بڑے زور شور سے شروع ہے ۔ ۳۵۰۰ میں ۱۰۳ کیسسز ایسے ہیں جو بقایا ہیں میں نے عرض کیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ دو ماہ کے اندر ان کا آخری فیصلہ ہو جائیگا ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی— جناب والا—special massenger سے کیا مراد ہے؟

Parliamentary Secretary: That means special massenger Sir.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ — کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کو پتہ ہے کہ فقط ۱۰۳ کیسسز زیر غور ہیں؟

گورنمنٹ کالج منٹگمری میں سٹوڈنٹ سوسائٹی کا قیام

*۳۷۵۲۔ مسٹر نذیر احمد۔ کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ : ۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ۹ یا ۱۰ اپریل ۱۹۶۶ء کو گورنمنٹ کالج منٹگمری کے اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ نے اعلان کیا تھا کہ ضرورت مند طلبا کی امداد کرنے کے لئے سٹوڈنٹ سوسائیٹی جلد ہی بنائی جائے گی ۔

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس ضمن میں کیا اقدامات کئے گئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ (الف) جی ہاں۔ میاں محمد یاسین خان نے اولڈ بوائز ایسوسی ایشن گورنمنٹ کالج منٹگمری کے سالانہ اجلاس میں بحیثیت رکن اولڈ بوائز ایسوسی ایشن شرکت کی تھی ۔ اور انہوں نے ایسوسی ایشن کے ویلفیر فنڈ میں ایک سو روپیہ کا عطیہ دیا تھا ۔

(ب) اولڈ بوائز ایسوسی ایشن گورنمنٹ کالج منٹگمری نے کالج کے غریب اور ضرورتمند طلبا کی امداد کیلئے ویلفیر فنڈ قائم کیا ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا جناب

پارلیمنٹری سیکریٹری کو یہ پتہ ہے کہ منٹگمری کا نام ساھیوال تبدیل ہو چکا ہے ؟ یہ منٹگمری ھی کی رٹ لگا رھے ھیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب بتائیں گے کہ old boys association ساھیوال کب قائم کی گئی ہے ؟

Parliamentary Secretary : Sir, I will request the Minister of Basic Democracies and Local Government to answer this question.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ مجھے بھی صحیح پتہ نہیں ہے لیکن چھ سات سال کا عرصہ ہو چکا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ association کے پاس کتنے فنڈز ہے؟

Parliamentary Secretary : This is a fresh question. I require a notice for that.

خان محمد یوسف خان ۔ کیا old boys association پرائیویٹ ہے یا گورنمنٹ کی patronage میں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ پرائیویٹ ہے جیسے دوسرے اضلاع میں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف کس جگہ کی نمائیندگی کرتے ھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں ساھیوال کی نمائیندگی کرتا ھوں ۔

چودھری محمد نواز ــ کیا وزیر بلدیات فرمائیں گے کہ وہ اس old boys association کے صدر ہیں یا ممبر ہیں؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ــ اب میں اس کا ممبر ہوں پہلے میں اس کا صدر بھی رہا ہوں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ــ کیا وزیر بلدیات فرمائیں گے کہ آپ نے ۱۰۰ روپے کی رقم دینے کے بعد کوئی اور رقم دی ہے ؟

Mr. Speaker : Next question please.

GRANT OF SELECTION GRADE TO ARABIC TEACHERS IN HYDERABAD REGION.

*3829. **Mr. Mazhar Hussain Ghaloo**: Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Director of Education, Hyderabad Region, Hyderabad, had recommended grant of selection grade to sixty Arabic Teachers in Hyderabad Region,—*vide* his letter, dated 7th July, 1966;

(*b*) whether it is also a fact that the said teachers have not been granted selection grade so far ; if so, the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The matter is under consideration of Government.

POSSESSION OF AGRICULTURAL LANDS LEASED OUT THROUGH AUCTION BY AUQAF DEPARTMENT, RAHIM YAR KHAN.

*3895. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Auqaf be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the possession of agricultural lands leased out through auction by the Auqaf Department, Rahimyar Khan, is not given to the lessees on the spot ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, details of such lots of land the possession of which was not given to lessees during 1965-66 ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, details of such land the possession of which was given to the lessees during the year 1965-66?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No. It is not a fact.

(*b*) Does not arise.

(*c*) A statement showing area of agricultural land leased out and possession of which was taken during 1965-66 is placed on the Table of the House.*

KARDARS WORKING UNDER AUQAF DEPARTMENT IN RAHIMYAR KHAN DISTRICT.

*3896. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Auqaf be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Manager of the Auqaf properties, Rahimyar Khan gets the lots of the agricultural lands prepared by the Kardars and then puts those lots to auction ; if so, the number of such Kardars alongwith the names and number of villages under the control of each Kardar ;

(*b*) whether it is a fact that each of the said Kardars has to supervise a vast area which is difficult to control ;

(*c*) whether it is a fact that the major portion of the waqaf properties attached to Chachran Sharif Shrine, District Rahimyar Khan is situated in riverain area and the demarcation of the said property becomes necessary every year after the flood season is over ;

(*d*) whether it is a fact that due to the vastness of the said area and small number of staff the damarcation cannot be done of whole the area ;

---

*Please see Appendix IV at the end.

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether the Auqaf Department intends to appoint more staff for the purpose ; if so, when and if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

A statement showing the names of Kardars and the number of villages under them is placed on the Table of the House.*

(*b*) No, as each Kardars controls no more than three to four thousand acres of land which is not much.

(*c*) Yes.

(*d*) No. It is not a fact.

(*e*) Question does not arise as no difficulty has been experienced in demarcation the area in small lots.

خواجه جمال محمد کوریجه ــ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ ایک کاردار کے لئے تین ہزار ایکڑ رقبہ رکھا گیا ہے ۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ وہ ان میں پورا انتظام کر سکتا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ــ جناب‌والا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ وہ انتظام کر سکتے ہیں اور کر رہے ہیں ۔ کئی گاؤں کے لئے محکمہ مال کا ایک پٹواری لگا ہوتا ہے اس کے پاس کئی ہزار ایکڑ رقبہ ہوتا ہے اور وہ اس کا انتظام کرتا ہے ۔

خواجه جمال محمد کوریجه ــ جناب والا ۔ اس پر وہ پورا قابو نہیں پا سکتے وہاں تپے دار کی بجائے دوسرے لوگ قابض ہیں لیکن انہوں نے اسکا انتظام کیوں نہیں کیا ؟

Mr. Speaker : Next supplementary if any.

---

*Please see Appendix V at the the end.

COMMON KHATAS OF THE AGRICULTURAL LANDS OF CHACHRAN SHARIF SHRINE AND SAJJADA NASHINS, CHACHRAN SHARIF.

*3897. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Auqaf be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Khatas of the agricultural lands of Chachran Sharif Shrine in District Rahimyar Khan which are given on lease by auction by the Auqaf Department are common with the Khatas reserved Sajjada Nashin of Chachran Sharif with the result that the lessees have to bear much financial loss as the nature of the riverain areas varies year to year and the staff of the Sajjada Nashin, Chachran Sharif takes possession of comparatively good land ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons for which the said khatas are not separated ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The total land measuring 15,746 acres attached to the shrine of Hazarat Khawaja Ghulam Farid Sahib was taken over by the Auqaf Department. In this land, there are 770 Joint Khatas belonging to various owners, the *Ex*-Sajjada Nashin, and the Auqaf Department. The Department leases out its share and lessees, *ex*-Sajjada Nashin and other share-holders jointly cultivate the land and ultimately divide the produce among themselves according to their respective shares. The question of the Sajjada Nashin getting comparatively better land can only arise if the Khatas are divided.

(*b*) A patwari was appointed about a year ago for the division of these khatas. He has so far been able to divide only about of 22 khatas. Steps have now been taken to partition the joint khatas through the Revenue Authorities, Rahimyar Khan. It is hoped that the division of khatas will be completed within the next six months, or so.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ کیا جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب یہ بتلا سکیں گے کہ باقی جو کھاتہ جات ہیں وہ کتنے عرصہ میں تقسیم ہو جائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ اس سوال کا جواب تو میں نے عرض کر دیا ہے کہ یہ آئندہ چھ ماہ کے اندر اندر تقسیم ہو جائیں گے ۔

INCOME DERIVED FROM PROPERTIES OF SAJJADAH NASHIN, CHACHRAN SHARIF.

***3898. Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Minister of Auqaf be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the properties of Sajjadah Nashin, Chachran Sharif, District Rahimyar Khan have been taken over by the Auqaf Department ;

(*b*) whether it is a fact that the income of the said property was being utilized for holding Urses of Kh. Qutab-ud-Din, Kh. Moeen-ud-Din and Kh. Faiz Ahmad ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether it is a fact that neither the Urs ceremonies of the said persons is performed by the Auqaf Department nor any amount is spent on the occasion of their Urses by it ; if so , reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) The income is being utilized for the maintenance of the shrines of Hazarat Khawaja Ghulam Farid, Sahib Khawaja Qutab-ud-Din Sahib, Khawaja Mueen-ud-Din Sahib, Khawaja Faiz Ahmad Sahib, and Khawaja Khuda Bakhsh Sahib.

(*c*) It is not correct to say that Urs ceremony of the saints is not performed and no amount spent thereon. In 1965-66 Rs. 750 were provided for

Urses of these saints. Rs. 1250/- have been provided for the annual Urs of the saints question in the Budget for 1966-67 as detailed below :—

			Rs.
(1) Khawaja Qutab-ud-Din Sahib	...	...	700
(2) Khawaja Mueen-ud-Din Sahib	...	...	400
(3) Khawaja Faiz Ahmad Sahib	...	...	150
Total ...	...	...	1,250

خان محمد یوسف خان۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتلا سکیں گے کہ عرس سے آمدنی کتنی ہوئی ہے ؟

Parliamentary Secretary (Auqaf) : That is a fresh question. If the member so desires, the required information will be collected and supplied to him.

Mr. Speaker : The member should give a fresh notice for that.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ خواجہ قطب الدین صاحب کے عرس پر سات سو روپے ، خواجہ معین الدین صاحب کے عرس پر چار سو روپے اور خواجہ فیض احمد صاحب کے عرس پر ڈیڑھ سو روپے خرچ کئے گئے ہیں ۔ تو کیا وہ اس بات کی وضاحت کر سکیں گے کہ جہاں لاکھوں آدمی عرس میں شرکت کرتے ہوں اور ہزاروں آدمیوں کے لئے طعام پکایا جاتا ہے کیا اس قدر قلیل رقوم اس مقصد کے لئے کافی ہیں ۔ کیا یہ زیادتی نہیں ہے کہ جہاں زمین سے دو لاکھ چون ہزار روپے کی آمدنی ہوتی ہے وہاں ان ہی مزاروں پر آپ کل ساڑھے بارہ سو روپے خرچ کریں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جہاں تک ان کے اس سوال کا تعلق ہے ہو سکتا ہے کہ وہ درست کہتے ہوں ۔ لیکن جیسا کہ میں نے عرض

کیا ہے محکمہ اوقاف نے سابقہ سال جب کہ خواجہ قطب‌الدین صاحب کے عرس کے لئے چار سو روپے مختص کئے تھے سال رواں میں یہ رقم پانچ سو کر دی تھی اور اسی طرح سب ہی درگاہوں کے اخراجات میں اضافہ کر دیا گیا ہے ۔ جیسا کہ معزز رکن فرما رہے ہیں اگر یہ رقم کم ہے تو محکمہ اوقاف کو اس کے متعلق کہا جائے گا کہ اس میں اضافہ کر دیا جائے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ جو گدی نشین ہیں یا جو اس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ان پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی جائے اور ان کے مشورے سے ان درگاہوں پر مناسب اخراجات کرنے کا انتظام کر دیا جائے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ ضمنی سوال نہیں ہے بلکہ ایک تجویز ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہ بتلائیں گے کہ آیا ایسا کوئی اصول وضع کیا گیا ہے کہ کسی درگاہ سے جس قدر آمدنی ہوتی ہو اسی تناسب سے اس پر خرچ بھی کیا جائے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ ایسا کوئی اصول تو وضع نہیں کیا گیا لیکن خرچ ضرورت کے مطابق ہی کیا جاتا ہے ۔ البتہ جوں جوں آمدنی زیادہ ہو اسی نسبت سے خرچ بھی کیا جاتا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ تو کیا اب اس کی ضرورت نہ تھی کہ جہاں سے آپ کو دو لاکھ روپے سے بھی زیادہ آمدنی ہوتی تھی وہاں پر آپ ڈیڑھ سو روپے سے زیادہ خرچ کرتے ؟ میرے خیال میں تو اس کے لئے کوئی اصول بنانا چاہتے تھے ۔

Mr. Speaker : That is a suggestion. The Question Hour is over.

چودھری محمد نواز ــــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ آج کی لسٹ میں میرا ایک سوال ہے جس کا نمبر ہے ۳۹۱۶ اس سوال کا ہمارے معاشرے سے گہرا تعلق ہے اور یہ سوال میں نے 'نوائے وقت،، میں شائع شدہ مورخہ 14 جولائی کے ایک مراسلے میں چھپے ہوئے مواد کے پیش نظر ارسال کیا تھا ۔ اس سوال کا جواب بھی بڑا ہی مختصر تھا ۔ آج ہی آپ کی وساطت سے حکومت کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ وہ پرائیویٹ ہوسٹل جو کہ مختلف جگہوں میں لڑکیوں کے لئے کھولے گئے ہیں اُن کا انتظام صحیح نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : That is not a point of order. The member may please resume his seat.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ــــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خواجہ فرید کا نام تو لیا گیا ہے لیکن ان کی درگاہ پر کتنا خرچ کیا گیا ہے یہ نہیں بتایا گیا ۔ میری عرض یہ ہے کہ .....

مسٹر سپیکر ــــ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ــــ جناب والا ۔ آج کی لسٹ میں میرے تین سوالات شامل تھے ۔ دو سوالات کے جوابات تو ایوان کی میز پر پہنچ گئے ہیں لیکن میرے تیسرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا ۔ سوال کا نمبر 4269 ہے ۔

Parliamentary Secretary (Auqaf) : Sir, answers pertaining to all the questions regarding Education and Auqaf Departments have been supplied to the honourable House. Only one question, to which Mr. Jadoon is

referring, could not be answered because it did not concern the Education Department. The question concerns the Home Department and it has been transferred to that Department.

مسٹر سپیکر ــ صورت یہ ہے کہ جس سوال کا جواب نہیں دیا جائیگا ۔ یا ایوان کی میز پر نہیں رکھا جائے گا وہ سوال اگلی باری پر دھرایا جائیگا ۔

Parliamentary Secretary, (Auqaf) : As I have already said this question does not pertain to the Education Department.

مسٹر سپیکر ــ میں آپ کے جواب کو سمجھ گیا ہوں لیکن میں نے صرف ایوان کی اطلاع کے لئے یہ announcement کی ہے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ محکمہ اوقاف کا جو عملہ ہے وہ پوری دیانتداری سے کام نہیں کر رہا ہے ۔ کیونکہ خواجہ فرید صاحب کی درگاہ سے ملحقہ جو رقبہ ہے اس کی آمدنی سات لاکھ روپے ہے ۔ لیکن انہوں نے اس درگاہ کے متعلق خرچ نہیں بتایا ۔ تو کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا ۔ کہ وہ دیانتداری سے کام نہیں کر رہے ہیں ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر ــ آپ تشریف رکھیں رانا پھول خان ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئیے ۔ کہ جب ایک ممبر پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہو ۔ تو اس پر دوسرا پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھایا جا سکتا ۔ اور پھر یہ بھی کہ کسی پوائنٹ آف آرڈر کو محض تقریر کرنے کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہئیے ۔

چودھری محمد سرور خان ــ جناب والا ۔ جو سوالات لسٹ پر رہ جاتے ہیں تو خواہ ان کا جواب ایوان کی میز پر رکھ بھی دیا گیا ہو لیکن وہ ایوان میں پوچھے نہ جا سکے ہوں تو بھی انہیں اگلی باری پر دھرایا جائے کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سوال گندم اور جواب جو ہوا ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ آپ قواعد انضباط کار میں ترمیم لے آئیے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا ۔ میں اس مسئلے کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ کیا یہ بہتر نہ ہوگا ۔ کہ جب کہ قائد ایوان بھی تشریف فرما ہیں ۔ اس ایوان کے ممبران پر مشتمل قواعد انضباط کار وضع کرنے کے لئے ایک کمیٹی بنا دی جائے ۔ کیونکہ آج تقریباً پانچ سال گذر گئے ہیں ۔ لیکن اس ایوان کی کارروائی کے لئے کوئی قواعد ہی مرتب نہیں ہو سکے ۔ افسوس ہے کہ میں نے اس سلسلے میں ایک تجویز پیش بھی کی تھی لیکن اسے اس ایوان نے مسترد کر دیا تھا ۔ لیکن بہر حال اگر قائد ایوان واقعی چاہتے ہیں تو اب بھی ہم یا وہ خود ہی اس سلسلے میں اس ایوان کی ایک سیلیکٹ کمیٹی اس ایوان کے قواعد و ضوابط منضبط کرنے کے لئے بنا سکتے ہیں تا کہ روزمرہ جو دقتیں ہمیں پیش آتی ہیں وہ رفع ہو سکیں ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند)ــ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اس وقت قائد ایوان موجود نہیں ہیں میں ان سے مشورہ کرنے کے بعد قائد حزب اختلاف کو مطلع کر دونگا ۔

چودھری محمد نواز ــ جناب والا ۔ میں نے جو کچھ پہلے عرض کیا تھا میرا وہ سوال بڑا اہم ہے ۔ اس لئے میری یہ درخواست ہے کہ آئندہ باری پر اسے ضرور دھرایا جائے ۔

مسٹر سپیکر ــ چودھری صاحب ۔ چاہے آپ کا سوال کتنا ہی ضروری کیوں نہ ہو ۔ لیکن مجھے قواعد و ضوابط کے تحت چلنا ہے ۔ اس لئے میں مجبور ہوں کہ اگر آپ کے سوال کی باری نہیں آ سکتی اور اس کا جواب میز پر آ گیا ہے ۔ تو وہ اگلی باری پر نہیں دھرایا جا سکتا ۔

چودھری محمد نواز ــ جواب تو آ گیا ہے ۔ لیکن اس کا علم صرف مجھے ہی ہے ایوان کے باقی اراکین کو تو اس کا علم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ سوال کا جواب صرف آپ کو ہی ملنا کافی ہے ۔ کیونکہ آپ سوال پوچھنے والے ہیں تاکہ آپ مزید وضاحت کے لئے ضمنی سوالات پوچھ سکیں ۔ البتہ اگر جواب ایوان میں دیدیا جاتا تو پھر اس کے بعد ہر ممبر جواب سن کر اس پر ضمنی سوالات پوچھ سکتا تھا ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

INCOME OF THE AUQAF DEPARTMENT FROM DARGAH CHACHRAN SHARIF

***3899. Khawaja Jamal Muhammad Koraija :** Will the Minister of Auqaf be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the yearly income of the Auqaf Department from the Waqf Property of Dargah Chachran Sharif, is more than 2,54,000 rupees;

(*b*) whether it is a fact that the Auqaf Department spends Rs. 37,000 a year on the maintenance, etc. of Chachran Sharif Shrine and only Rs. 1,000 a year on the Urs of Hazarat Kh. Ghulam Farid;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons for allocating such small amounts for the Urs and whether Government intend to increase the said amount; if not, reasons therefor?

Minister of Auqaf (Mr. Muhammad Ali Khan) : . (*a*) No. The Annual average income from the properties attached to the shrine of Hazrat Khawaja Ghulam Farid Sahib at Chachran Sharif is Rs. 2,40,000.

Minister of Law : The idea is not to justify the department, Sir. The P. W. Railway had a very good record right from December 1963 to July 1966, during that period there was no accident. During a period of just over five weeks starting from 7th July, 1966 there were some accidents and that naturally caused grave concern.

Mr. Speaker : What about the judicial inquiry?

Minister of Law : The matter is under investigation.

Mr. Speaker : Has any report been submitted so far?

Minister of Law : No, Sir. No report has been submitted so far.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) — جناب والا - جو کچھ میں عرض کرنا چاہتا ہوں آپ نے وہ پہلے ہی ایک فقرے میں ارشاد فرما دیا ہے۔ جناب والا - جب یہ حادثہ ہوا تھا اس وقت بھی ریلوے کے اعلیٰ افسروں کے بیان میں یہی کہا گیا تھا کہ حادثے ہوا ہی کرتے ہیں - یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے - آج بھی انہوں نے اپنے محکمہ کو حق بجانب قرار دینے کے لئے برازیل اور جاپان اور خدا جانے کہاں کہاں سے گورنمنٹ کے اخراجات پر معلومات مہیا کی ہیں تاکہ ان کی غلط کاریوں اور کوتاہیوں پر پردہ ڈالا جا سکے - ہمارے ریلوے افسران کا یہ طرز عمل حد درجہ افسوسناک ہے - جب تک اپنی غلطی کا احساس نہ ہو اور اس کا اعتراف نہ کیا جائے اس غلطی کی تلافی نہیں ہو سکتی - ہم یہ نہیں کہتے کہ ریلوے بورڈ کے وائس چیئرمین اس حادثہ کا ہرجانہ دیں - ہم یہ مطالبہ نہیں کر رہے - ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ ایسے حالات کا اعادہ نہ ہو - مگر وہ اپنی سابقہ غلطی کو بھی قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں - یہ افسوس کا مقام ہے - بریں عقل و دانش بباید گریست - ایک غلطی یہاں ہوتی ہے اور اس کے جواز کے لئے برازیل اور جاپان کے حوالے دئے جاتے ہیں کیا دو غلطیاں مل کر ایک درست چیز بن جاتی ہے ؟

Two wrongs do not make one right.

جناب والا - مجھے افسوس ہے کہ محکمہ کی طرف سے لا منسٹر صاحب کو جو مواد دیا گیا ہے وہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ریلوے کے

افسران بالا کو ان حادثات کا افسوس تک نہیں ہے ۔ ہمارے لا منسٹر صاحب نئے آدمی ہیں ۔ انہوں نے اسکی چھان بین نہیں کی کہ آیا اس بیان کو ایوان میں پیش کرنا چاہئے تھا ۔ یہ افسوسناک حرکت ریلوے افسران کی طرف سے ہوئی ہے ۔ یہ لا منسٹر صاحب کی غلطی نہیں ہے ۔ بجائے اس کے کہ وہ اپنی غلطی کا عذر پیش کریں انہیں اپنے دل میں احساس پیدا کرنا چاہئے کہ انسانی جان خصوصاً ایک پاکستانی کی جان کی بے بہا قیمت ہے ۔

Mr. Speaker : When is the Law Minister expecting the judicial inquiry report ?

Minister of Law : I am not in a position to say anything definite but if time is given to me I may be able to inform you as to when the inquiry is about to be completed.

Mr. Speaker : That is just by the way I am inquiring.

Minister of Law : No, Sir. I am not in a position to say anything.

مسٹر حمزہ — جناب والا ۔ جناب وزیر قانون صاحب کا مجھے انتہائی احترام ہے ۔ وہ یہاں ایوان میں سچی بات کہہ دیتے ہیں خواہ وہ حکومت کے خلاف ہی کیوں نہ جاتی ہو ۔ انہوں نے اپنے بیان میں فرما دیا ہے کہ

This is a matter of grave concern for the Government.

جو میں نے عرض کیا ہے یہ ہو بہو اس کی تائید فرما رہے ہیں ۔ محکمہ ریلوے نے انہیں جو اعداد و شمار مہیا کئے ہیں انہوں نے اپنی سادگی سے وہ سارے کے سارے ایوان میں پیش کر دئے ہیں ۔ مگر انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ اتنے حادثات برازیل یا جاپان یا ہندوستان میں ہوئے ہیں ۔ اس سے ہمارے ہاں کے حادثات کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے ۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس سے پہلے ریلوے کا ریکارڈ بہت اچھا

تھا - جو اس عرصہ میں بہت بری طرح داغدار ہوا ہے - اس میں بھی انہوں نے میری تائید کی ہے - کہ ریلوے کا بہت اچھا ریکارڈ اب بہت خراب ہو گیا ہے - اس لئے لازم ہے کہ اس معاملہ کے متعلق اس ایوان میں بحث کی جائے -

Mr. Speaker : The matter proposed to be discussed in this Adjournment Motion is under judicial inquiry. As no report has so far been made to the Government, the motion is ruled out of order.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, it is not a judicial inquiry. It is a quasi-judicial inquiry and, therefore, does not hold the same force.

Mr. Speaker : It does and I have already given my ruling. Next motion please.

DECISION OF WEST PAKISTAN GOVT. TO PROSCRIBE THE PAMPHLET ENTITLED "ISLAM AND FAMILY PLANNING"

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the dictatorial decision of the West Pakistan Government to proscribe pamphlet 'Islam and Family Planning'. The news of this uncalled for action by the Government was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 11-8-66. This has caused great resentment among the Muslims all over West Pakistan.

Mr. Speaker : I think there was another adjournment motion (No. 35) from Khawaja Muhammad Safdar on a similar subject. Will he please move that motion also ?

مسٹر حمزہ — جناب وہ اور چیز ہے -

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب آپ کی ایک تحریک التوا ہے جو اسلام اور برتھ کنٹرول کے متعلق ہے - کیا وہ یہی چیز نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ نہیں جناب ۔ وہ کتاب ہے ۔ یہ پمفلٹ ہے ۔

Mr. Speaker : That is a separate matter ?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Then, Khawaja Sahib, need not move that motion.

Minister of Law (Mr. A. B. Akhund) : Sir, that pamphlet was forfeited under rule 51 of the Defence of Pakistan Rules because it was a prejudicial report within the meaning of rule 51, clause 6(c). I might submit that the Government's orders have been challenged in the Court by a Writ Petition and the matter is sub-judice and, therefore, cannot be discussed on the Floor of the House.

Mr. Speaker : As the matter is sub-judice.....

مسٹر حمزہ ۔ چونکہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے اور ان کا ریکارڈ اس معاملہ میں بہت اچھا ہے اس لئے مجھے لازم ہے کہ میں ان کے فرمانے پر یقین کروں ۔ (قالیاں)

Mr. Speaker : Does the member press it or not ?

Mr. Hamza : No, Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed. Next motion.

ORDERS OF THE WEST PAKISTAN GOVT. EXTERNING ABDUL MAJID QURESHI, A LABOUR LEADER, FROM LAHORE

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the dictatorial and anti-labour order of the West Pakistan Government to extern Abdul Majid Qureshi, a well-known labour leader, from the limits of Lahore District merely to stop him from organising the poor and unorganised labour class

against the influential and organised capitalists. The news of his externment was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 11-8-66 and has naturally caused great resentment among the labour class of West Pakistan.

Minister of Law (Mr. A.B. Akhund): I oppose this motion. The facts of the case are that this labour leader was reported to be indulging in activities which created ill-will, hatred and mistrust among the labour class employed in various industries in Lahore. He also initiated illegal strikes of laboures working in different industrial establishments. All this resulted in dislocation of production, violent demonstrations and disruption. On 9th of August, 1966, the Provincial Government, therefore, passed an order under the provisions of the Maintenance of Public Order Ordinance, 1960, directing that he should remove himself from the revenue limits of Lahore District and reside in Dera Ismial Khan for a period of six months. Thereafter, the situation became normal and the Provincial Government on 16th November, 1966, rescinded that order. The Deputy Commissioner, D.I. Khan, has since been asked to serve this order on Mr. Abdul Majid Qureshi. The gentleman is, therefore, no longer under restriction. This was done in the interest of the public and the matter cannot be discussed on the Floor of the House. I, therefore, request that the motion may be ruled out of order.

Mr. Speaker : As has been explained by the learned Minister for Law, the motion has lost its urgency. The order has been rescinded. The motion is, therefore, ruled out of order. Next motion No. 17.

SHORT SUPPLY OF ELECTRICITY BY WAPDA CAUSING A LOSS OF RS. 10 CRORE IN LYALLPUR ALONE.

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter

of urgent public importance and of recent occurrence namely national loss of Rs. 10 crore in Lyallpur alone, due to the short supply of electricity by WAPDA as disclosed by a news item appearing in the daily Nawa-i-Waqat, Lahore, dated 23-8-1966. Such a huge national loss in a poor country like Pakistan has naturally caused great resentment among the public.

Mr. Speaker : Mr. Hamza had moved a similar motion that was Motion No. 4, which was admitted but the House refused leave. On the same grounds, I hold the present motion No. 17, out of order.

Next motion No. 18.

TRANSPORTATION OF POLITICAL LEADERS DETAINED UNDER D.P.R FROM LAHORE TO FAR OFF PLACES IN POLICE VANS.

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely transportation of the renowned political leaders detained under the Defence of Pakistan Rules, from Lahore to various far off places like Hyderabad, Khairpur and Campbellpur in the Province in Police vans on 28-8-66 merely to torture and cause inconvenience to them has caused great resentment among the public all over the Province.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker Sir, I oppose the motion. The fact is that there was no accommodation in the Jail at Lahore at that time and simply for the sake of convenience of the detenues, they were transported to some other jails. Khawaja Muhammad Safdar was transported to Central Jail, Hyderabad ; Mr. Muhammad Hussain Chittha was sent to District Jail, Khairpur, and Nawabzada Nasrullah Khan to Campbellpur Jail. The allegation with regard to the torture is wrong altogether and the transportation of the detenues by the police transport was considered comparatively safer than

by rail. These places, I may mention, have got better climate particularly. Hyderabad has much better climate than Lahore at that period of time. Hence we did it merely for the convenience of the detenues that they were transported there. But since then, some of them have already been released, and there was no intention of the Government to torture them and create inconvenience for them, therefore,...

Mr. Speaker : What is the legal objection ?

Minister for Law : Sir, the question is that hence some of the facts have disappeared now as far as some of the detenues have been released...

Mr. Speaker : Have all the detenues been released?

Minister for Law : Sir, some of them are released.

Mr. Speaker : Does the Minister mean that there is no urgency in the matter ?

Minister for Law : I don't think Sir.

Mr. Speaker : Even if some of them are in the lock-up ?

Minister for Law : Yes Sir, besides Khawaja Muhammad Safdar has been released.

Mr. Speaker : The motion does not relate only to Khawaja Sahib ?

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ۹)۔ جناب سپیکر - جناب وزیر قانون صاحب اتفاق سے پرنسپل بھی رہے ہیں اور مجھ جیسے بہت سے لڑکے ان کے شاگرد رہے ہوں گے - جناب سپیکر - میں نے محض یہ گذارش کی تھی کہ ان خوش قسمت نظر بندوں کو یہ خوش قسمت اس لئے ہیں کہ اس ملک میں اس قسم کے افراد بہت کم ملتے ہیں جن کو قوم کے لئے صعوبتیں برداشت کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے -

Mr. Speaker : Is it a single specific matter ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ single specific matter یہ ہے کہ ان اصحاب کو جب کہ ریل موجود تھی جناب وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ That was a safer means of transportation. ہو سکتا ہے ان کے ذہن میں یہ نکتہ آ گیا ہو کہ ان کو حیدرآباد میں اگر ریل کے ذریعے بھیجیں تو براستہ خیر پور کوئی حادثہ ہو جائے گا اس کے بارے میں میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ لیکن یہ ایک وقوعہ ہے کہ ان اصحاب کو انہوں نے دیدہ دانستہ بذریعہ سڑک بھیجا ہے ۔ آپ خیر پور کا فاصلہ بھی دیکھیں اور حیدرآباد کا بھی دیکھیں ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب بھی بیک وقت پولیس وین میں لاہور سے حیدرآباد لے جائے گئے ۔ راستے میں اترنا تو کجا ان کو پیشاب کرنے کی بھی اجازت نہ تھی ۔ ایک بند پولیس وین میں ان کو کوئی سہولت نہیں دی گئی ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے اپنے بیان میں عرض کیا ہے کہ پولیس نے کسی افسر کو جو ساتھ تھا ہدایت دی تھی کہ ان کو راستہ میں کسی جگہ نہ ٹھہرنے دیا جائے ۔ اگر کہیں رات ہو جائے تو رات کو بھی سفر کرنے پر مجبور کیا جائے ۔ جناب سپیکر ٹھیک ہے کہ آپ نے ان کے لئے پولیس وین مہیا کر دی لیکن جب متبادل انتظامات موجود تھے .....

Mr. Speaker The Member is not discussing the motion itself.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ یہ single specific matter ہے ۔ یہ تحریک التوا اس لئے پیش کی گئی ہے ۔ انہوں نے اس کے متعلق بہت کچھ بتایا ہے کہ یہ ان لوگوں کی خیر خواہی کے لئے کیا گیا ہے ۔ لاہور کی جیل میں جگہ کم تھی اور حیدرآباد کی جیل کھلی جیل تھی ۔ ہم تو

کہتے ہیں کہ مغربی پاکستان کی جیل بہت کھلی ہے حیدرآباد کی جیل بھی مغربی پاکستان کی جیل میں آ گئی ہے ۔ میں جناب وزیر قانون صاحب کا از حد احترام کرتا ہوں انہیں تسلیم کرنا چاہیئے کہ جب متبادل انتظامات موجود تھے تو ان لوگوں کو پولیس وین میں بند کر کے اور انسان کو یہ ہدایت دے کر ان کو راستے میں نہ اترنے دیا جائے اور نہ سونے دیا جائے اور کسی خاص دور دراز مقام پر بھیجنا انتہائی ظالمانہ فعل ہے ۔ یہاں خواجہ محمد صفدر صاحب موجود ہیں اس بارے میں اگر میں غلط بیانی کرتا ہوں تو وہ مجھے روک سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The matter proposed to be discussed in this adjournment motion concerns the transportation of so many renowned political leaders. It is not a single specific matter and, therefore, the motion is ruled out of order.

ORDER OF THE GOVT. IMPOSING RESTRICTIONS ON THE ENTRY OF CHAUDHRI MUHAMMAD ALI, CONVENOR NIZAM-I-ISLAM PARTY, INTO HAZARA DISTRICT.

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely, the most uncalled for and dictatorial order of the Government imposing restrictions on the entry of Chaudhry Muhammad Ali, convenor Nizam-e-Islam Party of Pakistan into Hazara District. The news of this order was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 26-10-66 and has caused great resentment among the public all over West Pakistan.

Minister for Law (Mr. A. B. Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker Sir, I oppose this motion. The District Magistrate by his order prohibited

the entry of Chaudhry Muhammad Ali into Hazara District in order to maintain peace and transquality under Section 5 (1) of West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960.

The action was taken in the public interest and this is a matter which need not be discussed on the floor of the House.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں نے اپنے بیان میں عرض کیا ہے کہ چودھری محمد علی صاحب سابقہ وزیراعظم اور نظام اسلام پارٹی کے کنوینر ہیں انہوں نے ستمبر اکتوبر کے مہینے میں سارے مغربی پاکستان کا دورہ کیا ۔ جناب وزیر قانون صاحب مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ جہاں کہیں بھی انہوں نے دورہ کیا وہاں کوئی دنگہ فساد نہیں ہوا اور نہ کوئی گڑبڑ ہوئی میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ فرمانا کہ یہ صرف ملک میں امن و امان قائم رکھنے کیلئے کیا گیا ہے یہ موزوں اور مناسب نہیں ہے ۔ جہاں امن و امان کی ضرورت ہوتی ہے وہاں وہ امن و امان قائم نہیں کر سکتے ۔ یہاں امن و امان کا سوال نہ ہو وہاں خواہ مخواہ اس قسم کے بہانے تراشتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I do not agree with the contention of the learned Law. Minister. No cogent reasons have been given to disallow the motion. I hold the motion in order.

Mr. Hamza has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely the most uncalled for order of the Government imposing restrictions on the entry of Chaudhry Muhammad Ali, Convenor, Nizam-e-Islam Party of Pakistan, into Hazara District. The news of this order published in the Daily Nawa-i-Waqat, Lahore, dated

26th October 1966, has caused great resentment among the public all over West Pakistan.

Those Members, who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 25 Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

ORDER OF THE GOVT. SHIFTING FOUR SPECIALIST DEPARTMENTS TO THE GENERAL HOSPITAL AT KOT LAKHPAT

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the order of the Government of West Pakistan shifting four Specialist Departments of Cardiology, Vrology, Chest Surgery and Dematology to the so called General Hospital at Kot Lakhpat which has caused great trouble and annoyance to the patients and their relatives especially those coming from far off places in the Province and has rightly caused great resentment to the public all over the Province. The news of this order was published in the daily Pakistan Times dated 8th November, 1966.

Mr. Speaker : There is another adjournment motion on this subject-No. 54 by Malik Akhtar. He may also ask for leave to move his motion.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق‌الزمان)— جناب والا ۔ میں اس تحریک التوا کی مخالفت کرتی ہوں ۔

ORDER OF THE PROVINCIAL HEALTH DEPARTMENT TO TRANSFER THREE WARDS OF MAYO HOSPITAL LAHORE TO GENERAL HOSPITAL AT KOT LAKHPAT.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the order of the Provincial Health Department to transfer 3 Wards of Mayo Hospital, Lahore to General Hospital at Kot Lakhpat. The inconvenience caused to the patients thereby has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Mr. Speaker : Why did the Member not given notice of this motion yesterday?

Malik Muhammad Akhtar : It appeared in the paper probably on the 21st and you will appreciate that the House was to assemble at 8-30 and we get papers generally at 6-30 and then the motion is to be prepared and submitted.

Mr. Speaker : That is no ground.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, if it is reasonably beyond our power and control I think you.....

Mr. Speaker : Mr. Hamza gave notice of this motion on the 16th of November.

Malik Muhammad Akhtar : I read it in Nawa-i-Waqt dated the 21st of November 1966.

Sir, if a privilege motion is lost and an opportunity is granted to the Party in power certainly we can be accommodated considering the difficulties which come in our way.

Mr. Speaker : The Member has not given notice of this adjournment motion at the earliest possible opportunity. His motion is ruled out of order on that ground.

Will Begum Sahiba reply to the motion of Mr. Hamza ?

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ یہ تحریک التوا قواعد کے مطابق پیش نہیں کی جا سکتی ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir, I would request the Health Minister, through you, Sir, that my motion may be answered on compassionate grounds. (Laughter)

Mr. Speaker : This is no point of order.

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ یہ تحریک کسی ایسے معاملے کے متعلق نہیں ہے جو فوری اور عوامی اہمیت کا حامل ہو ۔ یہ تو ایک سرکاری محکمے کا اندرونی انتظامی معاملہ ہے بہرحال میں حمزہ صاحب کی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اس تحریک التوا کو پیش کرنے کی اجازت طلب کرکے ہمیں بہت سی غلط فہمیاں دور کرنے کا موقع فراہم کیا...

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ ۔ آپکو وہ موقع تو اس وقت فراہم ہو گا جس وقت کہ یہ تحریک التوا in order قرار دیدی جائے اور ایوان اس پر بحث کرنے کی اجازت دیدے ۔

وزیر صحت ۔ یہ درست ہے اور میں نے بھی اس تحریک کو زیر بحث لانے کی مخالفت کی ہے ۔ لیکن عرض کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اگر اس پر یہاں بحث کرنے کی اجازت دیدی گئی تو میں اس کی وضاحت کر دوں گی ۔ بہر حال یہ ایک پرانا فیصلہ ہے ۔ لیکن انہوں نے اسے فوری اہمیت کا مسئلہ گردان کر اس تحریک کو یہاں پیش کر دیا ہے جسکی میں شروع ہی میں مخالفت کر چکی ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ آپ کو بھی اس بات کا علم ہو گا کہ یہ فیصلہ جولائی کے اجلاس کے بعد ہوا اور جب

اس فیصلے پر عملدرآمد ہوا تو نیشنل پریس میں اسکے خلاف احتجاج ہوا محض اخبارات کی طرف سے ہی نہیں بلکہ وہ لوگ جنکا واسطہ ہسپتالوں سے پڑتا ہے اور خاص طور پر ان مریضوں کی طرف سے یا ان مریضوں کے اعزا' اور ورثا' کی طرف سے جو کہ اس فیصلہ سے متاثر ہوئے ہیں احتجاج ہوا۔

جناب سپیکر ــ محترمہ بیگم صاحبہ نے میری تحریک التوا پر دو اعتراضات کئے ہیں ۔ ایک تو انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ یہ فوری اور عوامی اہمیت کا حامل نہیں ہے ۔ اسکے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اگر یہ محکمہ محض دوچار افراد کے علاج کیلئے قائم کیا گیا ہے پھر تو میں سمجھ سکتا ہوں کہ یہ مسئلہ نہ تو عوامی اہمیت کا حامل ہے اور نہ ہی فوری اہمیت رکھتا ہے ۔ کیونکہ جہاں تک میرا اندازہ ہے محترمہ کے بارے میں میرا یہ خیال ہے کہ یہ محکمہ صحت کی وزیر ہیں اور صحت کا قلمدان ان کے سپرد ہے جو کہ حکومت مغربی پاکستان ہی کا ایک محکمہ ہے ــ اور انہیں اور انکے تمام عملے کو تنخواہ عوامی خزانے سے ہی ملتی ہے اور کسی فرد کے ذاتی حساب یا اسکی ذاتی جیب سے نہیں ملتی ۔ اس وجہ سے یہ محکمہ بھی عوامی ہے اور اس لئے بھی یہ محکمہ عوامی ہے کہ اس سے مستفید ہونے والے اور علاج کرانے والے جو مریض جاتے ہیں وہ محض لاہور کے باشندے ہی نہیں ہوتے بلکہ خاص طور پر میوہسپتال میں تو تمام مغربی پاکستان سے مریض وہاں کے specialists کی خدمات سے استفادہ کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I don't agree with the Minister for Health. Rather I agree with Mr. Hamza that this is a definite matter of urgent public importance and, therefore, I hold the motion in order.

Mr. Hamza has asked for leave te make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the order of the Government of West Pakistan shifting four Specialist Departments of Cardiology, Vrology, Chest Surgery and Dematology to the so called General Hospital at Kot Lakhpat which has caused great trouble and annoyance to the patients and their relatives especially those coming from far off places in the Province and has rightly caused great resentment to the public all over the Province. The news of this order was published in the daily Pakistan Times dated 8th November, 1966.

Those Members who are in favour of the leave being granted may please rise in their places.

As less than 25 Members rose in their places leave, to move the motion was refused.

Mr. Speaker : The other adjournment motions would be taken up tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN TENDOO LEAVES (PROHIBITION ON POSSESSION AND USE) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) (Amendment) Ordinance, 1966. Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) — جناب سپیکر - کل یہاں محترم وزیر قانون صاحب نے چند ارشادات فرمائے تھے - جو کہ انہوں نے West

Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession & Use) Ordinance, 1966. پر تقریر کے جواب میں کئے تھے - میں نے یہ مناسب سمجھا تھا کہ اس کا جواب اس وقت عرض کروں جب West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession & Use) Ordinance زیر بحث آئے -

جناب سپیکر - میں اپنے بزرگ لا منسٹر صاحب کا احترام کرتے ہوئے نہایت ادب سے یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے کہا تھا کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز اور موجودہ آرڈیننس جس کی یہ ہاؤس منظوری دے چکا ہے اور اب جسکو ہم نے ذرا سی ترمیم کرکے adopt کرنے کے لئے غور کرنا ہے اس میں کسی قسم کا کوئی بھی مرکزی قوانین سے تضاد نہیں -

جناب سپیکر - میں نے اس آرڈیننس کی کل ۸ دفعات کے ہر fullstop اور comma کا موازنہ کیا تھا اور ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ اس میں ہر بات کا تضاد ہے - میں خان محمد یوسف خان صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے کل ایک سوال پیدا کر دیا کہ فرض کیجئے کہ آج مرکزی حکومت یہ فیصلہ کرتی ہے کہ انہوں نے یہاں Tendoo Leaves کی امپورٹ جاری رکھنا ہے تو پھر ان صوبائی قوانین کا کیا حشر ہوگا -

جناب سپیکر - دراصل خرابی کی جڑ یہی ہے - میں نہیں سمجھتا کہ اس ملک میں ہم جمہوری نظام کو جس طرز پر چلا رہے ہیں یعنی ۱۹۵۹ سے یہاں Presidential form of Government قائم ہے -

وہ کونسی وجوہات تھیں جن کی وجہ سے ہم چھوٹی چھوٹی باتوں کو محض ضد کے طور پر ماننے سے انکار کر دیتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا تھا کہ وزارت کا pattern تبدیل ہونے کے بعد حالات خوش گوار ہوجائیں گے اور پھر جناب صدر مملکت نے بھی متعدد بار فرمایا ہے کہ اسمبلیوں کو آرڈیننس میں ترمیم کرنے کا حق دیا جائے گا ۔ ہمارے اتنے قابل اور اتنے لائق وزیر صاحب جن کی اس سے بڑی جگہ ہائی کورٹ ہونی چاہئے تھی وہ کیوں اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ ان کا یہ قانون حسب ضابطہ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب ان کے ارشادات گرامی اور اعتراضات سننے کے بعد مجھے ذرا سا قانون کی گہرائی میں جانا ہوگا ۔ اور یہ ظاہر کرنا ہوگا کہ ان کا یہ ایکشن اور بھی ultra vires ہے ۔ میری مراد آئین پاکستان کی ان دفعات سے ہے جن دفعات کی رو سے یہ قرار دیا گیا ہے کہ مرکزی حکومت کو exclusive powers ہوں گی ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے لا منسٹر صاحب ایک بہت اچھی مثال پیش کرتے اگر وہ کل اس قانون کو جس کی قانونی حیثیت ہی کوئی نہیں واپس لے لیتے ۔ اس سلسلہ میں مجھے آرٹیکل (۱) ۱۳۱ کا حوالہ دینا ہوگا ۔

" (1) The Central Legislature shall have exclusive power to make laws (including laws having extra-territorial operation) for the whole or any part of Pakistan with respect to any matter enumerated in the Third Schedule.

یہ نمبر ایک ہے آرٹیکل نمبر ۲ یہ کہتا ہے ۔

(2) Where the national interest of Pakistan in relation to -

(a) the security of Pakistan, including the economic and financial stability of Pakistan ;

(b) planning or co-ordination ; or

(c) the achievement of uniformity in respect of any matter in different parts of Pakistan,

so requires, the Central Legislature shall have power to make laws (including laws having extra-territorial operation) for the whole or any part of Pakistan with respect to any matter not enumerated in the Third Schedule."

جناب سپیکر ۔ یہ جو ڈیفنس آف پاکستان رولز مرتب کئے گئے ہیں یہ اس لئے کئے گئے ہیں تاکہ ان کے تحت تحفظ پاکستان کے ذرائع اختیار کئے جائیں ۔ میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ اس آرٹیکل کی رو سے مرکزی حکومت کے پاس exclusive powers ہیں ۔

By virtue of this Article, the exclusive power vests with the Central Legislature or when the Central Legislature is not in Session, with the President.

جناب والا ۔ اب یہ بتائیے کہ آخر یہاں عوام کے نمائندوں کو اس تمام لیجسلیشن میں کیوں شامل کیا گیا ہے ۔ اگر "میں نہ مانوں" کی رٹ لگائی جائے گی خواہ کوئی بات درست اور جائز ہو اور وہ ماننے کو تیار نہیں ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ Presidential form of Government بالکل ناکام اور ناکارہ ہو چکی ہے ۔ جہاں پر یہ "exclusive" کا لفظ ہے اس کے ہوتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کی Powers inconsistent with Laws ختم ہو کر رہ جاتی ہیں ۔ جو ویسے بھی ultra vires ہیں ۔

اگر میں یہ کہوں کہ موجودہ تبدیلی سے صوبائی قانون میں یہ بات پیدا ہو جائے گی کہ یہاں پر سمگلروں کی حوصلہ افزائی ہو گی تو میں یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں ۔

جناب سپیکر ــ ہمارے محترم بزرگ لا منسٹر صاحب نے ایک اور نکتہ اٹھایا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز اور ایمرجینسی لا کی حیثیت عارضی ہے ۔ اس طرح اگر وہ ہمیں نہ چھیڑتے تو ہم یہ اعتراضات نہ اٹھاتے ۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے
نہ کھلتے راز سر بستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں ۔

جناب سپیکر ــ اگر میں یہ کہوں کہ اس ملک میں نہ تو ایمرجینسی کے خاتمے کا امکان ہے اور نہ ہی صدارت کی تبدیلی کا کیونکہ موجودہ صدر مملکت اس ملک کے لائف پریذیڈنٹ ہیں تو میں یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ وہ کافی مقبول ہیں ان کو کوئی بھی تبدیل کرنے کو تیار نہ ہو گا ۔

Mr. Speaker : Is the member sure that he is relevant?

Malik Muhammad Akhtar : My friend made certain remarks .....

Mr. Speaker : He may please discuss the Ordinance.

ملک محمد اختر ــ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہمارے لا منسٹر صاحب نے ہمیں ایک خوشگوار اطلاع دی تھی کہ یہ محض ایمرجنسی قانون ہے اور اسکا خاتمہ جلد ہو جائیگا انکی مراد ڈیفنس آف پاکستان رولز سے تھی ۔ جناب والا ــ یہ بات میں نہیں مانتا کہ یہ ایمرجنسی کبھی ختم ہوگی اور اگر یہ ایمرجنسی ختم بھی ہو جائے پھر بھی لامنسٹر صاحب کے راستہ میں اگر وہ اسوقت تک لامنسٹر رہے تو دشوار ترین رکاوٹ

آجائیگی میں اسکے متعلق بھی عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ جناب سپیکر ۔ میری مراد یہ ھے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کورم پورا نہیں ھے .....

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is in quorum. The point of order is ruled out.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب ابھی یہ لوگ آ گئے ھیں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. Sir, may I make a request that instead of discussing the person of the Law Minister and his abilities, the member may concentrate on the Ordinance and the objections that he has.

Mr. Speaker : I have already pointed out.

Malik Muhammad Akhtar : I have great respect and esteem for the learned Law Minister.

جناب سپیکر ۔ یہ فرما رھے تھے کہ ایمرجینسی کے بعد ڈیفنس آف پاکستان رولز آرڈیننس جو ۱۹۶۵ عمیں کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۳۰ کے تحت نافذ کیا گیا تھا ختم ھوجائیگا ۔ میں کہتا ھوں کہ یہ قانون جاری رھے گا کیونکہ اس میں بہت سی قانونی دفعتیں ھیں ۔ جناب والا ۔ آج وہ سہارا اور آج وہ قوت جو بنیادی حقوق کو معطل کر کے حاصل کیگئی ھے اگر یہ قانون ختم کر دیا گیا تو وہ ھتھیار تو پھر قوم کے ھاتھ ھیں آجائیگا بنیادی حق نمبر ۸ ۔ جو ھے اسکے متعلق لامنسٹر صاحب کی خدمت اقدس میں مودبانہ عرض کروں گا ۔

"Freedom of trade, business or profession.

Every citizen, possessing such qualifications, if any, as may be prescribed by law in relation to his profession or occupation, shall have the right to enter

upon any lawful profession or occupation, and to conduct any lawful trade or business :

Provided that nothing in this paragraph shall prevent —

(*a*) the regulation of any trade or profession by a licensing system ; or

(*b*) the regulation of trade, commerce or industry in the interest of free competition therein ; or

(*c*) the carrying on, by the Central or a Provincial Government or by a corporation controlled by any such Government, of any trade, business, industry or service, to the exclusion, complete or partial, of other persons."

جناب سپیکر۔ یہ freedom of business اور freedom of profession اسطرح breach ہوتی ہے اگر آپ بارڈر belt کی definition کو دیکھیں یعنی بارڈر کے ۱۰۔میل کے اس علاقہ میں بیڑی بنانے کی ممانعت تو ہو جائیگی لیکن بقایا سارے پاکستان میں بیڑی بنانا ممنوع نہ ہو گا تو جناب والا ۔ اسوقت ان کے راستے میں یہ رکاوٹ حائل ہو جائے گی ۔

جناب سپیکر۔ اس کے علاوہ میرے یہ خدشات ہیں کہ یہ جس چیز کو کنٹرول کرتے ہیں اگرچہ کنٹرول اس وقت relevant نہیں ہوتا یا جس چیز کو یہ ban کرتے ہیں اسکی سمگلنگ، اسکی ذخیرہ اندوزی، اسکا ناجائز کاروبار شروع ہو جاتا ہے جناب والا منشیات جن میں بھنگ، چرس اور شراب وغیرہ ہے اگر حکومت اس کو روکنے میں کامیاب ہو چکی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بیڑی کے پتے اور اس کی امپورٹ کے لئے جو تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں اس کی سمگلنگ کی جو ممانعت ہو رہی ہے اسکو میں مان لیتا ہوں کہ اس میں بھی کامیاب ہو جائے گی ۔ جناب سپیکر۔ اب میں اس طریقہ کو لیتا ہوں کہ جس طریقہ سے Tendoo Leaves کی سمگلنگ ہو رہی ہے اور اس امتناع کے باوجود اسکی سمگلنگ ہو رہی ہے ۔ یہ Tendoo

Leaves کی ایک بوری کم و بیش ۱۰ روپے کی افغانستان سے چلتی ہے اور اس کی قیمت اس وقت - - -

مسٹر سپیکر — ملک صاحب اب آپ یہ فرمائیے کہ آپ اس آرڈیننس پر ہی بحث کر رہے ہیں جس کو ہم پاس کر چکے ہیں یا موجودہ آرڈیننس پر آپ بول رہے ہیں - موجودہ آرڈیننس میں جتنی دفعات ہیں ان کو آپ نے ابھی نہیں چھیڑا -

ملک محمد اختر — میں ان کا بھی ذکر کرتا ہوں - جناب والا - ترمیمی آرڈیننس کی دفعات کی رو سے دفعہ ۴ میں اسطرح ترمیم کی گئی ہے کہ وہ جو پرنسپل آرڈیننس ہے اس میں

"In section 4 of the said Ordinance—

(i) in clause (a), for the figures, comma and word, "31st August, 1966", the figures, word and comma "30th September, 1966", shall be substituted;"

تو یہ جناب والا - اس طرح ہو گیا -

"No person shall—

(a) after the 30th September 1966 be in possession for any purpose of any tendoo leaf....."

جناب سب سے پہلے میں اس ترمیم کے متعلق عرض کروں گا No person کا لفظ اس میں شامل کر دیا ہے - ہر پاکستانی ہر پاکستان کا فرد یا پاکستان کا ادارہ یا فرم اور ان کا جو محکمہ کسٹم ہے ان کے قبضہ میں جو Tendoo Leaves ہیں وہ اس ممانعت کے بعد بھی اور بعض حالات میں آرڈیننس کے نافذ ہو جانے کے دو چار روز بعد تک اسکا disposal کرتے رہے ہیں - دوسری ترمیم یہ ہے کہ کلاز (بی) انہوں نے after the 30th October, 1966 اس میں شامل کیا ہے - لہذا

اس قسم کی ممانعت کے باوجود اس ترمیمی آرڈیننس کی یہ صورت ہو چکی ہے ۔ میں اس کے لئے منفی arguments دونگا اگر یہ بل ہوتا تو کہا جا سکتا تھا کہ میں apprehend کر رہا ہوں اب میں ان پر allegation کر رہا ہوں کہ حکومت اس آرڈیننس کی پرویژن کو اس وقت بھی enforce کرنے میں ناکام ہوئی ہے اور آئندہ بھی ناکام ہوگی ۔ جناب سپیکر ۔ اگر آپ مجھے ذرا سا موقع دیں گے تو میں اسکی وجوہات عرض کروں گا .....

مسٹر سپیکر ــ ملک صاحب جو کچھ میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ ابھی تک پہلے ہی آرڈیننس پر فرما رہے ہیں ۔ اس آرڈیننس اور اس آرڈیننس کی رو سے تو صرف تاریخیں تبدیل کی گئی ہیں اگر وہ درست ہو تو اسکے متعلق فرمائیے ۔ اس آرڈیننس پر تو بحث ختم ہو چکی ہے اگر آپ کو اس گورنمنٹ کی پالیسی سے اختلاف بھی ہے تو اس کو بھی آپ پہلے آرڈیننس کی تقریر میں فرما چکے ہیں ۔ ان تاریخوں کے بدلنے پر آپ کچھ فرمائیے ــ

If the Member has got any objection, then he would be relevant otherwise not.

ملک محمد اختر ــ تو میں جناب اس کے preamble پر آ جاتا ہوں اس کے نام پر آ جاتا ہوں ۔ اس کا جناب والا preamble یہ ہے ۔

"Whereas it is expedient to amend the West Pakistan Tendo Leaves (Prohibition on Possession and Use) Ordinance, 1966,.....

Mr. Speaker : That is the amendment of the Ordinance of 1966.

ملک محمد اختر ــ جناب اگر آپ اجازت دیں تو میں گزارش کروں گا کہ اس کے استعمال اور ذخیرہ کرنے کی ممانعت کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : No, that is the basic ordinance of 1966, which the House has already approved. This is an amending ordinance of that ordinance.

ملک محمد اختر ــ تو جناب والا ۔ آپ خیال فرمائیں کہ اصل آرڈیننس جو ہے اس کو ۲۸ جولائی سن ٦٦ سے نافذ کیا گیا اور اس کے بعد اسی محکمہ نے جس کی سفارشات پر پرنسپل آرڈیننس میں ترامیم کی گئیں کم و بیش بیس اکیس روز بعد ایک نیا آرڈیننس جاری کر دیا ۔ تو بیس روز میں دو آرڈیننس جاری کرنا گو محکمہ کی اہلیت کو ظاہر کرتا ہے لیکن ان تکالیف کو جو اس وقت کے مینوفیکچرز کو تھیں انہیں نظر انداز کیا گیا ۔ میرے خیال کے مطابق تین ہفتوں میں دو آرڈیننسوں کا جاری ہونا درست نہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اور یہ بات بھی واضح ہو گئی ہے کہ ہمارے محکمہ جات در اصل صحیح کام نہیں کر رہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لا سی ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ملک اختر صاحب لا ڈیپارٹمنٹ پر تقریر کر رہے ہیں یا اس آرڈیننس کی خامیوں پر؟

Mr. Speaker : He is very much relevant.

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر۔ یہ اگلی کلاز ہے اور سیکشن ۴ میں یہ جو آخری ترمیم ہے اس میں یہ کہا گیا ہے یہ جناب والا سیکشن (بی) کی ترمیم ہے ۔ اس میں ۳۰ ستمبر کی بجائے ۳۰ نومبر سن ٦٦ کے الفاظ کو شامل کیا گیا ہے ۔ اگر آپ صفحہ نمبر ۲ کو ملاحظہ فرمائیں تو میرا خیال ہے کہ میری ساری تقریر با معنی ہو جائیگی اور جس میں پرنسپل آرڈیننس کو اور اس کی دفعات کو ۳۰ نومبر تک لیجانے کا فیصلہ کیا گیا ہے ۔ تو میں عرض کرتا ہوں کہ ایک ہفتہ یا دس دن میں امکان ہے کہ سمگلنگ زیادہ ہو جائے اور سمگلنگ جو ہے وہ پہلے ہی بھارت کے ساتھ ہوتی ہے اور افغانستان کے ساتھ بھی کھلے بندوں

سمگلنگ ہو رہی ہے یا یوں کہنا چاہئیے کہ سمگلنگ ہونے کا امکان ہے - تو جناب سپیکر - میں صرف اس پوائنٹ پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو سمگلنگ کے خلاف ہماری صوبائی حکومت کے اقدامات یا تدابیر ہیں یہ بالکل ناکام ہو کر رہ گئیں ہیں بلکہ معاملہ یہاں تک آ گیا ہے - میں پھر اس محکمہ کے متعلق عرض کروں گا کہ محکمے کے با اثر افراد - محکمے کے افسران جن کا اپنا حصہ اس سمگلنگ سے آتا ہے وہ اس سمگلنگ کی سر پرستی کرتے ہیں - مجھے مغربی پاکستان کی حکومت کی پالیسی پر شدید اعتراض ہے اور احتجاج ہے جنہوں نے بعض قبائیلی علاقوں یا ایسے علاقہ جات جہاں ہمارے بارڈر افغانستان کے ساتھ ملتے ہیں کھلے بندوں سمگلنگ کو چھٹی دے رکھی ہے - کن کن چیزوں سے آپ انکار کر سکتے ہیں - طالب علم اور طالبات گروہوں یعنی گروپ کی صورت میں سیر و تفریح کے بہانے وہاں جاتے ہیں اور اپنے ٹیچرز کے ہمراہ جا کر بے پناہ خرید و فروخت کرتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ سمگلنگ جو کہ licensed ہے یہ ہمارے لئے بہت مضر ہے اور ایسی سرحد پر جہاں کہ آپ نے کھلے بندوں سمگلنگ کی اجازت دے رکھی ہے - مجھے بتائیے کہ ایسے حالات کے پیش نظر اس آرڈیننس کا کیا حشر ہوگا - جناب والا - جو حکومت اناج اور دوسری خوردنی اشیاء کو افغانستان میں جانے سے نہیں روک سکتی تو اس کے متعلق عوام کیا سوچ سکتے ہیں -

Mr. Speaker : Mr. Akhtar is not relevant.

ملک محمد اختر — جناب والا - میں اقدامات اور تدابیر کے متعلق عرض کر رہا ہوں کہ ۱۰ دن کے عرصہ میں جو اینٹی سمگلنگ اقدامات ہیں وہ کارگر نہیں ہو سکتے اور ۳۰ نومبر تک جو میعاد بڑھائی ہے وہ

نا کافی ہے ۔ میں مختلف علاقوں کا ایک دوسرے سے موازنہ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں اور کوشش یہ بھی کروں گا کہ relevant رہوں ۔

Mr. Speaker : He would not be relevant.

ملک محمد اختر ۔ All right Sir. تو اس صورت میں میں اپنی تقریر کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ گورنمنٹ کی پالیسی ۔ اس کے افسران نا اہل اور بد دیانت ہیں ۔ وہ ذخیرہ اندوزی ۔ چور بازاری اور سمگلنگ کی سرپرستی کرتے ہیں ۔ ٹینڈو کے پتوں کی ممانعت نہیں ہو رہی اور ایسا کاروبار بدستور چلتا رہے گا اور وہ اشخاص جو اس کے عادی ہیں ان کو زیادہ رقومات دینی ہونگی ۔ اس کے بعد اس نکتہ کو چھوڑتے ہوئے میں اس طرف آتا ہوں کہ انہوں نے گو اس کی امپورٹ بند کر دی ہے لیکن بیڑی کی مینوفیکچر کیسے بند کر سکتے ہیں ۔ کیا اس کا کوئی متبادل حل موجود نہیں ہے ۔ میرا خیال ہے کہ مشرقی پاکستان سے ان پتوں کی امپورٹ ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : What objection has he if the date is extended from 30th September to 30th November ? He may please make out that point.

ملک محمد اختر ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان ۱۰ دنوں میں یہ لوگ اپنا کام نہیں کر سکیں گے ۔ یہی میرا اہم نکتہ ہے ۔ ۱۰ دن میں اس کی enforcement نہیں ہو سکے گی ۔

That is my main point.

Mr. Speaker : Will the Member please read clause (b) of Section 4 of the Principal Ordinance ?

Khan Muhammad Anwar Ali Khan Baloch : Point of order Sir.

Mr. Speaker : It theMember in his seat ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir I will read that ordinance as ordered by you :

"4. No person shall -

(b) after the 30th September, 1966, be in possession of any bidi partly or wholly made of tendoo leaves."

And I say Sir, that they will be in possession of that and the Government shall fail to control them.

میری تو یہ گذارش ہے ـــ .....

مسٹر سپیکر ـــ سوال یہ ہے ملک صاحب کہ اس آرڈیننس کے سلسلہ میں جس میں تاریخ ۳۰ ستمبر سے ۳۰ نومبر تک بڑھائی گئی ہے آپ کو یہ پوائنٹ پیش کرنا چاہئے کہ یہ تاریخ بڑھانے پر آپ کو کیا اعتراض ہے ؟

ملک محمد اختر ـــ جناب والا ۔ مجھے اس پر یہ اعتراض ہے کہ اس حکومت کی مشینری اس قابل ہی نہیں کہ وہ یہ کنٹرول کر سکے ۔ دوسرا اعتراض مجھے یہ ہے کہ جب انہوں نے اسے بالاخر بند کرنا تھا تو یکلخت کیوں نہیں کیا ۔ کیوں وہ اس طرح اپنے سیاسی پروردوں کو جگہ دے رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ـــ Why are they extending it یہ relevant-point تو آپ نے اب فرمایا ہے ۔

خان محمد انور خان بلوچ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ مشرقی پاکستان میں یہ پتا ملتا ہے ۔ اور وہ پتا اچھا ہے ملک صاحب یونہی رٹ لگائے جاتے ہیں ۔ کل یہ سارا معاملہ زیر بحث آ چکا ہے ۔ انہیں چاہیئے کہ اپنی یہ رٹ بند کریں ـــ

Mr. Speaker : I uphold the point of order raised by Khan Anwar Ali Khan Baloch and the Member should be relevant.

ملک محمد اختر ــ یہ جو تبدیلی تاریخ میں کی گئی ہے مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ ہماری جو نا اہل حکومت ہے ۔ اس کے جو نا اہل اور بد دیانت افسر ہیں وہ اسے نافذ کرنے سے قاصر رہیں گے ۔ دوسرا اعتراض مجھے یہ ہے جو میں آغاز میں کہہ چکا ہوں کہ جب اصل آرڈیننس ہی خلاف آئین ہے تو پھر ترمیم کی کیا ضرورت ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت کو یہ نرم سا قانون واپس لے لینا چاہئے ۔ اور وہ سخت دفعات جو اس وقت موجود ہیں ڈیفنس آف پاکستان رولز کی ان کے تحت کارروائی ہونے دینی چاہئے ۔ جناب والا ۔ آخری گذارش جو مجھے آپ سے کرنا ہے یہ ہے کہ سنٹرل گورنمنٹ نے جب ڈیفنس آف پاکستان کے سلسلہ میں انہیں اپنے اختیارات منتقل کر دیئے ہیں ۔ اگر یہ کسی کو بچانے کے لئے اپنے ہاتھ میں ڈنڈا لینا چاہتے ہیں ۔ تو اس کے لئے بھی یہی ایک طریقہ ہے ۔

Mr. Speaker : Malik Akhtar is not relevant he may please resume his seat. Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro (Jacobabad II) : Mr. Speaker, Sir, no doubt both these Ordinances—the main Ordinance and the amending Ordinance—start with the words "Whereas it is expedient" but the issue of this amending Ordinance within three weeks of the main Ordinance shows how inexpendient it was.

Sir, these two Ordinances having come in the days of the former Law Minister (who was very fond of Ordinances) I am sure the whole House would join me in welcoming the statement of the present Law Minister that

he would, as far as possible, avoid resorting to Ordinances. Sir, this is really a very welcome statement made by the Law Minister because we do feel that our sphere of activity was being unduly and unnecessarily transgressed by resorting to Ordinances. Had this first Ordinance not been an Ordinance and had it come before this House as a Bill where it could have been studied coolly and examined thoroughly I am sure the reasons for which the second Ordinance was brought would not have arisen and after hearing the views points of different people from different areas the Government would probably have initially realised what should have been the dates.

However, Sir, better late than never. The present amending Ordinance, I feel Sir, does not require to take much time of the House because it simply seeks two amendments of the dates. One of them has already expired and the second has just eight days to go which gives a further opportunity to people here already in possession of the leaf to be able to dispose it off.

As far as the objection of my learned friend, Malik Akhtar is concerned that it violates the Constitution I would submit that the Constitution and the Schedule to which he referred deal with regulating the import and export on the borders of this country. It does not deal with the possession of particular articles which fall within the sphere of legislation by the Provincial Government.

As far as his objection to the Constitutional provisions regarding lawful profession is concerned I would respectfully draw his attention to the words "lawful profession". Once the law is passed declaring any profession as unlawful it does not remain lawful profession as envisaged by the Constitution.

Therefore Sir, this Ordinance, namely the amending Ordinance, after we have yesterday fully discussed the main Ordinance, and one of the dates having expired and only a week left for this Ordinance (the amending

Ordinance which refers only to a change of date) should now without any further discussion be approved by the House so that we can go on to the other business.

Mr. Speaker : Would the Law Minister like to wind up the debate ?

Minister of Law (Mr. A. B. Akhund) : Mr. Speaker, Sir, the Member who has spoken just now. Mr. Soomro, has clearly stated the provisions of the Constitution-what is allowed by the Constitution under Right No : 8, lawful trade or occupation. This does not seek to prohibit lawful trade or occupation. The matter has been dealt with yesterday. The only point that needs clarification is, why has an amendment been considered necessary and why is it that the time has been extended. I owe it to the House to make a statement that on the strength of representations made by the Small Industries Corporation in the Government it was brought to the notice of the Government that some stock is lying somewhere and the dates should be extended. It was merely to accommodate the business men and the people in this trade that the date was extended and this is just for the purpose of promotion of their interest that the date was extended.

With these words I would request that the Ordinance may be approved.

Mr. Speaker : The question is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Tendoo Leaves (Prohibition on Possession and Use) (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 18th August, 1966.

The motion was carried.

THE PAKISTAN MEMORIAL CESS (WEST PAKISTAN) (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister for B. D. & Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 7th September, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 7th September, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے ذریعہ پہلے آرڈیننس میں تھوڑی سی ترمیم کی گئی ہے ۔ جیسا کہ اس ایوان کو علم ہے پہلے اس آرڈیننس کے تحت ۳۰ جون ۱۹۶۶ء تک ایک سیس لگا ہوا تھا ۔ ۵ پیسے کا سینما کے ٹکٹ پر ۵۰ پیسے کا ریسوں کے ٹکٹ پر اب اس کی میعاد میں ایک سال کی توسیع کی گئی ہے ۔ یہ بڑا اچھا کام ہے ۔ مفید کام ہے ۔ اس پر اس سال پہلے بھی بحث ہو چکی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ پورا ایوان اور ملک صاحب بھی اس سے تعاون کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ یہ تو بتا دیں کہ اب تک اس cess سے کس قدر رقم فراہم ہوئی اور کیا خرچ ہے اور وہ آپ وہاں کس طرح صرف کر چکے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس وقت تک تقریباً ۹۰ لاکھ روپے کے قریب رقم اکٹھی ہوئی ہے جس میں سے ۶۰ لاکھ روپے سے کچھ اوپر میموریل پر خرچ ہونے کا تخمینہ ہے ۔ اس کے علاوہ میموریل کے ساتھ بڈھا راوی دریا بہتا ہے جس میں گندا پانی کھڑا ہو کر بو اور تعفن پیدا کرتا ہے اس کو بھی درست

کرنا ضروری ہے ۔ ایک طرف بڈھا راوی دریا کو درست کیا جائے گا اور دوسری طرف ریسلنگ سٹیڈیم بنا دیا جائے گا ۔ ایک ہنگامی قانون کے تحت اقبال پارک کے لئے کمیٹی بنائی ہوئی ہے جو کمشنر کے تحت کام کرتی ہے جس میں عوامی نمائندے بھی ہیں اور کچھ افسران بھی ہیں ۔ جب یہ محسوس کیا جائے گا کہ اس چیز کی ضرورت باقی نہیں رہی تو کمیٹی ختم کر دی جائے گی ۔

خواجہ محمد صفدر ــــ کیا بڈھے دریا کے علاوہ اور بھی کچھ بن رہا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ــ جناب والا ۔ ابھی تک تو ہمارے ذہن میں یہی دو چیزیں ہیں کہ ایک تو بڈھے راوی دریا کو درست کرنا ہے جس کی وجہ سے وہاں پانی کھڑا ہو جاتا جاتا ہے اور دوسرے اس ریسلنگ سٹیڈیم کی گراؤنڈ جو اچھی خاصی ہے اس کو کشتیوں اور کبڈی کے قابل بنانا ہے ۔ اب وہاں خراب سا سٹیڈیم ہے وہاں ایک کچی سی دیوار کا نمونہ بنا ہوا ہے ۔ خیال ہے کہ اس کو اچھی حالت میں بنایا جائے ۔ اس کی افادیت یہ ہو گی کہ ہمارے دیسی کھیلوں مثلاً کشتیوں اور کبڈی کے لئے اچھی گراؤنڈ بن جائے گی ۔ اس وقت میموریل کے علاوہ یہ دو چیزیں ہمارے زیر غور ہیں اور یہ سیس بھی اسی لئے لگایا جا رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ــــ جناب والا ۔ میں ایک چیز وزیر بلدیات و بنیادی جمہوریت کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں کہ آج جب کہ وزیر مالیات جناب احمد سعید کرمانی ہیں انہوں نے اس آرڈیننس یا ہنگامی

قانون کو اس ایوان میں پیش کرنا پسند کیوں نہیں فرمایا اور آپ نے اس کو پیش کرنا کیوں پسند فرمایا ہے ؟

دوسری عرض یہ ہے کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں اور جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے کہ وہاں ایک لائبریری اور کیفیٹریا تعمیر کرنا بھی پروگرام میں شامل ہے ۔ شائید مجھے کسی نے غلط بتایا ہے یا مجھے غلط فہمی ہو گئی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ کرمانی صاحب سے حمزہ کو محبت ہے میں ان جذبات کو پہلے بھی جانتا ہوں ۔ میں یہ جذبات کرمانی صاحب تک پہنچا دوں گا ۔

دوسری عرض یہ ہے کہ جہاں تک اس بیس یا اس ہنگامی قانون کا تعلق ہے تو اس کے متعلق فاضل ممبر صاحب کو یاد ہو گا کہ پہلے بھی یہ قانون میں نے ہی اس ایوان میں پیش کیا تھا اور میں نے ہی اس کا جواب دیا تھا ۔ کیفٹیریا اور لائبریری کا جہاں تک تعلق ہے ان کے متعلق اس وقت تو میرے علم میں یہی چیز ہے کہ لائبریری شائید میموریل میں شامل ہے اور یہ پہلے ہی میموریل میں شامل تھی ۔ بڈھا راوی دریا اور ریسلنگ سٹیڈیم کو اب سکیم میں شامل کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک کرمانی صاحب کا تعلق ہے ان کا اس میں کوئی گناہ نہیں ہے ۔ کیونکہ پہلے بھی میں نے ہی اس قانون کو پیش کیا تھا اور اب بھی میں ہی پیش کر رہا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر بلدیات و بنیادی جمہوریت نے درست فرمایا ہوگا لیکن میرا تاثر یہ ہے کہ انہوں نے اس ہنگامی قانون کو ایوان میں پیش کرنا پسند نہیں فرمایا ۔

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر .....

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ــ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی اجازت سے یہ عرض کروں گا کہ یہ ریکارڈ تو قائم کریں کہ ایک اچھی چیز کو مان جائیں ۔

ملک محمد اختر ــ

باغ بہشت سے مجھے حکم سفر دیا تھا کیوں
کار جہاں دراز ہے ۔ اب میرا انتظار کر

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ــ غلطی یہ ہوئی کہ آپ کو باغ بہشت سے زمین پر بھیج دیا گیا ہے ۔ آپ کو دوزخ میں جانا چاہئے تھا ۔

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ .....

مسٹر حمزہ ــ آپ نے تو ملک کو پہلے ہی جہنم بنا رکھا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ولوکل گورنمنٹ ــ جناب والا ۔ فاضل ممبر صاحب تو گرم کوٹ پہنے ہوئے ہیں اس کی وہاں کیا ضرورت ہو گی ۔

ملک محمد اختر ۔ ہم تو بہشت میں ہیں جہاں آپ جیسے غلمان ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ کیا آپ اپنے آپ کو حور سمجھتے ہیں ؟ (قہقہہ)

Mr. Speaker : The Minister may please take this seat. Any thing more by any member?

ملک محمد اختر (لاہور-۲)۔ جناب سپیکر گذشتہ ۔ سیشن میں جب یہ آرڈیننس پیش ہوا تو میں نے اس وقت اس پر کچھ قانونی نکات اٹھائے تھے اور جناب نے اس پر رولنگ فرمائی ۔ غالباً جہاں تک میری سمجھ میں رولنگ آئی اسکو آئین کے آرٹیکل ۱۳۳ کے تحت پڑھنا بھی ضروری ہو گا ۔

(1) "The responsibility of deciding whether a legislature has power under this Constitution to make a law is that of the legislature itself.

(2) The validity of a law shall not be called in question on the ground that the legislature by which it was made had no power to make the law."

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر میں غلط نہیں تو اس معزز ایوان کو حق ہے کہ وہ قانون سازی کرتے وقت اس چیز کا جائزہ لے کہ جو قانون سازی کی جا رہی ہے آیا وہ legal ہے یا نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کی اجازت سے سب سے قبل میں اپنے ان دوستوں کی خدمت میں جو نہایت ہی دیانتدار اور بڑے اچھے مسلمان ہیں اور جن کا ایمان نہایت ہی مضبوط ہے عرض کروں گا کہ چونکہ اس وقت پاکستان ڈے میموریل سیس (ویسٹ پاکستان) آرڈیننس مع ان ترامیم کے جو اب تک ہو چکی ہیں ۔ پیش ہے اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ پرنسپل آرڈیننس ۱۹۶۴ کی دفعہ ۲ جو ہم نے پاس کی وہ یہ ہے ۔

(1) "A cess shall be levied and collected as hereinafter provided upon all ticket issued for admission to cinema houses and race courses.

(2) Such cess shall be levied.

(a) in the case of tickets for admission to cinema houses at the rate of five paisa per ticket and

(b) in the case of tickets for admission to race courses at the rate of fifty paisa per ticket."

جناب والا ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ اس چیز کو علیحدہ چھوڑتے ہوئے ہم یہ جو طریق کار ایک نیک مقصد کے لئے اختیار کرنا چاہتے ہیں وہ نہایت ہی قابل اعتراض ہے کیونکہ ہم شرع کی رو سے ریس اور جوا کو جائز نہیں سمجھتے بلکہ اس سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ آئین کا چیپٹر نمبر۲ یہ provide کرتا کہ جو بھی فعل ہم کرنے والے ہوں ہم پہلے ہی اس سے آگاہ ہوں کہ ہمارے جو معاملات ہیں ان میں کہاں تک ہم غیر شرعی حد تک جا رہے ہیں ۔ جناب والا چیپٹر نمبر۲ آرٹیکل نمبر۸ کے آگے یہ provide ہے جسکے تحت ایک heading Principles of Policy کیا گیا ہے ۔

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah.

Explanation. In the application of this principle to the personal law of any Muslim sect, the expression "Quran and Sunnah" shall mean the Quran and Sunnah as interpreted by that sect."

It further says—

"Islamic Way of Life.

1. The Muslims of Pakistan should be enabled, individually and [collectively, to order their lives in accordance with the fundamental principles and basic concepts of Islam, and should be provided with facilities whereby they may be enabled to understand the meaning of life according to those principles and concepts.

2. The teaching of the Holy Quran and Islamiat to the Muslims of Pakistan should be compulsory.

3. Unity and the observance of Islamic moral standards should be promoted amongst the Muslims of Pakistan.

4. The proper organization of zakat, wakfs and mosques should be ensured."

جناب والا ۔ یہاں پر بہت سے ایسے معزز اراکین تشریف فرما ہیں جو کم از کم مجھ سے بہت زیادہ بہتر مسلمان ہیں اگر اس ایوان کے privileges کی breach نہ ہوتی ہو تو کم از کم میں اسے اپنا ہی فعل بنا کر پیش کرتا ہوں ۔ اور میں انھیں یقین دلاتا ہوں کہ میرے خیال میں اس طرح سے تین اصولوں سے انحراف کیا گیا ہے ۔ سب سے اول یہ کہ ہمارے اسلامی قوانین کے مطابق چلئے سینما دیکھنا تو ایک عام evil بن چکا ہے ۔ لیکن کم از کم races کو یا اس سے حاصل کئے ہوئے cess کو جاری رکھنے کی آپ کوئی justification نہیں دے سکتے ۔ میاں صاحب شاید یہ فرمائیں کہ چونکہ میں سینما تو دیکھتا ہوں گا اور races پر نہیں جاتا ۔ تو اس لئے میں سینما کے متعلق یہ عرض کر رہا ہوں ۔ (قطع کلامیاں) جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہم جو قانون بنا رہے ہیں ۔ ہمارا جو موجودہ آئین پاکستان ہے ۔ بلکہ میں کچھ اس سے بھی آگے جاتا ہوں کہ قرآن اور سنت کے علاوہ آپ نے اس آئین کو بھی ایک مقدس کتاب کی حیثیت دیدی ہے اور اسی آئین کی وضاحت آپکو اس قانون سازی کی اجازت نہیں دیتیں ۔

جناب سپیکر ۔ اسکے بعد میں نے یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ جو دفعات میں نے ابھی پڑھی ہیں جن میں یہ کہا گیا ہے کہ اسلامی طریقے سے آپ ایک عام مسلمان شہری کی زندگی کو regulate کریں ۔ آپ اسکے برعکس

licensed اسکو encourage کر رہے ہیں کہ وہ ٹیکس ادا کرے اور gambling کے ذریعے سے ان سے ٹیکس وصول کرنے کا جواز تلاش کر کے اسکی زندگی کو regulate کرنا چاہتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا مجھے افسوس ہے ۔ کہ فاضل ممبر relevant نہیں ہے کیونکہ ہم نے gambling پر تو ٹیکس نہیں لگایا ۔ ہم نے تو اس ٹکٹ پر ٹیکس لگایا ہے ۔ جسے خرید کر لوگ اندر جاتے ہیں ۔ اس سے زیادہ تو اس کا اور کوئی تعلق نہیں ہے ۔ وہاں تو ہر کوئی جا سکتا ہے وہ جو کچھ فرما رہے ہیں وہ اندر جانے کے بعد کا معاملہ ہے کہ اندر جا کر کوئی کیا کرتا ہے ہم تو ٹیکس صرف ٹکٹ پر لگا رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر۔میں یہ سمجھنے پر مجبور ہوں کہ وہاں آپکے منٹگمری کے گھوڑے ہی زیادہ تر دوڑتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ــ منٹگمری تو کوئی ضلع نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ ابھی تو الیکشن ایکٹ میں کوئی ترمیم نہیں ہوئی ۔ اس طرح سے تو وہاں کے سب ممبر یہاں سے چلے جائیں گے اور ابھی تو اس میں منٹگمری کا لفظ چل رہا ہے ۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں یہ قانون غیر قانونی، غیر شرعی اور آئین کے تقاضوں کے منافی ہے وہاں اس قانون میں ایک اور سقم

بھی ہے اور اس قانون کے تحت یہ کوشش کی گئی ہے کہ جو cess یا ایکٹ جسکی کہ ہم آرڈیننس کے ذریعے ترمیم کر رہے ہیں - یہ ۱۹۶۴ء کا ایکٹ ہے - اس میں یہ دونوں cesses (میں اس دفعہ کو نہیں دہراؤں گا جو میں نے ابھی پڑھی ہے اور سینما اور races کے متعلق ہے -) جو کہ ٹیکس کی تعریف میں آتے ہیں انکو جاری رکھنے کے لئے آرڈیننسوں کا سہارا لیا گیا ہے -

جناب سپیکر ــ اس بدنصیب ملک میں تمام آئینی روایات اور حقوق کو بتدریج ختم کیا جا رہا ہے - انہوں نے اس مشہور ضرب المثل کو بھی بھلا دیا ہے کہ صرف عوامی نمائندے ہی ٹیکس لگانے کے مجاز ہیں - میری مراد یہ ہے کہ اس مقدس کتاب کے آرٹیکل نمبر ۹۰ کے تحت ــ

"No tax shall be levied for the purposes of a Provincial Government except by or under the authority of an Act of the Provincial Legislature."

جناب والا - صوبائی مقننہ کا مقصد ہرگز صوبائی گورنر نہیں ہے -

Mr. Speaker : I think the Member is aware of the ruling.....

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to that. I am trying to convince these gentlemen.

Mr. Speaker : There is my ruling on that point.

Malik Muhammad Akhtar : That no point of order can be raised.

آپ نے یہ رولنگ فرمائی تھی کہ اس معاملے پر کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھایا جا سکتا - لیکن یہ کہ ایوان میں اس پر صرف تقریر کی جا سکتی ہے اور یہ اراکین ایوان ہی کا privilege ہے کہ وہ اس بات پر فیصلہ

صادر کریں کہ یہ انکے دائرہ اختیار میں ہے یا نہیں کہ اس مسئلے پر بحث کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ تو بنیادی حقوق کے متعلق بات تھی ۔ لیکن جہانتک اس زیر بحث مسئلے کا تعلق ہے ۔ میں نے اپنی ایک سابقہ رولنگ میں یہ قرار دیا تھا کہ گورنر صاحب کو اپنے آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار ہے جس میں کہ ٹیکس لگایا گیا ہو۔ اور غالباً آپ اس ایوان کے سامنے یہ نکتہ پیش کرنا چاہتے ہیں کہ اس آرڈیننس میں بھی ٹیکس لگانے کی تجویز ہے اور یہ کہ یہ آرڈیننس اس وجہ سے جاری نہیں کیا جا سکتا ۔ لہذا میری اس رولنگ کے پیش نظر آپ کوئی پوائنٹ آف آرڈر بھی نہیں اٹھا سکتے کیونکہ اس پر پہلے ہی ایک رولنگ موجود ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ بہر حال جیسا کہ آپکا ارشاد گرامی ہے ۔ مگر میرا اندازہ ہے کہ آپ نے یہ hold کیا تھا کہ یہ اس ایوان کے دائرہ اختیار میں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ اسکے متعلق تھا کہ اگر یہ ظاہر کرنا چاہتے ہوں کہ یہ امر اس دائرہ اختیار میں نہیں ہے تو پھر اسے ایوان کے سامنے رائے دینے کی غرض سے پیش کیا جا سکتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہی عرض کر رہا ہوں ۔

That is actually what I am doing.

دو باتیں ہونگی

It is for the House to decide the competency on powers. The other thing is ; on the other hand it has been ruled that the Governor was competent to levy the tax.

جناب سپیکر ۔ میرا اندازہ ہے کہ اس میں کچھ confusion ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ اس صورت میں جہاں تک ہاؤس کی competency کا تعلق ہے اس کے متعلق آپ argue کر سکتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ میں یہی argue کر رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ــ نہیں آپ یہ argue نہیں کر رہے بلکہ آپ یہ argue کر رہے ہیں کہ گورنر صاحب competent نہیں ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ I stand corrected, Sir, آرٹیکل ۹۰ کے تحت جو آرڈیننس جاری کیا گیا ہے اس کو یہ ہاؤس ratify کرنے کا مجاز نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ــ طریق کار یہ ہے کہ آرٹیکل ۹۷ کے تحت گورنر صاحب اس کا نفاذ کرتے ہیں اور پھر (۳)۹۷ کے تحت اس کا procedure یہ ہے ۔

> "If, before the expiration of the prescribed period, the Assembly of the Province, by resolution, approves of the Ordinance, the Ordinance shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature, but if, before the expiration of that period, the Assembly of the Province, by resolution, disapproves of the Ordinance, it shall cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, upon the passing of the resolution."

تو جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آرڈیننس کے ذریعے cess کو جو continue کرلیکا طریقہ کار ہے اگر بنیادی طور پر آسے درست ہی قرار دے دیا جائے تو میں اسکے بعد بھی عرض کرونگا کہ یہ معزز ایوان اس آرڈیننس کو اس form میں منظور نہیں کر سکتا ۔ اس کے لئے میرے reasons یہ ہیں کہ آپکے financial procedure کے تحت آپ نے جو

Act of Provincial Legislature بنانا ہے اسکا یہ طریقہ ہے کہ باب نو حصہ ۳ اور ۴ کے تحت جو آپکے Assembly Rules of Procedure ہیں انکا سارا ضابطہ پورا کیا جائے ایک بل آپ کے سامنے آئے اسکی پہلی دوسری اور تیسری ریڈنگ کے بعد آپ اسے approve کریں اور وہ بل آرٹیکل ۱۷۸ کے تحت جو کہ ایسے ہے ۔

"When the Governor of a Province has assented to, or is deemed to have assented to, a Bill passed by the Assembly of the Province, it shall become law and shall be called an Act of the Provincial Legislature of the Province."

تو جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ احسن اور قانونی طریقہ یہ ہے کہ اس کو extension کے لئے بجائے اس کے کہ یہ آرڈیننس کے ذریعہ کی جائے پہلے اسے ایک ایکٹ کے ذریعہ نافذ کیا جائے اور پھر Act of Legislation سے اس کی imposition کی جائے۔

یہ ایک قلیل سی رقم ہے اور لوگ اس کے لئے کوئی قانونی کارروائی نہیں کرتے البتہ اگر کوئی عام Industrialist اس کا شکار کیا جاتا اور سیس کسی بڑی مقدار میں وصول کیا جاتا تو یہ چیلنج ہو کر ختم ہو چکا ہوتا۔ جناب سپیکر ۔ میں نہایت مشکور ہوں کہ آپ نے وضاحت کا موقع دیا ہے۔ میں نے بڑے brisk طریقہ سے اس نقطہ کو ختم کیا ہے بس ایک ذرا سا اور نقطہ بیان کرنے کے بعد اس کے merits پر آؤں گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت۔کیا ابھی کچھ باقی ہے ؟

ملک محمد اختر۔جناب یہ تو بڑی بات ہے ۔ یہ پاکستان تو محمد بن قاسم کے زمانہ سے بن رہا ہے ۔

Mr. Speaker : The Members should not indulge in cross-talk.

ملک محمد اختر۔ I apologise, sir,

جناب سپیکر۔ سیکشن ۲ کی سب کلاز ۴۵ کے حوالہ کے بعد میں اگلے پوائنٹ پر چلا جاؤں گا۔

2. (45)

West Pakistan General Clauses Act, 1956 says:--

"Pakistan Law. - Pakistan Law shall mean any Act, Ordinance, Regulation, Rule, Order, or Bye-law which before the establishment of the Federation of Pakistan had the force of law in British India or any part thereof, or thereafter has the force of law in Pakistan or any part thereof, other than a Federated State, but does not include any Act of Parliament or any order in council, Rule or other instrument made under an Act of Parliament."

جناب سپیکر۔ میں تو یہ کہوں گا کہ آرڈیننس کی حیثیت اور ہے ایکٹ کی حیثیت اور ہے Legislative Capacity اور financial procedure کی حیثیت اور ہے۔ اگر معزز اراکین اسے پاس کرنا منظور کریں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ صرف اپنے majority کے ڈنڈے سے کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر۔ سب سے پہلے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پاکستان میموریل سیس ۲۰ اپریل ۱۹۶۴ کو notify ہوا اور آج کم وبیش اڑھائی سال گزر چکے ہیں۔ اتنے بڑے نیشنل کام کو اڑھائی سال کے بعد بھی کیوں پایہ تکمیل تک نہیں پہنچایا گیا۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ ملک اختر صاحب ایک بات پر قائم نہیں رہتے۔ کبھی کہتے ہیں یہ سیس نہیں ہونا چاہئے کبھی کہتے ہیں کہ یادگار تعمیر نہیں ہوئی یا یہ کہ اڑھائی سال میں کیوں تعمیر نہیں ہو سکی۔ اگر وہ کوئی بات کرتے ہیں تو ان کو اس پر قائم رہنا چاہئے۔ جب کوئی نقطہ بیان کرتے ہیں تو اس

پر کیوں قائم نہیں رہتے ۔ کبھی ایک بات کے حق میں ہوتے ہیں کبھی اسی بات کے خلاف ہوتے ہیں ۔ اس وقت یہ چیز بے حد مضر صحت ہو رہی ہے اور یہاں بیٹھنا محال ہو رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

ملک محمد اختر۔ میں سمجھتا ہوں کہ پولیٹیکل پارٹی کی مجبوریوں کی وجہ سے آپ ادھر سے ادھر نہیں جا سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جیسا کہ میں نے پہلے واضح کر دیا ہے کہ میں یادگار کے قیام کا حامی ہوں لیکن جوئے سے جمع کی ہوئی رقم سے نہیں بنانا چاہتا ۔ اس حکومت پر آئندہ نسلوں نے یا کسی مورخ نے کوئی اعتراض کیا تو یہ ہوگا کہ جس قوم نے خون بہا کر پاکستان حاصل کیا ہے اس کی یادگار غیر شرعی اور غیر اسلامی طریقہ سے حاصل کی ہوئی رقومات سے پایہ تکمیل تک پہنچی ہے ۔ ہو سکتا ہے کسی وقت مجھ سا کوئی دیوانہ ایسی بات کہہ دے ۔ اس کے بعد میں یہ گزارش کروں گا کہ ۱۹۶۴ میں اس کی تعمیر کا خیال آیا اگر یسین وٹو صاحب میری جان بخشی کا وعدہ کریں تو میں عرض کروں گا کہ وہ بڑے مجرم ہیں جن کو قیام پاکستان سے ۱۷ سال بعد اس چیز کا خیال آیا کہ ایک یادگار کا قیام عمل میں لایا جائے ۔

جناب سپیکر۔ ۱۷ سال کے بعد جو خیال آیا وہ بھی اس طرح کہ لاہور کارپوریشن نے ایک ریزولیشن پاس کیا اور ایک ہمدرد کمشنر صاحب نے ایک کمیٹی بنا دی اور کہا کہ چندہ فراہم کرنے کا بندوبست کیا جائے اور اس کے لئے فنڈز مہیا کیئے جائیں ۔ original idea تو پہلے پیش کیا گیا تھا

اور یادگار کا ایکٹ بعد میں زیر غور آیا جسکا کریڈٹ اب محترم بھائی یسین خان وٹو صاحب لے رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں ان قربانیوں کے پیش نظر جو اس ملک کو حاصل کرنے کیلئے کی گئی تھیں اس ایکٹ کے سیکشن ۲۔ کو اور جس کے ذریعہ یہ رقومات فراہم کیجانے والی ہیں ضروری نہیں سمجھتا ۔

چودھری محمد سرور۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب آج ملک صاحب پھر بہک گئے ہیں انکا علاج کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر۔یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا بہک جانا پارلیمانی لفظ ہے ؟ یہ سراسر زیادتی ہے ۔

Me. Speaker That is not unparliamentary but improper.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر۔ قیام پاکستان کے بعد لوگوں کو انگریزوں اور ہندوؤں کی غلامی سے نجات ملی تھی ۔

Mr. Speaker: The Member is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : The Ordinance relates to the Pakistan Memorial Cess. I can discuss the ideology of Pakistan and I expect that a staunch Muslim Leaguer like you would certainly not object to that.

Mr. Speaker : The position is that so far as this Ordinance is concerned only the period for the imposition of the tax has been extended.

Malik Muhammad Akhtar : The entire Ordinance has been reimposed.

Mr. Speaker : Not at all. The Member is sadly mistaken. The Ordinance is there. So far as the imposition of a particular tax is concerned that period has been extended and not the Ordinance itself.

ملک محمد اختر۔جناب والا ۔ اس ایکٹ کا جو object ہے اور اسکا جو پس منظر ہے وہ میں ۔ ۔

Mr. Speaker : The Member can only discuss the imposition of the tax or extension of the period for the imposition of the tax.

ملک محمد اختر ۔جناب مجھے یہی کہنا ہے کہ یہ ناجائز طریقہ کار سے حاصل کی ہوئی رقومات اس مقدس کام کیلئے لگائی جائیں گی اور وہاں لگائی جائیں گی اور اس سرزمین پر لگائی جائیں گی جسکا آغاز محمد بن قاسم کے حملہ سے ہوا تھا ۔ قیام پاکستان کے بعد آج وہ لوگ جو وزیر بنے بیٹھے ہیں اور بڑے بڑے صنعتکار نظر آرہے ہیں اور بڑے بڑے کمرشل اداروں کے مالک ہیں اسی قیام پاکستان کے باعث اس حیثیت تک پہونچے ہیں ۔

خان محمد یوسف خان ۔۔ جناب میں ان سے پوچھتا ہوں کہ معین الدین چشتی پہلے آئے تھے یا محمد بن قاسم آئے تھے ۔

ملک محمد اختر۔ قیام پاکستان کیلئے جو جدوجہد کی گئی اسکے لئے قائداعظم کی مسلم لیگ اور وہ مسلم لیگ جو قائداعظم نے بنائی تھی ۔

Mr. Speaker : He is again not relevant. He may please resume his seat.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب سپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ پاکستان میموریل cess پر ہم ایسی باتیں آپ کے سامنے پیش کر سکتے ہیں کہ یہ میموریل کس غرض کیلئے بنایا گیا ہے اسکی کیا اغراض تھیں اسکا پس منظر کیا تھا اور پاکستان کے بنانے کا مطلب کیا تھا یہ سب باتیں بڑی relevant ہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ ملک اختر صاحب کا یہ خیال تھا کہ پہلے آرڈیننس کو extend کیا جا رہا ہے ایک سال کیلئے میں نے عرض کیا ہے کہ یہ ایک سال کیلئے extend نہیں کیا جا رہا ہے بلکہ imposition آف ٹیکس کی میعاد بڑھا دی گئی ہے ۔ جہاں تک imposition آف ٹیکس کا مسئلہ ہے اسکے لئے یہ کہنا کہ اضافہ کیا جارہا ہے غلط ہے ۔ یہ صرف میعاد بڑھانے پر کچھ کہیں تو relevant ہونگے other wise یہ relevant نہیں ہوں گے ۔

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot IV): Sir, if you read the original Act and this amending clause you will come to the conclusion that the whole Act itself is actually being given effect for another year or so. Therefore, Sir while you are imposing a tax on the society for fulfilling a purpose we have a right to discuss the purpose itself and here the question of dates does not arise. Your interpretation would have been correct in case of tendoo leaves Ordinance but not here.

Mr. Speaker : One section of this Ordinance is being extended and not the rest of the provisions.

Chaudhri Anwar Aziz : This will be a lengthy discussion and I don't think the House will allow me time.

خواجہ محمد صفدر ــ جب ہم میعاد بڑھاتے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ اس قانون کا جسکی میعاد بڑھاتے ہیں اطلاق تمام صوبے پر ہوگا ۔ اسلئے وہ سارا کا سارا قانون زیر بحث آسکتا ہے ــ

مسٹر سپیکر ــ خواجہ صاحب ہم اس آرڈیننس کے object کی لائف کو نہیں بڑھا رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ اسکی لائف بڑھا رہے ہیں سیکشن ۲ــجو operative ہے یہی ہے ــ

مسٹر سپیکر ــ آپ سیکشن ملاحظہ فرمائیے ۔

Khawaja Muhammad Safdar :

"The cess described in section 2 shall be levied (upto the thirtieth day of June 1966) but Government may, by notification in the official Gazette, extend the said period for a further period not exceeding one year."

مسٹر سپیکر ــ میرا خیال ہے کہ آپ کے پاس up to date آرڈیننس نہیں ہے آپ نے پرانا پڑھا ہے ۔ up to date سیکشن ۴ (اے) اور (بی) ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ یہ میرے پاس ہے ۔ یہ سن ۱۹۶۶ کا چھپا ہوا ہے ۔ اسمیں (سی) بھی ہے ۔ صرف اسمیں (۴) جو ہے اسکے ۶۶ کو ۶۷ کیا گیا ہے باقی تمام آرڈیننس کی provisions اسی طرح ہیں ۔ جب اس آرڈیننس کی میعاد ختم ہو جائے گی تو باقی provisions ۴ ۔ (اے) ۔ (بی) ۔ (سی) یہ سب lapse کر جائیں گے ۔

مسٹر سپیکر ــ اسکی میعاد سنہ ۱۹۶۷ میں ختم نہیں ہوگی ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب ہوجائیگی ۔

مسٹر سپیکر ــ اگر وہاں میعاد کی قید ہوتی تو اس کلاز میں دی ہوتی ۔ وہاں یہ نہیں ہے سیکشن ۴ ۔ جو ہے اسمیں cess for a further period leviable ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر ــ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۴ ۔ (اے) (بی) (سی) جو ہے اسمیں ایک کمیٹی بنائی گئی ہے اسکے ذمہ یہ ہے کہ enforcement ختم ہو جائیگی اور اسی لئے cess ایک سال کیلئے بڑھا دیا ہے اسطرح قانون کے لوازمات کی میعاد بھی بڑھ جاتی ہے ۔ اب cess کے اغراض کیا ہیں ؟ cess کے اغراض یہ ہیں کہ پاکستان ڈیے میموریل

بنایاجائے اسکی تعمیر کی جائے اور پاکستان ڈے کیا چیز ہے اسکے متعلق اگر ہمارے دوست ملک محمد اختر صاحب کچھ کہیں تو وہ most relevant ہیں اور اگر وہ اس پالیسی پر بولیں تب بھی relevant ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اگر Principal ایکٹ میں ترمیم کیجائے تب relevant ہونگے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے آپ سے پورا اتفاق ہے کہ وہ اسمیں کچھ نہیں کہہ سکتے لیکن اسمیں کچھ اسکا background تو موجود ہے ۔ اگر ٹیکس نہیں لگا رہے ہیں تو ٹیکس کی میعاد تو بڑھائی جا رہی ہے ۔ ہمیں مزید روپے کی اسی لئے تو ضرورت ہے کہ میموریل پایہ تکمیل کو پہنچ جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ملک صاحب اسکے متعلق کچھ کہیں تو وہ relevant ہوں گے ۔ گو میں آپ کے ساتھ مل کر ان سے درخواست کروں گا کہ وہ مختصر ہو جائیں ۔ ویسے اسکی relevancy میں مجھے کوئی شک نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا ہے اور جہاں تک آرڈیننس کا تعلق ہے وہ آپ کے ارشاد کی تائید کرتا ہے اور جو اس میں توسیع ہے وہ صرف cess کی غرض سے ہے ۔ آپ دفعہ ۴ کے بعد جتنی دفعات ہیں ان کا ملاحظہ فرما لیجئیے ۔ وہ کمیٹی کو تشکیل دینے سے متعلق ہیں اور جہاں تک آرڈیننس کا تعلق ہے It remains on the Statute Book. Only its extension to the extent of cess is sought by this Ordinance. So now the only question under discussionis the cess which has been imposed.

اگر آپ سارے آرڈیننس کو relevant قرار دے دیں گے تو جو پہلے پاس ہو چکا ہے اور جو Statute Book کا حصہ ہے تو وہ حصہ relevant نہیں ہوگا ۔ صرف extension کا تعلق ہے اسوقت ۔

خواجہ محمدصفدر ۔ ہم جناب والا ۔ اسکی A. B. C. کو discuss نہیں کر رہے بلکہ ہم تو imposition of tax کو discuss کر رہے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ فاضل سپیکر کے لئے ہے کہ وہ کس حد تک مناسب سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : There is a way of putting things.

اور پھر رولنگ بھی ہے لیکن یہاں تو ٹیکس دینے کا تعلق ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Mr. Speaker, Sir, Mr. Muhammad Yusaf wants to say something about this Ordinance and then please hear me also before you give a ruling.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Muhammad Yusuf Khan.

Mr. Muhammad Yusaf Khan : Sir, my humble submission is that your honour has already remarked that this ordinance, as it was approved last time by the legislature. Now the amendment proposed relates to a particular section and that too for the extension of the period of time. Naturally, Sir, it is quite obvious that relevancy will be only limited to this extent whether the time should be extended or not. Question is not what for this tax was levied or the cess was levied. That has already been approved by the legislature and a full discussion and full debate has already been held on that portion of the Ordinance. Indeed the point, to me it appears, is that relevancy is only to the extent as to why this period should be extended for the levy of the cess, and whether it should be or should not be so extended. That is the point which the member of this House can discuss.

My learned friend has said that this relates to cess. Undoubtedly it does relate to cess, but here it relates only to the cess for a particular period of

time, that is, to the extension of time but not to the cess as a whole. That matter has already been decided by this House. And further, Sir, what about the method ? How it will be appropriated, what will be the way, those matters still exist, and, therefore, it cannot be said that we are going to legislate anything taking into consideration the whole of the ordinance as such. No. So my humble submission will be that any other matter relating to the history of Pakistan or the need of the memorial, etc., all these matters are irrelevant to the subject now on the anvil in this House.

Chaudhri Anwar Aziz: Sir, in such an interpretation there is to be a raison d'etre. The raison d'etre in certain interpretation will obviously be in favour of considering the whole Act because if you will please read this Act again, you will see that in section 4 we are considering the period for which the cess was levied ; in section 3 we are considering the manner in which the cess is to be levied and collected ; in section 2 it is the levy of the cess itself; then whole Act consists of only one Preamble, and then section 5 empowers the Committee to make rules and carry out the purpose of this Act. Therefore, the kernel of this whole Act is section 4, and when you are extending the basis, the very root of the whole Act, then you should be able to consider that Act as a whole.

Secondly, Sir, when we are going to give more money and impose another tax on the people, we have a right to discuss what has been done, why was it done, how far we have achieved the purpose, and should we allow it further in this particular case. We should consider not only the cess when we are going to extend the period but we can also consider even the basis for which we started the whole thing. This is a legislature Sir. Here we sit to re-assess things, to re-examine ourselves. We are not sitting here to just circumscribe ourselves in a particular limit and say this is the only point, that we can consider '66 or '67; you say 'yes' or 'no'. We can give you ideas, we can examine and illuminte the mind of the public as to why we are imposing the tax for another year.

Therefore, I think you should give a liberal interpretation to this and allow us to discuss it.

مسٹر سپیکر ــ فیصلہ طلب امر یہ ہے کہ آیا کسی ترمیمی آرڈیننس کی اگر صرف ایک شق کو جیسے کہ موجودہ ترمیمی آرڈیننس کی صرف ایک شق کی ترمیم کی گئی ہے اور اسمیں ٹیکس لگانے کی میعاد کو بڑھایا گیا ہے کیا اس ترمیم کی بنا پر پہلا آرڈیننس بنیادی آرڈیننس بھی زیر بحث لایا جا سکتا ہے ۔ یا زیر بحث نہیں لایا جا سکتا ۔ میرے خیال میں جیسا کہ چودھری انور عزیز نے کہا ہے اگر یہ اصول بنا لیا جائے کہ ایک ترمیم کی بناء پر پرنسپل ایکٹ مارے کا سارا زیر بحث لایا جا سکتا ہے تو پھر کوئی ترمیمی آرڈیننس یا ترمیمی بل ایسا نہیں ہو سکتا جس سے پرنسپل ایکٹ کو زیر بحث نہ لایا جا سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ رولز آف پروسیجر اور پارلیمنٹری پریکٹس کا یہ منشا نہیں ہے کہ ایک ترمیمی آرڈیننس کے ذریعے پرنسپل آرڈیننس کو زیر بحث لایا جا سکے ۔ جہاں تک موجودہ آرڈیننس کا تعلق ہے اسمیں صرف ایک سال کی میعاد ٹیکس لگانے کی بڑھائی گئی ہے اور جہاں تک اس امر کا تعلق ہے کہ ٹیکس کی میعاد ایک سال نہیں بڑھائی جانی چاہئیے اس سلسلہ میں جو دلائل فاضل ممبر دینا چاہتے ہیں وہ اس حد تک relevant ہوگا لیکن اگر وہ اسکی بیک گراؤنڈ دینا چاہتے ہیں تو وہ relevant نہیں ہوگا ۔

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ آپ کی رولنگ کے بعد اور اس کے احترام میں میں بقایا سب چیزیں چھوڑتے ہوئے سب سے پہلے میں وزیر متعلقہ سے یہ دریافت کرنے کی جسارت کرنی چاہتا ہوں کہ اس میں کیا estimated costs تھیں اور جب سن ۶۳ میں اس قانون کا نفاذ کیا گیا تو یہ ٹیکس جو لگایا گیا ہے اسکی یہ دفعہ تھی .....

"The cess described in section 2 shall be levied for a period of two years from the coming into force of this Act but Government may by notification in the official Gazette extended the said period for a further period not exceeding one year."

جناب سپیکر ــ ہمارے ہاں طریق کار یہ ہے کہ جب کسی بلڈنگ ، جب کسی یادگار یا جب کسی مقبرہ کو بنانا مقصود ہوتا ہے .....

وزیر بنیادی جمہوریت ــ ملک صاحب آپ یادگار کے ساتھ مقبرہ کا کیوں ذکر کرتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ اس لئے کہ وہ جمہوریت کا مدفن ہو جائے ۔ تو اسکی یہ بنیادی ضرورت ہے کہ اسٹیمیٹ مرتب کئے جائیں ۔ جناب والا ۔ جس وقت یادگار پاکستان کا اسٹیمیٹ مرتب کیا گیا اس وقت یہ ظاہر کیا گیا ــــ میرے پاس لٹریچر موجود ہے ــــ کہ اس کے تمام پہلوؤں کو پیش نظر رکھا گیا تھا ۔ یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ اس عمارت کی بلندی کس قدر ہوگی ۔ اسکا قطر کس قدر ہوگا ۔ لان کس قدر ہونگے ساز و سامان کس کس قدر ہوگا ۔ اخراجات کس قدر ہونگے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ اندازہ تھا کہ ایک سال تک سنیما کے ٹکٹ پر سیس لگا کے ریس کے ٹکٹ پر cess لگا کے جو رقوم فراہم ہونگی ان سے اغلباً اخراجات پورے ہو جائیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر متعلقہ وزیر صاحب ان تمام اخراجات کا گوشوارہ اس ایوان میں پیش کرکے موجودہ ترمیم کو حق بجانب ثابت کرتے کہ اس ترمیم سے اس قدر رقم حاصل کرنا ۔ لوب ہے اور اخراجات کا یہ اسٹیمیٹ ہے ۔ .....

حاجی سردار عطا محمد ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ملک صاحب نے ایک لفظ مطلقہ منسٹر کہا ہے ۔ وہ کیا ہے ؟

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ ہمارے پاس ایک نہایت ہی قابل محکمہ انجینئرنگ کا ہے .....

Mr. Speaker : Please be relevant.

خان محمد انور علی خان بلوچ ــ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ یہ سوال پہلے بھی آ چکا ہے ۔ اسکا جواب بھی مل چکا ہے ۔ اس سے تسلی بھی ہو چکی ہے ۔ خواجہ صاحب نے سوال کیا تھا ۔ وٹو صاحب اس کا جواب دے چکے ہیں ۔ پھر وہی سوال دھرایا جا رہا ہے ۔ ان کی پھر بھی تسلی نہیں ہوگی ۔

ملک محمد اختر ــ اگر آپ یہ سننے کے لئے تیار نہیں ہیں تو کیوں ہجرت کرکے ہندوستان نہیں چلے جاتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ ہماری پی ڈبلیو ڈی میں estimates کا طریقہ ہے ۔ وہ estimates ہمارے ڈرافٹسمین تیار کرتے ہیں پھر انجینئر انہیں چیک کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : He may please resume his seat.

میاں محمد شفیع ــ جناب والا ۔ ملک صاحب اتنی لمبی چوڑی تقریر.....

Mr. Speaker : The Member may also please take his seat. He has resumed his seat.

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot-IV) Sir, I have a few words to say. I think this Act provides for a geat and grand noble cause. Of course, we support this amendment but there are certain things which this amendment brings to our notice and I deem it my duty to point them out. Firstly, if there was ever a stop-gap Ordinance this is a good example of it and, I hope, in future we will not be having such stop-gap arrangements. Section 2 of the Ordinance says -

> "..... shall be deemed to have been so substituted with effect from the 30th June, 1966."

This is giving a retrospective effect even to a taxation law. An ordinary civil law, when it is retrospective, has always been criticised by great jurists. To

give retrospective effect to a criminal law is in itself considered to be criminal. But when you are also giving retrospective effect to a taxation law that is really the height of cruelty. I hope, in future, the Departments concerned would be able to plan their schedule well ahead of time and let us know what they want to do with the public money.

Secondly, this amendment has been going on from year to year. A parent Act gave them power to extend themselves by their own Act for one year, then again they extended it for another year and now once again they are before us for the extension of another year. If you remember, during the last session, I had pointed out about the Karachi Goondas Act as having been extended every year for nine years.Why don't the Departments concerned plan ahead ? Therefore, my submission is that instead of asking for 1967. I would have been very happy if Mian Yasin Wattoo had asked for 1977.

Sir, I have some other ideas to put forward before this House. I firmly believe that a nation which does not honour its heroes slowly ceases to produce heroes. We have great and glorious historical heritage and it pains me to see that most of them are withering away before our eyes because we do not have enough funds.

According to the figures that have been given by Mian Sahib in this House, I think, an average of rupees thirty lacs is collected by this taxation every year. That is a huge sum. I would like to congratulate Mian Sahib for selection of places where he has imposed this taxation. People when they go to the movie houses or when they go to race course are in a mood and they do not mind if they have to pay 5 paisas or 50 paisas more. Therefore, we are collecting this money in a way that the public harmony is not jeopardized at all. I think a new Act, which proposes for the restoration of places where our great men have lived, the roads where they have walked, the places where they have worked, the pens with which they have written and the places where they have made speeches and contributed to our herigate, should be brought in so that these places are preserved. These things will give encouragement and inspiration to our future generations that if they would do patriotic and heroic deeds the nation has got the capacity to honour its heroes.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) — جناب والا - میں اس معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا - دو ایک باتیں جو میرے ذہن میں آئی ہیں وہ آپ کے سامنے عرض کئے دیتا ہوں ہو سکتا ہے کہ میں اس معزز ایوان کی رائے کو تبدیل کرنے میں کامیاب ہو جاؤں - میری رائے میں یہ ٹیکس لگانے کی اب ضرورت نہیں ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ ۱۹۶۴ء سے لے کر ۱۹۶۶ء تک تقریباً ڈیڑھ سال میں جیسا کہ محترم وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا ہے ۹۰ لاکھ روپے اس ٹیکس کی صورت میں ہم جمع کر چکے ہیں - اور اس میں ۶۰ لاکھ روپے ہم صرف کر چکے ہیں - اور جہاں تک میری معلومات ہیں اس مینار کی تقریباً تکمیل ہو چکی ہے - اس پر اب کم خرچ آئیگا - میری اطلاع کے مطابق وہاں ایک چھوٹی سی لائبریری بھی قائم کی جا رہی ہے - اور اس کے ساتھ ایک چھوٹے سے کمرے میں نمائش گاہ یا میوزیم کہہ لیجئے بھی بنائی جا رہی ہے - میاں صاحب کو یہ سب معلوم ہونا چاہئے اور ضرور معلوم ہوگا میری اطلاع کے مطابق ان دونوں پر تقریباً دو لاکھ روپیہ خرچ آئیگا - اس کے متعلق میں بعد میں عرض کرونگا کہ ان کا جو نقشہ یا منصوبہ ہے وہ کافی بھی ہے یا نہیں - جناب محترم میاں محمد یاسین صاحب وٹو نے اطلاع دی ہے کہ اس کے متعلق صرف دو چیزیں باقی رہ گئیں ہیں جن کا ابھی حال ہی میں اضافہ کیا گیا ہے - ایک تو وہ دنگل وغیرہ کے لئے سٹیڈیم بنانا چاہتے ہیں جو ان کے کہنے کے مطابق وہ کوئی بڑا سٹیڈیم نہ ہوگا - دوسرے اس موجودہ میموریل کے ساتھ ہی ایک گندا نالہ بہتا ہے وہ اسکی ڈویلپمنٹ کرنا چاہتے ہیں اور ان کے پاس ۳۰ لاکھ روپیہ بھی موجود ہے - جن عمارتوں پر ضروری اخراجات اٹھنے کی توقع تھی وہ تقریباً مکمل ہو چکی ہیں اور ان پر مجموعی طور پر

۶۰ لاکھ روپیہ صرف ہوا ہے ۔ اور بقایا ۳۰ لاکھ روپیہ ان کی جیب میں ہے تو پھر مزید اس صوبہ کے لوگوں کو کیوں زیر بار کرتے ہیں ۔ اس کی ایک یہ وجہ ہے جس کی بنا پر میں اسکی مخالفت کرتا ہوں کہ مزید ٹیکس نہ لگایا جائے ۔ اور دوسرے جب تک اس معزز ایوان کو یہ نہ بتایا جائے کہ ہم فلاں چیز تعمیر کرنے والے ہیں یا فلاں اور یادگار قائم کرنے والے ہیں اور اس ایوان سے اس بات کی منظوری حاصل کر لی جائے ۔ جناب والا ۔ ہم سے جس چیز کی منظوری لی گئی تھی وہ یادگار پاکستان کی تعمیر تھی اور وہ تعمیر ہو چکی ہے ۔ اس کے علاوہ اگر میاں محمد یاسین صاحب وٹو وزیر بلدیات اور میرے ان بزرگوں کے ذہنوں میں جو کہ اس کمیٹی کے رکن ہیں کوئی اور بات ہے تو پیشتر اسکے کہ اس چیز پر یہ رقم صرف ہو اس معزز ایوان کی منظوری حاصل کی جائے کہ آیا یہ خرچ معزز ایوان درست بھی تصور کرتا ہے یا نہیں ۔ (ہیر ۔ ہیر) کیا وہ محض اس غرض کیلئے اس ایوان میں تشریف لے آئے ہیں کہ ہمیں مزید روپیہ دے دو اور ہمیں یہ نہ بتائیں کہ یہ روپیہ کیسے صرف ہوگا ۔ میرا خیال ہے یہ اس معزز ایوان کے ساتھ زیادتی ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ روپیہ بیکار جائیگا لیکن ہمارے ذمے بھی کچھ فرائض ہیں ۔ اس معزز ایوان کے ذمے بھی کچھ فرائض ہیں ۔ بحیثیت ایک ادنیٰ رکن ہونے کے وہ فرائض میرے ذمہ بھی آتے ہیں ۔ ہم یہ پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ آئندہ سال ۳۵ لاکھ یا ۳۰ لاکھ یا پونا کروڑ جو آئے گا وہ کہاں صرف ہوگا ۔ یہ غریب قوم ہے اور یہ غریب قوم کا سرمایہ ہے اسکو سوچ سمجھ کر خرچ کیجئے ۔ بجائے اسکے کہ وزیر بلدیات صاحب اپنی صواب دید سے اس روپیہ کو صرف کریں ۔ اس معزز ایوان کی کمیٹی جو میمورنل کیلئے

بنائی گئی ہے اور ۱۵۵ افراد جو مغربی پاکستان کے مختلف حصوں سے تشریف لائے ہیں ان سے پوچھ کر اور ان کی منظوری کے بعد یہ رقم صرف کی جائے۔

جناب والا ۔ میری گزارش جو میں اس ضمن میں کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اب چونکہ یہ روپے کا نیا مطالبہ کر رہے ہیں ۔ مجھے عددی کیفیت کے پیش نظر معلوم ہے باوجود اس بات کے کہ ہم اپنی طرف سے کیسے ہی دلائل کیوں نہ پیش کریں یہ ہماری بات نہیں مانیں گے شاید ہم کامیاب ہو جائیں اسلئے میں یہ تجویز پیش کرنی چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے سامنے اگر یہ پسند فرمائیں تو ایک اچھا بڑا آڈیٹوریم قائم کیا جائے ورنہ پھر بات چل نکلے گی کہ اس زمانے میں جب یہ سیس نافذ کیا جا رہا تھا اور نقشہ اس یادگار کیلئے منظور کیا جا رہا تھا اس ایوان کے بعض دوستوں نے جن میں میں بھی شامل تھا عرض کیا تھا کہ اتنی بڑی رقم صرف ہونے والی اس طور سے صرف ہو اور اس یادگار کو اس طور پر بنایا جائے کہ صوبہ کے رہنے والے زیادہ سے زیادہ اس یادگار سے مستفید ہوں ۔ بہر حال وہ یادگار تو بن چکی ہے ۔ جو روپیہ اس وقت ان کے پاس ہے اگر یہ اس سے بڑا سا آڈیٹوریم بنائیں بجائے اسکے کہ چھوٹی سی لائبریری قائم کی جائے ۔ ایک کروڑ روپے یا سوا کروڑ روپے سے بہت بڑی لائبریری یعنی نیشنل لائبریری قائم کی جائے جو پاکستان ریزولیوشن اور پاکستان ڈے کیلئے کام کرے ۔ مجھے معلوم ہے کہ ان کے ذہن میں یہ چیز ہے کہ یہ ۹۰ لاکھ یا ۸۰ لاکھ روپیہ صرف کریں ۔ بہر حال میرے ذہن میں دو باتیں ہیں بجائے اسکے کہ میموریل میں ایک لائبریری ۶ لاکھ روپیہ سے قائم ہو یہ رقم کسی سکول کے لئے بھی شایان شان نہیں ہے ۔ چہ جائیکہ صوبہ

مغربی پاکستان کے میموریل کی لائبریری کی شایان شان ہو ۔ مجھے افسوس ہے کہ ان کے دماغوں میں وسعت کیوں نہیں اور باتوں کے لئے تو وسعت ہے ۔ میں پھر عرض کرتا ہوں کہ لائبریری وسیع بلکہ وسیع تر بنائی جائے اور اس قسم کی لائبریری تعمیر کی جائے کہ صوبہ میں ریسرچ اور تحقیق کے کام کیلئے وقف ہو ۔ ہمیں اس چیز کی ضرورت بھی ہے ۔

دوسرے جناب والا ۔ یہاں ایک اچھا سا اور خوبصورت ۔ کشادہ آڈیٹوریم قائم کیا جائے ۔ ہمارے پاس برکت علی محمڈن ہال یا بی ۔ این ۔ آر ہال ہیں جن کو وقتاً فوقتاً دانش ور حضرات استعمال کرتے ہیں ۔ ہم ایک قومی یادگار بنا رہے ہیں ۔ اس قسم کی ضرورت کی چیز بھی پیدا ہو جائے تو بہتر ہوگا ۔

جناب والا ۔ اب آخری بات اس ضمن میں عرض کرتا ہوں جیسا کہ ابھی میرے محترم دوست چودھری انور عزیز صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس قانون کا اطلاق زمانہ ماسبق سے ہوگا جس کو انگریزی میں Retrospective effect کہتے ہیں ۔ فقہ یا قانون کی کوئی بھی کتاب اٹھا کر دیکھیں تو ان میں کہیں بھی زمانہ ماسبق کا ٹیکس وصول کرنے کی کوئی شق موجود نہیں ہوگی اور اس پر ہر پڑھا لکھا شخص ناک بھوں چڑھائے گا ۔ اس ٹیکس کی میعاد ۳۰ جون ۱۹۶۶ کو ختم ہو جانی چاہئے تھی ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا

ہاؤس کا وقت پندرہ منٹ کیلئے بڑھا دیا جائے ۔

Mr. Speaker : How long will the Member take ?

Khawaja Muhaumad Safdar : Five or ten minutes, Sir.

Mr. Speaker : The time is extended upto 1-15 p.m.

خواجه محمد صفدر — تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ میرے محترم دوست نے جیسا کہ کہا ہے اس ٹیکس کی میعاد 30-6-66 کو ختم ہو چکی ہے اور اب انہیں یاد آیا ہے تقریباً چھ ماہ کے بعد کہ یہ ٹیکس ہم غلط اور ناجائز طور پر وصول کر رہے ہیں ۔ در اصل چھ مہینے نہیں بلکہ آرڈیننس کی تاریخ ٦٦ - ٩ - ١٢ تھی ۔ اور اس تاریخ تک یہ ٹیکس ناجائز طور پر وصول کرتے رہے ہیں ۔ کاش کہ میرے محترم دوست جناب وزیر بلدیات اور ان کا محکمہ جو کہ ٹیکس صرف کر رہا ہے ۔ یا لاء ڈیپارٹمنٹ ہی دیکھتا کہ اس قانون میں خود ہی یہ دیا ہوا ہے کہ اس ایوان میں کوئی قانون پیش کئے بغیر ہی وہ ایک سال کے لئے اسکی میعاد بڑھا سکتے تھے ۔

"but Government may, by notification in the official Gazette, extend the said period for a further period not exceeding one year."

یعنی محض ایک notification سے ہی ٦٦ - ٦ - ٣٠ تک اب ان کی جو غرض ہے ۔ وہ اس میعاد کو بڑھا سکتے تھے ۔ ان سے یہ سہو ہو گیا ہے ۔ ان سے ایک بھول ہوگئی ہے جسے وہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ اور یہ ان کا پہلا موقع نہیں ہے ۔ دراصل وہ تو سوئے رہتے ہیں ۔ خدا معلوم وہ اس خواب خرگوش سے کب بیدار ہوں گے ۔ ہمارا صوبہ جن سنگین حالات سے دو چار ہے ۔ ان کے پیش نظر اگر ان سے اسی طرح کی فرو گذاشتیں سر زد ہوتی رہیں تو خدا جانے ہمیں کیا دن دیکھنا پڑے ۔ کاش یہ اپنے اختیارات سے فائدہ اٹھانے کی ناجائز طور پر کوشش کریں اور اگر ایسا ہو تو نہ ہی اس معزز ایوان کا وقت ضائع ہو اور نہ ہی ہم یہاں ان کی سمع خراشی کریں ۔ (قطع کلامیاں)

همیں اسوقت اعتماد میں لیا گیا ہے جب کہ ان کی اس فرو گذاشت کو بھی گزرے ہوئے پانچ مہینے ہو چلے ہیں ۔ اور ہمیں اعتماد میں اس وقت لیا جاتا جب کہ یہ قانون یہاں پر ایک بل کی شکل میں پیش ہوتا ۔

جناب والا ۔ مجھے انتہائی خوشی ہوئی تھی جب میں نے حیدر آباد جیل میں میاں محمد یاسین خان وٹو صاحب کی ایک تقریر دلپذیر کی رپورٹ اخبار میں دیکھی تھی جو انہوں نے منٹگمری میں ارشاد فرمائی تھی ۔ اور جو کہ اردو اور انگریزی یعنی دونوں ہی زبانوں کے اخبارات میں شائع ہوئی تھی ۔ انہوں نے فرمایا تھا ۔ کہ جناب صدر نے انہیں حکم دیا ہے کہ آئندہ ہر مسئودہ قانون پر threadbear discussion ہوگی ۔ اور حد درجہ ناگزیر حالات کے علاوہ کسی صورت میں بھی اس ملک میں ہنگامی قوانین جاری نہیں کئے جائینگے ۔ میں یہ رپورٹ پڑھ کر بہت ہنسا ۔ اور میں نے کہا ۔ کہ

هرچه دانا کند کند ناداں لیک بعد از خرابئی بسیار

کیونکہ اس ایوان میں گذشتہ پانچ سال سے میں ہر آرڈیننس پر بحث کرتے ہوئے تقریباً ایک ایک گھنٹہ ان کو یہ بات سمجھانے کی کوشش کرتا رہا ہوں کہ دیکھئے آرڈیننسوں کے ذریعے قانون سازی نہ کریں کہ اس طرح سے آپ اس معزز ایوان کے حقوق غصب کر رہے ہیں اور جو بھی آرڈیننس آپ یہاں لاتے ہیں چونکہ وہ تعجیل میں کئے جاتے ہیں اس لئے ان میں بہت سی خامیاں رہ جاتی ہیں جن کو رفع کرنے کے لئے آپ کو بار بار ترامیم لانی پڑتی ہیں ۔ لیکن وہ ہر بار اپنے اس فعل کو defend کرنے کی کوشش کرتے رہے ۔ اور بار بار اپنے اس وطیرے پر غلط طور پر قائم رہتے رہے ۔ یہ درست ہے کہ نہ تو میں ہی اتنا دانا

ہوں کہ صرف میں ہی اس بات کو سمجھتا تھا اور میاں صاحب اس بات کو نہیں سمجھتے تھے ۔ وہ بھی اس بات کو سمجھتے تھے لیکن معلوم نہیں کہ ان کی کیا مجبوریاں تھیں اور اب اگر پانچ سال کے بعد وہ ہماری کسی ہوئی بات پر صاد کہیں تو بھی یہ کریڈٹ انہی کو جاتا ہے اور وہ جو غلط کاری کرتے رہے ہیں وہ بھی کریڈٹ انہی کا ہے ۔ اور پانچ سال کی افہام و تفہیم کے بعد جب کہ ہم نے سینکڑوں تقریریں اس سلسلے میں کی ہیں ۔ اب انہیں اس بات کا خیال آیا ہے ۔ اور انہوں نے اپنے رویے میں تبدیلی کی ہے تو بھی یہ کریڈٹ ان کا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ صبح کا بھولا اگر پانچ سال کے بعد بھی گھر لوٹ آئے تو بھی اسے بھولا ہوا نہیں کہنا چاہئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ عجب بات ہے ۔ کہ اگر آپ کی بات مان لیں تو بھی ہم ہی قصوروار ۔ اور اگر نہ مانیں تو بھی ہم ہی قصوروار ۔ بہر حال جناب والا وقت بہت کم رہ گیا ہے ۔ اس لئے شاید میں یہاں پر تمام تفاصیل میں نہ جا سکوں ۔ دراصل اس ایوان میں یہ آرڈیننس پہلے بھی زیر بحث آ چکا ہے اور جو باتیں آج یہاں پر کہی گئی ہیں وہ پہلے بھی کہی جا چکی ہیں ۔ خاص طور پر ملک اختر صاحب نے جو ارشادات فرمائے ہیں وہ تقریباً وہی ہیں جن کے بارے میں یہاں پر پہلے بھی بحث ہو چکی ہے اور جن کا جواب بھی میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ بہر حال آج انہوں نے سینما کے ٹکٹ کے بارے میں اتنا اعتراض نہیں فرمایا ۔ اور جہاں تک ریس کورس کی ٹکٹ کا تعلق ہے ہم تو صرف ٹکٹ پر ہی سیس لگاتے ہیں اس سے آگے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے کہ کوئی ٹکٹ لے کر بیٹھتا

ہے یا ریس کھیلتا ہے یا نہیں کھیلتا ہے یا واپس آتا ہے ۔ اس لئے اسکا تعلق اس سیس سے نہیں ہے اور اسلئے یہ ہر لحاظ سے جائز ہے اور یہ کہنا کہ کل کا مورخ ہمیں یہ الزام دے گا حالانکہ کل کا مورخ ہمیں یہ ضرور کہے گا کہ یہ لوگ بڑے اچھے تھے کہ انہوں نے ایسی جگہ پر ٹیکس لگایا جیسا کہ انور عزیز صاحب نے کہا ہے کہ جہاں ہر لوگوں کو بار بھی محسوس نہ ہوگا کہ لوگ خوشی اور تفریح کے لئے جاتے ہیں اور وہاں پر پانچ یا پچاس پیسے دینا کوئی زیادہ بار نہیں سمجھتے ہیں اور ملک صاحب نے ایک تجویز یہ بھی پیش کی تھی کہ یہاں پر بہت سے امراء موجود ہیں بڑے امیر لوگ جن کو پاکستان کے تحت امن و سکون حاصل ہے ۔

مسٹر حمزہ — تو پھر کیا میں یہ تجویز پیش کر سکتا ہوں کہ جو لوگ گانا سننے کے لئے ریڈلائیٹ ایریا میں جاتے ہیں ان پر بھی ٹیکس لگا دیں کیونکہ ان کو بھی بار محسوس نہیں ہو گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ ایک اور چیز جو ملک صاحب نے فرمائی ہے کہ پاکستان میں ملیں ہیں اور بہت سا روپیہ مل مالکان کما رہے ہیں ان سے پیسے لئے جائیں ۔ تو میں یہ عرض کر دوں ۔ کہ اس فنڈ کی تعریف میں یہ بات بھی شامل ہے ۔ کہ اس سیس سے جو پیسے ملینگے وہ بھی اس فنڈ ہی کا حصہ ہونگے ۔ اور پھر دوسرے قرضے اور گرانٹ جو حکومت دیگی وہ بھی اسی کا حصہ ہوں گے ۔ اور عطیات اور ہمچو قسم دیگر رقومات جو کہ کمیٹی کو موصول ہوں گی وہ بھی اسی کا حصہ ہوں گے ۔ آپ کا خیال ہو گا کہ اس سلسلے میں لوگوں نے کچھ نہیں دیا تو جہاں تک میرے علم کا تعلق

ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ میری معلومات غلط ہوں ۔ ملک اختر صاحب کی طرف سے بھی اس فنڈ میں اس وقت تک کچھ نہیں دیا گیا ۔ لیکن اگر کوئی صاحب کچھ دینا چاہے تو ہم اس کو خوش آمدید کہیں گے اور قانون کے مطابق انہیں باقاعدہ رسید دی جائیگی ۔

خان محمد یوسف خان — جناب سپیکر ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی یہ جو یادگار بن رہی ہے اس کے لئے مشرقی پاکستان والوں نے آپ کو کیا دیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ — ان کی طرف سے تو کچھ بھی نہیں دیا گیا ۔ لیکن انشاالله اب ہمیں اسکی کوئی ضرورت بھی پیش نہیں آئے گی ۔ اب کام ہو گیا ہے ملک صاحب نے ایک ارشاد یہ بھی فرمایا ہے کہ جس شخص نے سترہ سال کے بعد یہ یادگار تعمیر کرنے کی بات سوچی تھی وہ کوئی مجرم تھا اور اس نے یہ بات سوچ کر جرم کیا ہے ۔ مجھے یہاں انور عزیز صاحب کا موتیوں کے ساتھ تولنے والا وہ فقرہ یاد آ رہا ہے کہ جو قوم اپنے عظیم لوگوں اور بہادر لوگوں کی پرواہ نہیں کرتا اور ان کی یادگاریں قائم نہیں کرتی ۔ اس قوم میں یقیناً عظیم لوگ بھی پیدا ہونے بند ہو جاتے ہیں ان کے الفاظ بڑے قیمتی ہیں ۔ مجھے یقین ہے کہ جس شخص نے سترہ سال کے بعد کم از کم یہ بات سوچی تو بجائے اس کے کہ ہم اسکی ستائش کرتے ہم اسے مجرم گردان رہے ہیں ۔ اگرچہ میں خود کو اس معاملے میں جج نہیں پاتا ۔ لیکن اگر میرے بس میں ہوتا تو میں کہتا کہ ایسے شخص کو مجرم گردانا بہت بڑا جرم ہے ۔ اگر ایسی باتیں سوچنے والے کو یا ایسی باتوں کی ترغیب

دینے والوں کو ہم مجرم قرار دیتے ہیں تو ہم کوئی اچھے جج نہیں ہوں گے ۔اور شاید ہمارے اختیار میں بطور منصف یہ بات نہیں آتی کہ اچھا کام کرنے والوں کو بغیر یہ دیکھے کہ انہوں نے اچھا کام کیا ہے مجرم گردانیں ۔

ملک اختر صاحب اتفاق سے پچھلی مرتبہ کام کی ایک بات کر بیٹھے تھے اور جسے منظور بھی کیا گیا تھا تو مجھے خیال تھا کہ آج وہ یہ ارشاد فرمائیں گے کہ بھئی اسکے بارے میں کیا ہوا ۔ مگر اتفاق یہ ہوا ہے کہ انہوں نے اس کے بارے میں کچھ بھی ارشاد نہیں فرمایا ۔ پہلے سکیم یہ تھی کہ ۱۹۴۰ء کی قرار داد وہاں لکھی جائے اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے جس کو ملک صاحب نے point out نہیں کیا تھا یہ کہ اس قرار داد کے ساتھ ۱۹۴۶ء کی ترمیم کو بھی اس یادگار پر کندہ کیا جائے ۔ ملک صاحب کو یاد نہیں رہا تھا اس لئے میں نے ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں personal explanation کے طور پر عرض کرونگا کہ مجھے سب کچھ یاد ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے وہاں پر ایک لائبریری اور ایک آڈیٹوریم قائم کیا جائے ہم ان دونوں چیزوں کو تسلیم کرتے ہیں اور وہاں ایک اعلیٰ پیمانہ پر اور اعلیٰ معیار کی لائبریری اور آڈیٹوریم قائم کریں گے جس معیار کا انہوں نے اظہار کیا ہے ۔ ان اخراجات کے بعد جو رقم بچ جائے گی اس سے گنبد نما تعمیر ہوگا جو اس یادگار کے قریب ہے ۔ میرے دوست مجھ سے متفق ہوں گے کہ اس کی اصلاح ازحد ضروری ہے ۔ اس کے ساتھ ہی

ساتھ ایک مناسب Wrestling Stadium بھی ہو گا جہاں کشتیاں اور کبڈی وغیرہ ہو سکے گی ۔ ان دونوں چیزوں کے تخمینے تیار کئے جا رہے ہیں اور حکومت اس کے لئے فنڈز مہیا کرے گی ۔ اب یہ کہ ہم ان کو confidence میں نہیں لیتے تو اس سلسلہ میں میں یہ عرض کردوں کہ کسی اچھی چیز کے لئے اگر ہم ان کی بات نہیں مانتے تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں اور ارشاد ہوتا ہے کہ اس کا کریڈٹ ہم لیتے ہیں اور مانتے ہیں تو بھی اس کا کریڈٹ ہم لیتے ہیں حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کوئی اچھا کام کرتی ہے تو بھی اسکا discredit ہمیں ملتا ہے اور نہیں کرتی تو بھی اس کا discredit ہمیں ملتا ہے ۔ دراصل ہمارے سامنے بہت سی مشکلات ہیں اور ہم مجبور ہوتے ہیں میں ایک بات پھر عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس یادگار کی تعمیر کے بعد جو رقم بچ جائے گی وہ عوام کے مفاد کے لئے خرچ کی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے اس کا جواب نہیں دیا کہ ۳۰-۶-۶۶ سے پہلے آپ یہ آرڈیننس کیوں نہیں لائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اس میں کچھ کوتاہی ہو گئی ہے ۔ ہماری تو یہی منشا تھی کہ ایوان کے سامنے ایک بل کی شکل میں اس قانون کو لاتے ۔ میں اس کو تسلیم کرتا ہوں ۔ دراصل ہوا یہ کہ میرے محکمہ نے تو بل تیار کر لیا تھا لیکن اس میں فائننس کو بھی دخل تھا پھر گورنر صاحب کی منظوری حاصل کرنے میں بھی کچھ دیری ہو گئی کیونکہ اس چیز کو examine کرنا تھا ۔ چنانچہ اسی examination کے سلسلہ میں کچھ دیر ہو گئی اور اسی لئے یہ قانون موجودہ شکل میں پیش کیا گیا ۔ آپ جانتے ہیں کہ ہر چیز کے

دو پہلو ہوتے ہیں اگر وقت پر نوٹیفیکیشن آ جاتا تو ہم آپ کے قیمتی مشوروں سے محروم ہو جاتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈیننس کے بجائے اگر آپ بل لے آتے تو کیا ان کے مشوروں سے مستفید نہ ہوتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اگر ہم بل کی شکل میں لے آتے تو یقیناً مستفید ہوتے ۔ جناب والا ۔ باقی تمام اعتراضات کا میں نے تفصیلاً جواب دے دیا ہے اور اب چونکہ وقت ختم ہو رہا ہے میں آپکی وساطت سے ایوان کی خدمت میں استدعا کرتا ہوں کہ اس آرڈیننس کو approve کیا جائے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That the Assembly do approve of the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 7th September, 1966.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned for tomorrow to meet at 9-00 a. m.

The Assembly then adjourned (at 1.15 p.m.) till 9.00 a.m. on Wednesday, the 23rd November, 1966.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 1397).

(*a*) The information is in the form of a statement and is placed on the table of the House.

Name of District.	Total number of christian Schools in 1960 and at present.			
	Primary	Secondary.	Primary	Secondary.
QUETTA REGION.				
1. Quetta—Pishin Distt :	2	5	1	5
PESHAWAR REGION.				
1. Hazara.	—	—	—	1
2. Mardan.	—	—	—	1
3. Peshawar.	3	4	4	7
4. Kohat.	—	—	—	1
5. Bannu.	1	1	1	2
6. D. I. Khan.	—	—	—	1
RAWALPINDI REGION.				
1. Rawalpindi.	—	19	—	19
2. Campbellpur.	—	—	—	—
3. Gujrat.	—	2	—	2
4. Jhelum.	—	2	—	2
5. Sargodha.	—	5	—	5
6. Lyallpur.	4	10	4	10
7. Jhang.	—	—	—	3
8. Mianwali.	—	—	—	—
KARACHI REGION.				
Karachi.	14	4	30	14

	Primary	Secondary	Primary	Secondary
HYDERABAD REGION.				
1. Thatta.	—	—	—	—
2. Dadu	—	—	—	—
3. Hyderabad.	—	—	—	1
4. Tharparker	—	1	—	1
5. Sanghar.	1	+1 +with Pry. section.	1 +with Pry. Sec.	1+
6. Nawabshah	—	1	—	1
7. Khairpur.	—	1	—	1
8. Sukkur.	—	2	1	2
9. Jacobabad.	—	—	—	—
10. Larkana.	—	—	—	1
LAHORE REGION.				
1. Lahore.	3	14	3	15
2. Sheikhupura.	3.	6.	3	6
3. Gujranwala.	2	2	3	2
4. Sialkot	33	11	34	11
5. Multan	3	6	3	6
6. Montgomery	9	11	9	11
7. Muzaffargarh	1	—	1	—
8. D. G. Khan.	—	—	—	—
9. Bahawalpur.	1	2	1	2
10. Bahawalnagar.	3	—	2	2
11. Rahimyarkhan.	3	—	4	—

(*b*) The information is in the form of a statement and is placed on the table of the House.

Name of Region.	Total Number of Muslim Christian and Other students during the year 1964-65			
	Muslim	Christian	Other	Total
Quetta	1557	986	18	2561
Pashawar	2683	1561	25	4269
Rawalpindi	11396	5061	306	17263
Karachi	9990	6088	477	16555
Hyderabad	3574	753	126	4453
Lahore.	19073	10629	18	29720
Total	48273	25078	1470	74821

STATEMENT

Name of Region	Financial aid during the period from 1958-59				
	Grant in aid	Building grant	Special for Deenyat	Deenyat Room	Equipment others
1. Quetta Region	71,035	25,000	36,000	66306	4585
2. Peshawar Region	7,49,868.10	—	—	—	—
3. Rawalpindi Region	11,92,580	72,278	—	—	—
4. Karachi Region	4, 13,246	—	—	—	—
5. Hyderadad Region	9,73,908	1,98,519	56,320	—	2,51,159
6. Lahore Region	22,45,780	—	—	—	—

(*d*) The information is the form of a statement and is placed on the table of the House

Name of the Region.	The total number of Muslim & Non Muslim staff working presently. Muslim	Non-Muslim.
1. Quetta Region.	41	69
2. Peshawar Reigon.	45	114
3. Rawalpindi Region.	150	349
4. Karachi Region.	149	419
5. Lahore Region.	67	748
6. Hyderabad Region.	128	140

(E) The information is in the form of a statement and is placed on the Table of the House.

KARACHI REGION.

(E) The pay scale in these schools is higher than that prescribed by Govt. High School has its own scale of pay. In certain schools the pay scale of Muslim and non-Muslim staff is identical. There is also disparity of scales for Muslim and non-Muslim staff in some Christian Schools.

RAWALPINDI REGION.

(E) Scale of pay prescribed by Govt.

J. V. Teachers Rs. 100-4-140/5-175.

(Two advance increments for Matric J. V.)

S. V. teachers Rs. 115-5-180/715.

(Three advance increments for Matric S. C. Ct.

(S. V., O. T. Drawing Master (.)

C. T. Teacher Rs. 125-7-195-8-275 (.)

Two advance increments for F. A., C. T.

B. A., B. Ed. teachers Rs. 220-15-310/15-400.

(II) The Pay Scales actually allowed by the said schools to Pakistani and non-Pakistani staff are the same as prescribed by the Government.

Note :— The requisite information in respect of Item D is being collected from the sub office and will be furnished shortly.

PESHAWAR REGION

(E) In All aided recognised schools the staff are being paid according to the Govt. consolidated pay scales as introduced by the Govt. vide their notification No. FD-PC (I)-51/53 Dated 12-5-1963 and No. FD-PC (III) GAZ-48/64, dt. 2-6-64.

QUETTA REGION

1.	Senior English Teacher	175/- fixed for untrained.
2.	-do-	220-15-310/15-400 for B.A., B. Ed.
3.	Junior English Teacher.	125/- fixed for untrained F.A.
4.	-do-	125/7-195/8-275 for F.A./C.T.
5.	Senior Vernacular Teacher.	115/- fixed for untrained.
6.	-do-	115/-5-180/7-215 for S.V. trained.
7.	Junior Vernacular Teacher	90/- fixed for Middle.
8.	-do-	100-5-125 for J.V. trained.
9.	Drawing Masters.	115/- fixed for Matric with drawing.
10.	-do-	115-5-175-7-215 Matric with Diploma in Drawing.

The above prescrsibed Government scales are being followed by the Christian Schools for Pakistani and Non-Pakistani staff.

THE REPLY TO ITEM 'E' OF ASSEMBLY QUESTION NO. 1397 TABLED BY MAHMOOD AZAM FAROOQUI

Pay Scales prescribed by Govt. and Pay Scales allowed in Christian Schools to Pakistan and Non-Pakistani staff.

GOVT. PAY SCALES

Designation of the post and scale	St. Saviour's Middle School, Sukkur.				St. Therisar's Middle School Khairpur				St. Anothony's Middle School Nawabshah.			
	Pakistan		Non-Pakistan		Pakistan		Non-Pakistan		Pakistan		Non-Pakistan	
	Qualif	Scale	Qualif.	Scale	Qualif.	Scale	Qualif.	Scale	Qualif.	Scale	Qualif.	Scale
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13
Class II Head Master, B.A.B.T./M.A.B.T. (350-35-525/EB-40-925.	B.A.B.T. (Principal)	350-20-680	... Same	...	B.A.M.Ed H. Mistress	350-35-525/EB-40-925	... Same	...	Training Graduate B.A.B.T.	200-10-350	—Same	——
Sr. English Teacher/Asstt. District Inspector of Schools (220-15-310-15-400) B.A. B.T./B. Ed.	B.A.B.T.	220-10-430	... Same		B.A.B.T.	220-15-400.	... Same	...	B.A.B.T.	200-10-350.	... Same	...

B.A. Graduate. 175 fixed	B.A. 175-5-330	...	Same ...	B.A. 157 fixed	...	Same ...	B.A.	160-10 350 ... Same ...
Undergraduate Asstt. Master/ Jr. English Teacher (Technical).	Int. Sc. 140-5-280 (Trained)	...	Same ...	125 fixed for untrained person	...	Same ...	Under Graduate	130-10-280 ... Same ...
125 fixed for untrained persons 125-7-195-8-275 for Matric J.A.V. two advance Increments for F.A/F.Sc. with C.T.S.-T.C.T.D. or J.A.V. or Matriculates with certificates in Arts and crafts from the Technical College, Lyallpur. Four advance increments for Graduate with C.T.S. t.c.t.d. or J.A.V.				125-7-195/8/275 for Matric J.A.V. two advance increments for F.A./F.Sc. with c.t.s.t.c.t.d or J.A.V.				

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13
Sr. Vernacular Teacher/ Oriental Teacher/Classical Teacher Arabic Urdu Teacher in High and Middle School 155 fixed for un-trained persons (115-5-180/ 7-215 for ordinary S. V. Teacher)	Dinyat 200 fixed pay	...	Same	...	Dinyat 150/ Teacher	...	Same	...	Dinyat 200 Teacher fixed	...	Same	...
Matric (100-4-140)	Matric Trained 130-5-240	...	Same	...	Same as allowed by Govt.	...	Same	...	Matric 100-10-230	...	Same	...
Matric J.V. 100-4-140) with start 108 J.V. 100-4-140).	Matric 105-10-un-trained 180	...	Same	...								
P.T.I. 115-5-180/7-215) for Diploma holder/for others (95-3-125)												

Drawing Master (115 fixed for un-trained Matric with drawing as one of the subject) 115-5-180/-215 for holder of intermediate Drawing Examination Certificates with one year training in Drawing. 5 advance increments holders of drawing master certificate.				
P.S.L.C./Middle (90 fixed pay) Class II Head Master B.A.B.T./	P.S.L.C. B.A.T.P.H. — Principal fixed pay L.P.H. Vice 500 fixed Principal pay	98-5-170 ... Principal vice-Prinicipal	Same ...	Salaries are fixed by the President of Catholic Board of Education.

Sr. English Teacher/Asstt. District Inspector of Schools (220-15-300-15-400) B.A.B.T./B.Ed.	...	B.Sc.M.A.B.T. B.A.B.T.	250-430 220-400	same		
جماعتوں سے تعلق رکھنے والے عہدیدار بھی گرفتار کئے گئے ہیں اور اگر دس دن کے بعد ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے تو ایسا کرنے سے حکومت اپنے اس پہلے فعل سے بریالذمہ نہیں ہو جاتی جو اس نے چودہ تاریخ کو سرزد ہوا تھا۔ چودہ تاریخ کو ان دوستوں اور بزرگوں کو کمشنر صاحب اپنے دفتر میں بلاتے ہیں اور ان سے یہ فرماتے ہیں کہ اگر آپ نے جلوس نکالا تو ہم آپ کو گرفتار کر لیں گے۔ جس کے جواب میں یہ اصحاب کہتے ہیں کہ یہاں پر نہ تو دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے اور نہ اس قسم کی کوئی اور قانونی پابندی ہے کہ ہم جلوس نہ نکالیں۔ بہر حال جب وہ ایک مقام پر اکٹھے ہوتے ہیں اور وہ جلوس نکالنے کا ارادہ کرتے ہیں تو باوجودیکہ جلوس نکالنے پر کوئی پابندی نہیں ہے پولیس پھر بھی ان کو گھیرے میں لے لیتی ہے اور وہاں گیارہ افراد کو گرفتار کر لیتی ہے۔ ان میں سے ایک کو تو فوراً بعد میں رہا کر دیا جاتا ہے اور دس اصحاب کو دس دن کے بعد رہا کیا دیا جاتا ہے۔ اور اس تمام عرصہ کے دوران ان سب کو حوالات میں بند رکھا جاتا ہے جہاں پر انہیں سی کلاس دی جاتی ہے آپ جانتے ہیں کہ ہماری حوالاتوں کا کیا عالم ہے وہاں اسقدر بو ہوتی ہے کہ وہ رہنے کے قابل نہیں ہوتیں۔ اس کے متعلق کسی اور وقت بحث کروں گا۔ بہر حال وہ اس قابل نہیں ہیں کہ ان میں رہا جائے۔ اس لئے جناب والا

Minister of Food and Agriculture : Any useful measure that the Member may bring in, will surely be accepted by us.

Mr. Munawar Khan : Some intelligent measures should be adopted.

Mr. Speaker : In view of the assurance given by the Leader of the House, the matter has lost its urgency. The motion is, therefore, ruled out of order.

ARREST OF ELEVEN POLITICAL AND RELIGIOUS LEADERS OF MULTAN

Mr. Speaker : Next motion ; Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely the arrest of eleven political and religious leaders of Multan who were against the holding of cultural show over there ; as reported in the Press on 15-11-66.

Mr. Speaker : A similar motion (No. 52) also stands in the name of Haji Ata Muhammad.

حاجی عطا محمد صاحب آپ نے بھی اسی موضوع پر ایک تحریک التوا دی ہوئی ہے ۔ آپ کے پاس اس کی کاپی ہوگی آپ اس تحریک التوا کو پڑھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ — جناب سپیکر ۔ میں تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ممبر صاحبان کو غلط فہمی ہو گئی ہے کیوں کہ حاجی صاحب نے اپنی سیٹ تبدیل کر

لی ہے اس لئے جناب سپیکر۔ صبح ہاؤس میں یہ اعلان کر دیا جائے کہ حاجی صاحب اپنی پہلی سیٹ تبدیل کر کے وہاں چلے گئے ہیں۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا۔ میں تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ''لاہور کے روز نامہ ''مشرق'' مورخہ ۱۵ نومبر میں لکھا گیا ہے کہ ملتان کی مقامی پولیس نے آج گیارہ افراد کو نقص امن عامہ کے خدشے کا الزام لگا کر حراست میں لے لیا ہے۔ وہ لوگ جشن ملتان کے سلسلہ میں موسیقی کے پروگرام کے خلاف احتجاجی جلوس نکالنے کے لئے اکٹھے ہوئے تھے۔ حراست میں لئے جانے والوں میں مفتی محمود صاحب۔ حکیم انور علی۔ صادق محمد احسن ایڈووکیٹ۔ عرفان احمد انصاری ایڈووکیٹ محمد اشرف خان ایڈووکیٹ۔ خضر حیات ایڈووکیٹ۔ شیخ محمد یعقوب عقیلی صدیقی۔ شیخ عبدالمجید اور شرفالدی دیوانہ شامل ہیں اس وجہ سے ہر مہذب شہری کو عزت محفوظ رکھنے کی پریشانی ہے۔''

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I oppose the motion on the ground that the persons concerned are no longer under detention and the motion has lost its urgency.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I will refer you to the Decisions of the Chair, Vol. I, page 9 which says—

> "On t e 18th September 1935, Mr. Anney sought to move the adjournment of the Assembly to discuss the terms of the communique appointing Sir Otto Niemeyer to make an inquiry as regards the allocation of resources between the Central and Provincial Governments. Objection was taken that the Se retary of State had arrived at his final decisi n. . . . . "

This is the objection.

"..... and that the matter was no longer urgent. The President, however, holding the motion in order, ruled :

'As regards the point of order and the objection taken by the Honourable the Finance Member, the Chair is of opinion that it is not a valid one. The House is governed in this matter by the provisions contained in rules 11 and 12 of the Indian Legislative Rules, and there can be no doubt that this is a matter of public importance, and it is urgent in the sense that the appointment has just now been announced. Therefore, the House is entitled to express its opinion on the question of that appointment. If the objection taken by the Honourable the Finance Member should prevail, it would preclude the House from discussing a motion for adjournment on practically any action taken by the Government which may be of very great public importance. As regards the ruling referred to, namely, Ruling No. 24 in the book "Selections from the Decisions from the Chair", as a matter of fact, the motion was allowed on another ground, and the Chair does not take it as an express ruling laying down that a matter of this character cannot be a subject for discussion on a motion for adjournment. The Chair, therefore, hold that the motion is in order "

جناب والا ۔ ایک شخص کو حکومت دو چار ماہ کے لئے قید کرتی ہے محبوس رکھتی ہے ، اور اسے طرح طرح کی تکالیف پہنچائی جاتی ہیں ۔ لیکن جب اس کے متعلق تحریک التوا پیش کی جاتی ہے تو حکومت اسے یک لخت چھوڑ دیتی ہے تو اس سے اس کی urgency ضائع نہیں ہو جاتی بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر حکومت نے اسے چھوڑ دیا ہے تو یہ ان کا ایک اچھا کام ہے اور ہم اس کی داد بھی دیں گے اور ہم حکومت کو بیدار بھی کہیں گے ۔ لیکن حکومت کا جو پہلا فعل ہے یعنی ناحق گرفتاری کو وہ کس طرح justify کریں گے کہ جتنے شرفاء ہمارے اس بہت بڑے شہر میں دینی لحاظ سے اور سیاسی لحاظ سے موجود ہیں اور جو ہر موقع پر عوام کی رہنمائی کرتے ہیں ۔ مثال کے طور پر مفتی محمود صاحب جو کہ بہت بڑے عالم دین ہونے کے

علاوہ قومی اسمبلی کے رکن بھی رہ چکے ہیں ان کو بھی محبوس رکھا گیا ہے اور ان کے ساتھ ساتھ ملتان بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری اور دیگر تین چار وکلاء کو بھی گرفتار کیا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے عہدیدار بھی گرفتار کئے گئے ہیں اور اگر دس دن کے بعد ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے تو ایسا کرنے سے حکومت اپنے اس پہلے فعل سے بری الذمہ نہیں ہو جاتی جو اس نے چودہ تاریخ کو سرزد ہوا تھا ۔ چودہ تاریخ کو ان دوستوں اور بزرگوں کو کمشنر صاحب اپنے دفتر میں بلاتے ہیں اور ان سے یہ فرماتے ہیں کہ اگر آپ نے جلوس نکالا تو ہم آپ کو گرفتار کر لیں گے ۔ جس کے جواب میں یہ اصحاب کہتے ہیں کہ یہاں پر نہ تو دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے اور نہ اس قسم کی کوئی اور قانونی پابندی ہے کہ ہم جلوس نہ نکالیں ۔ بہر حال جب وہ ایک مقام پر اکٹھے ہوتے ہیں اور وہ جلوس نکالنے کا ارادہ کرتے ہیں تو باوجودیکہ جلوس نکالنے پر کوئی پابندی نہیں ہے پولیس پھر بھی ان کو گھیرے میں لے لیتی ہے اور وہاں گیارہ افراد کو گرفتار کر لیتی ہے ۔ ان میں سے ایک کو تو فوراً بعد میں رہا کر دیا جاتا ہے اور دس اصحاب کو دس دن کے بعد رہا کیا دیا جاتا ہے ۔ اور اس تمام عرصہ کے دوران ان سب کو حوالات میں بند رکھا جاتا ہے جہاں پر انہیں سی کلاس دی جاتی ہے آپ جانتے ہیں کہ ہماری حوالاتوں کا کیا عالم ہے وہاں اسقدر بو ہوتی ہے کہ وہ رہنے کے قابل نہیں ہوتیں ۔ اس کے متعلق کسی اور وقت بحث کروں گا ۔ بہر حال وہ اس قابل نہیں ہیں کہ ان میں رہا جائے ۔ اس لئے جناب والا

میں یہ عرض کروں گا کہ اس کی urgency بدستور قائم ہے ۔ گورنرصاحب بھی وہاں پر گئے اور ان کے سامنے تو صرف قوالی کرائی گئی وہ دو گھنٹے وہاں پر رہے اس کے بعد ہمارے جو بڑے بڑے افسران ہیں ۔ ڈپٹی کمشنر کمشنر علیٰ ہذاالقیاس رنڈیوں کا ناچ گانا سنتے رہے اس کے متعلق زیادہ میں کیا کہوں صرف اس کے متعلق ایک تصویر پیش کرتا ہوں آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ یہ کون ہیں (اخبار میں چھپی ہوئی ایک تصویر اٹھا کر دکھاتے ہیں ۔) یہ تصویر ہےاور یہ اس ملک میں یہ سب کچھ ہو رہا ہے جو اسلام کے نام پر ہم نے حاصل کیا تھا ۔ آپ اس تصویر میں دیکھیں گے کہ یہاں بہت سی خواتین ہیں جو کہ گا رہی ہیں اور ہمارے افسران ان کے گانے سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ محض اس پاداش میں یہ افسر ان بزرگوں کو جیل بھیج رہے ہیں کہ وہ آپ سے کہتے ہیں کہ یہ سب کچھ شرعاً حرام ہے ۔ ہم نے تو کہا تھا کہ ''پاکستان کا مطلب کیا ۔ لاالاالله تو کیا یہی لاالاالله کا مطلب ہے کہ ہمارے بڑےبڑے افسران ایک لاکھ روپیہ صرف کر کے طوائفوں کے گانے سنیں ۔ یہ محمد شاہ رنگیلا کے زمانے میں تو شاید جائز تھا لیکن اس موجودہ دور میں جائز نہیں ہو سکتا اس کی اجازت کوئی شریعت نہیں دے سکتی تو حکومت کو اپنے افسران کو سمجھانا چاہیے کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دھی کی طرف دھیان دیں اور یہ گانا بجانا سننا بند کر دیں ۔

Mr. Speaker : Since all the 11 leaders have been released, the matter has lost its urgency. I agree with the learned Minister for Law and rule both the motions out of order.

Next motion No. 30.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ پہلے بھی یہ معمول رہا ہے اور وقت بھی کافی گذر چکا ہے ۔ اس کے علاوہ جناب وزیر قانون بھی منتظر ہوں گے کہ ان کے لائے ہوئے آرڈیننس پیش ہوں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ باقی تحاریک التوا کل پر ملتوی کر دی جائیں ۔

Mr. Speaker : I agree with Mr. Hamza and will take up the rest of the adjournment motions tomorrow.

MEETINGS OF THE ASSEMBLY

Mr. Speaker : There is one announcement.

Secretary (Assembly): In pursuance of Rule 17 of National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, Mr. Speaker is pleased to direct that with effect on and from 23rd November, 1966, the Assembly shall meet on all week days except Saturdays, Sundays and Public Holidays.

HOURS OF SITTINGS OF THE ASSEMBLY

Secretary (Assembly): In pursuance of Rule 18, of the said Rules, Mr. Speaker is pleased to direct that the sittings of the Assembly shall ordinarily commence at 9.00 a. m. each day and conclude at 12.30 p. m. Fridays and 1.30 p. m. on other days.

ORDINANCES

THE INDUSTRIAL DISPUTES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : We will now take up the order of the day.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, I have to make a request. In view of certain private reasons, I request the worthy Chair and the Members of the House to agree to take up the Motion and Serial No. 3, *i.e.* the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd November, 1966, first.

Khawaja Muhammad Safdar: We have no objection Sir.

Mr. Speaker: I have no objection if the House agrees. (*Voices: Yes, Yes.*) Alright. we will take up this motion first. Yes please move.

Minister for Labour & Jails (Malik Allah Yar Khan); Sir, I beg to move:

> That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 2nd November, 1966.

Mr. Speaker: Motion moved is:

> That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 2nd November, 1966.

Malik Muhammad Akhtar: Opposed Sir.

Minister for Labour & Jails: Mr. Speaker Sir, the promulgation of this ordinance was necessitated by a recent order of the Supreme Court in which it was held that the workers of the Trade Unions which are not recognised, cannot raise a dispute in the Industrial Court or cannot take any dispute before the Conciliation Officer as well. Therefore, Sir, this order of the Supreme Court has resulted in the negation of the right of the workers of those Trade Unions, which are registered but not recognised, to raise a dispute in any Industrial Court. So Sir, to restore this right of workers of these Trade Unions and to enable those workers to raise a dispute in a Court of Law, this Ordinance has been promulgated. Sir, my friend, Khawaja Muhammad Safdar the Leader of the Opposition,

who is not present in the House, and some other Members also like to know as to why this Ordinance was promulgated when this could have been easily brought in the House in the shape of a Bill. So Sir, I would like to explain that at the time of passing of the judgement of the Supreme Court, there have been lying many such disputed cases pending in the Industrial Courts. So the effect of the judgement of the Supreme Court would have been that all those cases would have been thrown out and the grievances of the workers of the trade unions could not have been remedied. It is in view of that effect of the order of the Supreme Court that this measure was taken by the Government and an Ordinance was promulgated. My friend, Khawaja Safdar in the course of his speech yesterday expressed the view that the Government should not bring an Ordinance unnecessarily when that legislation could be brought in the House in the shape of a Bill. I endorse his view and say that the Government would never like to bring any Ordinance unnecessarily. We would bring these Ordinances only when they are of utmost urgency and necessity.

Thank you, Sir.

Mr. Speaker: Nobody to speak ?

ملک محمد اختر (لاہور-۲) ــ جناب سپیکر ۔ سب سے قبل مجھے اس ایوان کی خدمت میں آرٹیکل ۱۳۳ کے متعلق عرض کرنا ہے ۔

"The responsibility of deciding whether a Legislature has power under this Constitution to make a law is that of the Legislature itself."

جناب سپیکر ۔ میں نے یہ عرض کرنا ہے کہ اس معزز ایوان نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا یہ جو آرڈیننس بنایا گیا ہے اس کی توسیع کرنے کا قانونی طور پر یہ ہاؤس مجاز ہے یا نہیں ۔ میں آئین میں سے ذرا سا حوالہ دوں گا ۔

131 (1) "The Central Legislature shall have exclusive power to make laws (including law having extra-territorial operation) for the whole or any part of Pakistan with respect to any matter enumerated in the Third Schedule."

جناب سپیکر ۔ اگر آپ تھرڈ شیڈول پر آئیں تو اس میں یہ واضح ہے کہ انٹرنیشنل معاملات میں ہماری حکومت external affairs کے ضمن میں دوسرے ملکوں کے ساتھ کس طرح commitments کر سکتی ہے ۔

"External Affairs, including—

(a) relations and dealings of all kinds with other countries;

(b) international organizations [and bodies and the implementation of their decisions;

(c) the making and implementation of treaties, conventions and agreements with other countries."

So on and forth.

اسی طرح I.L.O. ایک بڑا ادارہ ہے اس کے قواعد کے مطابق قانون بنانے کے لئے مرکزی حکومت کے پاس exclusive powers ہیں اس سلسلہ میں جو notifications اور references ہیں اور جو مرکزی حکومت نے اس قسم کی commitments کی ہوئی ہیں وہ تمام منفی ہو جاتی ہیں ۔

سب سے قبل میں یہ عرض کروں گا کہ ۲۵ اکتوبر ۱۹۱۹ کو ایک کنونشن واشنگٹن میں ہوئی ۔ حکومت ہند نے اسے ratify کیا بعد میں اس اعتبار سے پاکستان حکومت نے بھی ratify کیا ۔

مسٹر سپیکر — آپ صرف اس چیز کا حوالہ دیں جس سے یہ آرڈیننس directly conflict کرتا ہو ۔

ملک محمد اختر — لیجئے میں اس آرڈیننس کی اصل دفعہ کی طرف آتا ہوں جس میں یہ ترمیم کی گئی ہے ۔ Principal Ordinance کے سیکشن ۱۸ میں جو ترمیم کی گئی ہے اسے incorporate کر کے restrictions impose کر دی ہیں ۔ یہ بالکل inconsistent ہے ۔

Minister of Labour and Jails : On a point of order. Sir, may I request the Member to read Section 18 to which he is referring. This has no relevance to the subject and I will request the Member to read Section 18 which he has referred to.

ملک محمد اختر — جناب سپیکر ۔ اس وقت ہم Industrial Dispute Ordinance کی دفعہ ۱۸ میں سب سیکشن ۳ کے تحت ترمیم کر رہے ہیں ۔ یہ بہت لمبی ہے اور مجھے پڑھنا پڑے گا ۔

It has been desired by my learned friend and so I will read it out.

"No person.....

Minister of Labour and Jails : The Member need not read it. He may only explain how it is relevant ?

ملک محمد اختر — میں حافظ تو نہیں ہوں ۔ جب آپ دفعہ ۱۸ میں ترمیم کر رہے ہیں تو پھر کیسے پوچھ سکتے ہیں کہ How is it relevant یہ relevant تو ہے اصل دفعہ اور amending ordinance میرے ہاتھ میں ہے وہ یہ ہے ۔

Section 3 is an amendment of Section 18 of the principal Ordinance.

"3 In section 18 of the Principal Ordinance, in sub-section (4) for the words "by such number of persons", the words, commas, brackets and figures "by a trade union recognized or registered under the Trade Unions Act, 1926, (XVI of 1926) or by such number of persons" shall be substituted.

جناب سپیکر ۔ اس ترمیم کے ذریعہ سیکشن ۱۸ کے تحت جو آپ powers دینا چاہتے ہیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ سیکشن ۱۸ اور ترمیم اور وہ powers ایک قسم کی رکاوٹ ہیں جو ہمارے Trade Unions کے ممبران پر ہے ۔ ۔ ۔ ۔ بلکہ میں اس کا عنوان بھی پڑھتا ہوں ۔

Section 18 reads—

Prohibition of strikes and lock-outs in public utility service.—

(1) No person employed in a public utility service shall go on strike in breach of contract.—

(a) without giving to the employer notice.....

Mr. Speaker : They are not amending this part of the Section. please read (4).

Malik Muhammad Akhtar : But Sir he wanted it. Any how...

جناب والا ۔ سیکشن ۴ میں ہے ۔

"The notice of strike referred to in sub-section (1) shall be given by such number of persons to such person or persons and in such manner as may be prescribed "

اب آپ اندازہ فرمائیں کہ اگر آپ یہ ترمیم کر دیں تو Under the

Trade Unions Act جو Trade Unions recognised ہیں یا registered ہیں ان کے لئے مشکلات در پیش ہوں گی ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں یہ کہنے والا ہوں یا کہنا چاہتا ہوں کہ مرکزی حکومت نے جو international commitments کی ہوئی ہیں ان کے تحت کوئی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے اور وہ لوگ جو سٹرائیک کرنا چاہیں وہ directly چلے جائیں ۔ چونکہ ایسی کوئی provision نہیں ہے اس لئے ۱۹۵۹ کے آرڈیننس کا سیکشن ultra vires ہے اور یہ ترمیم بھی ultra vires ہے ۔ اس کے بعد میں ایک دو اور آرٹیکل پیش کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ ۱۹۱۹ کے ایکٹ کی دفعہ ۳۱ کو جو I.L.O. نے اور پھر پاکستان نے adopt کی اس کے مطابق جو طریقہ کار دیا گیا وہ آرٹیکل ۲ میں ہے ۔

> The workers and employers without distinction whatsoever shall have the right to establish, subject to any rules of the Organisation concerned and to join an organisation of their own choice. Without previous authority the public authorities shall refrain from interference which would restrict strike or impede lawful strike thereof

اس کے بعد اب شاید میں لیبر منسٹر صاحب کو convince کر سکوں ۔ سنٹرل گورنمنٹ ، انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے convention کو ratify کر چکی ہے ۔

Minister of Labour and Jails (Malik Allah Yar Khan): On a point of order, Sir. Mr. Speaker, I seek your indulgence to give a ruling on the point whether the member is speaking on the subject, which is under

discussion because we are not concerned here with matters which are extraneous, matters concerning the strike or any other international rules or the commitments which the member has just mentioned. We are only concerned with the very simple amendment of the principal Ordinance by which we have given the right to the workers of those trade unions, which were registered and which were not recognised, to raise a dispute in a court of law. By this measure I think Sir, we have given a right to a worker, the poor and the needy, and I thought the members on the opposite, and in particular the member who has been in possession of the floor, and claims to have greater affection and love and sympathy for the poor and the needy; should have supported this measure of Government, whereas he is trying to criticise this measure. He is not speaking on the subject, and he is totally irrelevant. I would humbly request Mr. Speaker to give your ruling on the subject whether the member is within his right and is relevant or not.

Mr. Speaker: Let me hear Malik Akhtar a bit more. He is making out his point. Let him make out his point and I expect from him that he would be relevant.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I am shocked, astonished and I should cry at the point of order, which has been raised.

Minister of Basic Democracies: You want to cry, is it so?

Malik Muhammad Akhtar: Section 18(4):

> Notice of strike referred to in sub-section (1) shall be by such number of persons....."

اس میں ترمیم کر کے گورنمنٹ یہ کرنا چاہتی ہے کہ

"... ...by such trade unions,..... in such manner as may be prescribed."

جناب یہ ۱۸(۴) کو ترمیم کر رہے ہیں - میں کہتا ہوں کہ ان کو نوٹس حاصل کرنے کا حق نہیں ہے -

under international commitments.

May I pass that book on to you Sir, if you would like to see.

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ کتاب مجھے دے دیں گے تو آپ کے پاس کچھ نہیں رہے گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ ان کے پاس تو کتاب کے ہوتے ہوئے بھی کچھ نہیں ہے ۔ (قہقہہ)

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس قوم پر یہ بڑا دان کر رہے ہیں جن کی بدولت آج وزیر بنے بیٹھے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ہم ان کو rights notice دے رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ notice کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

Mr. Speaker : Next point now.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ کہنا ہے کہ یہ سب سیکشن ۴ (۱۸) کی amended form جو ہے یہ ultra vires ہے اور ان conventions اور International Organizations کے ساتھ سنٹرل گورنمنٹ کی commitment ہے اور یہ right سنٹرل گورنمنٹ کو lie کرتا ہے کہ وہ کس قسم کی آئین سازی کریں ۔

جناب سپیکر ۔ اب مجھے ٹریڈ یونین ایکٹ کی طرف آنا ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

ملک محمد اختر – جناب سپکر ۔ ٹریڈ یونین ایکٹ میں جو نیا amendment کیا گیا ہے اس کے لئے ہمارے منسٹر صاحب فرما رہے تھے کہ کسی کورٹ کا فیصلہ ہے کاش وہ اس کا نمبر دے دیتے بہرحال ان کی اطلاع کے لئے میں بتائے دیتا ہوں یہ ''پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ ۹۶ سپریم کورٹ کے صفحہ ۳۱۷ پر ہے''

"The Chittagong Mercantile Employees Association vs (so many people) including Chairman, Industrial Court of East Pakistan."

جناب والا ۔ اس سول اپیل میں یہ حکم صادر ہوا تھا میں اس کا متعلقہ حصہ پڑھتا ہوں :–

Civil Appeal No. 49-D of 1963 decided on the 26th April 1966.

"(On appeal from the judgment and order of the High Court of East Pakistan, Dacca, dated the 2nd August, 1963, in Writ Petition No. 200 of 1963).

Trade Unions Act (XVI of 1926), S. 28-D read with Industrial Disputes Ordinance (LVI of 1959), S. 34,—Un-recognised Trade Union, through registered, has no locus standi to raise an industrial dispute on behalf of its members or to take it to Industrial Court—

Held, that a Union having ceased to occupy the character of a recognised Union, had no locus standi, either to raise an industrial dispute, on behalf of its members, or to take it to the Industrial Court."

جناب والا ۔ اب نئی ترمیم سے تین قسم کے لوگوں کو ایک تو وہ چار پانچ لوگ ہوں گے جو تجاویز کریں گے ان کو ۱۸ (۴) کے تحت نوٹس آف سٹرائک کا اختیار دیا گیا ہے ۔ دوسری باڈی جس کو recognised ٹریڈ یونین کہا جاتا ہے تیسری unrecognised ٹریڈ یونین ۔ جناب والا ۔ اس ملک میں ۱۹۴۹ء سے ۱۹۶۴ء تک سرمایہ 1800 million سے بڑھ کر

44000 million تک پہونچ گیا ہے اس میں سے ۶۰ فیصد پرائیویٹ لوگوں کا سرمایہ ہے ۔ جناب والا ۔ ایسے بدلتے ہوئے حالات میں اور اس انقلاب میں جو صنعتی میدان میں آ چکا ہے اور جس دور سے ہم گذر رہے ہیں یا یہ کہوں کہ بڑے بڑے Industrialists جن کا اثر مرکزی اور صوبائی حکومتوں پر ہے انہوں نے اپنے اغراض کے لئے یہ کیا ہے کہ unrecognised ٹریڈ یونین بھی انڈسٹریل کورٹ میں جا سکتی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے لیبر منسٹر صاحب نے ۱۰ ، ۲۰ روز یا مہینہ بھر ہوا ہے ہر یونین سے ملاقات کی ہے وہ لوگ ان کے پاس شکایات لے کر آئے تھے اور انہوں نے کہا کہ سہگل ۔ داؤد اور بیکو والوں نے rival unions بنا رکھی ہیں اور ان کو recognise کر رکھا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ کہتے ہیں یہ کچھ دے رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ یہ farce ہے یہ fraud ہے یہ cheating ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Basic Democracies : "Fraud" and "cheating" are unparliamentry words.

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw these words, but I expect your colleague not to interrupt me so that I don't lose my temper.

Mr. Deputy Speaker : Malik Akhtar, do you think anybody should lose his temper in the House ?

Minister of Basic Democracies : This is about people, who have tempers.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کو unrecognised یونین کو recognise کرنے کا کیا حق ہے اور اس قانون

کے بنانے کا ان کو کیا حق ہے پھر اگر انہوں نے یہ قانون بنایا ہے تو یہ پاکستان گورنمنٹ کے commitments اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے conventions کو honour کریں ۔ ان کو یہ اختیار نہیں ہے کہ یہ ایسا قانون بنائیں اور unrecognised یونین کو recognise کریں ۔ اور جن کو کوئی مالک خود بنوا کر unrecognised کو recognise کر لے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سیکشن ۱۸ (۴) میں ایک لفظ آ گیا ہے اور وہ سٹرائیک کے بارے میں ہے جس کی رو سے سٹرائیک کو انہوں نے prohibit کر دیا ہے ۔ اس لفظ کی ایزادی سے مزدوروں کا مفاد خطرے میں پڑتا ہے اور اس کے مطابق ان کا سٹرائیک کا حق ختم ہو کر رہ جاتا ہے ۔

Minister of Law : Question !

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ یہ ٹریڈ یونینوں کی جو activities ہیں ان پر انہوں نے کس حد تک پابندیاں لگا دی ہیں اور یہ بھی تو حق بجانب ہیں کیونکہ یہ صنعتکاروں کے نمائندے ہیں اور ان کی بدولت ہی وہ ان کرسیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اور جو بھی انہوں نے کام کرنا ہوتا ہے وہ ان کو patronize کرنے کے لئے کرنا ہوتا ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں معزز ممبر سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ صنعتکاروں کے نمائندے وہ

منسٹر صاحبان کو فرما رہے ہیں یا ممبر صاحبان کو ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان کا اشارہ کس طرف ہے ؟

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

رانا پھول محمد خان ــ صنعتکاروں کے کون نمائندے ہیں ؟

ملک محمد اختر ــ میں اس ہاؤس میں کسی کو نہیں کہہ رہا ۔ صنعتکاروں کے متعلق کہہ رہا ہوں جو اس ہاؤس کو dictate کرتے ہیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ آزاد ہاؤس ہے ۔

Minister of Labour : Point of order. Sir, this is an aspersion on the privileges of this House and I would request that the member should withdraw those words.

Malik Muhammad Akhtar : Those words are withdrawn before you say so.

Minister of Basic Democracies : He should be complimented officially for his alertness to withdraw those words.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Point of order. So many times the member speaks unparliamentary words and then he withdraws them immediately. He must be instructed that he should not cast aspersions on the House.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I would like to press the point of order that has been raised by my learned friend. When a member makes a statement in this House he is supposed to make a responsible statement

and he should be very sure about the words that he uses and the meanings that he wants to attach to them. Supposing a person abuses somebody and immediately says that he withdraws his words ; it means that he is sorry for that and he will refrain from using such words in future. Similar is the case here. When a member utters some unparliamentary words and says 'I withdraw my words', it means he has realised his mistake and would be careful in future. In British Parliament it is a very important thing to say 'I withdraw my words'. By saying 'I withdraw my words', so many times, a very strong dispute is ended. I think, it is not an easy thing for a member to say 'I withdraw my words'. I would, therefore, request you to impress it on the member that when he makes a statement either he should not make it or he should not so easily say 'I withdraw it'. His very words "those words are withdrawn before you to say so" show that he realises there is something wrong in his speech.

Mr. Deputy Speaker : Every member is supposed to make responsible statements but if, sometimes, by mistake he says something which is objected to and he says 'I withdraw those words', I think the matter ends there and it is enough.

Malik Muhammad Akhtar. : I will behave as a Member and I expect the Minister to behave as a Minister.

جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر صاحب سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ cross talk کی کوشش نہ کریں تاکہ یہ موقع ہی نہ آئے۔

Mr. Deputy Speaker : Please go ahead.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں جو انہوں نے پابندیاں لگائی ہیں اس میں دو لفظوں کی ایزادی کی گئی ہے یعنی "Irregular Strike" سیکشن ۱۸ میں جس کی انہوں نے ترمیم کی ہے پہلے یہ نہیں تھا صرف 'unfair labour practices' کے الفاظ تھے ۔ لیکن اب "Irregular Strike" کے الفاظ ہیں اور ان کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

Mr. Deputy Speaker : I would like to request the Member to be relevant to the Ordinance. I think he himself realises that he is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : I am saying that this House is not competent to touch it.

Mr. Deputy Speaker : But the Member is going off that point.

Khan Ajoon Khan Jadoon : The member says that this House is not competent.

Mr. Deputy Speaker : He has every right to say that this House is not competent.

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ سیکشن ۱۸ میں اس قدر پابندیاں لگا دی گئی ہیں کہ جن کا مجھے کوئی جواز نظر نہیں آتا ۔

Minister of Law : I question it.

Mr. Deputy Speaker : What does the amendment to Section 18 say ?

ملک محمد اختر ــ جناب والا ۔ سیکشن ۱۸ کی ترمیم کر دی گئی ہے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ سٹرائیک کے لئے کونسا طریقہ کار ہے تو سب سے پہلے میں نے یہ اعتراض اٹھایا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member has already referred to that. Now he may proceed to the next point.

ملک محمد اختر ــ دوسرا نکتہ جناب سپیکر ۔ میرا یہ ہے کہ

ترمیم شدہ شکل میں جو سیکشن ۱۸ ہے وہ سخت اور مزدوروں کے حق میں نہیں جاتا ۔ اس کا بھی اندازہ آپ فرما لیں گے ۔ منظور شدہ ٹریڈ یونیوں کو جو آپ اختیارات دیں گے تو میں پوچھتا ہوں کہ انڈسٹریل جھگڑوں کی صورت میں مزدوروں کے حقوق کی کون نمائندگی کرے گا ۔

Mr. Deputy Speaker : What I understand is that Section 3 of the amending Ordinance merely says that a notice of strike can also be given by Trade Unions.

Malik Muhammad Akhtar : By a recognised Trade Union.

Mr. Deputy Speaker : Yes. Formerly it could be given by a number of persons. Now, they have amended Section 18(4) of the Principal Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar : They have deleted certain words and in their place have included the words "by a trade union recognised or registered under the Trade Union Act, 1926". I am objecting to the words "recognised trade unions".

Mr. Deputy Speaker : The Member is perfectly within his right to object to the inclusion of those words but he should be relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ اس ملک کے صنعتکار اتنے زور آور ہو گئے ہیں اتنے طاقتور ہو گئے ہیں کہ میں اس کے متعلق کیا عرض کروں ۔ اگر انہوں نے بونس پچاس لاکھ کا دینا ہوتا ہے تو وہ خاص قسم کے آدمی اپنے مقاصد کی خاطر بھرتی کرتے ہیں اور وہ ایک Parallel Union بنائیں گے تو اس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ وہ انڈسٹریل کورٹس میں right of strike کے لئے نوٹس دے سکتے ہیں اور وہ

adjudication کے لئے جا سکتے ہیں ۔ تو میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ "recognised" کا لفظ مناسب نہیں کیونکہ اس کے ضرور abuse ہونے کا امکان ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ کتنے قوانین بنائے جاتے ہیں جن کو چیلنج کیا جاتا ہے اور پھر ان کا مقصد بھی defeat کر دیا جاتا ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. Sir, the member has just now said that any industrialist can organize a few people into a registered trade union and then he can give notice of strike. Does he mean that industrialists will organise trade unions themselves to go on strike ?

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order. It is ruled out.

Chaudhri Anwar Aziz : I would like the Member to explain that any trade union which has been organised by an industrialist takes away the right of other trade unions ?

Mr. Deputy Speaker : Let me make it clear to the Member that if he wants to speak he will be given an opportunity to do so but it is not proper to interrupt the Member who is already speaking.

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر ۔ میرے دوست اگر مجھے اجازت دیں تو میں عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے جو ترمیم کی ہے یہ ہماری مرکزی حکومت کی پالیسی کے ساتھ ایک اور بھی تضاد پیدا کرتی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : I think the Member has already touched that point.

Malik Muhammad Akhtar : I have a fresh point which I want to touch.

جناب سپیکر ۔ میں مختصر طور پر کہوں گا کہ ہماری سنٹرل گورنمنٹ کی revised labour policy یہ ہے

"The policy of the Government of Pakistan in the field of labour shall be based on the International Labour Organization conventions and recommendations ratified by Government . . . . . ."

اس میں ہے ۔

"That industrial peace is essential for economic progress . . . . ."

جناب والا ۔ اقتصادی ترقی کے لئے یہ صنعتی امن ضروری ہے یہ ترمیمی قانون انڈسٹریل جھگڑے پیدا کرنے کے لئے ہے ۔ دراصل انہوں نے یہ انگریز کا پرانا خیال "پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو،، والا لیا ہے کوئی ایسا ادارہ بتا دیجیئے جہاں دو یونینیں نہیں ہیں ایک مالک کی بنائی ہوئی یونین اور دوسری مزدوروں کی نمائندہ یونین ۔ نمائندہ یونین کے لیڈر جیلوں میں ہوتے ہیں Whenever they rise, they are detained, اور دوسرے جو ہیں وہ چھائے رہتے ہیں ۔ تو جناب سپیکر ۔ آپ یہ بتائیے کہ صنعتی امن کو کس طرح تباہ کر دیا گیا ہے اس قانون میں ترمیم کرکے ۔

قانون کو amend کر کے 'Recognised Trade Union shatter کر دیا ہے ۔

"It discourages the agitation and tension in industrial and commercial undertakings and other fields of human endeavours. Govt. believes in settlement of disputes between the management and labour through constitutional means such as joint consultation, voluntary arbitration, conciliation, mediation and adjudication."

جناب والا ۔ یہ conciliation کس سے ہوگی ۔ کس سے یہ mediation ہوگی ۔ کس سے یہ settlement ہوگی پہلے میں بھی یہی سمجھا تھا کہ یہ بڑا اچھا قانون ہے ۔ مگر جب میں اس کی گہرائی میں گیا تو مجھے پتہ چلا ۔

Minister of Labour : Question !

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر وہ اسے question کرتے ہیں ۔ تو میں اسے چیلنج کرتا ہوں ۔ میں یہاں پچاس یونینیں لے آؤں گا جن کے اصل نمائندے جیلوں میں ہیں اور وہاں متوازی یونینیں بنی ہوئی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ مرکزی حکومت کس قدر فیاض ہے ۔

> "Government of Pakistan would give due importance to research and collection of statistics concerning the working and living conditions of the workers and will also encourage the same by private enterprises of employers and employees."

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یونین کے ساتھ 'recognised' کا لفظ نہ ہو ۔ سب ٹریڈ یونینوں کو ان کے حقوق دے دئے جائیں ۔ اس وقت تو مزدوروں کے لیے بہتر تعلیم، بہتر سہولتوں اور بہتر معاوضے ان تمام کا خاتمہ ہوچکا ہے ۔ جناب والا ۔ جب سے میں اس اسمبلی کا رکن ہوا ہوں بخدا میرا دل زخمی ہو چکا ہے ۔ میرا سینہ چھلنی ہو چکا ہے ہر قانون جو ایوان میں لایا جاتا ہے اس میں اختیارات کا misuse اور abuse ہوتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, please be relevant to the particular item under consideration.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ سنٹرل گورنمنٹ کی پالیسی کیا ہے ۔ یہ سنٹر گورنمنٹ کی ypolic ہے ۔

"For nation of suitable organisation the workers will be encouraged by the Government. The workers and employers are, however, advised in their own interest not to encourage multiplicity of their organisation."

جناب سپیکر ۔ آپ ایک بڑے اچھے اور نہایت ہی مخلص سیاسی خاندان کے فرد ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is relevant for me.

Mr. Deputy Speaker : Whoever may be in the Chair, you cannot discuss the family background etc. of anybody.

ملک محمد اختر ۔ اس لیے کہ شاید میں آپ کو قائل کر سکوں ۔ اب جناب سنٹرل گورنمنٹ تو یہ کہتی ہے کہ similar organizations نہ ہوں multiplicity of organisation نہ ہوں اور ہمارے محترم وزیر صاحب یہ آرڈیننس لے آئے ہیں جس کے مطابق recognised اور registered ٹریڈ یونینز ہوں گی یہ اس پالیسی کے منافی نہیں تو کیا ہے ؟ اب میں جناب کے ارشاد گرامی کی تعمیل کرتے ہوئے اس نکتہ کو چھوڑتا ہوں ۔ اس کے بعد یہ الفاظ "by such number of persons" کی بجائے الفاظ by a trade union recognised or registered the Trade Unions Act or by such number of persons ثبت کئے گئے ہیں جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ صرف trade union by election کے الفاظ ہونے چاہئیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Where is 'by certain employees' ?

Malik Muhammad Akhtar : This is in the policy.

I must place it before your honour.

> ". . . . . by a trade union recognized or registered under the Trade Unions Act, 1926 (XVI of 1926), or by such number of persons' shall be substituted."

Mr. Deputy Speaker : ". . . . . by such number of persons" was already there, and the words "Trade Unions Act" are being added.

ملک محمد اختر - میرے پاس آپ کے سپیکر کا ایک رولنگ ہے - مجھے پہلے اس کا حوالہ دینا ہوگا - ہو سکتا ہے کہ وہ ہمارے وزرا کے لیے راہ نمائی کا کام دے - جناب والا - ۱۴ جون ۶۵ء کو ایک پوائنٹ آف آرڈر مسٹر غلام نبی میمن نے پیش کیا تھا جس میں اسی قسم کا اعتراض کیا گیا تھا -

It may be a guidance for these Ministers of ours.

> "Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : May I rise on a point of order The Member is actually discussing the entire Land Acquisition Act as it stood before the Amendment and is going into its history. I will submit that this is not strictly relevant to the Ordinance."

خواجہ محمد صفدر صاحب نے ان کی مخالفت کی اور میری حمایت کی اس کے بعد سپیکر صاحب نے یہ حکم فرمایا ہے -

"جہاں تک وزیر قانون کے پوائنٹ آف آرڈر کا تعلق ہے معزز رکن

سابقہ ایکٹ حصول اراضی کا حوالہ موجودہ ترمیم کی وضاحت کی غرض سے دے سکتے ہیں"۔

اس لیے یہ رولنگ موجود ہے۔ کل میرے پاس ہاؤس میں یہ کتاب نہ تھی۔ آج میں اسے لے آیا ہوں۔ اور یہ رولنگ ان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اسے قبول فرمائیں گے۔

اس لیے جناب والا۔ میں اگر such persons جیسا کہ قبلہ محترم نے فرمایا کہ وہ اس سے پہلے قانون میں موجود تھے میں ان such persons کو refer کر سکتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker : You are saying 'such employees'. This is nowhere.

Malik Muhammad Akhtar : I stand corrected Sir. I am grateful to you . . . . . 'such persons'.

اب آپ جناب دیکھیں۔

"In order that Trade-unionism develop in the country on healthy and sound lines, steps shall be taken to ensure that workers are not exploited by outsiders for their own personal and political ends.

The Trade Union Act 1926 should be suitably amended in this regard."

اور یہ جناب والا۔ such persons کے ساتھ encourage کررہے ہیں۔

I am also a person. I can go . . . . .

Mr. Deputy Speaker : You are not 'such person'.

is a dispute between the Members of a particular registered trade union also shall be deemed to be a party to the dispute.

Malik Muhammad Akhtar : You would kindly refer to line 8.

"..... a certificate issued to such trade union under the provisions of sub-section (4) ....."

and that sacred document, that certificate which is required to be issued.

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ فرض کیجئے کہ ملک اختر کی ایک مل ہے اور وہاں میاں محمد یاسین وٹو صاحب اس مل میں ٹریڈ یونین کے صدر ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ کو ۷۰ لاکھ روپے کا فائدہ ہوا ہے .....

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib it would be desirable not to refer to another Member.

ملک محمد اختر ۔ ہماری آپس میں دل چسپی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : I am not concerned with that. The Member must maintain the decorum of the House.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اگر آپ مجھے اپنی مل میں صدر بنا لیں تو بہتر ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mian Sahib I don't think that all that you both are doing is in the interest of the decorum of this House.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ فرض کیجیے کہ مالک کسی ٹریڈ یونین کا صدر ہے ۔ اس نے ایک ٹریڈ یونین اور بنا لی ہے ....

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ نہیں ہوتا ہے ۔ جس کے ہاتھ میں سرٹیفیکیٹ ہوگا وہی آگے جائے گا ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ سرٹیفیکیٹ کو روکنے کے لیے ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : I must point out that I will not allow the Member to be irrelevant.

Malik Muhammad Akhtar : Section 6 is not operative unless a certificate is issued by the Conciliation Officer.

جناب سپیکر ۔ وہ Conciliation Officer نے اگر کہیں پر ۱۰ لاکھ کا بونس بانٹا ہے تو اس پر وہ سرٹیفیکیٹ جاری کر سکتا ہے کہ وہ "No dispute lies" کہہ سکتا ہے ۔ اندازہ فرمائیں سرٹیفیکیٹ کے ساتھ یہ پاورز دی گئیں ہیں وہی جو right of strike میں دی گئیں ہیں ۔ اس سے بڑا ظلم اور زیادتی لیبر کلاس کے ساتھ کوئی نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ۔ یہ چاہتے ہیں کہ مکمل کنٹرول تمام لیبر آرگنائزیشنز پر کر لیا جائے ۔ کیا اس کے لیے ان کے پاس آگے ہی قانون کم ہیں ؟ ان کے پاس ڈیفنس آف پاکستان رولز ہیں اس کے علاوہ Security of Pakistan کے قوانین موجود ہیں ۔ یہاں اسی قانون میں دفعات موجود ہیں ۔ اگر کہیں کوئی illegal بات ہو یا irregularities ہوں تو کنٹرول کیا جاسکتا ہے لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ یہ پابندیاں سیکشن ۵ کے تحت سرٹیفیکیٹ کے لیے کیوں لگائی گئیں ہیں ۔

کر دیکھیں اور مقابلہ کریں کہ ان کے قانون میں اور آپ کے قانون میں کس قدر تضاد ہے اور ان کو کس قدر مراعات ہیں ۔

"Where an industrial dispute exists or is apprehended between employers and . . . . ."

Mr. Deputy Speaker : There is no need to read the whole thing.

Malik Muhammad Akhtar : I am not supposed to remember all that. That will refresh my memory and the House will also be conversant with that.

"Where an industrial dispute exists or is apprehended between employers and workers who are members of a trade union registered under the Trade Unions Act, 1926, such trade union shall be deemed to be a party to the dispute, and notwithstanding any judgment, decree or order passed by any court, a certificate issued to such trade union under the provisions of sub-section (4), an application made by such trade union to a Court under sub-section (5) on the basis of such certificate for adjudication and determination of the industrial dispute or of any matter constituting such dispute, or any proceedings before the Court on such application whether such certificate, application or proceedings were issued, made or taken, before or after the promulgation of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance 1966, shall not be questioned merely on the ground that the trade union was not a party to the industrial dispute."

یعنی جناب والا ۔ اس کا بھی وہی مقصد ہے کہ یہاں سیکشن ۵ کے سب سیکشن ۵ کو انہوں نے amend کیا ۔ سیکشن ۵ کو اگر میں سارا پڑھوں تو یہ پسند نہیں فرمائیں گے اس لیے میں سب سیکشن ۵ پڑھے دیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : They have added a new sub-section to it.

Malik Muhammad Akhtar : Sub-section (5) of Section 5. I will now come to Section 5.

Mr. Deputy Speaker : Here they have added sub-section (6) to Section 5. That is all that this amendment seeks.

Malik Muhammad Akhtar : And then what happens ? I will refer to that. It is necessary to refer to Section 5 because they have referred to that section in their amendment.

> "Any party to whom a certificate has been issued under sub-section (4) may apply to an Industrial Court for adjudication and determination of the dispute."

یہ قابل ہے جناب والا ۔

"Any party to whom a certificate has been issued . . . . ."

پھر جناب والا ۔ issuing of certificate کے بعد سیکشن ٦ میں پروویژن جو ہے وہ operative ہو جائے گی یعنی سیکشن ٥ کے ساتھ سب سیکشن ٦ جو لگایا گیا ہے وہ اسی صورت میں operative ہوگا جب ایک نوٹس کا instrument ان لوگوں کے ہاتھوں میں جائے گا ۔ جناب وزیر متعلقہ صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ سیکشن ٥ کے تحت certificate issue کرنے کے جو اختیارات ہیں وہ Conciliation Officer کو ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر Conciliation Officer جب ان کو سرٹیفیکیٹ نہ دے تو یہ سیکشن ٦ بیکار ہو جاتا ہے ۔ (قطع کلامی) جناب سپیکر ۔ یہ نوٹس کہاں سے جائے گا کیا یہ ہیلی کاپٹر سے جائے گا ۔ وہ نوٹس Conciliation Officer بھیجے گا ۔ یعنی فرض کیجئے آپ کی ٹیکسٹائل مل ہے ۔ میں نے سنا ہے کہ ٹیکسٹائل مل ١٢ لاکھ روپیہ سے لگ جاتی ہے . . . . .

Mr. Deputy Speaker : The Member is being very much irrelevant. He may please listen to me. This section merely says that when there

Malik Muhammad Akhtar : Sir, do you think that they are intelligent enough to distinguish this ?

Mr. Deputy Speaker : Mr. Malik, this is an aspersion on the intelligence of the Members of this House.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, this is for the Law Department that I am saying.

جناب سپیکر۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ سپریم کورٹ کا جو فیصلہ ہوا ہے اس میں انہوں نے کچھ پوائنٹ raise ضرور کئے تھے ۔ اس میں امنڈمنٹ ہونی چاہئے اور وہ یہ ہونی چاہیے کہ سپریم کورٹ نے جو حکم دیا ہے ۔ that the Union having ceased to occupy.....

Mr. Deputy Speaker : Order please.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ان کو چاہئے تھا کہ اس طرح the Union having the largest number of votes امنڈمنٹ وغیرہ کرتے کہ یا ان کے پاس خفیہ بیلٹ کا طریقہ ہے اور اس یونین کو empower کرتے جس میں largest membership ہوتی ۔

A Member : Sir, Malik Akhtar has said that the Ministers are not intelligent enough . . . . .

Malik Muhammad Akhtar : I don't mean the Ministers. They are our worthy colleagues. By 'they' I mean the industrialists.

وہ بڑی تیزی سے اس ملک کو انقلاب فرانس اور انقلاب روس کی طرف پہنچاتے جا رہے ہیں ۔ اندازہ فرمائیں ایسی حکومت نے لینڈ ریفارم

کرکے ایک اچھا فعل کیا ہے ۔ اور وہی قوت بڑی تیزی سے میں سمجھتا ہوں بجلی جیسی قوت انڈسٹریلسٹ میں آ گئی ہے اور لیبر کلاس سے وہ اس طرح کھیل رہا ہے تاکہ آئندہ زراعت پیشہ بچارے مزدوری کے لیے آ جائیں ۔ ابھی rural credit کا قانون لائے ہیں جس میں open general licence دیتے ہیں . . . . .

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ انڈسٹریلسٹ power assume کر رہا ہے اور اس power کو misuse کر رہا تھا ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے سیکشن ۵ کی طرف آتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : There is no Section 5.

Malik Muhammad Akhtar : Section 5 of the original Ordinance which is amended by Section 2.

جناب سپیکر ۔ اب میں آپ کی اجازت سے اسی امنڈمنٹ کو پڑھوں گا ۔

"In the Industrial Disputes Ordinance, 1969 . . . . . in its application to the Province of West Pakistan . . . . ."

جناب والا ۔ ''ویسٹ پاکستان'' کیا مزے دار لفظ ہے ۔ آپ کہیں گے کہ میں irrelevant ہو گیا ہوں ۔ میں relevant ہوں ۔ میں جناب وزیر متعلقہ سے گذارش کروں گا کہ اگر ان کی لائبریری میں یہ laws نہیں ہیں تو دفتر میں ''ایسٹ پاکستان'' کے لیبر لاز موجود ہوں گے آپ ان کو منگوا

جناب والا۔ اب آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ اس قانون کو ۵۸ء میں مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے بنایا ۔ میں original principal ordinance کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔اس آرڈیننس کی ترمیم ۶۱ء میں ہوئی ۔ اور اسی سیکشن کی ترمیم ۶۵ء میں ہوئی ۔ یعنی صنعت کار کی قوت اور اس کے ڈنڈے نے جتنے زور سے کام کیا اتنے ہی زور سے ہماری حکومت آرڈیننس لے کر آئی اور ان ،میں ترمیم کرتی رہی ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ جو سب سیکشن ۶ ہے ۔ اس کے تحت میں آپ کو ایک اور عجیب چیز جو کہ میں کسی اور بل کے متعلق کہنے والا تھا ۔ میرا خیال ہے کہ چونکہ اس جگہ پر وہ زیادہ متعلقہ ہے وہ عرض کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ صنعتی تنازعات کے لیے عدالت کے دروازے بالکل بند ہیں ۔ یعنی مغربی پاکستان کے مزدور کے لیے اپنے جائز حقوق کی خاطر بھی کسی عدالت میں جانے کے لیے دروازے بند ہیں اور ان کے لیے ایک ہی راستہ ہے ۔ صنعتی عدالت میں جانے کے لیے یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ ایک سرٹیفیکیٹ ہو ۔ اور اس سرٹیفیکیٹ کے ساتھ وہ ایک rival پارٹی یعنی ایک ایسی institution کے قیام کو بھی regularise کرتے ہیں جو recognised ٹریڈ یونین ہے ۔ مجھے آپ یہ بتائیں کہ یہ conciliation آفیسر جن سے کہ آپ بخوبی واقف ہیں ۔ ہماری سول ایڈمنسٹریشن جس میں کہ بہت سے لائق افسر بھی موجود ہیں ۔ ان میں اکثریت کرپٹ ہے اور جب اکثریت کرپٹ افسروں کی ہو تو ایک conciliation افسر کو اس ترمیم سے پہلے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ قانونی ہے یا غیر قانونی ہے ۔ حالانکہ یہ اس ٹریبونل کا کام تھا جو کہ سیکشن ۲۰ کے تحت انڈسٹریل

Disputes آرڈیننس میں بنایا جاتا تھا اور بنا دیا گیا ہے ۔ اغالباً ان کے صدر ہائی کورٹ کے جج یا سیشن جج ہوتے ہیں اور وہ برابر کے status کے لوگ ہوتے ہیں تو اگر ان کا right ایک مصالحتی افسر کو دے دیا جائے ایک لیبر افسر کو دے دیا جائے کہ وہ اس بارے میں ایک سرٹیفیکیٹ جاری کرے تو آپ ہی بتائیے کہ ہم کہاں جائیں ۔ یہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے اور اس کے نتائج کیا ہوں گے ۔ یہ ملک عوام نے حاصل کیا ہے ۔ اسے صنعت کاروں نے حاصل نہیں کیا ۔ یہ ملک زمینداروں نے حاصل نہیں کیا ۔ یہ بڑے بڑے زمیندار جو Unionists کا لبادہ اوڑھے ہوئے تھے قیام پاکستان کے ہی مخالف تھے یہ بڑے بڑے صنعت کار عوام کے دشمن ہیں یہ بڑے بڑے صنعت کار انقلاب روس اور انقلاب فرانس کی طرف ملک کو لے جا رہے ہیں ۔ ہمارا محکمہ قانون ہماری حکومت کے سر ہو کر بیٹھا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون اس منشور کے منافی ہے ۔ جو صدر ایوب کی طرف سے شائع ہوا ہے ۔ یہ ان وعدوں کے خلاف قانون ہے جو صدر ایوب نے الیکشن کے وقت عوام سے کئے تھے ۔ یہ اس چھپے ہوئے منشور کے خلاف ہے ۔ جو کہ اس معزز ایوان کے ہر رکن کے پاس موجود ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, please be relevant.

ملک محمد اختر ۔ میں بالکل relevant ہوں جناب ۔

Mr. Deputy Speaker : I think Malik Sahib has nothing further relevant to say.

Malik Muhammad Akhtar : I have a lot to say Sir.

Mr. Deputy Speaker I say 'relevant, ; no 'doubt' the Member may have a lot to say.

Malik Muhammad Akhtar : You are the worthy Speaker, and I can't indulge in anything to contradict you, but Sir, let me speak. How can it be apprehended that I am going to be irrelevant. Sir, the record of my speech may be distributed among the Members and if they find that I am irrelevant, I will not speak in future. I have got a ruling of the Speaker that I am relevant here.

Mr. Deputy Speaker : What the Member is saying is itself irrelevant.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is very relevant. I have got only two ways ; either to sit down or to satisfy you that I am relevant.

Mr. Deputy Speaker : Distribution of your speech to the Members is irrelevant.

Malik Muhammad Akhtar : Alright Sir. Now, I come to my next point.

جناب والا ۔ در اصل ہماری عدالتیں قوانین کی interpretation نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ کیا کرتی ہیں اور جن نقائص کی وہ نشان دھی کرتی ہیں ہماری حکومت ان نقائص کو دور کرتے کرتے قانون کو اس طرح سے بنا دیتی ہے کہ وہ اور زیادہ سخت ہو جاتا ہے ۔ مجھے یہاں پر یہ عرض کرنا ہے کہ سرٹیفیکیٹ کا یہ جو دھندا ہے در اصل یہ بھی ایک رٹ درخواست ہی کا نتیجہ ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب اب آپ اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ I will, Sir. جناب والا ۔ دیکھئے ۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون کو آج ہی لے لیا جائے تو ہم نے ان کی خواہش کے مطابق اسے آج ہی لے لیا اور میں اس پر بغیر تیاری کے ہی بول رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : Is that the reason that occasionally the Member is getting irrelevant.

ملک محمد اختر ۔ میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ میں تو گذشتہ یاد داشت کے سہارے پر بول رہا ہوں ۔ جو کچھ تھوڑا بہت مواد میرے پاس موجود تھا اسی کی مدد سے آج یہاں بول رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ بھی سپریم کورٹ کا ایک فیصلہ تھا جو کہ میٹروپول ہوٹل اوز پیرس ہوٹل کے ملازمین کی دو writ درخواستوں پر دیا گیا تھا ۔ جناب والا ۔ پیرس کتنا اچھا لفظ ہے ۔ کرمانی صاحب تشریف لے آئے ہیں ممکن ہے کہ انہیں پیرس کا نام پسند آئے ۔

Mr. Deputy Speaker : Again the Member is being personal.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میری ان کے ساتھ دوستی ہے ۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker : That is not the concern of this House.

Malik Muhammad Akhtar : Anyhow, Sir, I bow to your wishes.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کیا کوئی رکن سپیکر صاحب کو درمیان میں لائے بغیر اپنی دوستی کا اظہار کسی ممبر سے کر سکتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

Minister of Basic Democracies : Sir I have been misunderstood. What I wanted to submit to you was that the Member has to address the Chair and not any Member or the Minister directly. I wanted you to intervene.

Mr. Deputy Speaker : I uphold your point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ دو writ درخواستوں پر عدالت نے یہ hold کیا تھا ۔

That the Conciliation Officer is not competent to adjudicate between the parties to a dispute. He is to try to bring about all settlements and if within 28 days he cannot do so, he may issue a certificate.

Mr. Deputy Speaker : How is that decision relevant to this Ordinance ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, that decision is relevant.

اسی فیصلے کی بنیاد پر تو انہوں نے سرٹیفیکیٹ کا دھندا شروع کیا ہے یہ کیسے irrelevant ہو گیا ۔

Mr. Deputy Speaker : That decision says he is to issue a certificate.

Malik Muhammad Akhtar : That decision said that it was not within the competency of the Conciliation Officer to adjudicate whether the

notice of strike is legal or not. He is only to report of the concerned Tribunal within 28 days that the conciliation proceedings have failed, that they have collapsed.

اور انہوں نے جو ترمیم ۶۵ء میں کی تھی -

The Conciliation Officer should go into the validity of the Notice.

تو جناب والا - نوٹس کی validity پانچ سات سو یا ہزار روپے تنخواہ لینے والے ایک افسر نے adjudicate کرنی ہے - تو اس مزدور کے پاس وہ کون سا دروازہ ہے جو وہ جا کر کھٹکھٹائے سوائے اس کے کہ اس ملک میں انقلاب آئے - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کے منافی ہے -

Mr. Deputy Speaker : Fundamental Rights have been suspended.

Malik Muhammad Akhtar : They will not be suspended for ever.

Mr. Deputy Speaker : We are concerned with the present.

ملک محمد اختر -

ملک محمد اختر - مجھے آپ وہ قانون بتائیں کہ کس قانون کے تحت بنیادی حقوق کا حوالہ دینا گناہ ہے -

Mr. Deputy Speaker : I don't say it is a sin, but Fundamental Rights have been suspended at the present time.

کل ہی میرے استاد محترم جناب وزیر قانون فرما رہے تھے (استاد سے مطلب یہ ہے کہ ابھی میں نے ان سے سب کچھ

سیکھنا ہے) کہ یہ ہنگامی قوانین ہیں اور جب ہنگامی حالات ختم ہو جائیں گے تو وہ اسے بھی ختم کر دیں گے ۔

Do you mean to say that the President is not going to remove this emergency ?

Mr. Deputy Speaker : I don't mean to say anything. I am talking about the position which prevails at present.

ملک محمد اختر ۔ اب میں عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے دستور کی ایک provision کو پھر violate کیا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ کون سا provision ؟

Malik Muhammad Akhtar : I will be coming to that.

Mr. Deputy Speaker : Which Chapter is that ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is in Fundamental Rights.

Mr. Deputy Speaker : I have just told the Member that the Fundamental Rights Chapter stands suspended.

Malik Muhammad Akhtar : That may be suspended but is there any provision which says that this law will be repealed when the Emergency is withdrawn ?

Mr. Deputy Speaker : There is no necessity to put in that provision now.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, with your permission I want to say a few words on the ruling that you have just now given that since the Funda-

mental Rights have been suspended, therefore, the member should not refer to that. I think, it was very correctly pointed out that we do hope that in future this law will exist and the Fundamental Rights will be restored. Therefore, we do have to keep in view the moment when the Fundamental Rights as well as this Act will be operative. I do not know how far the reference to Fundamental Rights is relevant here but still I will defend his right to speak about them while they remain suspended. I may refer to a judgment by a great Justice of this country to the effect that "Fundamental Rights are so fundamental that even when they are not written we will read them." That is the reason why I request that this point should be upheld.

Mr. Deputy Speaker : Anything being talked about the Fundamental Rights, when they are not in force, has no effect. What will happen after any amendment comes thereafter we are not supposed to presume and make laws. If tomorrow the Constitution is amended entirely, I don't think we could say at this stage what would be the amendments and start legislating on the basis of what will come a year after.

Mr. Muhammad Yusuf Khan : Sir, the question that has been raised by my friend Chaudhri Anwar Aziz fundamentally concernes everybody and the whole of the country as such. Now, your honour will find that although the Fundamental Rights are suspended they have not been removed from the Statute Book and suspension, you will appreciate, never means total removal of a thing.

Mr. Deputy Speaker : Adjudication on that has been suspended.

Mr. Muhammad Yusuf Khan : Yes, Sir. But the actual position is that if anybody refers to them that reference will be absolutely relevant.

Mr. Deputy Speaker : I have not said that any reference is irrelevant.

Mr. Muhammad Yusuf Khan : But the Member was just referring when you interrupted him. Sir, so far as the matter of relevancy is concerned it is between you and the Member, whether he is relevant or not.

Mr. Deputy Speaker : It is for the whole House.

Mr. Muhammad Yusuf Khan : My submission is that reference to Fundamental Rights cannot be disallowed.

Mr. Deputy Speaker . I have not disallowed reference to that. The Member can refer to anything which is relevant to the issue. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ Fundamental Rights میں Freedom of Association کے تحت :۔

"Every citizen shall have the right to form associations or unions, subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of morality or public order."

تو جناب والا یہ صنعت کار جو یونین بناتا ہے وہ contrary to the Fundamental Rights بناتا ہے وہ تو فساد کے لئے یونین بناتا ہے وہ peace کے لئے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : How is it relevant to the Ordinance under discussion ? This Ordinance says that when there is a dispute between the Members of a particular Trade Union, that Union shall be a party to the dispute. What does Section 2 say ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I will convince you just now. I mean to say that this book which is with me and that book which is with you, containing those laws, is ultra-vires. The Provincial Government have no powers to enact these laws. The Provincial Government has gone against the Fundamental Rights and it has gone against the provisions of the Constitution.

Mr. Deputy Speaker : If the Member feels that this law is against the Constitution he may raise an objection and it is for the House to decide whether it violates the provisions of the Constitution or not.

Malik Muhammad Akhtar : I am not passing any verdict. I will come to my next point.

تو جناب میں عرض کر رہا تھا کہ the court has held as under :-

The point of locus standi.....

اب یہ point of locus standi پھر آ گیا ۔ اب یہ لوگ پھر کہیں گے کہ یہ irrelevant ہے اور یہ سارا قانون ہی ۔ ۔ ۔ ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں اختر صاحب کے ارشادات سے بڑا متاثر ہوا ہوں اور متاثر ہو کر مجھے ایک شعر یاد آ گیا ہے ۔

ہر کوئی بزم میں فریاد کناں ہے ساقی
صورت حال بڑی آفت جاں ہے ساقی

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I was going to submit :

"The court held the point of *locus standi*. Consequential points of existence of an industrial dispute where under the circumstances the matter requiring adjudication which an Industrial Court appointed under the Ordinance is to deliver in the first instance under the existing law but the adjudication is wholly outside the purview of conciliation and once the Conciliation Officer sought that a settlement in respect of these points which are points of law was not possible his duty plainly was to declare a failure under Section 5 (4)."

Mr. Deputy Speaker : What has the Member tried to point out to me by reading this ?

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اگرچہ یہ کوئی اختیارات نہیں لیکن حال ہی میں انہوں نے جو اختیارات ہاتھ میں لئے ہیں ، ان کو بروئے کار لاتے ہوئے جو پابندیاں عاید کی ہیں سب کلاز ۶ میں یہ ہے کہ کوئی شخص یا کوئی ایسوسی ایشن یا کوئی یونین سرٹیفیکیٹ حاصل کئے بغیر Industrial Courts میں نہیں جا سکتا ۔

Minister of Labour : Question ?

Malik Muhammad Akhtar : Yes, I am ready to answer. Please make out your question.

Mr. Deputy Speaker : When the Minister says 'question', he means that he does not accept the argument of the member.

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : The member is learning at our expense.

ملک محمد اختر ۔ جناب ابھی میں نو آموز ہوں مجھے پارلیمنٹری معاملات سے زیادہ واقفیت نہیں ۔ اب آپ سے سیکھوں گا ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib may please resume his seat and stop cross-talk.

Malik Muhammad Akhtar : I will read the Preamble—

"Where as it is expedient to amend the Industrial Disputes Ordinance, 1959, (LVI of 1959), in its application to the Province of West Pakistan. . ."

اب یہ صنعتی تنازعات کا قانون ۱۹۵۹ء جو ہے یہ مرکزی قانون ہے

جس کا نفاذ مشرق اور مغربی پاکستان دونوں جگہ ہے ۔ تو اب آپ غور فرمائیں کہ یہ ایک ملک میں دو قوانین نہیں ہو سکتے ۔ مشرق پاکستان کا قانون بھی میرے پاس موجود ہے لیکن میں اس کا حوالہ نہیں دوں گا ۔ اب Fundamental Rights میں Fundamental Rights کی طرف پھر آتا ہوں ۔ No. 15 "Equality of Citizens".

"Equality of citizens :
All citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law."

Mr. Deputy Speaker : Does the Member mean to say that there cannot be separate laws in East and West Pakistan ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, certainly privileges can. . . .

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ یہاں ہمارے دوست اکثر قوانین کو ایک جیسا کرنے کے متعلق ذکر کیا کرتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں کہ دونوں صوبوں میں ایک قسم کا قانون ہونا چاہئے ۔ میرے خیال میں معزز ممبر اس پر اعتراض کر رہے ہیں یا تو وہ کہہ دیں کہ ایسا نہیں چاہتے ۔

Mr. Deputy Speaker : I will put it to the Member. Can they not be separate ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir. Both these are equally competent.

Mr. Deputy Speaker : How ?

Khawaja Muhammad Safdar : Both the Assemblies are equally competent.

Mr. Deputy Speaker : Anything which is outside the Third Schedule ? (*interruptions*).

Khawaja Muhammad Safdar : Quite right.

Malik Muhammad Akhtar : That is a very fundamental point which you have raised. I say that you cannot deprive a person, residing in West Pakistan, of such amenities and such rights which exist in East Pakistan.

Mr. Deputy Speaker : That is the member's contention.

Malik Muhammad Akhtar : That is the law of the land. . . . .

جناب سپیکر۔ میں سمجھتا ہوں کہ مرکزی قوانین میں جو ترامیم انہی سیکشن میں مشرقی پاکستان میں کی گئی ہیں اگر آپ اجازت دیں تو میں ان کو پڑھ دوں اور آپ نے مغربی پاکستان میں ان کی نفی کر دی ہے ۔ جہاں پر لیبر کلاس قدرے کم ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ناواجب ہے اور بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔

جناب سپیکر۔ ہمارے جو پہلے لیبر منسٹر تھے انہوں نے شاید بیان دیا تھا کہ ہم مزدوروں کو مراعات دیں گے اور اس میں ترمیم کریں گے ۔ اس کے لئے میں کہوں گا کہ

نیا جال لائے پرانے شکاری

ان کی تقریروں اور ان کے عمل میں تضاد تھا ۔ یہی ہمارے منسٹر صاحب چار روز قبل تقریر فرما چکے ہیں (آپ ناراض نہ ہو جائیے گا میں آپ کا مشکور ہوں گا) گردیزی صاحب جو لیبر منسٹر تھے ان کا بیان میرے پاس

موجود ہے ہماری لیبر آرگنائزیشن یہ شور و غوغا کر رہی ہیں کہ ہمیں وہی مراعات دی جائیں جو اس وقت مشرق پاکستان میں ہیں اور ہماری حکومت نے مرکزی حکومت کے قوانین کا سہارا لیا لیکن کوئی سیکشن آفیسر خط و کتابت کر کے ایسا لٹریچر نہیں حاصل کرتا جس سے دونوں جگہ کے حقوق ایک جیسے ہو جائے ۔ ایسی حالت میں میں سمجھتا ہوں کہ قانون کا موجودہ فارم مجھے قابل قبول نہیں ہے اور میں استدعا کرتا ہوں کہ یہ بین الاقوامی معاہدوں کے منافی ہے ۔ سنٹرل گورنمنٹ کی پالیسی جس کو میں تفصیل سے عرض کر چکا ہوں اس کے خلاف ہے اور یہ بنیادی حقوق کے خلاف ہے یہ مزدوروں کو انقلاب کی دعوت دیتی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ جناب والا ۔ یہ چھوٹا سا ہنگامی ترمیمی قانون ہے اور اس میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے وہ ۱۹۵۹ء کے ہنگامی قانون سے نفس قانون کی حیثیت سے بہت زیادہ مختلف نہیں ہے لیکن جب یہ آج ایوان میں تصدیق اور توثیق کے لئے پیش ہوئی ہے تو میں چاہتا ہوں کہ دو تین باتوں کی طرف وزیر قانون کی توجہ اور وزیر محنت کی توجہ مبذول کراؤں اور بالخصوص اس واسطے بھی یہ ضروری ہے کہ ان دونوں حضرات نے اس آگ کے دریا میں ابھی ابھی قدم رکھا ہے تو ان کے لئے زیادہ سے زیادہ اسی رن کے نشیب و فراز سے واقف ہونا ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آخر اس

قانون میں ترمیم کی کیوں ضرورت پیش آئی اس کی تاریخ کیا ہے ؟ ۱۹۵۹ء میں آپ نے ملک کے صنعت کاروں اور محنت کاروں کے درمیان عدل و انصاف کے قیام اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک ہنگامی قانون نافذ کیا اس میں ایک vacuum تھا ایک خلا تھا جس کو آج آپ کم و بیش ۷ سال کے بعد پورا کر رہے ہیں - کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس vacuum کے نتیجہ میں آپ کے ملک کے اس حصہ کے مزدور کتنی مشکلات سے دو چار رہے ہیں میں اپنے علم کی بنیاد پر جانتا ہوں کہ درجنوں مزدوروں کی یونین اور ٹریڈ یونین جس سے ہزاروں مزدور وابستہ ہیں انہوں نے آپ کے ۱۹۵۹ء کے قانون کے تحت اپنے مطالبات مصالحتی افسر سے آگے بڑھ کر صنعتی عدالت میں پیش کئے - صنعتی عدالت سے بڑھ کر عدالت عالیہ میں اور ملک کی سب سے بڑی عدالت سپریم کورٹ میں مقدمات پیش ہوئے اور اس پورے تین چار پانچ سال کے عرصے میں ان کی ساری محنت اور ان کی ساری قوت ان کا روپیہ ضائع ہوا کیوں کہ قانون میں ایک vacuum موجود تھا جس کی بناء پر عدالت نے فیصلے ان کے خلاف سنائے - میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ وزیر قانون اور وزیر محنت کا اتنا بڑا عملہ اور وزرائے کرام کا کیا صرف یہی کام ہے کہ یہ بیٹھے اس بات کے منتظر رہیں کہ جب قانون کے سقم lacuna اور vacuum خلا سے ان لوگوں کو جن کے لئے قانون بنایا گیا ہے پورا نقصان پہنچ جائے تب اس میں ترمیم کی جائے اس سے پہلے سیشن میں جو ترمیم منظور کی گئی تھی اس میں بھی یہ vacuum موجود تھا اس وقت بھی شاید مزدوروں کے معاملات عدالتوں میں

در پیش تھے ھائی کورٹ میں فیصلے ان کے خلاف ھو رھے تھے انڈسٹریل کورٹ ان کے خلاف فیصلے دیتا تھا سپریم کورٹ میں مسائل درپیش تھے اور آپ حضرات جانتے تھے کہ قانون میں یہ سقم موجود ھے اگر آپ کی اس ترمیم کے بعد فرض کیجئے کہ جو مزدور اپنے حق کی حفاظت کے لئے اپنی مزدوری کی شرح کے لئے سالھا سال سے لڑ رھے تھے ان کے چار پانچ سال کے بعد حقوق بحال بھی ھو جائیں تو اس عرصہ میں جو نقصان پہنچ چکا ھے اس کا ذمہ دار کون ھے ۔ جناب والا ۔ ۱۹۵۹ء کے قانون میں جو پہلے سال ترمیم کی گئی تھی اس میں ایک ایسا ھی نقص موجود تھا بجائے اس کے کہ آپ اس نقص کو دور کرتے آپ نے شاید طے کیا ھے کہ اس سے بھی نقصان پہنچنے دیا جائے وہ نقص سرٹیفیکیٹ کا اجراء ھے آپ کا یہ قانون مزدور کو اس بات کا پابند کرتا ھے کہ وہ اپنی مشکلات کو اور اپنے مسائل اور اپنی ضروریات کو عدالتوں تک نہیں لے جا سکتے جب تک کہ ڈھائی سو روپے والا کلاس ۲ آفیسر اس کا فیصلہ نہ کر دے اور یہ سرٹیفیکیٹ نہ دے دے کہ اس کے مسائل عدالت میں جانے کے قابل ھیں ۔ پچھلے سیشن میں جو ھنگامی قانون آپ نے اس ایوان سے منظور کرایا تھا اس میں مصالحتی آفیسر کا تقرر کیا گیا تھا ۔ اب اس قانون میں آپ نے کلاس ۲ آفیسر کو کلی اختیار دیا ھے بلکہ مزدور کو اس کی صوابدید پر چھوڑ دیا ھے یہ صرف اس کی ذھن کی ساخت پر منحصر ھے کہ وہ کسی مسئلہ میں سرٹیفیکیٹ دیتا ھے یا نہیں دیتا ھے یہ اس کو اختیار ھے ۔ آج مزدوروں کے اھم سے اھم تر مسائل ھیں اور وہ ان کی وجہ سے پریشانیوں سے دو چار ھیں ۔ اگر

مصالحتی آفیسر لالچ سے متاثر ہو کر یا اثرات سے مرعوب ہو کر اور اثر میں آ کر یہ فیصلہ کر دے کہ سرٹیفیکیٹ دینے کی ضرورت نہیں ہے یا یہ کہ وہ مقدمہ کو عدالت میں جانے کے قابل نہیں سمجھتا تو اسے روکنے والا کوئی قانون نہیں ہے ۔ ہم سمجھتے تھے اور توقع رکھتے تھے کہ آپ نے اس قانون کی دفعہ میں جو ترمیم کی ہے اس سے مزدور آبادی کو آسانیاں حاصل ہو جائیں گی لیکن یہ آسانی آپ نے بے اثر دی ہے اور وہ اس طرح بے اثر ہے کہ اگر صنعت کار اس کی یونین کو تسلیم نہ کرے تب بھی اس کو حق ہے کہ وہ شکایات عدالت کے سامنے لی جا سکے گا مگر اس کے سر پر تلوار لٹک رہی ہے کہ اگر مغربی پاکستان کی حکومت اس کا فیصلہ کرے کہ مزدور کا یہ جائز حق نہیں ہے تو وہ عدالت میں نہیں جا سکے گا ۔ میں وزیر قانون سے اور وزیر محنت سے بھی درخواست کروں گا کہ آپ حضرات کی ذمہ داری عظیم ہے ۔ اس ملک کے صنعتی مزدور آپ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ رہے ہیں کہ ہماری مشکلات کا حل صنعت کار کے پاس نہیں ہے آپ کے پاس ہے آپ قانون میں سہولتیں پیدا کریں تا کہ مزدور اپنے مسائل آسانی کے ساتھ عدالتوں میں لے جا سکیں اور وہاں سے انصاف حاصل کر سکیں ۔

میں ان گذارشات کے ساتھ توقع کرتا ہوں کہ وزرائے کرام توجہ فرمائیں گے ۔

Chaudhry Anwar Aziz (Sialkot IV) : Sir, I would only take 5 minutes or so. Sir, an amendment was put before us in the last Session also which

consisted of only 2 lines. These two lines took away the basic right from the labourer to work whenever he likes and not to work whenever he does not feel like it Sir, I objected to it at that time and I was the only speaker to mention that by passing these two lines, we were going to take away from the labourer his basis right. At that time, I quoted quite a few things in support of my argument. Today, Sir, I stand only to request our young and able Minister that this Trade Union Act was passed many years ago. This Industrial Disputes Act was passed in 1959. Sir, as we know life in the rural and urban areas, as we know from these labourers and as we know from people who are meeting us and as most of my constitutents are labourers in factories. I know that this Act falls short of their expectations and does not fulfil the legitimate and genuine demands of the labourers. I would, however, say that this Ordinance that we have before us today and which we are going to make into an Act, is good in its intent. I also know that in the past session the Act that we passed was actually repugnant to the judgment given by the Supreme Court. So to say to us that because the Supreme Court has done this and that and, therefore, we want to do this that is not a good policy.

Sir, my only request is that very soon or as soon as the Minister deems fit he should bring a Bill before the House and in that Bill when it goes before a Standing or Select Committee the views of the labourers and their leaders also should be considered. They should be called as witnesses there so that we are able to frame a law which for a few decades at least should serve the needs of labour in this country. I am sure that it can be done under the very able guidance of people that we have in the Labour Departmemt. A rough draft Bill can be made and it can be introduced in this very session so that by the next session we may be able to pass a Bill which would be able to fulfil the genuine demands of the Labour.

چودھری محمد ادریس (جھنگ - ۱) - جناب والا - یہ اتنا چھوٹا سا بل تھا کہ اس کے متعلق کسی قسم کی تقریر یا کسی قسم کی مخالفت کی کوئی ضرورت نہ تھی - مسٹر محمود اعظم فاروق صاحب کی بڑی اچھی اور جامع تجاویز کے بعد میں دو تین منٹ آپ سے لینا

چاهتا هوں ۔ سب سے پہلے مجھے جناب والا ۔ افسوس کے ساتھ عرض کرنا ہے کہ لاهور سے میرے فاضل دوست ممبر نے اس طرح سے اپنی تقریر شروع کی کہ ایسا معلوم هوتا تھا کہ جیسے وہ واگھہ کے بارڈر پر کھڑے هیں اور تقریر کرتے کرتے همیں یہ خطرہ تھا کہ کہیں وہ بارڈر کراس نہ کر جائیں ۔

Mr. Deputy Speaker : No personal remarks.

Chaudhri Muhammad Idress : It is most relevant, Sir.

Mr. Deputy Speaker : It is a personal remark revertheless.

چودھری محمد ادریس ۔ تو انہیں جب روکا گیا کہ وہ نہایت هی relevant تقریر کریں اور اصل موضوع پر تقریر کریں تو انہوں نے کمال مہربانی سے وعدہ کر لیا کہ وہ جلد هی اپنے نقطہ پر آ جائیں گے ۔ تو اس کے بعد واگھہ بارڈر کراس کرنے کے بجائے وہ کالا شاہ کاکو پہنچ گئے حالانکہ اس چیز سے ان کا کوئی تعلق نہ تھا ۔ انہیں چاهئے تھا کہ وہ اپنے اصل نقطہ پر آ جاتے اور قانونی نقطہ کو همارے سامنے رکھتے تاکہ همارے علم میں بھی کچھ اضافہ هوتا لیکن ایسا کرنے کے بجائے وہ پتوکی پہنچ گئے ۔ وهاں سے پھر انہیں روکا گیا تو انہوں نے کمال مہربانی سے وعدہ کیا کہ وہ اپنے اصل پوائنٹ پر آ رہے هیں لیکن اصل پوائنٹ پر آنے کی بجائے وہ چیچوکی ملیاں پہنچ گئے اور وهاں وہ جا کر تقریر کرنے لگے ۔ (قہقہہ)

Mr. Deputy Speaker : Does the Member think he is relevant ?

Chaudhri Muhammad Idress : I am coming to the point.

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

چودھری محمد ادریس ــ صدر محترم ۔ میں مفصل کا ایک وکیل ہوں مجھے خیال تھا کہ لاہور کے وکیل کو سننے کے بعد میرے علم میں اضافہ ہوگا لیکن مجھے مایوسی ہوئی ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ مفصل کے وکیل کسی طرح بھی لاہور کے وکلا سے کم نہیں ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

چودھری محمد ادریس ۔ میرا مطلب ہے کہ میں لاہور کے وکیلوں سے راہبری حاصل کرنا چاہتا تھا ان سے guidance حاصل کرنا مقصود تھا جس میں مجھے مایوسی ہوئی ہے ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے ذریعے سے مزدوروں کے ایک طبقہ کو نہایت اہم اختیار دیا گیا ہے جس سے کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ البتہ تھوڑا سا اعتراض ہے یا ایک تجویز سمجھ لیجئے جو میں عرض کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ پچھلے دنوں سے محکمہ قانون کے متعلق یہ عام شکایت ہے بلکہ کسی حد تک یہ درست شکایت ہے کہ آرڈیننسوں میں ان کے نفاذ کے وقت غالباً سوچ سمجھ کر اور ان کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر ان کی تیاری نہیں کی جاتی اور ان کا نفاذ کر دیا جاتا ہے اور جلدی میں آرڈیننس جاری کر دئے

جاتے ھیں جس کی وجہ سے کم از کم تھوڑا سا سقم رہ جاتا ھے ۔ میں جناب والا ۔ یہ محسوس کرتا ھوں کہ قانون جو انسانوں کے بنائے ھوئے ھوتے ھیں وہ مکمل نہیں ھو سکتے اور ھمیں کوشش کرنی چاھئے کہ لا ڈیپارٹمنٹ اس قسم کے قوانین بنائے کہ جن کا ھر پہلو سے جائزہ لیا جا سکے تاکہ ان میں بڑی بڑی ترامیم کرنے کی ضرورت ھی نہ پڑے ۔ اس قانون کے متعلق ھم ایک ترمیم پچھلے سیشن میں کر چکے ھیں اور دوسری اب کر رھے ھیں ۔ تو میں گذارش کرتا ھوں کہ اگر اس وقت تمام پہلوؤں کا جائزہ لے لیا جاتا تو کئی lacunas کو بڑی آسانی سے remove کیا جا سکتا تھا ۔ میں گذارش کرتا ھوں کہ کسی فرصت کے وقت اگر اس کا جائزہ لے لیا جائے اور جہاں جہاں نقائص محسوس ھوں تو ان کو بل کی شکل میں اس ھاؤس میں لے آئے، تاکہ یہ مکمل قانون ھمارے سامنے آ جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیر پور ۔ ۲) (سندھی) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں زیادہ بولنا نہیں چاھتا ۔ فاروق صاحب نے اور ان سے پہلے جو ادریس صاحب نے تقریریں کی ھیں میں ان کی حمایت کرتا ھوں ۔ اس آرڈیننس کو واپس لیا جائے ۔ میرا مطلب تھا کہ آرڈیننس کی صورت میں نہ آئے بل کی صورت میں (قطع کلامی) ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر (سندھی) ۔ حاجی صاحب چونکہ بہت سے ممبران سندھی نہیں سمجھ سکتے اس لئے آپ اردو میں تقریر کریں ۔ اور ویسے بھی آپ اردو میں اچھا بول سکتے ھیں ۔

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : On a point of order. I think there is no rule to compel a Member to speak in Urdu.

Mr. Deputy Speaker : I am not compelling him. I am making a request.

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : Then he will not be able to express himself properly.

Mr. Deputy Speaker : It is his right to speak in Sindhi. I am only requesting him if he would speak in Urdu. I am not compelling him.

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : I agree with you. But he has already said that he cannot express himself properly if be speaks in Urdu.

Mr. Deputy Speaker : If he still insists I will not compel him.

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اردو میں تقریر فرمائیں گے ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر انہوں نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ اردو میں تقریر فرمائیں گے تو پھر ٹھیک ہے ورنہ اگر وہ اپنے خیالات کا اظہار اپنی ہی زبان میں کر دیں تو زیادہ بہتر ہوگا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ اگر وہ سندھی میں کہنا چاہتے ہیں تو میں انہیں نہیں روکتا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ مجھے افسوس ہے کہ قائد ایوان نے حکم کیا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ قائد ایوان نے حکم نہیں کیا درخواست کی ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں اس کو درخواست نہیں سمجھتا بلکہ حکم سمجھتا ہوں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ ان کا حق ہے کہ وہ سندھی میں بول سکتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے خیالات کی اردو میں وضاحت نہیں کر سکتا اس لئے مجھے اجازت دی جائے کہ میں سندھی میں بول سکوں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس صوبے کی زبان اردو ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک غلط روایت قائم کی گئی تو لوگ پنجابی پشتو سندھی وغیرہ بولتے رہیں گے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ بولتے رہیں ۔ پنجابی زبان بھی بولتے رہیں پشتو بھی بولتے رہیں لیکن اگر وہ اس چیز پر اصرار فرماتے ہیں تو میں انہیں روک نہیں سکتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

No interruptions please, I cannot force him to speak in Urdu.

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ کیا یہ بہتر نہیں ہوگا ۔

اگو اردو میں بولا جائے۔ یہ ہماری قومی زبان ہے ۔ خان انور علی خان نے فرمایا ہے کہ پہلے سندھی اور پشتو میں تقریریں ہوئی تھیں اگر ایک دفعہ ایسا ہوگیا ہے تو ضروری نہیں کہ اس کا اعادہ ہو ۔ اگر حاجی صاحب سندھی میں اپنے خیالات کا اظہار اچھی طرح سے کر سکتے ہیں تو پنجاب والے پنجابی میں تقریریں کریں گے اسی طرح بلوچی اور پشتو میں بھی تقریریں شروع ہو جائیں گی پھر اس ہاؤس کی کارروائی میں بڑی دیر لگ جائے گی ۔ باقی ممبران ان تقریروں کو سمجھ نہیں سکیں گے ویسے آپ کو پورا اختیار ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہاں پہلے ہی اپنی علاقائی زبان میں بولنے کی اجازت ہے ۔ بعض حضرات پشتو میں بولتے ہیں ۔ کئی صاحبان پنجابی میں بولے ہیں ۔ اگر کوئی ممبر اصرار کرتا ہے تو یہاں ان کو اجازت ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے چونکہ یہ علاقائی زبان ہے وہ اس میں تقریر کر سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : It is desirable to speak in Urdu but it is permissible if the Member wants to speak in any regional language.

خان محمد انور علی خان بلوچ ۔ جناب والا ۔ میں یہی کہنے والا تھا کہ کیا ان کا پوائنٹ آف آرڈر relevant ہے ؟

Mr. Deputy Speaker : Yes it is relevant, but I have given my ruling.

رانا پھول محمد خان (پنجابی) ــ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ میں تو اس جھگڑے کو ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سے پہلے حاجی صاحب یہ وعدہ کر چکے ہیں ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس کے کہنے پر کہ وہ اردو میں تقریر کریں گے ۔ ویسے ہم بڑی خوشی سے ان کی تقریر سننے کے لئے تیار ہیں ۔ وہ اردو میں تقریر کریں ۔ پنجابی میں کریں ۔ سندھی میں کریں ۔ پشتو میں کریں جس زبان میں آسانی سے کر سکتے ہیں کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ــ جناب سپیکر ۔ میں تو سب کے حکم کی تعمیل کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ میں نے استدعا کی ہے میں بھی اس چیز کو چھوڑ دیتا ہوں جب اردو کو یہ قومی زبان سمجھتے ہیں تو باوجود یہ جاننے اور سمجھنے کے وہ پھر بھی انگریزی میں بولتے ہیں اور اسے بولنے کے لئے تیار نہیں ۔ پھر وہ مجھے کیوں روکتے ہیں کہ میں سندھ کا نمائندہ ہوتے ہوئے سندھی نہ بولوں (تالیاں) ۔ ۔ ۔ ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب اس سے پہلے بھی یہ مسئلہ پیش ہوا تھا ۔ آپ اردو زبان میں بڑی اچھی طرح سے تقریر کر سکتے ہیں جو حضرات اردو میں اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکتے انہیں پشتو یا کسی اور علاقائی زبان میں تقریر کی اجازت دی جا سکتی ہے ۔ آپ اردو تحریک التوا پیش کرتے ہیں ۔ تقریریں کرتے ہیں ۔ آپ اردو میں اچھی

طرح تقریر کر سکتے ہیں ۔ آپ کی تقریر سب سمجھیں گے ۔ میری استدعا ہے کہ آپ اردو زبان میں تقریر فرمائیں ۔ (تالیاں)

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں جناب سپیکر کی اس رائے کو قبول کرتا ہوں حالانکہ وہ کئی بار ہماری استدعا کو ٹھکرا دیتے ہیں ۔ (تالیاں)

رئیس حاجی دریا خان جلبانی ۔ جناب یہ آپ کی رائے ہے یا رولنگ ہے ۔

That he should speak in urdu and not speak in Sindhi.

مسٹر سپیکر ۔ اس میں رولنگ کا کوئی سوال نہیں ۔ میں نے ان کی خدمت میں استدعا کی ہے جسے انہوں نے قبول فرما لیا ہے ۔ حاجی صاحب آپ اب تقریر فرمائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ اس آرڈیننس پر میں سندھی میں بول رہا تھا ۔ اب اردو میں آپ کی رائے کے مطابق بولتا ہوں ۔ اب میں زیادہ اس چیز پر نہیں بولتا ۔ فاروق صاحب نے بڑی وضاحت کی ہے ساتھ ہی ساتھ ادریس صاحب نے بھی ایک رائے دی ہے ۔ میں اس رائے کی حمایت کرتا ہوں ۔ کہ اس آرڈیننس کو واپس لیا جائے اور اسے روک لیا جائے ۔ اور سوچ سمجھ کر اسے پھر قانون کی صورت میں لایا جائے ۔ بڑی خوشی سے ہم اس کی تائید کریں گے ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ــ جناب سپیکر۔ میرا خیال تھا کہ اتنے سادہ اور مختصر سے آرڈیننس پر اتنی لمبی چوڑی تقریروں کی ضرورت نہیں ہوگی اور یہ جلدی پاس ہو جائے گا۔ مجھے افسوس ہے کہ پہلے مقرر ملک اختر صاحب نے اپنی بہت لمبی اور تھکا دینے والی تقریر میں آرڈیننس کے متعلق کچھ نہیں کہا۔ وہ اپنی طویل تقریر میں یہ فرماتے رہے ہیں کہ اس ترمیمی قانون سے حکومت مزدوروں سے ان کے اختیارات یا ان کے حقوق چھیننا چاہتی ہے۔ حالانکہ میں نے اپنی پہلی تقریر میں یہاں واضح طور پر عرض کر دیا تھا کہ اس ترمیمی قانون کا مقصد یہ ہے۔ کہ ان مزدوروں کو جو کہ رجسٹرڈ ٹریڈ یونینوں کے ارکان ہیں۔ اور وہ منظور شدہ ٹریڈ یونینوں کے ارکان نہیں۔ ان کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ اپنے مسائل یا جو تنازعات ہیں وہ صنعتی عدالتوں میں پیش کر سکیں۔ لیکن جناب ملک اختر صاحب اس بات کو سمجھے نہیں۔ نہ انہوں نے اسے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ ان کے بعد جناب فاروقی صاحب نے بڑے اچھے خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ لیکن ایک بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ سرٹیفیکیٹ جو ہمارے محکمہ کی طرف سے جاری کئے جاتے ہیں وہ مزدوروں کے مفاد کے منافی ہیں۔ مجھے ان سے اختلاف ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سرٹیفیکیٹ ان تنازعات کے بارہ میں جاری کئے جاتے ہیں اور اس وقت جاری کئے جاتے ہیں جب مزدوروں اور ان کے مالکوں کے درمیان کوئی تنازعات پیدا ہوں اور ہمارے محکمہ کی طرف سے ایک افسر مقرر کیا جائے جو انہیں حل کرنے کی کوشش

کرے مگر وہ پھر بھی حل نہ ہو سکیں تو اس وقت انہیں یہ اجازت یا سرٹیفیکیٹ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے تنازعات صنعتی عدالت میں لے جا سکتے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order, Sir. I am going to perform a very unpleasant duty. The Minister is not stating the facts. The Conciliation Officer has been permitted to decide. . . . .

Mr. Speaker : This is not a point of order. The Member may please resume his seat.

وزیر محنت ۔ جناب والا ۔ میرے دوست نے پھر میری بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی اور نہ سمجھے ہیں ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ یہ لیبر افسر اس لئے مقرر کئے گئے ہیں کہ وہ مزدوروں اور مالکان کے باہمی تنازعات پہلی سطح یا سٹیج پر ہی حل کر دیں تاکہ مزدوروں کو صنعتی عدالتوں میں جانے اور زیادہ اخراجات برداشت کرنے سے بچایا جا سکے ۔

جناب فاروق صاحب نے اس صورت میں تصویر کا ایک رخ دیکھا ہے اور دوسری طرف انہوں نے توجہ نہیں دی ۔ اگر ہم اپنی طرف سے لیبرز آفیسر مقرر نہ کریں اور مزدوروں کو حق دے دیں کہ وہ جس وقت چاہیں خواہ وہ مزدور رجسٹرڈ یونین سے تعلق رکھتے ہوں یا recognised یونین سے تعلق رکھتے ہوں صنعتی عدالت میں اپنے تنازعات لے جائیں تو یہ چیز ان کے مفاد کے منافی ہوگی ۔ اس صورت میں ہر یونین مزدوروں کو یہ حق ہوگا کہ وہ اپنے چند ارکان کے تعاون ۔ امداد اور

وساطت سے کسی صنعتی عدالت میں اپنے تنازعات لے جائیں اس صورت میں ان کو کوئی روکاوٹ نہ ہوگی ۔ اس طرح نہ ان کے مسائل حل ہو سکیں گے اور نہ ہی ان کے دوسرے دوستوں کے مسائل حل ہو سکیں گے اور اس طرح تنازعات کا طویل سلسلہ بند جائے گا ۔ جب ہم انصاف کے لئے عدالت کے مرہون منت ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ان لیبرز افسران کا قیام موزون ہے ۔ تاکہ مالکان اور مزدوروں کے تنازعات پہلی سٹیج پر حل کرنے کی کوشش کریں ۔ اور یہ زیادہ مزدوروں کے مفاد کے حق میں ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میرے دوست چودھری انور عزیز صاحب نے بہت اچھی تجویز پیش کی ہے ۔ مجھے ان سے اتفاق ہے اور میں مانتا ہوں کہ ہمارے مزدوروں کے بعض قوانین پرانے ہیں اور ان میں ترامیم ہونی چاہئیں ۔

جناب والا ۔ چند روز قبل ہی میں نے ایک اجتماع میں اعلان بھی کیا تھا کہ ہم چند قوانین میں اسی سیشن میں ترامیم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ ان ترامیم کے لئے جو بل ہم پیش کریں گے وہ یقیناً سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جائے گا ۔ ہم تمام آرا اور تجاویز کا خیر مقدم کریں گے جو اس سلسلے میں میرے دوست ہمارے سامنے لائیں گے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

جناب والا ۔ سٹینڈنگ کمیٹی کے علاوہ بعض وہ ارکان جو اس ضمن میں اپنی تجاویز اور رائے دینے کے خواہاں ہیں اور وہ اس سٹینڈنگ کمیٹی

کے رکن نہیں ہیں تو جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں اور اس معزز ایوان کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ اس کے لئے ایک سپیشل کمیٹی مقرر کریں جس میں تمام ایسے ممبر صاحبان شامل کئے جائیں جو اس سٹینڈنگ کمیٹی کے رکن نہیں ہیں تاکہ تمام مفید تجاویز زیر غور لا کر ان میں ترامیم کر سکیں ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں وزیر محنت صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ــ حمزہ صاحب طریق کار یہ ہے کہ وزیر صاحب کی تقریر کے بعد question put ہونا چاہئے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب والا ۔ انہوں نے پالیسی کا اعلان کیا ہے بلکہ انہوں نے چودھری انور عزیز صاحب کی تجویز کا ذکر کیا ہے اور ان کا فرمان یہ ہے کہ وہ اس سے اتفاق کرتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ وہ یہ غلطی کر رہے ہیں کہ نقائص کی نشان دہی پرانے قوانین میں کر رہے ہیں ۔ انہوں نے پچھلے سال ایک ہنگامی قانون پاس کیا ہے جس کی رو سے مل مالکان مزدوروں کو over time کام کرنے پر مجبور کر سکتے ہیں جو کہ ایک انسانی اور بنیادی حقوق کے خلاف ہے ۔ لیکن آپ نے اتفاق فرمایا ہے تو میں آپ سے امید کرتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر محنت ــ مجھے افسوس ہے کہ اس ضمن میں جس کی طرف

حمزہ صاحب اشارہ کر رہے ہیں وہ یہ ہے - گو جس قانون کی طرف چودھری انور عزیز صاحب نے اشارہ کیا ہے مجھے اس سے اختلاف ہے لیکن اس کے باوجود میں نے عرض کیا ہے کہ اگر بعض قوانین میں وہ سمجھتے ہیں کہ ان میں نقائص ہیں اور وہ ترامیم طلب ہیں تو اس صورت میں میں یقیناً ان کو خوش آمدید کروں گا اور ان کا خیر مقدم کروں گا کہ وہ مفید ترامیم اور تجاویز ہمارے سامنے لائیں -

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd November, 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN CO-OPERATIVE SOCIETIES AND COOPERATIVE BANKS (REPAYMENT OF LOANS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 6th August, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 6th August, 1966.

Minister of Law : The background of this Ordinance is like this. The House will be pleased to recall that there was an Ordinance named "The West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) Ordinance which was promulgated earlier on the 27th April, 1966. The object of that Ordinance was to see that the repayment of certain loans which were taken from the Co-operative Societies and the Co-operative Banks, and which were insufficiently secured, may be properly secured. With that object in view the said Ordinance was passed. But latter on it was found that certain persons who were indebted to the banks or the co-operative societies were trying to dispose of their properties. Certain persons had taken loans in the name of others. In other words benami loans had been taken for which the responsibility actually rested on the persons who had obtained money but who were not in the picture. Therefore, it was thought necessary to amend the Ordinance in a fashion that benami loans should be brought within the ambit of the law. Hence section 2 of the principal Ordinance was amended by the introduction of a new clause (bb) which seeks to bring the benami loan within the ambit of law. 'Benami loan', you will be pleased to see, has been defined in the amending Ordinance as—

> " 'benami loan' means a loan the real beneficiary or recipient whereof is a person other than the person in whose name the loan is advanced or granted ;"

Then another amendment was brought in this Section by the insertion of a clause (bbb) which seeks to define the 'borrower'. Earlier, the word 'borrowed' had been defined as a person who had taken a loan. Since the benami loan was not included, the borrower of the benami loan had escaped the ambit of law. Therefore, the word 'borrower' has been so defined in the present Ordinance as to include the real beneficiary or recipient of the loan in the case of a benami loan.

Then Sir, whereas in Section 2 of the Principal Ordinance, an amendment has been moved for inserting the words 'benami loan', there is another amendment in Section 4. This Section 4 reads :

> "4. Every co-operative society and co-operative bank, through its Manager or Secretary shall—
>
> (a) When a loan obtained from it is not repaid by the date on which it is due for payment, bring such fact, together with full details of the case and the particulars of the borrower....."

After the word 'borrower', this is to be inserted :

"(including, in the case of a benami loan, the real beneficiary or recipient of the loan)".

There is Sir further amendment in Section 8. Section 8 stands by itself in the Principal Ordinance bearing only a few sentences. Now by the amending ordinance that is to be converted into Section 8, sub-section A & B. For the benefit of the House, I read these insertions, Section 8-A(1)(a) reads :

"(1) Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, no Registering Officer shall register any document relating to property, which is required to be registered under the provisions of clause (a), (b), (c) or (e) of section 17 of the Registration Act, 1908, or which is produced before him for voluntary registration nor shall any Revenue Officer on the basis of any such document effect any mutation in the Record of Rights under the provisions of any law for the time being in force, Unless—

(a) the person whose right, title or interset in the property is or will be transferred, assigned, limited or extinguished under the terms of the document or on the basis of the mutation in the Record of Rights, as the case may be, furnishes an affidavit to the Registering Officer or the Revenue Officer, as the case may be, to the effect that he does not owe any loan, whether due immediately or on a future date, to a co-operative society or a co-operative bank ; or.. ..."

Here Sir, I will throw some light on the necessity of this provision. As some people after 24th April, 1966 were found to be disposing of their property by selling it or by transferring it in the names of their children, friends or relatives so that their property may remain almost with them, with the specific objective of avoiding the payment of the dues of Co-operative Banks and Co-operative Societies, and thus creating some incumberance, it was thought necessary that an embargo should be put. This is just to enable the person only to give an affidavit saying that he does not owe any loan to any co-operative bank or society and unless he gives that affidavit before the Registering Officer or Revenue Officer, the document seeking the transfer authority would not be accepted.

Now Sir clause (b) is something which is very necessary. It reads :

"Where such person owes a loan to a co-operative society or a [co-operative bank, whether due immediately or on a future date, it is certified by the Registrar where the loan owed by such person exceeds rupees thirty thousands, and by the Assistant Registrar where the loan owed by such person does not exceed rupees thirty thousands, that either satisfactory arrangements have been made for the repayment of the loan or that the loan has been secured in accordance with the provisions of section 7."

Now Sir, by means of this, what was intended to be is this. If a person is indebted to a society or a bank the amount of which exceeds Rs. 30 thousand, then he is to get a certificate from the Registrar that he has made satisfactory arrangements for the repayment of the loan. And in case the amount of the loan falls below Rs. 30 thousand, then a similar certificate was necessary to be obtained from the Assistant Registrar. On getting that certificate and satisfying the Registrar or the Assistant Registrar, as the case may be, that he has made sufficient arrangement for the loan, only then the registration was to be accepted, This is clause 8-A (2) which reads :

"Where an application is made to the Registrar or an Assistant Registrar, as the case may be, for issuing a certificate under the provisions of sub-section (1), he shall not refuse to issue the certificate unless he has first given the applicant an opportunity of being heard and adducing evidence to show that either satisfactory arrangement have been made for the repayment of the loan owed by the applicant or that loan has been secured in accordance with the provisions of Section 7."

This is just for enabling the Registrar or Assistant Registrar of the co-operative department to hear a party and give an opportunity of saying that satisfactory arrangements have been made.

Now Sir, clause (3) ; it reads :

"An order by the Registrar or an Assistant Registrar under sub-section (2) refusing to issue a certificate, shall be final and not open to question in any question."

This has sought to close the door of any further litigation whatsoever in this respect because otherwise it is apprehended that people might rush to courts and try to thwart the object of this ordinance by getting stay orders and injunctions and so on and so forth and in the meantime they might be able to get their properties transferred.

Now about Section 8-B ; it is a new section which is sought to be inserted. It reads :

> (1) Where any person owing a loan, whether due immediately or on a future date, to a co-operative society or a co-operative bank has, on or after the twenty-seventh day of April, 1966, alienated any immovable property, by sale, exchange, gift, mortgage or will, otherwise than by or under an order or decree of a Civil, Revenue or Criminal Court, which alienation is fraudulent with intent to defeat the claim of a co-operative society or a co-operative bank, such alienation shall not operate to transfer any right, title or interest in the property of the debtor,....."

This was again necessary because this was just to cover up the fraudulent transfer which had taken place after 27th April, 1966, and before the promulgation of this ordinance with a view to defeating the object of the Act.

Clause 8-B (1) further reads :

> "(1) ....., unless—
>
> (a) the loan due from the debtor has been re-paid ; or
>
> (b) it is certified by the Registrar, where the loan exceeds rupees thirty thousands, and by the Assistant Registrar, where the loan does not exceed rupees thirty thousands, that either satisfactory arrangements have been made for the repayment of the loan or that the loan has been secured in accordance with the provisions of Section 7."

As this august House will be pleased to see here again all transfers were not sought to be made operative. If a person even after the transfer gives satisfactory proof to the Registrar or Assistant Registrar that he has made arrangements for repayment then the transfer will hold good.

"(2) An alienation of immovable property shall be deemed to be fraudulent with intent to defeat the claim of a co-operative society or a co-operative bank for the purpose of sub-section (1), if the Registrar after giving the person by whom the alienation has been made and the person or persons in whose favour the alienation has been made an opportunity of being heard issues a declaration to the effect that the alienation is fraudulent with intent to defeat the claim of a co-operative society or a co-operative bank."

Once again an opportunity is being afforded to people to satisfy that the transfer does not lead to fraud.

"(3) Any party aggrieved by a decision made by the Registrar under sub-section (2) may prefer an appeal to Government against such decision, and the order made by Government on such appeal shall be final and shall not be open to question in any manner."

Thereby a right of appeal has been given to the people to refer their grievances to the Government. But once the Government has taken a decision it shall be final and the matter cannot be agitated in a Court of Law.

Lastly Sir, :

"In section 18 of the principal Ordinance, for the words 'the Registrar' wherever appearing, the words and comma 'Government, the Registrar' shall be substituted."

Formerly certain powers vested in the Registrar and the Assistant Registrar. Now the Government has been brought into the picture by an addition of the word "Government".

On the whole, as this House will be pleased to see, this Ordinance was for the purpose of protecting the interests of the co-operative societies and banks in which there are amounts from the public and from some semi-Government bodies, may be even the Co-operative Societies and so on and so forth.

Mr. Speaker, Sir, lakhs of rupees have to be collected. Therefore this Ordinance is a very healthy measure for the purpose of protecting

the interests of the Banks and Societies which otherwise would not have been protected.

With these words I would request the House to approve the Ordinance which is for the benefit of the people.

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔٦) ۔ جناب سپیکر ۔ بظاہر جیسا کہ محترم وزیر قانون نے فرمایا ہے وہ مقصد جس کے لئے یہ ہنگامی قانون جاری کیا گیا ہے یا ترمیمی قانون نافذ کیا گیا ہے بڑا ہی خوب صورت اور بڑا ہی مفید ہے ۔ لیکن مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس ملک میں تحریک امداد باہمی کا آغاز ایک محکمہ کی صورت میں ہوا تھا ۔ حالانکہ کسی تحریک کو چلانے کے لئے جذبہ و ایثار کا ہونا سب سے زیادہ ضروری ہوتا ہے ۔ میرے خیال میں ۱۹۱۱ء سے لے کر آج تک حکومت اپنے افسران کے ذریعہ اس تحریک میں جذبہ و ایثار کو inject کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے ۔ ملک کی انتظامیہ کا ہمیں تلخ تجربہ ہے کہ وہ کس طرح اور کس طور پر کام کرتی ہے اور موجودہ حالات میں جو ناگفتہ بہ حالت دیکھنے میں آ رہی ہے وہ پہلے کبھی نہیں تھی ۔ وہ لوگ جن کو دولت پیاری ہے جو اصولوں کو پامال کرنا اپنا عین فرض منصبی سمجھتے ہوں جو کہ انتہائی قسم کے مادہ پرست ہوں جو قوم کے مفاد کو نقصان پہنچا کر ذاتی مفاد کو پورا کرنے کے عادی ہوں ان سے توقع رکھنا کہ وہ امداد باہمی کی انجمنوں میں جذبہ و ایثار کو inject کریں گے بالکل خوش فہمی ہے اور یہ زیادتی ہے ان لوگوں کے ساتھ جو اس قسم کی توقع باندھے بیٹھے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو اس بات کا بخوبی علم ہے اس لئے کہ شاید آپ

اس برائے نام تحریک سے وابستہ رہے ہیں ۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ اس سے پہلے جب کبھی غیر ممالک سے تحریک امداد باہمی کے وفود اس ملک میں آتے رہے ہیں وہ جب انہیں یہ بتاتے ہیں تو شرم محسوس ہوتی ہے کہ اس ملک میں امداد باہمی کے محکمہ کو حکومت چلاتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ عام طور پر آزادی ملک سے پہلے اور آزادی ملک کے بعد یہ پبلک کا متفقہ مطالبہ رہا ہے کہ انتظامیہ اور عدلیہ کو علیحدہ علیحدہ رکھیں ۔ جناب وزیر قانون جو کہ بذات خود قانون دان ہیں اور قانون کے استاد رہے ہیں جانتے ہیں کہ کسی اچھی حکومت کے لئے یہ لازمی ہوتا ہے کہ انتظامیہ اور عدلیہ کو علیحدہ علیحدہ رکھا جائے ۔ لیکن یہ توقعات اور یہ خواہشات اس ملک میں پوری نہیں ہوئیں ۔ بلکہ عوام کو زیادہ سختیوں سے دوچار ہونا پڑا ہے اور اب اس ہنگامی قانون سے جو ایک عجیب صورت حال پیدا ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ہم محکمہ امداد باہمی کے اہل کاروں کو یعنی اسسٹنٹ رجسٹرار اور رجسٹرار کو وسیع اختیارات دے رہے ہیں ۔ یعنی وہ لوگ جو امداد باہمی سے وابستہ ہوں ہم نے ان کو عدلیہ اور انتظامیہ دونوں اختیارات اکھٹے دے دئے ہیں ۔ مجھے اس پر سخت اعتراض ہے میں ایسے لوگوں کے حق میں نہیں ہوں جنہوں نے پبلک کا امداد باہمی کی انجمنوں کا یا امداد باہمی کے بنکوں کا لکھو کھہا نہیں بلکہ کروڑہا روپیہ غصب کیا ہوا ہے ۔

کسی کام کے کرنے کے لئے یہ امر لازمی ہوتا ہے کہ اس کے لئے

مناسب طریق کار اختیار کیا جائے ۔ اب یہاں پر کوئی ذی شعور انسان یہ کس طرح پسند کر سکتا ہے کہ یہ اسسٹنٹ رجسٹرار یا رجسٹرار جو ان تمام برائیوں میں بذات خود ملوث رہے ہیں ان کر اتنے وسیع اختیارات دے دئے جائیں ۔ یہ افسران جب کسی شخص کے بارے میں فیصلہ کرتے ہیں کہ اس کو قرض دیا جائے تو اس شخص کو حقیقتاً فائدہ نہیں پہنچتا جو قرض لیتا ہے کیوں کہ وہ تو ان کا نامزد فرد ہوتا ہے یا محض پٹھو ہوتا ہے ۔ سیاست میں ایسے شخص کو X X X X X X*

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب کو شاید بھوک لگی ہے ۔

Mr Speaker : This is not a proper word to be used on the floor of the the House. It is expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ آپ رجسٹرار کو اتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں ۔ کیا آپ کو یہ علم ہے کہ محکمہ امداد باہمی خصوصاً جب سے یہ قرضہ جات دئے جا رہے ہیں ایک اہم محکمہ نہیں رہا ۔ وہ لوگ جو ان انجمنوں کے کام کو کنٹرول کرتے رہے ہیں ان کا حکومت کی مشینری سے گہرا تعلق ہوتا تھا ۔ پہلے جب کبھی قرض دیا جاتا تھا سب سے پہلے قرض کی مقدار محکمہ امداد باہمی کا ایک ذمہ دار افسر مقرر کرتا تھا اور جب قرض دیا جاتا تھا تو اس کے لئے باقاعدہ تحفظات موجود ہوتے تھے یعنی اس کے لئے گارنٹی لی جاتی تھی اس کے بعد ہی کسی قرض خواہ کو قرض دیا جاتا تھا۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

میں آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا یہ وہی رجسٹرار صاحبان نہیں ہیں جن کی اجازت سے یہ قرضے دئے گئے تھے اگر یہ وہی اصحاب ہیں جن کی موجودگی میں یہ قوم دشمن کارروائی ہوتی رہی - امداد باہمی کی انجمنوں اور بنکوں کا سرمایہ لٹتا رہا - وہ محض اس میں خاموش تماشائی کی حیثیت سے کام نہیں کرتے رہے بلکہ اس کے ساتھ پورے طور پر تعاون کرتے رہے -

Mr Speaker : The House is adjourned till tomorrow to meet at 9-00 A.M.

The Assembly then adjourned till 9.00 a.m. on Thursday, the 24th November, 1966.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 3751)

List of Commissioners/Deputy Commissioners/Political Agents.

1. PESHAWAR DIVISION

	Commissioner	Peshawar
	Deputy Commmissioner	Peshawar
(1)	—do—	Mardan.
(2)	—do—	Hazara.
(3)	—do—	Kohat.
	Political Agent.	
	—do—	Malakand.
	—do—	Mahmand.
	—da—	Khyber.
	—do—	Kurrum.
	—do—	Chitral.
	A.D.P.	Dir.

2. D. I. KHAN DIVISION

	Commissioner	D. I. Khan.
	Deputy Commissioner	
(4)	—do—	D. I. Khan.
(5)	—do—	Bannu.

	Political Agent.	
	—do—	N/Waziristan.
	—do—	S/Waziristan.
3.	RAWALPINDI DIVISION	
	Commissioner	Rawalpindi.
	Deputy Commissioner	
(6)	—do—	Rawalpindi.
(7)	—do—	Jhelum.
(8)	—do—	Gujrat.
(9)	—do—	Campbellpur.
4.	LAHORE DIVISION	
	Commissioner	Lahore.
	Deputy Commissioner	
(10)	—do—	Lahore.
(11)	—do—	Sialkot.
(12)	—do—	Sheikhupura.
(13)	—do—	Gujranwala.
5.	SARGODHA DIVISION	
	Commissioner	Sargodha.
	Deputy Commissioner	
(14)	—do—	Sargodha.
(15)	—do—	Lyallpur

(16)	—do—	Jhang.
(17)	—do—	Mianwali.

6. MULTAN DIVISION

	Commissioner	Multan.
	Deputy Commissioner	
(18)	—do—	Multan.
(19)	—do—	Montgomery.
(20)	—do—	D. G. Khan.
(21)	—do—	Muzaffargarh.

7. BAHAWALPUR DIVISION

	Commissioner	Bahawalpur.
	Deputy Commissioner	
(22)	—do—	Bahawalpur.
(23)	—do—	Bahawalnagar.
(24)	—do—	Rahim Yar Khan.

8. KHAIRPUR DIVISION

	Commissioner	Khairpur.
	Deputy Commissioner	
(25)	—do—	Khairpur.
(26)	—do—	Jacobabad.

(27)	—do—	Sukkur.
(28)	—do—	Nawabshah.
(29)	—do—	Larkana.

9. HYDERABAD DIVISION

	Commissioner	Hyderabad.
	Deputy Commissioner	
(30)	—do—	Hyderabad.
(31)	—do—	Thatta.
(32)	—do—	Dadu.
(33)	—do—	Tharparkar.
(34)	—do—	Sanghar.

10. QUETTA DIVISION

	Commissioner	Quetta.
	Deputy Commissioner	
(35)	—do—	Quetta.
(36)	—do—	Zhob.
(37)	—do—	Sibi.
(38)	—do—	Loralai.
(39)	—do—	Chagai.

11. KALAT DIVISION

	Commissioner	Kalat.
	Deputy Commissioner	
(40)	—do—	Kalat.
(41)	—do—	Mekran.
(42)	—do—	Kharan.

12. KARACHI DIVISION

	Commissioner	Karachi.
	Deputy Commissioner	
(43)	—do—	Karachi.
(44)	—do—	Lasbela.
(45)	—do—	Gowadar.

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 4192)

LIST SHOWING NAMES OF INFORMATION OFFICERS AND ASSISTANT INFORMATION OFFICERS PROMOTED FROM LOWER RANKS DURING THE YEARS 1962 TO 1966 IN THE REGION TO WHICH THEY BELONG.

(ANSWER TO PART (b) OF STARRED ASSEMBLY QUESTION NO. 4192.)

INFORMATION OFFICERS

1.	Mr. L. A. Munawar.	Lahore.
2.	Mr. Muhammad Yousaf Khan.	Peshawar.
3.	Mr. Zia-ul-Islam.	Lahore.
4.	Mr. Muhammad Sharif Mushtaq. Islamabadi.	Lyallpur (Multan Region).
5.	Mr. D. M. Qureshi.	Hyderabad.
6.	Mr. S. I. N. Jeofery.	Hyderabad.
7.	Mr. Masud-ul-Haq.	Lahore.
8.	Mr. A. S. Ghanvi.	Karachi.

ASSTT : INFORMATION OFFICERS

1.	Mr. Mudabbir Ali.	Multan.
2.	Mr. Ayyub Shah.	Lahore.
3.	Mr. Munir Ali Jafri	Karachi.
4.	Mr. Abdul Qayyum.	Khairpur. (Hyderabad Region).

5. Mr. Wazir Hussain. Hyderabad.

6. Mr. A. M. Channa. Hyderabad.

7. Mr. A. H. Natiq. Khairpur (Hyderabad Region).

LIST SHOWING THE NAMES OF INFORMATION OFFICERS AND ASSISTANT INFORMATION OFFICERS WHO HAVE BEEN RECRUITED THROUGH THE WEST PAKISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION DURING THE YEARS 1962 TO 1966.

ANSWER TO PART (c) OF TEE STARRED ASSEMBLY QUESTION NO. 4192

INFORMATION OFFICERS

NIL.

ASSISTANT INFORMATION OFFICERS

1. Mr. Abeedullah Alizai.

2. Mr. Maratab Ali Sheikh.

3. Mr. Abdul Ali Waheed.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 24th November, 1966.
پنج شنبہ - ۱۰ شعبان المعظم ۱۳۸۶ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓمّٓ ۝ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَمْ يَقُولُونَ
افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَا أَتَاهُمْ مِنْ نَذِيرٍ
مِنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ مَا لَكُمْ
مِنْ دُونِهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۝ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ
السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ
سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ ۝ ذَٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

(پ ۲۱- س ۳۲- ع ۱۴- آیات ۱ تا ۷)

الٓمّٓ ۝ اسمیں شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسکو خود بنا لیا ہے (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنیوالا نہیں آیا تاکہ یہ راستے کی ہدایت پا جائیں۔

اللہ ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو چیزیں اُن دونوں کے درمیان میں ہیں سب کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر فرمانروائی کے طور متوجہ ہوا۔ اس کے سوا تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ سفارش کرنیوالا پھر بھی تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔ وہی آسمان سے زمین تک کا انتظام کرتا ہے پھر وہ ایک روز جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ہزار برس کی ہوگی اس کی طرف رجوع کریگا۔ یہی ظاہر و غائب کا جاننے والا زبردست رحم کرنے والا خدا ہے۔ وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : The Question Hour.

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, I would like to offer a personal explanation.

I was greatly pained to read a news item in the daily 'Nawa-i-Waqt' of yesterday and more so because it came from a friend who is extremely dear to me. He said—

''اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران محکمہ تعلیم سے متعلق بعض سوالوں کے جوابات صوبائی وزیر زراعت اور قائد ایوان ملک خدا بخش بچہ دے رہے تھے کہ مسٹر حمزہ نے کہا کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ ملک صاحب نے وزارت تعلیم کا قلمدان کب سنبھالا ہے ۔ اس پر ملک خدا بخش بچہ نے جواب دیا کہ صوبائی وزیر تعلیم مسٹر محمد علی خاں کی طبیعت خراب ہے ۔ اس پر رکن اسمبلی مسٹر محمد نواز نے برجستہ کہا جناب ان کی طبیعت کہیں سوالوں کے جواب دینے کے خوف سے تو خراب نہیں ہو گئی ۔ اس پر ایوان قہقہوں سے گونج اٹھا'' ۔

Sir, in spite of having a very restless night on Sunday, I came and attended the opening Session of the Assembly because I had to reply to three adjournment motions. I replied to one of the adjournment motions which was tabled by my friend Mr. Hamza. On the request of the Leader of the Opposition, you ordered that the rest of the adjournment motions be taken up the next day. So I went to my office, called a doctor as I was not feeling well. He advised me to have complete rest and prescribed some medicines. For three days, Sir, I was running 102° temperature. It came down to 97° only yesterday. I did want to come and attend the

Assembly but the doctor advised me that that sub-normal temperature was worse than the abnormal, and asked me to have rest for two more days.

Since, Sir, this item came in the newspaper I thought it proper to explain this position to all my friends here. It was not the first day that I was to stand and answer questions regarding this portfolio of mine. I have been replying questions in the past to the entire satisfaction of the House and all my friends here. In fact, I have gone, many a times, out of the way to accommodate some of my friends by encouraging them to ask even short notice questions.

Sir, I love democratic values for which, I have suffered in the past so much so that at a very young age, I was put behind the bars. Sir, I am one of those who would always encourage all my friends here because by asking questions, I think, it is like a whip for the entire administration, and if the questions are not asked, and not properly replied nobody would even bother as to its duties as far as the departments are concerned.

So Sir, with these words, I hope I am clear and my friends would now know that it was on account of my illness and not for the fear of replying to questions that I did not attend the Assembly on these days.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ اخبار نے جس رنگ میں یہ الفاظ دیئے ہیں اس سے غلط فہمی ہوئی ہے ۔ میرا یہ مقصد نہ تھا ۔ حمزہ صاحب نے مذاق کے رنگ میں کہا اور میں نے بھی مذاق کے رنگ میں کہا ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو چیز بھی برجستہ اور از راہ مذاق ہو وہ کہہ دینے سے پہلے آپ کو اس چیز کے متعلق یہ ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ کسی فاضل ممبر صاحب یا کسی وزیر صاحب کے ذہن پر اس کا اثر کیا ہوگا ۔ یہ بات نامناسب ہے کہ آپ کا کوئی لفظ کسی فاضل ممبر یا کسی وزیر صاحب کے لیے کسی غلط فہمی کا سبب ہو ۔

خان صاحب مجھے آپ کی ایوان سے غیر حاضری کے سلسلے میں اگر یہ محسوس نہ ہوتا کہ آپ کی غیر حاضری معقول وجوہ پر مبنی ہے تو میں ملک صاحب کو اجازت نہ دیتا کہ وہ آپ کی طرف سے جواب دیتے اس لیے آپ اس کو محسوس نہ کیجئے ۔

The first question is from Mr. Hamza.

BIFURCATION OF PATWAR HALQAS ON RECONSTITUTION OF UNION COUNCILS

*2941. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that under Government instructions the Patwar Halqas are not to be bifurcated while reconstituting the Union Councils ;

(*b*) the names of "Patwar Halqas" bifurcated while reconstituting the Union Councils in the former Punjab area ;

(*c*) whether it is a fact that Patwar Halqa, Jajjail, Tehsil Chunian District Lahore has been bifurcated and village Qila Dauke has been excluded from the said Halqa and included in the newly constituted Union Council namely, "Qul Union" Council ;

(*d*) whether it is a fact that Patwar Halqa, Kanganpur, in Tehsil Chunian, District Lahore has also been bifurcated and village Mank De Ke has been excluded from the said Halqa and included in Jajjial Union Council ;

(*e*) if answer to (*c*) and (*d*) above be in the affirmative reasons for effecting the said changes ;

(*f*) whether it is a fact that the limits of Union Council Hussain Khanwala, Tehsil Kasur which previously consisted of five members, have been extended and five more members have been included in it ; if so, reasons therefor ;

(*g*) whether it is a fact that Union Council of Fatehpur Nurpur, Tehsil Kasur. which previously consisted of seven members has been reconstituted to consist of five members ; if so, reasons therefor ;

(*h*) whether it is a fact that Union Councils of Abubakar and Kotli Rai in Tehsil Kasur have been joined together, although both the said Union Councils have constructed their respective Union Council buildings ; if so, reasons therefor ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قبل اس کے کہ وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ میرے سوال کا جواب دینے کی زحمت کریں میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا کہ سوال کے حصہ ''ب'' میں میں نے دریافت کیا تھا کہ سابقہ پنجاب میں کتنے ایسے چیئرمینوں کے حلقے ہیں جن میں رد و بدل کیا گیا ہے ۔ اس کے باوجود پٹوار حلقے تھے جو کہ ہماری حکومت کی پالیسی تھی ان کی جو فہرست ہے جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ فہرست اسمبلی سیکرٹریٹ کو تو انہوں نے بہم پہنچا دی ہے لیکن مجھے مہیا نہیں کی ۔ جناب والا ۔ میرے تمام تر سوالات کا جواب اسی سوال کے جواب میں تھا ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے درخواست کرتا ہوں اور آپ سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ اس سوال کو آئندہ باری پر لیا جائے کیوں کہ آج میں اس پر ضمنی سوالات نہیں کر سکتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ ہم نے ایوان کی میز پر تو کاپی رکھ دی ہے ۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ حمزہ صاحب کو اس کی کاپی نہیں ملی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کی کاپی اس وقت دے دیجئے اور سوال کو آخر میں لے لیا جائے ۔ حمزہ صاحب کو اس پر اعتراض نہیں ہوگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میری یہ گذارش ہے کہ جو کارروائی ہو رہی ہے میں بحیثیت ممبر اس میں بڑی دلچسپی لیتا ہوں ۔ اگر میں علیحدگی میں بیٹھ کر اس ضمنی سوال کی تیاری کروں تو میں اپنے فرائض میں کوتاہی کروں گا ۔ یہ بات میرے نقطہ نظر سے موزوں نہیں اس لیے اس کو آئندہ باری پر چھوڑئیے ۔ دوسرے اگر اس میں دو یا دس حلقے آگے پیچھے ہوتے تو مجھے اس پر اعتراض نہ ہوتا ۔ مجھے یقین ہے کہ حکومت اپنی مصلحتوں کے تحت حلقوں میں رد و بدل کیے جائے گی ۔

Mr. Speaker : This question would be repeated on the next turn.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آپ کا حکم بھی ہمیں تسلیم ہے اور حمزہ صاحب کا حکم بھی ہم تسلیم کرتے ہیں ۔

SALE OF BIDI LEAVES IN HYDERABAD

*3162. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Industries be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Chairman, Small Industries Cor-

porttion, Lahore, sent a telegram to Zonal Manager, Small Industries, Hyderabad on 7th May, 1966 directing him to stop the sale of Bidi leaves in stock and to send the details of stock in godowns ;

(*b*) whether it is a fact that another telegram was sent by the said Chairman to the United Bank Limited, Hyderabad in which the Bank was asked not to accept any payment in respect of the said Bidi leaves ;

(*c*) whether it is also a fact that the said Zonal Manager in contravention of the said orders released Bidi leaves ;

(*d*) if the answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, action taken or intended to be taken against the Zonal Manager ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes, the Chairman, West Pakistan Small Industries Corporation sent a telegram to the Zonal Manager, Hyderabad, on 7th May 1966 to stop the sale of Bidi leaves until further instructions and to intimate the details of the stock in hand.

(*b*) Yes. The United Bank Limited, Hyderabad was also informed telegraphically on 12th May 1966 stop release of bidi leaves until further orders and communicate details of the stock in hand.

(*c*) No case has yet come to notice where the Zonal Manager, Hyderabad has contravened these orders, However, annonymous complaints have been received, which are under examination.

(*d*) In view of reply to (*c*) above, no action can be taken at this stage.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ جواب کے حصہ ''الف'' اور حصہ ''ب'' میں زونل مینجر سمال انڈسٹریز حیدر آباد اور یونائیٹڈ بنک حیدر آباد کے مینجر کو کہا گیا ہے کہ سٹاک کے متعلق

رپورٹ کریں اور سٹاک کو روکے رکھیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا زونل مینیجر نے ایسا کیا ہے یا نہیں ؟

Parliamentary Secretary : Obviously he did it and no stocks were released.

مسٹر حمزہ ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ جو گمنام درخواستیں انہیں موصول ہوئی ہیں وہ غلط ثابت ہوئی ہیں ۔ کیا میں ان سے دریافت کر سکتا ہوں کہ جو سوال کا جواب مجھے مہیا کیا گیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ معاملہ زیر تحقیق ہے ۔ کیا آپ کے محکمے نے تحقیقات مکمل کر لی ہے اور وہ کس فیصلہ پر پہنچ گئے ہیں ؟

Paliamentary Secretary : Yes Sir; the question has been gone into to this extent that the inquiry was made by the Chairman himself at the fag end and all these annonymous applications were not proved.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ جواب کے حصہ ''ج'' میں کہا گیا ہے کہ ''ابھی تک کوئی ایسا کیس نوٹس میں نہیں آیا ہے جس میں زونل مینیجر حیدر آباد نے ان احکامات کی خلاف ورزی کی ہو تاہم گمنام شکایات موصول ہوئی ہیں جو زیر غور ہیں'' آیا وہ شکایات زیر غور ہیں یا ان پر کوئی انکوائری ہوئی ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب اس کا جواب انہوں نے دے دیا ہے کہ موقع پر انکوائری ہوئی ہے اور کوئی الزام ثابت نہیں ہوا ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ اس واقعہ کو ۷ مہینے اور

۱۸ دن ہوئے ہیں ۔ جس دن یہ جواب چھپا ہے آیا اس دن سے غور ہو رہا ہے ؟ یہ انکوائری کس وقت اور کب مکمل ہوئی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں معزز ممبر کی اطلاع کے لیے عرض کردوں کہ پچھلے سیشن میں یہ سوال carry ہوا تھا ۔ اندازہ فرمائیں اس وقت یہ انکوائری نہ ہو رہی تھی ۔ یہ آخری پوزیشن ہے جو واضح کر دی گئی ہے ۔ انکوائری ہو گئی ہے اور جو گمنام درخواستیں تھیں وہ پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی ہیں ۔

PURCHASE OF BAJRI AND STONE METAL BY LAHORE MUNICIPAL CORPORATION

***3231. Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Lahore Municipal Corporation purchased Bajri and Stone Metal during the period from 1st July 1965 to 28th February 1966 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; (*i*) the name of the firm from which the said purchases were made ; (*ii*) the total amount paid to the said firm; (*iii*) the rate per 100 ft., of the material purchased ; (*iv*) the quantity of the Bajri and Stone Metal received as per record for which payment has been made ; (*v*) the quantity of Bajri and Stone Metal shown in the Railway Receipt ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Only Bajri was purchased by the Lahore Municipal Corporation during the period 1st July 1965 to 28th February 1966 Stone Metal was not purchased.

(*b*) (*i*) Mr. Muhammad Sharif, Contractor.

(*ii*) Rs. 74,039. 10

(*iii*) Rs. 1,18 per 100 cft, of Bajri.

(*iv*) 62745 cft. Bajri was received for which payment has been made.

(*v*) The Corporation paid consolidated rate of Bajri which was inclusive of the transport charges to site and therefore, Lahore Municipal Corporation was not concerned with the mode of transport, and so it is not possible to say what quantity was shown in the Railway receipt, if any.

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ یہ بجری جو میاں محمد شریف سے خریدی گئی تھی آیا اس کے لیے کوئی ٹینڈر طلب کئے گئے تھے یعنی اس کے rates کے لیے ٹینڈر طلب کئے گئے تھے یا ورک آرڈر کے ذریعے ہی لیے گئے تھے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ یہ ٹینڈر کے ذریعے خریدی گئی تھی ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ ان کی طرف سے دئیے گئے جواب کے حصہ الف جزو (۳) میں ۔ ۱۱۸۰ روپے فی سو مکعب فٹ کے حساب سے بجری کی خرید دکھائی گئی ہے ۔ جبکہ . . . . .

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ یہ چھپائی کی غلطی ہے میں نے اپنے جواب میں ۔ ۱۱۸ روپے عرض کیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر بلدیات یہ

بتا سکیں گے ۔ کہ یہ بجری ٹرک کے ذریعے پہنچائی گئی تھی یا ریل کے ذریعے یہاں پہنچائی گئی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں ہمارے کاغذات اور ریکارڈ کا جہاں تک تعلق ہے ان میں اس بارے میں کوئی ذکر نہیں ہے کیونکہ ہم نے ٹرانسپورٹ وغیرہ اور دیگر تمام چیزوں کو شامل کرکے لاہور میں بجری لینی تھی اس لیے میں یہ اطلاع بہم پہنچانے سے قاصر ہوں کہ یہ بجری کس ذریعے سے لاہور پہنچائی گئی تھی آیا بجری ٹرک کے ذریعے لائی گئی تھی یا ریل کے ذریعے اس کے بارے میں میں کچھ عرض کرنے سے قاصر ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب وزیر صاحب نے اپنے جواب میں فرمایا ہے کہ بجری کی قیمت ۔ ۷۴۰۳۹ روپے ہے ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ آیا یہ ساری بجری پہنچی بھی ہے کہ نہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ حاجی صاحب کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ یہ ساری بجری پہنچنے کے بعد ہی اس کی ادائیگی کی گئی ہے ۔

DEVELOPMENT SCHEMES IMPLEMENTED IN TRIBAL AREA OF DERA GHAZI KHAN DISTRICT

*3292. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Parliamentary Secretary Planning and Development be pleased to state the

Development Schemes implemented in the tribal area of Dera Ghazi Khan District since its merger with the said District ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): The information regarding the development schemes implemented in the tribal area of D. G. Khan since its merger with the said District is enclosed.*

سردار منظور احمد خان قیصرانی - شمولیت سے قبل اس علاقے کی کن سکیمز کو حکومت امداد دیا کرتی تھی ؟

Parliamentary Secretary : Sir, the question has been asked since merger and information has been given. If the Member desires to get information prior to the merger that will be furnished on the next turn on fresh notice.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - اگر میں ان کی اطلاع کے لیے عرض کردوں کہ پہلے بھی اس قسم کی سکیموں کے لیے حکومت امداد دیا کرتی تھی اور اب اسی علاقے کی انتہائی درجہ کی پس ماندگی کے پیش نظر کوئی بڑی سکیم یا انڈسٹری از قسم سیمنٹ فیکٹری یا کھاد وغیرہ کی فیکٹری لگانے کے لیے حکومت غور فرمائے گی ؟

مسٹر سپیکر - سوالات کے وقفے میں اطلاع بہم پہنچانا ممبروں کا کام نہیں ہے - اور نہ ہی ان کی طرف سے کوئی تجویز پیش کی جاسکتی ہے - چونکہ معزز ممبر کے اس ضمنی سوال کے پہلے حصہ میں ایک اطلاع بہم پہنچائی گئی ہے اور اسی سوال کے دوسرے حصہ میں ایک تجویز پیش کی گئی ہے اس لیے میں ان کے اس سوال کی اجازت نہیں دے سکتا -

*Please see Appendix 1 at the end.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ جواب میں کہا گیا ہے کہ اس کے متعلق معلومات منسلک ہیں ۔ لیکن میرے پاس جو چھپی ہوئی کتاب ہے اس میں تو یہ معلومات درج نہیں ہیں تو یہ معلومات کہاں پر منسلک کی گئی ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ کتاب میں چھپ چکی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ یہ تمام تفصیلات کتاب میں چھپ چکی ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جو کتاب میرے پاس ہے اس کے ساتھ یہ تفصیلات منسلک نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کتاب کے اندر چھپی ہوئی ہیں ۔

Disposing of Mohnipura Quarters in Rawalpindi by Public Auction

***3298. Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Rawalpindi Improvement Trust in its meeting, dated 19th February 1966 decided to dispose of the Mohnipura quarters in Rawalpindi by public auction ;

(*b*) whether it is a fact that on the representation of the inhabitants

of the said area the Commissioner Rawalpindi issued stay orders on 4th March 1966 in respect of the above mentioned auction ;

(*c*) if the answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the Rawalpindi Improvement Trust has again proposed to auction the said quarters; if so, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes. After having examined the record, liabilities and difficulies of the Trust, the Commissioner, Rawalpindi Division vacated the stay order and the Trust proceeded with the auction ; as these quarters were occupied by Government officials of different departments, who were not in the category of displaced persons.

CASES FILED IN CONCILIATION COURT NEW CHALI, KARACHI

*3373. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state the total number of cases filed in Conciliation Court, New Chali, Karachi during the last 2 months alongwith the number of cases out of those which have since been decided ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : 103 cases were filed in New Chali Union Committee, Karachi under Conciliation Courts Ordinance during the period from October 1965 to June 1966. 64 out of them had been decided by the end of June.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت مجھے بتا سکتے

ہیں کہ یہ نیو چالی کی جو یونین کمیٹی ہے کیا آپ اس کی مصالحتی عدالت کے فیصلوں کی رفتار سے مطمئن ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ــ جناب والا ۔ کئی مرتبہ اس سلسلے میں کچھ قانونی دقتیں پیش آ جاتی ہیں ۔ اور دوسرے فریق کو اطلاع دینے میں بھی بعض اوقات دقت پیش آتی ہے ۔ میری اطلاع کے مطابق بعض ایسے مقدمات تھے جن میں فریقین کو اطلاع دینے میں دشواریاں پیش آئی ہیں ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں نے جو latest اعداد و شمار منگوائے ہیں جو اس وقت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ــ ضمنی سوال میں معزز وزیر سے اعداد و شمار نہیں پوچھے گئے صرف یہ دریافت کیا گیا ہے کہ کیا موصوف ان کی اس موجودہ رفتار سے مطمئن ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ــ اصل میں انسانی کاموں سے بالکل مطمئن ہو جانا ترقی کی رفتار کو روک دینے کے مترادف ہے ۔ بہرحال یہ موجودہ رفتار اتنی غیر تسلی بخش نہیں ہے بلکہ مناسب ہے ۔ یہ درست ہے کہ ہمیں اس رفتار کو اور بہتر بنانا چاہئے ۔ میں آپ کی وساطت سے فاضل ممبران کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ میں نے پہلے ہی تمام یونین کمیٹیوں اور ٹاؤن کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ مہربانی فرما کر اپنے عدالتی کام کی طرف بھی زیادہ توجہ دیں تاکہ لوگوں کو سہولت ہو ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں سوال نمبر ۳۲۹۲ کے جواب پر ابھی تک غور کر رہا تھا کہ چونکہ جواب یہ دیا گیا ہے کہ جواب سے متعلق تفصیلات منسلک ہیں میں اس منسلکہ تفصیلات کی تلاش میں رہا ہوں ۔ لیکن میں دوبارہ عرض کرتا ہوں کہ ان کا یہ جواب جھوٹ پر مبنی ہے اور اس ایوان میں جھوٹ نہیں بولنا چاہئے تو از راہ کرم اس کی وضاحت کر دیں ۔

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب ۔ آپ کس غلطی کی نشاندھی کر رہے ہیں ۔ آپ جن تفصیلات کے بارے میں فرما رہے ہیں کہ وہ منسلک نہیں ہیں دراصل وہ تو کتاب میں چھپی ہوئی ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ــ جناب سپیکر ۔ میری استدعا ہے کہ میرے پاس جو کتاب موجود ہے اس میں وہ تفصیلات درج نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب ۔ اردو کی کتاب دیکھنے سے مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کی شکایت صحیح ہے ۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ یہ سوال دوبارہ اگلی باری پر دھرایا جائے اور اس مرتبہ یہ ساری معلومات کتاب میں چھپ جائیں گی ۔ اور میں یہ بھی دیکھوں گا کہ کون شخص اس امر کے لئے قصوروار ہے اس کی تحقیقات کرنے کے بعد قصوروار کو باقاعدہ سزا دی جائے گی ۔

چودھری محمد نواز ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ قیصرانی صاحب نے

جس وقت سوال پوچھا تھا تو اس وقت بھی حاجی صاحب نے اس طرف توجہ دلائی تھی کہ ان کے سوال کے متعلق بھی تفصیلات موجود نہیں ھیں ۔ تو میرا خیال ھے کہ آپ اس کے متعلق بھی تحقیقات کر لیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ اسی سوال کے متعلق کہا جا رھا ھے اور میں اس موقع پر سردار محمد اشرف خان صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ چونکہ وزیر صنعت تو کوئی بھی نہیں ھیں لیکن جہاں تک اس سیکرٹریٹ کا تعلق ھے میں گورنمنٹ پریس کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ھوں اور مجھے ان کی کارکردگی سے متعلق اور بھی کئی شکایات موصول ھوئی ھیں ۔ اور اگر آپ میرے چیمبر میں تشریف لائیں تو میں وضاحت کے ساتھ ان کے متعلق آپ کو عرض کروں گا کہ ایک تو وہ وقت پر کام نہیں کرتے اور پھر جس قسم کا بھی کام وہ کرتے ھیں اس کی کوالٹی ناقص ھوتی ھے ۔ حالانکہ اس سلسلے میں ھمارے سیکرٹریٹ پر بھی ذمہ‌داری عائد ھوتی ھے ۔ اس لئے میں تحقیقات کرکے جو بھی شخص اس معاملے میں قصوروار ھوگا اس کے خلاف ایکشن لوں گا ۔ لیکن آپ یہ دیکھیں کہ گورنمنٹ پریس کے پاس بھی پروف وغیرہ پڑھنے کے لئے عملہ ھوتا ھے تو اگر اس سیکرٹریٹ سے کوئی غلطی ھو بھی جائے تو بھی مذکورہ عملہ بھی اس کا اسی قدر ذمہ‌دار گردانا جا سکتا ھے ۔ اس قسم کی غلطی وھاں بھی پکڑی جا سکتی ھے اس لئے آپ اسے check up کریں اور جو شخص اس کے لئے ذمہ‌وار ھو اس کے خلاف ایکشن لے کر اسے سزا دیں اور اس کے علاوہ آپ انہیں یہ بھی ھدایات کریں کہ اس

ایوان کا کام اور اس سیکرٹریٹ کے کام کی رفتار تیز تر ہو اور یہ کہ کام کی کوالٹی بھی بہتر ہو۔

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): I assure you Sir that a check will be certainly made into the affairs and the working of the Printing Press, and the department will take all the responsibility of giving full priority to the Assembly work and would see that all your orders are obeyed.

SELECTION OF MR. KAUSAR ALI, AS AN ASSISTANT INDUSTRIAL DEVELOPMENT OFFICER

*3496. **Dr. Sultan Ahmad Cheema**: Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in 1960 Mr. Kausar Ali, a Junior Clerk of the West Pakistan Civil Secretariat, who had a diploma in Electric Engineering from Y. M. C. A. Technical Institute was selected by the Selection Board of Director of Industries office for appointment as an Assistant Industrial Development Officer in 1960 and placed on the waiting list, inspite of the fact that the said clerk did not possess the requisite qualifications prescribed for the said post as advertised by the Department ;

(*b*) whether it is a fact that he was at first offered a post in the scale of Rs. 150—10—250/15—370 by the Deputy Director of Industries, Quetta Region.—*vide* his letter No. 16091, dated 15th December 1960 but he was subsequently appointed as A. I. D. O. in Lahore Region on 14th December 1960 ;

(*c*) whether it is a fact that ever since his appointment as A. I. D. O. in Lahore Region in 1960 he has not so far produced the Matriculation Certificate despite the fact that he was repeatedly ordered by the concerned authority to produce the same ;

(*d*) whether it is a fact that Y. M. C. A. Technical Institute was recognized by Government,—*vide* Notification No. vi-12-3/60, dated 8th July 1961 ;

(*e*) whether it is a fact that the Diploma for Electrical Engineering held by the said Mr. Kausar Ali has not been treated as valid for the purpose of selection of the post of an A. I. D. O. due to the fact that the said Institute was not recognized by the Government in 1960 ;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, the action taken or intended to be taken by Government against the officials responsible for making the said appointment ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The reply is in the affirmative with the exception the Mr. Kausar Ali being in possession of a diploma in Electrical Engineering from Y. M. C. A. Lahore, was eligible for appointment as Assistant Industrial Development Officer, in accordance with the qualifications advertised for this post.

(*b*) It is a fact that he was offered the post of Asstt. Industrial Dev. Officer in Quetta Region by the Deputy Director of Industries, Quetta Region, Queta in his letters No. 16091 dated 5-12-60. and not on 15-12-60. As Mr. Kausar Ali expressed his inability to proceed to Quetta on account of his family circumstances, he was offered the same post in the Lahore Region where he joined on 14-12-60.

(*c*) It is correct that the Directorate of Industries had asked Mr. Kausar Ali to furnish the Matriculation Certificate. It is also correct that Mr. Kausar Ali did not produce this certificate. Instead he produced an affidavit affirming that he was a Matriculate and also a photostat copy of Scholar's Register and Transfer Certificate showing that he had passed the Matriculation Examination in 1944-45. On the basis of this proof, the Directorate of Industries was satisfied that Mr. Kausar Ali was a Matriculate and rhe matter was not pursued further.

(*d*) Yes. The Y. M. C. A. Technical Institute was recognised by the

Government of West Pakistan vide notification No. VI-12-3/60 dated 8-7-1961 and not vide notification No. VI-12-5/60.

(*e*) No.

(*f*) There being no violation or irregularity in the matter, the question of taking action against the officer responsible for making appointment does not arise.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : Point of order, Sir. There are 45 questions in this list, out of which 39 are from the Basic Democracies and Local Self-Government and the rest 16 are from the Industries Department. None of the answers to these questions has been printed, so far as they related to the Industries Department. As regards the question relating to me, the notice was given in the last Session, but I fail to understand why all the questions belonging to the Industries Department have not been printed in the list. The three questions relating to me have been answered and the answers are in my seat with the note "Revised Answers", but I have not received the previous answers to these questions.

Parliamentary Secretary : The position, as stated by the member, is true to some extent that all the answers pertaining to the Industries Department are not printed in the book. Sir, there are certain questions, which are a carry-over of the last Session. Most of the answers are printed to such questions, but certain answers could not be printed as the answer was supposed to be revised by the Law Minister or by myself, and as such it took some time and the answers could not be sent to the Assembly Secretariat in time. Anyhow, I assure you and through you the House that this will be looked into, and every effort shall be made to see that every answer reaches the Assembly Secretariat in time.

Mr. Speaker : The point raised by Dr. Cheema was not a point of order.

Anyhow, I compliment the Minister for Basic Democracies for responsing to the wishes of the House. The department of Basic Democracies has answered all the Questions and the Answers to these Questions have been printed in the list I had complimented them in the last Session and

I compliment them now. But I fail to understand one thing that if the Basic Democracies Department can furnish Answers well in time, why not other departments. The Answers from every department should be forwarded to Assembly Secretariat well in time so that they may be printed in the Answer Book.

Minister of Basic Democracies: With your permission, Sir, I thank you for the kind words which you have said for my department, but I assure you it has been possible only with the cooperation of the Assembly Secretariat. I thank you once again.

ملک محمد اختر ۔ من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ محکمہ صنعت کا کوئی وزیر مقرر نہیں کیا گیا ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ ایک وزیر کی خالی اسامی کا اعلان کیا جائے تاکہ ہمیں جوابات مناسب وقت پر مل سکیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا حمزہ صاحب اس اسامی کے لئے امیدوار ہیں ۔

Mr. Speaker: This is not a point of order.

مسٹر سپیکر ۔ وزیر صاحب کو چاہئے کہ وہ اختر صاحب کا شکریہ ادا کریں کہ انہوں نے کوئی سوال نہیں پوچھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ اگر وہ کوئی سوال پوچھتے تو اتنی لمبی تقریر ہوتی کہ پھر کسی دوسرے کی باری ہی نہ آتی ۔ (قہقہہ)

Dr. Sultan Ahmed Cheema : Sir, I have got a copy of the advertisement, which was given in the Press, about the qualifications for the appointment of Assistant Industrial Development Officer, which is as follows :

Qualification — Graduate in Science, Physics,

— Chemistry, or Chemical Technology,

— Economics, Diploma in Leather,

— Technology and Cloth Technology.

Parliamentary Secretary : I have also got a copy of the same advertisement.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : Kausar Ali had not got this qualification, and he was recruited for that post. The reply given is not correct because the qualification, which has been quoted, not was recognized at that time.

Parliamentary Secretary : Sir, as far as the first part of the supplementary question is concerned, Mr. Kausar Ali had the qualification. Even according to the question of the Member, he had the diploma in Engineering from the Y. M. C. A. but the second part of the supplementary that it was not recognized by the Government is true to some extent because the Government recognized the Y. M. C. A. Engineering Diploma in 1961 and not in 1960. But as far as the selection of the gentlman is concerned, it was not mentioned, as you have yourself heard the contents of the advertisement, that it must be from a recognized University. On this basis, Sir, Mr. Kausar Ali was selected.

خان اجون خان جدون ـ جناب والا ـ یہ کہتے ہیں کہ commitment نہیں ہوئی ـ یہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ ۱۹۶۰ء میں

Y.M.C.A. کا ڈپلوما recognised نہیں تھا تو جب وہ recognised نہیں تھا تو آپ نے commitment کر کے کیا irregularity کا commitment نہیں کیا ؟

Parliamentary Secretary: I have already admitted that it was recognised in 1961 but if you go through the advertisement you will find that it was not mentioned in the advertisement at that time. He had the degree and now that degree is recognised by the Government even today.

Khawaja Muhammad Safdar: There is a lot of difference between Diploma and Degree.

Parliamentary Secretary: He had the Diploma at that time and today that Diploma is recognised by Government but it was not recognised in 1960. The explanation that has been given is that in the advertisement the recognition of the Diploma was not a must. He had a Diploma at that time.

میجر محمد اسلم جان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ پہلی چیز یہ ہے کہ ڈپلوما وہ ہوتا ہے جو گورنمنٹ recognise کرتی ہے اور پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب خود مان رہے ہیں کہ وہ recognised نہیں تھا تو پھر وہ ڈپلوما کیسے ہو گیا ۔ یعنی کسی کے پاس کوئی چلا جائے اور وہ اس کو لکھ کر دے دے تو وہ Diploma تو نہیں ہو جاتا ۔ حکومت کی there is a difference between a diploma اور recognition ہونی چاہئے and a degree.

پہلے qualification یہ تھی کہ

a person must at least be a graduate and this gentleman was not a graduate.

دوسرا میرا ان سے یہ سپلیمنٹری ہے کہ آپ یہ بتلائیں کہ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ اس نے ۱۹۴۴-۴۵ء کا Matriculation کا affidavit دیا تھا تو کس یونیورسٹی سے اس نے Matriculation کیا تھا ؟

Parliamentary Secretary : I have also got a copy of the same.

The gentleman belonged to India and he Matriculated from Badayun. Sir, in some cases, relaxation was shown to people who had come from India and they were given the margin that they might have lost their certificates there but, anyhow, this is a photostet copy which gives ample proof that he is a Matriculate.

میجر محمد اسلم جان -- جب کسی امیدوار کے پاس کسی منظور شدہ یونیورسٹی یا کالج کا ڈپلوما نہیں ہے تو کیوں آپ نے اسے enlist کیا ۔ اس کے متعلق کیا انکوائری کی گئی ہے اور کیا آپ نے وجہ معلوم کی ہے کہ کس وجہ سے یا کس سفارش پر یہ ۔ ضابطگی اور بے قاعدگی کی گئی ؟

Parliamentary Secretary : This gentleman, prior to his coming to the Industries Department, was already serving in the Civil Secretariat and the question of checking up his Matriculation certificate at that time, obviously did not arise. As far as the recognition of the Diploma is concerned instead of 1960 it was recognised in 1961. It might be in the knowledge of the officer, who decided, at that time that the Diploma was going to be recognised.

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مطمئن ہیں کہ بھرتی کرتے وقت اس سے بہتر قابلیتوں کا آدمی نہیں تھا جس نے درخواست دی ہو ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کروں گا کہ سردار اشرف خان صاحب صحیح ہے کہ سوالوں کے جوابات انگریزی میں پڑھ لیں لیکن کیا سپلیمنٹری کے جوابات بھی انگریزی ہی میں دینا ضروری ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس سپلیمنٹری کا جواب اردو میں مانگوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ سردار صاحب آپ اردو میں جواب دیں جب ہم حاجی صاحب سے کہتے ہیں کہ وہ سندھی میں نہ تقریر کریں اور اردو میں تقریر کریں تو آپ بھی سوالوں کے جوابات اردو میں دیں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب میں نے حاجی صاحب کے سوالوں کے جوابات ہمیشہ اردو میں دئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ انگریزی کے بجائے اردو میں جواب دیجئے گا ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ لیکن جناب حاجی صاحب تو ہمیشہ ان سیٹوں پر بیٹھنے والے انگریزی میں جو بولتے ہیں تو ان کی شکایت کرتے ہیں لیکن جب میں نے ان سے کہا کہ آپ کی طرف سے خان منور خان انگریزی میں بولتے ہیں تو آپ ان پر بھی اعتراض کیا کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ اسی لئے انہوں نے ان کے قریب کی سیٹ چھوڑ دی ہے اور وہ خان منور خان سے دور ہٹ کر بیٹھ گئے ہیں ۔ (قہقہہ)

چودھری محمد سرور خان - ویسے انہوں نے خان منور خان کی تقریر پر کبھی اعتراض نہیں کیا -

میں عرض کر رہا تھا کہ بھرتی کے وقت کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مطمئن تھے کہ اس سے بہتر کسی امیدوار نے درخواست نہیں دی تھی -

پارلیمنٹری سیکریٹری - جناب والا - میں نے منتخب شدہ امیدواروں کی فہرست تو منگوا لی ہے لیکن ان تمام افراد کی فہرست جنہوں نے درخواستیں دی تھیں حاصل نہیں کی ہے اگر معزز ممبر یہ پسند کریں کہ ان تمام لوگوں کی فہرست مہیا کی جائے تو میں یہ بھی کرنے کو تیار ہوں -

بابو محمد رفیق - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں نے اس ہاؤس میں پہلے عرض کیا تھا کہ بہت سے سپلیمنٹری سوالات ہوتے ہیں ایسا کرنے کی اجازت نہ دی جائے - تو آپ نے رولنگ دی تھی کہ میں ایسا نہیں کر سکتا کہ سپلیمنٹری سوالوں کو روک دوں تو میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ نے فی الحال سپلیمنٹری بند کر دئے ہیں تو کیا کوئی رول ایسا ہے جس کے پیش نظر آپ نے اس وقت سوالات بند کر دئے ہیں -

مسٹر سپیکر - بابو صاحب میں عرض کروں گا کہ یہ رول نہیں ہے کہ اتنے سپلیمنٹری پوچھے جائیں اور اتنے سپلیمنٹری نہ پوچھے جائیں - یہ سپیکر کی صوابدید پر ہے اور صدر کی صوابدید پر ہے اور ہر سوال کے مطابق اور اس کی اہمیت کے مطابق دونوں چیزیں مدنظر رکھی جاتی

ہیں کہ کس سوال کی اہمیت ہے اور کس کی اہمیت نہیں ہے اور کس کے لئے اجازت دی جانی چاہئے اور کس سوال کو زیادہ اہمیت نہ دی جانی چاہئے ۔ اگر آپ یہی رول بنا دیں کہ ۵—سے زیادہ سپلیمنٹری نہ کئے جائیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے رولز کی پابندی کی جائے گی ۔

---

*3497. **Dr. Sultan Ahmad Cheema** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Mr. Hamidullah Khan, a Junior Clerk in the Statistical Section of the Office of Deputy Director of Industries, Lahore Region proceeded on leave with effect from 8th June 1963 to 24th June 1963 ;

(*b*) whether it is a fact that one Mr. Ibrar-ul-Haq applied on 19th June 1963 for the post of Junior Clerk and was appointed against the leave vacancy of said Mr. Hamidullah Khan ;

(*c*) whether it is a fact that said Mr. Ibrar-ul-Haq actually took charge of the said post on 20th June 1963 whereas his pay was drawn with effect from 1st June 1963 ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for drawing pay of Mr. Ibrar-ul-Haq for the period from 1st June 1963 to 19th June 1963 ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No. Mr. Hamidullah Khan proceeded on leave with effect from 1-6-1963 to 24-6-1963.

(*b*) Scrutiny of the relevant record shows that Mr. Ibrarul Haq's application for appointment as Junior Clerk was considered on 31-5-1963 and that the orders appointing him to the post were passed on the same date. The application on record, however, bears the date 19-6-1963.

(*c*) Mr. Ibrarul Haq appears to have taken over charge on the after-

noon of 31-5-1963. June 1 to 3 were public holidays. He has been marked present with effect from June 4, 1963 onwards in the attendance register.

(*d*) Facts of this case are under investigation with the Anti-corruption Department.

خان اجون خان جدون - جناب انہوں نے کہا ہے کہ ابرارالحق کی تقرری کے آرڈر ۳۱-۵-۱۹۶۶ء کو پاس ہوئے لیکن ریکارڈ پر جو درخواست ہے اس پر چھ لکھی ہوئی ہے کیا یہ بتلا سکتے ہیں کہ یہ بےضابطگی کیوں ہوئی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری - میں آپ سے بالکل متفق ہوں لیکن آپ غور کریں تو پارٹ (ڈی) میں اس کا جواب مل جائے گا اس کے متعلقہ کاغذات محکمہ اینٹی کرپشن کے پاس زیر تفتیش ہیں - یہ پرنٹ اس وجہ سے نہیں ہو سکا کہ لا منسٹر صاحب کے احکامات پر محکمہ نے بہت کوشش کی کہ اینٹی کرپشن سے کاغذات حاصل کر سکے لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ متعلقہ کاغذات اینٹی کرپشن والوں نے دینے سے انکار کر دیا - جواب میں ہم نے یہی دیا ہے کہ کاغذات اینٹی کرپشن اور پولیس کے پاس ہیں -

بابو محمد رفیق - کیا پارلیمنٹری سیکریٹری بتائیں گے کہ کب سے معاملہ اینٹی کرپشن کے پاس ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری - اس کا جواب میں اگلے سوال کے ساتھ دے دوں گا -

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس ہاؤس کے جو سوالات ہوں ان کے بارے میں کوئی محکمہ کیا یہ حق رکھتا ہے کہ وہ کاغذات کو متعلقہ سیکریٹریٹ کے کسی محکمے کو جب کہ سوالات کے جوابات ہاؤس میں آتے ہیں وہ روک سکتا ہے ۔ اور ان کو یہ privilege حاصل ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ کسی محکمہ کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کاغذات نہ دے لیکن خاص وجوہات کی بنا پر اگر وہ محکمہ ضروری سمجھے کہ اس کو ظاہر نہ کیا جائے تو وہ اس کو روک سکتا ہے اور ہم اس سے اصرار نہیں کرتے کیونکہ تفتیش کے دوران میں کاغذات بصیغۂ راز ہوتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اخوند صاحب اس کے متعلق صورت یہ ہے کہ کیا دستاویزات کے بارے میں استحقاق کا دعویٰ کیا گیا ہے ؟ کوئی محکمہ اس سلسلے میں کسی استحقاق کا دعویٰ نہیں کر سکتا اور کسی ڈیپارٹمنٹ کو یہ حق نہیں ہے کہ آپ کو کاغذات نہ دے اور جواب فراہم نہ کرے ۔

وزیر قانون ۔ دراصل یہ بات نہیں ہے ۔ اصل میں بات یہ ہے کہ جب یہ سوال ملا اور اس کا جواب آیا تو کافی چھان بین کرکے ہم نے ان سے پوچھا کہ ضروری معلومات حاصل کرکے ہمیں بتایا جائے ۔ ہم نے اس ضمن میں ایک چٹھی بھی لکھی کہ اس معاملہ کو وہ expedite کریں لیکن

جواب نہ ملنے پر میں نے لکھ دیا کہ ہم اپنا کارک بھیج رہے ہیں وہ وہاں جا کر جو پوزیشن ہے اس کا پتہ کرے لیکن ان تمام کوششوں کے باوجود ہم ریکارڈ حاصل نہ کر سکے ۔ لیکن جس وقت بھی وہ حاصل ہو گیا ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم اسے پیش کر دیں گے ۔ ہم کسی بات کو چھپانا نہیں چاہتے ۔ چونکہ معاملہ ایک تفتیش کے بارے میں تھا جو کہ ڈپٹی ڈائیریکٹر کے خلاف ہے اور یہ کاغذات اس سے متعلقہ ہیں اس لئے سمجھا گیا کہ چونکہ وہ ایک بڑا افسر ہے جس کے خلاف تفتیش ہو رہی ہے تو اسے بصیغۂ راز رکھنا ذرا ٹھیک ہے لیکن پھر بھی میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم تمام معلومات حاصل کرکے ہاؤس میں بتا دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اخوند صاحب اس کے متعلق تو آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ تفتیش ہو رہی ہے اور پبلک مفاد میں اس کا جواب نہیں دینا چاہیئے لیکن ایوان میں یہ جواب کہ محکمہ والوں ۔' کاغذات نہیں دکھائے باوجودیکہ آپ نے اس کے لئے کوشش فرمائی یہ میرا خیال ہے کہ مناسب نہیں ۔

Minister for Law : We are not claiming privilege Sir. I wanted not to conceal anything.

چونکہ ٹائم تھوڑا رہ گیا تھا اس لئے اس قسم کی جو بھی پوزیشن تھی وہ آپ کے سامنے پیش کر دی گئی ۔

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ آپ نے اس مسئلہ کو صحیح

طور پر سمجھ لیا ہے ۔ میری منشاء یہ تھی کہ جہاں تک ہاؤس کا تعلق ہے یہ اس کا پرولیج ہے اور جہاں تک گورنمنٹ کے اختیارات کا تعلق ہے آپ جانتے ہیں کہ ہاؤس بالکل independent and sovereign legislature ہے اور اس کو حق حاصل ہے کہ اگر وہ کوئی سوال پوچھے تو اس کا جواب دیا جائے ۔ ویسے میں بھی سمجھتا ہوں کہ حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر وہ کوئی جواب پبلک کے مفاد میں نہ دینا چاہے تو وہ یہ کہہ سکتی ہے کہ اس کا جواب دینا مناسب نہیں لیکن اگر گورنمنٹ کسی سوال کا جواب کسی محکمہ سے مانگے اور کاغذات طلب کرے تو میری ناقص رائے ہے کہ اس محکمہ کو حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اس سے اس مسل کو چھپائے اور اگر وہ گورنمنٹ سے چھپائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ محکمہ گورنمنٹ سے سپریم ہے ۔ حیرت کا مقام ہے کہ کوئی محکمہ گورنمنٹ سے کاغذات پوشیدہ رکھے ۔ انہوں نے ایسا کرکے نہ صرف ہاؤس کے پرولیج کو نقصان پہنچایا ہے اس کے استحقاق کو ضائع کیا بلکہ حکومت کی حکم عدولی بھی کی ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا حکومت تیار ہے کہ وہ اس چیز کے خلاف کوئی کارروائی کرے کہ اس محکمہ نے اس سے کیوں یہ تمام دستاویزات روکیں ؟

Mr. Speaker : Is it a supplementary question or a Point of Order ?

Khan Muhammad Yusuf Khan : Sir, I am explaining my previous point of order. Sir, I wanted to know whether they are prepared to take any action against the Deptt. for with-holding the documents from the House.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - یہ بڑا اہم سوال ہے میں اس کے متعلق کچھ پوچھنا چاہتا ہوں -

پارلیمنٹری سیکریٹری - جناب والا - پوزیشن یہ ہے کہ محکمہ انڈسٹری کے متعلقہ آدمی اینٹی کوریشن والوں کے پاس گئے تو انہوں نے کوشش کی لیکن کامیابی نہ ہوئی ویسے سرکاری طور پر لا منسٹر یا سیکریٹری صاحب انڈسٹری کی طرف سے چٹھی بھی لکھی گئی تو جو بھی وجوہات تھے جن کی وجہ سے اینٹی کوریشن والوں نے جواب نہیں دیا وہ ایوان میں بتا دئیے گئے ہیں لیکن میں پھر بھی آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم تحقیقات کریں گے اور اگر کوئی ایسی بات ہے جو انہوں نے دیدہ دانستہ کی ہے یا کوئی غفلت کی ہے تو یقیناً کارروائی کی جائے گی -

چودھری محمد ادریس - جناب والا - اس سوال پر لا منسٹر صاحب نے اس ہاؤس میں یقین دلایا تھا کہ اس افسر کے خلاف چار کیسز رجسٹر ہو چکے ہیں - پچھلے سیشن میں بھی سوالات پوچھے گئے تھے اور لا منسٹر صاحب نے اس ہاؤس میں یقین دھانی کرائی تھی ان کو کسی اور جگہہ تبدیل کر دیا جائے گا لیکن ابھی تک اسی جگہہ پر وہی ڈائریکٹر آف انڈسٹریز ہے وہ اسی جگہ قائم ہے اور اس کے خلاف بدعنوانیوں کی بنا پر مقدمات رجسٹر ہو چکے ہوئے ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ انہیں ابھی تک کیوں تبدیل نہیں کیا گیا ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری - اس کا اس سوال کے ساتھ کوئی تعلق نہیں اس ضمن میں میری گذارش ہے کہ نیا نوٹس دیا جائے -

ایک ممبر ۔ وہ سوال آگے آ رہا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جس شخص کو انہوں نے مقرر کیا ہے اس ضمن میں ان کے خلاف یہ الزام بھی ہے کہ انہوں نے اس کو زیادہ تنخواہ کیوں دی ۔ کیوں اتنا ردوبدل ہوا ہے ۔ مقدمہ رجسٹر ہو چکا ہے۔ اسمبلی کا ریکارڈ گواہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اسی افسر کے متعلق ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جی ہاں ۔ اس ہاؤس میں جناب وزیر قانون صاحب نے یقین دہانی کرائی تھی کہ اس افسر کو تبدیل کیا جائے گا تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ابھی تک اپنا وعدہ پورا کیوں نہیں کیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق آپ سوال علیحدہ دیجئیے ۔

بابو محمد رفیق ۔ وزیر قانون صاحب نے فرمایا کہ ہم نے کئی دفعہ اینٹی کوریشن والوں کو لکھا اور خصوصی طور پر ایک آدمی بھی اسی غرض کے لئے بھیجا ۔ تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اینٹی کوریشن والے ایسے فرعون بے سامان ہیں کہ دس دس سال کے لئے ان کے پاس لوگوں کے کیسز پڑے رہتے ہیں اور انہیں اختتامی شکل نہیں دی جاتی ان غریبوں کا کیا حشر ہوتا ہوگا جن پر انکوائری ہو رہی ہے تو میں اس سلسلہ میں لا منسٹر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ کیا کارروائی کریں گے ۔

مسٹر سپیکر - کیا اس کے متعلق بابو صاحب نے ایک علیحدہ سوال نہیں دیا ہوا ؟

بابو محمد رفیق - جی ہاں دیا ہوا ہے -

مسٹر سپیکر - تو پھر اس کو آنے دیجئیے -

---

*۳۵۱۶ - مسٹر محمود اعظم فاروقی - کیا پارلیمانی سیکرٹری برائے صنعت و تجارت از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ چیچوکی ملیاں ضلع شیخوپورہ میں کوئلہ کا ذخیرہ قائم کیا گیا ہے -

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ کوئلے کے مذکورہ ذخیرہ کے نزدیک ٹرکوں کا کوئی اڈا نہیں -

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ لاہور تا چیچوکی ملیاں خالی ٹرک لے جانا ہوتا ہے اور صارفین کو خالی ٹرک لے جانے کے اضافی اخراجات ادا کرنا پڑتے ہیں -

(د) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ بعض اوقات کوئلہ کی قلیل مقدار کے لئے بھی مکمل ٹرک کرایہ پر لینا پڑتا ہے -

(ہ) چیچوکی ملیاں میں سامان اتارنے اور ویگنوں پر سامان چڑھانے اور جرمانہ کے طور پر اگر کوئی رقم عائد کی گئی ہو تو وہ کتنی ہے -

(و) چیچوکی ملیاں میں سائیڈنگ تیار کرنے پر کتنی رقم خرچ ہوئی ۔

(ز) مذکورہ ذخیرہ پر گاڑی کانٹا لگانے کے لئے کتنی رقم خرچ ہوئی ۔

(ح) مغلپورہ میں کوئلہ کے ذخیرہ کے ٹھیکیدار کے ذریعہ اور چیچوکی ملیاں میں سرکاری طور پر کوئلہ کی باربرداری اور تقسیم کے اخراجات میں کیا تفاوت ہے ۔

(ط) اگر حکومت کے ذریعہ اس کی باربرداری اور تقسیم کے اخراجات غیر معمولی طور پر زیادہ ہوں تو اس کی وجوہ کیا ہیں ۔

(ی) حکومت کی طرف سے کراچی اور چیچوکی ملیاں میں پتھر کے کوئلے کے ڈمپ ہیں ان کے اخراجات میں کیا فرق ہے ، نیز چیچوکی ملیاں میں تین سو فیصد زیادہ اخراجات کی وجوہ کیا ہیں ۔

(ک) کراچی کے ذخیرہ میں ایجنٹوں اور ریلوے کے عملہ کے ساتھ مل کر کوئلہ کا کم وزن کرنے کے واقعات کا انسداد کرنے کے لئے متعلقہ محکمہ نے کیا کیا احتیاطی تدابیر اختیارکی ہیں یا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

(ل) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ معدنی وسائل کے ڈائریکٹوریٹ کو چیچوکی ملیاں کے کوئلہ کے ذخیرہ سے کوئلہ کی چوری کی خاص مثالیں دیتے ہوئے زبانی اور تحریری طور پر رپورٹیں کی گئی تھیں ۔ اگر ایسا ہے تو اس سلسلہ میں مذکورہ محکمہ نے کیا کارروائی کی اور آئندہ ایسی چوری کا انسداد کرنے کے لئے حکومت کن احتیاطی تدابیر کو اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔ لیکن ابھی تک صارفین کو جاری نہیں کیا گیا ہے ۔

(ب) شیخوپورہ کے مقام پر چیچوکی ملیاں سے تقریباً ۴ میل کے فاصلے پر ایک ٹرک سٹینڈ موجود ہے ۔

(ج) (ب) بالا کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(د) جی نہیں ۔ چھوٹے صارفین کو ان کے ماہوار کوٹے کی درجہ بندی کر کے ایک وقت میں ایک ٹرک برابر کوٹہ دیا جائے گا ۔

(ہ) گودام کے قیام کے وقت سے کوئی محصول گودی/ہرجہ عائد نہیں کیا گیا ہے ۔

(و) — ۴۶,۳۵۰ روپے ۔

(ز) — ۳۱,۸۳۵ روپے ۔

(ح) چیچوکی ملیاں کا گودام ابھی کام نہیں کر رہا ہے — اس مرحلے پر عمل کاری کی لاگت کا موازنہ نہیں کیا جا سکتا ۔

(ط) مندرجہ بالا کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ی) تقابلی اعداد و شمار مہیا نہیں کئے جا سکتے کیونکہ چیچوکی ملیاں کا گودام ابھی کام نہیں کر رہا ہے اور کوٹلے کے اجرا کا کام ابھی شروع نہیں ہوا ہے ۔

(ک) کراچی کے گودام سے آنے والے کوئلے کے ٹرکوں کا کراچی میونسپل کارپوریشن کے گاڑی کانٹے پر وزن کیا جاتا ہے اور ویگنوں کا تول ریلوے کے گاڑی کانٹے پر کیا جاتا ہے دونوں حالتوں میں ایک کوئلہ انسپکٹر تول کی تصدیق کرتا ہے ۔

(ل) چیچوکی ملیاں کے گودام سے چوری کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے ۔ گودام کی حفاظت کے لئے چوکیدار مقرر کئے گئے ہیں اور احاطے کی دیوار تعمیر کرنے اور خاردار تار لگانے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے ۔

COMMUNITY WATER TAPS INSTALLED IN RAMGARH COLONY, WARD NO. 11 OF LAHORE MUNICIPAL CORPORATION

*3517. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of community water taps installed in Ramgarh Colony Ward No. 11 of Lahore Municipal Corporation during the period from 1st January 1965 to 31st December 1965 along with the number of water taps which existed in the said colony on 31st December 1964 ;

(*b*) the number of community water taps existing in the said colony on 19th July 1966 ;

(*c*) the amount spent on installation and repairs of the water taps in the said Colony during 1965 ;

(*d*) whether it is a fact that the Latrines for general use built by the Lahore Municipal Corporation in the above mentioned colony has been unauthorisedly occupied by some people for their private use ; if so, whether any action in respect of ejectment has been taken against the unauthorised occupants, if not, reasons therefor ;

(*e*) whether it is a fact that a tubewell was bored some time ago in the above mentioned colony ; if so, the time by which the same is likely to be opened for public use ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : (*a*) There is no water supply of the Lahore Municipal Corporation, at present in Ramgarh Colony Ward No. 11, and therefore the question of giving number of community water taps does not arise.

(*b*) There are no community water taps in the said colony.

(*c*) Does not arise.

(*d*) One Iqbal Begum the occupant of this property resisted ejectment on the plea that she had been allotted this property by the Rehabilitation and Settlement Department. She has promised to produce documentary evidence in its support and therefore further proceedings are held up.

The latest position Sir today is that she has demolished the unauthorised buildings and now the land is lying vacant.

(*e*) Yes, but due to non-availability of C.I. Pipes distribution lines have not so far been laid. The C.I. Pipes are being arranged through the Industries Department and the water supply will then be made available to the public.

مسٹر محمود اعظم فاروقی — آپ نے فرمایا ہے کہ موجودہ صورت حال یہ ہے لیکن کیا آپ نے اپنا قبضہ وہاں سے ہٹا لیا ہے اور زمین خالی کر دی ہے ۔ اور گورنمنٹ کی جو جائداد تعمیر شدہ تھی وہ کیا آپ کے قبضہ میں آ گئی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت — جناب والا ۔ اس کالونی کے بارے میں وضاحت کی ضرورت ہوگی جب پچھلی دفعہ ۱۹۵۵ء میں سیلاب آئے

تھے تو بہت سے لوگوں کو نقصان پہونچا تھا اس وقت جو لاہور ڈویژن کے کمشنر تھے ان کے کہنے کے مطابق میونسپل کارپوریشن نے ایک کالونی کی تجویز کی تھی اور تقریباً ۵۲۵ پلاٹ بنائے تھے جو ان لوگوں کو الاٹ کر دئے گئے اور ساتھ ہی ایک سکول کی عمارت بنائی تھی اور کچھ بیت الخلا بھی بنائے گئے تھے لیکن وہ زمین متروکہ تھی اور کارپوریشن کے بجائے تمام کارروائی اس سلسلے میں محکمہ بحالیات نے کی ہے - انہوں کیا ہے کہ نے ان لوگوں کو وہ پلاٹ الاٹ کر دئے تھے اور وہ ۲۵ - حضرات تھے اور یہ جو بیت الخلا بنائے گئے تھے جیسا کہ میں نے عرض وہاں پانی کا انتظام نہ تھا لیکن پھر بھی وہ کچھ عرصہ استعمال ہوتے رہے لیکن پانی کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے ان کی صفائی کا پورا انتظام نہ رکھا جا سکا جس کی وجہ سے ان کو بند کر دیا گیا پھر اس کے بعد ایک خاتون مسماۃ اقبال بیگم نے ان میں سے کچھ لیٹرینز پر ناجائز قبضہ کرکے وہاں ایک مکان بھی تعمیر کر لیا - بعد میں ان کو نوٹس دیا گیا کہ یہ آپ کو الاٹ نہیں ہے - اب انہوں نے تسلیم کر لیا ہے کہ یہ انہیں الاٹ نہیں ہے اور وہ جگہ خالی کر دی ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - وہاں اتنے آدمیوں کی آبادی ہے کیا وجہ ہے کہ ان کے لئے پانی کا معقول انتظام نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - وہاں ایک ٹیوب ویل تو ہے مگر اس سے پانی سپلائی نہیں کیا جا رہا کیونکہ سی آئی پائپ جو باہر سے امپورٹ ہونے تھے ان میں کچھ دقت تھی - اب

۶ - انچ کا سی آئی پائپ کراچی پہنچ چکا ہے - ۲ - انچ کے پائپ کے پہنچنے کی امید ہے - جونہی وہ پہنچ جائے گا ہم ان کو فوراً فٹ کر دیں گے -

میاں محمد شفیع — جناب - یہ سی آئی پائپ کے متعلق دو سال سے لاہور کارپوریشن میں قصہ چل رہا ہے کہ انہیں حاصل کرنے کے بعد واٹر سپلائی کا انتظام ہوگا ابھی اور کتنی دیر یہ معاملہ چلتا رہے گا ؟

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ اگر ہمیں محکمہ ریلوے کی طرف سے تازہ صورت حال سے آگاہ کیا جائے تو پھر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ معاملہ فوری اہمیت یا نوعیت کا نہیں ہے ۔ لیکن جب ہمیں کسی اخبار کے ذریعے سے کسی اطلاع کا پتہ چلتا ہے اور اس کی اہمیت بھی انتہائی زیادہ ہوتی ہے تو آپ کو سمجھنا چاہئیے کہ ہم نے فوری اہمیت کے پیش نظر اور مستقبل قریب میں وقوع پذیر ہونے کی بنا پر تحریک التوا دی ہے جب کہ ہمارے پاس اس کا کوئی اور ذریعہ نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ پہلی اکتوبر سن ٦٦ کو پاکستان ٹائمز میں یہ خبر شائع ہوئی یہ بڑا لمبا چوڑا قصہ ہے میں صرف تین یا چار سطریں ہی پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"The Railway authorities, it is gathered, had earmarked renewal of 246 miles of rail and 229 miles of sleeper renewal for the year 1965-66. The progress, however, has been so slow that the work has been completed only on 33 miles of rail renewal and 51 miles of sleeper renewal."

جناب والا ۔ یہ پہلی سٹیٹمنٹ ہے اس کے بعد اس کی تردید شروع ہو جاتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ پچھلے سال ہم نے پورا کام کیا اور اگر کوئی کمی ہوئی تو اس لئے کہ ہم لڑائی میں مشغول تھے ۔ سترہ دن لڑائی ہوئی ۔ پتہ نہیں کہ سترہ دنوں کے بعد وہ کیا کرتے ہیں ۔ بہر حال سٹاف رپورٹر نے یہ لکھا ۔

"The Report related to the progress during the year 1965-66 and was based on facts. The Vice-Chairman, Railway Board, Mr. W. A. Sheikh, in his address at the 53rd Divisional Superintendents Conference, had said : "A total of 246 track miles of rail renewals and 229 miles of sleeper renewals were expected to be executed during the year 1965-66. So far the progress has been slow and only about 33 miles of rail renewals and 51 track miles of sleeper renewals have been completed. It is important that the renewals now in hand on various divisions are put through with utmost expedition and completed to the extent the funds are available."

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ ایک تو گورنمنٹ غلط بیانی سے پبلک کو اندھیرے میں رکھنا چاہتے ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر کوئی انفارمیشن حاصل کر لے تو پھر اس کی تردید کے لئے دوڑتے ہیں ۔ اگر ریلوے کی طرف سے ہینڈ آؤٹ جاری ہو کہ ہم نے اتنا کام کرنا تھا اور اتنا کر لیا ہے تو پھر دوسری بات ہے ۔ جناب والا ۔ یہ غلط اعداد و شمار تیار کرتے رہتے ہیں کارگزاری کی غلط تشہیر کر کے تمغے حاصل کرتے رہتے ہیں ۔ ان افسروں کا اور کوئی کام نہیں ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I oppose the motion. The matter is not of recent occurrence. Something, which had to happen last year but had not happened, according to my friend on the opposite, is not a matter of recent occurrence at all. The factual position is also not correct. I might submit that work was hampered on account of the Indo-Pakistan hostilities, but since then the work has been started and enough progress has been made.

The second issue, which he has raised, is the slowing down of the speed. That is not so. There has been no slowing down of the speed and the railways are working at the normal speed. In due course of time, the things will be completed.

So both from the point of view of factual position as well as from the point of view that it is not a matter of recent occurrence, I request that it may be ruled out of order.

Mr. Speaker : The matter proposed to be discussed in the adjournment motion is not of recent occurrence and the motion is ruled out of order.

Next motion please.

SHARP RISE IN CRIME IN THE YEAR 1966.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the sharp rise in crime in the year 1966 as reported in the Pakistan Times dated 8-10-66. This sharp rise in crime especially murder has caused a sense of unsecurity in the minds of the public and has completely shaken their faith in the Provincial Government for keeping law and order in the Province.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker, Sir, I oppose the motion. Several other motions on this ground have already been rejected. The question of crime is a question of continuing process and, therefore, I request that it may be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میری تحریک التوا کی بنیاد آٹھ اکتوبر ۱۹۶۶ کی ایک اخباری کٹنگ ہے اور جو پاکستان ٹائمز میں شائع ہوئی ہے ۔ اس میں جناب والا ۔ تحریر ہے ۔

"The crime figures for the second quarter of 1966 showed an increase in murder cases throughout West Pakistan. There were 952 cases of murder this year as against 841 in 1965. In 1966 the police registered 22,580 cases as against 21,692 during the corresponding period of last year—an increase of 888 cases."

کیا جناب والا ۔ یہ کسی حکومت کے لئے قابل تحسین بات ہے ۔ اگر اس کا کوئی کریڈٹ ہو تو بیشک لے لیں لیکن لاہور میں ایک ہفتے میں

سات سات قتل ہوتے ہیں ۔ اگر یہ قابل تعریف نہیں ہے تو پھر اس چیز کا کوئی مداوا کرنا چاہئیے کوئی علاج کرنا چاہئیے پولیس کے محکمہ پر ہم تیرہ کروڑ روپیہ سالانہ صرف کرتے ہیں ۔ وہ محکمہ کیا کرتا ہے اگر وہ جرائم کو نہیں روک سکتا تو تیرہ کروڑ روپیہ اس پر کیوں خرچ کیا جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : The matter proposed to be discussed in the adjournment motion is not of recent occurrence. The sharp rise in crime in the year 1966 is a continuing process. I, therefore, rule the motion out of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ وزیر بلدیات تو خود قاتل ہیں (قہقہہ)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میرے مقتول تو صرف آپ ہیں (قہقہہ)

چودھری محمد نواز ۔ اس وقت انہوں نے ٹوپی اتار دی ہے اور وہ ہوش میں ہیں ۔ (قہقہہ)

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب کیا تحریک نمبر بیالیس کا تصفیہ ہو چکا ہے ؟

وزیر خوراک و زراعت ۔ جی ۔ ہو چکا ہے ۔

———

WITHHOLDING OF A WRIT PETITION SENT BY MALIK GHULAM GILANI TO THE HOME SECRETARY FOR ONWARD TRANSMISSION TO THE HIGH COURT

Mr. Speaker : Next motion No. 43.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unlawful manner in which the Home Secretary, Government of West Pakistan, withheld a writ Petition sent to the Home Secretary, on the 26th October 1966, by Malik Ghulam Jilani, a political detenu, for onward transmission to the High Court of West Pakistan. This act of Home Secretary has caused great resentment amongst the public of the Province.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I oppose this motion. The facts are that the petition was received in the Home Department on the 28th October and it was after examination and scrutiny that it was sent to the High Court on the 14th November. This time has been utilised for examination and scrutiny. Now the matter has also lost its urgency.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ـ۱) ۔ جناب والا ـــ میں حیران ہوں کہ محکمہ قانون والوں کو کس نے یہ فرض تفویض کیا ہے کہ رٹ پٹیشنوں کی چھان بین کرتے رہیں ۔ اگر وہ غلط تھی تو اس کی ذمہ داری مجھ پر ہے ۔ اگر وہ صحیح تھی تو اس کی ذمہ داری مجھ پر ہے ۔ میں وزیر قانون سے پوچھتا ہوں کہ کس نے آپ کو یہ نمبرداری دی ہے کہ انہیں ہائی کورٹ میں بھیجنے سے پہلے آپ ان کی چھان بین کریں ؟

یہ پٹیشن ۲۶ تاریخ کو انہیں ہسپتال میں دی گئی تھی ۔ ممکن ہے ۲۸ تک انہیں مل گئی ہو ۔ انہیں کیا حق تھا کہ یہ تین ہفتے اپنے

پاس رکھ چھوڑیں ؟ اگر یہ ۲۹ تاریخ کو ھائی کورٹ میں پہنچ جاتی اور ھائی کورٹ اسے admit کرکے یہ حکم دے دیتا کہ اسے رہا کیا جائے تو باقی اتنے دنوں کی جو نظر بندی ہے وہ کس کے ذمہ ہے ؟ اس کی ذمہ داری محکمہ قانون پر ہے یا وزیر قانون پر یا ھوم سیکرٹری پر ۔ جناب والا کوئی قانون انہیں یہ اجازت نہیں دیتا کہ یہ نظربندوں کی اس خط و کتابت کو جو ان کے اور ھائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے درمیان ھو اسے دیکھیں یا ایک لمحہ کے لئے بھی اسے رکھ سکیں ۔ یہ لگتے کیا ھیں ان رٹ پٹیشنوں کو دیکھنے کے ؟

Mr. Speaker : Under what authority can the Government scrutinize that application ?

Minister of Law : In order to see whether any matter is scandalous or derogatory. In case it is derogatory of the courts then even its circulation is an offence. You may be aware of the papers which were circulated by Sir Nelson the then Law Secretary, and which contained derogatory and defamatory matter. The matter was, ultimately, held to be contempt of court and the result was the Sir Nelson had to relinquish his job.

Mr. Speaker : Is the detenu himself not liable to the contempt of court also ?

Minister of Law : May be ; but any one who sends any matter which amounts to contempt is also liable and, therefore, it has got to be scrutinised. Sir, after all, the Home Department is not a department waiting to see only one application. They naturally take time. There was no purpose to conceal or do away with the petition.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اگر کوئی رٹ پٹیشن ڈاک کے ذریعہ بھیجی جائے اور اس سے توھین عدالت کا پہلو نکلتا ھو تو کیا وہ ڈاکیہ یا ڈاک خانہ توھین عدالت میں آئے گا ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ اپنے آپ کو ہائی کورٹ سے زیادہ ذمہ دار سمجھتے ہیں اور ہائی کورٹ کی توہین کرتے ہیں ۔ یہ غیر ملکی قانون کی توہین کرتے ہیں ۔ کوئی ایسا قانون نہیں جو انہیں یہ اختیار دیتا ہو کہ یہ اس خط و کتابت کو کھول لیں یا اس کے متعلق یہ فیصلہ کریں کہ اس سے ہائی کورٹ کی توہین ہوتی ہے یا وہ ملکی قانون کے منافی ہے ۔ کیا یہ ہائی کورٹ سے زیادہ قانون دان یا ذمہ دار ہیں ؟ جو کچھ انہوں نے کیا ہے یہ بذات خود ہائی کورٹ کی توہین ہے ۔ اگر انہیں وہاں پیش کیا جائے تو یقینی طور پر نظر بندوں کی بجائے یہ جیل میں ہوں گے (قہقہہ) ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ سراسر توہین عدالت ہے ۔

Mr. Speaker : The writ petition is now in the High Court.

Khawaja Muhammad Saifdar : It reached there on the 14th. That means three weeks after it was delivered to Home Department.

Mr. Speaker : They have not withheld it.

Khawaja Muhammad Saifdar : Not totally withheld it. But they withheld it for three weeks.

Mr. Speaker : But the Member's adjournment motion is so worded as to show that they have withheld the writ petition.

Khawaja Muhammad Saifdar : I have mentioned at the bottom that the Home Secretary withheld the petition for a long period which under the law he could not. He himself committed a contempt of the High Court of the Province . . .

جناب یہ تو ۱۴ نومبر کو بھیجی گئی ہے ھائی کورٹ میں ملک غلام جیلانی نے ان کے خلاف ایک intent کی درخواست بھی بھیجی تھی جو یہ مانتے نہیں ھیں میں ثبوت اس درخواست کا پیش کروں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کے نوٹس میں تو یہ درج ہے کہ انہوں نے اسے روک لیا ہے اور بھیجا ھی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے پاس تاریخ موجود ہے ۔ یہ ھوم سیکرٹری کی طرف سے ۱۴ نومبر کو داخل کی گئی ۔

Mr. Speaker : The motion is not clear and it is vague. It is, therefore, ruled out of order.

Khawaja Muhammad Safdar : Alright, Sir. As you please.

حاجی سردار عط محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ جو خط و کتابت قیدیوں اور دوسرے لوگوں کی ہے اسے اس لئے کھولا جاتا ہے یا سنسر کیا جاتا ہے کہ انہیں لوگوں پر شبہ ھوتا ہے ۔ کیا ان کو ھائی کورٹ اور سپریم کورٹ پر بھی شبہ ہے کہ یہ ایسے کاغذات کو بھی کھولتے ھیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I think we should take up the rest of the adjournment motions tomorrow because it is already eleven'O clock now.

Mr. Speaker : Should we take up the rest of the adjournment motions tomotrow.

Minister of Law : As you please, Sir.

Mr. Speaker : We will take up the rest of adjournment motions tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN CO-OPERATIVE SOCIETIES AND CO-OPERATIVE BANKS (REPAYMENT OF LOANS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966. Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) — جناب سپیکر - اس ترمیمی ہنگامی قانون کے ذریعہ بہت ہی وسیع اختیارات بلکہ تمام تر اختیارات محکمہ امداد باھمی کے اسسٹنٹ رجسٹراروں اور رجسٹراروں کو دئے جا رہے ہیں -

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر باھر تشریف لے گئے اور مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

اس لئے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ آپ کے سامنے اپنی معروضات میں اس حقیقت پر روشنی ڈالوں کہ یہ لوگ جنہیں اتنے وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں ماضی میں ان کا کردار کس حد تک داغدار رہا ہے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ انہیں اس قسم کے وسیع اختیارات دینا انتہائی نامناسب ہے -

جناب والا - میرے نزدیک اس محکمہ کے ان ذمہ دار افسروں کے

خلاف سب سے بڑا اور سب سے خطرناک الزام یہی ہے کہ ان کی وجہ سے آج اس حکومت کو امداد باھمی کی انجمنوں اور بنکوں کی رقومات جو پچاس کروڑ تک پہنچی ہوئی ہیں ان ہنگامی قوانین کے ذریعہ وصول کرنے کی زحمت گوارا کرنی پڑی ہے ۔ اگر یہ ذمہدار افسر موزون وقت پر فرض شناسی سے کام لیتے تو کوئی وجہ نہ تھی کہ پچاس کروڑ روپے کی یہ رقم خورد برد ہوتی یا ایسے افراد کے پاس جاتی جن سے حکومت انتہائی کوشش کے باوجود اسے حاصل نہ کر سکی ۔

جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام ہے کہ جب قرضہ دیا جاتا تھا تو چھان بین کی تمام تر ذمہ داری ان افراد کے ذمہ ہوتی تھی جن کے پاس وسیع اختیارات ہوتے تھے ۔ اگر وہ صحیح طریقے سے چھان بین کرتے تو یہ نوبت ہی نہ آتی ۔ ان کو اتنے وسیع اختیارات دیئے ہیں کہ وہ کسی فرد کے بارے میں یہ فیصلہ کرتے کہ اس نے بینامی طور پر کسی اور فرد کو قرضہ دلوایا ہے لیکن حقیقتاً اس سے منفعت یا فائدہ اس شخص کو نہیں ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے کل یہ بھی عرض کیا تھا کہ اس قسم کے انتہائی وسیع اختیارات اور اس قسم کے اختیارات ہمارے ملک میں محض سپریم کورٹ کو حاصل ہیں ان کے فیصلے کے خلاف اپیل کی گنجائش کسی عدالت میں نہیں ہے ۔ کسی اور جگہ انصاف جوئی کے لئے دروازہ کھٹکھٹانے کی کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میرا دوسرا اعتراض انتہائی اہم ہے جو یہ ہے کہ یہ افراد جن کو کہ اتنے وسیع اختیارات دیئے جا رہے ہیں جب انہوں نے قرضے کی حد مقرر کی تو عام طور پر دیکھا گیا ہے اس وقت بھی قرضے کی حد کے مطابق دینے کے لئے کچھ نہ کچھ رقم وصول کرتے رہے ہیں اور اس کے بعد جب وہ رقومات بینکوں کی وساطت سے ان افراد کو دی جاتی ہیں تو ادائیگی کے وقت بھی ان سے کچھ رقم بطور رشوت وصول کی جاتی رہی ہے ۔ اب اس قسم کا قانون پاس کرکے ۔ اس قسم کا متشددانہ قانون پاس کرکے اور اس قسم کا غلط قانون پاس کرکے جس کو مہذب دنیا میں قانون نہیں کہا جا سکتا ہے اس میں ان افراد کو پھر یہ اختیارات دے رہے ہیں کہ وہ اس بارے میں فیصلہ کریں گے کہ حقیقتاً اس قرضہ سے فائدہ اٹھانے والے کون تھے ۔ اگر حکومت کے ان اقدامات کو کسی نقطہ نظر سے مناسب یا صحیح تصور کیا جا سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ جیسے کہ عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ ''چور کو پکڑنے کے لئے چور چھوڑیں،، میں نہیں سمجھتا کہ وہ افراد موجودہ صورت حال کے بذات خود ذمہدار ہیں آپ ان کو اتنے وسیع اختیارات کیوں دے رہے ہیں ۔ میں تو یہاں تک کہوں گا بلکہ یہ حقیقت کے مطابق ہے کہ بینامی قرضہ جات کی وصولی کے اختیارات آج ان کو دے رہے ہیں جن لوگوں نے بذات خود بہت بینامی قرضے کھائے ہوئے ہیں ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے اور یہ کیسے ممکن ہے کہ ہماری حکومت ہم سے توقع رکھے کہ اس قسم کے ہنگامی مسودہ قانون کی ہم حمایت کریں جبکہ

ہماری حکومت اس قسم کے قومی مجرموں کو منصف کی کرسی پر بٹھا رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ قرضہ جات کی وصولی کا قانون اسی سال اپریل میں جاری کیا گیا تھا اور میں اپنے معزز وزیر قانون صاحب سے توقع کرتا تھا کہ وہ اس ایوان کو یہ بتاتے کہ اتنے وسیع اختیارات جو کہ انہوں نے آج سے تقریباً ۷ ماہ پہلے لئے تھے ان اختیارات کے استعمال سے انہوں نے کس حد تک صورت حال کو بہتر بنایا ہے ۔ ان کا یہ فرض تھا کہ وہ اس معزز ایوان کو بتاتے کہ پچھلے ۷ ماہ میں جب سے یہ ہنگامی قانون جاری کیا گیا تھا اس وقت سے ۵۰ کروڑ روپیہ میں سے ہم نے کتنی رقومات وصول کی ہیں ۔ اور کتنی رقومات کی ضمانت دوسرے محکموں سے حاصل کی ہے اور کتنی رقومات ایسی ہیں جو بینامی طور پر بڑے افراد یا دوسرے افراد کے نام جاری ہیں ۔ یہ ان کا فرض تھا کہ وہ ہمیں صحیح صورت حال سے آگاہ کرتے اور یہ بتاتے کہ ۵۰ کروڑ روپیہ میں سے ایسی رقومات ہیں جن کی وصولی افراد سے کی جائے گی لیکن افسوس ہے کہ یہ بتائے بغیر اس قسم کا قانون آج اس ایوان میں پیش کیا جا رہا ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں کچھ عرض کروں ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرنی چاہتا ہوں کہ ۵۰ کروڑ روپیہ میں سے ۲۵ کروڑ روپیہ کے قریب وصول ہو چکا ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ چونکہ به اطلاع جناب ملک خدا بخش صاحب بچه نے دی ہے جو انتہائی ذمه دار اور معزز وزیر ہیں اور انتہائی تجربه کار بھی ہیں میں اس کو درست تسلیم کرنے پر مجبور ہوں ۔ لیکن میں آپ کی وساطت سے ایک خدشه کا اظہار کرتا ہوں جو کہ میں نے بہت ہی ذمه‌دار افراد سے سنا ہے ۔ وہ خدشه یه ہے کہ ان کے نزدیک قرضه جات کی وصولی کی رقومات جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے جس محکمه کی طرف سے پیش کی جاتی ہیں وہ محض ۱۵ فیصد رقم کے علاوہ ہیں ۔ وہ رقومات جن کی ضمانت محکمه نے لے لی ہے یا جن کی ضمانت محکمه نے اپنی تسلی کے مطابق لے لی ہے وہ ۲۵ کروڑ روپیه کی رقم میں شامل ہیں ۔ ۲۵ کروڑ روپیه ۵۰ کروڑ میں سے انہوں نے وصول کر لیا ہے ۔ میں یه سمجھتا ہوں کہ محکمه کی کارگزاری اس معاملہ میں پہلے کے مقابله میں بہتر ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ــ جناب والا ۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ نقد روپیه ۲۵ کروڑ وصول ہوا ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ خدا کرے حکومت اپنے نیک مقصد اور نیک ذرائع سے کامیاب ہو ۔ لیکن ماضی اور حال میں جو میں نے افسران کا طریق کار دیکھا ہے وہ یه ہے بلکه ہماری ملکی انتظامیه کا جو ریکارڈ ہے وہ اس وقت سے داغدار ہو چکا ہے جب سے ہماری انتظامیه اپنے فرائض کی سرانجام دہی میں غیر جانبدار نہیں رہی ۔ آج سے پہلے اگر کوئی بدنام سیاستدان تھا تو اگر انہوں نے انتظامیه کے بڑے سے

بڑے ذمہدار فرد کو یا افسر کو یہ کہا کہ آپ اپنے فرائض کی سرانجام دھی کے برعکس کسی شخص کو نوازنے کے لئے فلاں شخص کو قرضہ دے دیں یا فلاں شخص کو فائدہ پہنچا دیں یا فلاں شخص کو نقصان پہنچائیں تو ہماری انتظامیہ کے افسران میں سے بہت ہی کم تعداد ایسے افسران کی ہو گی جنہوں نے ان کے سامنے ایسا کرنے سے انکار کیا ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ یہ حقیقت ہے کہ ہمارے ہاں جب کسی عہدے کا چارج لیا جاتا ہے تو گورنمنٹ کی طرف سے ایک حلف ہوتا ہے اور وہ حلف یہ ہوتا ہے کہ اللہ کے سامنے جواب دہ ہوں گا اور جو کچھ کروں گا وہ ملک اور قوم کی بہبود کے لئے کروں گا ۔ لیکن عملاً ایسا نہیں ہوتا جب کسی طرف سے تھوڑا دباؤ پڑتا ہے تو ہمارے افسران دباؤ کا مقابلہ کرنے کی بجائے جھک جاتے ہیں اور سیاستدانوں کے آلہ کار بن جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ملک میں مارشل لا لگا ۔ اس وقت لوگ کہتے تھے کہ انقلاب آیا ہے لیکن میں آپ کی خدمت میں انتہائی مودبانہ طور پر عرض کروں گا کہ یہ افسران انقلاب کے بعد اگر بدنام سیاستدانوں کے زمانے میں دو چار فیصد ایسے نیک نام افسران تھے جنہوں نے اپنے فرائض کو سر انجام دینے کے لئے بیرونی دباؤ کا مقابلہ کیا لیکن آج اس ملک کی انتہائی بدقسمتی ہے اور سب سے بڑا رونا ۔ سب سے بڑا افسوس

یہ ہے بہت بڑی خطرناک سازش ملک میں کی گئی ہے اور ہماری انتظامیہ کے ایک فیصد افسران بھی ایسے نہیں ہیں جو حکومت کے ناجائز دباؤ کے سامنے سینہ سپر ہو کر کھڑے ہو جائیں۔

جناب سپیکر۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اگر حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم نے اس قانون کے نفاذ کے بعد پچیس کروڑ روپے وصول کر لئے ہیں تو بڑی مجھے اس قسم کی بڑی بڑی مچھلیوں کا علم ہے کہ جن کے خلاف اس قانون کے استعمال کی نہ پہلے ضرورت تھی اور نہ اب ہے۔ ملک کے اس سمندر میں آپ نے غلاظت بھر دی ہے اس میں ایسے بڑے بڑے مگرمچھ ہیں جو۔۔۔۔۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ کیا آپ سمندر میں رہ رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر ۔ یہ سارا ملک ایک سمندر ہے اور یہ غواص ہیں جو کہ سمندر کی تہ سے موتی نکالنے کے لئے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔

مسٹر حمزہ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ملک میں ایسے بڑے مگرمچھ ہیں جو کہ کسی کی نگاہ سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ اور جن کے نام اس ایوان میں نہیں لئے جا سکتے کیونکہ ایسا کرنے سے بعض لوگ ناراض ہوں گے۔ لیکن مجھے اس بات کا علم ہے کہ انہوں نے لکھو کھا روپیہ کوآپریٹو بنکوں اور کوآپریٹو سوسائیٹوں کا دینا

ہے اور حکومت انہیں اچھی طرح سے جانتی پہچانتی ہے بلکہ میں تو اس حد تک بھی کہوں گا کہ وہ حکومت کے لاڈلے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہمارے لاڈلے تو آپ ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ یقیناً ۔ اس میں تو کوئی شک ہی نہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ جناب سپیکر ۔ جب سے حاجی صاحب نے اپنی نشست بدلی ہے میں ان کی زیارت سے محروم ہوں ۔ وہ ہمارے لئے بڑی برکت کا باعث ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ مجھے بھی جب ان کو دیکھنا ہوتا ہے تو میز کے نیچے سے ہی دیکھنا پڑتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ مگرمچھ جن کے ذمہ کوآپریٹو بنکوں یا کوآپریٹو سوسائٹیوں کی بہت بڑی رقومات بطور قرضہ کے بقایا ہیں ان میں جو بڑے مگرمچھ ہیں وہ حکومت ہی کے منظور نظر ہیں اور اگر حکومت ان سے یہ رقومات وصول کرنے کا مصمم ارادہ رکھتی ہے اگر ان کا پکا ارادہ ہے اور ان کی نیت ہے تو میں ان کو جانتا ہوں یہ ملک ان کو جانتا ہے اور کل جب مارشل لاء لگا تھا تو چند افراد ایسے تھے جن پر ایبڈو کی پابندی

لگی تھی تو ان کو یہ جرأت ہی نہ ہوئی کہ وہ عوام کے سامنے کھل کر آئیں ۔ دراصل وہ اندر سے اس قدر کھوکھلے ہیں کہ وہ اپنے اوپر عائد کردہ الزامات کا جواب دے ہی نہیں سکتے تھے اور وہ اس بات کو سمجھ چکے ہیں کہ اگر ان پر کوئی سختی کی گئی تو وہ ملک چھوڑ کر انگلینڈ چلے جائیں گے ۔ اگر حکومت واقعی ان لوگوں سے قرضے وصول کرنا چاہتی تو ہم انہیں حکومت کے محلات میں نہ دیکھتے ہم انہیں حکومت کے ذمہدار افسروں کے ساتھ نہ دیکھتے اور یہ سب اسی وجہ سے ہے کہ حکومت انہیں اپنے سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرتی رہی ہے ۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے ۔ یہ پردہ اب چاک ہو چکا ہے جس طرح اس ملک میں اور قوانین کی مٹی پلید ہوئی ہے اسی طرح اس قانون کا بھی استعمال ہوگا ۔ میں نے ابھی ابھی عرض کیا تھا کہ مجھے ان لوگوں کے بارے میں علم ہے کہ وہ اندر سے کس قدر کھوکھلے ہیں اور اس کھوکھلے پن کی وجہ سے ہی وہ اس حکومت کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں اور حکومت کا ساتھ دینے کی بہت سی وجوہات میں سے ایک بہت بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ وہ جرائم پیشہ لوگ جنہوں نے کہ حکومت کی کرسیوں پر بیٹھ کر ناجائز فائدے اٹھائے ہیں یا جنہوں نے حکومت کو اپنا فرض منصبی اور پیدائشی حق سمجھا تھا اور جو پہلی حکومتوں کے ساتھ بھی تھے اور اب اس حکومت کے ساتھ بھی ہیں اگر یقیناً یہ حکومت اپنی آنکھیں بدل لے اور اگر حکومت کی کوئی مونچھ ہو اور وہ اس مونچھ کو ذرا سا تاؤ دیدے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ لوگ تمام قرضہ جات

ادا نہ کریں ۔ آپ اس قانون کو پاس کروا سکتے ہیں ہم اس کو روک نہیں سکتے ۔ لیکن ہم یہ توقع کرتے ہیں ۔ کہ وہ اپنی نیک نیتی کا ثبوت اس قانون پر عمل درآمد کرنے سے دیں گے ۔ اگر وہ اس کا ثبوت اس قانون پر عمل درآمد سے دیں تو بڑے بڑے ایبڈو شدگان جن کے خلاف پہلے بھی بہت سے الزامات تھے ان ایبڈو کی پابندیوں کے باوجود ان پر کسی قسم کی کوئی سیاسی پابندی نہیں ہے ۔ اور وہ حکومت کے ہر کام میں پیش پیش رہتے ہیں ۔ جہاں تک مجھے علم ہے ان لوگوں سے ان قرضوں کی رقوم کبھی بھی سختی سے وصول کرنے کی کوشش ہی نہیں کی گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں اپنی حکومت کی توجہ اس طرف بھی دلاتا ہوں کہ اگر آج اس ملک میں قانون کا احترام نہیں ہو رہا اگر امن و امان کی حالت خراب ہے اگر آپ کا عام قانون ناکام ہوا ہے ۔ تو اگر آپ عمیق نظر سے دیکھیں گے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ قانون شکنی کی جرأت اکثر اوقات ایسے ہی لوگ کرتے ہیں جو قانون شکنی کرکے اس کی سزا سے بچ سکیں ۔ حکومت نے آج تک عملاً ان بنکوں یا کوآپریٹو سوسائٹیوں کے بقایا جات کا تو کیا کہنا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ آپ تمام اضلاع کے اعداد و شمار منگوا لیجئے تو آپ کو علم ہو جائے گا کہ کسی معمولی یا چھوٹے کاشتکار نے آج تک مالیہ کی بر وقت ادائیگی نہ کرنے کی بھی غلطی نہ کی ہوگی ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آج کی بحث لینڈ ریونیو بل پر تو نہیں ہو رہی ہے کہ حمزہ صاحب مالیہ پر ذکر فرما رہے ہیں ۔ اگر انہیں قرضہ جات پر اعتراض ہے تو وہ صرف اسی پر بحث کریں زیر بحث مسئلہ تو قرضہ جات کے متعلق ہے آپ انہیں اس کے متعلق بتا دیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I think he is quite relevant and therefore, the point of order is ruled out of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے ملک میں یہ دیکھا گیا ہے کہ مالیہ کے واجبات بلکہ اس سے بڑھ کر تقاوی کے واجبات عام چھوٹے کاشت کار یا درمیانے طبقے کے کاشت کار بر وقت ادا کرتے ہیں اور اگر یہ واجبات بر وقت ادا نہیں کئے جاتے تو اکثر اوقات یہ دیکھنے میں آیا ہے میں تمام کے تمام لوگوں کو تو نہیں کہتا کہ جو بھی بڑی بڑی اراضیات کے مالک ہیں اور بڑی اراضیات کا مالک ہونے کی وجہ سے ان کا سیاسی اثر و رسوخ بھی ہوتا ہے جس کی بناء پر وہ اپنے واجبات ادا نہیں کرتے ہیں ۔ لیکن ایک عام انسان ، ایک کمزور انسان ، متو سط طبقے کا ایک انسان قانون کا احترام کرنے پر مجبور ہے اور اگر کوئی مجبور نہیں ہے تو محض وہ شخص جو کہ قانون کی طاقت کے سامنے اپنے اثر و رسوخ سے ڈٹا رہتا ہے اور سزا نہیں پاتا ۔ اس لئے میں یہ کہتا ہوں کہ اگر واقعی حکومت یہ رقومات وصول کرنا چاہے تو اس قسم کا قانون اس

ایوان میں پیش کرنے یا ہنگامی قانون نافذ کرنے کے بغیر بھی وہ یہ وصولی کر سکتی ہے ۔ لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ بجائے اس کے کہ حکومت اپنے روئیے سے یہ ثابت کرتی کہ وہ عمل چاہتی ہے وہ کام چاہتی ہے اور وہ ہم سے قرضے وصول کرنا چاہتی ہے وہ افسروں کو یہ اختیار دے رہی ہے اور ان افسروں کو دے رہی ہے جن کے دامن پہلے ہی بری طرح سے داغدار ہیں ۔ آخر ان لوگوں کو جن سے کہ ملک کی عام مخلوق پہلے ہی سے بہت نالاں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Will Mr. Hamza suggest some other means here.

مسٹر حمزہ ۔ جس قسم کا قانون اس ملک میں چلتا ہے وہ کسی سے پوشیدہ اور چھپا ہوا نہیں ۔ آپ ایسے افراد سے قرضہ تو وصول کرنا چاہتے ہیں لیکن ان افراد کے ذریعہ جو بذات خود ان قرضہ جات کی ادائیگی نہ ہونے کا موجب ہیں ۔ آج میں اسمبلی میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے بنائے ہوئے زرعی بنک یا انڈسٹریل بنک نے جو قرضہ جات دئے ہیں وہ بھی اگر سختی سے وصول کئے جائیں تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ بڑے بڑے زمینداروں نے لکھو کہا نہیں بلکہ کروڑھا روپیہ وصول کیا ہوا ہے اور شرائط کے مطابق اب وہ ادا کر۔ سے قاصر ہیں اور نہیں کریں گے۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ تشدد سے وصول کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ تشدد تو اور لوگوں پر ہو گا اپنے پیاروں پر کیسے ہو گا یہ تو وہ لوگ ہیں جن کے ذریعہ سے آپ حکومت چلا رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ ایک ایسا محکمہ ہے جیسا کہ کل میں نے عرض کیا تھا کہ شروع سے ہی یہ حکومت کی نگرانی میں ہے اور حکومت اسے چلا رہی ہے اس کے نتائج یہ بتاتے ہیں کہ کل ۵۰ کروڑ روپیہ کے واجبات تھے ان میں سے ۲۵ کروڑ ابھی واجب الوصول ہیں اور اس ۲۵ کروڑ کی رقم کے لئے یہ موجودہ قانون اس ایوان میں لایا گیا ہے ۔ اس سے میں یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہوں کہ یہ مسودہ قانون محض اس لئے لایا گیا ہے کہ حکومت ان افراد سے ۲۵ کروڑ روپیہ نہ لے جنہوں نے حقیقتاً اس سے استفادہ نہیں کیا تھا ۔ استفادہ کرنے والے اشخاص تو اور تھے ۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں مودبانہ گذارش کروں گا کہ اس ملک میں بیسیوں شیڈولڈ بنک اس وقت چل رہے ہیں ۔ یہ شیڈولڈ بنک افراد کو اور کمپنیوں کو قرضہ دیتے ہیں ۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کبھی غلط افراد یا غیر ذمہ دار کمپنیوں کو غلط طریقہ سے قرضہ دے دیتے ہیں تو ان کے لئے ان سے وصولی محال ہوتی ہے ۔

آج جو صورت حال نمودار ہو رہی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ کام جو عام افراد کرتے ہیں وہ ملک کے عام قانون کے تحت آسانی اور

کامیابی سے کرتے ہیں اور پھلتے پھولتے ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں اگر وہی کام حکومت کے افسران کرتے ہیں حالانکہ ان کو انتہائی زیادہ مراعات حاصل ہوتی ہیں اس کے باوجود وہ کام پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچتا اور اب ان کی حمایت کے لئے حکومت کو اس قسم کے قوانین بنانے پڑتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی انتظامیہ کا معیار کسی عام کارخانہ دار یا کسی بنک کار کے مقابلہ میں انتہائی گھٹیا، گھناؤنا اور برا ہے میرے پاس اس کا بین ثبوت ہے اور میں حکومت کی توجہ دلاتا ہوں ۔

آپ تو کہتے ہیں کہ آپ کے افسران بہترین انسان ہیں جو حکومت کو چلا رہے ہیں اور شاید وہ آسمان سے یا عرش سے اترے ہیں ۔

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ ہمارا تو یہ دعویٰ نہیں ۔ بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ تو ایک انسانی حکومت ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ ہم بھی سمجھتے ہیں کہ یہ انسانی حکومت ہے اور اس کے خلاف اگر کوئی بات کہے تو وہ گردن زدنی ہے

سردار شوکت حیات خان اور دیگر حضرات اسی قسم کی بے گناہی کی سزا بھگت رہے ہیں ۔ اب تک کتنے بچوں کو قتل کیا گیا ہے ۔ کتنی لڑائیاں جھگڑے ہوئے ۔ کہاں کہاں دفعہ ۱۴۴ لگائی گئی ۔ اتنی پابندیاں

کیوں لگائی گئی ہیں ۔ یہ سب اس چیز کی غمازی کرتی ہیں اور اس چیز کا بین ثبوت ہے کہ آپ اپنے آپ کو عام انسان سے بلند تر انسان سمجھتے ہیں۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب صرف وقت ضائع کرنے کے لئے تقریر کر رہے ہیں ۔ تاکہ کوئی صحیح جواب نہ دے سکے ۔ ان کو اس آرڈیننس پر بحث کرنا چاہئے نہ کہ سردار شوکت حیات پر ۔ اگر انہیں سردار شوکت حیات سے اتنی ہمدردی تھی اور سمجھتے تھے کہ انہیں ناجائز طور پر پکڑا ہے تو ان کے پیچھے کیوں نہیں جاتے ۔ ان کو آگے بھیج کر آپ پیچھے رہ گئے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza, may please try to be relevant.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں موازنہ کر رہا تھا عام بنکوں اور ایسے بنک میں جس کو حکومت کے اہل کار چلاتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا نام تحریک امداد باہمی غلطی سے رکھ دیا ہے ۔ جس کے افسران کے متعلق عام لوگ یہ کہتے ہیں کہ وہ محکمہ پولیس سے بھی آگے بڑھ گیا ہے ۔ جب اس قسم کے وسیع اختیارات دئے جاتے ہیں تو حکومت کو سوچنا چاہئے کہ آخر یہ صورت حال کیوں پیدا ہوئی ۔

آج ہم اس دنیا میں رہتے ہیں جہاں کا سب سے مقبول نعرہ یہ ہے کہ ملک کے تمام کے تمام مسائل حکومت کو سونپ دئے جائیں ۔ حکومت ہی

تمام مسائل کو کنٹرول کرے اور چلائے۔ یہاں تو اور بھی بڑے بڑے مسائل موجود ہیں یا آئندہ وجود میں آئیں گے وہ تمام کے تمام حکومت کے کنٹرول میں ہونے چاہئیں۔

آج حالت یہ ہے کہ ہمارے قابل صد احترام صدر مملکت یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ ہم اسلامک سوشلزم کے حامی ہیں۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order Sir. The gist of the amending ordinance that we are discussing at the moment is only this much that a person, who has taken a loan from a co-operative bank and is the real beneficiary has been able to dodge the Government and public funds have been utilized in a wrongful manner. We are trying by this ordinance to get hold of that person and then we are going to stop him from disposing of his property in a way that the Government may be frustrated in realizing that mony. There are certain measures in this Ordinance which are going to give effect to this basic intent of the Government. I would request Mr. Hamza, Sir, to be relevant only as far as he thinks that these measures are detrimental to public policy. Does he want to prove before us today here that we should let the real beneficiary go and we shall waste the public money like that? If he does not favour this machinery that we are setting up in this ordinance, then he should suggest some alternative measures that we should adopt. Only then he will be properly dealing with the subject.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ جناب انور عزیز صاحب بڑے بیتاب دکھائی دیتے ہیں۔ افسوس ہے کہ انہوں نے میری بات کو سمجھنے کی

کوشش نہیں کی ۔ آج یہ مسودہ قانون اور یہ ہنگامی قانون محض اس لئے ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے کہ جیسا کہ وہ فرماتے ہیں کہ بعض افراد حکومت کو dodge کر گئے ہیں ۔ دھوکا دے گئے ہیں ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اگر کوئی دھوکا دے گئے ہیں تو اس دھوکا دہی کے کوئی اشخاص مجرم ہیں تو وہ محکمے کے افسران ہیں جن کو اب آپ یہ اختیارات دے رہے ہیں ۔

چودھری انور عزیز ــ جناب والا ۔ حمزہ صاحب کے اس منطق پر مجھے ایک شعر یاد آگیا ۔ وہ عرض کرتا ہوں ۔

بکھر جائے تو آفت ہے بکھر جائے تو آفت ہے
قیامت ان کی زلف خم بہ خم یوں بھی ہے اور یوں بھی

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ انور عزیز صاحب کو اتفاق سے ایک شعر یاد آ گیا جس کے لئے انہوں نے موقع بے موقع نہیں دیکھا اور پڑھ دیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ آپ کی زلفوں پر وہ صادق آتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ میں نازلین نہیں ہوں اور نہ مجھ کو زلفوں کی ضرورت

ہے اور مجھے وزیر بننے کی بھی ضرورت نہیں ہے اور نہ مجھے یہ امید پریشان کئے ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت — میں نہیں سمجھتا کہ آپ امید سے ہوں۔

چودھری محمد نواز۔ جناب والا۔ امید کا لفظ قابل اعتراض ہے۔

مسٹر حمزہ — میں عرض کر رہا تھا کہ ان افراد کو یہ اختیار آپ دے رہے ہیں جن افراد کی غفلت سے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ مجرمانہ غفلت سے یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے میں جناب ملک خدا بخش بچھ صاحب جن کے پاس اتفاق سے محکمہ امداد باھمی کا قلم دان وزارت ہے، کی خدمت میں عرض کر رہا تھا کہ دنیا میں مقبول ترین نعرہ یہ ہے کہ عام افراد سے اختیارات لے کر بلکہ ملکیت کے حقوق کو بھی ریاست کو سونپ دیا جائے یہ ملک کی حکومت عام افراد کے مقابلہ میں بہتر طریقہ سے اس کا انتظام کر سکتی ہے اور ہمارے صدر مملکت جنہوں نے حال ہی میں انگلینڈ میں بیان دیا ہے اور وہ اس چیز کے دعویدار ہیں بلکہ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ہماری جو منزل ہے وہ اسلامک سوشلزم ہے لیکن آج حالت یہ ہے کہ پرائیویٹ بنک اس قسم کے اختیارات کے بغیر چل رہے ہیں بلکہ بہت تیزی سے ترقی کر رہے ہیں اور جو جو محکمہ آپ کی حکومت کے سپرد ہے یا سابقہ حکومتوں کے سپرد تھا انقلاب آ جانے کے باوجود (جس کو کہ آپ انقلاب

کہتے ہیں اور اس کو ہم بھی انقلاب کہتے ہیں لیکن کچھ اور قسم کا) ۸ سال سے آپ بر سر اقتدار ہیں ہم نے یہ نہیں دیکھا کہ آپ نے اس میدان میں کیا ترقی کی ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ آپ کے پاس عینک نہیں ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, if there is a lacuna in the law they are angry and if we try to remove that lacuna they are again angry.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ محکمہ امداد باھمی میں انلسٹریل ڈولپمنٹ بنک اور ایگریکلچر بنک کے قرضوں کی یہ صورت حال ہے اور یہ صورت حال محض اس وجہ سے پیدا ہوئی ہے کہ اس کے ذمہ دار آپ کے وہی افسران ہیں جن کو آپ اس قانون کے ذریعہ وسیع اختیارات دے رہے ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ اس سے پہلے بھی اور آج بھی اگر قرضہ جات وصول نہیں ہوئے تو وہ ہماری حکومت کی مہربانیاں تھیں قانون آج بھی موجود ہے اور آج سے پہلے بھی موجود تھا محکمہ امداد باھمی کا ڈھانچہ اس وقت بھی تھا اور آج بھی موجود ہے مجھے علم ہے میں قریب سے جانتا ہوں کہ جنہوں نے واقعی اس محکمہ کو آج تباھی میں ڈال دیا ہے وہ وھی ہیں جو اس ملک کی تباھی پر تلے ہوئے ہیں اور وہ آج حکومت کی بغل میں ہیں اور خدا کرے جو اختیارات آپ آج لے رہے ہیں آپ ان لوگوں کے خلاف ٹھیک طریقہ سے

استعمال کر سکیں جس کو کہ آپ آج تک سیاسی اغراض و مقاصد خیال کرتے رہے ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی-۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں مسٹر حمزہ کی تقریر کا جواب دینے کے لئے نہیں کھڑا ہوا ہوں کیونکہ ان کی تصریحات میرے نزدیک مبالغہ آمیز ہیں اور ناواقفیت کی بنا' پر ہیں لیکن میں شروع میں عرض کر دوں کہ ان قوانین کی میں پوری پوری حمایت کرنے کے لئے بھی نہیں کھڑا ہوا ہوں ۔ میرا نقطہ نظر مسٹر حمزہ کے نقطہ نظر سے بالکل مختلف ہے اور جو وجوہات میں عرض کروں گا وہ بھی مختلف ہیں سب سے پہلے ضروری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے جیسا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ تحریک اور محکمہ دو مختلف وجود ہیں ۔ یہ آئے دن کے جو ہنگامی قوانین امداد باھمی کے قرضوں کے متعلق اور بنکوں کے متعلق نافذ کئے جا رہے ہیں ان کے سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ آج سب سے بڑا نقصان یہ ہوا ہے کہ تحریک پر پژمردگی چھا چکی ہے اور آئے دن ہماری حکومت کی جانب سے اور ذمہ دار افسروں کی جانب سے بھی اور کبھی کبھی جیسا کہ حمزہ صاحب نے اس آواز کو دھرایا ہے اور پھر یہ اخباروں میں چھپے گی کہ ۵۰ کروڑ روپے بینکوں کے قرضے کے طور پر لوگوں کے ذمہ ہیں ۔ مجھے ان اعداد و شمار میں بھی شبہہ ہے کیونکہ اکثر صاحبان کو یہ نہیں معلوم کہ قرضوں کی نوعیت کیا ہوتی ہے اور کس کس قسم کے

قرضے ہوتے ہیں ۔ ایک تو وہ قرضے ہیں جو واجب الوصول قرضے ہوتے ہیں جن کو ہم اچھے قرضے کہتے ہیں ایک وہ قرضے ہوتے ہیں جو مشکوک ہوتے ہیں اور ایک قرضے وہ ہوتے ہیں جو ناقابل وصول ہوتے ہیں ۔ غلطی سے محکمہ نے جو اعداد و شمار حاصل کئے ہیں انہوں نے تمام قرضے جات کو ناقابل وصول قرضے دنیا کو دکھا دیا ۔ کہ ان بینکوں میں کس چیز کا کاروبار ہوتا ہے ان میں غلطیاں کس امر کی ہوتی ہیں اگر وہ قرضے نہیں ہوتے اور اکاؤنٹ اور روپے پیسے کی غلطیاں نہیں ہوتیں تو کیا گاجر مولی کی غلطیاں ہوتی ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ سٹیٹ بنک آف پاکستان کے قرضوں کو دیکھئے اور نیشنل بنک آف پاکستان کے قرضوں کو دیکھئے ان کے مقابلے میں یہ قرضے زیادہ نہیں ہیں اور تمام پانچ چھ آٹھ بنکوں کے ذمے کلہم ۵۰ کروڑ روپے واجب الادا ہیں ایسی حالت میں یہ اتنے بھیانک اور خوفناک قرضے نہیں ہیں ان کو بار بار دھرا کر بینکوں کی ساکھ خراب کی جا رہی ہے ۔ ابھی یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۵ کروڑ کے قرضے ادا ہو چکے ہیں میں بصد ادب قائد ایوان سے عرض کروں گا کہ ۲۵ کروڑ کے وہ قرضے ادا ہو چکے ہیں جو اچھے قرضے تھے اب میں وہ فیگرز بتاؤں گا جو ایسے قرضوں کی ہیں جو قرضے مشکوک ہوتے ہیں اور یا قابل وصول قرضے نہیں ہوتے ۔ قرضہ جات نہ ملنے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں جن کی بناء پر قرضے وصول نہیں ہوتے یا توقع کی جاتی ہے کہ نہیں ملیں گے تو محض قرضوں کا نہ وصول ہونا اس امر کی دلیل نہیں ہے کہ وہ بنک دیوالیہ ہو چکا ہے یا اس کو نقصان ہو چکا ہے ۔

ہم سب کو معلوم ہے کہ ۱۹۴۷ء میں جب یہاں سے غیر مسلم چلے گئے تھے تو تمام تر کاروبار ان بنکوں کے ہاتھ میں تھا اور اس وقت یہاں کوئی بنک موجود نہیں تھا حکومت نہایت دانشمندی سے اس خلا کو پورا کرنے کے لئے ان بنکوں کو ہی میدان میں لائی اور انہوں نے کما حقہ اپنے فرائض کو ادا کیا اور وہ ہماری معاشی ترقی میں گران بہا خادم ثابت ہوئے لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ اتنے ایکسپرٹ نہ تھے اور ماہر نہ تھے ان سے غلطیاں بھی ہوئی ہیں ۔ یہ تقاضائے فطرت ہے کہ یہ نووارد تھے اور انہوں نے میدان تجارت میں کبھی کام نہیں کیا تھا ان سے غلطیاں ہوئی ہوں گی لیکن ہمیں تمام تر پوزیشن کو دیکھنا ہے اور اگر ذرا اندازہ لگایا جائے تو ۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک انہوں نے ترقی کی ہے اور نمایاں ترقی کی ہے اور ہماری معاشی حالت کو بہتر بنایا ہے تو ان کی ساری خدمت اور ساری کار گزاری کو صرف ایک لفظ کہہ کر کہ ۵۰ کروڑ کی گران بہا رقم ان کی لوگوں کے پاس موجود ہے ختم نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ حمزہ صاحب نے نتیجہ نکالا ہے کہ یہ بڑے بڑے زمیندار اور ان کے پروردہ ہیں جن کو حکومت پناہ دینا چاہتی ہے یہ سب ان ہی لوگوں نے کھا لیا ۔ یہ غلط ہے لیکن ان میں وہ لوگ بھی ہوں گے اور ان میں وہ بھی ہوں گے جو بڑے بڑے نہیں ہیں ۔ اس کے بعد یہ کہا گیا ہے کہ ان ہی قوانین کے ذریعہ ہمیں روپیہ وصول ہو رہا ہے تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب یہ قوانین بنائے گئے تھے اور اگر ان کا بنانا لازمی تھا اور کسی حد تک میں سمجھتا ہوں کہ ضروری بھی تھا تو ایک ہی وقت میں بنا دئے جاتے ۔

کیونکہ آئے دن قوانین بنانے سے بنکوں کی ساکھ خطرے میں پڑتی ہے اور اس تحریک کی ساکھ بھی ۔ آج میرے فاضل دوست نے پوچھا کہ آپ نے کیا ترقی کی ۔ اگر وہ ترقی کی جانب آئیں تو ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ ۴۷ء یا ۴۸ء میں میرا مطلب ہے کہ تقسیم سے قبل قریباً پندرہ ہزار کے لگ بھگ یہ سوسائیٹیاں تھیں مگر آج ۲۹۱۲۲ کے قریب ہیں ۔ آج ان کا سرمایہ ایک ارب اور ۸۰ کروڑ روپیہ تک پہنچ چکا ہے اور اس وقت صرف چند کروڑ روپیہ تھا ۔ ترقی کی منزل اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں اور ان کے اراکین کی تعداد اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ انہوں نے بہت بڑی ترقی کی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقہ سے کوئی ایسا خطرہ نہ ہو اور میں حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ کے ہاں دوسرے بنک موجود ہیں اور جو تاثر عوام الناس کو دیا جاتا ہے وہ یہ کہ ان کے اندر گورنمنٹ کا روپیہ موجود ہے مگر یہ چیز غلط ہے ان بنکوں کے اندر گورنمنٹ کا کوئی روپیہ نہیں اور نہ گورنمنٹ کا روپیہ کسی نے کھایا ہے ۔ اگر حبیب بنک کے اندر ۔ یونائیٹڈ بنک کے اندر ۔ بہاول پور بنک کے اندر لوگوں کا روپیہ موجود ہے تو اس کے لئے کوئی خصوصی قانون نہیں بنایا جا رہا ۔ تو میں گذارش کرتا ہوں کہ ان کوآپرٹیو بنکوں میں بھی کوئی سرکاری روپیہ موجود نہیں ہے اور نہ کوئی سرکار کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ صرف تحریک کو مد نظر رکھ کر غالباً یہ بنایا گیا تھا کہ تحریک کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے ۔ تو میں پھر بصد ادب ان سے درخواست کروں گا کہ اس نقطہ نظر کو اپنے سامنے رکھیں کہ کہیں ایسے قوانین سے تحریک

کو نقصان نہ پہنچے ۔ اس روپے کی وصولی کے متعلق میں جانتا ہوں ۔ کیا دوسرے بنکوں سے آپ نے کوشش کی کہ روپیہ کی وصولی ہو ۔ اس لئے نہیں کہ وہ پبلک کا روپیہ ہے اور پبلک کا تعلق ان بنکوں سے ہے وہ کہتے ہیں وہ جانیں اور عام قانون جانے ۔ تو یہاں یہ کیوں ضرورت پڑی ہے خصوصی طور پر صرف اس لئے کہ تحریک کو زندہ رکھا جائے لیکن حالات یہ ہیں کہ تحریک میں وہ سوسائیٹیاں ہیں جن کی کیفیت بڑی اچھی ہے جن کا کاروبار اچھا ہے اور اعلیٰ ہے جن کا فریضہ ہے کہ وہ بنک کے ساتھ الحاق کر کے کام کریں آج وہ دوسرے بنکوں سے مقابلہ کی شکل میں کم سود پر چونکہ روپیہ وہاں سے مل سکتا ہے ان سے جا کر الحاق کرتی ہیں تو کیا ان باتوں سے بنکوں کو ترقی ہو گی یا نقصان ہو گا ۔ تو میں گورنمنٹ کی وساطت سے جناب والا ان افسران مجاز سے پوچھتا ہوں کہ آپ کا کیا طرز عمل ہے اور سوسائیٹیاں جن کا فرض ہے کہ وہ بنکوں سے الحاق کریں اور اپنا کاروبار کریں وہ دوسرے بنکوں کے پاس کیوں جا رہی ہیں صرف اس لئے کہ ان بنکوں کے پاس بہت زیادہ سرمایہ ہے ۔ وہ بنک مقابلہ کی شکل میں کم سود پر اپنا روپیہ لگا سکتے ہیں اور آپ کے کوآپرٹیو بنک جو ہیں ان پر ایسے ایسے آوازے کسے جا رہے ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے اور وہ اتنا روپیہ نہیں دے سکتے تو نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ آپ کی وہ سوسائیٹیاں جن کے لئے یہ بنک معرض وجود میں آئے تھے وہ دوسرے بنکوں سے الحاق کر رہی ہیں اور آپ کی تحریک کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ تو اس لئے میں عرض کر رہا ہوں

کہ موجودہ قانون جو آپ لائے ہیں اس کو بھی اگر آپ دیکھیں تو میں لا منسٹر صاحب کی خصوصی طور پر اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ افسوس ہے کہ یہ آرڈیننس ہے جس میں ترمیم کرنا امر محال ہے لیکن اس میں اتنے نقائص موجود ہیں کہ جن کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا جو اصل مقصد تھا وہ پورا نہیں ہو رہا ۔ جس طرح کہ ہنگامی قانون کا یہ ترمیمی آرڈیننس پیش کیا گیا ہے اس قانون کا قدرتاً یہ ایک نتیجہ یہ ہے اس قانون کی رو سے آپنے قرضوں کی وصولی کا بندوبست کیا ہے تو اب میں سمجھتا ہوں کہ خدشہ پیدا ہو گیا ہے کہ اگر آپ قرضوں کی وصولی کے لئے نوٹس دیدیں اور اگر نوٹس کے دوران یا اس سے قبل کوئی مقروض اپنی جائیداد کسی دوسرے آدمی کے نام منتقل کر دے تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو کچھ بھی نہ ملے اور اگر پھر جو تعزیری دفعہ ہے اس کے تحت وہ جیل خانے کی ہوا بھی کھا آئے تو وہ روپیہ آپ کو نہیں مل سکے گا ۔ یہ ترمیمی قانون جو اب پیش کیا ہے میں جناب لا منسٹر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ اس کے اندر آپ نے بے نامی قرضہ جات کی نسبت ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص قرضہ لیتا ہے اور حقیقتاً وہ قرضہ کسی دوسرے کے نام پر لیتا ہے تو آپ دوسرے شخص کو بھی اس میں ماخوذ کرتے ہیں جیسا کہ اصل مقروض پر اس کا اطلاق ہے لیکن میں ان کی خدمت میں یہ جو بے نامی قرضے ہیں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔

"benami loan" means a loan the real beneficiary or recipient whereof is a person other than the person in whose name the loan is advanced or granted."

جناب والا ۔ میں اس امر کو اچھی طرح سے جانتا ہوں اور آپ بھی

جانتے ہیں کہ ہمارے ملک پاکستان اور ہندوستان کے اندر جو قانون ہے وہ انگریزی قانون سے تھوڑا سا مختلف ہے وہ بے نامی سودے کو تسلیم کرتا ہے کہ اگر کوئی شخص بے نامی یعنی کسی کے نام پر کوئی سودا کرے تو وہ درست ہوتا ہے حالانکہ انگریزی قانون اس کے متعلق بالکل مختلف ہے لیکن ہمارے ہاں بھی آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر ایک خاوند اپنی بیوی کے نام کوئی جائیداد ۔ نامی کے طور پر منتقل کر دے حالانکہ وہاں پر یہ قیاس ہو جانا چاہئے کہ یہ بیوی کے نام اپنی جائیداد کو منتقل کر رہا ہے حقیقتاً یہ اپنے آپ کو بچانے کے لئے ایسا کر رہا ہے لیکن ہمارے قانون کے اندر یہ ہے کہ بیوی جو کہ قریب ترین رشتہ ہے اس کے نام پر بھی منتقل کرنے پر کوئی قانون کی presumption نہیں ہے کہ یہ بے نامی ہے چہ جائیکہ ایک اجنبی آدمی کے نام پر بے نامی transaction ہو کسی دوسرے رشتہ دار کے نام یا لڑکے یا لڑکی کے نام پر presumption آپ کے قانون میں قطعاً نہیں ہے ۔ اگر یہ بے نامی ہے تو اس کے لئے آپ کو ثبوت فراہم کرنا پڑے گا ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ شہادت اور چیز ہوتی ہے اور ثبوت اور چیز ہوتا ہے ۔ شہادت کا نتیجہ ثبوت ہے لیکن ہر شہادت کے معنی ثبوت نہیں ۔ تو آپ اس امر کے لئے کیا شہادت لائیں گے جو نتیجتاً ثبوت بن جائے گی ۔ کیا آپ کے پاس کوئی دستاویز ہو گی ۔ آپ کے پاس کس امر کی شہادت ہو گی ۔ صرف یہ کہہ دینا کہ یہ ۔ نامی قرضہ ہے یہ تو کافی نہیں ہے اور پھر اس پر ستم ظریفی یہ ہے کہ ایسے بے نامے دار کو آپ ایک اسسٹنٹ رجسٹرار حکم دے دیتا ہے ۳۰ ہزار کا اگر قرضہ ہو اور وہ ہی adjudicate کرے اور فیصلہ کرے اور فیصلہ بھی ایسا کرے

جیسا در اصل سپریم کورٹ کرتا ہے تو اس پر کوئی اپیل نہیں - تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کا قانون تو یہ کہتا ہے کہ آپ کے قریب ترین رشتہ دار بھی اگر اپنی جائیداد کو کسی اور کے نام منتقل کر دے تو کوئی presumption کوئی قیاس آپ کے حق میں نہیں ہے تو اس صورت میں آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ قیاس کی کیا ضرورت ہے - آپ صاف صاف یہ کہہ دیں کہ الف نے قرضہ لیا تھا - ب اس کے لئے ذمہ دار ہے یعنی آپ یہ کہہ دیتے ہیں کہ چونکہ پھانسی کا رسہ اس کی گردن میں آ سکتا ہے لہذا قرضہ اسی سے وصول کر لو حالانکہ اس غریب کو علم تک بھی نہیں ہوتا کیوں کہ بے نامی کا کوئی ثبوت تو ہو نہیں سکتا - اگر وہ اس کے باوجود بھی کہہ دے کہ وہ قصور وار نہیں ہے تو اس کی اپیل نہیں ہو سکتی - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ بے نامی جو آپ لے آئے ہیں اس کے اندر انصاف کے تقاضے کہاں پورے ہوتے ہیں اور آپ کیسے ثابت کریں گے کہ یہ بے نامی ہے اور خواہ مخواہ کسی شخص کو اس کے اندر پھنسانا ہے - یہاں بھی میں یہ عرض کروں گا کہ اس کا آخر کار نقصان تحریک کو ہو گا اور اس کے نزدیک کوئی شخص بھی نہیں آئے گا - وہ یہ سمجھے گا کہ کسی میرے عزیز نے یا میری کسی برادری کے آدمی نے یا تعلق دار نے اگر قرضہ لے لیا ہے تو ہو سکتا ہے کہ کل یہ کہہ دیں کہ میں بے نام دار ہوں میرے گلے میں پھندہ ڈال دو اس لئے وہ تحریک میں شامل نہیں ہو گا - اس میں ایک بہت بڑا نقص یہ ہے - آپ سیکشن چار ملاحظہ فرمائیں -

"Where the borrower is a firm, partnership, company or other association of persons (not being a company registered under the Companies Act, 1913, the liability of the members whereof is limited), the loan or any

part thereof due from such borrower may be recovered from the assets of such firm, partnership, company or other association of persons, as the case may be, or from the members or partners thereof."

اس میں آپ نے لمیٹیڈ کمپنی کو مستثنیٰ کیا ہے ۔ ماسوا اس کے جو فرم یا کمپنی یا ایسوسی ایشن ہو اس کے حصہ داروں یا ممبروں سے آپ قرضے لے سکتے ہیں ۔ ان کے ادارے کے اثاثے سے آپ وصولی کر سکتے ہیں ۔ لمیٹیڈ کمپنی کو غالباً آپ نے اس بنا پر مستثنا کیا کہ کمپنی ایکٹ کے تحت آپ اس سے روپیہ وصول کرنے کے مجاز ہیں ۔ آپ عام قانون کے تحت اس کمپنی سے اس کے لمیٹیڈ ہونے کی وجہ سے اس شخص کے حصص کی مالیت کی حد تک وصولی کر سکتے ہیں ۔

میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ غالباً آپ کا منشا یہ تھا کہ آپ اس حصہ دار سے زیادہ رقم قرضہ کی وصولی میں حاصل کر لیں مگر فرض کیجئے کہ ایک شخص سے آپ نے سو روپیہ وصول کرنے ہیں اور کسی لمیٹڈ کمپنی نے اس کا حصہ دس روپے سے زیادہ کا نہیں ہے تو باقی نوے روپے اس کے ذمہ رہ جائیں گے ۔ ان کے لئے آپ اسے پکڑ نہیں سکتے گرفتار نہیں کر سکتے کیونکہ وہ لمیٹڈ کمپنی کا ایک فرد ہے ۔ آپ نے کوئی ایسا انتظام نہیں کیا اس قانون کے اندر کہ اس کا جو دیگر اثاثہ ہو اس سے آپ وصولی کر سکیں جو اس کے ذاتی ہیں اور یہ بھی انتظام نہیں کیا ۔ آپ اس کو سات سال کی سزا دے سکتے ہیں ۔ یہ آپ نے اصل آرڈیننس کے منشا کے خلاف ایک استثنیٰ دے دیا ہے ۔ یہ تو آپ کا نقصان ہے ۔ اس سے آپ کا منشا پورا نہیں ہو گا ۔

اب میں آپ کی توجہ دفعہ ۵ کے مجوزہ سیکشن ۸ اے اور بی کی طرف بھی منعطف کراتا ہوں ۔ یہ کچھ مضحکہ خیز کی سی بات ہو گئی ہے ۔

"(1) Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, no Registering Officer shall register any document relating to property, which is required to be registered under the provisions of c ause (a), (b), (c) or (e) of Section 17 of the Registration Act, 1908, or which is produced before him for voluntary registration, nor shall any Revenue Officer on the basis of any such document effect any mutation in the Record of Rights under the provisions of any law for the time being in force, unless--

(a) the person whose right, title or interest in the property is or will be transferred, assigned, limited or extinguished under the terms of the document or on the basis of the mutation in the Record of Rights, as the case may be, furnishes an affidavit,

تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ نے اس میں یہ حکم دیا ہے کہ کسی جائیداد کو کوئی شخص جو مقروض نہ ہو اگر وہ اسے رجسٹری کرانا چاہے تو اسے ایک حلف نامہ رجسٹرار کے پاس داخل کرنا پڑے گا ۔

اور وہ کافی سمجھا جائے گا اور اس بناء پر اس کی جائیداد منتقل ہو جائے گی (مقروض کے لئے آپ نے علیحدہ حکم دیا ہے) اور اس طرح اس دستاویز کی بناء پر اگر کوئی شخص رجسٹری کرا چکا ہے تو وہ اس کی بنا پر ریونیو افسر کے پاس انتقال کرا سکے گا اور وہاں بھی اس طرح حلف نامہ داخل کرنا پڑے گا اور انتقال ہو جائے گا ۔

اب اگر آپ اس دفعہ کے مجوزہ سیکشن ۸ (بی) کو ملاحظہ فرمائیں تو اس سے یہ چیز مترشح نہیں ہوتی کہ اگر کوئی شخص رجسٹری کے ماسوا

انتقال کرانا چاہے گا تو بیان حلفیہ کافی ہو گا ۔ سیکشن ۸ (بی) کے جو الفاظ ہیں وہ یہ ہیں ۔

"the person whose right, title or interest in the property is or will be transferred, assigned, limited or extinguished under the terms of the document or on the basis of the mutation in the Record of Rights, as the case may be, furnishes an affidavit . . . ."

اگر یہاں انتقال کے ساتھ لفظ The نہ ہوتا تو آپ کا مقصد حل ہو جاتا اب یہاں پابندی یہ لگا دی گئی ہے کہ رجسٹری کی بنا پر جو انتقال ہو گا ۔ اس کے لئے تو بیان حلفیہ کافی ہے ۔ مگر آپ یہ فرمائیں کہ دوسری صورت میں وہ کیا کرے گا ۔ اگر ایسے افراد بیان حلفیہ دیں گے تو وہ قابل قبول نہیں ہو گا ۔ اگر وہ رجسٹرار کے پاس سرٹیفیکیٹ کے لئے جائے تو وہ مقروض نہیں ۔ میری ناقص رائے میں اب کوئی شخص کسی قسم کا انتقال نہیں کرا سکتا ۔ اگر رجسٹری کرائے تو انتقال کرا سکتا ہے ورنہ نہیں ۔ اس کا بیان حلفیہ قابل تسلیم نہیں کیونکہ وہ مقروض ہے ہی نہیں یہ ایک بہت بھاری تضاد ہے ۔ جس سے اس قانون کا اصل مقصد ہی فوت ہو گیا ہے ۔

اب میں آپ کی توجہ مجوزہ سیکشن ۸ اے کی سب کلاز (۲) پر مبذول کراتا ہوں ۔

(2) Where an application is made to the Registrar or an Assistant Registrar, as the case may be, for issuing a certificate under the provisions of sub-section (1), he shall not refuse to issue the certificate unless he has first given the applicant an opportunity of being heard and adducing evidence to show that either satisfactory arrangements have been made for the repayment of the loan owned by the applicant or that the loan has been secured in accordance with the provisions of section 7.

(3) An order made by the Registrar or an Assistant Registrar under sub-section refusing to issue a certificate, shall be final and not open to question in any manner.

اب جناب ایک شخص درخواست دیتا ہے اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاس کہ مجھے سرٹیفیکیٹ عطا ہو وہ دیکھتا ہے کہ آیا اس نے اصل قانون تابع کے تحت repayment کا ۱۵ فیصد ادا کیا ہے یا نہیں قسطیں وغیرہ ہو چکی ہیں یا نہیں یا اس کے ذمہ کچھ ہے وہ اسے سرٹیفیکیٹ نہیں دیتا اس کے بعد آپ ارشاد فرما" ہیں کہ اگر وہ نہ دیں تو پھر ان کو وہ موقع دیا جائے گا کہ وہ شہادت بھی دیں اور اس کا فیصلہ اس کے بعد کریں میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ جب اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاس ریکارڈ موجود ہے تو پہلے اس نے اجازت کیوں نہیں دی ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں معزز ممبر صاحب کی تقریر سے بڑا متاثر ہوا ہوں ۔ اس کے متعلق وہ بتا دیں کہ تقریر ختم کرنے کے بعد وہ اس ہنگامی قانون کے حق میں ووٹ دیں گے یا اس کے خلاف ووٹ دیں گے ۔

Mr. Sessar Deputy Speaker : This is no point of order.

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ میں اس ہنگامی قانون کے حق میں ووٹ دوں گا اس کی وجہ یہ ہے کہ میں اس لیے حق میں ووٹ دوں گا کہ یہ قانون نیا نہیں ہے ۔ یہ پہلے قانون کے نتیجہ میں ہے ۔ اگر اس کو ہم پاس نہ کریں تو پہلا قانون بالکل بے معنی ہو جاتا ہے ۔ اگر اس کی غلطیاں آئندہ قانون میں بذریعہ بل درست ہو جائیں تو یہ درست ہو سکتا ہے اور آئندہ ایسا ہو جائیگا ۔

ملک محمد اختر ۔ I am again on a point of order Sir. جناب والا ۔ ۵-۶ تاریخ Private Member's Bills کے لیے رکھی گئی ہے ۔ آپ اس کے لیے ایک ترمیمی بل لے آئیں ہم اس کی حمایت کریں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is also not a Point of order.

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس کے جو الفاظ ہیں اس میں duplication ہے یعنی ایک آدمی کو بار بار تکرار کرنے کی وجہ سے تکلیف اور اذیت پہنچائیں گے ۔ پہلے وہ درخواست دے گا ۔ کچھ دنوں کے بعد اس کی درخواست پر آپ جواب دے دیں گے کہ کل یا پرسوں تشریف لانا دیکھیں گے کہ ریکارڈ میں کچھ ہے یا نہیں ۔ تین چار روز کے بعد آپ فرما دیں گے کہ ہم سرٹیفیکیٹ نہیں دے سکتے ۔ پھر درخواست میں وہ لکھے کہ میں شہادت دینے کے لیے تیار ہوں ۔ یہ چیز میری سمجھ سے بالا تر ہے کہ وہ کیا شہادت دے ۔ وہ کیا شہادت طلب فرماتے ہیں وہ تو بنک کا قرضہ ہے لکھا ہوا ہے کہ اس نے اتنے ہزار روپیہ دینا ہے ۔ جناب والا ۔ انکار کرنے کے بعد اس کو پہلے ہی کیوں نہیں اجازت دے دی گئی اگر اسی وقت جاتا ہے اگر اس وقت انکار کرتے ہیں تو بےشک ثبوت دے ورنہ ثبوت کی ضرورت نہیں ہے یہ بھی عجیب مضحکہ خیزبات ہے کہ قرض لینے والا تو بنک ہے اور سرٹیفیکیٹ اسسٹنٹ رجسٹرار دیتے ہیں۔ یہ کیوں نہیں ہوتا کہ وہ بنک کے مینجر کے پاس جائے اور بنک کے مینجر سے سرٹیفیکیٹ لے کہ اس نے کوئی قرضہ نہیں دینا ہے ۔ بجائے اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاس جانے کے وہ بنک میں جائے اور اپنا clearance سرٹیفیکیٹ حاصل

کرے ۔ کیوں کہ فیصلہ تو یہ تھا کہ وہ ۱۵ فیصد دے گا اور یہ بھی فیصلہ کیا تھا کہ فلاں فلاں قسط دے گا ۔ معلوم نہیں ۱۵ فیصد دیا ہے یا نہیں وہ بنک سے خط و کتابت کریں ۔ تو آپ اندازہ فرمائیں کہ عملی زندگی کے اندر جناب والا ۔ ایک شخص کو سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہے ۔ میرے خیال میں ایک دن میں یہ چیز ہو سکتی ہے ورنہ وہ کہہ سکتے ہیں کہ آج رجسٹرار دورے پر ہے ۔ کل لاہور تشریف لے گئے ہیں ۔ آج کانفرنس میں ہیں آج فلاں تحصیل میں گئے ہیں اس طرح ایک آدمی کو ایک مہینے کی جدو جہد اور مصیبتیں اٹھانے کے بعد اور پھر کارکنوں کا طواف بلکہ ان کی رو پہلی مصلحتوں کو پورا کرنے کے بعد سرٹیفیکیٹ اس کے ساتھ آتا ہے ۔ وہ سیدھا بنک سے سرٹیفیکیٹ کیوں نہ لے لے جو ایک سہل طریقہ ہے ۔ اس پر ستم ظریفی یہ ہے کہ اس کو بلا وجہ انکار فرما سکتے ہیں اس کے بعد وہ کس کے پاس جا کر روئے کیوں کہ کوئی اپیل نہیں ہے کوئی نظر ثانی نہیں ہے وہ صاحب کہاں جائے گا ۔ کس کو بتائے گا کہ ان کا حکم غلط ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں چند ایک نقائص عرض کر رہا تھا ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی صحت کے لیے اور ان کو اس کو درست کرنے کے لیے اور اس قانون کو زیادہ مفید بنانے کے لیے نہایت ضروری ہے کہ آپ ان پر غور کریں اور اگر میری یہ معروضات کچھ وزن رکھتی ہیں اور مفاد عامہ تحریک اور محکمہ کے نقطہ نظر سے درست ہیں

تو آپ کو دوبارہ مسودہ قانون لانا پڑے گا ۔ اس کو اس وجہ سے بھی عرض کروں گا کہ اتنے عرصہ سے بلکہ آئے دن اس کے متعلق صدائے بازگشت آتی رہی ہے کہ اتنا روپیہ کی وصولی ہے اور یہ میرے نزدیک اب یہ غلطی نہ کوئی خطرناک اور ہیبتناک چیز ہے اور نہ ہی غلطیوں کی وجہ سے سارے کے سارے مجرم ہو چکے ہیں یہ جو کچھ ہوا ہے اس نقطہ سے ہوا ہے جو کچھ ہوتا ہے انسانی فطرت اس کے اندر واحیت کیا گیا ہے کہ وہ غلطیاں بھی کرتا ہے میں نہیں کہتا کہ تحریک والے لوگوں میں غلطیاں نہیں محکمہ والے غلطیاں کرتے ہیں لیکن میں محکمہ والوں کی خدمت میں ضرور عرض کروں گا کہ افسریت کے نقطہ نظر کو ترک کریں اور ایسے قانون بننے سے وہ افسر بن کر رہ گئے ہیں حالانکہ میں عرض کروں گا کہ بنیادی اصول یہ ہے کہ محکمہ بطور گائڈ ۔ بطور فلاسفر ۔ بطور دوست اور ایک دانا دوست کے طور پر راھنما کی حیثیت رکھتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے ایسے قانون سے ایسے ایسے بڑے اختیارات دینے کا نتیجہ اگر نادان دوست کا ہوگا تو دانا دوست نہیں ہوں گے۔

جناب والا ۔ ایک مشہور لطیفہ سب دوست جانتے ہوں گے ۔ کسی زمانہ میں سب انسپکٹر امداد باھمی کسی ندی کو عبور کرنے کے لیے کھڑا تھا کسی زمیندار نے از راہ شفقت ۔ ازراہ محبت اس سب انسپکٹر کو کندھوں پر اٹھا لیا ۔ جب وہ ندی کے درمیان میں پہنچا تو اس نے پوچھا جناب والا ۔ آپ کون سے تھانے سے آئے ہیں ۔ اس نے کہا میں بینکوں کا سب انسپکٹر ہوں ۔ اس نے اس کو وہی چھوڑ دیا اور کہا کہ ان سے کیا خطرہ

ہے ۔ اگر محکمہ کا دباؤ ڈالنے اور ن کو پولیس کا رتبہ دینے کے لیے رکھا جاتا تو یہ درست ہوتا لیکن میں سمجھتا ہوں اس کی یہ غرض و غایت نہیں ہے ۔ جب دوست ۔ گائڈ اور فلاسفر ہوں گے تو اس طرح سب کو اور ملک کو بھی فائدہ پہنچے گا ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر ۔ اس ہنگامی قانون کو لانے کی ضرورت اس لیے پڑی کہ انجمن ہائے امداد باہمی کے ساتھ لین دین کرنے والی انجمنیں دیہات سے تعلق رکھتی ہیں ۔ یہ روپیہ کوئی سرکار کا روپیہ نہیں بلکہ اس روپیہ میں مزارعین ۔ مزدور ۔ چھوٹے زمیندار اور چھوٹے دوکاندار شامل ہیں اور ان کا یہ سرمایہ ہے ۔ اس سرمایہ سے چند لوگوں نے بنکوں پر قبضہ کرکے بڑی بڑی رقموں کو قرضوں کی شکل میں لے لیا ہے اور انہوں نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ جب وصولی کی کوشش کی گئی تو انہوں ۔ اپنی جائدادوں کو کسی کے ہاتھوں بیچ دیا ۔ جب حکومت نے یہ دیکھا کہ ان بنکوں سے مزدوروں چھوٹے زمینداروں اور چھوٹے دوکانداروں کا سرمایہ صرف چند لوگوں کے ہاتھوں میں آ گیا ہے اور اس کی وصولی نہ ہونے کی وجہ سے چھوٹی چھوٹی سوسائٹیوں کو قرضے کی رقم اتنی نہیں دی جا رہی ہے جتنی کہ دی جانی چاہیے یا جتنی ان کو ضرورت ہے تو اس وقت اس قانون کو لانا پڑا ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون سے چند لوگوں کو تکلیف ضرور ہوگی جنہوں نے لاکھوں روپیہ غریب عوام کا ہضم کیا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی ۸۵ فیصدی آبادی اس قانون سے خوش ہوگی ۔ اس

قانون سے ان ناجائز طریقہ سے دولت استعمال کرنے والے لوگوں کو زیادہ تکلیف ہوگی ۔

جناب والا ۔ جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے جیسا کہ خان محمد یوسف صاحب نے فرمایا ہے کہ ہر آدمی کو No Objection Certificate حاصل کرنے میں تکلیف ہوگی تو اس کے لیے میں جناب وزیر متعلقہ سے گزارش کروں گا کہ اسی اجلاس میں اور اسی سیشن کے دوران ایک ترمیمی بل لا کر اس کا انتظام کریں کہ کسی غیر مقروض کو سرٹیفیکیٹ حاصل نہ کرنا پڑے ۔ آپ کو پتہ ہے کہ جس آدمی کی دو ایکڑ زمین ہے اور وہ اس کو ہبہ کرنا چاہتا ہے کیوں کہ اس کو لڑکے کی شادی یا لڑکی کی شادی پر روپوں کی ضرورت ہے اس کو محکمہ سے سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کے لیے دو ایکڑ پر کم از کم ایک اچھی خاصی رقم دینی پڑے گی جو ناجائز ہوگی اور جس کا بار اٹھانے کے قابل ہماری قوم نہیں ہے ۔ اس لیے میں نہایت ادب کے ساتھ یہ درخواست کروں گا ۔ کہ ان کو چاہیئے کہ اس میں فوری طور پر ترمیم لے آئیں اور مجھے یاد ہے کہ ملک خدا بخش صاحب نے وعدہ بھی فرمایا تھا کہ وہ اس کے لیے تیار ہیں لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ قانون کچھ ایسا ہوگا جو زبردستی لوگوں پر نازل ہوگا اور لوگ اس سے تباہ ہو جائیں گے جیسا کہ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ایک نہایت ہی مفید اور عین وقت کی ضرورت کے مطابق قانون ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ پچاس فیصد عوام کے لیے باعث رحمت ہے ۔ اس لیے میں اس کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔

Mr. Munawar Khan : Mr. Speaker, Sir. . . . . .

ملک محمد اختر (پنجابی) ۔ اندھا بانٹے ریوڑیاں ۔ اپنوں ہی کو دے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : I have a strong objection to the points raised by Malik Akhtar at various times. He has been threatening the House and the Chair by saying that if he was not allowed to make a speech he would make this Ordinance go on for three days. This is highly objectionable for a member to threaten the House.

رائے منصب علی خان کھرل۔ جناب والا۔ ملک اختر صاحب نے ابھی ابھی کہا ہے ۔ (پنجابی) (اندھا بانٹے ریوڑیاں اپنوں ہی کو دے ۔) ان سے کہیں کہ اس کا مطلب سمجھائیں اور یہ بتائیں کہ انہوں نے یہ کیوں کہا ہے ۔

مسٹر سپیئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ خان منور خان ۔

Mr. Munawar Khan (Bannu I) : Sir, since the last session, the question of Co-operative Banks and Co-operative Societies is being discussed and has become a sore wound simply because the amendments, limitations or restrictions are sponsored unilaterlly. If from the very beginning the Act had been put before the House in the shape of a Bill everybody in this House would have come forward to ponder over it and assist in its drafting and application.

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. Sir, inspite of repeated assurances from Government and from the Leader of the House too on the very opening day, I don't think it is very relevant to emphasize the need for moving Bills because it has already been promised that most of the legislation from now onwards will be done through Bills. Mr. Munawwar Khan termed legislation through Ordinances as a sore wound. In view

of the assurance of the Leader of the House the objection to Ordinances is in itself now becoming a sore wound. The member should not waste the time of the House as far as this point is concerned.

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. Our ideas are becoming more and more popular. Mr. Yusuf Khan has supported us and now this gentleman is supporting us.

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

Mr. Munawar Khan : We would have joined heads and arrived at a definite law which would have been of use and help to the Department and to the State. I submit that this Ordinance, as has been discussed by my friend Mr. Yusuf Khan, is still full of lacunae which I will be pointing out just now. The foremost thing for which I would like to hold the department responsible is as to why those loans were sanctioned, extended, indiscriminately when a particular person was interested in it and he put forth a pauper to whom the loan was to be sanctioned ? It appears that every-thing was going on as benami in the Co-operative Department. Why no verifications or correct verifications were made by the officials who were sanctioning the loans ? Has anybody been so far laid hands upon by the Department that it was because of the negligence, because of the connivance at or I would say dishonesty, of that official that he had been extending loans to persons from whom there could be no hope of realization ? Now, there have been allegations, and we made those allegations on the Floor of this House, that many fake societies were formed with the knowledge of the officials of the Department. Many loans were extended to fake persons while they were actually to be given to some other persons. All this was going on with the knowledge of the officials who had been doing it. Why those officials were exercising that discretion so freely without any check ? Were these irregularities known to the officers over their heads who were responsible to check those mal-practices which were being pursued by those subordinate officials who had been extending such loans ? So far not a single official has been brought to book that he was at fault. Not a single officer has been proceeded against that he was negligent. So, in the absence of that my conclusion would be, and I impress it through you Mr. Speaker

on the Minister of Co-operation and the Secretary who also happens to be present here today, that whatever was done, was done under some pressure—I would say external pressure, political pressure. I say it because this practice was practised not for a day or a month but for a considerable period. So, whatever mess was created, I would say, the Administration and top-most people incharge of the Administration were responsible for creating that scene.

Now, we have to suggest means how to realise it and from whom ; and who is the deciding authority, Mr. Speaker, the learned Registrar. He had been a party, he is a party and he will become a party to the case. How can we expect justice honourable Minister from a party and that too will be the final authority who will be giving the verdict.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, will you permit me to explain the point ?

میں یہ گذارش کر دینا چاہتا ہوں ۔ کہ شاید ایوان میں کچھ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے ۔ کہ محکمہ امداد باہمی کے حکام قرضہ دیتے ہیں ۔ یا دلاتے ہیں ۔ تو اس کی قانونی صورت یہ ہے ۔ کہ جو بنک ہیں ۔ قرضے ان کی مینجنگ کمیٹی دیتی ہے ۔ جن کے کام میں کوئی بھی دخل نہیں دیتا ۔ یہ تو ہوئی ایک چیز ۔ دوسری چیز یہ ہے ۔ کہ بنک سے جو قرضہ امداد باہمی کی انجمنیں لیتی ہیں ۔ تو اس کی قانونی صورت یہ ہے ۔ کہ محکمے والے اس کی سفارش کرتے ہیں ۔ لیکن بنک والوں کو یہ اختیار ہے ۔ کہ وہ یہ قرضہ دیں ۔ یا نہ دیں ۔ مگر بالعموم وہ اس سفارش کی قدر کرتے ہوئے قرضہ دے دیتے ہیں ۔ تو میں نے اس کی جو قانونی پوزیشن تھی اس کی وضاحت کر دی ہے ہو سکتا ہے اس میں کچھ نہ کچھ انحراف بھی ہو رہا ہو ۔

Mr. Munawar Khan : Now, Mr. Speaker Sir, I see and one will feel, that the realisation of these loans on the solitary verdict of an interested

judge, when he is the Registrar, cannot be borne by any cannon of justice and still the doors are closed over those alleged borrowers to go and have the remedy in the civil courts or under the ordinary law of the land. Why do you deprive the courts, I cannot understand, Mr. Law Minister, of its inherent powers which have been created to administer justice and to give a correct decision to the best possible consideration at which they could arrive. If you are having good intentions, if you are having no malafide, why you restrict the litigants from seeking their redress in the ordinary courts of law. I seriously suspect Sir, that the entire trap is laid to prevent the people from seeking justice. We will be in the hands of the Registrars and Deputy Registrars. I would say Sir, that we were having this law, that old book, in the days of Britishers ; the law was there and it was working alright. No difficulty could be faced. No insurmountable hurdle would ever come against the Co-operative Officer. Why are you facing these dilemmas to solve, these hurdles to cross and these modes to go through ? It is all due to the incompetency of the present administration Sir, you might come with new laws, you might bring in a law, you might bring in the most stringent possible law and might introduce it and proclaim it but, who will be running these laws ? I may quote here Quaid-e-Azam who said, "It is not the machine, it is the man behind the machine that counts." So there are machines which you daily change, with which you yourself are not satisfied and everyday you come with new ideas. It would not work unless and until you find efficient and competent officers, honest men of high morals who would be able to exercise or to interpret correctly the provisions which you daily bring or daily pour into this House and pass them unilaterally. My friend, Muhammad Yusuf Khan has pointed out several lacunae and they are so fatal that they absolutely throw out the force which had been attached to it or the Law Department thought of attaching to this amending ordinance. I suggest to you in the interest of the department ; in the interest of the country and in the interest of the borrowers, to please take away this ordinance with you. Come with a Bill, a consolidated Bill regarding Co-operative Act. If that is proved useless, come on with some more independent clause, and we will be there to support you but if daily we have to criticise, waste your time, waste the time of the House and thereby the money of the nation I would say that you would better off without all such laws. Now Mr. Speaker, I see that there had been a change two years back. In the Co-operative Department a Board of co-operative officials was founded only

two years back and now after two years they have come to know that the Board is useless. Now they are going to do away with it and have formed another set up where, you will again find Mr. Speaker, there would be only 20 officials ; one Registrar—at Lahore—who will be assisted by 2 Joint Registrars and six Deputy Registrars. Besides there will be one Member and One Chief Auditor. Now, out of 20 persons, 11 have been shut inside the office at the headquarters, so we are left with 9 Sir. Nine Deputy Registrars Sir, what they would do ? The number of Divisions are more and they will be controlling all these divisions. I would like to address the Secretary of the Department through you Sir....

Minister for Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : I do not think Sir, the Member can address a man who is not a Member of the House.

Mr. Munawar Khan : He is more than a Member and a Minister. We know and you also know. He is more than anybody else.

(*interruptions and cross-talk*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Munawar Khan cannot address the Secretary of the Department here.

(*interruptions*)

Mr. Munawar Khan : The official then should be stopped from coming here. Why are they summoned by you and consulted ? Their instructions are acted upon. The Ministers are briefed by them inside the House. I have seen the Ministers going to them and getting prompt help from the Secretary and then they are able to reply.

Chaudhry Anwar Aziz : Sir, I think this is a democratic practice. We should look at the parliamentary practices of other countries also. There is a place called England, where the Parliament is known as the 'Mother of Parliaments' as we have been reading in the political science books. There is a place where the officers sit and when the Ministers concerned feel like requiring some information they go to that place and the officer concerned is at liberty to give any advice to help the Minister in the dis-

charge of his duties in the House, and this is not to be referred to as an insult. This is rather a right of the Ministers to get proper information.

Mr. Munawar Khan: It is just like this that he is the man who is running the entire show ; and none of us (*interruptions*).

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Munawar Khan should address the Minister and not the Secretary or any other Officer.

Mr. Munawar Khan: Alright Sir, if I am wrong, I withdraw it.

Now, Sir, I come to the point. Out of these twenty officers eleven are entred in office.

Minister of Law: On a point of order. The reference to the structure under the Act which is not now on the anvil of the House is out of place. My learned friend should be relevant.

Mr. Munawar Khan: I wanted to apprise the Law Minister of the fact that he would be facing a hurdle and I wanted to sound him to be careful and not to permit that hurdle to come in his way because that is much higher hurdle and he might not be able to clear it.

Now, I am coming to the interpretation or procedure which is laid down. Would it not be better, Mr. Law Minister if I impress upon you that there are only nine Officers in the whole Province of West Pakistan. How they would be able to look after these minor details ? Please note it. Reduce the number in the office. They have nothing to do there. Send them inside the country. Let them issue certificates there and so on and so forth.

Now, Sir, coming to clause 8-B which they intend to introduce—the other clauses have been discussed by my learned friend, Khan Muhammad Yusuf. I would first of all remind the Law Minister about the intelligence of the public as to how they defeat the object of law under the Registration Act. When a transaction exceeds Rs. 100 it has to be registered and under the Income-Tax Act that Registration would not be attested

unless that is accompanied by a certificate from an Income-Tax Officer, *i.e.* from Rawalpindi (which should be attached) that a person is not to pay income-tax or there are no arrears of income-tax against him...

Mr. Law Minister, I don't know as to what was the practice in former Sind, and former Punjab but so far as the former NWFP is concerned I may tell you what the people do there. They just enter in revenue deeds for less than Rs. 100/- and a transaction of Rs. 10,000/- is drafted on separate sheets of Rs. 99/- Rs. 99/- Rs. 99/- and at the end the last deed for Rs. 99/- or less. Why? To defeat that provisions of the Income-Tax Act which requires him to attach a certificate from that office. So that purpose is defeated. It is not only defeated but the Government is deprived in that way of millions of rupees.

Again Sir in 8-B I find the provision.

> "than by or under an order on decree of a Civil, Revenue or Criminal Court".

We had been having that experience too at the Bar. Recently the Government had passed an Ordinance that nobody could purchase land in an area which would come under irrigation of a particular Barrage in Bannu, my home district. Mr. Law Minister.....

Mr. Senior Deputy Speaker : You are not supposed to address the Law Minister direct.

Mr. Munawar Khan : I am addressing him through you, Sir. Now, Sir, what is being done there? An ante-dated debt is alleged in a plaint by the plaintiff against the defendent who comes and in his written statement admits that loan. Now there is a decree and mutation is carried out and so your purpose is defeated. Mr. Speaker, through you, I apprise the Minister of Law that this very sentence deprives the whole amending Ordinance of the force through which he wants to realise the debt. Fake litigations would start and friends (if not dependents or very near relatives) at least friends or distant relations would come and sue a person who is under debt to a Co-operative Bank or Society and in that way he would

get a decree. There might not be admission in the written statement but it will be represented in such a manner that a decree would be passed against that debtor. Now, what remedy would you be having for realising that debt? Your object will be defeated.

So, please take the entire House into confidence, avail of the intelligence if we have any and let us help you. We are not enemies of the State. We want laws which should be beneficial for the State, which should be in the interest of the nation and the country. Why do you rule us through Ordinances?

Now, in the end I suggest through you, Sir, to the Law Minister that he should take back this amending Ordinance and come with a Bill—a consolidated Bill—containing all difficulties of the Department and we will be out to help him and support.

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ-۳) - جناب سپیکر - آپوزیشن کی طرف سے اس ترمیمی آرڈیننس کے خلاف کرب و اضطراب نے مجھے ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کیا دنیا کی کسی سوسائٹی دنیا کے کسی ضابطہ اخلاق اور دنیا کے کسی ضابطہ قانون میں اپنی قومی دولت کے ضیاع کو جائز سمجھا جاتا ہے یا اپنی قومی دولت کے ضیاع سے چشم پوشی یا غفلت برتی جاتی ہے - تو یہ ترمیمی بل وہ سوراخ وہ روزن وہ چور دروازے اور بھول بھلیاں بند کرنے کے لئے ہے جن سے قومی اجتماعی دولت کے ضیاع کا امکان ہے یہ قانون بجائے خود سوائے ایک اخلاقی تقاضے کو پورا کرے اور ایک اصلاحی کام کے سوا کچھ نہیں ہے - کہ ایک آدمی کسی سے قرض لے اور اس کو وقت اور وعدہ کے مطابق پیش نہ کرے - یہ ساری ترمیمات اسی مفہوم کو پورا کرنے کے لئے ہیں -

جناب والا ۔ صورت یہ ہے کہ نسل انسانی میں ایسے قرض دار سے لین دین کے لئے اخلاقی طور پر کچھ حدود و قیود قائم کر لی گئی ہیں اور جب وہ حدود و قیود پائمال ہونے لگیں اور انہیں کچھ مشکلات پیش آنے لگیں تو ان ہی حدود و قیود کو اخلاقی ضابطہ کے قانون کی شکل میں تبدیل کیا جانے لگتا ہے اور جب وہ قانون بھی غیر موثر ثابت ہونے لگے تو یہ موجودہ قانون جس کی آج ہمیں ضرورت ہے اور یہ جو موجودہ ایکٹ جو آج ہمارے سامنے پیش کیا جانے لگا ہے اس کا مفہوم یہ بھی ہے کہ کوئی آدمی قرضہ لے کر کسی طرح اسے ضائع نہ کرے اور نہ اس کو ضائع کرے کا احتمال باقی رہے ان خدشات کے پیش نظر میں ان حضرات کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ عام قانون تو یہ ہے کہ قرضہ محفوظ رہے لیکن یہ قانون بنایا ہی ان لوگوں کے لئے جا رہا ہے جو قرضہ نیک نیتی کے ساتھ دینے والے نہیں ہیں ۔ اگر حمزہ صاحب اس کو تسلیم کر لیں تو اچھا ہے جس کی مجھے ان سے امید نہیں ہے اور اگر وہ تسلیم کر لیں تو میں ان سے کہوں گا کہ وہ ہمارے ساتھ ہمنوا ہوں اور اس قانونی شکنجے کو اس قدر مضبوط کیا جائے کہ ہماری سوسائٹی اور ہمارے معاشرہ میں کسی ایسے قرضدار کا اور ایسے لٹیرے کا وجود ہی باقی نہ رہے ۔ اور یہ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ امن و امان سے اپنا کام کرتا رہے ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ محض شکریہ ہی کی مستحق نہیں بلکہ فی الحقیقت مبارکباد کی مستحق ہے ۔ کہ اس نے ان

کریہہ المنظر ان مسخ شدہ ان متعفن اور ان گلی سڑی لاشوں کی جراحی پر کمر بستہ ہونے کا ارادہ کیا ہے ۔ جن کا تعفن ہماری ساری سوسائٹی ۔ ہمارے اجتماعی کردار ۔ فکر و عمل اور ہماری اجتماعی زندگی پر اثر انداز ہو سکتا ہے ۔ نہ صرف یہی بلکہ حکومت کے اس اقدام سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ حقیقت عیاں ہوگئی ہے کہ حکومت اجتماعیت کی کی بالا دستی انفرادیت پر قائم رکھنا چاہتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں نیشنل پریس کے اداریوں کو اگر دیکھا جائے تو وہ بھی اس معاملہ میں کچھ روشنی ان بنکوں اور ان کار پردازان بنک پر ڈال سکتے ہیں اور میں بھی سمجھتا ہوں کہ میں بھی اس کے ذریعے کچھ دھندلی سی تصویر اس ایوان میں پیش کر سکتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ ''نوائے وقت'' مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۶۶ء ہے جس میں سے ایک اقتباس پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں تاکہ ان اداریوں کے ذریعے ایک دھندلی سی تصویر ان بنکوں اور ان کے کار پردازان کی اس ایوان کے سامنے لا سکوں ۔

''نوائے وقت'' ۵ ستمبر ۱۹۶۶ء

''ڈسٹرکٹ کونسل کے ایک حالیہ اجلاس میں مالی کمیٹی کی طرف سے یہ تجویز پیش کی گئی کہ ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ کے تمام فنڈز نیشنل بنک آف پاکستان سے نکلوا کر کوآپریٹو بنک سیالکوٹ میں جمع کرائے جائیں ۔ اس پر اجلاس میں سخت ہنگامہ آرائی ہوئی اور کوآپریٹو بنک کی کارکردگی پر کڑی نکتہ چینی کی گئی ۔ ممبران نے الزام عائد کیا کہ یہ

بنک کاروباری بنک نہیں بلکہ سیاسی اکھاڑا ہے ۔ چودھری ظہور الہی وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل و آنریری سیکرٹری بنک ۔ بنک کی سابقہ خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے دعویٰ کیا کہ بنک عوام کی لگا تار خدمت سر انجام دے رہا ہے اور دیہاتیوں کے لئے ہر قسم کی سہولتیں بہم پہنچا رہا ہے ۔ اس پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے جو بنک کے چیئرمین بھی ہیں کہا کہ اگرچہ میں ذاتی طور پر بنک کے متعلق کچھ نہیں جانتا لیکن میں اس کی شہرت کے متعلق بہت کچھ سنتا رہتا ہوں اور میرے پاس بنک کے متعلق سنگین بدعنوانیوں کی شکایات بھی پہنچتی رہتی ہیں ۔ چند ماہ قبل سیکرٹری کوآپریٹو بنک نے مجھے رپورٹ دی تھی کہ مدت سے بنک کا قریباً بیس لاکھ روپیہ مختلف پارٹیوں کے ذمے بطور قرض چلا آ رہا ہے اور یہ روپیہ بغیر کسی کفالت کے دیا گیا ہے جس کے وصول ہونے کی کوئی امید نہیں بلکہ یہ بھی کہا گیا تھا کہ صرف ایک پارٹی کی طرف ۱۲ لاکھ روپیہ کے قریب قرضہ ہے جس پر چار لاکھ روپیہ اب تک سود بن چکا ہے اور اس پارٹی سے اس رقم کی وصولی کی کوئی امید نہیں ۔ آپ نے کہا کہ ان حالات میں جبکہ خود بنک والوں کو یہ اعتراف ہے کہ کئی لاکھ روپے لوگوں کی طرف بقایا ہیں اور ان کی وصولی کی کوئی امید نہیں میں کیونکر اس بات کی اجازت دے سکتا ہوں کہ

ایسے بنک میں عوام کا روپیہ جمع کرایا جائے جہاں وہ غیر محفوظ ہو ۔ چودھری عبدالواحد نے بھی بنک کی خامیوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اس بنک کے روپے کا ہمیشہ غلط استعمال ہوتا ہے چنانچہ صدر نے اس بحث کو کسی دوسری میٹنگ کے لئے ملتوی کرکے اجلاس برخاست کیا ۔"

ایک ممبر — وہ پارٹی کون سی ہے ۔

چودھری محمد سرور خان — جناب والا ۔ اس بنک کی پارٹیاں ویسٹ پاکستان کے ہر ضلع میں ہیں اور اس کے بعد جناب والا ۔ کسی اور تاریخ کا "نوائے وقت ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے :—

"نوائے وقت" ۲۰ اکتوبر ۱۹۶۶ء

"مغربی پاکستان کے وزیر امداد باھمی نے گذشتہ دن ملتان میں بتایا تھا کہ اس وقت کوآپریٹو بنکوں کی طرف سے جاری کردہ قرضوں کے سلسلہ میں ۲۲ کروڑ روپیہ کی رقم واجب الادا چلی آ رہی ہے ۔ اس میں ۱۲ کروڑ روپیہ ان لوگوں سے وصول کرنے ہیں جنہوں نے ۵۰ ہزار روپے یا اس سے زائد رقم کے قرضے لے رکھے ہیں اور ۱۰ کروڑ روپے ان لوگوں کے ذمہ ہیں جنہوں نے ۵۰ ہزار روپے کم مالیت کے قرضے لے رکھے ہیں ۔ چند ماہ قبل جب صوبائی حکومت نے کوآپریٹو قرضوں کی وصولی

کے سلسلہ میں خاص قواعد نافذ کرنے کے لئے ایک آرڈیننس جاری کیا تھا اس وقت بھی کچھ ایسے ھی کوائف منظر عام پر آئے تھے ۔ متذکرہ اعداد و شمار سے ظاھر ھوتا ھے کہ خاص قواعد سے بھی صورت حال میں کوئی اصلاح نہیں ھوئی ۔ اس کی وجہ غالباً یہ ھے کہ کوآپریٹو بنکوں کے زیادہ تر نا دھند مقروض اثر و رسوخ کے مالک لوگ ھیں ۔ ڈیڑھ دو ماہ ھوئے ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ میں یہ تحریک کی گئی تھی کہ ڈسٹرکٹ کونسل کا سرمایہ مقامی کوآپریٹو بنک میں جمع کرایا جائے لیکن جب یہ تحریک زیر بحث آئی اور کوآپریٹو بنک کی طرف سے واجب الوصول قرضوں کی تفصیل منظر عام پر آئی تو حکام اور عوام دونوں حیرت زدہ رہ گئے کیونکہ بنک کے کار فرما اصحاب نے خود لاکھوں روپے کے قرض لے رکھے تھے ۔ یہی حالت دوسرے اضلاع میں ھے ۔ ھر جگہ اکثر و بیشتر نا دھند مقروض بڑے بارسوخ یا مقتدر ھیں ۔ دیکھنا چاھئے کہ ان سے نپٹنے کے لئے حکومت نے قانون میں ترمیم کے ذریعہ جو وسیع اختیارات حاصل کئے تھے کوآپریٹو بنکوں کو نادھند بڑے مقروضوں کے بار گراں سے نجات دلانے کے لئے انہیں کس طرح بروئے کار لایا جاتا ھے . . . .“

جناب والا ۔ یہ کافی لمبا ھے تو میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں . . . .

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ معزز ممبر جناب

چودھری محمد سرور صاحب کا میں انتہائی ممنون ہوں بلکہ شکر گزار ہوں کہ انہوں نے تقریر کا آغاز میری تقریر کی مخالفت سے کیا تھا آخر وہ اپنے گھر اپنے ٹھکانے پہنچ ہی گئے اور اب وہ میری حمایت میں تقریر کر رہے ہیں۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order Mr. Hamza.

چودھری محمد سرور خان ــ جناب والا۔ ان اداریوں کے ان اقتباسات سے جن میں سیالکوٹ کے ضلع کا خاص طور پر ذکر ہوا ہے ان سے یہ بات بھی ظاہر ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کے منتخب نمائندے اور ضلع کی انتظامیہ کے سربراہ نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا کہ یہ بنک اپنی بد اعمالی اور بد اعتدالی کے حساب سے دنیا بھر کے بنکوں سے بازی لے گیا ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے اور میں ان اصحاب کی توجہ بھی اس طرف مبذول کراؤں گا جو یہ سمجھ رہے ہیں کہ رجسٹرار کو اختیارات دینے سے ملک بھر میں قیامت آ جائے گی۔ اس کی دراصل حقیقت ان واقعات سے اور ان کی وجہ سے پیدا ہوئی کہ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو ان باتوں میں دخل نہ تھا۔ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ان قرضوں اور بنکوں کے حالات پر کنٹرول نہ کر سکا اور وہ کنٹرول کرنے کا مجاز بھی نہیں تھا۔ تو جناب والا۔ اب ان کے متعلق یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ سیالکوٹ کے خصوصی حالات میں کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ وہاں کیا کرتا ہے۔ میں یہ عرض کر دوں کہ سیالکوٹ کے معاملے میں میری ایماندارانہ رائے ہے کہ کوآپریٹو

ڈیپارٹمنٹ کے ادنیٰ سے اعلیٰ افسر تک ایک بے بس اور خاموش تماشائی کی حیثیت رکھتے ہیں اور اس سے زیادہ کچھ نہیں ۔ اب مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ہے جناب والا ۔ کہ پنجاب کے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں دو آدمی انتہائی مجرمانہ ذہنیت رکھنے والے تھے ۔ وہ انتہائی بدکار تھے اور ان کے متعلق ہمیشہ یہ تسلیم کیا جا سکتا تھا کہ کبھی رو بہ اصلاح نہیں ہو سکتے اور نہ ہو سکیں گے ۔ ان کو مہاراجہ اپنی secret service میں ملازم رکھ لیتا تھا ۔ چونکہ ان لوگوں کا سوسائٹی میں اور حکومت کے دربار میں کوئی اہم مقام تو ہو نہیں سکتا تھا ۔ اس لئے ان کے مکانوں پر کوئی خاص قسم کا سرخ نشان لگا دیا جاتا تھا جس کا علم صرف سر براہ مملکت یعنی ہیڈ آف دی سٹیٹ کو اور کوتوال کو ہوتا تھا اور اس کے علاوہ عوام میں سے کوئی ان کی خفیہ قسم کی سروس کو نہیں جانتے تھے ۔ ایک دفعہ ایک انتہائی بدقماش انسان ، جس نے بستیوں کی بستیاں تباہ کر دیں تھیں ، کے خلاف لوگوں نے اکٹھے ہو کر کوتوال کو اس بات پر رضا مند کر لیا یا یہ کہ انہوں نے غلط طریقہ سے یہ بتایا کہ یہ secret service کا آدمی ہے ۔ چنانچہ کوتوال نے اس کی گوشمالی کے لئے اس کے مکان پر جانے کا وعدہ کر لیا اور وہ ان کے ساتھ چلا گیا لیکن جب وہ اس بدکردار آدمی کے گھر کے دروازے کے سامنے گیا تو اس نے سرخ نشان دیکھا اور الٹے پاؤں وہاں سے چلا گیا ۔ پھر اس کے بعد جناب والا ۔ لوگ کمانڈر انچیف کو ملے اور جب کمانڈر انچیف وہاں گیا تو اس نے بھی وہی نشان دیکھا ۔ پھر

مہاراجہ کو ورغلا کر لوگ وہاں لے گئے کہ اس بدکردار انسان کی گوشمالی کی جائے لیکن وہ سرخ نشان دیکھتے ہی واپس چلا آیا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ سیالکوٹ کے معاملہ میں اس بنک پر جو سرخ نشان لگا ہوا ہے جب تک آپ اس کو نہ ہٹائیں خواہ آپ ہزار آرڈیننس لائیں یہ رو بہ اصلاح نہ ہوگا ۔

ملک محمد اختر ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ممبر سیالکوٹ کے ہیں اور انہوں نے سرخ نکٹائی لگائی ہوئی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

چودھری محمد سرور خان ــ تو جناب والا ۔ لیڈر آف دی ہاؤس گو خوش قسمتی سے اس محکمہ کے منسٹر بھی ہیں اور جن کی طبع سلیم ۔ ذہن رسا ۔ دل پر سوز اور چشم بینا سے ہر شخص واقف ہے اور صرف میں ہی ان کا قائل نہیں بلکہ زمانہ ان کا معترف ہے اور وہ خود بھی جناب والا ۔ اس صوبے کے عوام سے ان بنکوں کے متعلق اور عوامی احساسات ، رجحانات ذہنی اور دلی جذبات بلکہ نفسیاتی کیفیات سے واقف ہیں ۔ تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ اس بنک پر بالخصوص اور جس جس بنک پر بھی وہ نشان لگا ہے خدا را اس پر پٹرول پھینکوائیں اور ان نشانوں کو صاف کر دیں اور میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ سیالکوٹ کے بنک کے معاملہ میں اگر وہ وہاں کی مینجنگ کمیٹی کی انکوائری کریں تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ دنیا بھر کی بد

دیانتی ۔ دنیا بھر کی بے ضابطگی اور دنیا بھر کی خویش پروری اور دنیا بھر کی اقربا نوازی کی بدترین قسم کی مثالیں آپ وہاں موجود پائیں گے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

Mr. Munawar Khan : Point of order. Let me remind Mr. Sarwar that he is sitting on the Government Benches.

Mr. Senior Deputy Speaker : That is not a point of order.

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بنک کی مینجنگ کمیٹی کا نام میری زبان پر آ گیا ۔

کلکتہ کا جو ذکر کیا تم نے ہم نشین
اک تیر میرے سینے پہ مارا کہ ہائے ہائے

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے فاضل دوست صرف ۱۲ لاکھ روپیہ کی رقم کو بدترین اقربا نوازی کی بہترین مثال دے رہے ہیں ۔ ہمارے ہاں ایسے ایسے لوگ ہیں جن کے ذمے اسی اسی لاکھ روپیہ ہے آپ ان کے متعلق کیا فرمائیں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : That is not a point of order.

چودھری محمد سرور خان ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بنک کی مینجنگ کمیٹی کا نام میری زبان پر آگیا تھا اور میں نے یہ شعر پڑھا تھا ۔

کلکتہ کا جو ذکر کیا تم نے ہم نشین
اک تیر میرے سینے پہ مارا کہ ہائے ہائے

جناب والا ۔ اگر آپ اس بنک کی مینجنگ کمیٹی کی ہئیت ترکیبی پر غور کریں اور جس دن اس کے الیکشن ہوئے تھے اسے ذہن میں رکھیں تو آپ کو محسوس ہو جائے گا کہ میں نے ایک لفظ بھی غلط نہیں کہا اس مینجنگ کمیٹی کے الیکشن سولہ یا سترہ ستمبر ۱۹۶۵ء کو ہوئے تھے ۔ آپ اندازہ لگائیں یہ وہ دن تھے جب سیالکوٹ میں آگ اور خون کی ہولی کھیلی جا رہی تھی ۔ میں حیران ہوں جب سیالکوٹ پر بمباری ہو رہی تھی جب لوگ وہاں سے بھاگ رہے تھے جب وہاں ایک متنفس بھی نہ تھا ۔ اس وقت انہوں نے اپنے الیکشن کیسے کرا لئے اور یہ مینجنگ کمیٹی کیسے بنالی ، مگر یہ تاریخی حقیقت ہے ۔

نوابزادہ رحم دل خان ۔ ان کی شجاعت کی داد دینی چاہئیے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ اس جعلسازی کو جھٹلایا نہیں جا سکتا یہاں پر پھر بھی سوال پیدا ہوتا ہے کہ محکمہ نے اس میں کیوں دخل نہ دیا ۔ میں یہ بھی عرض کردوں کہ محکمہ کم از کم ایسی بات کو روا نہ رکھتا جب محکمہ والے اس میں دخل دینے کے لئے گئے ہوں گے انہیں سرخ بتی نظر آئی ہو گی ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں ایک اور بڑی اہم بات عرض کرتا ہوں ۔ گورنمنٹ نے یا ڈیپارٹمنٹ نے سیالکوٹ کے متاثرہ علاقہ کی اصلاح

کے لئے اور ان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے سات لاکھ روپیہ کی کثیر رقم ان سوسائیٹیوں کو امداد کے لئے دی ۔ اور ان کے لئے پراونشل بنک کا جو سود تھا وہی مقرر کیا کہ اس سود پر ان سوسائٹیوں کو قرضے دیئے جائیں آپ حیران ہوں گے کہ سات لاکھ روپے کی یہ ساری رقم صرف دو آدمیوں نےآپس میں تقسیم کر لی یہ وہ حقیقت ہے جس کو جھٹلایا نہیں جا سکتا ۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ یہاں سیالکوٹ میں سولہ لاکھ روپیہ کا نا دھندہ مقروض موجود ہے ۔ آنریبل منسٹر کوآپریشن نے فرمایا ہے کہ وہ نصف کے قریب روپیہ وصول کر چکے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وصولی سارے مغربی پاکستان سے ہوئی ہو گی مگر میں دعوےٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ سیالکوٹ کے بنک کے بیس لاکھ روپیہ میں سے ایک پیسہ بھی وصول نہیں ہوا ہوگا ۔ میری عقل فہم سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ ان نادھندگان کی ضمانت کے لئے بنک کے ملازمین کیوں اپنے مکانات لکھ لکھ کر دے رہے ہیں ۔ پھر لوگ کہتے ہیں کہ . . نامی کے جو معاملات ہیں وہ ثابت نہیں ہو سکیں گے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس انتہائی گھناؤنی قسم کی بے نامی کو روکنے کے لئے اس ایکٹ کو مزید ترمیم کرنے کی ضرورت پڑے گی ۔ تو جناب والا میرے پاس اس بنک کا اتنا لمبا چوڑا مواد ہے کہ اگر میں اسے دو دن بیان کرتا رہوں تو بھی وہ شاید ختم نہ ہو ۔ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس (جو وزیر

کوآپریشن بھی ھیں) کی خدمت میں یہ چند باتیں عرض کر دی ھیں مجھے امید ھے کہ ان کی توجہ کے لئے یہ کافی ھوں گی -

کبھی فرصت میں سن لینا بڑی ھے داستاں میری -

Minister of Food and Agriculture : Sir, the question be now put.

چودھری محمد ادریس (جھنگ - ۱) - جناب والا - یہ قانون کا ایک مسلمہ اصول ھے

That the debtor must follow the creditor.

مقروض کا یہ فرض ھے کہ وہ قرض خواہ کو اس کا قرضہ اس کے گھر پر جا کر ادا کرے - جناب والا - کسی کو کسی مقروض کے ساتھ کسی قسم کی کوئی ھمدردی نہیں ھو سکتی اور قرضہ کو وصول کرنے کے لئے جو بھی اقدامات کئے جائیں گے ان کی ھمیشہ تعریف کی جائے گی اور انہیں استحسان کی نظر سے دیکھا جائے گا - لہذا کوآپریٹو سوسائیٹیوں کے قرضوں کی وصولی کے لئے جو اقدامات موجودہ گورنمنٹ نے اس آرڈی‌نینس اور دیگر قوانین کے ذریعے کئے ھیں وہ نہایت ھی ضروری ھیں اور نہایت ھی اھم اور نہایت متحسن ھیں اور یہ گورنمنٹ مبارکباد کی مستحق ھے (تالیاں)

جناب والا - یہ قرضے ۱۹۵۸ سے پیشتر کے ھیں اور یہ ان لوگوں نے حاصل کئے تھے جن کا اس زمانہ میں سیاسی اثر و رسوخ تھا - جن کا افسروں

کے ساتھ تعلق تھا ان بااثر افراد نے یہ قرضے بغیر کسی اصول اور بغیر کسی ضمانت کے حاصل کئے ۱۹۵۸ء تک ان قرضوں کی وصولی کے لئے کسی قسم کی کوئی کارروائی کسی طرف سے نہیں کی گئی - ۱۹۵۸ء کے بعد جب اصلاحی دور شروع ہوا - صدر کے علم میں یہ بات لائی گئی کہ کروڑ ہا روپیہ کے قرضے جو نہایت ہی بااثر افراد کے پاس ہیں اور جن کی وصولی normal law میں نہیں ہو سکتی اس کے لئے اقدامات کیجئے - انہوں نے ان قرضوں کی وصولی کے لئے ایک ہنگامی قانون نافذ کر دیا - بعد میں صوبائی حکومت نے ایک آرڈیننس نافذ کیا اسی ہنگامی قانون کی یہ ترمیم ہمارے زیر غور ہے - اس ہنگامی قانون کے ذریعہ ان قرضوں کی وصولی شروع ہو گئی - جناب والا - اس کی خامی کی وجہ میں عرض کرتا ہوں کوئی بھی انسان کوشش کرے کچھ نہ کچھ قانون میں نقائص رہ جاتے ہیں - اور وہ تجربہ سے - عمل سے اس قانون کو نافذ کرنے کے بعد جو خامیاں ظاہر ہوتی ہیں ان کو امنڈمنٹ کے process سے دور کیا جا سکتا ہے - جب یہ قانون نافذ ہوا تو اس میں یہ خامیاں رہ گئی تھیں - زیر بحث قانون نافذ کرنے سے پیشتر جب گورنر صاحب کے علم میں یہ بات لائی گئی اور ان کو یہ بتایا گیا کہ اس ہنگامی قانون سے بچنے کے لئے اور ان قرضوں کی ادائیگی سے بچنے کے لئے مقروضوں نے اپنی جائیدادوں کو منتقل کرنا شروع کر دیا ہے تو انہوں نے فوراً حکم دیا کہ ایک ہنگامی قانون نافذ کر دیا جائے - چنانچہ اس فراڈ کو روکنے کے لئے یہ ہنگامی قانون نافذ کر دیا گیا -

جناب والا ۔ جہاں تک اس قانون کے مقصد ۔ اس کی بنیاد اور اس کے اصول کا تعلق ہے میں اس سے اختلاف نہیں کر سکتا میں اس کی حمایت کرتا ہوں بلکہ ہر آدمی اس کی حمایت کرے گا لیکن ایک وکیل کی حیثیت سے اگر میں اس قانون پر نظر ڈالوں تو میں اس سے بھی آگے چلا جاتا ہوں جہاں میرے فاضل دوست خان محمد یوسف صاحب پہنچے تھے ۔ میں جناب وزیر قانون صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ جس مقصد اور اصول کے لئے اس قانون کو نافذ کیا ہے وہ مقصد ۔ وہ اصول اور وہ بنیاد اس قانون سے حاصل نہیں ہوتی ۔ اس میں وزیر قانون صاحب کا اتنا قصور نہیں ہے بلکہ محکمہ کے ان افسران کا قصور ہے جنہوں نے اس قانون کو ڈرافٹ کیا ۔ اس میں دو الفاظ ایسے استعمال کر دئیے ہیں جس کی وجہ سے تمام کا تمام مقصد فوت ہو کر رہ گیا ہے ۔ جناب لاء منسٹر صاحب نوٹ فرمائیں گے 8-B میں انہوں نے alienated کا لفظ استعمال کیا ہے جس کا مقصد جائیداد کی سابقہ منتقلی ہے ۔ اگر وہ اس کو past tense میں استعمال نہ کرے بلکہ اس کو present tense میں استعمال کر لیتے تو اس قانون کا مقصد تھوڑا بہت حاصل ہو جاتا ۔ لیکن 8-B میں past tense استعمال کیا گیا ہے ۔ 8-B میں منتقلی صرف ان جائیدادوں کے اوپر لگائی گئی ہے جو ۲۷—اپریل سے اس قانون کے نفاذ تک منتقل ہوئی ہیں ۔ اس کے بعد کے منتقلی 8-B وزیر قانون صاحب cover نہیں کرے گی ۔ کیوں کہ آپ نے اس میں alienated کا لفظ استعمال کیا ہے اور وہ بھی past tense میں استعمال کیا ہے ۔ آپ نے present tense استعمال نہیں کیا ہے ۔

اس میں آپ past tense استعمال کرکے قانون کا مقصد فوت کر چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ 8-A کی طرف آنے سے پیشتر آپ کو قانون کے حوالے کی ضرورت نہیں ہے حام لاز کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ حلم لاز میں بلا کسی تحریر کے بلا کسی رجسٹریشن کے بلا کسی تصدیق کے ہبہ ہو سکتا ہے ۔ ہر مسلمان اپنی جائیداد کو زبانی طور پر جس وقت چاہے ۔ جب چاہے منتقل کرسکتا ہے ۔ اور اس منتقلی پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں ہے ۔ اسلامی قانون یہاں صرف ایک ہی requirement چاہتا ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ منتقل کرنے والا اپنی جائیداد کا جو اس نے منتقل کی ہے تو یہ منتقل الیہ کو قبضہ دے دے ۔ اگر یہ formality مکمل ہو جاتی ہے تو یہ منتقلی بھی مکمل ہو جاتی ہے اس کے لیے کسی قسم کی writing کسی قسم کی تحریر کسی قسم کے رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہے ۔ وزیر قانون صاحب آپ کو یاد ہوگا کہ لینڈ ریونیو ایکٹ کی دفعہ ۳۴ کے تحت زرعی زمین کی منتقلی پر کسی رجسٹریشن ۔ کسی تحریر یا کسی تصدیق کی ضرورت نہیں ہے ایک زمیندار اپنی زمین کو جب چاہے زبانی طور پر انتقال کرا سکتا ہے ۔ خواہ کتنی جائیداد کیوں نہ ہو ۔ اس کی مالیت کتنی ہی کیوں نہ ہو اس کے متعلق رجسٹری کرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ وہ زمیندار پٹواری کے پاس جا کر لینڈ ریونیو ایکٹ کی دفعہ ۳۴ کے تحت رپورٹ کرے گا کہ اس نے اپنی جائیداد کو بیچ دیا ہے اور پٹواری اس قانون کے تحت مجبور ہے کہ اس رپورٹ کو رجسٹر میں درج کرے اور نائب تحصیل دار اس کی تصدیق کردے ۔ چنانچہ لینڈ ریونیو ایکٹ کی دفعہ ۳۴ کے

تحت ہر زمیندار کو اپنی جائیداد بلا کسی رجسٹری کے بلا کسی تصدیق کے منتقل کرنے کا حق ہے اور وہ منتقل کر سکتا ہے ۔ محمڈن لاز کے تحت ہر مسلمان کو اپنی جائیداد بلا کسی تحریر کے gift کر سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب ان دونوں اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس قانون کو دیکھیں کہ سیکشن 8-A اس قسم کی کوئی پابندی نہیں لگاتا ۔ جیسا کہ میرے دوست خان محمد یوسف صاحب نے پیارے الفاظ میں کہا ہے کہ زبانی منتقلی سے mutation نہیں ہو سکے گی ۔ میں اس سے تھوڑا سا اختلاف رکھتا ہوں 8.A صرف یہ پابندی لگاتا ہے کہ ایسے document کی رجسٹریشن اور اس کے انتقال پر جس کے تحت جائیداد منتقل کی گئی ہے ۔ وزیر قانون صاحب میں یہ پیراگراف پڑھوں گا اور وہ غلطی آپ کو بتاؤں گا ۔ یہاں دو الفاظ کا استعمال سارے قانون کا مقصد فوت کر گئے ہیں ۔

"(1) Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, no Registering Officer shall register any document relating to property, which is required to be registered under the provisions of clause (a), (b), (c) or (e) of section 17 of the Registration Act, 1908, or which is produced before him for voluntary registration, nor shall any Revenue Officer on the basis of any such document effect any mutation in the Record of Rights under the provisions of any law for the time being in force."

جناب وزیر قانون صاحب آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے پاس پابندی لگانے والی یہ سب سیکشن (۱) کلاز A & B آپ کی enabling proviso ہیں وہ پابندی نہیں لگاتی ہیں یہ اسی چیز کو enable کرتی ہے ۔ اب آپ نے

کلاز (۱) میں بیان کیا ہے اس سے باہر آپ نہیں جا سکتے ۔ کلاز (۱) میں آپ نے زبانی انتقالات کی منتقلی کسی مسلمان کے gift کرنے پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگائی تو پھر آپ کے اس قانون کا مقصد کیا ہوا ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ drafting میں آپ کا محکمہ کہاں غلطی کر گیا ہے ۔ اس ساری کلاز کو پڑھ لیجئے ۔

"(1) Notwithstanding anything contained in any other law for the time in force, no Registering Officer shall register any document relating to property, which is required to be registered under the provisions of .....,

or which is produced before him for voluntary registration, not shall any Revenue Officer on the basis of any such document effect any mutation in the Record of Rights. . . ."

درمیان میں دو الفاظ جو استعمال کئے گئے ہیں وہ سارے قانون کا ستیاناس کر گئے ہیں ۔ کاش آپ یہ الفاظ استعمال نہ کرتے ۔ وہ الفاظ یہ ہیں "On the basis of any such document" آپ اپنے بیان میں ذرا مجھے بتائیں کہ اس فقرے کو استعمال کرنے کی ضرورت کیا پیش آ گئی ۔ آپ کے draftmen نے اس فقرے کو کیوں یہاں استعمال کیا جس سے آپ کے سارے قانون کی نفی ہوگئی ۔ "On the basis of any such document" والے فقرے کو اگر یہاں سے نکال دیا جائے تو آپ کا قانون بالکل صحیح ہے اگر فقرہ یہاں رہتا ہے تو آپ کا سارا قانون غلط ہو جاتا ہے (خوب ۔ خوب)

جناب والا ۔ میں وزیر قانون صاحب کی خدمت میں نہایت ہی درد بھرے الفاظ میں عرض کروں گا کہ خدا کے لیے اس غلطی کو درست کرنے

کے لیے کل ھی ایک بل اس ایوان میں لے آئیں ورنہ آپ کی ترمیم کرنے سے پیشتر وہ مقروض زبانی طور پر اپنی جائیدادیں ھبہ کر دیں گے ۔ اگر انہوں نے زبانی طور پر منتقل کر دیں تو اس کا کون ذمہ دار ھوگا ۔ وہ شخص ذمہ دار نہیں ھوگا جس نے یہ دو الفاظ استعمال کرکے غلطی کی ھے ۔ بلکہ یہ ذمہ داری آپ کی ھوگی ۔ جتنی جلدی آپ اس کو ترمیم کر دیں اتنا ھی اچھا ھوگا ۔

جناب والا۔ اس ھنگامی قانون کے ساتھ ساتھ میاں محمد یسین وٹو صاحب کے محکمہ کے کچھ قوانین اس گزٹ میں print ھوئے ھیں وہ میونسپل کمیٹی ذکواۃ رولز ھیں ۔ ان کے محکمہ نے ایک رول بنایا ھے اور وہ یہ ھے ۔

"No amount of.....

Minister for Basic Democracies : Sir, is the Member relevant when he is discussing this ?

چودھری محمد ادریس ۔ اور یہ غلطی کیسے ھوئی ھے ۔ آپ اس حد تک سن لیں ۔

Minister for Basic Democracies : How is it relevant. ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ relevant اس لیے ھیں ۔ کہ جناب وزیر بلدیات لائلپور کے گھنٹہ گھر کی طرح ھرجگہ موجود ھیں ۔

وزیر بلدیات ۔ سارے جہان میں میں ھی آپ کو نظر آتا ھوں ۔

وزیر زراعت و خوراک - کبھی تو یہ گھنٹہ گھر بن جاتے ھیں اور کبھی قاتل -

چودھری محمد ادریس - میں نہایت ھی اھم بات آپ کو بتانے لگا ھوں - ذرا سن لیجئے - مسلم زکواۃ فنڈ کے قواعد جو ان کے محکمہ کی طرف سے چھپے تھے تو ان میں تھا کہ -

"No amount from this fund shall be utilised on religious purposes."

میرا خیال ھے - کہ جس آدمی نے بھی اس فقرے کو پڑھا ھوگا وہ ضرور حیران ھوا ھوگا کہ زکواۃ کو وصول کرکے ایک پابندی لگائی جا رھی ھے کہ یہ رقوم مذھبی کاموں پر خرچ نہیں ھوں گی - تو یہ پڑھنے کے بعد مجھے یہ بات کھٹکی تو میں نے اس کے جو counterpart rules تھے اور جو Basic Democracies order کے تحت یعنی ڈسٹرکٹ کونسل کے تحت جو قواعد بنے تھے ان کو پڑھا تو وھاں پر ایک لفظ اس سے زائد تھا - اور وہ تھا - "Except"

"No amount from this fund shall be utilised except on religious purposes."

اور آپ کا مقصد بالکل صحیح تھا یہں آپ ایک "except" چھوڑ کر اس تمام قانون کی نفی کر گئے ھیں معلوم نہیں کہ اب تک اس میں ترمیم ھوئی ھے یا نہیں - تو میں نے اس کے پڑھنے کے بعد آپ کے سیکرٹری کو ایک چٹھی لکھی لیکن مجھے ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا -

وزیر بلدیات و بنیادی جمہوریت - یہ clerical mistake ھوئی ھو گی -

چودھری محمد ادریس - یہ clerical mistake نہیں تھی - تو جناب والا جب میں نے اس آرڈیننس کو پڑھنا شروع کیا - مجھے یہ بات یہاں پر عرض کرنی ہے کہ آپ کا ڈرافٹس مین قانون کو نظرئیے سے نہیں دیکھتا کیونکہ ان کو practical تجربہ نہیں ہوتا ان کا knowlege ضرور ہوتا ہے - غالباً آپ کے ڈرافٹس مین جس نے کہ یہ قانون ڈرافٹ کیا ہے - اس کے دماغ میں یہ بات نہیں ہے - کہ کسی بھی زرعی زمین کو زبانی انتقال سے منتقل کیا جا سکتا ہے - غالباً آپ کے ڈرافٹس مین یا اس افسر کے دماغ سے یہ اصول نکل گیا تھا - جس نے یہ قانون ڈرافٹ کیا ہے - کہ کوئی بھی مسلمان بغیر attestation بغیر رجسٹریشن اور بغیر اس بات کو ضبط تحریر میں لائے ہوئے بھی اپنی تمام جائیداد کو ہبہ کے ذریعے منتقل کر سکتا ہے - اس نے صرف یہ کیا کہ جو منتقلی کسی تحریر کے ذریعے یا رجسٹریشن وغیرہ کے ذریعے ہو گی اس پر پابندی لگا دی ہے - اور کچھ بھی نہیں کیا اور اس سے آپ کا مطلب بالکل حل نہیں ہوتا - لہذا مہربانی کرکے جس قدر جلد بھی اس غلطی کو دور کر دیں گے اسی قدر ہی بہتر ہو گا -

جناب والا - اس ترمیمی آرڈیننس کے تحت اور Parent Ordinance کے تحت محکمہ امداد باہمی کے افسران کو بہت ہی وسیع اختیارات دئیے گئے ہیں - جس کی نشاندہی میرے فاضل دوست خان محمد یوسف خان صاحب نے اپنی تقریر میں کی ہے - اس لئے میں اسے نہیں دہراؤنگا - بلکہ میں اپنے

قائد ایوان ہے جو کہ اس محکمہ کے متعلقہ وزیر بھی ہیں ۔ ایک یقین دھانی چاھونگا ۔ اور وہ یہ کہ یہ آج کی بات نہیں ۔ بلکہ ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے ۔ اور ہمیشہ ھی چلتا رہے گا ۔ کہ جہاں کہیں کسی بھی فرد یا کسی ادارے کو یا کسی افسر کو اتنے زیادہ اختیارات دئیے جائیں اتنے ھی زیادہ ان کے ناجائز استعمال کا احتمال ہوتا ہے ۔ لہذا جب قانون سازی کی جاتی ہے ۔ جب کوئی پالیسی بنائی جاتی ہے ۔ جب قواعد وضع کئے جاتے ہیں ۔ تو اس اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے توازن برقرار رکھنے کی غرض سے ایک طرف تو اختیارات دیئے جاتے ہیں ۔ اور ان کے استعمال کا طریقہ بتایا جاتا ہے ۔ اور دوسری طرف ان کو متوازن بنانے کے لئے ان اختیارات کے استعمال پر پابندی لگا دی جاتی ہے (قطع کلامیاں) ۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ قانون سازی اور policy making کا یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جہاں کسی افسر یا کسی ادارے کو کچھ اختیارات دیئے جاتے ہیں ۔ وہاں ان اختیارات کو متوازن رکھنے کے لئے ان اختیارات کے استعمال پر کچھ پابندیاں بھی لگا دی جاتی ہیں ۔ کچھ طریقے وضع کئے جاتے ہیں ۔ تاکہ اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال نہ ہونے دیا جائے ۔ اور اس کا سب سے بڑا طریقہ تو یہ ہے ۔ کہ جس ادارے کو یہ اختیارات دئیے جاتے ہیں ۔ اور جو افسر اس کو استعمال کرتے ہیں ۔ وہ کس قسم کے آدمی ہیں ۔ یہ تو خدا کا شکر ہے ۔ کہ اس محکمے کے وزیر متعلقہ انتہائی خدا پرست ، درد دل رکھنے والے اور

نہایت ھی دیانت دار آدمی ھیں ۔ اور اس محکمہ کے موجودہ سربراہ کے متعلق کبھی یہ شکایت سننے میں نہیں آئی ۔ کہ وہ بد دیانت ھیں ۔ بلکہ سب ھی لوگ یہ کہتے ھیں ۔ کہ وہ نہایت ھی دیانتدار ھیں ۔ لیکن جناب والا افراد کو دوام حاصل نہیں ھے ۔ اور اس کے برعکس قوانین اور اصولوں کو دوام حاصل ھو سکتا ھے ۔ کسے خبر ھے ۔ کہ کل کو کون اس محکمے کا سربراہ ھو ۔ کون اس محکمے کا وزیر ھو ۔ (قطع کلامی) ۔

چونکہ اس وقت کے لئے یہ قانون دوامی ھے ۔ اور اسے کافی عرصہ تک چلنا ھے ۔ لہذا . . . .

وزیر بلدیات و بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ایوان کا وقت ختم ھونے سے پہلے مجھے اجازت دیجئے ۔ کہ میں ملک اختر صاحب کو مبارک باد دوں ۔ کہ آج انہوں نے تقریر نہیں فرمائی ۔ اور جس دن وہ تقریر نہیں فرماتے ۔ چند دلچسپ باتیں ان سے سرزد ھوجاتی ھیں ۔ آج بھی ان سے چند اچھی اور دلچسپ باتیں سرزد ھوئی ھیں اور مجھے امید ھے ۔ کہ وہ اس کو follow کریں گے اور آئندہ بھی ان سے ایسی ھی دلچسپ باتیں سرزد ھوتی رھیں گی ۔ (قطع کلامی)

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ ان وسیع اختیارات کو متوازن کرنے کے لئے ان پر کسی نوعیت کی پابندی کا ھونا ضروری ھے ۔ ورنہ ان کے ناجائز استعمال کو نہیں روکا جا سکے گا ۔ اس کے بعد میں حضرت قائد اعظم کی تقریر کا کچھ حصہ آپ

کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔ جو انہوں نے ۱۹۱۸ء میں پریس ایکٹ پر تقریر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا ۔ ان کے وہ الفاظ آج بھی ، اس کے بعد بھی ، ہم سب کے لئے سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ کیونکہ وہ بالکل درست ہیں ۔ اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کرنے کے متعلق قائد اعظم کی تقریر کا وہ حصہ یہ ہے ۔

"I have no hesitation in saying that the Act has been administered in a most arbitrary manner You cannot prevent it. You cannot avoid it because you must remember that we are all human beings and when arbitrary powers are given to the Executive Officers it must be remembered that they are human. They have likes and dislikes and they have their prejudices."

تو جناب والا ۔ جب اس قسم کے وسیع اختیارات ہم اپنے افسروں کو دیتے ہیں ۔ تو کسی نہ کسی طریقے سے ان کا غلط استعمال ہو ہی جاتا ہے ۔ دانستہ یا نا دانستہ طور پر بھی ان کا غلط استعمال ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ آخر وہ بھی تو انسان ہی ہیں ۔ ان کی اپنی پسند اور نا پسند بھی ہوتی ہے ۔ میں یہاں پر اختیارات کے غلط استعمال کے اندیشے میں ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ صاحب نظران نشۂ قوت ہے خطرناک ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ یہ ضروری نہیں ہے ۔ کہ ان اختیارات کا ناجائز طور پر استعمال صرف مقروض کے خلاف ہی ہو ۔ بلکہ یہ بھی عین ممکن ہے کہ ان وسیع اختیارات کا استعمال ان بنکوں اور

انجمنوں کے خلاف ہو جائے اور میں اس کی ایک مثال عرض کرتا ہوں اس آرڈیننس سے کوئی دو مہینے پہلے کا واقعہ ہے کہ ایک بنک کے ایک لاکھ روپے کے قرضہ کے متعلق ایک ثالث کا فیصلہ ہوا ۔ ثالث نے بنک کے حق میں ڈگری دی اور اس کی میعاد نکل گئی ۔ اس کو ایک سال ہو گیا اور جب اس کی execution شروع ہوئی ۔ تو اس کی جائیداد قرق کر لی گئی ۔ پارٹی لمبے ہاتھوں والی تھی ۔ پہنچ والی تھی ۔ بڑی پارٹی تھی ۔ اس نے رجسٹرار کے پاس اپیل کی ۔ اپیل منظور ہو گئی ۔ اور بنک کا ایک لاکھ روپیہ مارا گیا ۔ اور پھر نہ اس کی داد ہوئی نہ فریاد سنی گئی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned to meet at 9 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Friday, the 25th November, 1966.

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 3292)

I—DIVISIONAL DEVELOPMENT SCHEMES IMPLEMENTED IN THE TRIBAL AREA OUT OF DIVISIONAL DEVELOPMENT FUNDS SINCE ITS MERGER WITH D. G. KHAN DISTRICT

Serial No.	Name of the Schemes
1	*Water Supply* 1958-59
	(*i*) Construction of 10 Tribal Area.
	(*ii*) Construction of 10 Tanks in Tribal Area.
	(*iii*) Desilting of Khar Garden Kacha Tank.
	(*iv*) Construction of Bunds.
	(*v*) Repairs to rain water Tanks.
2	*Afforestation* 1959-60—
	(*i*) Afforestation of Top Hillock at Fort Munro.
	(*ii*) Afforestation of five plots at Fort Munro.
	(*iii*) Construction of Main Hillock at Fort Munro.
3	*Social Welfare* 1959-60—
	(*i*) Cost of books for community centre at Fort Munro.
	(*ii*) Electricity at Fort Munro.
	(*iii*) Peash Marketing Scheme.
	(*iv*) Provision for Sewing Machine Singer for Girls Schools.
	(*v*) Construction of New Stairs to Dames Lake.

4 *Communications*, 1959-60—

(*i*) Construction of Godhara Road from Chokiwala to Barthi.

(*ii*) Construction of Road going Top Hillock at Fort Munro.

(*iii*) Construction of road going Top Hillock at Fort Munro.

(*iv*) Construction of road going Top Hillock from Jirga Hall to D. C.'s residence at Fort Munro.

5 *Health*, 1960—

Repairs of Khar Veterinary Hospital.

6 Khar electrification Scheme.

II—LIST OF DEVELOPMENT SCHEMES OF EDUCATION IN EXCLUDED AREA SINCE ITS MERGER

Serial No.	Name of Scheme
	1954-55 TO 1958-59
1	Opening of 30 Primary Schools. and conversion of Barthi Middle to High standard, Khar to A. V. Middle.
	Primary Fazala Kuch to Middle standard and also scholarships for various schools and colleges (Expansion Scheme)
2	Opening of 20 New Primary Schools in 1960-61.
3	Opening of 10 New Primary Schools in 1961-62.
4	Opening of 10 New Primary Schools in 1962-63.
5	Opening of 20 New Primary Schools in 1963-64.
6	Opening of 3 New Primary Schools in 1964-65.
7	Two Primary Schools Kharerr Buzdar and Biret to Middle standard in 1962-63 and 1963-64 respectively.
8	One Khar Middle School up-graded to High standard in 1963-64.

III—LIST OF ALL PROJECTS IN THE TRIBAL AREA

Serial No.	Name of the Scheme
1	*Tuman Leghari*—
	Mana Pir Road.
	Fort Munro-Choti-Bala (Mule Track).
	Sakhisarwar-Mubark (Jeepable Road).
2	*Tuman Buzdar*—
	Loonkhan-Hingloon (Jeepable Road).
	Babiha Tak.
3	*Tuman Qaisrani*—
	Bathi Phugla (Jeep Road)
4	*Tuman Gurchani*—
	Harrand-Khalchas (Jeep Road).
	BUILDINGS
	CIVIL DISPENSARIES
1	*Tuman Qaisrani*—
	Bathi.
	Sarpharagh.
	CIVIL DISPENSARY
1	*Tuman Buzdar*—
	Barthi.
	Fazal Kachh.
3	*Tuman Leghari*—
	Mubarki.
	Gaganthal.
4	*Tuman Gurchani*—
	Chitri.
	Khalchasn.

S. No.	Name of the Scheme
5	*Tuman Khosa*—
	Lakha.

VETERINARY DISPENSARY

1 *Tuman Qaisrani*—
Shamtala.

2 *Tuman Leghari*—
Stall on Stable at Khar.

3 *Tuman Gurchani*—
Scherchand.
Khalchas.

WATER TANKS

1 *Tuman Qaisrani*—
Mithwahan.

2 *Tuman Buzdar*—
Choel.

3 *Tuman Gurchani*—
Pir Kachh.
Pandhi.
Muhammadan Bund.
Baghar Bagh.

4 *Tuman Leghari*—
Mumtaz Tank Khar.
Trimmu Tank at Fort Munro.
Water Tank at Khar Garden.
Water Tank at Khar Spring.

5 *Tuman Khosa*—
Sewa.

S. No.	Name of the Scheme
	BUILDING AND COMMUNITY CENTRES
1	*Tuman Qaisrani*—
	Phugla Rest House.
	Hingloon (Community Centre).
2	*Tuman Leghari*—
	Community Centre at Fort Munro.
	SCHOOL BUILDINGS
	Tuman Qaisrani—
" مگر یزدانی ملک کے مظالم اور دھندلیاں اس قدر تھیں کہ اگر ان کو ارباب اختیار کے سامنے پیش نہ کیا جائے تو یہ ہماری کھلی بددیانتی اور ملک دشمنی ہو گی - ہمارے محبوب لیڈر صدر ایوب خان کے بار بار اعلان کرنے پر کہ ایسے بدکردار افسران جو کہ عوام کے لئے باعث زحمت ہوں ان کے ساتھ کوئی رعائت نہ کی جائے بلکہ ان کا کھلے بندوں محاسبہ کرایا جائے - اس حکم کے تحت ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایسے افسر جس نے رشوت خوری میں انتہا کر دی تھی اس کے اعمالوں کا پردہ چاک کرکے کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے پوری صاف گوئی سے کام لیں" -

تو یہ جناب اس کی ابتدا ہے - پھر صفحہ چار پر لکھا ہے کہ "ان افسران کو کوئی نہیں پوچھتا جو رشوت کا بازار گرم کرتے ہیں جیسے یزدانی صاحب جو کھلے طور پر بدعنوانیاں اور دھاندلیاں کرتے ہیں جیسے یزدانی صاحب - جو ہر سائل کی جیب ٹٹولنے

میں ذرہ بھر بھی شرم محسوس نہیں کرتے - جیسے یزدانی
ملک جنہیں یہ زعم ہوتا ہے کہ وہ جو کچھ بھی کر
گزریں ان سے کوئی بازپرس نہیں ہو سکتی،،

Minister of Law : Point of order Sir. This is actually discussion on the motion, which has not been admitted.

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا - میں اس چیز کی اہمیت ظاہر کر رہا ہوں -

Minister of Law : The question is whether the motion should be admitted or not and any reference or reading from the text does lead to that discussion.

مسٹر سپیکر - وہ پمفلٹ میں الزامات کا حوالہ دینا چاہتے ہیں - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ ایسے واقعات ہیں جنکی انکوائری حکومت نے نہیں کی اور جنکی ان کو شکایت ہے -

Minister of Law : As I was submitting, Sir, the question is the failure of the Government to take action. Now when a matter comes to light, for my learned friend on the 22nd and for the Govt. on the 23rd, between 23rd and 25th what is the time in which any action could be taken, and in the context of this matter and in the context of this time and circumstances of this case, you will kindly consider whether there is failure or not, and accordingly admit or reject the motion.

Now what is the time lag that has been given. The matter has not been referred to Government by means of an application or by means of a complaint. It is not given in the Press. It has come to notice through a pamphlet, which does not bear any date. Even the Leader of the Opposition comes to know about that on the 22nd. So what is the failure. That is an aspect, which the worthy Chair may kindly consider.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں تو جناب سات مہینے جیل میں رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب کون کون سے ایم پی اے صاحبان نے دستخط کئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا۔ وہ مخدوم شمس الدین گیلانی۔ چودھری عبدالقیوم قریشی ایم پی اے ہیں اور میاں شاہنواز ممبر ڈویژنل کونسل بہاول پور و شیخ فضل الرحمان سابق ایم پی اے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اور نام نہ پڑھئے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ان دو ایم پی ایز نے گورنمنٹ کی کبھی نمائندگی کی ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے معلوم نہیں لیکن جناب جو کچھ میرے پاس ہے میں پڑھے دیتا ہوں ۔ لکھا ہے جناب والا

"انہوں نے اپنی کوٹھی پر ایک یتیم لڑکی کی
شادی کا ایک عجیب ڈھونگ رچایا اس موقع

پر ایک صندوقچی رکھی گئی اور ارشاد فرمایا
کہ لڑکی کو سلامی وغیرہ کچھ نہ دی جائے
بلکہ اس صندوقچی میں مخیر حضرات روپیہ ڈالیں
اور یہ رقم دفاعی فنڈ میں جمع کرائی جائے گی ۔
چنانچہ نکاح میں شامل ہونے والے حضرات نے
ہزاروں روپیہ اس صندوقچی میں ڈالا مگر افسوس
کہ اس رقم کا کہیں نام و نشان نہیں ملتا ۔
خدا جانتا ہے کہ ان صاحب و بیگم نے روپیہ
جمع کرنے کے لئے کیا کیا مداری کے کھیل
کھیلے ۔ اسی نوعیت کی ایک اور شادی احمد
پور شرقیہ کے ریسٹ ہاؤس میں رچائی گئی ۔
اس شادی کا حکم بیگم صاحبہ نے تحصیلدار احمد
پور شرقیہ اور نائب تحصیلدار کو بلا کر دیا کہ
دیکھو تمام ذریعے بروئے کار لا کر اس شادی کا
اہتمام کرو۔ اس حکم حاکم مرگ مفاجات ۔ بیچارے
عملے نے تمام تحصیل کے نمبرداروں زمینداروں کو
اکٹھا کرکے ہزاروں روپیہ جمع کیا اور اس
بیدردی سے روپیہ خرچ کیا گیا کہ کسی نواب
یا مہاراجہ کی شادی پر کیا گیا ہو ۔ اس پر
طرہ یہ کہ پھر یزدانی صاحب نے تحصیلدار سے
غلط بل اور رسیدات بنوائیں اور تقریباً چار ہزار
روپیہ کے بل او جی ایم فنڈ سے نکلوا کر خود ہضم
کر گئے حالانکہ یہ تمام خرچ تحصیلدار نے خود
غریبوں سے اکٹھا کرکے کیا ۔ ثبوت موجود ہے
او جی ایم فنڈ یتیم لڑکیوں کے لئے بیگم بی اے
قریشی صاحبہ نے کھولا تھا ۔ یہ برات بہاول پور
سے گئی ۔ لڑکی اور لڑکا دونوں بہاول پور کے تھے

صرف روپیہ بٹورنے کیخاطر یہ ڈھونگ اور کھیل
احمد پور شرقیہ کھیلا گیا اللہ اکبر کیا دماغ پایا ہے
یزدانی صاحب نے بے ایمانی میں"۔

Mr. Speaker: That should be all. As has been stated by the learned Law Minister, the Government is already taking action on the complaints made in the pamphlet referred to by Khawaja Muhammad Safdar, the motion is ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا میں پمفلٹ جناب کو پیش کردوں ؟

مسٹر سپیکر ۔ بہتر یہ ہو گا کہ لا منسٹر صاحب کو پیش کر دیں۔

Minister of Law: I have got a copy.

REFUSAL OF THE PRINCIPAL, KHYBER MEDICAL COLLEGE TO ADMIT 23 L M. S. F DOCTORS TO CONDENSED M.B.B.S. COURSE

Mr. Speaker: Next motion No. 60 by Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan: Sir I beg leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the refusal of the Principal of the Khyber Medical College to admit 23 L M S. F doctors to condensed M B B S course. This has caused great panic and alarm amongst the public in that area in general and the doctors in particular as reported in Nawa-i-Waqt, dated 23.11.66.

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan): Sir, the matter is being looked into and the policy of the Government, on a uniform basis, will be implemented at the earliest opportunity. If it is found that

the Principal, Khyber Medical College, Peshawar, has not complied with the instructions of the Government, necessary steps will Inshallah be taken to ensure compliance.

Mr. Munawar Khan : I have to concede what the learned Minister has said.

Mr. Speaker : In view of the statement of the learned Minister of Education that the Government is already taking action in the matter, the motion is ruled out.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ہمارے سامنے دو آرڈیننس ہیں ۔ ہم کوشش کریں تو شاید آج ہی انہیں پاس کر لیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ باقی تحریکات التوا کل پر ملتوی فرمائی جائیں ۔

Mr. Speaker : The ramaining adjournment motions will be taken up on the next working day. We will now take up the Orders of the Day and the first motion is by Khawaja Muhammad Safdar.

MOTION TO AMEND THE RULES OF PROCEDURE.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I move:

> That leave be granted to move the following motion :—
> That in Rule 61 (1) of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, for the words and figure "any of the Principles of Law-making enumerated in Article 6" the words and figurs "Principle I of the Principles of Policy enumerated in Chapter 2, Part II be substituted.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That leave be granted to move the following motion :
That in Rule 61 (l) of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan for the words and figure "any of the Principles of Law-making enumerated in Article 6", the words and figures " Principle I of the Principles of Policy enumerated in Chapter 2, Part II, be substituted.

Leave to move the motion was refuesd.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN COOPERATIVE SOCIETIES AND COOPERATIVE BANKS (REPAYMENT OF LOANS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966 (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966. Chaudhri Muhammad Idrees.

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کے تحت اور اس کے اصل آرڈننینس کے تحت کوآپریٹو سوسائیٹیوں کے اراکین کو نہایت وسیع اختیارات دے دئے گئے ہیں ۔ انہیں محدود کرنے اور ان پر کچھ پابندی لگانے کی ضرورت ہے ۔ اس لئے کہ افسران کو جتنے زیادہ اختیارات دئے جائیں گے ان کے ناجائز استعمال کا اتنا ہی زیادہ احتمال

ہوگا اس کی دوسری وجہ جیسا کہ میں نے کل عرض کیا تھا یہ ہے کہ یہ قرضے ۱۹۵۸ء سے پیشتر کے ہیں اور کوآپریٹو سوسائٹیوں کے جتنے بھی قرضہ جات ہوتے ہیں وہ ان کے سب السپکٹروں، انسپکٹروں یا اسسٹنٹ رجسٹراروں کی مرضی کے بغیر کسی سوسائٹی سے حاصل کرنے مشکل ہوتے ہیں اس زمانہ میں جو لوگ سب السپکٹر تھے وہ اب اسسٹنٹ رجسٹرار یا ڈپٹی رجسٹرار ہیں - اور اب انہی کو ۲۰ ہزار تک کے قرضوں کے فیصلے کرنے اختیار دے دیا گیا ہے - اس لحاظ سے بھی گورنمنٹ پر یہ اہم ذمہداری عائد ہوتی ہے کہ وہ نہایت چوکس رہے اور جہاں ان اختیارات کے ناجائز استعمال کی کوئی شکایت گورنمنٹ کے نوٹس میں آئے وہ فوری طور پر اس کا محاسبہ کرے - ایسے نہ ہو کہ بعض حالات میں یہ نہایت وسیع اختیارات مقروضوں کے خلاف استعمال ہونے شروع ہو جائیں -

اب میں اس سلسلہ میں چند ایک تجاویز پیش کرتا ہوں - اس وقت اسسٹنٹ رجسٹرار یا رجسٹرار کے فیصلوں کے خلاف اپیل سننے کا اختیار گورنمنٹ یعنی گورنمنٹ کے سیکرٹری کو ہوتا ہے اس میں اس حد تک ترمیم کر دی جائے کہ جس سیکرٹری یا جائنٹ سیکرٹری نے یہ اپیل سننی ہو وہ اس محکمہ کا سربراہ نہ رہے - کیونکہ موجودہ صورت میں ایک طرف اسے اپنی progress کی رپورٹ دینی ہو گی اور دوسری طرف انصاف بھی کرنا ہو گا - اور اس صورت

میں وہ انصاف کے تقاضے پورے نہیں کر سکے گا۔ میری دوسری تجویز یہ ہے کہ یہ اپیل سننے کے اختیارات کمشنر صاحبان کو دے دئے جائیں۔ جیسا کہ بہت سے دوسرے سپیشل کیسوں میں ہے۔ مثلاً محکمہ نہر کے ایگزیکٹو انجینئروں کی اپیلیں خاص حالات میں کمشنر صاحبان سنتے ہیں۔ یا اگر یہ نہیں تو ایک تجویز اور ہے کہ یہ اپیلیں سننے کے لئے خاص ٹریبونل مقرر کر دئے جائیں تاکہ مقروضوں اور قرضخواہوں کے درمیان انصاف کے تقاضے پورے ہوتے رہیں۔

جناب والا۔ میں نے کل بھی یہاں عرض کیا تھا کہ مقروض کے ساتھ کسی کو ہمدردی نہیں ہو سکتی لیکن انصاف کے تقاضے پورے ہونے ضروری ہیں۔ اس وقت جو قانون اور لاء ہے اس کے مطابق اگر کوئی بنک کسی کے خلاف ایک لاکھ روپے کا اندراج اس کے کھاتہ میں کر دے تو اس پر قانون شہادت کا اطلاق نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں جب اپیل اس سیکرٹری کے پاس جائے جو اس محکمہ کا سربراہ بھی ہو گا تو انصاف کے تقاضے کیسے پورے ہوں گے۔ وہ بنک اور مقروض کے درمیان کیسے انصاف کر سکے گا۔ یہ جناب ایک اہم شکایت ہے۔ اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے میں لاء منسٹر صاحب سے التجا کروں گا کہ جو نقائص اس قانون کے بارہ میں بیان کئے گئے ہیں ان کے متعلق وہ ضرور اطمینان دلائیں کہ وہ ایک نیا بل لا کر انہیں دور کر دیں گے۔ شکریہ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) جناب والا - یہ ہنگامی قانون جو اس وقت پیش نظر ہے اس پر اس ایوان میں پرسوں سے گفتگو ہو رہی ہے کل سارا دن اس پر صرف ہوا اور آج بھی کافی وقت صرف ہوگا - ایوان کے اس طرف سے اور دوسری طرف سے بھی فاضل ممبران نے اس ہنگامی قانون کی ایک ایک شق پر بحث کی ہے اور اس کے نقائص کھول کھول کر بیان کئے ہیں - بلکہ اگر میں یہ کہوں تو شاید مبالغہ نہ ہو گا کہ ایوان کی دوسری طرف بیٹھنے والے ساتھیوں نے بہت سی پرمغز تقاریر میں بڑے مدلل طریق سے اس کی ایک ایک ایک دفعہ کے نقائص کو بیان کر کے وزیر قانون اور اس ایوان کو یہ بتا دیا ہے کہ یہ قانون خود اپنے اندر اپنی نفی کا سامان رکھتا ہے - اور اگر اسے نافذ کیا گیا تو اس سے وہ مقاصد حاصل نہیں ہونگے جن کے لئے اس کا نفاذ پیش نظر ہے - اس واضح تصریح کے بعد مجھے یہ توقع تھی کہ وزیر قانون خود ایوان میں پیش کش کریں گے کہ وہ اسے واپس لیتے ہیں - اور اسے نقائص سے پاک کر کے ایک اور مسودہ قانون کی صورت میں کسی دوسری فرصت میں ایوان کے سامنے لائیں گے - مگر مجھے بڑا افسوس ہے کہ وزیر قانون صاحب نے اب تک یہ پیش کش نہیں کی - مگر دوبارہ غور کرنے پر میں نے یہ محسوس کیا کہ اس میں ان کا کوئی قصور نہیں ہے - یہ اس حکومت کے نمائندہ ہیں جس کو نہ کبھی عوام کے

جذبات اور مطالبات کی پروا تھی نہ آج ہے ۔ آپ دنیا کے سامنے عوام کی نمائندگی کا جتنا دل چاہے ڈھول بجائیں مگر آج کا آپ کا یہ طرز عمل خود اس بات کا بین ثبوت ہے کہ آپ کو عوام کے نقطہ نظر اور عوام کی رائے کی کوئی فکر اور پروا نہیں ۔ خود آپ کی صفوں سے اس قانون کے خلاف آواز بلند ہو رہی ہے ۔ اس کے ایک ایک نقص کو آپ پر واضح کیا جا رہا ہے لیکن آپ کو توفیق نہیں کہ آپ کھڑے ہو کر اس بات کا اعلان کریں کہ یہ قانون نقائص سے بوجھل ہے اور ہم اس کو عوام کے کندھوں پر نافذ نہیں کریں گے ۔ کل ہی خان محمد یونس صاحب نے صحیح فرمایا تھا کہ "صاحب نظراں نشہ قوت ہے خطرناک"، انہوں نے یہ آپ کے لئے کہا تھا اور بالکل صحیح کہا ہے آپ اس وقت افراد کی رائے عامہ کے مقابلہ میں حکومت کی قوت کے نشہ سے اسقدر سرشار ہیں کہ آپ کو اپنی غلطیوں اور برائیوں کی اصلاح کرنے کی کوئی فکر نہیں ۔

جناب والا۔ اس قانون کی دفعات پر تفصیلاً گفتگو ہو چکی ہے میں مزید بات کر کے اس ایوان کا وقت ضائع نہیں کروں گا ۔ میں اس کے بنیادی نقائص کی طرف آپ کے توسط سے جناب وزیر قانون صاحب کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کیا نقائص ہیں اس کے نقص تو اس حکومت کی قانون سازی کا طرہ امتیاز رہا ہے شروع سے

آج تک جتنے قوانین منظوری کے لئے پیش کئے گئے ہیں خواہ وہ بل یا مسودہ قانون کی صورت میں تھے یا ہنگامی قانون کی صورت میں اس تمام قانون سازی میں تین بنیادی نقص کارفرما رہے ہیں اور یہ سب اس قانون کی ایک ایک شق میں بہت ہی اجاگر ہے - ہمارے لئے وزیر قانون صاحب نے ابھی جلد ہی سے کانٹوں کا تاج پہنا ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ آپ کے توسط سے ان کو ان بنیادی نقائص کی طرف متوجہ کروں تاکہ وہ نہ صرف اس قانون کی اصلاح کریں بلکہ آئندہ قانون سازی کے معاملہ میں بھی اس کو پیش نظر رکھیں -

جناب والا - سب سے بڑا نقص اس حکومت کا قانون سازی میں ہنگامی قوانین کا اجرا ہے - آپ کو معلوم ہے کہ کوآپریٹو سوسائٹیز کا آرڈیننس ۱۰ جون کو اس اسمبلی نے منظور کیا تھا اور یہاں دوسرا ہنگامی قانون اس کی اصلاح کے لئے ۱۷ اگست کو جاری کیا گیا تھا - ابھی ایک قانون کو بنے دو ماہ کا عرصہ نہیں گزرا تھا اور اس قانون کو اس اسمبلی میں منظور کئے ہوئے دو ماہ سے کم ہی عرصہ گزرا ہے تو آپ کو محسوس ہوا کہ اس قانون میں اتنے نقائص ہیں کہ اس ۶ صفحے کے قانون کے نقائص دور کرنے کے لئے ۴ صفحے کا دوسرا قانون دو مہینے کے اندر اندر جاری کرنا پڑا - ایک ۱۲ صفحات کا قانون جو کہ ۱۰ جون کو منظور کیا تھا اس کو درست کرنے کے لئے ۶ دفعات کا قانون آپ صرف دو مہینے کے بعد نافذ کرتے

ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ سارا عملہ قانون سازی کا آپ کی ساری وزارت اور آپ کی وزارت کا سارا عملہ جو اس ملک میں قانون سازی کا ذمہ دار ہے ۔ جو اس ملک اور صوبہ کو صحیح مشورہ دینے کا اور ایوان میں قانون لانے کا ذمہ دار ہے ۔ اس کی ناقابلیت ۔ اس کی نا اہلی کا یہ عالم ہے کہ وہ دو مہینے پہلے کی بات کو بھی نہیں سوچ سکتا ۔ قانون کی بدیہی خرابیوں اور واضح نقائص کو اسے اس وقت سوچنا چاہئیے تھا اور وہ آپ نے نہیں سوچا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پریس کا بھی وقت ضائع ہوا جو اس قانون کو شائع کرنے پرصرف ہوا اور اس عرصہ میں اس خرابی کی وجہ سے عوام اور ملک کا جو نقصان ہوا ہے اس کی ذمہ داری بھی آپ کے اوپر ہے ۔ پھر آپ دو مہینے کے بعد ہنگامی قانون لائے ہیں اور وہ بھی اتنے نقائص سے پر ہے کہ میرے دوستوں کے بتانے کے مطابق آپ کو یہ بات تسلیم کرنی ہوگی کہ آپ کو بہت جلد دوسرا قانون ترمیم کے لئے لانا پڑے گا ۔ یہ ہنگامی قوانین کا سلسلہ شاید دفتروں کے چیمبروں میں بیٹھ کر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ قانون سازی میں نقص ہیں ۔ ایک قانون بنتا ہے اس کی پھر اصلاح کرتے ہیں اور دوسرا قانون بنتا ہے اس کی پھر اصلاح کرتے ہیں ۔ یہ اپنے خاندان کا پہلا قانون نہیں ہے میں آپ کی قانون سازی کے پچھلے سات سال

سے بیسیوں مثالیں دے سکتا ہوں کہ ایک ایک مہینے میں ایک ہنگامی قانون کو درست کرنے کے لئے دو دو ہنگامی قوانین آپ کو نافذ کرنے پڑے ہیں۔ ایک ہنگامی قانون کو درست کرنے کیلئے آپ کو چھ چھ قانون لانے پڑتے ہیں ۔ آپ کے ہاں قانون سازی کا جب یہی طریقہ ہے تو عوام آپ کی قانون سازی پر کس طرح اطمینان کر سکتے ہیں ۔ اس سے جو نقائص پیدا ہوتے ہیں اس سے بہت سے لوگوں کو مشکلات پیدا ہوتی ہیں ۔ حکومت کا ۔ قوم کا اور ملک کا روپیہ ضائع ہوتا ہے ۔ اس کا ذمہ دار کون ہے ۔

جناب والا ۔ اس قانون سازی کا دوسرا بنیادی نقص یہ ہے جس کے متعلق میں آپ کی وساطت سے وزیر قانون صاحب کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ نقص افسران کے اختیارات میں روز بروز اضافہ ہے ۔ آپ کوئی سا قانون اٹھا کر دیکھ لیجئے ابھی آپ کا مسودہ قانون آنے والا ہے اسی کو دیکھ لیجئے ہر قانون میں افسران کے اختیارات زیادہ سے زیادہ وسیع کرنے کی فکر کی جاتی ہے اور عوام کے اختیارات کو اور عدالت کے اختیارات کو تنگ سے تنگ تر کرنے کا سامان مہیا کیا جاتا ہے ۔ جن افسران کو آپ وسیع اختیارات دے رہے ہیں ان کے بارے میں کسی اور دن بحث کی گنجائش ہوتی تو میں عرض کرتا لیکن ان دو دنوں میں تحریک التوا کے ذریعہ ان افسران کی نا اہلی ۔ ان افسران کی بددیانتی ان افسران کی اقربا پروری اور ان

افسران کے نقائص آپ کے سامنے آئے ہیں ۔ ایک ڈپٹی کمشنر جس کو چاہتا ہے جیل میں بند کر دیتا ہے جس کی نہ داد کوئی نہ فریاد ہے ۔ ایک ضلع کا ڈپٹی کمشنر جس طرح چاہتا ہے حکومت کے فنڈز کو استعمال کرتا ہے اس کی کوئی شنوائی کرنے والا نہیں ہے ۔ ایک حکومت کا ہوم سیکرٹری ایک نظر بند کی رٹ پٹیشن scrutinize کرنا شروع کر دیتا ہے ۔ یہ آپ کے افسران ہیں یہ آپ کی حکومت کی انتظامیہ ہے۔ یہ آپ کا عملہ ہے جس کی نا اہلی اور جس کی دھاندلیوں کی مثال دنیا میں اظہر من الشمس ہے ۔ اس انتظامیہ کے اختیارات کو کم کرنا چاہئیے تھا لیکن آپ روزبروز اس میں اضافہ کرتے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ کی قانون سازی کا تیسرا بنیادی نقص یہ ہے کہ عدالتوں کے اختیارات میں کمی کی جا رہی ہے ۔ آپ کا کوئی بھی قانون زندگی کے کسی مسئلے سے متعلق ہو خواہ وہ کریمینل لا امنڈمنٹ ایکٹ ہو یا باغوں کے لگانے کا مسئلہ ہو خواہ وہ زندگی کے کسی شعبے سے متعلق ہو اس میں آپ دیکھیں گے کہ عدالتوں کے اختیارات کو تنگ تر کیا جا رہا ہے ۔ آپ اسی قانون کو کو لیجئے جو آپ کے سامنے ہے اس کا سابق قانون ۱۰ جون والا ہے جس میں آپ ترمیم کر رہے ہیں ۔ اس قانون میں رجسٹرار یا اسسٹنٹ رجسٹرار کو ایک دفعہ کے مطابق وہ اختیارات دئیے ہیں جو سول کورٹس کے اختیارات ہیں ۔ میں آپ سے بہت ہی سوز دل کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے

محترم دنیا میں قانون سازی اور عدل و انصاف کے قیام کا ایک مسلمہ اصول ہے کہ اختیارات وہاں دئیے جائیں جہاں ایک شخص کو بااختیار بنایا جائے تو اس کے ساتھ ساتھ ایک جواب لینے والی اور بازپرس کرنے والی کوئی مشینری بھی ہو ۔ عدالتوں کو جو وسیع اختیارات دئیے گئے ہیں ان کی یہی وجہ ہے کہ سول کورٹس کے ججز کو اور ہائی کورٹ کوجو وسیع ترین اختیارات ہیں تو اسی کے ساتھ ساتھ بھی ایک بڑی عدالت عالیہ کے سامنے ذمہ داری اور اسکے سامنے جواب دھی کا احساس اور فرض بھی ان پر عائد ہوتا ہے ۔ وہ اپنے فیصلے وسیع اختیارات کی موجودگی میں کرتے ہیں اور وہ اس کے لئے عدالت عالیہ کے سامنے جواب دہ ہیں اور عدالت عالیہ اس بات کی ذمہ دار ہے ۔ نچلی عدالت کے فیصلہ کے لئے ہائی کورٹ اور ہائی کورٹ کے لئے سپریم کورٹ ہوتی ہے اور وہ نچلی عدالتوں کا جائزہ لیں اور انصاف کریں تاکہ عوام کو عدل و انصاف مل سکے ۔ جناب والا ۔ آپ اپنے اس قانون میں رجسٹرار یا اسسٹنٹ رجسٹرار کو اختیار عدالت کا دیتے ہیں اور آپ ان کو وہ اختیارات دیتے ہیں جو ایک بڑی عدالت کو اور جو سپریم کورٹ کو حاصل ہیں لیکن آپ ان کو کسی کے سامنے جواب دہ قرار نہیں دیتے ۔

جناب والا ۔ اس پرانے قانون میں جس کی آپ ترمیم کر رہے ہیں اس کی دفعہ ۹ یہ کہتی ہے کہ

"The Registrar or the Assistant Registrar, as the case may be, shall, for the purpose of making any inquiry under this ordinance, have the same powers. . . . . "

اور اسی کی دفعہ ۳ ، میں آپ یہ فرماتے ہیں کہ ۔

(1) No Court or other authority shall have jurisdiction—

(a) to entertain or adjudicate upon any matter which the Registrar or the Assistant Registrar is empowered by or under this Ordinance or the rules framed thereunder to dispose of or determine ;... .."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ عدالت کے وہ اختیارات جو سپریم کورٹ کو حاصل ہیں وہ آپ ایک اسسٹنٹ رجسٹرار کو دیتے ہیں اور ایک رجسٹرار جو آپ کی انتظامیہ کی مشینری کا ایک بہت ہی معمولی سا پرزہ ہے اسکو یہ اختیارات عوام کے اوپر حاصل ہیں اور وہ عوام جن کے سہیا کئے ہوئے خزانے سے ۔ جن کی پیدا کی ہوئی دولت پر اس کی زندگی کا انحصار ہے اس کو انہیں عوام کے اوپر وہ اختیارات حاصل ہیں جو ہائی کورٹ کو بھی حاصل نہیں ہیں ۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ بھی سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جا سکتا ہے لیکن آپ کے اس اسسٹنٹ رجسٹرار کے اختیارات کو دنیا کی کسی عدالت کے سامنے چیلنج نہیں کیا جا سکتا ۔ یہاں تک کہ قانون کے مطابق ویسٹ

پاکستان گورنمنٹ کو بھی نظر ثانی کا حق حاصل نہیں ہے ۔ جو اسسٹنٹ رجسٹرار فیصلہ کر دے وہ "حکم حاکم مرگ مفاجات" ہے ۔ اس کی کوئی داد و فریاد نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اس قانون کی خامیوں کا ذکر کرتے ہوئے میرے ایک فاضل دوست نے کل آپ کو ایک تجویز پیش کی تھی ۔ کہ مسلمانوں کو اسلامی قانون اور اسلامی شریعت کی رو سے ہبہ زبانی کرنے کا حق حاصل ہے۔ اور وہ حق اس قانون میں شامل نہیں ہے ۔ اور یہ کہ آپ کا یہ قانون کسی شخص کو ہبہ زبانی سے نہیں روکتا ہے ۔ اگر وہ متروض ہے ۔ اور اس قرض سے بچنا چاہتا ہے ۔ میں اپنے اس فاضل دوست کا احترام کرتے ہوئے محترم وزیر قانون کو متنبہ کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ہبہ زبانی مسلمانوں کا ایک شرعی حق ہے ۔ اور ایک ایسا حق ہے جو کہ ان کو ان کے اللہ ، اللہ کی کتاب اور اللہ کا رسول دیتا ہے ۔ اگر آپ آئندہ اس حق کو کسی قانون کے ذریعے چھیننے کی کوشش کریں گے ۔ تو یہ مسلمانوں کے ساتھ زیادتی اور شریعت الہیہ کے ساتھ گستاخی کرنے کے مترادف ہو گا ۔ میں آپ کو اب متنبہ کرنا چاہتا ہوں ۔ کبھی ایسے قانون کی ترمیم یا کبھی اس بات کا خیال نہ کیا جائے ۔ اور مسلمانوں سے وہ حق چھیننے کی جرات نہ کی جائے ۔ جو انکو اللہ کی کتاب اور سنت محمدی نے عطا کئے ہیں ۔ میں

اپنی بات ختم کرنے سے پہلے یہ توقع رکھتا ہوں ۔ اور یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپکی وساطت سے اپنے فاضل دوست سے یہ گذارش کرونگا ۔ کہ جب شریعت کی بات آتی ہے ۔ وہاں ہم بالکل مجبور ہو جاتے ہیں ۔ تو کہیں ہمارے متعلق یہ غلط فہمی نہ پیدا ہو جائے ۔ کہ ہم شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہیں ۔ اس لئے میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں ۔ کہ شریعت نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ جبتک کسی کا قرضہ ادا نہ کرو اس وقت تک تمہارے لئے نیند بھی درست نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں تو قواعد و ضوابط کی کتاب تھامے ہوا ہوں کہ آپ یہ بتا سکیں ۔ کہ کس قاعدے کی خلاف ورزی ہوئی ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا ۔ کہ شریعت کا غلط حوالہ نہیں دینا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے ۔ کہ آپ پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعے یہ بات کہیں کیونکہ کسی قاعدے کی خلاف ورزی تو نہیں ہو رہی تھی ۔

رانا پھول محمد خان ۔ میں تو یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ یہ تقریر اس آرڈیننس کے مطابق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو اس کا علاج یہ ہے ۔ کہ آپ انکی تقریر کے بعد ان کا جواب تقریر کی شکل میں پیش کر دیں ۔ آپ کو اسکے لئے پوائنٹ آف آرڈر نہیں اُٹھانا چاہئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں اپنی بات ختم کرنے سے پہلے وزیر قانون کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ آپ اس قانون میں بھی اور اپنی آئندہ قانون سازی میں بھی اس بات کا خیال رکھیں ۔ کہ آپ بنیادی نقائص کو دور کرنے کی کوشش کریں ۔ اور اس ملک کے پانچ کروڑ باشندوں کی بھلائی کو سامنے رکھ کر ہی قانون سازی کریں ۔ اور اس ایوان کو اپنے اعتماد میں لیکر بجائے اس کے کہ آپ یہاں آرڈیننس کی شکل میں قانون لائیں ۔ قانون بل کی صورت میں لائیں ۔ تاکہ ہر شخص اس میں آپکی مدد کر سکے ۔ پھر بجائے اسکے کہ آپ اپنی انتظامیہ کے اختیارات کو زیادہ کریں ۔ آپ اسے کم سے کم تر کریں کیونکہ اس وقت ملک میں رشوت ستانی اور دوسری دھاندلیوں کا جو راج ہے اسکی وجہ یہی ہے ۔ کہ افسران کے پاس اتنے وسیع اختیارات ہیں ۔ اور آپ نے ان کو اتنے وسیع اختیارات

دے رکھے ھیں ۔ کہ وہ انہیں عوام پر جس طرح چاہیں ۔ اپنی مرضی کے مطابق استعمال کریں ۔ اور جو مظالم کے پہاڑ وہ ان پر توڑنا چاہیں ۔ توڑیں ۔ اور ان کا ھاتھ پکڑنے والا کوئی نہیں ہے ۔ آپ عدالتوں کے اختیارات وسیع کیجئے ۔ یہ بات آج میں بیسویں صدی میں کہہ رہا ہوں ۔ حالانکہ یہ بات صدیوں پہلے ایک مسلمہ کی حیثیت سے مانی گئی ھے ۔ کہ عدلیہ کے اختیارات علیحدہ ہونے چاہئیں ۔ اور انتظامیہ کو عدلیہ کی راہ میں آنے کا موقع نہیں دینا چاہئے ۔ عدل و انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ انتظامیہ کے احکامات کو عدلیہ میں چیلنج کیا جا سکے ۔ عوام کو یہ حق حاصل ہو ۔ کہ وہ اپنے مسائل اور اپنی شکایات اور مشکلات اور اپنے اوپر کی گئی ان زیادتیوں کو جو کہ انتظامیہ کی طرف سے انکے ساتھ کی گئی ہوں ۔ عدالتوں میں لے جا سکیں اگر آپ کے اس قانون اور دیگر تمام قوانین میں اس بات کی گنجائش نہ ہو کہ اس ملک کے رہنے والے شہری اپنے اوپر انتظامیہ کی طرف سے کی گئی زیادتیوں کو عدالتوں کے سامنے نہ لے جا سکیں ۔ تو یہ انکے ساتھ ناانصافی ہے ۔ اور عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا نہ کرنے کے مترادف ہے ۔

آخر میں مجھے اتنے ان ساتھیوں سے جو کہ میری بائیں جانب بیٹھے ہیں یہ توقع ہے ۔ کہ جب رائے دینے کا وقت آئیگا ۔ تو وہ اس قانون کے خلاف رائے دیں گے ۔ کیونکہ میں اس بات کا تصور بھی نہیں کر سکتا ہوں ۔ کہ کوئی

شخص ایک چیز کو اپنے اصولوں کے خلاف سمجھے اور اپنے ضمیر کے مطابق یہ سمجھے کہ یہ سراسر نا انصافی پر مبنی قانون ہے اور وہ اسکے حق میں رائے دے ۔ کل ہی میرے ایک دوست نے فرمایا تھا ۔ حالانکہ وہ اس قانون کے مخالف ہیں ۔ لیکن ووٹ اسکے حق ہی میں دیں گے ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ مجھے ایک تاریخی بات آتی ہے ۔ جو بہت معروف بھی ہے ۔ کہ یہ طریق کار کسی بھی مسلمان کے لئے صحیح نہیں ہے ۔ کہ اسکی تلوار تو یزید کے ساتھ ہو اور دل حسین کے ساتھ ۔

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵) (پشتو) صاحب سپیکر ۔ آج کے اخبارات میں ملک خدابخش صاحب کی ایک تقریر چھپی ہے ۔ جس کے پڑھنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ امداد باہمی کے جتنے بھی dues تھے ۔ وہ سب کے سب وصول کئے جا چکے ہیں ۔ تو اگر واقعی ایسا ھی ہے ۔ تو میں انکے اس بیان کی روشنی میں یہ درخواست کرونگا ۔ کہ اگر یہ حقیقت ہے ۔ تو پھر اس آرڈیننس کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ اور اگر ایسا نہیں ہے ۔ اور یہ بیان حقیقت پر مبنی نہ ہو ۔ تو پھر میں نے کچھ اعداد و شمار جمع کئے ہین جن سے یہ ثابت ہوتا ہے ۔ کہ پشاور کے سارے علاقے میں کل قرضہ چار لاکھ چونسٹھ ہزار روپے ہے ۔ لاہور میں دو کروڑ سڑسٹھ لاکھ انہتر ہزار روپے ہے ۔ ملتان میں ایک کروڑ پچھتر لاکھ گیارہ ہزار روپے ہے ۔

حیدرآباد میں ایک کروڑ سینتیس لاکھ روپے ہے - اور کراچی میں ایک کروڑ تریسٹھ لاکھ روپے ہے - - -

صاحبزادی محمودہ بیگم - جناب سپیکر - میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ نثار صاحب بہت اچھی انگریزی بھی بولتے ہیں اور اردو بھی بہت ہی اچھی بولتے ہیں - تو اگر ان کا یہ مطلب ہو - کہ اس ایوان کے اراکین کی اکثریت ان کی بات کو نہ سمجھیں - تو یہ اور بات ہے - کیونکہ ہم تو پشتو نہیں سمجھ سکتے - اگر وہ صرف پشتو ھی بولنا چاہتے ہیں تو بصد شوق بولیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے - لیکن اگر وہ چاہتے ہیں - کہ ان کی باتوں سے ہم بھی استفادہ کریں - تو وہ اردو بولیں - تو بہتر ہو گا -

مسٹر سپیکر - خان صاحب - آپ اردو میں بھی تقریر کر سکتے ھیں - اور انگریزی میں بھی کر سکتے ھیں - معزز اراکین کی خواھش ہے - کہ آپ اردو میں تقریر کریں - تو بہتر ہو گا -

مسٹر نثار محمد خان - جناب والا - میں نے یہ عرض کیا ہے - کہ آج کے اخبار میں ملک خدا بخش صاحب کی ایک تقریر چھپی ھے - جس میں انہوں نے فرمایا ہے - کہ امداد باہمی کے بنکوں اور امداد باھمی کی انجمنوں کے قرضہ جات وصول ہوچکے ہیں - تو میری گذارش یہ ہے -

کہ اگر اس خبر میں کوئی صداقت اور حقیقت ہے ۔ تو پھر اس آرڈیننس کی ضرورت نہیں ہے ۔ اور اگر ایسا نہیں ہے ۔ تو پھر مجھے جو اعداد و شمار ملی ہیں ۔ ان سے یہ ثابت ہوتا ہے ۔ کہ پشاور کا کل قرضہ چار لاکھ چونسٹھ ہزار روپے، لاہور کا کل قرضہ دو کروڑ سڑسٹھ لاکھ روپے ، ملتان کا کل قرضہ ایک کروڑ پچھتر لاکھ گیارہ ہزار روپے حیدرآباد کا کل قرضہ ایک کروڑ سینتیس لاکھ روپے ، کراچی کا ایک کروڑ تریسٹھ لاکھ روپے اور کوئٹہ کا کل قرضہ پچپن لاکھ انتیس ہزار روپے ہے ۔ تو ان اعداد و شمار کے پیش نظر ہم پر یہ احسان کیا جائے ۔ کہ چونکہ پشاور میں کل قرضے کی مقدار بہت ہی تھوڑی ہے ۔ لہذا پشاور کو اس قانون سے مستثنیٰ قرار دیا جائے پہلے تو سب پاکستانیوں کا یہ حق ہونا چاہئے ۔ کہ ان پر یہ قانون نافذ نہ ہو ۔ کیونکہ اگر ایک شخص پر قرضہ نہ ہو ۔ اور وہ ان بنکوں اور انجمنوں سے سرٹیفیکیٹ حاصل کرے ۔ جب وہ اپنی جائیداد کو فروخت کرنا چاہے ۔ تو اسکے لئے یہ سرٹیفیکیٹ بغیر رشوت دیئے حاصل کرنا ناممکن ہوگا ۔ لہذا میری یہ استدعا ہے ۔ کہ اس آرڈیننس کو واپس لے لیا جائے ۔ اور اسکے بجائے کوئی ایسی تجویز یا کوئی ایسا قانون لایا جائے ۔ جسکی رو سے وہ لوگ ایسی مشکل میں نہ پڑیں ۔ جن پر کوئی قرضہ وغیرہ نہ ہو ۔ شکریہ

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲)-

رب اشرح لی صدری ہ و یسر لی امری ہ
و احلل عقدہ من لسانی ہ
یفقھوا قولی - ہ

جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے جناب ملک صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - جنھوں نے اپنی ایک ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے کل اس ذمہ دار ایوان کو بتایا ہے - کہ دو ماہ میں پچاس کروڑ روپے میں سے پچیس کروڑ روپے وصول ہو چکے ہیں - لیکن میرے دوست چودھری محمد سرور صاحب کے ارشاد کے مطابق سیالکوٹ سے ابھی تک ایک پیسہ بھی وصول نہیں ہوا ہے میں سمجھتا ہوں - اور مجھے یقین ہے - کہ ملک صاحب جیسے ذمہ دار شخص غلط بات نہیں کریں گے - کم از کم ان سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی -

جناب سپیکر صاحب - میری گذارش یہ ہے کہ اس آرڈیننس کے متعلق ہمارے بہت سے دوستوں نے جیسا کہ خان محمد یوسف صاحب، چودھری سرور صاحب اور چودھری ادریس صاحب نے جو سرکاری نشستوں پر بیٹھے ہیں تقاریر کرکے اس کی کافی مٹی پلید کی ہے اور اتنی کی ہے کہ اس طرف بیٹھنے والے جن کو حزب مخالف کہتے ہیں جن میں فاروقی صاحب اور حمزہ صاحب

ہیں انہوں نے نہیں کی ۔ یہ صحیح ہے کہ ہم نے جو بات کی ہے وہ جرات سے کی ہے اور گورنمنٹ بنچوں پر بیٹھنے والوں نے وہی بات آہستہ اور آرام سے کہی ہے ۔ زیادہ ہمت اور جرات سے نہیں کہی ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ جس طرح چوہدری ادریس صاحب نے وضاحت کی ہے کہ جو لوگ قرضہ دیتے ہیں یعنی جو سب انسپکٹر تھے وہ اب اسسٹنٹ رجسٹرار یا رجسٹرار ہو گئے ہوں گے اب ان سے کس طرح قرضہ جات وصول کئے جا سکتے ہیں اس لئے کسی اور کو یہ اختیارات دئے جائیں ۔

جناب سپیکر صاحب ۔ ہمیں آرڈیننس کی مخالفت کرنے کا پورا حق ہے اور میں عرض کروں گا کہ یہ جو قرضہ کا روپیہ ہے جس نے بھی لیا ہے اس سے ضرور وصول کیا جائے ۔ جن لوگوں کے نام یہ قرضہ ہے اور جنہوں نے استعمال کیا ہے ان کو بھی ان کے ساتھ شامل کیا جانا چاہئے ۔ اس قسم کے اختیارات رجسٹرار کو دینے کے متعلق مجھے بچپن میں سنی ہوئی ایک مثال یاد آ گئی ہے ۔ اس سے میری بات کی پوری وضاحت ہو جاتی ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں عرض کر دیتا ہوں ۔ وہ یہ ہے ۔

اندھیر نگری چوپٹ راجہ

ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجہ

یہ مثال چوہٹ راجہ کے دور کی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اتنی لمبی مثال نہ سنائیں ۔ آپ نے بطور محاورہ اسے استعمال کر لیا ہے اب آپ اپنا اگلا پوائنٹ پیش کریں ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس مثال کو اردو میں سمجھا دوں وہ یہ ہے کہ کسی مجھ جیسے کمزور آدمی کو پھانسی کی سزا دی گئی لیکن پھانسی اسے پوری نہ آتی تھی ۔ وہاں پر ایک پیر صاحب کی طرح ایک موٹے آدمی کو دیکھا تو اسے پکڑ لیا ۔ وہ چلایا کہ مجھے کیوں پکڑا ہے تو کہا گیا کہ پہلے آدمی کو پھانسی پوری نہیں آتی تھی ۔

اس لئے ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں کہ آپ رجسٹرار کو اتنے اختیارات نہ دیں ۔ چودہری ادریس صاحب بھی یہی چاہتے ہیں ان کی رائے ہے اور وہ سفارش کرتے ہیں کہ یہ اختیارات کسی اسسٹنٹ سیکرٹری یا سیکرٹری یا کمشنر کو دئے جائیں ۔ ہمارے ایک معزز ممبر صاحب نے بھی اسی موشن پر تقریر کرتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ رجسٹرار کو یہ اختیار نہیں دینا چاہئے ان کو اختیار دینا ایک بہت بڑا ظلم ہے ۔ میرے خیال میں، مناسب اور صحیح تو یہ ہے کہ یہ اختیارات کسی سب جج کو دئے جائیں جو ان نادھند لوگوں سے روپیہ وصول کرے۔ اصل میں یہ پیسہ مسلم لیگ والے لیتے رہے ہیں

اور اپنے جلسے اور functions کرتے رہے ہیں اب اگر ان کو مسلم لیگ سے نکال دیں تو پھر اس آرڈیننس کے لانے کی ضرورت نہیں پڑے گی ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ مسلم لیگ کو discuss کر رہے ہیں یا اس آرڈیننس کو discuss کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جو لوگ مقروض ہیں ان کو discuss کر رہے ہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ ملک اختر صاحب نے یوسف خان صاحب سے پوچھا تھا کہ کیا آپ اس کے حق میں ووٹ دیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ صحیح ووٹ دینا تو خودداری اور آزادی کی دلیل ہے ۔ اس سے تو نقشہ ہی بدل جاتا ہے ۔ اس لئے ایسا نہیں پوچھنا چاہئے البتہ وہ خود ووٹ دیانتداری سے دیں تو اچھا ہے ۔ میں اس ہاؤس کے ممبران کی خدمت میں اور قائد ایوان کی خدمت میں بھی گذارش کرتا ہوں کہ ووٹ دینے پر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے ۔ اور اگر کوئی ان کی خواہش کے مطابق ووٹ نہ دے تو اسے پارٹی سے نکالیں ۔ وہ سب سمجھدار ہیں بڑے قابل اور تعلیم یافتہ ہیں اور ہر چیز کو سمجھتے ہیں ۔ اس لئے ووٹ دینے کے لئے ان پر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے ۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے ۔

و اذا رایتھم تعجبک اجسامھم و ان یقولوا تسمع
لقولھم کانھم خشب مسندۃ ۔

اس کا مفہوم یہ ہے :—

اور جس وقت دیکھتا تو ان کو خوش لگتے ہیں تجھ کو بدن ان کے اور اگر بات کہتے ہیں کان رکھتا تو طرف ان کی باتوں کے تو گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں تکیہ لگائی ہوئی ۔

جناب سپیکر صاحب ۔ ہم پورے مغربی پاکستان کے نمائندے ہیں ۔ ہمیں جرات ہونی چاہئے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ان میں جرات اور ہمت نہیں ۔ اور ہم جو بات کہتے ہیں آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ صرف مخالفت کے لئے کرتے ہیں آپ خود سوچ سکتے ہیں کہ اصل غلطی کہاں ہوئی ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ معزز ممبر جمعہ کا خطبہ دے رہے ہیں یا آرڈیننس پر تقریر کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ سچی بات کہی جائے تو پھر آپ اس طرح کہنے لگتے ہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ میں گذارش کروں گا کہ اس آرڈیننس کو واپس لیا جائے اور ایک اچھا بل لایا جائے کیونکہ اگر آپ ایسا کریں گے تو یہ کوئی بری بات نہیں ہو گی ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ مجھے پورا احساس ہے کہ اس ہنگامی قانون پر پوری بحث ہو چکی ہے اور خصوصیت سے میرے معزز دوستوں یعنی محمد یوسف خان اور ادریس صاحب نے اپنی تقاریر میں زیر بحث ہنگامی قانون کے متعلق جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ بہت ہی وقیع اور پر مغز تھا اور میرے خیال میں وہ باتیں جناب لا منسٹر صاحب کے لئے مشعل راہ ثابت ہو گی ۔

اس وقت میں ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا میں صرف چند ایک باتیں آپ کی وساطت سے لا منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے جو ایک ہنگامی قانون ایوان کے سامنے پیش کیا ہوا ہے وہ میری رائے میں ناقابل عمل ہے اور اس سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ ماسوائے اس کے کہ اس کی وجہ سے پبلک کی تکالیف میں اضافہ ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں اس ہنگامی قانون کی کلاز ۵ جس میں نئے جزو ۸ (اے) اور ۸ (بی) ہیں کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ میں لا منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت صوبہ میں غیرمنقولہ جائداد کے رہن بیع یا ہبہ کا طریق کار کیا ہے ۔ جہاں تک شہری جائداد کا تعلق ہے یہاں عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ غیر رجسٹری شدہ وثیقہ

کے بغیر رہن بیع اور ہبہ نہیں ہو سکتا ۔ اور جہاں تک زرعی جائداد کا تعلق ہے سابق صوبہ سندھ میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بلا رجسٹری کسی وثیقہ پر عمل درآمد نہیں ہو سکتا ملکیت منتقل نہیں ہو سکتی یا ملکیت کے کسی حصہ کو منتقل نہیں کیا جا سکتا ۔ لیکن مجھ کو معلوم ہے کہ سابق پنجاب میں اور سابق صوبہ سرحد میں زرعی جائداد کے متعلق کسی وثیقہ کو رجسٹری کرانا ضروری نہیں ہے ۔ بلکہ رہن بیع ۔ ہبہ زبانی بھی ہو سکتا ہے ۔ میں نے اس لئے رجسٹریشن ایکٹ کی دفعہ ۵۰ ۔ کو ۱۹۶۲ء میں رجسٹریشن امنڈمنٹ آرڈیننس کے ذریعے تبدیل کر دیا گیا ہے میں جناب لا منسٹر کی توجہ اس ترمیم کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ اور رجسٹریشن ایکٹ کی دفعہ ۵۰ ۔ اس طرح سے ہے ۔

> "Every document of the kinds mentioned in clause (a),(b), (c) and (d) of Section 17 (1) and clause (a) and (b) of Section 18 shall, if duly registered, take effect as regards the property comprised therein against every unregistered document relating to the same property and not being a decree or order whether such unregistered document be of the same nature as the registered document or not."

جب تک یہ قانون رائج تھا اس وقت کسی غیر رجسٹری شدہ وثیقہ کے مقابلے میں رجسٹری شدہ وثیقہ معتبر تھا قابل نفاذ تھا لیکن سنہ ۱۹۶۲ کے اس آرڈیننس میں دو proviso دفعہ ۵۰ کے رکھ دئیے گئے ہیں ۔ یہ پی۔ایل۔ڈی

میں رپورٹ ہوا ہے یہ amending ordinance کی دفعہ ۴ ہے اس میں پہلا proviso یہ ہے :-

> "Provided that the person in possession of the property under an unregistered document prior in date, would be entitled to the rights in Section 53-A of the Transfer of Property Act, 1882, if the conditions of that Section are fulfilled :
>
> Provided further that the person in whose favour an unregistered document is executed shall be entitled to enforce the contract under the unregistered document in a suit for specific per formance against a person claiming under a subsequent registered document, subject to the provisions of clause (b) of Section 27 of the Specific Relief Act, 1877."

ان دونوں proviso سے مراد یہ ہے کہ جب غیر رجسٹری شدہ وثیقہ کے ذریعہ کوئی شخص اپنی جائداد منتقل کرتا ہے اور انتقال ملکیت کے ساتھ ہی اس جائداد کے کسی حصہ کو یا تمام کی تمام جائداد کا قبضہ بھی منتقل کر دی جاتی ہے تو پھر وہ مالک بن جاتا ہے اس کو رجسٹری کرانے کی ضرورت نہیں ہے اگر اس وثیقہ کے بعد رجسٹری شدہ document اس جائیداد کے متعلق ہوگا تو وہ غیر موثر ہوگا اس لئے آج بھی سابق سندھ میں یا تمام مغربی پاکستان میں شہری جائیداد کو اس طریق سے کوئی شخص منتقل کر دے غیر رجسٹری شدہ وثیقہ کے ذریعے تو وہ انتقال موثر ہوگا بشرطیکہ اس کا قبضہ بھی ساتھ ساتھ دے دیا جائے اور

سندھ میں زرعی آراضی پر بھی اسبات کا اطلاق ہے ۔ اب سوال یہ پیدا ہوا ہے کہ آپ کا منشاء یہاں کیا ہے اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ جائیداد کی رجسٹری کسی کوآپریٹو بینک یا کوآپریٹو سوسائٹی کا مقروض اس غرض کے پیش‌نظر نہ کرے کہ اسے کوئی قرضہ دینا ہے اور وہ قرض کی ادائیگی سے بچنا چاہتا ہے اور سیکشن ۸ (اے) جو آپ نے نیا بنایا ہے تو اس سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا لیکن جیسا کہ کل ادریس صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ phrase اس میں، جب تک موجود ہے۔

"on the basis of such document"

اس وقت تک محکمہ مال کے افسران اس پر پابند نہیں ہیں وہ انتقال درج اور تصدیق کر سکتے ہیں اور اس طرح آپ کا مطلب حل نہیں ہو سکتا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ کی غرض و غایت یہ ہے کہ رجسٹری کرانے پر لوگوں کو مجبور کیا جائے ۔ لیکن میری درخواست یہ ہے جیسا کہ میں نے ابھی آپ کے سامنے قانون کا حوالہ دیا ہے کہ رجسٹری کرانے کی شروع ہی سے ضرورت نہیں ہے اور نہ سندھ میں اور نہ پنجاب میں ۔ پنجاب میں جہاں زرعی آراضی کا سوال ہے وہاں بالکل ہی ضرورت نہیں ہے ۔ لیکن شہری جائیداد کے لئے بھی رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم کی وجہ سے ضرورت نہیں ہے حقیقت میں سنٹرل گورنمنٹ نے یہ آرڈیننس جاری کر کے رجسٹریشن ایکٹ ہی کو مفلوج کر دیا ہے اس لئے مہربانی فرما کر جناب لا منسٹر صاحب اس

رجسٹریشن امنڈمنٹ آرڈیننس کو اپنے ترمیمی آرڈیننس جاری کرتے اگر اس کو پیش نظر نہ رکھا جائیگا جیسا اس وقت نہیں رکھا گیا تو جو قانون بنے گا وہ غیر موثر ہو گا اور شاید ہمارے وزیر صاحب کو یہ خیال نہیں ہے کہ غیر موثر قانون بنا کر اگر اس ایوان سے پاس کرا لیا گیا تو اپنا وقت بھی ضائع کرنا ہوگا اور لوگوں کو مزید الجھنوں میں بھی ڈالنا ہوگا ۔ شاید منسٹر صاحب اس کا یہ جواب دیں کہ ۸ (بی) کے تحت جس قدر انتقالات ہوں گے وہ زبانی ہوں گے۔ وہ ۲۷ اپریل کے بعد کے جھنجھٹ میں کیوں پڑیں۔ ۸ (اے) موثر ہے یا نہیں کوئی فرق نہیں پڑتا ہے لیکن منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ۸ (بی) بھی موثر نہیں ہے اگر میرے پہلے قانونی interpretation کو تسلیم کر لیا جائے تو تمام اس صوبے میں شہری جائیداد اور دیہاتی جائیداد بھی جس میں سابقہ سندھ بھی شامل ہے اور وہ منتقل ہو سکتی ہے اور اس کلاز ۸ (بی) سے اسے روکا نہیں جا سکتا ۔ جب ہم یہ تسلیم کر رہے ہیں کہ رجسٹری کرانا کسی جائیداد کے انتقال کے لئے ضروری نہیں جیسا کہ میں نے اپنی interpretation میں عرض کی ہے دوسرا اس صوبے میں وہ کونسی جگہ ہے جہاں ہمیں اس قسم کے اسٹامپ نہیں مل سکتے جو ۲۷ اپریل کے پہلے نہ تحریر کئے جا سکتے ہوں ۔ سیالکوٹ لاہور سندھ اور پشاور میں کون سی جگہ ہے جہاں اسٹامپ نہیں مل سکتے وہ سب پہلے کی تاریخوں میں لکھے جا سکتے ہیں ۔ ہمارے عرائض نویسوں کے

رجسٹروں میں جگہ خالی پڑی رہتی ہے لہذا اس کی کون روک تھام کر سکتا ہے اور کر سکے گا - ۲۷ اپریل سے پہلے کے بیشمار اسٹامپ مل سکتے ہیں لوگ ان کو خرید سکتے ہیں اور اس قانون سے بچ سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر - مگر اس سے ۱۰۰ روپے کی ملکیت کی جائیداد متاثر نہیں ہو گی ؟

خواجہ محمد صفدر - ۱۰۰ روپے سے زیادہ کے لئے بھی رجسٹری کرانے کی ضرورت نہیں ہے - ۱۰۰ روپے سے زیادہ کے بھی اسٹامپ مل سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر - ۱۰۰ روپے سے زیادہ کی ملکیت کا جب transferdeed ہو جائیگا تو **that document is itself inadmissible**

خواجہ محمد صفدر - اس وقت بھی ۱۹۶۲ء کا آرڈیننس اس کو admissible بنا دیتا ہے -

"it is a good proof against a registered document admissible"

جو میں نے provisos پڑھے ہیں اس پر غور فرمائیں وہ اس طرح سے ہو چکے ہیں اور آج یہ کہنا کہ

Unregistered document is an inadmissible document in the presence of these two provisos, is not correct.

تو جناب والا۔ یہ دوسری پرویژن ہے اور یہ بھی جائیداد کے انتقال کو نہیں روک سکتی ۔

They are very good evidence. They can be under discussion the specific rural Act or under the Transfer of Property Act.

ان دونوں پرویژنوں کے تحت جتنے بھی مقدمات ہوں گے ان میں وہ غیر رجسٹری شدہ وثیقہ نویس پیش ہو سکتے ہیں ۔ میں صرف انہی امور کی طرف جناب وزیر قانون کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس آرڈیننس یعنی رجسٹریشن ترمیمی آرڈیننس سے جو حالات پیدا ہو رہے ہیں ان کی طرف غور کیا جائے کیونکہ موجودہ صورت میں وہ ہر لحاظ سے غیر موثر ہے اس لئے جناب والا میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند)۔ جناب سپیکر۔ جتنی تقاریر میرے فاضل دوستوں نے اس آرڈیننس کے متعلق کی ہیں ان سے یہ نکات اخذ ہوتے ہیں پہلا نکتہ یہ ہے کہ مختلف ممبران نے جو یہ کہا کہ رجسٹرار اور اس کے ماتحت افسران وہی ذمہدار تھے اور انہوں نے بدعنوانیاں کرکے یہ قرضے دلوائے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے میرے دوست بھی اس سے اتفاق کریں گے کہ کوآپریٹیو سوسائیٹیاں اور کوآپریٹیو بنک لوگوں کے ہاتھ میں تھے اور کوآپریٹیو بنکوں کے ممبر ان کے چیئرمین اور مینجنگ بورڈ وہ سارے منتخب شدہ تھےاور انہوں نے قرضے دلوائے اور کوآپریٹیو محکمہ والے تو صرف قرضوں کی وصولی کے لئے مدد کرتے ہیں تو یہ کہنا جائز نہیں ہے

کہ انہوں نے ہی قرضے دلوائے ہیں اور انہوں نے ہی بدعنوانیاں کی ہیں اور وہ اس قانون کو بری طرح چلائیں گے یہ درست نہیں ہے۔ میرے دوستوں نے یہ بھی کہا کہ اسسٹنٹ رجسٹرار اور رجسٹرار کو بہت سی powers مل جائینگی اور یہ کہ عدالتوں کو ان کے اختیارات سے محروم نہ کیا جائے اور وہ لوگوں کے مقدمات سنیں اور اپنے فیصلے ان پر صادر کریں تو جہاں تک عدالتوں کا سوال ہے حکومت ہمیشہ کوشش کرے گی اور میں اپنی طرف سے بھی اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ عدالتوں کے اختیار سماعت کی حفاظت ہم ہمیشہ کرتے آئے ہیں اور کرتے رہیں گے ۔ لیکن ایسے حالات بھی ہیں کہ لوگ عدالتوں کے اختیار سماعت کا ناجائز فائدہ اٹھا لیتے جس سے بہت دقتیں پیش آتی ہیں ۔ اس لئے ضروری سمجھا گیا کہ جو بیناسی مسودے ہوں ان کے متعلق جو جو decisions ہوں وہ justifiable نہ ہوں اور کورٹس بھی infallible نہیں ہیں حالانکہ یہ تصور کیا جاتا ہے کہ کورٹس سب سے اچھے ہیں اور حکومت کے افسر جو ہیں وہ بڑے بڑے پایۂ کے لوگ ہیں مثلاً سیکرٹری جیسے افسر جو کہ تقریباً چار ہزار تنخواہ پاتے ہیں جتنی کہ ہائی کورٹ کے جج کی ہوتی ہے تو یہ اختیار گورنمنٹ کو سونپا گیا اور میرا خیال ہے کہ حکومت کسی کی طرفداری نہیں کرے گی ۔ اس آرڈیننس کا

مقصد یہی ہے کہ پیسے کیسے وصول کئے جائیں اور جہاں تک حکومت کا تعلق ہے وہ ہمیشہ اس بات کا خیال رکھے گی کہ لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور جہاں تک ہو سکے یہ قانون اس کے مقاصد جو ہیں ان کو چلانے یا حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جائے نہ یہ کہ لوگوں کو ستایا جائے باقی جتنے نکات بیان کئے گئے ہیں ان میں ایک یہ ہے کہ آیا ۲۵ کروڑ کے جو قرضہ جات ہیں وہ بینامی ہیں یا نہیں ۔ تو یہ کہا گیا ہے کہ ۲۵ کروڑ جو باقی ہیں وہ سارے کے سارے قرضہ جات ہیں ویسے ان میں بینامی بھی ہیں اور سٹیٹ قرضہ جات بھی ہیں ۔ میرے دوست نے دفعہ ۸ (الف)۔ اور دفعہ ۸ (ب)۔ پر زور دیا ہے ۔ میرا خیال ہے کہ میرے دوستوں کو اس میں غلط فہمی ہوئی ہے ۔ دفعہ ۸۔ (الف) میں رجسٹریشن کے اوپر پابندی لگائی گئی ہے کہ وہ رجسٹر کی جائے ۔ جس وقت لوگ اپنی ملکیت کا انتقال کرتے ہیں تو اس وقت دوطریقے اختیار کئے جائیں ۔ جو لوگ مقروض نہیں ہیں وہ صرف ایک ہی حلفیہ بیان دیدیں اور ان کا حلف نامہ جو ہے وہ قبول کیا جائیگا اور اس کو قبول کرکے سب رجسٹرار دستاویز رجسٹر کر دیگا اور جو لوگ کہ مقروض ہیں ان کے لئے یہ لازمی کیا گیا ہے کہ جنکے اوپر ۷۰ ہزار سے اوپر قرضہ ہے وہ اسسٹنٹ رجسٹرار سے سرٹیفیکیٹ لیکر یہ بتا دیں کہ انہوں نے کافی انتظام کیا ہے اور پیسے اسی وقت دئیے جائیں گے ۔ یہ نہیں کہ پیسے دیدیں اور اس کے بعد سرٹیفیکیٹ فوراً ہو گا ۔ صرف ضروری انتظامات

اس سلسلہ میں کرنے ہونگے اور اسسٹنٹ رجسٹرار سرٹیفیکیٹ جاری کر دیگا ۔ جن کے اوپر ۳۰ ہزار سے زیادہ قرضہ ہے ان کے متعلق یہ قانون بنایا گیا ہے کہ وہ رجسٹرار صاحب کی تسلی کرا دیں کہ انہوں نے ضروری انتظام کیا ہے اور پیسے وصول ہو جائیں گے اور اس امر کا سرٹیفیکیٹ دیا جائے گا ۔ تو یہ تو صرف رجسٹریشن کے اوپر پابندی ہے ۔ البتہ دفعہ ۸ (ب) میں انتظام کے اوپر پابندی ہے اور اس ضمن میں میں کچھ الفاظ پڑھ کر سناؤں گا ۔ میرا خیال ہے کہ میرے فاضل دوست اس سے مطمئن ہو جائیں گے ۔

(1) "Where any person owing a loan, whether due immediately or on a future date, to a co-operative society or a co-operative bank has, on or after the twenty-seventh day of April, 1966, alienated any immovable property, by sale, exchange, gift, mortgage, or will, otherwise than by or under an order or decree of a Civil, Revenue or Criminal Court, which alienation is fraudulent with intent to defeat the claim of a co-operative society or a co-operative bank, such alienation shall not operate to transfer any right, ... etc. etc."

تو اس سے مراد یہ ہوئی کہ ہر وہ انتقال جو کسی طرح بھی کیا گیا ہو چاہے وہ رجسٹرڈ ہو غیر رجسٹر شدہ ہو ۔ زبانی کیا گیا ہو یا تحریری کیا گیا ہو ۔ یعنی جس طرح بھی ہو ان سب کے اوپر یہ پابندی لگائی گئی ہے اور اس طرح کا کنٹرول عائد کیا گیا ہے اور اس کے بعد جتنے بھی انتقالات

ہوں ان کو fraudulent تصور کیا جائیگا اور لوگوں کو ان سے کچھ فائدہ نہ ہو گا ۔

خان محمد یوسف خان ۔ آپ نے "alienation" کا لفظ استعمال کیا ہے۔

وزیر قانون ۔ جی ہاں ۔

"...otherwise than by or under an order or decree of a Civil Court . . . ."

تو یہ الفاظ qualify کرتے ہیں ۔ یعنی کسی طرح بھی انتقال کیا گیا ہو ماسوائے سول کورٹس کے ۔ تو اگر وہ bogus ہونگے اور اس مقصد کے لئے کئے گئے ہونگے کہ بنکوں کو محروم کیا جائے قرضوں کے وصول کرنے سے تو وہ سب ناجائز قرار دئیے جائیں گے ۔ تو میرا خیال ہے کہ اس چیز پر پابندی مکمل ہے اور اگر اس کی ورکنگ میں کچھ مشکلات یا دقتیں ہونگی تو میں ضرور اس کی احتیاط رکھوں گا اور کسی بل کے ذریعے وہ ترمیم میں ایوان میں پیش کر دوں گا ۔ تو جہاں تک میرا خیال ہے وہ یہ ہے کہ یہ Bill مکمل ہے اور صرف بینامی سودوں کو cover up کرنے کے لئے ہے ورنہ پہلا جو آرڈیننس ہے وہ تو آپ نے منظور ہی کر لیا ہے تو ان الفاظ کیساتھ میں اپنے دوستوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمیں کسی شخص کو ستانا اور نہ کسی کی ناجائز حمایت کرنا مقصود ہے ۔ گورنمنٹ کوآپریٹو سوسائیٹیوں اور بنکوں کی پوری پوری حمایت کرکے غریبوں کے پیسے وصول

کریگی اور سب لوگوں کو اپنا حق ملے گا اس کے بعد میں اس فاضل ہاؤس سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ اس آرڈیننس کو پاس کر دیں ۔

Mr. Speaker : I will now put the question : The question is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 6th August, 1966.

The motion was carried.

BILLS

THE WEST PAKISTAN CO-OPERATIVE BOARD (DISSOLUTION) BILL, 1966. (INTRODUCED)

Mr. Speaker : Next Resolution.

Minister of Law : Mr. Speaker, I request that at this stage Item No : 4 on the agenda may be given preference. The reasone are that this is a Bill which will be referred to Committees etc and it will take time.

Mr. Speaker : Who will move the next motion ?

Minister of B.D.& Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, the Parliamentary Secretary Cooperation is there.

Mr. Speaker : I think Khawaja Sahib has no objection to the proposal of the Law Minister.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I have no objection.

Parliamentary Secretary (Co-operation) (Khan Mukarram Khan) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Cooperative Board (Dissolution) Bill, 1966 stands introduced.

ORDINANCES (CONTD.)

THE WEST PAKISTAN ESSENTIAL ARTICLES (CONTROL) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr. Speaker : Yes, the Law Minister

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I move :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th September, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1966 promulgated by the Governor of West Pakistan on 19th September, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

مسٹر سپیکر ۔ آخوند صاحب آپ کچھ بتانا پسند کرینگے ؟

Minister of Law : Mr. Speaker, Sir, all that is sought in this amending Ordinance is that in sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Essential Articles (Control) Act, 1958 for the word "eight" the word "nine" shall be substituted. Originally as this Act stood it was to expire this year and now by the substitution of one word it will go over till 1967. The original Act was framed in 1958 and the life of the Act was up to 1966. By substitution of this word it will go up to 1967.

Mr. Speaker, there are certain articles which are mentioned in the Schedule which are controlled by this Act and these are essential articles and it is necessary that these articles should continue to remain under control. It is, therefore, proposed that one word in this section may be permitted to be amended and substituted. Instead of "eight," "nine" may be substituted. It is in the interest of the people that these articles which are mentioned in the Schedule and which are under the control of the Government should continue to remain under control because (as is being heard) every day there is a hue and cry that prices are soaring. The paucity of things is there, things of basic necessity are not readily available and the Government is being blamed for one reason or another. It is, therefore, necessary to have effective control over these articles. Therefore this amendment has been moved and I request that the House may accept this amendment.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر، یہ ترمیم مغربی پاکستان اشیائے ضروری (کنٹرول) ایکٹ ۱۹۵۸ کو ۱۹۶۷ تک توسیع دینے کے لئے لائی گئی ہے - سب سے قبل ضروری ہے کہ اشیائے ضروری کی جو تعریف کی گئی ہے اس کے متعلق وضاحت کی جائے -

"essential article" means any of the classes of articles mentioned in the Schedule to this Act, and such other classes of articles as may be declared by Government by notification to be essential articles for the purposes of this Act;"

جناب سپیکر - منسلکہ شیڈول میں -

ملک محمد اختر - شیڈول میں

(i) Newsprint.

(ii) Mechanically propelled vehicles, including those in completely knocked down condition.

(iii) Coal.

(iv) Iron and steel.

(v) Cement.

(vi) Cotton, wollen and rayon textiles.

(viii) Cycles.

(viii) Tyres and tubes.

کو شامل کیاگیا ہے۔ اور اس اختیار کی رو سے جو وہ یہاں اشیائے ضروری کی تعریف سے حاصل کرتے ہیں کہ وہ نوٹیفیکیشن کے ذریعہ اس میں اور چیزوں کو شامل کر سکتے ہیں اس میں دو اور چیزیں شامل کر دی گئی ہیں ایک تو آئرن کا کنٹرول اور اس کے ذریعہ اس کی پیداوار اور تقسیم پر کنٹرول اور دوسرے کاٹن کا کنٹرول اور اس کے ذریعہ سوت پر کنٹرول اس طرح جناب

سپیکر حکومت کو جو اختیارات حاصل تھے ان کے تحت اشیائے ضروری میں ایزادی کر دی گئی ہے ۔ جناب سپیکو ۔ اب حکومت کو دفعہ ۳ کے تحت یہ اختیارات حاصل ہیں کہ ۔

> "Government, so far as it appears to it to be necessary or expedient for maintaining or increasing supplies of any essential articles, or for securing its equitable distribution and availability, may, by notified order, provide for regulating or prohibiting the production, acquisition, treatment, keeping, storage, movement, transport, supply, distribution, disposal, use or consumption thereof . . . ."

جناب والا ۔ اس شیڈول کی سب سے پہلی مد نیوزپرنٹ کے متعلق ہے ۔ اب میں اس پر آتا ہوں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ نیوزپرنٹ کو اشیائے ضروری میں اس لئے شامل کیا گیا ہے ۔ تاکہ اخبارات پر حکومت اپنا قبضہ اور اختیار اور مناپلی رکھ سکے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان قوانین کے حوالہ جات نہیں دوں گا جو دو روز قبل بہاں دے چکا ہوں ۔ صرف بحالت مجبوری نیوزپرنٹ کنٹرول آرڈر ۱۹۶۵ء کے متعلق عرض کروں گا جو گزٹ آف پاکستان کی غیر معمولی اشاعت مجریہ ۱۰ ستمبر ۱۹۶۵ء میں شائع کیا گیا تھا اور جسے پریذیڈنٹ آف پاکستان نے نافذ کیا تھا ۔ اس کے الفاظ یہ تھے ۔

"In exercise of the powers conferred by rule 131 of the Defence of Pakistan Rules, 1965, the Central Government is pleased to make the following Order :—

1.—(1) This order may be called the Newsprint Control Order, 1965.

(2) It shall come into force on 10th September, 1965.

جناب سپیکر ۔ اس سنٹرل لا سے اس کے متعلق میں صرف اتنا حوالہ دوں گا کہ یہ سنٹرل لا جو وسیع تر اختیارات اور ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت بنایا گیا ہے اس میں اور ہمارے موجودہ قانون میں جس کی اس وقت توسیع مقصود ہے اگر تضاد پایا جائے تو سنٹرل لا prevail کرے گا ۔ سنٹرل لاء کی ایک دفعہ جو preventive ہے اب میں صرف وہی پڑھوں گا ۔

Newsprint Control Order, 1965.

4(3) "The Central Government or any officer authorised by it in this behalf may, by order in writing, require any dealer to sell to any such person as is mentioned in item (ii) of sub-clause (2) such quantity or quantities of newsprint as may be specified in the order, and may issue such incidental or supplementary instruction in regard to such sale as may be deemed fit.

"The Central Government or an officer authorised by it in this behalf may direct a

dealer or consumer to main'ain record of
sale . . . ."
etc. etc.

جناب سپیکر۔ اب یہ فرمائیں کہ یہاں شیڈول میں پہلی آئٹم نیوزپرنٹ کی ہے اس کو کنٹرول کرنا ہے جس میں یہ powers assume کی ہیں ۔ مرکزی قانون میں علیحدہ قانون موجود ہے جو نیوزپرنٹ کو کنٹرول کرتا ہے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا۔ etc-etc کی سمجھ نہیں آئی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آپکی سمجھ میں تو صرف اتنا ھی نہیں آیا ہمیں تو پوری تقریر ہی سمجھ نہیں آرھی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی ۔

	,,	,,	,,	—	Steering finger.	6	—	—	
7	1004/4/6/SS	11.2.66	,,	637502	Front wheel Cyl : comp : R/H.	9	5	6644/27,1.66	

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	,,	,,	,,	6317503	Front wheel Cyl : comp : L/H.	9	5	—	
8	1387/4/6/SS	25.2.66	,,	7140803	Crank shaft	1	—	—	
	,,	,,	,.	7229899	Speedometer cable comp : inner and outer.	2	—	—	
	,,	,,	,,	7125831	Starter Assy : 12 volts	2	—	—	
9	1388/4/6/SS	26.2.66	,,	7140841	Crank shaft.	6	—	—	
	,,	,,	,,	7229899	Cable speedometer comp inner and outer.	6	—	—	
	,,	,,	,,	7138193	Starter Assy : 12 volt.	6	—	—	
	,,	,,	,,	409017	Brg : crown wheel side,	8	—	—	
	,,	,,	,,	6310408	Steering drop arm.	4	—	—	
10	6038/4/6/SS	3.9.66	,,	7075438	Oil seal pinion.	50	50	7957/9/9-66	

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	,,	,,	,,	z3105	Main end Big end Brg :	—	—	—	
	6038/4/6/SS	3.9.66		7140416	Exhauster ball Brg :	1	—	—	
	,,	,,	,,	7112839	Clutch pressure plate fanger	24	9	7956/9/9/66	
	,,	,,	,,	7142749	Steering connecting rod R/H.	12	—	—	
	,,	,,	,,	6319998	Bush shackle pin front	60Nos.	36Nos.	7957/9/9/66	
	,,	,,	,,	7143893	S/Starter Armature 12 Volt	4 Nos.	—	—	
11	8574/4/2/SS	23.10.65	H/Benz.	1321033120	Main and big end Brg : std :	2 Set.	—	—	
	,,	,,	,,	—	Piston ring std size.	2 ,,	—	—	
	,,	,,	,,	—	Engine overhauling kit	2kit	—	—	

2	3	4	5	6	7	8	9	10
,,	,,	,,	0000172921	Injector nozzle.	120 Nos.	—	—	
,,	,,	,,	3120307417	Piston complete 020	4 set.	—	—	
,,	,,	,,	3123001508	Cable control	25 Set.	—	—	
,,	,,	,,	3122010407	Water rooter	20 ,,	—	—	
,,	,,	,,	3122501305	Clutch hosing	4 ,,	—	—	
,,	,,	,,	312038510	Nain Brg : 040	4 set.	—	—	
,,	,,	,,	—	Main Brg : 020	2 ,,	—	—	
,,	,,	,,	3122622105	G/Box Main shaft.	3 Nos.	—	—	
,,	,,	,,	Din-6503	Oil seal gear new modle.	20 Nos.	—	—	
,,	,,	,,	3120301018	Piston complete 040	2 set	—	—	

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	,,	,,	,,	S/1453	Piston ring 010	6	—	—	
	,,	,,	,,	1379	Piston ring 020	4 ,,	—	—	
	,,	,,	,,	3210332102	Main Brg : 020	4 ,,	—	—	
	,,	,,	,,	3123204502	Main leaf front threeding Bush.	20 Nos.	—	—	
	,,	,,	,,	312302693	Main leaf rear ,, bush	20 ,,	—	—	
	,,	,,	,,	312010520	Cyl : Head W/Valve Assy :	2 ,,	—	—	

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday the 28th November, 1966.

دو شنبہ - ۱۴ شعبان المعظم - ۱۳۸۶ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ۝ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

(پ ۱۸۔ س ۲۳۔ ع ۴۔ آیات ۷۰)

جو لوگ اپنے پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں۔ اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو اپنے پروردگار کیساتھ شریک نہیں کرتے۔ اور جو دے سکتے ہیں دیتے ہیں اور انکے دل اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ انکو اپنے پروردگار کیطرف لوٹ کر جانا ہے۔ یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے اور یہی انکے واسطے آگے نکل جانے والے ہیں۔ اور ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتے اور ہمارے پاس کتاب ہے جو سچ سچ کہہ دیتی ہے اور ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

مگر ان کے دل ان باتوں کیطرف سے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور ان کے سوا اور اعمال بھی ہیں جو یہ کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم نے ان میں سے آسودہ حال لوگوں کو پکڑا تو وہ اس وقت تلملا اٹھیں گے۔ آج مت تلملاؤ آج تم کو ہم سے کچھ مدد نہیں ملے گی۔ وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : The Question Hour.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آج جب کہ ہم خوراک کے اہم مسئلہ کو زیر غور لا رہے ہیں میں آپ کے توسط سے قائد ایوان سے درخواست کروں گا کہ اگر آج کے سوالات ملتوی کر دیے جائیں تو ہمیں زیادہ موقع ملے گا کہ ہم اس اہم مسئلہ پر زیادہ سے زیادہ گفتگو کر سکیں اور آج کے سوال کسی اور دن بھی لئے جا سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر دونوں طرف کے ممبر صاحبان اس سے متفق ہوں تو میں اس بات کے لئے تیار ہوں ۔

بابو محمد رفیق ۔ نہیں صاحب سوالات ہونے چاہئیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ سوالات ہونے چاہیں ؟

بابو محمد رفیق ۔ جی ہاں سوالات ہونے چاہئیں ۔

Mr. Speaker : The Question Hour. Mr. Hamza.

MONTHLY STATEMENT OF PAYMENT OF OVERTIME ALLOWANCE TO STEEL SHOP STAFF.

***1232. Mr. Hamza** : Will the Minist r of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Officer-in-charge, Railway Steel Shop,

Moghalpura, Lahore, submits to the Chief Mechanical Engineer, P. W. Railway, Lahore a monthly statement in respect of payment of overtime allowance to the staff of the Steel Shop ;

(*b*) whether it is also a fact that the said statement contains a certificate to the effect that the amount of overtime has been distributed equally amongst the Steel Shop Staff;

(*c*) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether it is a fact that out of a sum of Rs. 12,900, which is being paid monthly as overtime allowance, a sum of Rs. 7,000 is paid to 130 members of the Electric Furnace Shop only, while the remaining Rs. 5,000 is divided among the remaining 2200 members of the Steel Shop;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, reasons therefor ;

(e) if answer to (a), (b) and (c) above be in the negative, whether the Monthly Statements of overtime paid to the staff of the Electric Furnace Shop and the remaining staff of Steel Shop separately during the last six months will be placed on the Table of the Assembly,?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Mr. Speaker, Sir, before I start giving the reply to the question I want to bring to your notice that approximately all the questions, nearly about 62 relating to this Department have been answered and most of the answers have been printed in the answer book except two or three questions which have also been supplied to the Members on their seats.

Khawaja Muhammad Safdar : Very good.

Mr. Munawar Khan : Hear, hear.

Parliamentary Secretary (a) Yes.

(b) No.

(c) The correct position is that, on an average, Rs. 11,700 per month is paid as overtime to the employees of the Steel Shop, out of which nearly Rs. 3,450 per month is earned by 160 men working in the Furnance Section of the Steel Furnance Shop.

(d) Ordinarily staff are not booked for overtime work beyond normal working hours, unless it is absolutely necessary to do so for complying with urgent demands within a specified time.

In the case of Furnace Section of the Steel Furnace Shop, however, it is in public interest to keep the Furnace in use round the clock on all days including Sundays. The staff of the Steel Furnace Section, therefore, work for 56 hours per week, that is eight hours more than the normal period of 48 hours per week. For this reason they earn more overtime allowance than the other staff of the Steel Shop.

(e) A statement showing overtime paid from January to August 1965, is attached as Annexure 'A'.*

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ سٹیل شاپ کی بھٹی پر عوام کی خاطر دن رات کام ہوتا ہے لیکن سٹیل شاپ

*Please see Appendix I at the end.

پر ہفتہ میں ٥٦ - گھنٹے کام لیا جانا بتایا گیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایک ہی قسم کا overtime کرتے ہیں لیکن ضمیمہ میں جو اعداد و شمار دیئے گئے ہیں وہ مختلف قسم کے ہیں - کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس میں اختلاف کیوں ہے ؟

Parliamentary Secretary : In this, as you will note Sir, in January and February Rs. 3176.50 were paid as overtime while in February and March the amount was Rs. 3092.11. There is no difference. There might possibly be cases of one or two employee becoming short on one or two days, but otherwise the policy is the same.

چودھری محمد ادریس - جناب والا- میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ فالتو سٹاف کیوں نہیں رکھا جاتا ؟

Parliamentary Secretary : This is a technical staff Sir, and every effort is made to appoint more staff, but the difficulty is that in such a technical matter, the staff is always short.

چودھری محمد ادریس - ٹیکنیکل سٹاف کو ٹریننگ دینے کے لئے آپ نے کیا اقدامات کئے ہیں ؟

Parliamentary Secretary : This is in progress and every effort is made to train more technical staff.

مسٹر حمزہ ۔ یہ بھٹی کس سال سے جاری ہے ۔ اگر آپ نے نیا سٹاف بھرتی کیا ہے تو آپ نے آج تک ان افراد کو ٹریننگ کیوں نہیں دی ؟

Parliamentary Secretary : That is a new question. If the member wants the exact number of persons, who are trained and who are in the process of being trained, that can be replied.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی توجہ ان کے جواب کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ محکمہ کی طرف سے مزید عملہ کو ٹریننگ دینے کی کوشش کی جاتی تھی تاکہ ان کو اوور ٹائم نہ دینا پڑے ۔ تو میرے سوال کے جواب میں اس چیز کا ذکر آنا چاہیئے تھا ۔ دراصل یہ خواہ مخواہ غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں ۔

Parliamentary Secretary : I totally rebut the statement of the member Sir. The position is that, as you know, absolutely a new furnace has been added, and obviously this being a most technical subject, the shortage of skilled workers must be there. In the course of time it shall be removed.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں پارلیمانی سیکریٹری صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اوور ٹائم کا سلسلہ تو عرصہ دراز سے چلا آ رہا ہے تو کیا نئے سٹاف کے لئے کوئی درخواستیں آپ نے طلب فرمائی تھیں ؟

Parliamentary Secretary : I cannot say definitely at this stage Sir, but this is mostly from the old technical trained staff. The new vacancies might be filled up.

UTILISATION OF OPEN LAND ATTACHED TO EACH RAILWAY STATION ON SHEIKHUPURA-SHORKOT ROAD SECTION

*1575. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that large tracts of open land are attached to each Railway Station on Sheikhupura-Shorkot Road Section ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the total acreage of such land and the purpose for which the vacant land is being utilised;

(c) in case the said vacant land is not being utilised, whether there is any scheme to bring the said land under cultivation by giving the same to the public on annual lease by inviting tenders ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No. There are ordinary size plots of open land at only 13 railway stations out of a total of 26 stations on Qila Sheikhupura-Shorkot Road Section.

(b) The total area of such land is 1072.99 acres out of which 21.35 acres have been licensed out, for purposes connected with Railway working, to various Government Departments and private concerns for storage of grains, firewood, building materials, etc., and for erection of bulk oil installations. The remaining area of land is reserved for Railway's own use as barrow-pits for the maintenance of railway embankments and other departmental works.

(c) This question does not arise in view of the reply to (b) above.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب پارلیمانی سیکریٹری صاحب مجھے بتائیں گے کہ جب میرے سوال کے جواب میں وہ تسلیم کرتے ہیں کہ ۱۳ سٹیشنوں پر ایک ہزار ۷۲ ایکڑ زمین پڑی ہے تو کیا وجہ ہے کہ جب کہ ملک انتہائی طور پر غذائی قلت کا شکار ہے یہ زمین عارضی کاشت کے لئے عام افراد کو کیوں نہیں دی جاتی ؟

Parliamentary Secretary : Sir, on these 13 stations, the maximum land available is about 116 acres on one station, and normally it is about 75 acres per station. This land cannot be given to cultivators or private persons in the interest of the railways working and also because it is required for the working of the railway itself for the stacking of railing material required for the renewal of railway tracks. Moreover, Sir, there are many other malpractices, such as theft from the railway yards, which is also possible if these lands are leased out to private persons.

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کے حصہ (ب) کے جواب میں انہوں نے فرمایا ہے کہ ایک ہزار ۲۷ ایکڑ میں سے ۲۱ عشاریہ ۳۵ ایکڑ زمین ریلوے کے لئے مخصوص کی گئی ہے۔ اور بقایا گڑھے کھود کر دیگر امور کے لیے مخصوص کی گئی ہے ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ دیگر امور کی تفصیلات کیا ہیں ؟

Parliamentary Secretary : I have already stated in reply to the supplementary of Mr. Hamza that this is required for the exclusive use of the railway administration, such as for stacking material, construction of staff colonies and railway yards, and so many other uses by the railway itself.

سسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آج پارلیمانی سیکریٹری صاحب اس طرح جواب دے رہے ہیں جس طرح کہ وہ لاہور سٹیشن کے متعلق بات کر رہے ہیں ۔ میرا سوال تھا کہ قلعہ شیخوپورہ اور شورکوٹ کے درمیان جو چھوٹے چھوٹے سٹیشن ہیں ۔ آپ مجھے بتائیں کہ اوسطاً ۸۲ ایکڑ فی سٹیشن خالی زمین کیوں پڑی ہوئی ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اتنا بڑا رقبہ ریلوے کو خالی رکھنے کی کیا ضرورت ہے ۔ میں بذات خود وہاں آتا جاتا رہا ہوں اور مجھے معلوم ہے کہ ریلوے اس زمین کو استعمال نہیں کر رہی ۔ آپ از راہ کرم اس سوال پر دوبارہ غور فرمائیں اور صحیح جواب دینے کی کوشش کریں ۔

Parliamentary Secretary : Sir, I have already replied.

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب کیا آپ کا خیال ہے کہ یہ جواب صحیح نہیں ہے یا آپ اپنی تجاویز کے متعلق ان سے کوئی commitment کرانا چاہتے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ ریلوے کی زمین بالکل خالی پڑی ہے اور استعمال نہیں ہو رہی ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے سوال کیا اور آپ کو جواب دیا گیا ۔ آپ کو اس کے قبول کرنے میں کیا رکاوٹ ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وہ فرماتے ہیں کہ گڑھے کھودنے کی ضرورت ہے تو اس قسم کی ضرورت تو تب ہی مستقبل قریب میں ہو سکتی ہے جب اس کام کے لئے ٹینڈرز منگوائے جائیں ۔ میرا موقف یہ ہے کہ وہ زمین محض بیکار پڑی ہے ۔

Parliamentary Secretary : It is not possible Sir for the railway administration as the presence of persons, not connected with the working of the railway, within easy reach of railway installations would give rise to

malpractices. Moreover, if the land is given for cultivation on lease, the ejectment will become a problem for the railway administration and I am sure Mr. Hamza realizes it.

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے میرے سوال کا جو جواب دیا ہے اس کے مطابق ۱ ۲ء ۳۵ ایکڑ جو ہے وہ ریلوے اپنے استعمال میں لا رہی ہے۔ اور دیگر جو زمین ہے وہ گڑھے کھودنے کے لئے اور محکمانہ امور کے لئے ہے میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ دیگر امور کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ امور کئی قسم کے ہو سکتے ہیں ۔

STOPPAGE OF TRAIN NO. 212 DOWN AT RAILWAY STATION ABBASPUR

*1585. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state whether it is a fact that some passengers recorded their complaint in the Complaint Book with the Guard of Train No. 212 Down on 18th December 1965 at 18-30 regarding uncalled for stoppage of the said train for one hour and forty minutes at Abbaspur Railway Station on Lyallpur-Shorkot Road Section; if so, action taken by the Government on

the said complaint; and if no action has so far been taken, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes, a complaint was recorded in the Complaint Book in respect of heavy detention of I hour and 40 minutes caused to 212 Down passengers train at Abbaspur Railway Station on 18th December 1965. Disciplinary action has been taken against the Section Controller concerned for his lack of judgment resulting in excessive detention of the train.

بابو محمد رفیق ۔ اس سلسلہ میں آپنے کیا کارروائی کی ہے ؟

Parliamentary Secretary : Sir, the increment of the officer concerned, who was held responsible for this detention, has been withheld for six months.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی تنخواہ کو گاڑی کے لیٹ ہونے کیوجہ سے لیٹ کر دیا گیا ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ اس کی سالانہ ترقی کو چھ ماہ کے لئے روکا گیا ہے۔

بابو محمد رفیق ۔ سالانہ ترقی سے آپ کی کیا مراد ہے جبکہ آپ نے فرمایا ہے کہ وہ روک دی گئی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ یعنی سالانہ increment مزید چھ ماہ کے بعد عمل میں آئے گی ۔

STRENGTH OF WELFARE STAFF IN RAILWAY DEPARTMENT

*1653. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the number of Senior Welfare Inspectors, Welfare Inspectors, Welfare Assistants and Clerks employed for dealing with complaints of Railway Staff in each Division during the financial years 1964-65 and 1965-66?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The required information is furnished in the statement given below :—

STATEMENT OF WELFARE INSPECTORS AND OTHER WELFARE STAFF EMPLOYED ON DIVISIONS AND ESTABLISHMENTS FOR DEALING WITH STAFF COMPLAINTS

Name of Division Office	Senior Welfare Inspector		Welfare Inspectors		Welfare Assistants		Clerks	
	1964-65	1965-66	1964-65	1965-66	1964-65	1965-66	1964-65	1965-66
Lahore Division	...	...	2	2	...	...	2	2
Rawalpindi Division	...	...	2	2	...	...	2	2
Multan Division	...	...	2	2	...	...	2	2
Karachi Division ...	..	1	2	1	...	...	2	2
Sukkur Division	...	...	2	2	...	...	2	2
Quetta Division	...	...	2	2	...	...	1	1
Workshop Division, Moghalpura. ...	1	1	2	2	5	5	2	2

Headquarters Office.	...	...	1	1		...	4	4
Stores Depot, Moghalpura.	...	...	1	1	1	1	1	1
Signal Shop, Moghalpura.	...	...	...	...	...	...	1	1
Walton Training School.	...	...	1	1	...	...	...	...
Total ...	1	2	17	16	6	6	19	19

BUILDINGS RAISED WITHIN THE LIMITS OF RAILWAY STATIONS

*1654. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the names of such railway stations in the Province where permanent buildings, residential or otherwise, have been raised on the vacant lands within their limits in contravention of rules 813-A of the P.W.R. Engg. Code and the action taken or intended to be taken against the defaulters ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : There have been three instances in which permanent structures have been erected on the railway land in contravention of Rule 813-A of the Pakistan Railway Code for Engineering Department. These have been at Wazir Mansion on Karachi Division and Chaman and Quetta on Quetta Division.

The said unauthorised structures have been built by the lessees to whom Railway land has been leased out by the Railway Administration on the specific condition that permanent structures should not be erected. Prompt legal action has already been taken against the defaulters.

بابو محمد رفیق ۔ جو ایکشن وہ لے رہے ہیں وہ کیا ہے ؟

Parliamentary Secretary : As I have already stated there are only three such cases where permanent structures have been erected. One was erected at Wazir Mansion on Karachi Division. Legal action was taken

against the person concerned and the case is, at present, pending in a court of law. In Chaman, a decree has since been passed in favour of the Railway Administration and in Quetta also, proceedings are in progress for the ejectment of the occupant.

بابو محمد رفیق ۔ کوئٹہ اور چمن میں کس قسم کی تعمیرات تھیں یعنی وہاں کیا چیزیں بنائی گئیں ؟

Parliamentary Secretary : In Quetta a plot of land was leased out to Mr. Maula Bakhsh for selling provisions. The lessee, however, constructed a permanent structure. His licence has, therefore, been terminated and proceedings for ejectment have been initiated. In Chaman a plot of land was leased out to Mr. Muhammad Hussain for selling provisions. The lessee constructed a permanent shop there. His licence was cancelled and a suit was instituted. The court has passed a decree for the ejectment of the lessee.

نوابزادہ رحم دل خان ۔ جناب والا ۔ انہوں نے اس سے پہلے شیخوپورہ شور کوٹ ریلوے لائن کے سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ یہ زمین اگر پٹہ پر دے دی گئی تو ریلوے کے لئے اسے خالی کرانا مشکل ہو جائے گا جب وہ یہ زمین پٹہ پر دے رہے تھے کیا اس وقت ان کے دماغ میں یہ خیال نہیں تھا کہ یہاں بعد میں یہ مشکلات پیدا ہوں گی ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ میں نے اس سوال کے جواب میں یہ عرض کیا تھا کہ ان مقاصد کے لئے یعنی دوکانیں کھولنے کے لئے یا سرکاری اداروں کے لئے یہ زمینیں دے دی جاتی ہیں ۔ ماسوائے اس کے اور کسی مقصد کے لئے نہیں دی جاتیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ ان کے علم میں ہے کہ لاہور چھاؤنی میں ایک ٹھیکیدار نے اس زمین پر اپنے رہائشی مقاصد کے لئے بنگلہ تعمیر کر لیا ہے ۔ اس کا نام اس فہرست میں کیوں شامل نہیں کیا گیا ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ اب تک میری معلومات میں یہ بات نہ تھی اگر ایسی صورت ہے تو آپ مجھے تحریراً دے دیں میں اس کے متعلق دریافت کر کے پھر آپ کی خدمت میں عرض کر دوں گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں انشاء اللہ دے دوں گا ۔ اگر آپ کچھ کر سکتے ہیں اور کریں گے تو میں یہ اطلاع دوں ۔

PARTICULARS OF RETIRED RAILWAY EMPLOYEES

*3533. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the names, designations, ages and salaries of such Officers of the Railway Department who retired from service after completing the age of 60 years and were re-employed by the Railway Administration during the period from 1st July 1965 to Ist August 1966 ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : None of the retired railway officers was re-employed by the Railway Administration during the period in question.

T. A. DRAWN BY SENIOR/JUNIOR CHARGEMEN WORKING IN DIESEL RAIL-CAR SHED, LAHORE

*3615. **Mr. Munawar Khan** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the names of Senior/Junior Chargemen working in the Diesel Rail-car Shed, Lahore and month-wise travelling allowance drawn by them from January 1966 to June 1966?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The information called for in respect of the Senior/Junior Chargemen together with the details of T.A. drawn by them is furnished in Annexures 'A' and 'B'.

ANNEXURE A

TRAVELLING ALLOWANCE DRAWN BY SENIOR CHARGEMEN EMPLOYED IN DIESEL RAIL-CAR-SHED, LAHORE FOR THE PERIOD JANUARY 1966 TO JUNE 1966

Serial No.	Name	January 1966	February 1966	March 1966	April 1966	May 1966	June 1966
		Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
1	Mr. Iftikhar Hussain ...	12.50	25.00	25.00	25.00	18.75	12.50
2	Mr. Niaz Ahmed ..	18.75	18.75	18.75	25.00	25.00	31.25
3	Mr. Shaukat Ali ...	25.00	*Nil*	*Nil*	18.75	37.50	31.25
4	Mr. Jalis Ahmed ...	*Nil*	*Nil*	*Nil*	*Nil*	31.25	25.00
5	Mr. Muhammad Islam ...	50.00	50.00	60.00	56.25	76.25	42.50
6	Mr. Shahid Beg ...	66.25	43.75	62.90	51.25	62.50	*Nil*

ANNEXURE B

TRAVELLING ALLOWANCE DRAWN BY JUNIOR CHARGEMEN EMPLOYED DIESEL RAIL—CAR-SHED, LAHORE FOR THE PERIOD JANUARY 1966 TO JUNE 1966.

Se ria No.	Name	Jany. 1966	Feb. 1966	March 1966	April 1966	May 1966	June 1966
		Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
1	Mr. Muhammad Hanif ...	31.25	Nil	18.65	25.00	6.25	*Nil*
2	Mr. Abdul Haq ...	6.25	12.50	18.75	18.75	25.00	*Nil*
3	Mr. Dost Muhammad Khan	25.00	25.00	*Nil*	*Nil*	12.50	18.75

Mr. Munawar Khan : Would the Parliamentary Secretary, Railways, be pleased to answer my supplementary regarding Mr. Jalis Ahmed at serial No. 4 of the annexure. This man has not been given any chance to go rail running anywhere except for the last two months, i.e., May and June, 1966, when probably this question was put.

Parliamentary Secretary : As I have stated these tours and duties are allotted for the efficient working and running of the railway cars. It will be seen that the Senior Chargeman, Mr. Jalis, did not earn any Travelling Allowance during the period from January, 1966 to April, 1966 because during these months he was employed solely for the maintenance purposes in the shed and for the training of staff. Therefore, he could not be made available for running. On the other hand, Mr. Muhammad Islam and Mr. Shahid Beg earned more T.A. owing to the fact that they were sent out more often than the other Senior Chargemen because they were on the electricity side.

Mr. Munawar Khan : Were these gentlemen, who were sent out more often than the others and who earned more T.A., specially deputed to work at the houses constructed by some officials for electrification?

Parliamentary Secretary : I deny it. This is not possible.

مسٹر حمزہ ۔ اگر میں جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کروں ویسے تو انہیں پہلے بھی علم ہوگا ۔ کہ وہی ملازم افسروں

کے منظور نظر ہوتے ہیں جو ان کے گھروں میں کام کریں تو کیا وہ اس سے اتفاق کریں گے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ محض رائے کا معاملہ ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ حقیقت ہے اور مغربی پاکستان کی ریلوے میں یہ عام ہوتا ہے۔ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کا جنرل نالج اتنا کمزور نہیں ہونا چاہیے۔

Residential Colony for Officers and Subordinate staff in Railway Steel Shop, Lahore

*3637. **Mr. Munawar Khan** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state whether it is a fact that in Railway Steel Shop, Lahore, there is residential colony for Officers and subordinate staff; if so, the name and designation of each occupant, rate of monthly pay and rent paid by him with the accommodation available in the bungalow or the quarter occupied by each occupant, separately ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes. There is a residential colony for officers and subordinate staff which is in the neighbourhood of the Railway Steel Shop, Moghalpura. Information in respect of the names and designations of the occupants of the quarters in the said residential colony, their rates of pay, rents charged and accommodation available in the quarters is given in a statement at Appendix 'A'

APPENDIX 'A'

S. No.	Name of occupant.	Designation of occupant.	Rate of monthly pay.	Rent paid per month	Accommodation available in the bungalow/quarter.
1	Mr. C.M. Akhtar.	Manager	Rs 1710/-	61/12	3670 Sq. ft.
2	Mr. M. Saeed Ahmad	Assistant Manager.	Rs 685/-	33/37	2480 Sq. ft.
3	Mr. Abdul Hai Khan	Asstt. Works Manager. (General), Carriage & Wagonshop, Moghalpura.	Rs 685/-	67/50	3050 Sq. ft.
4	Mr. Abdul Jalal	Foreman.	Rs 590/-	20/68	1528 Sq. ft.
5	Mr. Muhammad Farooq	Foreman Steel Melting.	Rs 590/-	33/80	2494 Sq. ft.

1	2	3	4	5	6
6	Mr. Muhammad Shafi Dar.	Foreman Rolling.	Rs 650/-	31/50	2470 Sq. ft.
7	Mr. Muhammad Siddique.	Fire & Yard Master.	Rs 185/-	13/12	970 Sq. ft.
8	Mr. Hashim Raza.	Electric Foreman.	Rs 550/-	11/37	816 Sq. ft.
9	Dr. Muhammad Zahoor.	Sub. Asstt : Surgeon.	Rs 245/-	8/62	792 Sq. ft.
10	Mr. Mohd. Ibrahim.	Sub Inspector Watch & Ward.	Rs 170/-	6/-	389 Sq. ft.

APPOINTMENT OF FOREMEN IN SUKKUR DIVISION

*3701. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state: —

(a) the total number of Foremen of the Railway Department working at present in Sukkur Division of Pakistan Western Railway;

(b) the number of Foremen out of those mentioned in (a) above who are locals;

(c) whether it is a fact that only a few locals have been appointed as Foremen in the said Division; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Nine.

(b) One.

(c) As stated in reply to parts (a) and (b) of the question, there is only one local among nine Foremen in the Sukkur Division. This is because Foremen are not recruited direct but are appointed by promoting eligible staff already in service in the lower grades. Such promotion is made on an all Railway basis and the selected individuals are posted to stations where vacancies exist and in this process their domicile is not given any consideration.

خان اجون خان بھدون ۔ یہ لوگ سروس کی کونسی کلاس میں آتے ہیں ؟ کلاس تین میں چار میں یا دو ہیں ؟

Parliamentary Secretary : Foremen come in class III.

RAILWAY EMPLOYEES IN SUKKUR DIVISION

*3702. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state:—

(a) the total number of gazetted and non-gazetted Officers of the Railway Department working at present in Sukkur Division of Pakistan Western Railway;

(b) the number of Railway officials out of those mentioned in (a) above who are locals;

(c) action Government intend to take to give proper representation to locals in the said Division?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) Present strength of gazetted and non-gazetted staff in the Sukkur Division of the Railway is as follows :—

Gazetted	...	37
Non-Gazetted	...	13,027

(*b*) Amongst the staff at (*a*) above the following belong to the area falling within the jurisdiction of the Sukkur Division :—

Gazetted	...	3
Non-Gazetted	...	6,925

(*c*) Sukkur Division on P.W. Railway was created in 1963 and was formed by merging certain sections which were previously in the jurisdiction of the contiguous Divisions, viz., Karachi, Multan and Quetta. Staff employed on these sections were also transferred to the administrative control of newly created Sukkur Division in the ordinary course. The orders regulating local representation are not applicable to gazetted officers. As regards non-gazetted staff it will take some time before Sukkur Division conforms to the requirements prescribed in respect of zonal/regional representations. Meanwhile, recruitment for filling up vacancies in various categories of non-gazetted staff is being made from amongst the candidates domiciled in the Civil Districts falling within the jurisdiction of Sukkur Division in accordance with the policy of the Government.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ انہوں نے اپنے جواب میں ایک لفظ "علاقائی نمائندگی" استعمال کیا ہے ۔ کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں

کہ آیا علاقائی نمائندگی کو ملحوظ رکھتے ہوئے کسی ڈویژن کے گزیٹڈ اور نان گزیٹڈ سٹاف کو اس ڈویژن سے تعلق رکھنے والوں میں سے لیا جاتا ہے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جہاں تک کلاس I کی تقرری کا تعلق ہے انہیں کل پاکستان بنا پر لیا جاتا ہے ۔ جہاں تک درجہ سوم کے ملازموں کا تعلق ہے وہ نئی recruitment کے وقت اس ڈویژن سے ملحقہ سول اضلاع سے لئے جاتے ہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا میں ان کی توجہ اس امر پر مبذول کرا سکتا ہوں کہ ایس اینڈ ۔ جی ۔ اے ۔ ڈی سیکشن نے ایک ہدایت جاری کی تھی جس میں ہر ریجن کے کوٹہ کا فیصد تناسب مقرر کر دیا تھا ۔ کیا ریلوے والوں کے لئے اس کی پابندی لازم نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ وہ اس پر عمل کر رہے ہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ ابھی تو آپ جواب میں فرما رہے تھے کہ گزیٹڈ افسروں کو کل پاکستان بنا پر رکھا جاتا ہے ۔ حالانکہ اس ہدایت نامہ میں گزیٹڈ افسروں کو کوٹا بھی دیا گیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری - جو گورنمنٹ کی پالیسی ہے اس کے مطابق عمل کیا جا رہا ہے - کلاس تین کی recruitment علاقائی بنا پر کی جاتی ہے - مگر یہ class I کے لئے نہیں ہے - حکومت کے مقرر کردہ قواعد کے مطابق ان کی recruitment کل پاکستان بنا پر کی جاتی ہے -

بابو محمد رفیق - جناب والا - میرا مقصد پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب سے پوچھنے کا یہ تھا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ گزٹیڈ افسر علاقائی بنا پر certain backward areas. کیلئے merits یا پر بھرتی نہیں کرتے بلکہ انہوں نے percentage مقرر کی ہوئی ہے تو پھر جو سٹاف آپ نے بھرتی کیا ہے اسکے متعلق جواب میں اختلاف کیوں ہے ؟

Parliamentary Secretary : As I have said this is done according to the Government policy.

EXTRA ALLOWANCE DURING FESTIVAL HOLIDAYS TO LINE CLERKS, OFFICE CLERKS AND SHOP CLERKS

*3716. **Mr. Munawar Khan :** Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the Line Clerks, Office Clerks and Shop Clerks deputed to attend to their duties during Festival holidays are paid no extra allowance for the same, although other categories of Railway officials are paid 1½ time of their original pay for working on Festival Days;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Line clerks, office clerks and shop clerks are not paid any extra allowance for working on festival holidays, but are allowed compensatory leave in lieu. Only line staff of Commercial, Transportation, Medical, Engineering Departments are paid the said extra allowances at the rate of 50 percent of their wages in terms of the Industrial Court award, dated 11th August 1962.

(b) The award of the Industrial Court referred to in the reply to part (a) of the question is applicable only to line staff which category does not include clerical staff engaged on purely indoor duties. The Administration has filed an appeal in the High Court against the award.

DISPARITY IN THE WORKING HOURS OF RAILWAY CLERKS

*3717. **Mr. Munawar Khan** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that there is a common seniority list of office clerks grades I and II and line clerks grades I and II;

(b) whether it is a fact that pay scales of office clerks grades I and II, line clerks grades I and II and shop clerks grades I and II are identical;

(c) whether it is also a fact that while office clerks have to work 6½ hours a day, the line clerks and shop clerks have to work 6 hours a day;

(d) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for disparity in the working hours prescribed for office clerks and line and shop clerks and (*ii*) whether the Railway Administration intends to pay overtime allowance to the shop and line clerks for that period which is in excess of the working hours prescribed for office clerks; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) (*i*) Disparity in the working hours of the office clerks and shop/line clerks results from the variations in the working hours of the different establishments and difference in working conditions and nature of duties.

(*ii*) No. The question of paying overtime allowance to shop and line clerks does not arise. Both classes of clerks are governed by the hours

of employment regulations, under which overtime is paid if they work beyond 60 hours in a week on an average in a month. As shop and line clerks work for only 48 hours per week, they are not eligible for overtime allowance.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ پاکستان کے ہر ادارے میں ۴۸ گھنٹے کام کرنے پر اوور ٹائم دیا جاتا ہے۔ لیکن ریلوے کا ایک انوکھا ادارہ ہے جہاں ۶۰ گھنٹے کام کرنے کے بعد اوور ٹائم دیا جاتا ہے ۔ یہ ۴۸ گھنٹے کے مقابلہ میں ۶۰ گھنٹے کی مدت کیوں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ فاروقی صاحب نے سمجھنے کی کوشش نہیں کی ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ ۔

> "... .. Both classes of clerks are governed by the hours of employment regulations, under which overtime is paid if they work beyond 60 hours... .."

If they work more than 60 hours continuously in 3 weeks, they are entitled to that.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں جواب سمجھ گیا تھا ۔ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک ہفتہ میں ۶۰ گھنٹے کام کرے تو اسکو اوور

ٹائم دیا جاتا ہے ۔ اگر ایک شخص ایک ہفتہ میں ۵۰ گھنٹے یا ۵۸ گھنٹے کام کرتا ہے تو کیا آپ اسکو اوور ٹائم نہیں دیں گے ؟ آپ کا قانون پاکستان کے تمام صنعتی اداروں کے قانون سے مختلف کیوں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ یہ ریلوے کا قانون نہیں ہے ؟

This is governed by the Factories Act that pertains to the Labour Department of Provincial Govt.

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔ آپ نے بالکل درست بات کہی ہے۔ کہ فیکٹری ایکٹ کے تحت ۴۸ گھنٹے کام کرنے پر اوور ٹائم دیا جاتا ہے یعنی ایک مزدور ۸ گھنٹے روزانہ یا ہفتہ میں ۴۸ گھنٹے کام کرتا ہے تو اسکو اوور ٹائم ملتا ہے اور یہ پاکستان کے تمام صنعتی اداروں میں ہوتا ہے ۔ ۔ ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ فاروقی صاحب دونوں کی نوعیت الگ الگ ہے یہ لیبر کلاس ہے اور وہ منشیانہ عملہ ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا تمام مزدور اور منشیانہ عملہ کے لوگ فیکٹری ایکٹ کے تحت govern ہوتے ہیں؟ کیا یہ دونوں طریقوں سے govern ہوتے ہیں فیکٹری ایکٹ سے بھی اور شاپس ایکٹ سے بھی ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری۔ جناب والا۔ فاروقی صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے پہلے انہوں نے labourers کے متعلق کہا تھا جہاں تک labourers کا تعلق ہے they are governed by the Factories Act اور جہاں تک کارکوں کا تعلق ہے They are not governed by the Factories Act

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ پھر clerks کس رولز کے تحت Govern ہوتے ہیں ؟

Parliamentary Secretary : They are governed by the Government Servants Conduct Rules.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ وہ فیکٹریز ایکٹ کے تحت govern ہوتے ہیں اور اب وہ فرما رہے ہیں کہ وہ Government Servants Conduct Rules کے مطابق govern ہوتے ہیں ۔ وہ پہلے ہی مناسب بات کہیں ۔ میرا خیال ہے ان کا حافظہ کمزور ہے ۔ جناب والا۔ ان دونوں کی وضاحت فرمائیں کہ آیا یہ فیکٹری ایکٹ کے تحت کام کرتے ہیں یا Government Servants Conduct Rules کے تحت کام کرتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر۔ حمزہ صاحب انہوں نے کہا ہے کہ labourers فیکٹریز ایکٹ

کے تحت کام کرتے ہیں اور کلرک Government Servants Conduct Rules کے تحت کام کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے آپ کے سامنے یہ فرمایا ہے کہ وہ فیکٹریز ایکٹ کے تحت کام کرتے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے labourers کے متعلق عرض کیا ہے ۔ جہاں تک labourers کا تعلق ہے فیکٹریز ایکٹ ان پر حاوی ہے اور کلرکوں پر فیکٹریز ایکٹ حاوی نہیں ہوتا ۔

CONSUMPTION OF STEEL RAIL SCRAP IN RAILWAY STEEL SHOP ELECTRIC FURNACE

***3816. Sardar Haji Atta Muhammad:** Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state whether it is a fact that the steel rail scrap is supplied to the Electric Furnace of the Railway Steel Shop; if so, consumption thereof in the said shop during the financial years 1962-63, 1963-64 and 1964-65 along with the rate per ton at which the scrap in question was supplied to the electric furnace?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Yes. Scrap rails not required for structural and similar works are used, along with other classes of steel scrap available on the Railway, for manufacture of steel in the electric furnaces of the Moghalpura Steel Shop. The quantities of scrap rails used for steel manufacture during the years 1962—63, 1963-64 and 1964-65 are as under:—

	Tons
July 1962 to June 1963 ..	.. 430
July 1963 to June 1964	.. 593
July 1964 to June 1965	... *Nil.*

Price charged for the scrap rails supplied to the Steel Shop for steel manufacture was Rs. 540 per ton.

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ بیکار ریل کے لیے جو سٹیل شاپ کو مہیا کی گئی ہے مبلغ ۵۴۰ روپیہ فی ٹن قیمت لگائی ہے ۔ پھر میرے سوال نمبر ۳۸۱۹ میں ۲۵۵ روپیہ ۳۰ پیسہ فی ٹن بننے پر لگے ہیں ۔ اس کے حساب سے ۷۹۵ روپے ۳۰ پیسے فی ٹن لگنے کے بعد بنتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary: Point of order Sir. Which question is the Member referring to? I think he is mixing up this question with some other question.

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب کیا آپ اس سوال کو کسی دوسرے سوال کے ساتھ پڑھ رہے ہیں ۔ اس سوال کا نمبر کیا ہے ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ اس سوال کا نمبر ۳۸۱۹ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ سوال نمبر ۳۸۱۹ اور اس سوال کے جواب کو ملا کر ضمنی سوال پوچھ رہے ہیں کہ ۵۴۰ روپیہ قیمت فی ٹن درست نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا۔ ۵۴۰ روپیہ فی ٹن بھٹی پر بھیجنے کا ہے ۔ اس کے بنانے کا خرچ سوال نمبر ۳۸۱۹ میں بتایا گیا ہے اور وہ ۲۵۵ روپے ۳۰ پیسے ہے اس طرح ۷۹۵ روپے ۳۰ پیسے بنتے ہیں ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے اسکا جواب پوچھتا ہوں ۔ اس سے پہلے خان منور خان صاحب کے سوال نمبر ۳۵۴۹ کے جواب میں بتایا ہے کہ ۳۶۶ روپے میں بیکار ریل فی ٹن ملتا ہے ۔ آیا وہ جواب صحیح ہے یا یہ جواب صحیح ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ حاجی صاحب کا سوال تو بہت لمبا ہے ۔ اگر یہ دونوں سوالوں کو غور سے پڑھیں تو محسوس ہوگا کہ یہ سکریپ مختلف ہے جس

سکریپ کا سوال نمبر ۳۸۱۶ میں ذکر ہے وہ اس سے مختلف ہے اور سوال نمبر ۳۸۱۹ میں جو سکریپ دیا ہے وہ بھی مختلف ہے ۔ جو تفصیل معلوم کی گئی ہے اسکے متعلق بتایا گیا ہے۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ خدا جانے میں نہیں سمجھتا یا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نہیں سمجھتے ۔ اگر میں نہیں سمجھتا تو سپیکر صاحب مجھے سمجھا دیں اور اگر پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نہیں سمجھتے تو سپیکر صاحب ان کو سمجھا دیں ۔

جناب والا۔ میرے سوال نمبر ۳۸۱۶ کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ''قیمت جو بیکار ریل کے لئے جو سٹیل شاپ کو مہیا کی گئی مبلغ ۵۴۰ روپیہ فی ٹن کے حساب سے لگائی تھی'' اور سوال نمبر ۳۸۱۹ میں ۲۵۵ روپے ۳۰ پیسے ایک ٹن سٹیل انگاٹس کے بتائے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ دونوں مختلف ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اگر جناب حاجی صاحب اس چیز کو نہیں سمجھ سکتے ہیں ۔ تو میں انہیں سمجھانے کی غرض سے آپ کی وساطت سے یہ عرض

کرون گا ۔ کہ اس سوال میں انہوں نے ریلوے سٹیل شاپ کے متعلق تفصیلات معلوم کرنی چاہی ہیں ۔ اور جہانتک کہ ان کے سوال نمبر ۳۸۱۹ کا تعلق ہے۔ اس میں انہوں نے mixed steel scraps کے متعلق پوچھا ہے ۔ اور ان دونوں میں بڑا فرق ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ مختلف کس چیز کو کہتے ہیں ۔ آپ نے یہاں پر تو یہ لکھا ہے کہ سٹیل بلٹیس انگاٹس سے بنائی جاتی ہیں ۔ اس کام کیلئے مبلغ ۹۹۰۱۰ روپیہ فی ٹن خرچ آتا ہے ۔ دوسرے لفظوں میں ایک ٹن بلٹوں کے لئے بیکار سٹیل کی قیمت کو چھوڑ کر ۲۵۵۰۳۰ روپیہ انگاٹس پر اور ۹۹۰۱۰ روپیہ بلیٹس بنانے کے لئے کل ۳۵۴۰۴۰ روپیہ آتی ہے،، یہ الگ لگا ہوا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا۔ میں آپکی وساطت سے جناب حمزہ صاحب سے درخواست کروں گا ۔ کہ اگر وہ سمجھ گئے ہوں ۔ تو وہ حاجی صاحب کو سمجھا دیں ۔ البتہ میں پھر یہ عرض کرونگا ۔ کہ ان کا سوال نمبر ۳۸۱۹ جسکے متعلق وہ تفصیلات معلوم کر رہے ہیں ۔ میں ان کی معلومات کیلئے مزید یہ عرض کرونگا ۔ کہ اس سکریپ کی قیمت ۱۲۱۰۵۰ روپے ہے ۔

Mr. Speaker : Next question.

Mr. Hamza : Supplementary question, Sir,

Mr. Speaker : Yes, please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب حاجی صاحب فرما رہے تھے ۔ اور میرے خیال میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اب تک ان کا سوال ہی نہیں سمجھ سکے ۔ صورت حال یہ ہے ۔ کہ سوال نمبر ۳۸۱۶ کا جو جواب دیا گیا ہے ۔ اس میں انہوں نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ جو سکریپ مہیا کئے جاتے ہیں ۔ اسکی قیمت Rails کی ۵۴۰/- روپے فی ٹن ہے ۔ اور اس سے آگے سوال نمبر ۳۸۱۹ میں انہوں نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ انہیں انگاٹس میں تبدیل کرنے کے لئے فی ٹن خرچ ۹۵.۳۰ روپے آتا ہے ۔ ۔ ۔

بابو محمد رفیق ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جب آپ next question کہہ دیں ۔ تو کیا پھر کوئی ممبر گذشتہ سوال کے متعلق تفصیلات معلوم کر سکتا ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ جی ہاں ۔ بشرطیکہ میں اسکی اجازت دیدوں اور میں نے حمزہ صاحب کو اجازت دیدی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ خان منور خان نے ۱۲ جولائی ۶۶ء کو ایک

سوال نمبر ۳۵۴۹ کے ذریعے یہ دریافت کیا تھا ۔ کہ آپ یہاں پر جو ingots سے Steel Billets تیار کرتے ہیں۔ اور جو یہاں پر Steel Shop میں تیار کی جاتی ہیں اسکی قیمت کیا ہے ۔ اور آپ نے فرمایا تھا کہ ۳۷۶۰۸۰ روپے تو آپ کے جوابات میں تضاد ہے ۔ کیونکہ آپ خرچ تو بتاتے ہیں ۔ کہ -/۷۹۵ روپے آتا ہے ۔ لیکن اب آپ فرماتے ہیں کہ وہ -/۳۱۰ روپے ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ مجھے پھر یہ گلہ ہے ۔ کہ جواب کو حمزہ صاحب بھی نہیں سمجھ سکے ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ سوال نمبر ۳۸۱۶ میں ریل سٹیل سکریپ کے متعلق قیمت دی گئی ہے اور یہ ریل سٹیل سکریپ مکسڈ سٹیل سکریپ (Mixed Steel Scrap) سے مختلف ہے ۔ اور سوال نمبر ۳۸۱۹ میں جو قیمتیں دی گئی ہیں ۔ انگاٹس بنانے کی ۔ اس میں ریل سٹیل سکریپ استعمال نہیں ہوتا ۔ یہ مہنگا ہوتا ہے ۔ وہاں پر مکسڈ سٹیل سکریپ استعمال ہوتا ہے ۔ یہ دونوں مختلف چیزیں ہیں ۔

---

*۳۸۱۷ - **حاجی سردار عطا محمد** ۔ آیا پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے از راہ کرم پاکستان ویسٹرن ریلوے پر ایک میل لمبی ریل پٹڑی بچھانے کا اوسط خرچ بیان فرمائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ فی میل خرچ برائے تعمیر

نئی لائن کا انحصار زمین کی قسم دریا کے کراسنگ جو بنائے جانے ہوں، درجہ تعمیر اور زمین کی قیمت پر ہے ۔ کھلے میدانی علاقہ میں جسمیں بڑے دریائی کراسنگ نہ ہوں اوسط درجہ کی نئی ریلوے لائن کی تعمیر کے لئے سامان کے موجودہ نرخوں اور عملہ کی اسوقت کی تنخواہوں کی بنا پر اوسط خرچ فی میل ۱۶۸ لاکھ پرانی ریل کے ساتھ اور ۳۶۸ لاکھ نئی ریل کے ساتھ آتا ہے ۔

---

*۳۸۱۸ ۔ **حاجی سردار عطا محمد** ۔ کیا پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ آیا یہ امر واقعہ ہے کہ پی ۔ ڈبلیو ۔ آر کے صدر دفتر لاہور اور سٹیل شاپ مغلپورہ میں کینٹین ریلوے انتظامیہ کے تحت چل رہی ہیں۔ اگر ایسا ہو تو (اول) یکم جنوری ۱۹۶۶ء تا یکم جون ۱۹۶۶ء تک کی مدت میں ہر دو کینٹینوں میں کل کتنے افراد کو ملازم رکھا گیا اور (دوم) ان کے نام، عہدے، ماہانہ تنخواہیں اور ان کی تقرری کی تاریخیں کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جی نہیں ۔ دفتر ریلوے ہیڈ کوارٹر اور سٹیل شاپ مغلپورہ کی کینٹینوں کو ریلوے ملازمین میں سے منتخب شدہ کمیٹیاں چلاتی ہیں ۔ ان کو چلانے کے لئے جو عملہ رکھا گیا ہے وہ

کینٹینوں کے ملازم ہوتے ہیں ۔ ان وجوہات کے پیش نظر حصہ (i) و (ii) بالا کے جواب کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ مجھے افسوس کے ساتھ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو کہنا پڑیگا ۔ کہ دروغ گو را "حفظہ،، باشد سوال نمبر ۳۸۱۸ کا جواب تو آپ نے ایسا ھی دیا ھے ۔ اور اس سے پہلے ۱۲ جولائی ۶۶ء کو خان منور خان کے ایک سوال کے جواب میں آپ نے ملازمین کے نام بھی بتائے ہیں ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کہ آیا آپ کا یہ جواب صحیح ہے ۔ یا وہ جواب صحیح تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ میرا حافظہ تو ہے ۔ لیکن حاجی صاحب کی طرح میرا "حفظہ،، نہیں ہے ۔ بہرحال اگر وہ ملازمین کے نام دریافت کرنا چاہیں ۔ تو وہ میں اب بھی عرض کر سکتا ہوں ۔ لیکن آپ کا سوال مختلف ہے ۔ اس کا جواب دیدیا گیا ہے ۔ کہ یہ ریلوے کے ملازمین نہیں ہوتے ۔ بلکہ کینٹین کے ملازم ہوتے ہیں ۔ اور اس کینٹین کو چلانے کے لئے ریلوے ملازمین کی ایک کمیٹی ھے ۔ جو کہ اسے خود چلاتی ھے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ پہلے تو یہ فرمائیں کہ ۱۲ جولائی ۶۶ء کا سوال نمبر ۳۵۵ کا جواب آپ کے اس جواب سے موافقت کرتا ہے ۔ یا نہیں ۔ خان منور خان نے یہ سوال کیا تھا ۔ کہ ریلوے کی کینٹین کے جو ملازمین ہیں وہ کتنے ہیں ۔ اور ان کے نام کیا کیا ہیں ۔ تو آپ نے جواب میں کہا تھا ۔ کہ خان محمد ، محمد حنیف ، محمد الیاس اور محمد لطیف ۔ آیا یہ دونوں سوالات آپس میں موافقت کرتے ہیں ۔ یا کہ یہ دونوں مختلف سوالات ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب حمزہ صاحب سے درخواست کرونگا ۔ کہ وہ حاجی صاحب کو جواب سمجھا دیں ۔

Mr. Hamza : Sir, on a point of personal explanation.

جناب سپیکر ۔ اگر وہ ملازمین جو یہاں پر کام کرتے ہیں ۔ محکمہ ریلوے کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے تو پھر حکومت کی طرف سے انکے نام بتا دینے کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ۔ آپ نے اپنے person کے متعلق تو کچھ بھی نہیں فرمایا ۔

وزیر بلدیات ۔ در اصل ان کو اپنے person کے متعلق کچھ پتہ ہی نہیں ہے ۔

COSTS OF PRODUCING AND MANUFACTURING ONE TON STEEL INGOTS AND BILLETS IN RAILWAY WORKSHOPS

***3819. Haji Sardar Atta Muhammad:** Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the cost of electricity, chemicals and other ingredients used, together with other direct and indirect costs incurred at each stage of the process of producing and manufacturing one ton steel ingots and billets, separately, excluding the cost of steel scrap or other steel used for manufacturing this material in the Railway Workshops?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan):

(1) *Steel ignots*

The break-up of the expenditure entailed in manufacturing one ton of steel ignots, excluding the cost of steel scrap, is given below:—

	Rs.
(a) Cost of electricity consumed	67·57
(b) Cost of ferro alloys	30·48

(c) Direct labour	...	...	...	...	18·12
(d) Other indirect costs	...	...	...	...	139.13
		Total			255·30

(2) *Steel billets*

Steel billets are processed from steel ingots. Cost of this manufacturing process works out to Rs. 99.10 per ton. In other words total cost of manufacturing one ton of billets, excluding steel scrap, is Rs. 255·30 on account of ingots plus Rs. 99.10 for processing into billets equal to Rs. 354·40.

Sir, this question has already been discussed in connection with question No. 3816.

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب کیا آپ اس کے متعلق کوئی ضمنی سوال دریافت کرنا چاہتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جی نہیں ۔

MANUFACTURE OF PLUNGERS AND BUFFERS IN STEEL SHOP, MOGHALPURA

*3820 **Mr. Munawar Khan**: Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the plungers and buffers were recently manufactured in steel shop at Moghalpura; if so, the expenditure incurred thereon, along with the cost of scrap used in manufacturing these materials, separately;

(b) whether the materials mentioned in (a) above are still manufactured in the said steel shop; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) Buffer plungers and buffer casings are cast in the Railway Steel Shop, Moghalpura, on a regular basis. In the case of the work orders recently completed for these items, the cost worked out to Rs. 67·53 for a buffer plunger casting and Rs. 109·10 for buffer casting. These cost figures include Rs. 8·65 and Rs. 7·03, respectively on account of steel scrap used in the manufacture of these items.

(b) Yes.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں پھر بھی یہ کہوں گا ۔ کہ اسی سوال کا جواب انہوں نے ۱۲ جولائی ۶۶ء کو نوابزادہ نور الحسن صاحب کے ایک سوال نمبر ۹۰۰ میں یہ دیا تھا ۔ کہ کراچی سے ۱۸۲۶۷۵ روپے ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں ۔ کہ گذشتہ اجلاس

میں دیئے گئے جواب میں اور آج کے جواب میں اختلاف ہے ۔ تو آپ اس کا حوالہ دیکر ایک نیا سوال پوچھ سکتے ہیں ۔

نوابزادہ نور الحسن ۔ یہ اس لسٹ میں موجود ہے ۔ اور اس کا حوالہ دیا جا رہا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ تو اس میں وہ یہ کہتے ہیں ۔ کہ کراچی سے ۱۸۲۶۷۵ روپے میں یہ منگائے جاتے ہیں ۔ تو پھر ۱۱۶۴۱۰ روپے جو بنتے ہیں۔ تو پھر ۱۸۲۶۷۵ میں منگانے کی کیا ضرورت ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ مجھے اس مسئلے پر بھی یہ عرضداشت کرانی پڑے گی ۔ کہ اگر جناب حاجی صاحب اپنے حافظے پر زور دیں ۔ تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ سوال نمبر ۳۰۰۹ کے جواب میں جو ۱۸۲۶۷۵ روپے کی رقم دی گئی ہے ۔ اگر اس کا موازنہ اس سوال کے جواب سے کریں ۔ تو اس میں ۱۷۶ روپے اور کچھ پیسے بنتے ہیں ۔ یعنی پانچ روپے اور کچھ پیسے کا فرق ہے ۔ آپ اس چیز کا تو احساس کریں ۔ کہ جو چیز ریلوے خود بناتی ہے۔ تو اس میں اتنا فرق ضرور پڑیگا۔ اور اگر باہر والوں کو order place کریں گے ۔ تو اس میں دو یا ڈھائی فیصد کا اضافہ ضرور ہوگا ۔

حاجی سردار عطا محمد - جب یہ ریلوے خود بناتی ہے - اور اس طرح ان کو سستے پڑتے ہیں - تو اس کو باہر سے منگوانے کی کیا ضرورت نہیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جب ریلوے کی ضروریات اسکی تعمیر سے بڑھ جاتی ہیں- تو لازماً اسکو اپنی ضرورت پوری کرنے کیلئے باہر آرڈر دینے پڑتے ہیں-

حاجی سردار عطا محمد - کیا اس کے منگانے کے لئے آپ نے ٹینڈرز بلائے تھے اور کوئی تاریخ مقرر کی تھی نیز اخبارات میں حوالہ دیا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ سوال چونکہ سوال نمبر ۴۰۰۹ سے متعلق ہے اس لئے اس کا جواب اس وقت دیا جائے گا جب وہ سوال پیش ہو گا -

---

*۳۹۲۶ - **حاجی سردار عطا محمد** - کیا پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ۱۹۶۴ء میں ریلوے سٹیل شاپ مغلپورہ میں ایک کرین کا حادثہ ہو گیا جس کے نتیجہ میں غفور نامی ایک کارکن ہلاک ہو گیا -

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو آیا اس ضمن میں کوئی تحقیقات کی گئی -

(ج) اگر جزو (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو (۱) حادثہ کے ذمہ دار اشخاص کے نام کیا ہیں اور (۲) انکے خلاف کیا کارروائی کی گئی اور اگر کوئی کارروائی نہ کی گئی ہو تو اسکی وجوہ کیا ہیں ۔

(د) اگر جزو (ب) بالا کا جواب نفی میں ہو تو اس افسر کا نام کیا ہے جس نے تحقیقات نہ کرائی اور متذکرہ افسر کے خلاف کیا کارروائی کی گئی یا کئے جانے کا ارادہ ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔ ریلوے سٹیل شاپ مغلپورہ میں ۱۹۶۴ء میں ایک کرین کا حادثہ ہوا تھا ۔ جس میں ایک ریلوے ملازم مسمی عبدالغفور جان سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا ۔

(ب) جی ہاں ۔ حادثہ کے متعلق انکوائری کی گئی تھی ۔

(ج) اگرچہ کوئی بھی اس حادثہ کا بالواسطہ ذمہ دار گردانا نہیں گیا تھا لیکن مندرجہ ذیل عملہ کے خلاف جس نے اس کرین چلانے کے متعلق چند حفاظتی قوانین پر عمل نہیں کیا تھا ۔ جو ضابطہ کی رروائی کی گئی تھی وہ درج ذیل ہے ۔

نام	عہدہ	سزا
(۱) مسٹر عبدالحمید	چارج مین	تنبیہہ کی گئی :
(۲) مسٹر تاج دین	مستری	" " "
(۳) مسٹر دین محمد	سگیلٹ فٹر	" " "
(b) No. Passengers travelling from Quetta to Peshawar, Rawalpindi and Lahore and *vice versa* are not inconvenienced, because through coaches providing requisite accommodation for all classes of passengers are attached to Khyber Mail, Tezgam and Awami Express trains, which connect with suitable services at Rohri.

(c) In view of the reply to (b) above, the question of providing a pirect Express train between Quetta and Peshawar does not arise.

ATTACHMENT OF BOGIES FOR THROUGH PASSENGERS FOR QUETTA WITH 13-UP AND 14-DOWN TRAINS

*4205. **Babu Muhammad Rafiq**: Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that at the time of introducing "Awami Express" three bogies for through passengers for Quetta used to be attached with 13-Up and 14-Down trains at their starting points ;

(b) whether it is a fact that only two such bogies are being attached at present resulting in much inconvenience to the passengers ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reason for reducing the number of said bogies now and whether Railway Administration intend to revert to their past practice ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No. When Awami Express train was introduced in November 1964, no through carriages were attached for passengers travelling to and from Quetta. Later, however, 3 through carriages, one between Peshawar Cantt. and Quetta and two between Lahore and Quetta were provided on this train from April 1965.

(b) Yes. From April 1966, the three through carriages have been curtailed to two-one serving between Peshawar Cantt. and Quetta and the other between Lahore and Quetta. These two through carriages are adequate for the traffic offering by Awami Express to and from Quetta and, therefore, the question of inconvenience to passengers does not arise.

(c) The number was reduced from three to two, because it was found that two through carriages were sufficient to conveniently clear the entire through traffic offering for Awami Express between Quetta and Lahore Peshawar.

CONSTRUCTION OF RAILWAY STATION SAHOWALA BETWEEN SAMBRIAL AND UGGOKE RAILWAY STATIONS

*4282. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that construction of Railway Station Sahowala between Sambrial and Uggoke Railway Stations was sanctioned by the Railway Administration and the construction work on the said Railway Station was in progress when India launched an attack on Pakistan during September 1965,and that the said work was stopped on that account;

(b) whether it is a fact that after cessation of hostilites, the work of construction of the said Railway Station has not yet been resumed ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the time by which the construction work on the said Railway Station will be resumed and completed ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes. The work of constructing a pucca station building and staff quarters was sanctioned in 1965-66 Annual Development Programme. This work was taken in hand but it was suspended when Indo-Pakistan hostilities broke out in September, 1965.

(b) Yes. The work could not be resumed after the cessation of hostilities in 1965-66 because this year's allocation was drastically curtailed.

(c) Provision for the work has been made in the current financial year. It is expected to complete it before the end of this year.

RUNNING OF A LOCAL TRAIN BETWEEN JHOL AND MIRPURKHAS

*4402. **Rais Atta Muhammad Khan Marri Baloch** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that there is a great public demand for running a local train between Jhol and Mirpurkhas ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Railway Administration intend to accede to the public demand ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No.

(b) in view of the reply to (a) above, the question does not arise.

STRIKE NOTICE SERVED BY P.W.R. UNION ON 13TH OCTOBER 1964

*4562. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the P.W.R. Union served the Railway Administration with a Strike Notice on 13th October 1964 containing 46 demands ;

(b) whether it is a fact that 44 out of the said 46 demands were declared as frivolous, vexatious and inexpedient on public grounds and the other 2 demands remained under adjudication of the Industrial Court from December 1964 to December 1965 ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether the award of the Industrial Court on the said two demands has been received ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes.

(b) 12 demands were declaerd to be inexpedient on public grounds and 32 demands were declared to be frivolous and vexatious and their reference to the Industrial Court to be inexpedient on public grounds.

(c) The award of the Industrial Court in dispute No. 73 of 1964 which covers demands No. 14 and 41 of the annexure to the strike notice served by the Pakistan Western Railways Union on the Pakistan Western Railway Administration on 13th October 1964, has been published in the *Gazette of West Pakistan, Extraordinary* issue of 13th October 1966.

Residential Quarters Meant for Subordinate Staff of P.W.R. in Burt Colony

***4588. Malik Muhammad Akhtar** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state whether it is a fact that residential quarters meant for subordinate staff of P.W.R. in Burt Colony, Lahore have been converted into Officers residences ; if so,

(i) the expenditure incurred on the said conversion ;

(ii) the authority who sanctioned the incurring of the said expenditure ;

(iii) the budgetary head to which the said expenditure was debited ; and

(iv) the names of officers to whom the said residences have been allotted ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The Question was received on 21-11-1966. The information is being collected and will be laid on the Table of the House in due course.

PROVIDING RENT-FREE ACCOMODATION TO NURSES IN PAKISTAN WESTERN RAILWAY HOSPITALS

*4589. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that many Nurses in Pakistan Western Railway Hospitals have not been provided with rent-free accommodation as required under their service rules ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the number of such Nurses and the reasons for not providing rent-free accommodation to them ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No. Majority of the nurses working in Railway hospitals have been provided with rent-free railway accommodation.

(b) Out of a total of 66 nurses working in the hospitals on Pakistan Western Railway, only 19 have not been provided with rent-free accommodation, due to overall shortage of quarters. These 19 nurses are being paid house rent in lieu of rent-free accommodation as admissible under the rules.

Running of Pakistan Railways Information Bureau in Hotel Metropole, Karachi

*4630. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) the cost of running the Pakistan Railways Information Bureau in Hotel Metropole, Karachi during the years 1963-64 and 1965-66 ;

(b) the actual amount earned through the efforts of the said Bureau during each of the said years;

(c) the number of excursion trains organised by the said Bureau from 1963-64 to 1965-66 and the amount earned from this source;

(d) whether it is a fact that it has now been decided to close the said Bureau henceforth; if so, reason therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The question was received on 23.11.1966. The information is being collected and will be laid on the Table of the House in due course.

13-Up and 14-Down Awami Express Trains

*4640. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the starting point and terminus of 13-Up/14 Down Awami Express is Karachi Cantt, Railway Station instead of Karachi City;

(b) whether it is a fact that Karachi City Railway Station is situated in the heart of the town and is more conveniently approachable by the general public ;

(c) the practical difficulties in making Karachi City Railway Station as the starting point and terminus for 13-Up/14-Down Awami Express and if there are no difficulties, whether Railway Administration would consider the advisability of effecting this change?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes. Karachi Cantt. Railway station is the originating and terminating station of 13 up/14 Down Awami Express.

(b) It is correct that Karachi City railway station is situated in the heart of the city and is more conveniently approachable for the residents of the city. On the other hand Karachi Cantt. railway station cannot be said to be inconvenient in the context of overall expansion and development of Karachi.

(c) There are practicable difficulties in starting and terminating 13 up/14 down Awami Express from Karachi City. This station because of its hemmed-in-location does not permit of any augmentation in its

existing capactity for the reception and departure of passenger trains. The existing capacity is already overtaxed and therefore, it is wholly impracticable to start and terminate any additional trains from this station.

ADDITIONAL NON-GAZETTED POSTS IN STORES BRANCH OF RAILWAY HEADQUARTERS OFFICE, LAHORE

*4646. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to refer to part (d) of the answer to my starred question No. 3134 placed on the Table of the House on 17th June 1966 and state whether the final decision in respect of placing on permanent footing the additional non-gazetted (Clerical) posts created at the time of bifurcation of the Stores Branch of the Railway Headquarters Office, Lahore has since been taken; if not, reasons therefor and the further time required for taking the said decision?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : This question was received on 23.11.1966. The information is being collected and will be placed on the Table of the House, in due course.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

ELECTRIC POWER FOR TRAINS BETWEEN LAHORE AND KHANEWAL.

228. **Khawaja Muhammad Safdar** : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state the estimated Electric Power in K.Ws.

required for running the normal number of electric trains between Lahore and Kanewal?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : It is estimated that 20,000 Killo-Watts would be required for working normal train services on the electrification of Lahore Khanewale section.

RAILWAY DEVELOPMENT SCHEMES

258. Babu Muhammad Rafiq : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) the scheme-wise amount allocated by Government to Quetta/ Kalat Region for the implementation of Railways development schemes during the years 1964-65 and 1965-66; alongwith the names of such schemes;

(b) the total expenditure incurred by Government on the said schemes during the said period ;

(c) in case there was any excess expenditure or saving, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : The question was received on 23-11-1966. The information is being collected and will be laid on the Table of the House in due course.

PAYMENT OF COMPENSATION TO THE PERSONS, AFFECTED BY RAILWAY ACCIDENTS.

259. Babu Muhammad Rafiq : Will the Parliamentary Secretary Railways be pleased to state :—

(a) total number of railway accidents that occurred during 1965-66; along with the number of persons (i) died, (ii) injured, and the value of private and Railway Property lost due to the said accidents;

(b) whether any inquiry was instituted by Government in respect of the said accidents; if so, the details thereof and the action taken by Government on the inquiry report;

(c) the steps Government intend taking to avoid such accidents;

(d) the amount of compensation paid by Government to the affected persons; if no compensation has so far been paid, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) The number of train accidents that occurred during the year 1965-66 was 68. The number of persons killed/injured is given in the attached statement.*

Information regarding loss of private property is not available with the Railway. The loss caused to railway property in 30 of these accidents was Rs. 1,77, 223,00. There was no damage to railway property in the remaining 38 accidents.

(b) Excepting 4 casses of minor nature in which the cause and responsibility for the accidents were otherwise determined enquiries were held in all the accidents by Committees of Railway Officials at various levels as per details given below :

*Please see Appendix V at the end.

Officials who conducted enquiry.	Number of cases enquired into.
(i) Committee of Divisional Officers.	13
(ii) Committee of Asstt. Officers.	45
(iii) Committee of Senior Subordinates.	6

The Enquiry Committees fixed responsibility for 29 accidents on the railways staff and for 3 collisions with road vehicles on both the drivers of road vehicles and railway gatemen. Suitable action has been taken against railway staff under the Railway Servants (Efficiency andDiscipline) Rules, 1961. In 17 cases of collisions with road vehicles at level crossings the responsibility was fixed on drivers of road vehicles who violated Section 124 (a) of the Railways Act IX of 1890 and Section 91 of the West Pakistan Motor Vehicles Ordinance 1965, In this connection the Police authorities have recently taken steps to ensure that drivers of road vehicles strictly comply with Section 91 of West Pakistan Motor Vehicles Ordinance which is reproduced below :—

"91 (1) The driver of a transport vehicle who desires to pass over a Railway level crossing shall cause the vehicle to stop before the crossing and shall not attempt to pass over the crossing unless the conductor of the vehicle or where the vehicle has no conductor a person authorised in this behalf by the owner of the vehicle in writing other than the driver of the vehicle walks before the vehicle until it has cleared the railway lines.

(ii) The name and particulars of the persons authorised by the owner under sub-section (i) shall be reported by the owner to the Registration Authority.

(iii) A person shall not be deemed to have been authorised by the owner of the vehicle for the purposes of sub-section (i) unless he had in his possession at the time of performing the act required to be done under that sub-section the written authority of the owner in this behalf."

The Enquiry Committees attributed 11 accidents beyond the control of the Railway Administration viz., flood affecting the track, derailment due to running over of buffaloes etc., as such no one was held responsible in these cases. Investigations into the remaining 4 cases are expected to be completed shortly.

(c) Necessary steps have been taken to exercise greater control and supervision on the working of staff connected with train operation.

(d) 18 Claims regarding the Railway Accidents that occurred during the period from 1st July, 1965 to 30th June, 1966, were received. Out of these 18 cases, claims were repudiated in 14 cases as the Railway Administration was not held responsible for accidents in these cases. The remaining 4 claims are under investigation.

QUESTION OF PRIVILEGE

RE : INCOMPLETE REPLY GIVEN BY THE HEALTH MINISTER TO STARRED QUESTION NO. 3776

Mr. Speaker: We will now take up the Privilege Motion by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg leave to raise a question involving breach of the privilege of the House as well as its Members caused by incomplete reply given by the Health Minister in reply to Starred Question No. 3776 answered in the House on 25.11.66.

The Honourable Speaker was pleased to allow the question in the following form:—

> 3776. Chaudhri Muhammad Nawaz : Will the Minister of Health be pleased to state :—
>
> (a) the names and academic qualifications along with divisions and marks obtained in the last examinations of the applicants who applied for admission to the First Year, M.B.B.S., Class of Fatima Jinnah Medical College for Women at Lahore, during the years 1963-64, 1964-65 and 1965-66 ;
>
> (b) the names of the applicants out of those mentioned in (a) above who were not admitted along with the reasons for their rejection?

The Health Minister, however, has only given the division-wise position of candidates and the number of candidates who were not admitted during the year 1963-64 to 1965-66. It has been stated that it is not possible to give the names of applicants as it amounts to several thousand candidates from the different regions of Pakistan.

The figures indicate that 2131 boys were admitted and 1871 were not admitted during these years.

The Health Directorate has infringed the privileges of this House by not answering the questions as admitted, with the result that the very purpose of the question has been defeated by incomplete reply.

جناب والا۔ پیشتر اس کے کہ اس پر جھگڑا کیا جائے یہ ایک اصول کا مسئلہ ہے اور یہ سوال بھی برسراقتدار پارٹی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے ۔ میں صرف ایک اصول کی خاطر لیڈر آف دی ھاؤس سے درخواست کروں گا کہ وہ اس پریولیج موشن پر بڑے اطمینان سے سوچ و بچار فرمائیں اور اگر وہ ایک پریولیج کمیٹی بنا دیں تو سارا ھاؤس مشکور ہو گا تاکہ ہم پر یہ چیز واضح ہو جائے کہ ہم نے کس حد تک سوال کرنے ہیں اور ان کے جوابات کس حد تک آنے ہیں ۔

وزیر صحت (بیگم زاھدہ خلیق الزمان)۔ جناب والا ۔ جیسا کہ ملک اختر صاحب نے ابھی فرمایا کہ کہ کل امیدوارں کی تعداد ۲۱۳۲ تھی جن کی درخواستیں موصول ہوئیں ۔ میں ابھی وہ تمام درخواستیں لے آئی ہوں ۔ اور وہ میرے آفس میں ہیں ۔ اگر وہ آپ چاھیں تو دیکھ سکتے ہیں لیکن وہ ڈھیر کا ڈھیر ہے ۔ چونکہ ہمارا عملہ بہت مصروف تھا ۔ داخلے وغیرہ کئے گئے اور وقت نہیں مل سکا کہ وہ لسٹیں وغیرہ تیار کر کے دے سکیں لیکن اگر آپ چاھیں تو ہم ان کو مہیا بھی کر سکتے ہیں ویسے اگر آپ چاھیں تو ان ناموں کی تفصیل جا کر ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ جب بھی آئندہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے سوالات ہوں تو یہ لسٹیں آ جانی چاھئیں ۔

وزیر صحت ۔ ضرور آ جائیں گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ یہ فرمائیے کہ ایک سوال کے جواب میں بہت لمبی تفاصیل جو ہیں اور اس سوال سے جو مقصد برآمد ہونا مطلوب ہے تو میرا خیال ہے کہ اتنی محنت اس مقصد کے مطابق تو نہ ہو گی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اول ایک تو اس چیز پر فیصلہ ہو گیا ہے لیکن میں گزارش کرتا ہوں کہ محکمہ کو ایسے اختیارات نہ دئیے جائیں ۔ پہلے ہی سیکریٹری ہمیں dictate کرتے ہیں ۔ تو میں نہیں چاہتا کہ سیکریٹری اس ہاؤس کو dictate کریں ۔

You could have amended the question as admitted, Sir.

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ اس سوال کی افادیت ہے لیکن اگر محکمہ یہ کہہ دے کہ اس کی افادیت اتنی نہیں ہے اور وہ اس لئے کہ اس کو کام کرنا پڑے گا لیکن میں اس ضمن میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس ممبر نے سوال کیا ہے اس بات کا وہی صرف اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس کی افادیت کیا ہے اور ان کے دماغ میں کیا مقصد ہے اور اس بات کا تعین محکمہ والے نہیں کر سکتے کہ اس کی افادیت کام کے مقابلہ میں نہیں ہے ۔

Chaudhry Anwar Aziz : I would request Sir, that this question which we are considering at the moment should be postponed because this question will, in its application from case to case, differ and I think a general ruling on this point might be prejudical to certain other questions which must be answered otherwise. So I request that this point should not be discused further at this stage.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سوال کو rule out کر دیا گیا ہے اس کے بعد افادیت کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ تفصیلات پوچھنے کی کیا ضرورت ہے آپ کا فیصلہ آخری ہونا چاہئیے ۔

ملک محمد اختر ۔ Sir I was addressed by your honour جناب سپیکر ۔ بات اتنی ہے کہ ہمارے symbol of protection آپ ہیں ۔ ہم نے جو سوالات پوچھنے ہوتے ہیں وہ آپ ہی کے ذریعے پوچھنے ہوتے ہیں لیکن اگر آپ ان کے پوچھنے کی اجازت نہ فرمائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اسمبلی کا decorum اور مقصد ختم ہو کر رہ جائے گا ۔ ہم گستاخی بھی نہیں کرنا چاہتے لیکن محکمہ کے افسران اگر سوال کے جواب کو روکیں تو وہ بھی ٹھیک نہیں لیکن فیصلہ ہو گیا ہے اس لئے میں اپنی سوشن پریس نہیں کرتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس سلسلہ میں بہت سارے دوستوں نے

ارشاد فرمایا ہے ۔ میں خواجہ صاحب کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ مسکرا رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ اب وہ سوال زیر بحث نہیں اس لئے اسے ختم کر دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جی ہاں اب وہ زیر بحث نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : So far as the admissibility of the questions is concerned, I admit the questions and the Assembly Secretariat sends the notices of the questions to the departments concerned. It is obligatory on the departments concerned to give answers to the questions. But there are a few exceptions. Just for instance, if a department feels that the answer to a particular question is not in the public interest, surely, the department concerned or the Minister Incharge can say so. Similarly, it has been held in so many cases that the Government can say that the labour involved in answering a particular question is not commensurate with the result to be achieved or proposed to be achieved by the Member concerned, and, therefore, I think so far as this privilege motion is concerned, it is ruled out of order as no breach of privilege has taken place.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں درخواست کروں گا کہ آج کے لئے تحریک التوا کو زیر غور لانا ملتوی کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : Then we take up the adjournment motions tomorrow.

DISCUSSION ON THE FOOD POLICY OF THE PROVINCIAL GOVERNMENT

Mr. Speaker : we will now take up the order of the day. The first item on the agenda is a motion by the Minister for Food and Agriculture that the Assembly do now discuss the Food Policy of the Provincial Government. Yes, Malik Sahib.

Minister for Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do now discuss the Food Policy of the Provincial Government.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Assembly do now discuss the Food Policy of the Provincial Government.

Yes, the Minister for Food and Agriculture.

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش):۔ جناب والا ۔ میں اس معزز ایوان میں یہ تحریک غذائی صورت حال کے متعلق جس میں میں چاول اور چینی کے متعلق پالیسی کو بھی شامل کرتا ہوں اس لئے لایا ہوں تاکہ اس پر جو بحث اس معزز ایوان میں ہو گی اس کی روشنی میں اس پالیسی کا جائزہ بھی لیا جا سکے اور حکومت اپنے آپ کو اس معزز ایوان کی رائے سے باخبر

کرنے کے بعد اس سے استفادہ بھی کر سکے تاکہ اگر ضرورت پڑے تو اس میں مناسب ترامیم کی جائیں اور عوام کے لیے مزید سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ جناب والا۔ پیشتر اسکے کہ میں غذائی صورت حال کے متعلق کچھ عرض کروں۔ میں معزز ایوان کی توجہ چند اصولوں پر مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ ایک تو یہ کہ قدرتی قوانین کی طرح چند معاشی اصول ایسے ہوتے ہیں جن کا اثر ہمہ گیر ہوتا ہے اور اسے باوجود کوشش کے بھی زائل نہیں کیا جا سکتا ۔ اگرچہ معاشی اصول قوانین قدرت کی طرح غیر متبدل نہیں ہوتے تاہم وہ اسی صورت میں تبدیل ہو سکتے ہیں جب قومی ولولہ ، قومی جذبہ اور قومی ارادہ ایسی صورت اختیار کر لے کہ وہ ان اصولوں کے نشیب و فراز سے قطع نظر حالات پر قابو پا لے اور حاوی ہو جائے ۔ ان معاشی اصولوں میں سے ایک طلب و رسد یا رسد و طلب کا ہے ۔ اس کے تحت ہمیشہ قیمتوں میں کمی بیشی یا اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے ۔ دیکھنا یہ ہے کہ طلب و رسد کے اصول کا جہاں تک ہمارے ملک یا اس صوبہ کا سوال ہے موجودہ غذائی صورت حال پر کیا اثر پڑا ہے۔ جناب والا۔ کو یہ معلوم ہو گا اور اگر معلوم نہیں تو میں عرض کئے دیتا ہوں کہ ۱۹۴۱ میں اس صوبہ کی کل آبادی دو کروڑ ۸۳ لاکھ تھی ۔ ۱۹۴۷ء میں شاید ۳ کروڑ کے لگ بھگ تھی اور موجودہ

تخمینہ کے مطابق ۵ کروڑ ۱۲ لاکھ کے قریب ہے ۔ اس سے جناب والا ۔ کو اندازہ ہو جائیگا کہ اس ۲۰ سال کے عرصہ میں ہماری آبادی میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے اور اس کے ساتھ ہی ہمارے معیار زندگی اور قوت خرید میں بھی اضافہ ہوتا چلا گیا ہے جو کہ صنعتی ترقی کا لازمی نتیجہ تھا ۔ ۱۹۶۰ء میں ہماری فی کس آمدنی ۳۳۱ روپے کے قریب تھی اور آج کل ۳۹۴ یا تقریباً چار سو کے قریب ہے ۔ اس کے علاوہ اور بات جو آ جایا کرتی ہے یہ ہے کہ جس وقت معیار زندگی بڑھتا ہے یا قوت خرید بڑھتی ہے تو خوراک پر زیادہ دباؤ پڑتا ہے ۔ آپ کو یہ سن کے تعجب ہو گا کہ ۱۹۶۰ء میں ہمارے ہاں فی کس calory intake ۱۶ سو یا ۱۷ سو کے درمیان تھا اور آجکل دو ہزار کے قریب ہے ۔ ہمارے ہاں خوراک پر زیادہ دباؤ اس لئے بھی ہو جاتا ہے کہ ہمارے پاس پروٹین اور دودھ کی بنی ہوئی وہ اشیا نہیں ہیں جیسے دوسرے ملکوں میں ہیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی اور اس معزز ایوان کی توجہ بالخصوص اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ صنعتی ترقی کا ایک لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ شہروں میں آبادی بڑھنی شروع ہو گئی ۔ شہروں میں آبادی کے اضافہ اور مرکزیت کی بنا پر شہروں کی وہ hinter lands جہاں سے انہیں خوراک مہیا ہوتی تھی ختم ہو گئیں اور ان کے لیے دوسرے ضلعوں سے

خوراک لانی پڑی جس سے ٹرانسپورٹ کا خرچ بڑھا ۔ علاوہ ازیں بہت سے ہاتھوں سے اجناس گذرنے لگے اور ان سب نے جائز یا ناجائز منافع لینا چاہا ۔ اس طرح بھی ان کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ۔

پچھلے سال بفضل تعالیٰ مغربی پاکستان میں خوراک کی حالت یا قیمت بالعموم تسلی بخش رہی ۔ گذشتہ سال بھارت نے ہم پر جنگ ٹھونسی ۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ بھارت معاشی طور پر تباہ و برباد ہو گیا یا اگر نہیں ہوا تو ہو جائیگا ۔ یہی قدرت کا قانون تھا لیکن ہم پر بھی اس کا خاصا گہرا اثر پڑا ۔ ہماری تین لاکھ ایکڑ زمین پر اس نے رات کی تاریکی میں غاصبانہ قبضہ کر لیا ۔ اس سال جنگ کے باعث ۔ فوجوں کی نقل و حرکت اور آبادی کی نقل مکانی کی وجہ سے اور بھی تین چار پانچ ہزار ایکڑ رقبہ پر فصل ربیع کی کاشت نہ ہو سکی ۔ اس کے علاوہ بھارت نے خباثت کے باعث اپنے وعدہ کے مطابق پانی بھی مہیا نہ کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے ملک میں پانی کی کمی کی وجہ سے کاشت وقت پر اور صحیح طور پر نہ ہو سکی ۔

جناب والا ۔ مصائب کبھی اکیلے نہیں آیا کرتے ۔ اس بنا پر اور شاید بھارت کے اخلاق کو دیکھ کر دنیا کے ضمیر ہی نے اپنا منہ چھپا

لیا بلکہ دریاؤں میں پانی کی روانی بھی کم ہوگئی - باران رحمت نے بھی پچھلے سال ہمیں محروم رکھا - تو ان حالات کے پیش نظر نتیجہ یہ ہوا کہ ہماری گندم کی پیداوار جس میں تدریجاً اضافہ ہو رہا تھا - جو ۳۷ لاکھ ٹن سے ۴۵ لاکھ ٹن تک پہنچ چکی تھی - وہ پھر گر کر ۳۸ لاکھ ٹن رہ گئی اور یہ پیداوار ہماری ضرورت کے لئے ناکافی ہے - ہم نے انتظام کیا ہوا تھا اور بعض ممالک سے وعدہ لیا ہوا تھا کہ ہم بشرط ضرورت ان سے اناج لیں گے - مگر وہ بھی مجبوراً یا مصلحتاً اپنے وعدے ایفا نہ کر سکے - نتیجہ یہ ہوا کہ پیداوار کی کمی اور سٹاک میں کمی کی وجہ سے غلے کی قیمتیں بڑھنی شروع ہو گئیں - اصول وہی طلب و رسد کا تھا -

جناب والا - اس سلسلہ میں حکومت نے ایک پالیسی مرتب کی ہوئی تھی اور وہ یہ تھی کہ ہم گندم کی قیمت یا نقل و حرکت پر کسی قسم کا کنٹرول نہیں رکھیں گے - یہ اسی پالیسی کا شاخسانہ ہے جو ۱۹۶۰ء میں مرتب کی گئی تھی - اسی طرح سے یہ بھی فیصلہ ہوا تھا کہ ہم بیرونی گندم کی درآمد سے اس کمی کو پورا کریں گے - اس وقت یہ گندم ۱۰۷ روپے کچھ پیسے فی من گوداموں سے میسر آ رہی ہے - ہمیں اس وقت تک جناب

والا مقامی طور پر ۲۰ ہزار ٹن گندم خرید کرنے کا موقع مل سکا ہے اور ایک لاکھ ۵۲ ہزار ٹن ہم نے باہر سے حاصل کی ہے ۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس پہلے بھی ذخیرہ تھا ۔ جناب والا ۔ ان حالات میں ہم کوئی سخاوت یا فیاضی تو نہیں دکھا سکے مگر ہم نے یہ کوشش ضرور کی ہے کہ خوراک کی بہمرسانی میں کوئی قحط کی صورت پیدا نہ ہو جائے ۔

جناب والا ۔ اب ہماری کوشش ہے اور میں حکومت پاکستان کو خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ہر ممکن کوشش کی لیکن اس وقت سال کے ان دنوں میں جب گندم کا توڑا ہے وہ ملک ان کو نہ دینے کے لئے آمادہ تھے اور نہ ہم ان سے حاصل کر سکتے ہیں ۔ مجھے اعلان کرتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ اب ہمارے پاس ایک اطلاع کے مطابق ۲ لاکھ ۷۰ ہزار ٹن گندم جو جہازوں میں لادی جا چکی ہے جلد پہنچنے والی ہے اور امید ہے کہ دسمبر کے آخر میں پہنچ جائے گی ۔

Mr. Munawar Khan : You are happy that we have still to import ?

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں خان منور صاحب کے اس اعتراض سے کسی حد تک اتفاق کرتا ہوں ۔ دراصل قدرت ہمارا امتحان لیتی ہے ۔ جو قوم

محدود ذرائع اور مشکلات میں صبر کے ساتھ ۔ شکر کے ساتھ ۔ حوصلہ کے ساتھ اور ایک ولولہ کے ساتھ ان مشکلات کی مدافعت کرے تو وہی قوم سونے سے کندن بن جاتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ صرف غریب ہی ؟

Mr. Speaker: No interruption, please.

وزیر زراعت و خوراک ۔ یہاں غریب اور امیر کا سوال قطعاً نہیں ہے ۔ شیڈول کے مطابق جنوری اور فروری میں دو لاکھ ۲۰ ہزار ٹن کا بندوبست کر لیا گیا ہے ۔ اور غذائی صورت حال بہتر اور تسلی بخش ہوتی جائے گی ۔ یہ تو حضور والا ۔ گندم کے متعلق ہے اور یہ گندم کی پالیسی کے متعلق میں نے عرض کیا ہے ۔ جو میں آگے عرض کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہم نے شہروں میں دو قسم کے آٹے کا بندوبست کیا ہے جیسے کہ معزز ایوان کو معلوم ہو گا کہ ایک وہ آٹا ہے جو صرف درآمدی گندم کا ہے اور اس کی قیمت ۱۸ روپے کچھ پیسے ہے اور یہ بذریعہ رولر ملز تیار ہوتا ہے ۔ دوسرا آٹا غریب اور امیر نہیں بلکہ جو لوگ choosy ہوتے ہیں ان کیلئے تیار کیا جاتا ہے ۔ وہ نصف درآمدی گندم یعنی بیرونی گندم اور نصف اپنی گندم کے ذریعہ سے تیار ہوتا ہے اور اس کی قیمت ۲۲ روپے ۵۰ پیسے فی

من ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے گذارش کی ہے کہ آج کل پریشانی کی صورت یوں پیدا ہو گئی ہے کہ دیسی گندم جس پر کنٹرول نہیں ہے اور بالخصوص حمزہ صاحب کو معلوم ہو گا کہ ان ایام میں تقریباً ۱ کروڑ ۱۰ لاکھ من زمینداروں اور کاشتکاروں نے زمین میں بطور بیج استعمال کرلی ہے۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ صرف اس سال ہی ہوا ہے پہلے کبھی نہیں ہوا ؟

وزیر زراعت و خوراک ۔ اس سال بھی اور آگے بھی ایسا ہوتا رہا ہے ۔ ہر سال ان دنوں میں جیسا کہ میرے ان دوستوں کو یقیناً معلوم ہے کچھ نہ کچھ توڑے کی مصنوعی شکل پیدا ہو جاتی ہے یہ چیزیں گندم کی پالیسی کے متعلق تھیں ۔

جناب والا ۔ دوسری پالیسی یہاں چاول کے متعلق ہے ۔ چاول کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ ہم ۴ لاکھ ۷۰ ہزار ٹن خرید کر لیتے ہیں ۔ خرید کیوں کرتے ہیں خرید اس لیے کرتے ہیں کہ ایک تو ہم زرمبادلہ کمانے کے لیے کرتے ہیں جو ہمارا اچھا چاول ہوتا ہے اس کی تقریباً ایک لاکھ ۴۰ ہزار ٹن کی خرید کی جائے گی اور باقی چاول ہم مشرقی پاکستان کے بھائیوں کے لیے خرید کرتے ہیں اور ان کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں ۔ یہ بھی یاد رکھنے والی بات ہے کہ اگر ہم ۴ لاکھ ۷۰ ہزار ٹن خرید نہ کریں

(یہ سوچنے والی بات ہے اکثر اعتراض ہوتا ہے) تو مجھے ڈر ہے اور میرا اندازہ ہے کہ قیمتیں اتنی گر جائیں کہ ان قیمتوں سے کاشتکار برادری کو بے حد نقصان ہو - میں یہ بھی کہنے کی جرات کرتا ہوں کہ جہاں تک مغربی پاکستان کی اکنامی کا تعلق ہے یہ ایک متوازن اکنامی ہے - ہم نے پچھلے سال تقریباً ۱۲ کروڑ روپے کا چاول باہر بھیجا ہے اور تقریباً ۱۵ کروڑ روپے کا چاول ہم نے مشرقی پاکستان بھیجا ہے - یعنی ۲۷ کروڑ روپے کی لاگت کا چاول ہم نے باہر بھیجا ہے اور گذشتہ سال جناب والا جو گندم درآمد کی ہے وہ بھی ۲۷ کروڑ روپے کے قریب ہے - جہاں تک مغربی پاکستان کا تعلق ہے میں یہ دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر موسمی حالات سازگار رہیں اور کچھ اس قسم کے واقعات پیدا نہ ہوں تو ہمارے پاس اناج اور کھانے والی دوسری چیزیں اس حد تک ہو سکتی ہیں کہ اسکے متعلق کبھی تشویش نہ رہے یہاں ایک سوال ہوتا ہے اور ہوتا جائیگا اور یہ متعلقہ بھی ہے اور اسکے متعلق اکثر کہا جاتا ہے اور کہا جائیگا کہ یہ خطہ ارض ایک وقت میں ایشیا کا اناج گھر تھا آج اس پر کیا بپتا پڑگئی ہے کہ یہ اپنی ضرورت کو پورا نہیں کر سکتا - میں اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے بڑے وثوق سے عرض کر سکتا ہوں کہ یہ آج بھی اناج گھر ہے - اس وقت یہ صورت تھی کہ یہاں ۲ کروڑ ۸۳ لاکھ کی آبادی تھی اور اب ۵ کروڑ ۱۲ لاکھ کی آبادی ہے - calory

intake زیادہ ہونے لگی ہے تیسری چیز میں نے چاول کے متعلق عرض کی ہے جو اناج گھر ہوتا ہے وہ آپکے سنٹرل مغربی پاکستان کا حصہ ہے ۔ آج بھی اس وقت اگر خوراک کی حالت دیکھی جائے تو اس وقت باوجود آبادی کے اضافہ کے ۲ لاکھ ٹن زیادہ اس میں فالتو اناج پیدا ہوتا ہے ہوا یہ کہ ایک علاقے میں ۵ لاکھ ٹن کی کمی ہو گئی ہے ۔ اور دوسرے علاقہ میں ایک لاکھ ٹن کی اور کمی ہو گئی اس ۶ لاکھ ٹن کی وجہ سے جہاں کاشتکاروں نے دوسری اجناس پر گندم کو فوقیت نہ بخشی اس لحاظ سے یہ اناج کا توڑا ہوا ۔ بہرحال جو صورت حال چاولوں کے متعلق ہے ہم نے یہ پالیسی بنائی ہے کہ ماسوائے باسمتی کے اضافہ کیا گیا ہے ۔ آپ کو سن کر خوشی ہوگی کہ ۱۹۶۰ء میں ۲۰ روپیہ سے بتدریج اضافہ ہوتا رہا اور یہ ۲۸ روپیہ فی من تک ہوگئی بلکہ بین الاقوامی قیمتیں ان سے لگا نہیں کھاتیں کہ باہر کے لوگ اس قیمت پر چاول لے سکیں ۔ صورت حال بہتر ہونے پر ہماری حکومت کو اعلان کرنے کی خوشی اور مسرت ہو گی اور وہ کاشتکاروں کو صحیح معاوضہ دینے میں کبھی دریغ نہیں کرے گی ۔ ابھی بین الاقوامی نرخ اس بات کے متحمل نہیں ہو سکے اس وجہ سے یہ مشکلات پیدا ہوگئی ہیں ۔ دوسری قسم کے چاول مثلاً بیگمی ۔ کنگنی وغیرہ کی قیمت ہم نے برابر دی ہے ۔

جناب والا ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ باہر سے کیوں نہیں لیا جاتا یہ اس علاقے سے کیوں لیا جاتا ہے ۔ میں نے اس تجویز کو نہایت ہی معقول اور نہایت ہی مدلل پاتے ہوئے اسکے بارے میں بڑی تحقیقات کی ہے اور اس کے متعلق بڑا غور و خوض کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک اخلاقی پہلو کا تعلق ہے کوئی وجہ نہیں کہ ہم ایک علاقہ سے باسمتی لیں ۔ اور دوسرے علاقہ سے باسمتی نہ لیں اور یہ جو باسمتی ہے اسکے متعلق آپ کو پتہ ہے کہ یہ صرف گوجرانوالہ ۔ شیخوپورہ ۔ سیالکوٹ ۔ گجرات اور جڑانوالہ میں ہوتا ہے اور اب لاہور اور ساہیوال میں بھی اسکا رواج ہو چلا ہے ۔

میں نے ایک economic survey کا حکم دیا ہے ۔ اور میری اطلاع کے مطابق اس وقت تک کل پنتیسیں ہزار ٹن لاہور سے اور پچاس ہزار ٹن ساہیوال سے میں اسکو منٹگمری نہیں کہتا کیونکہ میرے دوست ناراض ہوتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ولیسے بھی خلاف قانون ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ بہر حال غلطی ہو جاتی ہے ۔ تو اسکے متعلق جہاں باسمتی ہوتی ہے ایک اسکا رواج ہو چلا ہے ۔ اور اسکا جہاں رواج زیادہ ہوتا ہے ۔ میں یہاں پر اعلان کرتا ہوں ۔ کہ ہمیں کسی سے کوئی بغض

نہیں ہے ۔ اور یہ خیال نہیں ہے ۔ کہ کسی ایک کو ترجیح دی جائے ۔ اور اگر یہی صورت حال رہی ۔ تو انشاء اللہ اگر ضرورت پڑی ۔ تو یہ ہم دوسرے علاقوں سے بھی وصول کرنے میں دریغ نہیں کریں گے ۔ تیسری چیز جسکے متعلق میں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ ہماری شوگر پالیسی ہے ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ حال ہی میں اسکے متعلق اعلان ہوا ہے ۔ اور ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے ۔ کہ گنے کا نرخ جو کہ دو روپے چار آنے فی من تھا ۔ اسکو چار آنے فی من کے حساب سے کم کر کے دو روپے فی من کردیا جائے ۔ اور دوسری وجہ یہ ہے ۔ کہ چینی کے نرخ میں خاصی کمی آ گئی تھی ۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے ۔ کہ دو سال پیشتر تقریباً ایک لاکھ ساٹھ ہزار ٹن چینی یہاں تیار ہوئی تھی ۔ اور آج بفضل تعالے تین لاکھ ٹن ہوئی ہے ۔ اور اس سال امید ہے ۔ کہ چار لاکھ ٹن تیار ہوگی ۔ اور جبکہ آپکی ضرورت صرف تین لاکھ ٹن سالانہ ہے ۔ اس طرح ایک لاکھ ٹن زائد اس سال چینی تیار کی جائیگی ۔ اس لحاظ سے رسد و طلب کا مسئلہ کار فرما رہا ۔ تو ہم نے اس کے نتیجے کے طور پر جو پالیسی آج مرتب کی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ صارفین (جو کہ اسکو اپنے استعمال کے لئے خریدتے ہیں) اور کاشتکار بھائی (جو خام مال یعنی گنا بیچتے ہیں) ان دونوں کا ہی خیال رکھا جائے ۔ ان دونوں پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے یہ پالیسی مرتب کی ہے ۔ کہ گنے کی

قیمت دو روپے فی من مقرر کر کے خریدا جائے ۔ اور چینی کی قیمت پر کنٹرول نہ کیا جائے ۔ اور اسے interplay of economic factors پر ھی چھوڑ دیا جائے تاکہ وہ آسانی سے لوگوں کو بھی دستیاب ھو سکے اور اسکی قیمت میں بھی خاطر خواہ کمی ھو سکے ۔ تو ان حالات میں ان تینوں اشیاء کے متعلق میں مختصراً حکومت کی پالیسی کے متعلق عرض کرنا چاہتا تھا ۔ اور آخر میں میں یہ درخواست کرونگا کہ چونکہ یہ مسئلہ خاصا نازک اور اہم ہے اس لئے مجھے یقین ہے کہ حب الوطنی کے تقاضے کو مدنظر رکھتے ہوئے بحث میں حصہ لیا جائیگا۔ مجھے یہ بھی یقین ہے کہ اس بحث کا معیار اس قسم کا ہوگا کہ مجھ جیسا قاصر اور مجبور انسان اس بحث سے استفادہ کرسکیگا اپنی جھولی بھر کر اس پالیسی میں مناسب ترامیم کر سکے گا تاکہ ملک و قوم اور کاشتکار بھائیوں اور صارفین کو اس سے فائدہ ہو سکے ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ یہاں جسقدر بھی بحث مباحثہ ہوگا میں نے اسکا جواب عرض کرنا ہوگا اسی لئے میں نے جسقدر گذارشات کی ہیں یہ اسی وجہ سے کی ہیں کہ اس بحث کو صحیح راستے پر متعین کیا جا سکے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں قائد ایوان کا مشکور ہوں ۔ کہ انہوں نے میری اس درخواست کو کہ خوراک کے مسئلے پر

اس ایوان میں بحث کی جائے شرف قبولیت بخشا ۔ اور آج ہم اس بحث کا آغاز کر رہے ہیں ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے اس بحث کے لئے ہمیں وقت کم دیا ہے ۔ پونے گیارہ تو بج ہی گئے ہیں ۔ اور اس ایوان کے بند ہونے کا وقت ڈیڑھ بجے دوپہر ہے زیادہ سے زیادہ دو بجے تک ایوان کی کارروائی چل سکے گی ۔ اس لئے کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ کل بھی ہم اس مسئلے پر بحث کر لیں کیونکہ چینی اور چاول کو بھی اس خوراک کے مسئلے میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ یعنی قائد ایوان کے تمام محکمے اس میں شامل کردیئے گئے ہیں ۔ اس لئے اس مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر مناسب ہو گا کہ ہمیں اس پر بحث کرنے کے لئے کل کا دن بھی دیا جائے ۔ (آوازیں ۔ ضرور ۔ ضرور) اور ایوان کی دونوں جانب سے یہ پر زور مطالبہ بھی کیا جا رہا ہے اس بحث میں سبھی دوست حصہ لینا چاہتے ہیں ۔ ایوان کی اس جانب سے تو سات احباب اس میں حصہ لینگے اس طرح سے ہمارے حصہ میں تو کل دس دس منٹ ہی آتے ہیں ۔ اب آپ ہی اندازہ فرمائیں کہ اس دس منٹ کے قلیل عرصہ میں ہم کونسی بات کہہ سکیں گے۔اور بقول قائد ایوان کے وہ اپنی جھولی میں کیا کچھ ڈال کر اس سے استفادہ کر سکیں گے ۔ کیونکہ انہوں نے اپنی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے تقریباً آدھ گھنٹہ لیا ہے ۔ اور شاید اس بحث کا جواب

دیتے وقت بھی وہ تقریباً ایک گھنٹہ لینگے ۔ اس لئے میں یہ گذارش کرونگا کہ کل کا وقت بھی اس بحث کے لئے مختص کر دیا جائے تاکہ اس مسئلے پر سیر حاصل بحث ہو سکے یا کم از کم اس جانب کوئی اشارہ ہی ہو سکے جو آج انہوں نے ذکر کیا ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں ادب سے یہ عرض کرونگا کہ آپ بحث شروع کریں ۔ پھر جس طرح بحث چلے گی اسے دیکھ لیا جائیگا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر کل بھی یہ بحث جاری رہے ۔ تب تو ٹھیک ہے میں آج کچھ زیادہ وقت لے لونگا ورنہ میں اپنے دوستوں کا وقت نہیں لینا چاہتا۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ چونکہ یہ مسئلہ خوراک کے متعلق ہے جو کہ صوبے کا سب سے زیادہ اہم مسئلہ ہے اس لئے میں خواجہ صاحب کی تجویز کی تائید کرتا ہوں کہ اس مسئلے پر سب اراکین کو بولنے کا موقع دینے کی غرض سے کل بھی اس بحث کے لئے وقت دیا جانا چاہئیے ۔

Mr. Speaker : What is the opinion of the House about having a second sitting of the Assembly.

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا۔ در اصل مشکل یہ ہے کہ کل اور پرسوں ایسا بل آ رہا ہے کہ جسکا جلدی پاس ہونا ضروری ہے ۔ اس لئے اگر آج وہ

بعد از دوپہر اس پر بحث جاری رکھنا پسند فرمالیں تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا بشرطیکہ وقت کا تعین پہلے ہی سے ہو جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے آپ شام چھ بجے سے لیکر رات نو بجے تک یا جو بھی وقت آپ چاہیں ۔ مقرر کر لیں ۔ ہم اسکے لئے تیار ہیں۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اور آج شب برات بھی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ تو ہم آج شام ساڑھے چار بجے سے سات بجے رات تک دوسری نشست کرلینگے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ درست ہے ۔ اور میں دوبارہ قائد ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری یہ درخواست قبول فرمائی ہے کہ اس بحث کے لئے ایوان کو زیادہ وقت دیا جائے ۔

جناب والا ۔ جناب قائد ایوان نے ابھی ابھی اپنے محکمہ جات کی پالیسی کی اس ایوان میں جو وضاحت فرمائی ہے ۔ اس میں جہاں تک خوراک کا تعلق ہے ۔ یعنی گندم اور آٹے کا تعلق ہے اسکی کمی کی تمام تر ذمہ داری انہوں نے دو عوامل پر ڈالی ہے ۔ ایک تو یہ کہ سابقہ سال جنگ کی وجہ سے مقابلتہً کچھ اراضی کم کاشت کر سکے ۔ اور جیسا کہ انہوں نے ارشاد

فرمایا ہم نے تین لاکھ ایکڑ اراضی کم کاشت کی ہے ۔ اس ضمن میں انہوں نے فرمایا ہے کہ دریاؤں میں پانی بہت کم آیا اور بارش کی بھی کمی تھی ۔ اور انہوں نے دوسری وجہ یہ ارشاد فرمائی ہے ۔ کہ بعض دوست ممالک نے جو مواعید فرمائے تھے کہ وہ ہمیں بر وقت گندم پہنچا دیں گے ۔ وہ بعض وجوہات کی بناء پر ہم ہر وقت گندم نہ پہنچا سکے ۔ اس لئے یہ مسئلہ رسد و طلب کا ہے ۔ یعنی رسد کم اور طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کا رجحان پیدا ہو گیا ہے بلکہ قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے قائد ایوان کے ارشادات گرامی سے ایک حد تک اتفاق ہے لیکن میں موجود غذائی بحران کی تمام تر ذمہ داری ان عوامل پر نہیں ڈال سکتا کیونکہ اس کی بڑی ذمہ داری ہماری حکومت پر ہے ۔ یہ غذائی بحران ہماری موجودہ حکومت کی ان غلط پالیسیوں کا نتیجہ ہے جو گذشتہ ۸ سال سے انہوں نے اس ملک اور اس صوبہ میں جاری کر رکھی ہیں جناب والا ۔ میں ابتدا ہی میں کہہ دیتا ہوں کہ اس صوبہ میں اس حد درجہ نازک مسئلہ پر بات کرتے ہوئے ڈرتا ہوں اور ایک نہایت ہی ادنیٰ پاکستانی کی حیثیت سے ایسی کوئی بات ایوان میں کہنے کو تیار نہیں ہوں جس سے اجناس کی قیمتوں کے بڑھتے ہوئے رجحان میں اور اضافہ ہو ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس سے کوئی ہراسانی پیدا نہ ہو ۔ یہ میرا ملک ہے مجھے اس سے محبت

ہے ۔ میں نہیں چاہتا کہ اس ملک کی بربادی میں کسی طرح اس پالیسی میں سد و معاون ہوں جو موجودہ حکومت نے اختیار کر رکھی ہے اور جو ارباب حکومت کی پیدا کردہ ہے ۔ کبھی کہتے ہیں کہ ایک سال میں بارش نہیں ہوئی ۔ یا کسی سال تین لاکھ ایکڑ زمین کاشت نہیں کی جا سکی ۔ یا کسی سال نہروں میں پانی کم آیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ کسی طور پر بھی اس کا نتیجہ قحط سالی نہیں ہو سکتا ۔ اگر گذشتہ ۸ سال کسی منصوبہ پر صحیح طور پر عمل کیا جاتا یا ایسا طریقہ اختیار کیا جاتا اور صحیح پالیسی وضع کی جاتی تو ہم خود کفیل بن سکتے تھے ۔

جناب والا ۔ غذائی صورت حال جو ۸ سال کے دوران رہی ہے یہ نہ ہوتی ۔ ہم میں قدرت ہے طاقت ہے قوت ہے اور ہم اس صوبہ کو دوبارہ اشیائے خوردنی کی granary بنا سکتے تھے ۔ ان کی کوتاہیوں اور نا فرض شناسیوں نے جو انہوں نے عوام کی ضروریات کے سلسلے میں کی ہیں اور لاپروائی برتی ہے اس سے صوبہ کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ آج ۲۸/- روپیہ سے ۳۰/- روپیہ تک فی من گندم کی قیمت ہو گئی ہے اور یہ نرخ ان علاقوں میں ہے جو اناج کا گھر ہیں ۔ کل ہی اخبارات میں آیا ہے کہ اوکاڑہ اور لائل پور میں گندم کا بھاؤ ۲۸/- روپیہ فی من ہے ۔ یہ حالت ایک سال سے

پیدا نہیں ہوئی - یہ حالت تو بتدریج گذشتہ ۸ سال سے موجودہ دور حکومت میں چلی آ رہی ہے اور نرخوں کا رجحان بڑھتا چلا گیا ہے - کیا آپ بتائیں گے کہ ان ۸ سالوں میں نرخوں کے رجحان کو روکنے کے لئے آپ نے کیا کیا ہے میرے محترم بزرگ قائد ایوان نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے حتےالوسع کوشش کی ہے کہ ایسے حالات اس صوبہ میں پیدا نہ ہوں اور فخریہ ارشاد کیا ہے کہ غلہ کی پیداوار ۳۹ لاکھ ٹن سے بڑھ کر پچھلے سال ۵ء۴ لاکھ ٹن ہو گئی ہے - آپ نے گندم کی پیداوار کو بڑھا دیا اور آپ نے گویا ایک بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے - لیکن میں سمجھتا ہوں اس پر انہیں ناز نہیں کرنا چاہئیے - میں اس کی وجوہات بیان کروں گا اور بتاؤں گا کہ یہاں گندم کی پیداوار کس طرح بڑھی ہے اور کس طرح بڑھنی چاہئیے تھی -

جناب والا - میں ارباب حکومت کے ان وعدوں کی طرف اشارہ کرتا ہوں جو انہوں نے ۱۹۶۰ء میں اس ملک اور اس صوبہ کے بسنے والوں سے کئے تھے - میری مراد دوسرے پنجسالہ منصوبہ سے ہے - اب اس کی دو چار سطریں جو گندم کی پیداوار سے متعلق ہیں پڑھ کر سناتا ہوں -

> **The Agriculture programme aims at : (i) self-sufficiency in basic food production, maintaining, as a minimum, the present levels, of foodgrain consumption for the rapidly growing population ;**

(iv) working towards an export position across the full production front, not excepting foodgrains ;

ہمارے ساتھ ۸ سال قبل وعدہ کیا گیا تھا (جیسا میں نے پڑھ کر سنایا ہے) کہ ہم نہ صرف گندم کی حد تک اور ہر قسم کے اناج کی حد تک خود کفیل ہو جائیں گے بلکہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ کے اختتام تک ہم گندم اکسپورٹ کرنے کے قابل ہو جائیں گے ۔ یہ تھا ان کا منصوبہ اور پھر اس منصوبہ کا کیا حشر ہوا وہ بھی ان کی اپنی زبانی سن لیں میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔ میرے ہاتھ میں Pakistan Economic Survey 1964 ہے اس کے صفحہ ۲۰ پر گندم کے Heading کے نیچے یہ چند سطور درج ہیں جو پیش کرتا ہوں ۔

"WHEAT

The area under wheat during 1962-63 was 125.9 lakh acres against 123.1 lakh acres in 1961-62 and 116.0 lakh acres in 1960-61. The increase is attributed to the inclusion of the Karachi and Kalat Divisions of West Pakistan in the estimates in 1962-63 for the first time since Independence, good weather conditions, regular supplies of water at the time of sowing, and "grow more food" campaign lunched by the govern-

ment. Production of wheat during 1962-63 was estimated at 41.5 lakh tons, against 40.0 lakh tons in 1961-62 and 37.9 lakh tons in 1960-61. This increase is, however, for the most part, only the result of increased acreage. During the period 1960-61 to 1962-63,while acreage increased by 8.5 per cent, production was higher by 9.5 per cent. This is not a very healthy development because the scope for bringing new land under wheat in future years is limited, which is the reason for placing greater stress in the Second Plan on achieving production targets through improved yields per acre. Yield per acre in the vital crop, however, continues to be stagnant."

یہ سروے منسٹری آف فنانس سنٹرل گورنمنٹ نے شائع کیا ہے ۔ میں اس کے دوسرے پہلوؤں پر بعد میں آؤں گا ۔ ابھی یہ دو چار باتیں جو دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں گندم کے متعلق ہیں عرض کرتا ہوں ۔ میں بتاؤں گا کہ اس کی پیداوار غیر تسلی بخش کیوں رہی ہے ۔ اگر یہ سرٹیفیکیٹ کافی نہیں تو ایک اور سرٹیفیکیٹ پیش کرتا ہوں جو شعیب صاحب نے ۸ اگست ۱۹۶۴ کو پاکستان ٹائمز کو راولپنڈی میں بیان دیتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا ۔

"Talking to newsmen here yesterday, the Finance Minister, Mr. Mohammad Shoaib, attributed the failure of the agricultural sector to rise up to expectations to natural factors.

Other experts, however, blamed the failure mainly on the lack of sufficient emphasis on crash programmes and other plans which, if implemented properly, should by now have caught up with the deficiencies caused by the natural factors in a lean year. There was still considerable complacency at high levels, they maintained.

It was, therefore, likely, these experts stated, that at the end of the Plan in June, 1965 the investment and expenditure targets might, at best be achieved without the achievement of the production goals."

جناب والا ۔ اگر میرے محترم دوست اور جناب قائد ایوان یہ سرٹیفیکٹ بھی ناکافی سمجھتے ہوں تو میں جناب صدر مملکت کا سرٹیفیکٹ پیش کرتا ہوں جو انہوں نے حال ہی میں اور جو سب کو یاد ہو گا ۳۰ ۔ اکتوبر کو ڈھاکہ میں تقریر فرماتے ہوئے دیا ہے بجائے اسکے کہ میں اسکی quotation پڑھوں میں زبانی ہی عرض کئے دیتا ہوں انہوں نے فرمایا ہے کہ ۲۵-

لاکھ ٹن اناج کی اس صوبے کو ضرورت ہے جس پر ایک ارب کا زرمبادلہ خرچ ہو گا ۔ کیا ایک سال ۳۔لاکھ ایکڑ کم کاشت کرنے میں یا نہروں میں پانی کم ہونے کی وجہ سے یہ حالات پیدا ہو سکتے ہیں ؟

جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے قیمتیں کم تھیں ۔ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ قیمتیں کم تھیں میرے پاس اعداد و شمار ہیں ۔ وقت کی کمی کی وجہ سے میں ان کو پیش نہیں کر سکتا صرف زبانی عرض کرتا ہوں کہ کسی سال ۱۲- روپے من سے گندم کا بھاؤ زیادہ نہیں ہوا لیکن اس سال صورت کیا ہے ۔ اس سال گندم کی قیمتیں خوفناک صورت اختیار کر گئی ہیں ۔ پچھلے سال ۲۲- روپے بھاؤ تھا اور آج ۲۸- روپے من ہے ۔ پچھلے سال سے پچھلے سال ۱۷- روپے ۵۰- پیسے بھاؤ تھا ۔ اور سنہ ۶۰ تک ۱۲- روپے ۵۰- پیسے بھاؤ تھا ۔ یہ اعداد میں نے گورنمنٹ آف پاکستان کے گزٹ سے لی ہیں ۔ انہوں نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ ہم اس صوبے کو اناج میں خود کفیل بنا دیں گے اور ہمارے گندم سے بھرے ہوئے جہاز دوسرے ملکوں کو جایا کریں گے ۔ لیکن آج صورت حال ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہو گئی ہے کیونکہ انہوں نے اس چیز کی طرف توجہ نہیں دی کہ ایگریکلچر کے سیکٹر کو مضبوط بنایا جائے ۔ کیا یہ کم سانحہ ہے ۔ ؟ ایک زرعی ملک میں بستے ہوئے

اور ایک زرعی ملک میں حکمرانی کرتے ہوئے انہوں نے زراعت کی طرف توجہ نہیں دی بلکہ انڈسٹریز کی طرف توجہ دی ہے ۔

آپ اگر دوسرے پنجسالہ منصوبے کو دیکھیں اور تیسرے پنجسالہ منصوبے کو دیکھیں تو کیا صورت حال ہے ۔ زراعت کے سیکٹر میں صرف ۶۔ ارب صرف ہو گا اور انڈسٹریز کے سیکٹر میں پونے چودہ ارب خرچ ہو گا ۔ کیا یہ انڈسٹریل ملک ہے ؟ ۔ یہاں کی ۸۵۔ فیصدی آبادی کا زراعت پر انحصار ہے اور دو فیصدی ہماری آبادی کا انڈسٹریز پر انحصار ہے ۔ انڈسٹری ہمیں کیا دیتی ہے ۔ زرعی پیداوار کو تو ہم اکسپورٹ کرتے ہیں اور اس سے زرمبادلہ کماتے ہیں ۔ ملک کے اس حصہ سے پٹ سن اور ملک کے اس حصہ سے روئی ۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے یہ پالیسی دانشمندی کے قریب نہیں بلکہ دانشمندی سے حد درجہ بعید ہے ۔ آج ہماری گذر اوقات اور ہماری معیشت کا انحصار صرف اور صرف زراعت پر ہے تو ہم اس کی طرف توجہ نہیں کرتے اور انڈسٹریز کی طرف توجہ دے رہے ہیں ۔

میرے محترم دوست نے ارشاد فرمایا ہے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے اس ملک میں ۳۷۔ لاکھ یا ۳۵۔ لاکھ ٹن گندم پیدا ہوتی تھی ۔ یہ ٹھیک ہے اوسط یہی تھی مگر دو سالوں میں ۳۹۔ لاکھ تک بڑھ گئی

تھی اور ان ھی بد کردار سیاستدانوں کے زمانے ھی میں جنکو ھر روز گالیاں ملتی ہیں ان کے زمانے میں اس صوبے میں ۳۹- لاکھ ٹن تک بڑھ گئی تھی اور اس زمانے میں فی ایکڑ پیداوار ۱۰ - من سے تجاوز کر گئی تھی یعنی فی ایکڑ پیداوار ۱۰۴۳ من تھی اور اسکے بعد ان کی اوسط پیداوار فی ایکڑ ۸۴۸ ہے - لیکن اس میں شک نہیں کہ پچھلے سال میں ۹- من سے کچھ زیادہ تھی لیکن ۱۰ - من فی ایکڑ سے کسی سال نہیں بڑھی - یہ اس پیداوار کو بڑھنا کہتے ہیں کہ ہم نے ۳۷ - لاکھ سے ۴۵ - لاکھ ٹن کر دی - میرے محترم بزرگ شاید یہ بھول گئے ہیں کہ اس کی وجہ کیا تھی اسکی وجہ یہ تھی کہ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۴۸ء تک جب کہ اس صوبے کی کل گندم کی پیداوار ۳۳ - لاکھ دو ھزار ٹن تھی اسوقت زیر کاشت رقبہ صرف ۹۷ - لاکھ ایکڑ تھا اور ۱۹۵۷ء میں جب کہ ان سیاستدانوں سے اقتدار چھینا گیا اس سال گندم کی پیداوار ۳۹ - لاکھ ٹن سے تجاوز کر گئی تھی لیکن acreage ایک کروڑ ۱۷ - لاکھ ۸ - ہزار تھی یعنی acreage میں بھی اضافہ ہوا تھا - اور جناب والا آپ جس چیز کا ذکر فرماتے ہیں کہ ہمنے ۴۵ لاکھ ٹن غلہ پیدا کیا تو آپ کے پاس زیر کاشت رقبہ بھی ایک کروڑ ۳۱-لاکھ ایکڑ تھا یعنی سنہ ۱۹۵۸- اور سنہ ۱۹۵۷ سے ۱۴-لاکھایکڑ زیادہ رقبہ زیر کاشت آیا تب جا کر آپ نے ۶-لاکھ ٹن گندم زیادہ پیدا کیا

ہے ۔ جناب والا میرا پوائنٹ یہ ہے کہ ۴ لاکھ ایکڑ کا رقبہ جو بڑھ گیا تو انہوں نے فی ایکڑ پیداوار میں بجائے اضافہ کرنے کے کمی کی ہے کیونکہ انکے اس دور میں جسکو یہ کہتے ہیں کہ خوشحالی کا دور ہے اور یہاں دودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں اسکے متعلق میں کہوں گا کہ یہاں فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے ۔ اضافہ نہیں ہوا ہے ۔ اور اگر زیر کاشت رقبہ کی اراضی میں بھی اضافہ ہوا ہے تو یہ انکا احسان نہیں ہے اور نہ اس صوبے پر انہوں نے احسان کیا ہے یہ بھی ان ہی بدنام سیاستدانوں کا احسان ہے جنہوں نے غلام محمد بیراج گدو بیراج اور تونسہ بیراج کی یا تو تکمیل کر دی تھی یا وہ تکمیل ہو رہے تھے ۔ کی مرہون منت ہے انہوں نے صرف انکی opening ceremonies اور اراضیات کو اپنے عزیز و اقارب اور افسروں میں بانٹنے کا سہرا ضرور انکے سر ہے ۔ ورنہ انکی تعمیر کرنیکا سہرا ان ہی لوگوں کے سر ہے جو اس ملک کے خیر خواہ تھے جو اس ملک کے بہی خواہ تھے اور جو سچے ہمدرد تھے اور جنہوں نے اس صوبے کے عوام کی بہتری کیلئے کوشش کی، جد و جہد کی اور وہ کوشش کرتے رہے ۔ ان میں خامیاں بھی تھیں مجھے ان سے انکار نہیں ہے ۔ خامیوں سے سوائے نبی کے کوئی فرد میرا نہیں ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس صوبے کی اصل بیماری یہ ہے کہ ہمیں فوری طور پر پیداوار میں اضافہ کرنا ہو گا ۔ سابقہ پنج سالہ منصوبہ میں ایسا نہیں ہو سکا ۔ اور وہ یہ خود مانتے ہیں وہ خود اس چیز کو قبول کرتے ہیں کہ وہ ناکام ہو گئے ہیں ۔ موجودہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں سے بھی ایک سال گزر چکا ہے ۔ ہم دوسرے سال میں جا رہے ہیں ۔ کیا وزیر خوراک و زراعت اس چیز کا جواب دینے کی مہربانی فرمائیں گے اور مرکزی حکومت کو یہ کہیں گے کہ وہ زراعت پر زیادہ زور دیں ۔ کیا یہ قابل فخر ہے کہ ہم ایک کروڑو ٹن گندم درآمد کریں ۔ جناب والا ہماری کل پیداوار ایک ارب روپیہ کی اور ۲۵ لاکھ ٹن وزن کی ہے ۔ کیا یہ ہمارے لئے باعث فخر ہے کہ ہم اس کے باوجود بھی اتنی گندم درآمد کریں ۔ ہماری اوسط پیداوار فی ایکڑ بھی خاطر خواہ ہے اور اس کو مزید بڑھانے کے لئے کیا وزیر زراعت و خوراک ارشاد فرمائیں گے کہ اس حکومت نے کیا کیا اور اس کے نتائج کیا برآمد ہوئے میرا خیال ہے کہ وہ اس بارے میں کچھ ارشاد نہیں فرما سکتے ۔ یہ اعداد و شمار ان کی کتابوں میں نہیں ہونگے ۔ اور نہ ہی یہ ان سے نکالے جا سکتے ہیں ۔ میں نے مطالعہ کیا ہے اور میں یہ پاتا ہوں کہ اس میں سراسر ان کی ناواقفیت ہے ۔ ان کے ذخیرے میں اناج نہیں ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ سرچشمہ

اقتدار پاکستان نے یہ تسلیم فرمایا ہے کہ اس ملک میں زرعی محاذ پر حکومت بالکل ناکام رہی ہے ۔ جناب والا ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہماری حکومت کی نااہلی، اس کی لاپروائیوں، کم کوششوں اور اس کی بداندیشی کی وجہ سے اس ملک کے عوام کو سزا دی جائے اور ان کو بھوکے مرنے پر مجبور کیا جائے ۔ نہیں آج بھی اس موقع پر ہمارے سامنے ایسے مسائل ہیں کہ جن کا war-footing پر حل کرنا ضروری ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کے حل کرنے کی کوشش کی جانی چاہیئے ۔ قوم نے ثبوت دے دیا ہے کہ وہ ہر محاذ پر اپنی ہر چیز قربان کرنے کے لئے تیار ہے بشرطیکہ قومی مفادات اس میں مضمر ہوں ۔ میرا خیال ہے کہ ہماری یہ حکومت اس نازک صورت حال کا جائزہ لے اور جو کچھ بھی موجودہ خامیاں اور کوتاہیاں اس وقت موجودہ پالیسی میں ان کو دور کرنے کی جد و جہد کرے ۔ عوام کو اپنی اعتماد میں لے اور ان کو صحیح صورت حال سے آگاہ کرے اور پھر ان کو کہے کہ ہم سب مل کر اس صورت حال کا مقابلہ کریں ۔ انشاء اللہ عوام ہر صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہونگے ۔

جناب والا ۔ اس ضمن میں میں چند چھوٹی چھوٹی باتیں عرض کرتا ہوں جو میرے ذہن میں آئی ہیں ۔ مثال کے طور پر ابھی چند روز ہوئے اس ایوان میں یہ آواز سنائی دی اگرچہ ہم سب جانتے ہیں کہ مشرقی اور مغربی پاکستان

کی دونوں سرحدات پر سمگلنگ ہو رہی ہے - اس کی مقدار کے متعلق میں نہیں کہتا کہ وہ تھوڑی ہے یا بہت ہے لیکن ہمارا ایک ہمسایہ بھوکوں مر رہا ہے اور یہ ۳۰ روپے سے بڑھا کر ۶۰ روپے تک فروخت کرنے پر تیار ہیں - تو جناب سپیکر دشمن عناصر اپنے مفادات کے لئے قوم دشمنی کر رہے ہیں جب تک ان کے ہاتھوں کو روک نہیں دیا جاتا تب تک معاملہ صحیح نہ ہوگا اور ہم کہتے ہیں کہ کیا حکومت کو اس کا احساس نہیں ہے بلکہ میں حکومت کو یاد دلاتا ہوں کہ موجودہ ارباب اقتدار محض اس نعرہ پر ملک کے اقتدار پر قابض ہوئے کہ وہ رشوت اور سمگلنگ جیسی چیزوں کی روک تھام کریں گے تو ان کے متعلق کیا ارشاد ہے - آٹھ سال میں آپ اسے بند نہیں کر سکے - میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے کس حد تک فرض شناسی کا ثبوت دیا ہے - ہم نے آپ کے سامنے سمگلنگ کی شکایات پیش کی ہیں اس کو آپ نے روکنا ہے - ہم بے اختیار ہیں آپ با اختیار ہیں - اپنے اختیارات آپ استعمال کیجیئے ہم اپنی اخلاقی قوت آپ کو بہم پہنچاتے ہیں - جناب والا اس کے بعد دوسرا امر جو پیش نظر ہے وہ ذخیرہ اندوزی کا ہے - میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں کہ صوبے کے زمینداروں کے پاس گندم اس وقت نہیں ہے - جناب والا میں لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں عرض کرونگا کہ کیا وجہ ہے کہ ہماری حکومت ان زمینداروں یا ان سٹاک ہولڈرز سے جن کے پاس

اس قسم کے ذخیرے موجود ہیں ان سے یہ ذخیرے حاصل نہیں کرتی تاکہ گندم کی قیمت ضرورت سے زیادہ نہ بڑھے ۔ ان کو مجبور کیا جائے کہ وہ اپنے ذخیرے گورنمنٹ کے حوالے کر دیں ۔ میں تین باتیں جناب قائد ایوان کی خدمت میں گزارش کرنی چاہتا ہوں ابھی انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے مقامی طور پر کچھ ہزار ٹن گندم خرید کرکے خوراک کی مقدار بڑھائی ہے ۔ تو کیا یہ ممکن نہیں کہ بڑے بڑے شہروں میں وہ گندم ڈپوؤں پر فروخت کرنے کی کوشش کریں تاکہ دیسی گندم کے نرخ اعتدال پر آ جائیں ۔ کیونکہ دیکھا گیا ہے کہ دیسی گندم کی قیمت کے نرخ اعتدال سے بڑھ رہے ہیں تو کیوں نہ اس رجحان کو روکا جائے ۔ اس کو روکنے کے لئے موثر تدابیر ہونی چاہیئں اور خصوصاً جبکہ ہمیں یہ بھی امید ہے کہ دسمبر کے پہلے ہفتہ یا اس سے اگلے ہفتے کے اندر دو لاکھ ٹن مزید حاصل ہو جائیں گے ۔ تو کیا یہ مناسب نہیں ہے کہ دو تین روز کے اندر اندر بڑے بڑے شہروں میں جن کی آبادی کم و بیش ایک لاکھ ہو گورنمنٹ اپنے ڈپو بنا کر مناسب نرخ پر گندم کی فروخت کا انتظام کرے ۔ میں اس طریقہ کار پر زیادہ زور نہیں دونگا میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ سٹاک ہولڈر اپنے ذخیرے عوام تک پہنچائیں تاکہ دیسی گندم کے نرخوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکا جا سکے ۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور بات بھی عرض کروں گا کہ گورنمنٹ درآمدی گندم

اپنے سٹاک سے ملوں کو دیدے تاکہ وہ آٹا پیس کر لوگوں کو دیں - میری اطلاع کے مطابق لاہور کی ملوں کو صرف اس قدر گندم دی جاتی ہے کہ وہ ۲۴ گھنٹوں میں صرف چھ گھنٹے کام کریں - تو اس صورت میں کیا خوراک کی قلت نہیں ہو رہی - لوگ چیخ و پکار کر رہے ہیں - گورنمنٹ کو چاہیئے کہ وہ ملوں کو زیادہ سے زیادہ اناج کی بوریاں دیں تاکہ وہ انہیں پیس کر آٹا لاہور اور گوجرانوالہ اور دوسرے علاقوں میں پھیلا دیں - اور آٹے کی قیمت درست طور پر ۲۲۶۵۰ روپے فی من کے قریب ہو جائے - اور دیسی گندم کی قیمت ۲۴ یا ۲۵ اور ۳۰ یا ۳۲ روپے پر نہ پہنچ جائے تو یہ بھی ایک صورت ہے - موجودہ رجحان کو روکنے کے لئے - اس کے علاوہ ایک اور بات عرض کرتا ہوں کہ بعض لوگ کیک اور پیسٹری کھاتے ہیں اور دوسری طرف ہمارے بھائی دانہ گندم کو ترستے ہیں تو کیا یہ ضروری ہے کہ امراء کیک اور پیسٹری کھائیں - تمام فلور ملوں میں میدہ سوجی کیوں نکالا جائے - میدہ سوجی نکالنے کے بعد خوراک کی غذائیت ختم ہو جاتی ہے اور پھر اس میں طرح طرح کی چیزیں چوکر وغیرہ ملا دی جاتی ہیں اور اسے آٹے کی شکل دیدیتے ہیں- اور پھر دیہاتوں اور چھوٹے قصبوں میں وہ آٹا لے جاتے ہیں اور اس سے پیسے بناتے ہیں - کیا یہ ضروری نہیں کہ ہم اس پر کچھ تھوڑی بہت پابندی عاید کریں

جناب والا - یہی نہیں بلکہ مجھے چاولوں کی موجودہ پالیسی سے بھی اختلاف ہے - اور اس ضمن میں چند باتیں عرض کروں گا - اگر عام حالات ہوتے تو شاید میں چاولوں کی موجودہ پالیسی سے اس شد و مد سے اختلاف نہ کرتا جناب قائد ایوان نے ارشاد فرمایا ہے کہ سابقہ سال ہم نے ۱۲ کروڑ روپے کے چاول برآمد کئے ہیں اور ۱۵ کروڑ کے چاول مشرقی پاکستان کو دئیے ہیں اور اس کے مقابلہ میں ۲۷ کروڑ کی گندم درآمد کی ہے - حساب برابر رہا بلکہ ہم نے ۲۷ کروڑ فارن ایکسچینج خرچ کیا اور ۱۲ کروڑ کمایا - کیونکہ مشرقی پاکستان سے ہم ۱۵ کروڑ فارن ایکسچینج میں نہیں لے سکتے تھے- یا ان سے بھی فارن ایکسچینج لیتے ہیں ؟ تو اس سودے میں آپ کو گھاٹا ہوا یہیں مجھے اختلاف ہے ہم سمجھتے ہیں کہ چاول باہر بھیجیں اور گندم درآمد کریں - کیا بے معنی بات ہے - پہلے چاول کے لئے گاہک تلاش کرو اور پھر گندم کے لئے کاسہ گدائی لے کر ملک ملک پھرو - جب کھانے کے لئے آٹا نہیں تو چاول برآمد نہ کرو - ایک لاکھ ۴۰ ہزار ٹن باسمتی اور ساڑھے تین لاکھ ٹن جوشی اور کنگنی اسے کیوں باہر بھیجا جائے - اگر مشرقی پاکستان کو چاول کی ضرورت ہے تو اسے دو - وہ ہمارے بھائی ہیں - ہمارے پاس جو کچھ ہے ہم اس سے نصف بانٹ لیں گے - مگر یہ ایکسپورٹ کی تک آجکل میری سمجھ میں نہیں آ رہی - پہلے آتی تھی - اس لئے سیدھی بات یہ ہے کہ

چاول کھانا پسند کرتے ہیں انہیں چاول کھانے دو جہاں گندم نہیں ملتی اور وہ چاولوں سے گزارہ کر سکتے ہیں انہیں چاول فراہم کیجئے۔ آجکل بھی کیا ہو رہا ہے ۔ سیالکوٹ ۔ گجرانوالہ اور شیخوپورہ کو چھوڑئیے ۔ یہ لوگ تو چاول پیدا کرتے ہیں ۔ یہ چاول چوری نہیں کرتے ۔ باقی سارے صوبہ میں چاول چوری ہوتا ہے ۔ کونسی دعوت یا کونسا گھر ہے جہاں چاول نہیں کھایا جاتا ۔ حیدر آباد یا کوئٹہ میں کونسی دعوت یا کونسا گھر ہے جہاں چاول نہیں پہنچتا ۔ سب چوری کھاتے ہیں ۔ محض اس لئے کہ موجودہ حکومت نے ایسے قانون نافذ کر رکھا ہے سید ھے ہاتھوں نہیں دیں گے ۲۵ روپے من نہیں دیں گے ۔ آپ ۵۵ روپے ۶۵ روپے من خریدئیے ۔ یہ ہمیں مجرم بھی بناتے ہیں اور ہم سے دو گنا قیمت بھی دلاتے ہیں ۔ اور جناب پھر یہ حالت ہے کہ آٹا میسر نہیں آتا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ہم اس چاول کو آٹے کے طور پر کیوں استعمال نہ کریں۔ عوام کی ضرورت تو پوری ہو ۔ خواہ وہ ٹوٹا یا جوشی یا کنگنی یا باسمتی کھائیں ۔ گزارہ تو کریں ۔ اس وقت آٹے اور گندم پر جو بہت زیادہ بوجھ پڑ رہا ہے اس سے اس میں کمی ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ اب میں تین چار منٹ میں چینی کے متعلق کچھ گذارشات پیش کروں گا ۔ میرے محترم دوست قائد ایوان نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کی قیمت میں چونکہ کمی ہوگی اس لئے گنے کی قیمت کو کم کر دیا گیا ہے ان

کو یہ ضرور معلوم ہوگا کہ گنے کی قیمت کم کرنے سے اگلے سال گنے کی پیداوار پر اثر پڑے گا ۔ زمینداروں کو جب ان کی فصلوں کی قیمت مناسب نہیں ملے گی تو وہ اسے کیوں کاشت کریں گے وہ کم کاشت کرینگے ۔ سابقہ سال چینی کی پیداوار تین لاکھ ٹن سے متجاوز تقریباً ساڑھے تین لاکھ ٹن ہمارے صوبے میں ہوئی ہے وہ اس حد تک نہیں جا سکے گی جہاں تک قیمتوں کے کم ہونے سے کارخانوں کو نقصان پہنچنے کا تعلق ہے کم از کم مجھے یہ اندیشہ لاحق نہیں ۔ خود گورنمنٹ نے پچھلے سال چینی کی قیمت فروخت ۳۵ روپے فی من مقرر کی تھی ۔ اور اس میں کارخانہ داروں کے اخراجات نہایت فراخدلی سے شامل کر لئے گئے تھے اور یہ قیمت کارخانہ داروں نے خود اس کانفرنس میں بیٹھ کر مقرر کی تھی۔ گورنمنٹ نے انہیں ان کے اخراجات پر اڑھائی روپے فی من منافع دیا تھا ۔ اور اس لحاظ سے قیمت ساڑھے سینتیس روپے فی من مقرر کی تھی ۔ دس روپے فی من ڈیوٹی ساڑھے سینتالیس روپے فی من ہوگئی اور جب قیمت ۵۲ اور ۵۳ روپے فی من ہو جیسے آجکل ہے ۔ تو ان کو کتنا منافع ہوا ۔ اگر قیمت ۵۰ روپے من ہو جائے تو کیا یہ درست نہیں ۵ روپے فی من منافع بہت ہوگا ۔ اگر ساڑھے سینتالیس روپے فی من قیمت ہو جائے تو بھی اڑھائی روپے فی من معقول منافع ہوگا ۔ کیا یہ مناسب ہے کہ آپ صرف

چند لوگوں کے منافع کی فکر کرتے ہیں ۔ یہ چند بڑے بڑے لوگ ہیں صرف ۱۳ ملیں ہیں اور ایک ایک مل والے ایک ایک سال میں اپنی مل کی قیمت پوری کر چکے ہیں ۔ میں حلفاً کہتا ہوں اور اس کا ثبوت بہم پہنچا سکتا ہوں ایک ایک مل نے ایک ایک سال میں ڈیڑھ ڈیڑھ کروڑ روپیہ کمایا ہے ۔ اگر ایک سال ڈیڑھ کروڑ کمایا ہے تو دوسرے سال ۲۰ لاکھ یا ۳۰ لاکھ سہی پھر بائی پراڈکٹس کا منافع الگ ہے ۔ اس لئے جناب والا قائد ایوان کے ارشاد سے مجھے کلی طور پر اختلاف ہے کہ چینی کی قیمت گرنے پر یہ لازمی تھا کہ گنے کی قیمت کم کی جاتی ۔ آپ نے لاکھوں کاشتکاروں کا گلا کاٹ دیا ہے محض تیرہ مل اونرز کو بچانے کے لئے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اس پر نظر ثانی فرمائیں ۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب کبھی چینی یا چاول یا گندم کی قیمت مقرر کی جائے تو پیداوار منڈیوں میں آنے پر مقرر نہ کی جائے بلکہ اس کے کاشت ہونے سے پہلے کی جائے تاکہ لوگ اس قیمت کے پیش نظر اس کی کاشت بڑھا سکیں یا کم کر سکیں ۔ یہ کسی طرح بھی اقتصادی لحاظ سے یا اخلاقاً درست نہیں کہ فصل منڈی میں پہنچے اور آپ اس کی قیمت مقرر کر دیں اس لئے میں نہایت ادب سے قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ

وہ اپنی خوراک کی پالیسی پر نظر ثانی فرمائیں اور آئندہ لانگ رینج پالیسی پر بھی توجہ دیں کہ فی ایکڑ پیداوار کس طرح بڑھائی جائے - چینی کی پالیسی اور چاول کی پالیسی پر صحیح طور سے توجہ دے کر liberalise کریں لوگوں کو عام طور پر چاول کھانے کی اجازت دیں تاکہ ہماری موجودہ غذائی حالت پر بہتر اثر ہو - گنے کی قیمتیں کم نہ کریں - جہاں تک لانگ رینج پالیسی کا تعلق ہے ہمیں اچھا بیج چاہئیے - اچھے آلات کشاورزی ملیں اور ہماری زمینوں کو پانی ملے -

اگر آپ ان تینوں چیزوں کا انتظام کر دیں تو یہاں بھی ۶۰-۷۰ یا ۸۰ من فی ایکڑ پیداوار ہو سکتی ہے اور یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے - اگر فی ایکڑ دو من پیداوار زیادہ ہو گئی تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ایک سال میں تقریباً ۱۰ لاکھ ٹن گندم کا اضافہ یعنی ۲۰ یا ۲۵ فیصد اضافہ ہو سکتا ہے - یہ صرف دو من فی ایکڑ گندم کی پیداوار بڑھانے سے ہو سکتا ہے - جہاں تک اچھا بیج دینے کا تعلق ہے یہ کبھی ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن دیتی ہے اور کبھی ایگریکلچرل ڈیپارٹمنٹ دیتا ہے - ہمیشہ ان دونوں میں جھگڑا رہتا ہے - بیج دینے کیلئے اس کو ختم کیا جائے تاکہ لوگوں کو اچھا بیج مہیا ہو سکے - کبھی بیج وہ کھینچ کر لے جاتے ہیں اور کبھی بیج یہ کھینچ کر لے جاتے

ہیں اور یہ دونوں آپس میں جھگڑتے رہتے ہیں ۔ شاید دونوں ہی اس میں سے کچھ بناتے ہیں ۔

جناب والا ۔ دوسرے ٹریکٹرز کو حاصل کرنے کا آسان طریقہ بنائیں تاکہ بڑے زمیندار اور چھوٹے چھوٹے زمیندار جو ٹریکٹرز کے ذریعہ کاشت کرتے ہیں ان کو آسانی سے ٹریکٹر مہیا ہو سکیں لیکن آج کل تو ٹریکٹر رشوت کے بغیر نہیں ملتا ۔

جناب والا۔ ٹیوب ویلز جو میرے ضلع میں لگائے جاتے ہیں ان ٹیوب ویلز کو لگانے کیلئے چار پانچ سو فٹ تک بورکرنا پڑتا ہے اور چھوٹے چھوٹے زمیندار اسکو لگانے کے اخراجات برداشت نہیں سکتے اس لئے کہ اس پر بیس پچیس ہزار وہ اپنی جیب سے خرچ کریں اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ ٹیوب ویل ناکام ہے اس کیلئے ایک فنڈ مہیا کیا جائے تاکہ اس سے ٹیوب ویل بور کریں اگر وہ کامیاب ہو جائے تو اس زمیندار سے اسکی پوری قیمت لے لیں اور اگر ٹیوب ویل ناکام ہو جائے تو وہ گورنمنٹ کے کھاتے میں جائے اس صورت میں پیسیوں ٹیوب ویلز اور لگائے جا سکتے ہیں اور پانی کی فراوانی ہو سکتی ہے اس طرح گرانی بھی دور ہو سکتی ہے ۔

سید دیوان غلام عباس بخاری ۔ پوائنٹ آف پریولیج ۔ جناب والا ۔ یہ معزز ایوان آپ کی فاضلانہ قیادت میں تین ہیڈ میں کارروائی کرتا ہے ۔ نمبر ایک بجٹ ۔ نمبر دو قانون سازی اور نمبر تین خالص عوامی مسائل ۔ جیسا کہ آج مسئلہ زیر بحث ہے ۔ اس کے متعلق میں جناب کی خدمت میں اپیل کروں گا کہ آج ہم زراعت پر بحث کرنے والے ہیں ۔ میری اپیل یہ ہے کہ وہ دوست جن کا براہ راست زراعت سے تعلق ہے ان کو تقریر کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت دیا جائے اور ان کو ترجیح دی جائے ۔ کیونکہ قانون سازی میں ہمارے وہ دوست جو قانون میں ماہر ہیں ایوان میں کافی وقت لیتے ہیں اور اپنے فرائض ادا کرتے ہیں ۔ آج ہم بھی اپنے فرائض ادا کرنا چاہتے ہیں ۔ میں پھر اپیل کروں گا کہ جن دوستوں کا زراعت سے تعلق ہے ان کو زیادہ وقت دیا جائے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ایوان کے ممبران کے حقوق برابر ہیں ۔ ان میں یہ فرق نہیں کیا جا سکتا کہ کس کا زراعت سے تعلق ہے اور کس کا زراعت سے تعلق نہیں ہے ۔ چونکہ وقت بہت کم ہے اور تمام ممبر صاحبان کو اس بحث میں حصہ لینا ہے اس لئے ممبر صاحبان سے درخواست ہے کہ ہر ممبر ۵ ، منٹ تقریر کرے

اور ہر ممبر ۱۵ منٹ میں اپنی تقریر کو ختم کرنے کی کوشش کرے ۔ اس بحث کے لئے یہ بھی فیصلہ ہو چکا ہے کہ دوپہر کے بعد دوبارہ نشست ہو گی وہ لوگ جو اس بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں اور ان کو وقت نہیں ملا ان کو اس نشست میں وقت ملے گا ۔

Mr. Munawar Khan : Point of order Sir. As the time has been extended for three hours for holding evening session, my submission is that you may please revise your orders by extending the time from 15 to 20 minutes.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں میں یہ عرض کروں گا کہ جناب قائد ایوان نے یہ قبول فرمایا تھا جو اس وقت ہاؤس میں تشریف فرما نہیں ہیں کہ نصف وقت ہمیں عطا فرماجائیگا اور نصف وقت مجارٹی پارٹی لے گی ۔ (مداخلت) جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس طرف سے ۶ تقریریں اور ہوں گی ان کو تین گھنٹے تقریر کے لئے مل جائیں باقی ان کے لئے آپ وقت تقسیم کر لیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ جہاں تک وقت کے تعین کا تعلق ہے اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ قائد ایوان نے ۳۰ منٹ لئے ہیں اور آپ

کو ۵۰ منٹ دیئے ہیں ۔ وقت آپ زیادہ لے چکے ہیں ۔ بہر حال جو فیصلہ ہو گا اس کے مطابق کارروائی ہو گی ۔

Mr. Ahmedmian Soomro (Jacobabad II) : Mr. Speaker Sir, I must thank the Leader of the House for giving this House an opportunity of discussing what today really is a national problem. It is unfortunate in a way, that he is today here to face and answer for the miseries or, may be, the errors of others. But the changed circumstances which have been brought about in this province recently with the change in the executive particularly, vis-a-vis this honourable august House, are really welcome. Sir, you will appreciate the co-operation that this House in turn is giving to the executive. We have now finished one full week of the present session and I am proud to say that not a single instance occurred of there being want of quorum, which, in the previous session, you very well know Sir, used to be wanting a number of times in a single day. The result of this is that that those our colleagues who used to charge for want of quorum by rising on point of orders are now disgusted and have changed their seats and have gone in the corners.

حاجی سردار عطا محمد (سندھی) ۔ آپ نے جو کچھ انگریزی میں کہا ہے وہ میری سمجھ میں نہیں آیا ۔

مسٹر احمد میاں سمرو (سندھی) ۔ حاجی صاحب ۔ میں نے عرض کیا تھا

کہ کورم کو قائم رکھنے کے لئے آپ اپنی جگہ پر بیٹھیں تاکہ کورم نہ ٹوٹے - میرا خیال ہے کہ آپ اس چیز سے تنگ آ گئے ہیں کہ کورم نہیں ٹوٹتا اور آپ نے بیزار ہو کر اپنی جگہ تبدیل کر لی ہے -

حاجی سردار عطا محمد - آپ اردو میں تقریر کریں -

مسٹر احمد میاں سمرو - مجھے اردو اچھی طرح سے نہیں آتی -

حاجی سردار عطا محمد - پھر مجھے بھی سندھی میں تقریر کرنے کی اجازت دی جائے -

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, at the outset I must, through this House, appeal to the nation at large to face this problem as a real national issue. It is not a crisis which should create panic but it is a problem which needs at this juncture a certain amount of sacrifice on the part of the nation. This is not the first time in history that our nation has to face a crisis of this nature. It has faced much more serious crisis and come out of them successfully. We know of countries who have had to face their food problems. Even at the present time, if we look across the border, we see our neighbour India having much more serious food crisis than what we have here.

They are compelled to give up certain meals. They are compelled to bring about a cut in the amount of grain that they consume. Let the nation rise to the occasion and let every one feel it his duty to try and save as much of food-grains as they possibly can to get over this problem.

Sir, this problem is not only an immediate proplem, it is to be faced as a long-term problem, and a long term solution is to be found out. If we merely get over the problem for a few months without looking at the conditions in the next few years we will still have to hang our heads in shame and not be proud that we have got over the few months of the crisis. We have to face and tackle the problem, we have to gird up our loins, we have to put the various machineries in gear as we are required to face this problem as a long term plan. Sir the main departments which are required to be put in proper gear and should have proper co-ordination in this respect the Food and Agricultural Department, the Revenue Department and then the Irrigation Department. These three departments have to jointly put their heads together, cooperate with each other and then with the cooperation of the whole nation we can very successfully get over this problem and in future this would no longer be a problem for us. I agree with my learned friend Khawaja Muhammad Safdar, that Agriculture as before, has not been given the proper importance and attention which should have been given

to it as compared to industry. Our main industry actually is agriculture. It is agriculture that must be dealt with as the first and primary industry before we deal with other industries and try to increase them because if we have enough to eat, if we can save our foreign exchange which we spend on the import of food grains we would be much happier than if we were at a loss in this respect and brought up other industries.

Sir, before I go into the matter of cooperation or the mistakes of the relevent departments other than the Food Department. I would just like to say a word about the working conditions in the Food Department. Sir, in order to make people work they must have a certain amount of satisfaction. I would like to draw the personal attention of our Leader of the House, who happens to be the Minister of Food and Agriculture, to the conditions in the Food Deptt. to a certain extent. Sir, let me draw his attention to the fact that this Department is still being run as a temporary Department. The Officers of this Department who have been serving there even for the last 20 years are still unconfirmed. Unless you give the people a certain amount of Security of service it would not be right to expect much from them. This Department is not a temporary Department as we can see from things that are going on. I think it should be treated as a permanent Department as compared to many other money wasting Departments. He would kindly have this aspect tackled as far as the conditions of the Food

Department are concerned. Then Sir, I would congratulate our Food Minister because the Department is under his able guidance at present, and he himself being one of the foremost agriculturists of this Province has also been the Secretary of this Deptt. He knows the ins & outs of it and I am glad that we are benefitting by this experience. He fortunately also is aided by a very honest and efficient Sectt. in the Food Department here. They have been doing their best. I know of cases of smuggling which they have detected from the far flung area of Sind where food grains were attempted to be smuggled to Peshawar and other cities and the able Secretary through his reliable information got hold of these people. But Sir, inspite of their best efforts here at the top level let me tell you what is the condition at the District level. It is not at all satisfactory. In the Districts the District Food Controllers are responsible-at least I can say of my District-for the smuggling that is going on within this country. They are charging Rs. 500/- per wagon to issue false certificates. Sukhdasi and Hansraj rice is permitted to be moved out therefore, a certificate is issued that Sukhdasi or Hansraj rice is put in the wagon while it contains rice which is not permitted to be moved out. I openly state here and I am ashmed of it that when orders for the transfer of the District Food Controller were issued (who was responsible for all the smuggling) the Deputy Commissioner would not allow him to be relieved, It is a shame that since one month the Deputy Commissioner has not allowed these orders to come into effect.

(Voices-"Shame-Shame)" The Deputy Commisssoner has openly told the people that if this Food Controller goes he will not cooperate with the Government in its procurement policy. Sir, who is this Deputy Commissioner to try and create hindrances in National Development Building Programme of procuring food grains? Can he play with the lives of lakhs of people like that. A corrupt Food official is transferred by the authorities who know that he is corrupt but he does not want to relieve him. Why ?. I do not want to go into the details. But I must say that this Deputy Commissioner should not be allowed to protect a corrupt official and thus play with the lives of lakhs of people. This is a very serious matter and unless a deterrent punishment is afforded here you cannot expect the executive machinery to do what it ought to do however honest the officials you might have at the top level.

Sir, after having passed this information about issuing a false certificate for the smuggling of rice I would suggest to the Government that in this manner the rice that is being smuggled from Jacobabad to Quetta and other areas-Joshi rice it is being sold in Quetta at 25 rupees per maund instead of rupees 17 at which the government is procuring it. This difference is mostly going into the pockets of these corrupt officials. The Govt: should instead fix a quota for exporting this rice to the deficit areas and thereby reduce the demand of wheat of these areas as these areas could easily utilize rice instead of wheat. This rice will be supplied to them at a much cheaper rate. The smuggled rice is sold at

a much higher rate because the smugglers to pay for the corrupt practices of many of those officials. At each barrier which they have to cross they have to pay something with the result that consumers in Quetta get rice at a much higher rate. It would be in the the fitness of things if the Food Department fixed a quota for these deficit areas.

Then Sir, I would go to the question of the grow-more-food policy of the Government. Sir, the Government is no doubt very anxious that food grains should be grown to the maximum possible extent with the maximum possible yield.

But actually Sir what is happening. Now, here it is again where I say that the Revenue Department must collaborate with the Food Department. Under the Rice Restriction Ordinance large tracts of land around various towns and villages have been banned from rice cultivation. I would draw the personal attention of the Revenue Minister to this aspect of the matter which I am now touching upon. If you want to save some towns from water-logging, which I must say is necessary, the rice restriction should be such as to really serve that purpose. To just sit down in the Secretariat and say "alright rice cultivation in lands one mile around so and so village and half a mile around so and so village is banned.", these are Ranjit Singh-like orders. "Once some cases were put up to Ranjit Singh for decision. He threw them on the table, and said; "those cases which fall on the table

are passed, and those which fall down on the floor are rejected" Sir, in every town has its own waterlogging problem. I would say about Jacobabad. Jacobabad has a canal passing right through the middle of the town. It is a canal on the north of it. This very canal, which is non-perennial, passes through the town and around it there are lands about half a mile, 3/4th of a mile and one mile away from Jacobabad. Now, Sir, these lands are at a level lower than Jacobabad. By stopping the growing of paddy in these areas, half a mile away from Jacobabad, where the canal is passing through the city, how on earth is the ban on rice cultivation going to affect the seepage of water here. Of course it is a question of ordinary commonsense that waters find their own level. As against that, if a mile away paddy is allowed to be grown in lands which are at a lower level than Jacobabad, how the water would come to Jacobabad. In this case, Sir, I know that a move was made and the officers there said that rice cultivation should not be banned there. The Deputy Commissioner had also said that this should not be banned, but the Board of Revenue refused to accept it and that 'faisala' stood. Sir, this decision would turn those lands into wastelands, which otherwise could produce rice, which could supplement wheat that we are short of.

In these areas, a lot of people eat rice. I would, therefore, respectfully request our Revenue Minister to have this whole question

re-examined. Why throw those lands out of cultivation which can produce food for you, which is more precious than gold to us now.

The Revenue Minister would be surprised to know that last year just when the Kharif cultivation was to start, the Agricultural Development Corporation wrote to the Board of Revenue, without consulting the Food Department, to ban rice cultivation throughout the Jacobabad District, which is the greatest producing district of kangni and joshi. In the areas commanded by the non-perennial canals, if the growing of rice had been stopped when no other crop could be grown there, what would have been the result of that. This was done without consulting the Food Department. But I would say that we were fortunate enough that the Board of Revenue Sent a letter to the MPAs of the district asking their views. We protested and pointed out the foolishness of the plan, and that is why in the last kharif season, that plan was not brought into operation. And I hope that plan should not be brought into operation in future.

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member may please try to conclude.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I just require a few minutes more. I have one of the most important things now to refer to. I mean the tax holiday. Industries have been granted tax holidays. If you want people to produce more foodgrains in wastelands, encourage

them to develop the underground water resources. Help them in that. Let them find out the sources of water. Give them tax holiday to make it worthwhile for them to invest money and produce foodgrains. Unless you do that, unless you have a long term plan to encourage them, you will not succeed. By this method, at the most, the Government would be losing a little revenue which it gets, but look at the amount of foreign exchange that we would be saving if we encouraged the people to produce more food. The Government would not be at a loss in this case.

Then the Pat Feeder can bring lakhs of acres under plough and grow good wheat. There are hundreds of acres of virgin soil there. If proper supply of water is given to that, I am convinced that those four or five lakhs of acres, which are commanded by this Feeder, could provide substantial quantities of foodgrains, As against this, I have learnt (I would hope that it is wrong) that the World Bank and the WAPDA have agreed to stop supply to about 40 lakhs of acres of land commanded in the Sind area by the present irrigation system. This is very alarming Sir. As I have said I only hope it is not true. Therefore, if a way is found out to supply water to this Pat Feeder, I am sure the produce of wheat from these areas would go a long way to relieve the shortage that we are facing today. As far as the foodgrain is concerned, let me give an example to the Revenue Minister that in these non-perennial canal areas, if we

grow wheat we have to pay Rs. 7/8 to Rs. 8/- per acre, and if I grow gram or any other non-food crop, or the winter crop, I will pay Rs. 2/8/-. Why should I grow wheat then? Why shouldn't I grow some fodder?

These are all aspects which require deep thinking, and as I said, there should be a long term, and real thinking should be put into it to change the entire system by which the agriculturist would realy feel that he is encouraged to grow more food. You will find that now lakhs of acres on Pat Feeder growing oilseeds. If there is lesser assessment on wheat, they would naturally grow wheat than oilseeds. I would request the Revenue Minister to re-examine as far as the taxes are concerned and bring it on a basis where the agriculturist would feel it profitable to go in for producing foodgrains as compared to any other things. Here, Sir, I would also, just for a few minutes, mention about the question of financing of agriculturists, which is also considered with food Sir. The Co-operative Department no doubt is now under the charge of a Minister, who has this experience. The immediate problem facing the agriculturists is the grant of loan from the State Bank, a long term loan, Sir, for which the Provincial Government in the case of Sind and Baluchistan areas have been asked to guarantee it. They have only guaranteed the short term loan which is not a real loan, of which the agriculturist can get any benefit, I would request the Finance Minister

that they should give a guarantee so that the agriculturists are able to get it.

Secondly, the entire stock of kangni rice which is available with the zamindars in Jacobabad should be taken because the zamindars have no other alternative, and this is one of the sources of food which supplements wheat, and by allowing the people to divert this kangni or government taking this and sending this to deficit areas, they would be meeting the demand as far as wheat is concerned Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Anwar Aziz !

Mr. Anwar Aziz : Could I speak after someone else has spoken?

Mr. Senior Deputy Speaker : Alright. Syed Inayat Ali Shah.

سید عنایت علی شاہ (پشاور-۴) ۔ جناب سپیکر ۔ مغربی پاکستان کی غذائی پالیسی اس معزز ایوان کے سامنے بحث کے لئے پیش ہے ۔ جناب والا ۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور یہاں کی ۸۵۔ فیصدی آبادی کا دارومدار زراعت پر ہے اچھا تو یہ تھا کہ ہم خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ہوتے اور اس کے علاوہ ہم اناج برآمد بھی کر سکتے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ درحقیقت ایسا نہیں ہوا ۔

جہاں تک حکومت کا تعلق ہے اور پیداوار بڑھانے کے اقدامات کا

تعلق ہے ہماری حکومت اس سے بے خبر نہیں ہے اور اس کے متعلق قدم قدم پر اور وقتاً فوقتاً اقدامات کرتی رہی ہے ۔ جناب والا ۔ موجودہ حکومت جسے ہم انقلابی حکومت تصور کرتے ہیں اس زمانے میں ایک انقلابی اقدام کر چکی ہے اور وہ زرعی اصلاحات ہیں ۔ یہ حقیقت ہم سب پر واضح ہو چکی ہے کہ وہ شخص جس کو ہم کاشتکار کہتے ہیں زمین کی اپنے خون سے آبیاری کرتا ہے اور اس زمین سے زیادہ غلہ پیدا کرتا ہے چنانچہ اسی نقطہ نظر کے پیش نظر زرعی اصلاحات نافذ کی گئیں اور ان کے نتائج برآمد ہو چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ یہ بھی محسوس کیا گیا کہ زمین کے چھوٹے ٹکڑوں کی نسبت بڑے ٹکڑے زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں تو اس سلسلے میں اشتمال اراضی شروع کر کے سارے ویسٹ پاکستان کی اشتمال اراضی مکمل ہو چکی ہے اشتمال اراضی کے سلسلے میں جناب والا ۔ حکومت نے مستحسن قدم اٹھایا اور اس کا مقصد صرف یہ تھا کہ پیداوار کو زیادہ بڑھایا جائے ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں غلام محمد بیراج ، تونسہ، بیراج گدو بیراج ، منگلا ڈیم، تربیلا ڈیم اور کچھ چھوٹی چھوٹی نہریں زیادہ اناج پیدا کرنے کے لئے مکمل کر لی گئی ہیں جن سے اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں ۔ گورنمنٹ نے زمینداروں کے لئے کیمیاوی کھاد کی قیمت جو ۱۳ روپے میں ملتی تھی آٹھ روپے فی من کر دی تھی اور اس طرح گورنمنٹ

زمینداروں کو subsidy دیتی تھی اور اس کے علاوہ گورنمنٹ نے یہ محسوس کیا کہ اس ملک میں غلہ کا ضیاع بہت ہوتا ہے تو اس کے متعلق بھی اس نے احکامات جاری کئے اور اس نے دعوتوں ضیافتوں اور شادیوں کے موقعوں پر جو اناج کا ضیاع ہوتا تھا اس پر بھی پابندی لگا دی لیکن ان باتوں کے باوجود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کے ان مستحسن اقدامات کے ہوتے ہوئے یہ مسئلہ کیوں نہیں حل ہوتا اور اس کے راستے میں کون سی رکاوٹیں ہیں -

جناب والا - مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس میں زیادہ تر ذمہ داری بے وقار افسران کی ہے جو قوم کے خون سے کھیلتے ہیں اور جو ذاتی اغراض کی وجہ سے اور رشوتوں کی وجہ سے قدم قدم پر روڑے اٹکاتے ہیں - سب سے پہلے میں محکمہ زراعت کی طرف آتا ہوں - جناب والا - میں اس محکمہ کے سب افسران کے متعلق تو نہیں کہہ سکتا لیکن بعض ایسے افسران ہیں جو حقیقت میں اپنے فرائض سے عہدہبرآ نہیں ہوتے اس کی مثال میں اپنے حلقۂ نیابت کی دے سکتا ہوں اور وہ مثال آبپاشی کی سکیموں کی ہو گی جن سے یہ بات واضح ہو جائیگی کہ درحقیقت ایسے افسران موجود ہیں جو اپنی ذمہ داریوں سے عہدہبرآ نہیں ہوئے ہیں - ان سکیموں کا مطلب

یہ ہے کہ ہمارے یہاں کے چار دیہات "ڈھیری زردار ۔ خیشکی بالا ۔ خیشکی پایان اور علاقہ نوشہرہ (بہرام کلے) کی ضروریات پوری ہو سکیں اور یہ سیراب ہو سکیں ۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان سے صرف دو دیہات سیراب ہوتے ہیں ۔ اور دو دیہات پانی سے محروم ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ قومی دولت جس نقطہ نظر سے ان سکیموں پر خرچ کیگئی اس سے نتیجہ کیا نکلا یہی وہ چیزیں ہیں جو ڈویلپمنٹ پروگرام میں آڑے آتی ہیں اور ملک ان ہی وجوہات کی بنا پر کسی حد تک غذائی معاملات میں خود کفیل نہیں ہوتا ۔ جناب والا ۔ اس قسم کی ایک اور مثال lift irrigation schemes کی ہے اسمیں چار lift ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ گذشتہ تین چار سال سے ایک lift بھی کام نہیں کر رہا ہے ۔ میں نے وقتاً فوقتاً خود کوشش کی ہے اور افسران بالا کی خدمت میں یہ بات پہونچائی ہے لیکن مکینیکل ڈیپارٹمنٹ جس کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ مشینیں ٹھیک کرے ۔ وہ اس کی طرف توجہ نہیں دیتا ۔ معلوم نہیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے ۔ جناب والا میں اپنے ایگریکلچرل سٹاف پر فخر کرتا ہوں اور فخر کروں گا لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کا زیادہ تر وقت دفتروں میں گزر جاتا ہے اور وہ فیلڈ ورک نہیں کر سکتے ۔ زیادہ اناج اگانے کے لئے فیلڈ ورک بہت ضروری ہے ۔

اب ایک اور بات جس کی طرف میں اشارہ کرنا چاہتا ہوں اور وہ چھوٹی

نہیں ہے یعنی یہاں اناج کی سمگلنگ کسی حد تک ہو رہی ہے - آپ جانتے ہیں کہ یہ اناج کی سمگلنگ کون کرتا ہے - آپ جانتے ہیں کہ یہ وہی لوگ ہیں جو پاکستان کی آبادی کا گلا گھونٹنا چاہتے ہیں - اسکے لئے میں عرض گا اور پرزور الفاظ میں عرض کرونگا کہ ایسا کرنے والے کو کم از کم پھانسی کی سزا ہونی چاہئیے - اور اسکی جائیداد ضبط ہونی چاہئیے -

اب تیسری چیز یہ ہے کہ حکومت نے زمینداروں کو جو subsidy دی تھی آپ یقین کیجئے کہ اس subsidy کے روک لینے سے زمینداروں کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ اناج اگانے کے لئے اس چیز پر پھر سے غور کیا جائے اور جہاں تک ممکن ہو سکے کیمیاوی کھاد زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ فراہم کی جائے -

ایک اور چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ گندم کے بیج اور دوسرے بیج جو تقسیم کر رہی ہے اس کے لئے میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس میں بہت شکایات پیدا ہو رہی ہیں - نمبر (۱) بیج کی قیمت عام گندم کی قیمت سے زیادہ ہے لوگ اس قابل نہیں رہتے کہ وہ مہنگی گندم خریدیں - گندم کے بیج کی قیمتیں کم سے کم تر ہونا چاہئیں تاکہ ہر شخص خرید سکے اور ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکے اور پھر گندم کی تقسیم کا طریقہ کار

بھی ناقص ہے ۔ جب گندم آتی ہے تو یقین کیجئے کہ لوگ بو بھی چکے ہوتے ہیں تو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا اس کی تقسیم وقت پر ہونی چاہئے اور اس کا طریقہ سہل ہونا چاہئے تاکہ ہر چھوٹا بڑا زمیندار اسے آسانی سے لے سکے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ پیداوار کی قیمت میں عدم استحکام ہے اور اس میں ہم آہنگی نہیں ہے ۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ زمینداروں کو cash crop سے زیادہ قیمت مل جاتی ہے اور گندم اور دوسرے جو اناج ہیں ان قیمت زیادہ نہیں ہوتی تو چھوٹے زمیندار cash crops کی طرف چلے جاتے ہیں اور گندم کی طرف یا دوسرے اناجوں کی طرف رجوع نہیں کرتے تو اس کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ جن زمینوں پر اناج بویا جائے جن زمینوں پر گندم بوئی جائے جن زمینوں پر جوار بوئی جائے ان کے لئے مالیہ اور آبیانہ میں خاص کمی کر دی جائے اور حکومت کو چاہئیے کہ کیمیاوی کھاد کی subsidy زیادہ مقرر کرے تاکہ استحکام پیدا ہو اور لوگ دوسری قسم کی فصلوں مثلاً تمباکو وغیرہ کی کاشت سے گریز کریں ۔ اس کے علاوہ بیراجوں میں جو اراضی تقسیم کر دی گئی ہے کم از کم میرے نوٹس میں یہ ہے کہ ان اراضیات کو کاشت نہیں کیا گیا۔ ان سے فائدہ نہیں اٹھایا گیا۔میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ

کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ وہ اس ضمن میں انکوائری کرائیں اور اگر اس قسم کی زمینیں زیر کاشت نہ لائی گئی ہوں تو ان کو زیر کاشت لایا جائے ۔ ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان ۔ے) ۔ جناب والا ۔ آج جیسا کہ ہمیں تجویز کیا گیا ہے ہم اپنی زرعی پالیسی کے متعلق تبصرہ کر رہے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت یہ ہمارے صوبہ کا سب سے اہم مسئلہ ہے ۔ اور قوم کو یہ مسئلہ اتنا ہی اہم نظر آتا ہے جتنا کہ پچھلے دنوں جنگ کے دوران ایک طاقتور مگر بزدل دشمن سے مقابلہ میں نظر آتا تھا ۔ جناب والا اس وقت آٹا ۲۶/۲۷ روپے فی من مل رہا ہے اور وہ بھی اس حالت میں، ہے کہ صحت کے لئے سخت نقصان دہ ثابت ہوتا ہے اور اس میں قسم قسم کی چیزوں کی ملاوٹ کی جاتی ہے۔ جو کہ عام صحت کے لئے بے حد مضر ہیں۔ میں غذائی کمی کو تین چیزوں پر مبنی سمجھتا ہوں ۔ سب سے اول سمگلنگ ۔ نمبر ۲ ذخیرہ اندوزی۔نمبر۳ یہ کہ زراعت پیشہ لوگوں کر جو قدم‌قدم پر از حد تکالیف اور problems پیش آتے ہیں انکا رفع کیا جانا از حد ضروری اور فوری ضرورت کا حامل ہے۔ میں سمجھتاہوں جناب والا جب سمگلنگ کا لفظ سامنے آتا ہے تو مسلمانوں کی آنکھ جھک جاتی ہے اور یہ ملک جو اسلام کے نام پر

کھڑا ہوا ہے اور جو مسلمانوں کا ملک کہلاتا ہے اس میں سمگلنگ جیسا سنگین جرم ہو جبکہ ہم غذائی صورتحال کا ایک سنگین طریقہ پر مقابلہ کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم سب کے لئے شرم کی بات ہے ۔ وہ لوگ ننگ قوم ہی نہیں بلکہ ننگ انسانیت ہیں جو سمگلنگ میں اپنا ہاتھ ڈالتے ہیں ۔ چاہے وہ افسر ہوں یا دوسرے آدمی ۔ کتنی عجیب سی بات ہے کہ کاشتکار خون پسینے کی کمائی سے ہر ایکڑ سے ۱۰۰۵ من غلہ پیدا کرتا ہے اور سمگلر اسی ہزاروں من غلے کو ضائع کر دیتا ہے ۔ اور قوم اور ملک کے ساتھ غداری کرتا ہے ۔ میں اس وقت بھی مطمئن نہیں ہوں کہ سمگلنگ پر پوری طرح کنٹرول کر لیا گیا ہے ۔ میں اپیل کرونگا کہ ہماری حکومت اس کو ایک بڑا اہم مسئلہ سمجھے اور اس کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے جہاں تک ذخیرہ اندوزی کا تعلق ہے میں نے حزب اختلاف کے لیڈر صاحب کی تقریر بڑے غور سے سنی ۔ ان کے ہر پوائنٹ کو میں بہت اہمیت دیتا ہوں مجھے صرف ایک چیز سے اختلاف ہے کہ اس وقت زمینداروں او کاشتکاروں کے پاس ذخیرے نہیں ۔ جناب والا ۔ زراعت کے متعلق وہ لوگ زیادہ سمجھ سکتے ہیں جو خود کاشتکار ہوں یا زمیندار ہوں ملک کا ۹۰ فیصد حصہ کا زراعت پیشے سے تعلق ہے ۔ میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ اپنی اجناس بہت جلد بیچنے پر مجبور ہوتے ہیں کیونکہ بے پناہ اخراجات اور مہنگائی اور

ٹیکسوں نے زراعت پیشہ برادری کو مجبور کر دیا ہے اور وہ غلہ اپنے گھروں میں نہیں رکھ سکتے ۔ ایک اور طبقہ ایسا ہے جو اجناس کی تجارت کرتے ہیں اور فصل کے دوران کاشتکاروں اور زمینداروں سے غلہ خرید لیتے ہیں اور جب ایسا موقعہ آتا ہے اور وہ دیکھتے ہیں کہ ملک کو کسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑیگا اور ان کو یہ بھی امید ہو کہ نرخ زیادہ سے زیادہ ہو جائیں گے تو وہ ذخیرہ اندوزی شروع کر دیتے ہیں ۔ یہ قوم کے غدار ہیں خصوصاً جبکہ ملک غذائی صورتحال سے اس حد تک دو چار ہو اور تکلیف میں ہو اور وہ ان حالات میں ان کو جتنی ضرورت ہے اس سے بھی زیادہ ذخیرہ اندوزی کریں تو وہ کسی طرح بھی قابل معافی نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں اگلے پوائنٹ پر آتا ہوں کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو آئے دن تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ ایک طرف تو ہم سے توقع کی جاتی ہے کہ ہم زمین کے ہر انچ کی کاشت کریں اور فی ایکڑ پیداوار بڑھائیں اور دوسری طرف ہمیں بغیر پانی کے یا ان سہولتوں کے بغیر جو حکومت نے اپنے پاس رکھی ہوئی ہیں چھوڑ دیا جاتا ہے تو یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے اور ہم کیسے یہ توقع کر سکتے ہیں کہ کاشتکار محنت کرکے زمین کے رقبے کے ہر انچ کو آباد کر دیں۔

اور خصوصاً ان حالات میں جبکہ ان کو ہر قدم پر تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہو یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ عرب کے ریگستان میں جہاں نہ مشینری کے ذریعے پانی حاصل ہو نہ نہریں نہ نہر کا پانی ہو وہاں سے ہم یہ توقع رکھیں کہ زمیندار یا کاشتکار محنت کرکے رقبہ کا ہر حصہ آباد کر دیں ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ایسے لوگ بھی ہیں جو محنت کرکے اپنے رقبہ جات پر کاشت کرنا چاہتے ہیں لیکن نہ انہیں نہری پانی میسر ہے اور نہ ہی ٹیوب ویلوں سے ان کی مدد کی جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ میں زراعت پیشہ اور کاشتکار طبقہ کی بنیادی ضرورتوں کو ان چند نکات پر مبنی سمجھتا ہوں اور میں اپنے فاضل وزیر خوراک و زراعت سے استدعا کرونگا اور اپیل کرونگا کہ وہ برائے مہربانی ان چیزوں کو نوٹ فرمائیں ۔

۱۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے کاشتکار اور زراعت پیشہ برادری کا ایک تو اشتمال اراضی کا مسئلہ ہے ۔

۲۔ دوسرے نمبر پر پانی ہے ۔

۳۔ بجلی برائے ٹیوب ویل خصوصاً ششماہی نہروں پر ۔

۴۔ مصنوعی کھاد

۵۔ اعلیٰ آلات کشاورزی

۶- اعلیٰ اور ترقی یافتہ بیج

۷- فنی مشورہ جات اور راہبری ۔

۸- قرضوں کی سہولت ۔

۹- ذرائع آمدورفت

۱۰- منڈیوں کی سہولت ۔

۱۱- چھوٹے ٹریکٹروں، ٹیوب ویلوں اور دیگر زرعی مشینری کا آسان اقساط پر مہیا ہونا ۔

۱۲- زرعی مشینری کے فاضل پرزہ جات اور ورکشاپ ہر تحصیل ہیڈ کوارٹر پر ہونے چاہئیں ۔

۱۳- اندھا دھند ٹیکس جو ہر سال کاشتکاروں اور زمینداروں پر لگا دیتے ہیں ان سے چھٹکارا ۔

۱۴- اراضیات کی روزمرہ کی تقسیم در تقسیم ۔

اب نمبر ۱۵ بہت ضروری ہے جو میں صرف کاشتکاروں اور زراعت پیشہ برادری کے لئے ہی نہیں بلکہ صوبہ کے ہر فرد کے لئے ضروری سمجھتا ہوں ۔

وہ یہ ہے - ۱۵- ہر فرد کی عزت نفس قائم ہو - اور ان کو مفت یا کم خرچ انصاف ملے -

جناب والا - یہ پندرہ نکات ہیں جن کا سامنا ایک زراعت پیشہ یا کاشتکار کو روزمرہ کرنا پڑتا ہے - اب میں ان میں سے جو بہت اہم ہیں ان کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں -

جناب والا - سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ زمین چھوٹے ٹکڑوں میں ہر روز تقسیم ہو رہی ہے - اور اس وجہ سے ہماری زراعت پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے - میں یہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں کہ اراضی کے چھوٹے ٹکڑے ملک کی زرعی پیداوار میں اضافہ کا باعث ہو سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کوآپریٹو لائنوں پر یا کسی اور سکیم سے کم از کم بیس تیس مربعے کے فارم ہونے چاہئیں جو خود کفیل یونٹ ہوں - ان میں ٹیوب ویل، ٹریکٹر اور ہر قسم کی ترقی یافتہ مشینری کا استعمال ہو - اور وہ چھوٹی سی گورنمنٹ کا نمونہ پیش کرے اور اپنی ضروریات خود پوری کرنے کے قابل ہو -

جناب والا - نہری پانی کے متعلق میری یہ عرض ہے کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کی روزمرہ تکلیف کا انتظام ہو - اس سلسلے میں ہمارے معزز صدر اور جناب گورنر صاحب نے یہ بہت ہی اچھا کیا ہے کہ منسٹر صاحبان کو توجہ دلائی

ہے کہ وہ علاقوں میں جائیں اور زمینداروں اور کاشتکاروں کے مسائل موقع پر سنیں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ٹیل پر پانی کی گیج نوٹ کی جاتی ہے ٹیل پر نہروں کی حالت یہ ہوتی ہے کہ وہ مٹی سے بھر چکی ہوتی ہیں ۔میں اس سلسلہ میں اپنے علاقہ سے مثالیں پیش کر سکتا ہوں ۔ اس کے لئے میری تجویز یہ ہے کہ ٹیل کی گیج محض محکمہ نہر کے اہلکار ہی نوٹ نہ کریں بلکہ اس علاقہ کی یونین کونسل کا چیئرمین بھی اس کی تصدیق کرے تاکہ جو محکمہ پانی مہیا کرنے کا ذمہ دار ہے وہی پانی کے نتائج کا ذمہ دار نہ ہو۔

جناب والا ۔ اس وقت زمیندار اور کاشتکار اپنی حکومت کے حکم کے مطابق اور جذبہ حب الوطنی کے ساتھ رات دن محنت کرکے اپنی ایک ایک انچ زمین کاشت کرنا چاہتے ہیں مگر افسوس ہے کہ واپڈا کی پالیسی یہ ہے کہ کنکشن برائے ٹیوب ویل نہ دے ۔ ملتان کے پاور ہاؤس کی خرابی کس کا قصور ہے یہ علیحدہ مسئلہ ہے ۔ مگر میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک لائن اور کھنمبے قائم کرنے کا تعلق ہے وہ کیوں بند کر دیئے گئے ہیں ۔ یہ کام بند نہیں ہونا چاہیے ۔ اور جب تک بجلی دوبارہ جاری نہیں ہوتی یا جب تک دوبارہ کنکشن دینے کی پالیسی جاری نہیں ہوتی اس وقت تک ہم لائنیں قائم کر لیں تاکہ اس

وقت فوراً کنکشن دے سکیں اور ہمیں لائنیں اور کھمبے لگانے پر وقت نہ صرف کرنا پڑے ۔

جناب والا ۔ اس وقت کھاد کی تقسیم اے۔ڈی۔سی۔اور محکمہ کوآپریٹو کی معرفت ہو رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دوغلی پالیسی سے اس کی تقسیم پر برا اثر پڑتا ہے ۔ جب ہماری زراعت کی ذمہداری محکمہ زراعت پر ہے اور اس کے نتیجہ کا ذمہدار بھی وہی محکمہ ہے تو مناسب یہ ہو گا کہ کھاد کی تقسیم بھی اس کی معرفت ہو ۔ اور وہ یونین کونسلوں کو کوٹا کے طریقہ پر دی جائے ۔(تالیاں)

اور اسی لائن پر میں ترقی یافتہ بیج کے لئے اپیل کروں گا کہ یہ بھی محکمہ زراعت کو مناسب مقدار میں مہیا کرنا چاہئے ۔ اور اسے اس کا سٹاک رکھنا چاہئے ۔ اور اس کی تقسیم کم نرخوں پر کرنی چاہئے ۔ اور جب تک کاشت کار ترقی یافتہ بیج کا قائل نہیں ہو جاتا اور اس حد تک نہیں چلا جاتا کہ اس کی کاشت کرے اور اس کا سٹاک رکھے اور اسے خود فراہم کرے اس وقت تک محکمہ زراعت کو یہ ذمہداری قبول کرنی چاہئے ۔

قرضہ کے متعلق مجھے بہت بڑا اعتراض یہ ہے کہ زرعی بنک قرضوں کی وصولی فوری طور پر شروع کر دیتا ہے ۔ اس کے لئے میں اپیل کروں گا کہ قرضہ کی وصولی اس کی نوعیت پر ہونی چاہئیے اور اس کی وصولی اس وقت شروع ہونی چاہئے جب زمیندار اپنی زمین یا باغات جس کے لئے اس نے قرضہ حاصل کیا ہے ان سے آمدنی حاصل کرنا شروع کرے ۔ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ باغات کے لئے یا بنجر زمین کی آبادی کے لئے قرضہ دیں اور اسی سال سے اس کی وصولی شروع کر دیں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ گورنمنٹ کو چاہئے کہ چھوٹے ٹریکٹرز خود درآمد کر کے مہیا کرے ۔ ٹیوب ویل اور چھوٹے ٹریکٹر باہر سے منگوا کر ضرورت مندوں کو زرعی بنک کے ذریعہ مہیا ہونے چاہئیں ۔

جہاں تک عزت نفس کا تعلق ہے مجھے بہت ہی شرم آتی ہے جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ دیہاتیوں کے ساتھ ہمارے افسروں کا رویہ بہت ہی شرم ناک ہے میں یہ اپیل کروں گا کہ افسر خصوصاً پولیس افسر کاشتکاروں میں انصاف قائم کریں اور انہیں با عزت زندگی بسر کرنے کا موقع دیں ۔ (تالیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ آج آپ کو وقت کی پابندی کرنی پڑے گی ۔

ملک محمد اختر ۔ تین گھنٹے کا وقت ہمیں ملا ہے اور تین گھنٹے گورنمنٹ کو ملیں گے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order, Sir. If there is a settlement between the Leader of the Opposition and the Leader of the House that the time will be divided half and half between them, this is not an understanding between the Independent Members. They should show their flags here whether they are in favour of the Government or they are Independent.

Malik Muhammad Akhtar : We would continue to be Independent Members. But I had about six adjournment motions.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I am not through with my point of order, and I am stating it to have your ruling on it. The point that I am submitting before you for a ruling is that by joining the Government Party, do I lose my rights as compared to Independent Members ? My submission is this that I should be treated on an equal footing with an Indpendent Member. The Opposition has got a special privilege because they are short in number. They are expected to put in constructive suggestions,

which, though, are not forthcoming. But the Independent Member uses such time as you will allow him.

Mr. Senior Deputy Speaker : As far as the name of Malik Akhtar is concerned, Khawaja Safdar has included his name in his list.

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ نصف وقت دینے کا مسئلہ صبح کی نشست کے لئے یہ مسئلہ نہیں ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا ۔ میں بھی تھوڑا سا عرض کر دوں ملک اختر صاحب نے جو فرمایا ہے وہ درست ہے ۔ میرے اور میرے بھائی کے درمیان جو تصفیہ ہوا تھا وہ صبح کے سیشن کے لئے تھا دوسری نشست کے متعلق کوئی گفتگو نہیں ہوئی تھی لیکن جناب والا ۔ میں آپ کے توسط سے خواجہ صفدر صاحب کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں کہ جیسے مناسب ہو کر لیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ نصف وقت تو ہمیں ملے گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ نصف وقت صبح کی نشست کے لئے ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بعد میں جو ہو گا اسکے متعلق دیکھ لیں گے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ یہ صبح والی جو صورت حال ہے اسکے مطابق اب کوئی معاہدہ نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ سب دوستوں کو تقریر کرنے کے لئے وقت مل جائے ۔ گزارش ہے کہ ہمارے ۷ نام ہیں ۔ ہم نے ابھی تک دو تقریریں کی ہیں اور حزب اقتدار کی طرف سے ۵ دوست تقریر کر چکے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آدھا وقت جو آپ کو ملا ہے اس میں آپ کی تقریر کا وقت بھی شامل ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں بھی اس میں شامل ہوں ۔ تین گھنٹے وقت ہمیں ملنا ہے ۔ یکے بعد دیگرے تین اور تقریریں ہماری طرف سے ہوں گی ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ ان سب لوگوں کے خیالات سن کر مجھے بڑی خوشی حاصل ہوئی ہے خاص طور پر زمیندار بھائیوں کے جنہوں نے کاشتکاروں کے نقطہ نظر بیان کیا ہے میں اس سے بڑا متاثر ہوا ہوں اور انہوں نے نہایت کامیابی سے اپنا نقطہ نظر بیان کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں اس صوبہ کے ۵ کروڑ عوام کے نقطہ نظر بیان کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں جس میں کم سے کم زمیندار طبقہ کے بھی نقطہ نظر شامل ہونگے اور اس میں کم و بیش ۹۹ فیصد دیہاتی عوام کا بھی نقطہ نظر ہو گا ماسوائے ان کے جو ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں اور جو براہ راست اس قلت کے ذمہ دار ہیں اور وہ برسراقتدار طبقہ جو ان کی نمائندگی کرتا ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت ، موجودہ بر سراقتدار لوگ دیدہ و دانستہ طور پر ان کے اعمال سے چشم پوشی کرتے ہیں اور وہ قحط کے ذمہ دار ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ دراصل ملک میں غلہ موجود ہے لیکن اس کی تقسیم کا طریق کار ناقص ہے اور ہماری حکومت اس وقت کوئی بھی ایسا ہنگامی قانون یا ایکٹ یا بل اپنے ہاتھ میں نہیں رکھتی کہ ان کی گردنوں کو دبا کر ان سے غلہ وصول کرے اور اس غلے کو سستے داموں لوگوں کے ہاتھوں بیچے ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کی غفلت شعاری کے نتیجہ میں یہ سمگلنگ ہو رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں میں اعداد و شمار کے چکر میں، نہیں جا سکتا کیونکہ خواجہ صفدر صاحب اس کے متعلق کافی بیان کر چکے ہیں

اگرچہ میرے پاس سب کچھ لکھا ہوا ہے ۔ میں اب حقیقت پسندانہ نقطہ نگاہ عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ دو چیزیں ہیں جو اس عارضی قلت کا باعث ہیں ۔ ایک تو یہ کہ ہماری حکومت دیہاتیوں کی سر پرستی نہیں کر رہی ہے بلکہ ایک فیصد زمیندار اس ملک میں اب بھی چاہتا ہے کہ صنتعکاروں کی طرح اس وقت بھی اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھے اور وہ جو کچھ چاہتا ہے کروا لیتا ہے ۔ میں جناب قائد ایوان سے یہ سوال کرتا ہوں اور وہ اس کا جواب چاہتا ہوں اور وہ مجھے بتائیں کہ وہ کون سا قانون ہے اور وہ کیا اقدامات ہیں جو انہوں نے بڑےزمینداروں سے غلہ حاصل کرنے کے لیے اب تک کئے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آج پھر غلطی کو دھرانا کہ امریکہ سے گندم حاصل کرکے سٹاک فراہم کرنے کی کوشش کرنا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہی دھوکا ہے جو ہم نے ٦ ستمبر کو امریکی امداد اور امریکی اسلحہ کی امید پر کھایا تھا اور اس کی وجہ سے بھارت کے حملہ کا شکار ہو گئے ۔

جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں اور میں اپنے قائد ایوان کا بہت احترام کرتا ہوں اور ان جملوں کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا۔ آج اختر صاحب غصے میں ہیں اور مجھے ڈر لگتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کہیں احترام نہ کم ہو جائے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اس لئے گذارش ہے کہ وہ اگر نہایت ادب اور محبت سے بات کریں تو مجھے بڑا لطف آئے گا ۔ (مداخلت)

ملک محمد اختر ۔ مجھے محبت تو جناب وٹو صاحب سے ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا میری سمجھ میں نہیں آیا ہے کہ اختر صاحب نے میرے متعلق کیا کہا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ انہوں نے کہا ہے کہ

Mian Yasin Wattoo is my blue-eyed boy.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ کیا یہ خون کے گھونٹ پیتے پیتے اپنی آنکھیں نیلی کر بیٹھے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ آج حب الوطنی کا تقاضا ہے کہ امریکہ سے دور بھاگا جائے اور آپ چاہتے ہیں کہ امریکی گندم لا کر قیمتوں کو اعتدال پر لایا جائے ۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ امریکہ ہمیں دھوکا دے رہا ہے

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ کیا ملک اختر صاحب امریکہ کی گندم کھا کر آئے ہیں کہ اتنے غصے سے بول رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر ۔ میں وہ دانے کھاتا ہوں جو میاں یاسین صاحب وٹو کی کوٹھی سے آج صبح لایا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اس لئے آپ کا ضمیر کوس رہا ہے کہ آپ میری کوٹھی سے دانے چوری کرکے لائے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ جو طریق کار ہے کہ امریکہ سے گندم فراہم کرکے قیمتوں کو نیچے لایا جائے اس سے ہم کامیاب نہیں ہو سکیں گے بلکہ ہمارا طریق کار یہ ہونا چاہئے کہ ہم زمینداروں سے hoarded stocks زبردستی حاصل کریں اور اس کے لئے ہمیں کوئی بل یا آرڈیننس لانا چاہئے یا اگر کوئی ایسے قوانین موجود ہیں تو فوری طور پر ان کو استعمال میں لانا چاہئے ۔

اس کے بعد مجھے دوسرا نکتہ یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ کم از کم گندم کے مسئلے میں تو ہماری حکومت کی Grow More Food Campaign بالکل ناکام ہو کر رہ گئی ہے ۔ اس کے متعلق میں ابھی کچھ اعداد و شمار

عرض کروں گا ۔ جن سے یہ ظاہر ہو گا ۔ کہ ہم سات سال پہلے جو ہماری پیداوار تھی ۔ اسی کی طرف revert کر رہے ہیں ۔ گذشتہ سال کی نسبت گندم میں چھ لاکھ پینتالیس ہزار ٹن کی کمی واقع ہوئی ہے ۔ یعنی ۱۳.۲۸ فیصدی کمی ہوئی ہے ۔ گذشتہ سال ہماری کل پیداوار پینتالیس لاکھ اٹھارہ ہزار ٹن تھی ۔ جس کے مقابلے میں سال رواں میں ہماری گندم کی کل پیداوار اڑھتیس لاکھ بتیس ہزار آٹھ سو ٹن ہے ۔ اور اگر ان اعداد و شمار کا ۵۹-۵۸ء کے اعداد و شمار سے مقابلہ کریں ۔ تو وہ بھی اڑھتیس لاکھ تریاسی ہزار پانچ سو ٹن تھی ۔ اب یہ ملاحظہ فرمائیں ۔ کہ آج آبادی میں اضافے کے باوجود یہ اعداد و شمار جن پر ہماری حکومت ناز کر رہی ہے ۔ یہ وہی ہیں ۔ جو آج سے سات سال پہلے تھے ۔ اس کے بعد Grow More Food Campaign کے متعلق یہ عرض کروں گا ۔ کہ اسے گندم کے معاملے میں جو ناکامی گذشتہ سال ہوئی ہے ۔ اس کے لئے ہمارے موجودہ وزراء براہ راست ذمہ دار ہیں ۔ کیونکہ ان کے ہاتھوں میں ہی یہ سارا انتظام تھا ۔ گذشتہ سال گندم کا زیر کاشت رقبہ ایک کروڑ اکتیس لاکھ انتالیس ہزار ایکڑ تھا ۔ جبکہ ۶۶-۶۵ء میں یہ رقبہ گھٹ کر ایک کروڑ تیس لاکھ تیس ہزار ایکڑ رہ گیا ۔ یعنی اس طرح ایک لاکھ نو ہزار ایکڑ

زیر کاشت رقبے کی کمی واقع ہوئی ۔ میں یہ چھوٹی چھوٹی باتیں اور یہ چھوٹے چھوٹے سوالات ان سے پوچھتا ہوں ۔ کہ وہ ہمیں بتائیں ۔ کہ گندم کے زیر کاشت رقبہ میں اس ایک لاکھ ایکڑ کی کمی کیوں واقع ہوئی ۔ ہم اس وقت امریکہ کی امداد پر بھروسہ نہیں کر سکتے ہیں ۔ کیونکہ وہاں سے جو گندم آپ ہر سال منگواتے تھے ۔ وہ بقول آپ کے آپ کو نہیں ملی ۔ لیکن یہاں پر رقبہ زیر کاشت میں کمی کیوں ہوئی ۔ اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے ۔ اس کے ذمہ دار وہ محکمہ اور عمال ہیں ۔ جو کہ Grow More Food کے ذمہ دار ہیں ۔ اور جہاں تک دیہاتی آبادی کا تعلق ہے ۔ مجھے آن ساٹھ لاکھ خاندانوں سے ہمدردی ہے ۔ جو اس وقت پاکستان کے اڑھتیس ہزار دیہاتوں میں بس رہے ہیں ۔ آپ مجھے بتائیں ۔ کہ کیا یہ دیہاتی عوام اس وقت یہ مہنگی گندم نہیں خرید رہے ۔ کیا وہ اس بات پر مجبور نہیں ہیں ۔ کہ وہ زمیندار سے صرف اپنا حصہ لیکر اس پر گزر اوقات کر لیں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ مصنوعی قحط محض ایک فیصد زمیندار آبادی کے مفاد کے لئے لایا گیا ہے ۔ اگر ان کے ذخائر برآمد کر کے حکومت عوام کے استعمال کے لئے مارکیٹ میں لے آئے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر چوبیس گھنٹے میں نہیں تو زیادہ سے زیادہ بہتر گھنٹوں میں یہ قلت دور ہو سکتی ہے ۔ لیکن ہماری

حکومت ایسا نہیں کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے میں یہ سمجھنے پر مجبور ہوں کہ یہ مصنوعی قلت محض زمینداروں کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے پیدا کی گئی ہے۔

جناب سپیکر۔ میں Grow More Food Campaign والوں سے یہ پوچھتا ہوں۔ بلکہ میں اپنی حکومت سے یہ پوچھتا ہوں۔ کیونکہ پالیسی بنانا حکومت ھی کا کام ہے۔ کہ 59-58ء میں اس ملک کی آبادی جبکہ 73.6 ملین تھی۔ اور جو اب بڑھ کر 89.3 ملین ہو گئی ہے۔ یعنی اس میں 21.3 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اور آبادی اس وقت اس رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ تو ہمیں یہ بتایا جائے۔ کہ یہ اس وقت کے جو اعداد و شمار ہیں۔ ان کے مطابق ہمارے خوراک کی اجناس کی پیداوار جو کہ 14.4 ملین ٹن تھی۔ وہ اب کم ہو کر 13.5 ملین ٹن رہ گئی ہے۔ اور اس طرح سے دس سال میں پیداوار میں 6.3 کی کمی واقع ہوگئی ہے تو جہاں اس عرصہ میں 21.3 فیصدایزادی آبادی میں ہوئی ہے۔ تو وہاں اجناس خوردنی میں overall کمی 6.3 فیصد ہوئی ہے۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب مارشل لاء حکومت نے اس ملک کا اقتدار سنبھالا تھا تو اس نے اس بڑھتی ہوئی آبادی اور گرتی ہوئی پیداوار کے سدباب کے لئے کیا اقدامات کئے ہیں اور زرعی اصلاحات کی صورت میں جو فوائد پہنچے تھے ان کو بھی نفی میں تبدیل

کر کے رکھ دیا گیا ہے ۔ اور جیسا کہ یہاں پر کہا گیا ہے اس سال گذشتہ سال سے چھ لاکھ ٹن گندم کم ہوئی ۔ اور گندم کا زیر کاشت رقبہ ایک لاکھ ایکڑ کم کاشت کیا گیا ہے ۔ تو یہ اس بات کا ثبوت ہے ۔ کہ آپ کی Grow More Food Campaign بالکل ناکام ہو گئی ہے ۔ اگر میں یہ کہوں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ حکومت بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے ۔ تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ خاندانی منصوبہ بندی اسی غرض سے کی جا رہی ہے کہ آبادی کم ہو جائے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۸۴ء کو ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ آبادی کم کرنے کے لئے قحط لانے کا بھی ایک نیا طریقہ ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ ۸۴-۱۹۶۹ء میں فی کس پیداوار سولہ اونس تھی ۔ اور اس وقت بھی فی کس پیداوار اتنی ہی ہے ۔ تو میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری فی کس پیداوار وہی کی وہی ہے جو پندرہ سال پہلے تھی ۔ تو یہ ایسا کیوں ہے ۔ یہ Grow More Food Campaign سے متعلق

لوگ کدھر گئے ۔ اور ہم اس قدر اخراجات اس سفید ہاتھی کو پالنے پر کیوں کر رہے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) کاش آپ گوالمنڈی میں ہوتے تو حکومت کے کاسہ لیس نہ ہوتے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ چونکہ آپ کو ہم نے ٹکٹ نہیں دیا تھا اس لئے آپ ادہر چلے گئے ۔

ملک محمد اختر ۔ اور مجھے ٹکٹ بھی آپ نے ہی دیا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اور اسی دن سے آپ کو مجھ سے محبت ہو گئی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خدا کی مخلوق کے متعلق سنا ہے ۔ کہ جب وہ بھوکی ہو جائے تو وہ شیر ہو جاتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ ملک اختر صاحب بھی آج بھوکے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ اس طرح کیوں نہیں کہتے کہ ۔

ہم کو دعائیں دو تمہیں قاتل بنا دیا ۔

(قطع کلامیاں)

ملک محمد اختر ۔ ایک سرکاری اعلان کے مطابق چھ لاکھ ٹن گندم کی کمی جو بتائی گئی ہے یعنی یہ 6.28 فیصد کی جو کمی ہوئی ہے اس کی وجہ پانی کی کمی اور بارش کا نہ ہونا ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ملک اختر صاحب کو تقریر کرنے کے لئے کتنا وقت دیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ پندرہ منٹ ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ پندرہ منٹ تو بہت کم ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کی طرف سے جو فہرست دی گئی تھی ۔ اسی کے مطابق ہر رکن کو پندرہ پندرہ منٹ دئیے گئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ تو اس لئے کیا گیا تھا کہ شاید double sitting نہ ہو ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ اگر تمام اراکین کو پندرہ پندرہ منٹ دئیے جائیں تو دوسری نشست کا وقت ملا کر بھی وقت پورا نہیں ہو سکے گا ۔ اور مزید وقت بڑھانا پڑے گا ۔

ملک محمد اختر - میں نے تو کم از کم دس تحاریک التوا چھوڑ دی ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اس ایوان کے سب اراکین میں سے سب سے زیادہ ملک اختر صاحب کو خود ہی اپنی تقریر پسند ہے -

(قطع کلامیاں)

ملک محمد اختر - جناب والا - اس میں دو باتیں دی گئی ہیں - ایک یہ کہ محکمہ انہار کے افسروں کی ذمہ داری ہے - میں ایک مثال عرض کرتا ہوں - اور وہ یہ کہ سرگودھا کا ایک وفد مارا مارا پھر رہا تھا کہ ان کے موگے کم کر دئیے گئے ہیں - جس کی وجہ سے پانی کم ہو گیا ہے - اور فصل برباد ہو گئی ہے - ان کو چار گھنٹے کے بعد سپرنٹنڈنگ انجینئر نے ایکس ای این کے نام ایک چٹ دی - وہ اس کے پاس گئے تو انہوں نے کہا کہ میں کچھ نہیں کر سکتا - اخبارات میں مضامین بھی چھپے تو کیا کسی وزیر نے ان افسروں کو معطل کرنے کی تکلیف گوارا کی ہے - اور پھر آپ کہتے ہیں - کہ چھ لاکھ ٹن گندم کم ہوئی ہے - یہ غالباً ۵۰۰ موگے کے متعلق تھا - آپ بتائیں کہ آپ نے اس کے خلاف کیا کارروائی کی ہے تو جناب سپیکر - اس کے بعد میں یہ گذارش کروں گا کہ آپ کی بجلی کی

کمی ایک scandal کی حیثیت اختیار کر گئی ہے ۔ وولٹیج میں اکثر کمی ہو جاتی ہے ۔ اور جب سے ملتان کا جینریٹنگ یونٹ ختم ہوا ہے کثیر تعداد میں ٹیوب ویل بے کار ہو گئے ہیں ۔ یہ کوئی Act of Nature ہے یا حکومت کی inefficiency ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ حکومت کی بے تدبیری کی وجہ سے ہے اس ملک پر زمینداروں کا مکمل کنٹرول کرنے کے لئے یہ مصنوعی کمی پیدا کر دی گئی ہے ۔ حالانکہ تمام غلہ کو مارکیٹ میں آنا چاہئیے تھا اس کی وجوہات میں بتاتا ہوں کہ اتفاق سے گوالمنڈی اور موچی دروازہ کے علاوہ میری constituency میں اکبری منڈی بھی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اور کون کون سی منڈی ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ میرے علاقہ میں ساری منڈیاں ہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ ہیرا منڈی بھی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پہلے اکبری منڈی میں صرف زمیندار آتا تھا آڑھتی سے اُدھار پر بلٹی کے عوض روپیہ لیا جاتا تھا اور اس میں کچھ margin رکھا جاتا تھا ۔ اب تو سرحد سے اور اس صوبہ کے دوسرے حصوں سے لاہور سے بھی اس منڈی میں لوگ آتے ہیں ۔ جو ۱۷/- جو

یا ۱۷/۲۵ روپیہ فی من کا بھاؤ ہونے کی باوجود -/۱۹ روپیہ کے حساب سے غلہ خرید لیتے ہیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ ہر قسم کی منڈی ان کے علاقہ میں ہے کیا کوئی منڈی ان کے علاقہ سے باہر بھی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ بجائے اس کے کہ آڑھتی دو آنے یا چار آنے کمشن پر مال ادھار لیتا تھا اب وہاں کئی ایجنٹ اور دلال پیدا ہو گئے ہیں اور سو سو روپیہ فی ٹرک دے کر غلہ لے جاتے ہیں ۔ یہ ٹرک تھرپارکر یا قبائلی علاقہ کے راستے سے سمگل ہو جاتے ہیں ۔ افغانستان کے ذریعہ بھی بھارت میں غلہ سمگل ہوتا ہے ۔ اس وقت سمگلینگ کو اتنے زوروں پر نہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ بھارت جو اس وقت بھوکا ہے اس کے لئے افغانستان کے راستے غلہ نہ معلوم کس طرح سمگل کیا جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں تو یہ عرض کروں گا کہ اگر روٹی سستی ہو تو پھر ہر چیز سستی ہو جاتی ہے ۔ اگر روٹی سستی ہو جائے تو غریب عوام قائد ایوان اور حاکم ملک کا شکریہ ادا کریں گے اور اگر یہ قدرے مہنگی ہو جائے تو وہ خاموش ہو جاتا ہے ۔ لیکن اگر یہ گرانقدر ہو جائے تو وہ بغاوت پر آمادہ ہو جاتا ہے ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ ہماری حکومت کو

زیادہ سے زیادہ ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے قیمتیں اعتدال پر آ جائیں دیسی گندم اس وقت ۲۹ روپیہ فی من ہے - دیسی گھی ۲۵ر۷ سے بڑھ کر ۸ روپیہ فی سیر ہو گیا ہے - اڑھائی من کی بوری ۵۰ روپیہ سے بڑھ کر ۹۲ روپیہ تک پہنچ گئی ہے - ڈالڈا گھی پہلے دکانوں پر جا کر کمپنی والے منت سے بیچتے تھے - اب وہ بھی ناپید ہو گیا ہے - گوشت ۵۰ر۳ روپیہ فی سیر تھا - اب ۴ روپیہ ہو گیا ہے - خواجہ صاحب نے تو تمام اعداد و شمار پیش کئے ہیں اور میں ایک realist کی حیثیت سے عرض کروں گا -

جہاں تک مہنگائی کا تعلق ہے یہ گندم بناسپتی گھی اور دیگر اشیا خورد و نوش کی نہیں ہے - یہاں تو جرابیں - بنیان - کپڑا - عینک اور اسی طرح کی دوسری اشیائے ضرورت گراں مل رہی ہیں - یہ حکومت کی inefficiency ہے یہ Anti-Smuggling Department کی inefficiency ہے - زمینداروں نے یہ مصنوعی قحط پیدا کیا ہے - اگر مجھے تین دن کے لئے اختیار دیا جائے تو میں اس مصنوعی قحط کو تین دن میں دور کر سکتا ہوں -

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) - میں معزز ممبر کی تجویز مان لیتا ہوں

وہ موجودہ حالات کو تین دن میں ٹھیک کر دیں میں پوری ذمہداری اور صدق دل سے ان کی offer مان لیتا ہوں -

ملک محمد اختر - کیا آپ کوئی enactment کر دیں گے ؟

وزیر خوراک - یہ تو پھر آپ کا کام ہے -

خواجہ محمد صفدر - پھر آپ کو قلدان وزارت ان کے سپرد کرنا ہوگا -

وزیر خوراک - وہ میرے رفیق کار کی حیثیت سے مجھے بتائیں کہ اس کا کیا علاج ہے میں کرنے کو تیار ہوں -

ملک محمد اختر - یہ تو پرانی سٹہ بازی کا طریقہ ہے -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - ملک صاحب آپ کے ۲۵ منٹ گذر چکے ہیں - خواجہ صاحب نے ۱۵ منٹ کے لئے کہا تھا لیکن آپ کو ۲۵ منٹ مل گئے ہیں -

ملک محمد اختر - جناب والا - مخدوم حمیدالدین صاحب کو میں قابل مبارک باد سمجھتا ہوں جنہوں نے ایک بیان دیا تھا کہ ایک سو کروڑ روپیہ کا غلہ بیرون ملک سے درآمد کیا جائے گا -

آوازیں ۔ انہوں نے کوئی ایسی statement نہیں دی تھی ۔

ملک محمد اختر ۔ صدر مملکت کا بیان بھی تھا اور ان کی statement بھی تھی ۔ میرے پاس نوائے وقت موجود ہے ۔ اگر کہیں تو پیش کر سکتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ میں ایک constructive تجویز پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ تمام stocks پر حکومت کنٹرول کر لے اس کے لئے آپ کوئی قانون بنائیں ۔ پھر راشن سسٹم ہٹا کر گورنمنٹ کے ذریعہ غلہ کی تقسیم ہو ۔ اس وقت جو گندم سمگل ہو جاتی ہے اس کے دانے دانے پر کنٹرول کر لیا جائے ۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا ۔ آپ اس کی سر پرستی کر رہے ہیں ۔

وزیر خوراک ۔ آپ لیڈر آف دی اپوزیشن کی منظوری کے بعد کوئی بل لے آئیں ہم اس پر ہمدردی سے غور کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا صرف ایک حل ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ فوری طور پر ایک enactment کی جائے اس میں خلاف ورزی کرنے والے کے لئے ۷ سال قید کی سزا رکھی جائے ۔ جو شہری یا دیہاتی ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں ان تمام کو روکا جائے اور اناج کو pool کر کے

حکومت عوام کو خود سپلائی کرے ۔ اس سے نہ صرف سمگلنگ ختم ہو جائے گی بلکہ عوام کو اناج بآسانی سپلائی ہو سکے گا ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ جناب والا ۔ میں نے جو بیان دیا تھا اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ اتنی مالیت کا غلہ درآمد کرنا پڑتا تھا یا درآمد کرنا پڑ رہا ہے یا اب تک اتنی مالیت کا غلہ درآمد کرنا پڑے گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ تشریف رکھیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ ادھر سے ایک ایک ممبر نے تین تین ممبروں کا وقت لیا ہے ۔ اگر اسی طرح کریں گے تو دوسری طرف کے ممبران کو بہت کم وقت ملے گا ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خوراک کے مسئلہ کے حل کے لئے صحیح تجاویز دیہاتی ممبران ہی پیش کر سکتے ہیں ۔ جو جو تجاویز یہ لوگ پیش کریں گے ملک صاحب نہیں کر سکتے ۔ اس ہاؤس میں زیادہ دیہاتی ممبران ہیں ۔ وہ آپ کو خوراک کے متعلق صحیح تجاویز بتا سکیں گے ۔ اگر انہیں وقت نہ دیں گے اور اگر یہ مسئلہ محض حساب کتاب میں یا میزانوں میں رہا تو اس کا کوئی حل نہیں ہو سکے گا ۔

پیر علی گوہر چشتی (منٹگمری - ٦) - محترم سپیکر - اپنے تجربہ کار وزیر زراعت کی مدلل تقریر کے بعد مجھ جیسے جونیر اور نا تجربہ کار کے لئے کوئی مزید گنجائش تجاویز پیش کرنے کی باقی نہیں رہتی بہر حال میں اپنے مختصر وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایوان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ محکمہ زراعت کے اعداد و شمار کے مطابق پچھلے سال زمینداروں نے گندم سے زیادہ کپاس کی کاشت کی - پانی کی قلت اور بارش نہ ہونیکی وجہ سے فصلیں خشک سالی کی لپیٹ میں آ گئیں - تھوڑی زمین کاشت ہونے کے بارے میں میں حکومت کی خدمت میں دو ایک صاف صاف تجاویز پیش کرتا ہوں -

جناب والا - ہم کاشت کار گندم کی بجائے کپاس یا دوسری اجناس کیوں زیادہ کاشت کرتے ہیں - دراصل اگر گندم ۲۰-من فی ایکڑ پیدا ہوتا ہے تو وہ سرکاری بھاؤ کے مطابق ۲٦۰- روپے کا بنتا ہے اور اگر کپاس ۱۰-من فی ایکڑ ہوئی جاتی ہے تو اس کی چار سو روپے قیمت ہوتی ہے - اب ایسی حالت میں زمیندار کو کیا ضرورت ہے کہ وہ گندم کی کاشت کرے جب کہ وہ اپنی لاگت بھی پوری نہیں کرتا - لوگوں کے پاس روپیہ ہے اور ہزاروں ٹیوب ویل ہیں لیکن بجلی کے connection نہیں ملتے اور اگر بجلی کے connection مل بھی جائیں تو بجلی کی اچھی طرح سپلائی نہیں ہوتی

جناب والا - ابھی یہ حالت ملتان کے جنریٹر کے خراب ہونے کی وجہ سے ہوئی ہے - ہم کاشت کار تو پہلے بھی چیخ پکار کر رہے تھے اور کیا کرتے تھے لیکن اس کمی کے باعث خدا کا شکر ہے کہ انڈسٹری والے بھی ہمارے ساتھ شامل ہو گئے ہیں - ملک میں اناج کی کمی ہو جائے تو عوام کی گالیاں اور اختر صاحب کی دھمکیاں زمینداروں پر ہوتی ہیں اور اگر حکومت کو ضرورت پڑے تو ٹیکس زمیندار پر اور الم غلم محکموں کی بھی باتیں زمیندار کو سہنا پڑتی ہیں اور منافع ایک طرف چلا جاتا ہے تو تھر کیوں نہ کاشتکار ایسے اجناس کی کاشت کریں جن سے منافع زیادہ ہو - کاشتکاروں کے نظریہ کے مطابق گندم سے ہم سال بھر کی روٹی حاصل کرتے ہیں اور کپاس سے ہماری سفید پوشی قائم رہتی ہے - جناب والا - کسی دانشور نے کہا تھا کہ اگر ایک سال کے لئے کچھ کرنا ہے تو گندم کاشت کی جائے تو سال بھر کی روٹی آپ کو مل جائے گی اور اگر ۱۰ سال کے لئے کچھ کرنا ہے تو سایہدار درخت لگائیے تاکہ ہمسایہ اور راہ گیر مسافر کی مدد ہو سکے اور ۱۰۰ سال کے لئے کچھ کرنا ہے تو کچھ ایسا کرو کہ آئندہ نسلیں سدھر سکیں - اس موقع پر میں یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے عام حالات میں اپنے طریقہ کار کو تبدیل کرکے کاشتکار کو کھوکھلی ترغیب دینے سے کچھ حاصل نہیں

نہیں ہوگا بلکہ گورنمنٹ کو کوئی ایسی پالیسی مرتب کرنی چاہئے جس سے کثیر مقدار میں زرمبادلہ حاصل ہو اور غلہ کی پیداوار میں اضافہ ہو ۔ جناب والا اگر ہماری حکومت کاشتکار کی مدد کرے تو یہ ہو سکتا ہے کہ حکومت کاشتکار سے اپنی فصلیں اگانے کی لاگت پر جائز منافع دیکر گندم خرید لے تو ملک کے تمام زمیندار اور قیمتیں اجناس کاشت کرنے کے ساتھ ساتھ گندم کو زیادہ اگانے لگیں گے اسطرح حکومت کروڑوں روپے کے زر مبادلہ کے خرچ سے جو وہ گندم درآمد کرنے پر خرچ کرتی ہے بچ جائیگی اور اگر ایک قطعی منصوبہ بنا کر حکومت گندم پر زمینداروں کو subsidy دے تو عوام کو گندم سستا مل سکتا ہے اور اس منصوبے سے کاشتکار اور عوام اور ملک دونوں خوشحال ہو سکتے ہیں ۔ جناب والا۔ اس سے گو حکومت کو کروڑوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑیگا مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ کروڑوں روپے کا نقصان اس foreign ex-change سے بہتر ہے جو باہر سے گندم منگانے کیوجہ سے دوسری حکومتوں کی نذر ہو رہا ہے اسی قسم کی پالیسی سے ہمارے خوراک کے مسائل حل ہو سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی کہنے پر مجبور ہوں کہ پچھلے سال جب ہندوستان نے ہمارے ملک پر غاصبانہ حملہ کیا تھا تو اسوقت گندم کا بھاؤ کیا

تھا جب جنگ ختم ہوئی تو عوام کو حکومت کی جانب سے مقررہ نرخوں پر گندم دستیاب ہو رہا تھا اسکی وجہ یہ ہے کہ اسوقت پاکستان سے ہندوستان کے راستے ناجائز کاروبار نہیں ہو رہا تھا اس ناجائز کاروبار کی حمایت نہ تو حکومت کرتی ہے اور نہ عوام کرتے ہیں لیکن ہماری عظیم الشان سوسائٹی کے چند بے غیرت اور سماج دشمن افراد قصور بہاولپور اور سندھ کے راستے ہندوستان کے ساتھ سمگلنگ کرنے میں مصروف ہیں جناب والا میں یہ مانتا ہوں کہ خشکسالی کیوجہ سے ساڑھے ۶-لاکھ ٹن گندم کی کمی واقع ہوئی ہے لیکن اعداد و شمار کے مطابق یہ ساڑھے ۶-لاکھ ٹن کی کمی کوئی حیثیت نہیں رکھتی کیونکہ اس سے کافی مقدار میں گندم حکومت کے پاس ذخیرہ ہے لیکن ہمیں مجبوراً اس نتیجہ پر پہونچنا پڑتا ہے کہ اناج کی کمی کی وجہ خشک سالی نہیں ہے بلکہ سمگلنگ ہے ۔ جناب والا ۔ سمگلنگ کی تباہ کاری کے پیش نظر میں حکومت سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے تمام وسائل اور طاقت کو استعمال کرتے ہوئے ایسے عناصر کو مکمل طور پر کچل دے خواہ اس میں ہم جیسے لوگ بھی کیوں نہ شامل ہیں ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں اپنے علاقہ کی طرف سے محکمہ پی ۔ ڈبلیو ۔ڈی اور وزیر ریلوے کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے منو والا روڈ

پر خاص توجہ دی ہے جس کے لئے ہم نے گذشتہ سیشن میں واویلا کیا تھا انہوں نے اس سڑک کی مرمت ہی نہیں کی بلکہ اس کو چوڑا کرکے دگنا کر دیا ہے - اور ساتھ ہی میں وزیر ریلوے اور محکمہ ریلوے کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے لودہراں براستہ قصور ستلج ایکسپریس چلا کر وہاں کے عوام کی تکالیف کو رفع کیا ہے -

Mr. Munawar Khan (Bannu I): Mr. Speaker, Sir, today if we think seriously and serenely we come to the conclusion that we are faced with an insurmountable crisis on account of the shortage of food in this State of ours. I think the Minister for Food shall straight-away concede the incompetency of the Government. Why? Because I find that not only we but all my friends on the other side of the House have been equally criticising the policy of the Government that the Goverement had been negligent. The Government had not been planning properly and that the Government had no foresight to check and improve things for the availability, or the necessities of life. We hear Sir that generally the entire State is divided into various parts for growing one crop and the other for another crop, and in the third some other crop. But what do we find Sir? We had an increase in the production of sugar as is alleged, rather that the prices were brought down by the millowners. I would say

the millowners because they had been keeping that bonus which they kept, over which they sat, and released it just at the moment when the time for purchase of cane came and thereby brought down the prices of sugar. The Governnvent had no planning. The Government had no foresight. The cane growers were hit and they are crying now. You may have seen the booklet distributed amongst all the Members and the Ministers by Khan Ghulam Muhammad Khan of Lund Khwar from Peshawar Region, wherein he has very clearly given the profit and loss or the millowners, and the Minister would arrive at a certain conclusion that whatever cry was raised by the millowners was a mere shame and nothing else. It was that cry which pulled the officials down and unnecessarily hit the poor zamindar, the cane grower.

Now, Sir, it is alleged that our sugar production has increased over its requirements. May I know and put the question to the Minister why we have sanctioned the installation of more sugar mills? So many other sugar mills are sanctioned and when we are self-sufficient in sugar and there is no scope for exporting this sugar which would be extra, what would you do with the surplus when there is none in the world to purchase your sugar, when there is none even in East Pakistan to purchase your sugar. The people responsible for the planning of these essential articles are, I think, very busy in the Gymkhana Club. They are not having time to concentrate on the planning of the State requirements. So my respectful

submission is that the Government shall have to admit its inefficiency in its planning of various crops.

Now, Sir, we have instructions to grow more cane, and we are allotted more lands for the purpose. Naturally then the deficit on the wheat side had to come. It was natural that there should have been decrease in the productian of wheat. Why had you been not farsighted enough to consider that such a deficit would occur and we are facing it now? You might blame failure of rains. You might allege paucity or supplies in the rivers. You might say anything, but we were not having much rain previously. We were not having that much over-flowing of rivers from their banks. The same canals are irrigating that area. Now, what are the reasons, Sir? There is no planning. I respectfully request the Food Minister to concentrate on agricultural production, and to throw off this organisation of Muslim League. Please concentrate in the interest of the Nation on the necessitities of life. Muslim League will be formed when you set an example in the improvement of the lot of the masses, their necessities of life, their living. I assure you everybody in the State would follow you blindly.

Parliamentary Secretary (Health): Not all the Parliamentary Secretaries.

صبرادی محمودہ بیگم ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ اتنی ضروری بحث ہو رہی ہے اور یہاں وزراء صاحبان اور پالیمانی سکریٹری صاحبان اپنی میٹنگ علیحدہ کر رہے ہیں ۔ ان کو چاہیئے کہ وہ توجہ فرمائیں ماسوائے لیڈر آف دی ھاؤس کے اور کوئی متوجہ نہیں ہے ۔ (تالیاں)

Mr. Munawar Khan: Now, Sir, I come to smuggling. This question

has been dealt with by my friends, who preceded me. Smuggling is a canker which is developing every day and I would request the Minister to try to check it. I cannot understand. Why it can't be checked? They are Pakistanis and they indulge in smuggling. Our officials are Pakistanis and they connive at such smuggling. Now wherefrom should we bring people; wherefrom should we bring guards so that they may take pity on us. We should take pity on ourselves. Inculcate that spirit. Give them sermons to become Pakistanis instead of becoming true Muslim Leaguers. My respectful submission is that thousands of maunds of our grains are daily pouring out. We have not assumed that character that we are Musalmans first, then Pakistanis and lastly independent people and we have some duties. Unless the Nation is taught, I apprehend-rather have sufficient proof-that the Nation is daily shorn of its character. So this shonld be infused in them that they should form character. German alone could give fight to the entire world because of the spirit that he was German and nothing else. Please teach us. Go into the interior of the country, impress upon the people that they are Pakistanis first and should remain as such. They should not smuggle anything. I request you to order your guards, who guard your frontiers, not to assist those enemies of the State. I have knowledge that whenever they seize booty, of smuggled grains or articles half of it is done away with and half of it is displayed for rewards. So you may tell these people to shoot and not to arrest such people who should stand trial and be

sentenced to a year or two or to a fine of some rupees. But character is the first thing. We find that we have lost our character and when we have no character what can you expect from us that we would be achieving or doing for this nation? If this smuggling is stopped, I assure you we would not be required to import even one seer of grain from any country. Now, we have to stoop before the Americans. On the one hand we say that we will have an independent policy. That we don't care for any block and we will join those whom we like. But the very next day we are brought down on our knees. We apologise we beg and we make excuses. We should try to stand on our own legs and not beg at the door of America. We have tested that friend and he has proved to be treacherous. I assure you he won't give you your requirements at the proper time. They might extend those charities but when the time has passed. Now, the prices are going up I have heard from you today that grain is coming to us and it is on its way.

Minister of Food & Agriculture: We purchase it.

Mr. Munawwar Khan: Purchase with what? Please try to develop and uplift agriculture. Don't develop these industries. 90% people in this country live on agriculture and not on industries. Therefore, my respectful suggestion and submission to you, through the Speaker, is to please concentrate on agriculture. We have got billions of acres of land

lying waste. If we can import wheat to the extent of crores of rupees and purchase it with foreign exchange let me also know what you have allocated for the development of agriculture? In the last budget session only rupees thirty-one crores were allocated for this purpose. Why? You could very well judge that we badly need wheat and for that purpose we very urgently need development of agriculture because we had to import to million rupees worth of wheat to feed our people and that also sufficient for half of their requirements. I wonder why you could not have, so many years back, invested more and more in the development of our land?

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member please try to conclude.

Mr. Munawar Khan: So, we are making suggestions and submissions to you. You are in power and we expect better results from you. It is for you to take care of sugar-cane, wheat, cash crops and all other things and for those departments which are working under you. They should please be asked to take more pains as Pakistanis, not as officials, to improve the lot of the people of Pakistan so that we could have an independent policy and so that we should be able to fight our enemies surrounding us. We are, no doubt, lesser in number but if we are taken to that pitch, the lowest pitch, naturally our sipirit will go down and we would not be able to fight with such a big number of enemies.

Mr. Zain Noorani (Karachi I): Mr. Speaker, Sir, though hard pressed for time, I shall be failing in my duty if at the very outset I was not to compliment Malik Khuda Bakhsh. Bhucha, the Leader of the House, for having so readily conceded to the request of Khawaja Muhammad Safdar, Leader of Opposition, to give us this opportunity to discuss a matter of such great national importance as the food policy of the Province today. This is in keeping with true democratic traditions and it is acts of this nature which endear a Government to its people. At the same time, I would like to compliment the members of the Opposition who, although they did indulge in a certain amount of verbal broad-side, have maintained a true nationalistic and patriotic approach to the debate.

Mr. Speaker, no one in his right mind can deny the fact that today we are facing a shortage of food grains and the prices are soaring. A situation has arisen which naturally causes us concern-but let us be clear about one thing-the situation is such that it does cause concern but it is not such that it should cause alarm, for though we are positively facing a shortage we most definitely are not facing a scarcity. This shortage can be over-come and we must be clear in our mind that there is no earthly possibility of our having to face a scarcity. In today's debate what we have to consider is two-fold-our immediate problems and our long-term problems and possibilities, Sir, since the creation of Pakistan, we have had to face one trial after another culminating in the

last war which we had to fight with Bharat and by the Grace of God whenever we have been asked to face a problem we have come out of it with flying colours and with full honour. Today, we are once again being faced by a gigantic problem in the shape of the shortage of food grains and I am sure that our people, those people who have time and again proved their patriotism, will co-operate with us in overcoming this problem also. What is required is to take them into confidence and to give them the correct picture of the situation as it exists. What is required is to coach them and to ask them to be patriotic once again as has been their custom in the past. Mr. Speaker, what is required is that we the members of this Assembly as well as the political workers should spread out throughout the length and breadth of the Province, and it is up to us to go out into the districts, and tell the people what the situation is, and to persuade the grower to bring out the maximum yield. You will remember that Pakistan is probably the only country in the world, since 1919, that maintained its equilibrium of prices during a calamity like war without any legislation or governmental action being necessary. This was because of the inherent patriotism of our people. We have no cause to suspect their patriotism. We have full faith in them and I am sure they will co-operate with us once again. Now, Sir, what are the reasons for the shortage? The Leader of the House as well as other speakers have explained to you the various reasons which have culminated in our facing this shortage,

mainly the war, which prevented the use of large tracts of our land for cultivation during the last year. And then came the shortage of rain-falls and other natural calamities. And finally, on the top of all, we were let down by our "fair-weather" friends in that that we had provided for 100 crores rupees for the import of 25 lacs tons of wheat which we have not been able to procure in full till today, also because of the increase in freight charges and other things. So Sir, there is no gain-saying the fact that we are today being subjected by some of our so called friends to the worst possible and callous sort of international pressure. It goes to the credit of our Government and to the credit of our great President, Field Marshall Muhammad Ayub Khan that he has faced it like a true patriot and never humbled the self respect and honour of Pakistan and Pakistanis.

Mr. Senior Deputy Speaker: Please take your seat. The House is adjourned to meet again at 4 p.m. today.

The Assembly then adjourned (at 1.32 p.m.) till 4.00 p.m. the same day.

EVENING SITTING

The Assembly met at 4.00 p.m. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad, Anwar, in the Chair.

Mr. Speaker : Mr. Zain Noorani.

Mr. Zain Noorani: Mr. Speaker, Sir, this afternoon when the House adjourned I was saying that we should make a cool-headed judgment as to the reasons for the present shortage. I had pointed out the dastardly attack by Bharat on our soil resulting in large tracts of our land being made unproductive, the shortage of rainfall and other natural calamities plus the letting down of our friends preventing us from obtaining our required amount of imported food-grains despite the fact that we had, our of our hard-earned foreign exchange, placed the required amount at the disposal of the Government for this purpose. These friends, like all false friends, walk with us like our shadows we walk in the light but desert us the moment we enter the shadow. In spite of this the situation, as we have seen, is not so bad that we cannot tackle it. we can tackle it provided we tighten our belts and make a concentrated effort. Now, Sir, these are the gigantic problems facing the Government and in my opinion it would not be fair to blame the Government for the present shortage. After all the problems of shortages of food cannot be tackled in a moment by waving a magic wan and a long-term plan

cannot be achieved by rubbing Allahdin's Lamp. What is required is revolutionising of our entire system of agriculture and irrigation and for that long-term planning is required. It is easy to soy, what has the Government done during the last eight years, as has been said over here. But progress in agriculture is never easily visible and can never be visible by leaps and bounds. It may surprise most of us present here if I say that there has been a constant increase in the rate of our agricultural growth. If you look up the figures of the year immediately preceding the war with Bharat you will find that the rate of agricultural growth was increased by 3.4%. In simple terms it means that for the firt time in our history the rate of agricultural growth accelerated and overtook the rate of growth of our population. In terms of economics what does this mean? Considering that 57% of our national income is derived from agriculture if we are able to maintain this growth not only in this sphere but in the other spheres of economy also and if we are able to maintain it for the next six years continuously without a break there is not a shadow of doubt that our national economy will be based on a solid footing, equal to that of any well-to-do nation of the world.

Sir, I don't mean to say that the Government has done all that should be done and further efforts are not necessary. I have, again and again, maintained on the floor of this House that agriculture alone is the true national wealth which gives us the riches which we can call our real

and our own, and therefore, whatever efforts we put in towards improving our agriculture will be well-spent.

Mr. Speaker : Sir, in order to increase the per-acre-yield of our land-there is no doubt that it is probably the poorest in the world-what we require is a concentrated effort on all fronts. First and foremost the Ground Water Development schemes must be implemented at the earliest and the second is with regards to our irrigation. Most people in this Province believe, and rightly believe, that the irrigation system which exists in the former province of the Punjab is one of the best in the world. As I said, they rightly believe it. But they lose sight of the fact that this irrigation system was created and implemented in years gone by when the objective was different. At that time the objective was to rehabilitate a large number of people on these lands and make them agriculturists and for this purpose the water supplied to them was the barest minimum necessary for a family. The outlook has completely changed during the course of history. The national outlook, the national requirement today is to increase the per-acre-yield of this land and for this unless you completely change your irrigation system, completely reorganize and redesign it, it is not possible for the present system to increase your yield per acre. These are the two problems which must immediately take up the attention of the Government and I am sure that our Government in future will adequately deal with this situation.

Now, Sir, I also feel and I am sure that most of you will agree that being essentially an agricultural country we have diverted from our path and have laid too much stress on industrialisation and on the earning and saving of foreign exchange via industrialsation. You will agree that more than half the world today is going hungry. There is a permanent shortage of food-grains throughout the world. God has given us the possibility, God has given us the scope to fulfil our requirements if we tackle our problems properly to produce food-grains not only for ourselves if we divert our attention in a proper and organized manner there is no reason why we cannot produce sufficient food-grains not only for ourselves but even to feed that half of the world which is going hungry and thereby earn valuable foreign exhchage. Today unfortunately it is being felt in most quarters that the only material that can be produced from the land, which earns foreign exchange, is cotton and jute, and these along with the products of industries are the only items, which are being exported in an organised manner. I state with the fullest sense of responsibility that the future economy of Pakistan can be built sound footing if we were to lay stress on producing sufficient foodgrains for export abroad. Now, Sir, this you can't do, no Government can do, until and unless it keeps the grower of food grains satisfied in a proper and a pleasant manner. You cannot expect the tiller and the grower to give his best if you burden him with new taxes every time and with new assessments evey time. Supply him with sufficient water. Give the people of Pakistan what they

require, give them sufficient finances, and Insha Allah, you will see that the people of this country can make once again Pakistan not only the granary of Pakistan but the granary of the world.

Sir, speaking of finance for agriculture, let me tell you Sir that financing of agriculture via the A.D.C. or the Agricultural Development Bank and through Co-operative Banks is not sufficient. What is necessary is to persuade the State Bank and via the State Bank to persuade the Scheduled Banks that they should take interest in financing our agriculture. They already do it as far as cotton is concerned but then cotton is not the only produce of our land. It is not the only produce that requires finance. Our tillers keep on requiring it, and they must be provided with it.

Sir, I had already suggested the important steps which can be taken to overcome the shortage, but I had probably missed two very important items, for which I said an appeal is necessary to our people, and that is anti-smuggling and anti-hoarding. What we must do is to make immediate efforts to build up the patriotism of the people. Appeal to restrain from these activities, but failing this it will be necessary, and I would urge the Government, to take measures which were in existence during the Martial Law period to prevent smuggling and to prevent

hoarding. Pakistan, who, under the present circmstances, either hoards foodgrains or smuggles even a single grain of food out of the country, is a traitor and must be shot at once.

Mr. Speaker : Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) ۔ جناب سپیکر ۔ غذا انسان کی بنیادی ضرورت ہے مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری انقلابی حکومت حالانکہ پچھلے آٹھ سال سے بر سراقتدار ہے اور بزعم خویش انتہائی ترقی کے دعوؤں کے باوجود آج جو صورتحال ہمارے سامنے ہے وہ اس حد تک تکلیف دہ ہے کہ ایک تو ملک کے اندر غریب لوگوں کو مناسب قیمتوں پر مناسب خوراک میسر نہیں آتی اور دوسری طرف اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ معاملہ یہ ہے کہ ہمیں اپنے دشمنوں کے سامنے خوراک کی کمی پوری کرنے کے لئے ہاتھ پھیلانے پڑتے ہیں ۔ حکومت کا یہ فرض ہے کہ ایک طرف تو کاشتکار کے مفادات کی حفاظت کرے اور جو اجناس وہ پیدا کرتا ہے اس کی مناسب قیمت اس کو دلوائے پھر اس کے حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے حکومت کا یہ بھی فرض ہے کہ صارفین کے مطالبات کا بھی خیال رکھے اور مناسب قیمت پر اشیائے

خوردنی ان کو مہیا کرنے کا خاطر خواہ انتظام کرے اور خصوصاً غربا کا جن کی آمدنی کا بیشتر حصہ خوراک مہیا کرنے پر صرف ہوتا ہے تو جناب سپیکر گندم چاول چینی کی بہم رسانی کے سلسلے میں آپ دیکھیں گے کہ حکومت کاشتکاروں کے ساتھ انصاف نہیں کر سکی اور صارفین آج آپ کے سامنے چلا رہے ہیں اگر کسی شخص نے کسی طبقہ نے فائدہ اٹھایا تو وہ محض سمگلرز یا ان لوگوں کا ہے جو اشیائے خوردنی کی ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر آج ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ پچھلے سال ہندوستان نے ہمارے ملک پر حملہ کیا ۔ بارشیں بہت کم ہوئیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ لیکن میں حکومت وقت سے دریافت کرتا ہوں کہ آج جو صورتحال ہے آپ کو اس کا اندازہ پچھلے سالوں ہی ہو جانا چاہئیے تھا اور جنگ کے فوری بعد بلکہ جنگ کے دوران آپ کو جب یہ پتہ چل گیا تھا کہ جب اس ملک میں بارشوں کی قلت ہمارے لئے مصیبت بن سکتی ہے تو اس تکلیف دہ صورتحال کے وقوع پذیر ہونے سے قبل ہی موثر اقدامات کرنے چاہئیں تھے ۔ جنگ نے وہ پردہ جو کہ سمگلروں پر پڑا ہوا تھا ہٹا دیا تھا ۔ آپ کو چاہئیے تھا کہ ایک سال کے اندر اندر آپ ایسے اقدامات کرتے کہ جس سے قوم کو تکلیف نہ پہنچتی ۔ برعکس اس کے

بر سراقتدار پارٹی کے افراد ایوان میں آ کر یہ بیان کرنے پر مجبور ہوئے کہ آج اس ملک میں سمگلنگ ہو رہی ہے - چاہے وہ ہندوستان کے بارڈر پر ہو یا افغانستان کے بارڈر پر - اس سے پاکستانیوں کو اور خاص طور پر مغربی پاکستان کے باشندوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا - جناب سپیکر - یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ حکومت نے بر وقت اس پر توجہ نہیں دی اور برسراقتدار پارٹی ہی کے ارکان اس حقیقت کو اس ایوان میں بیان کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں - میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ آخر اس ملک میں اس اسلامی ملک میں سمگلنگ کیوں ـــــ؟ اشیائے خوردنی کی ذخیرہ اندوزی کیوں ـــــ؟ کیا اس کی یہ وجہ تو نہیں کہ آج ہمارے ملک میں دولت کو اکٹھا کرنے کا جنون موجود ہے - اور اس سلسلہ میں میں آپ کی اجازت سے یہ ضرور عرض کرونگا کہ ہمارے حکمران اس جنون کے پیدا کرنے کا سب سے بڑا باعث بنے ہیں - آج ملک میں کیفیت یہ ہے کہ دنیا کی تمام خوبیاں اگر کسی شخص کے اندر سمجھی جاتی ہیں تو محض وہ شخص ان کا حامل سمجھا جاتا ہے جس کے پاس دولت ہو اور یا جو طریقہ دولت کے اکٹھا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اس سے قطعاً بے نیازی ہے - جناب سپیکر - امسال گندم کی

حکومت کے کہنے کے مطابق ۳۸ لاکھ ۷۰ ہزار ٹن پیداوار ہوئی - چاول کی پیداوار ۱۲ لاکھ ۱۷ ہزار ٹن اور مکی باجرہ چنا اور جوی ان تمام کی پیداوار امسال ۱۲ لاکھ ۸۱ ٹن تھی - اس کا یہ مطلب ہوا کہ ہمارے ملک میں کل ۱۷ کروڑ ۹۸ لاکھ ۶۰ ہزار من غلہ پیدا ہوا - جناب ملک خدا بخش صاحب نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ پچھلے سالوں عام انسان کی سالانہ آمدنی per capita income ۳۳۱ روپے تھی - اور اب ۳۹۳ روپے ہے - مجھے بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اشیائے صرف کی قیمتوں میں جو اضافہ ہو رہا ہے اس کو انہوں نے بالکل نظر انداز کر دیا ہے - اگر آپ اس کو مد نظر رکھتے تو آپ نے جو calories کے استعمال میں اضافہ کا ذکر کیا ہے اور جو مژدہ ہمیں آج سنایا ہے آپ قطعاً نہ سناتے کیونکہ قیمتیں تمام اشیا کی بڑھ گئی ہیں - اگر انکم پر سالانہ آمدنی میں اضافہ ہوا ہے اور ساتھ ساتھ قیمتوں کے اضافہ کو مد نظر رکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ آج عوام کا معیار زندگی میں جو calories وہ استعمال کر رہے ہیں وہ پہلے سے کم ہیں-

جہاں تک ان کے اس فرمان کا تعلق ہے - کہ اس وقت صوبہ کی آبادی سوا پانچ کروڑ ہے - مجھے یہ پتہ ہے کہ ۱۹۶۱ء میں اس صوبہ کی آبادی

پونے پانچ کروڑ تھی ۔ ہو سکتا ہے کہ جناب وزیر خوراک درست فرماتے ہوں لیکن کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ جو کروڑ ہا کروڑ روپیہ خاندانی منصوبہ بندی پر غارت کیا جا رہا ہے ۔ صرف یہ روپیہ ہی ضائع نہیں ہو رہا بلکہ قومی اخلاق بھی تباہ ہو رہا ہے ۔ اگر آپ اسے غذائی پیداوار بڑھانے پر صرف کرتے تو کیا اس میں کامیابی نہ ہوتی ۔ تیس کروڑ روپیہ اس غریب قوم کا خاندانی منصوبہ بندی پر صرف کیا گیا ہے پھر اس ایوان میں یہ بتایا گیا ہے کہ اسمیں ہم بری طرح ناکام رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اگر عام انسان کو روزانہ اوسطاً چھٹانک آٹا کھانے کے لئے دیا جائے ۔ جیسا کہ عام طور پر ایک عام فرد استعمال کرتا ہے ۔ اس طرح پونے پانچ کروڑ آبادی کے لئے ہمیں ۱۶ کروڑ ۲۵ لاکھ ۳۸ ہزار ۸ سو ۸۰ من غلے کی ضرورت پڑتی ہے ۔ گورنمنٹ کے دئے ہوئے اعداد و شمار کے مطابق ۱۷ کروڑ ۹۸ لاکھ ۱۶ ہزار من غلہ پیدا ہوتا ہے ۔ اس سے یہ ظاہر ہے ۔ کہ ہمارا ملک اس وقت بھی فاضل غلہ پیدا کر رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ملک یا صوبہ ۔

مسٹر حمزہ - صوبہ جناب -

جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا جہاں تک غذا مہیا کرنے کا تعلق ہے اس وقت بھی ہمارا صوبہ کافی غلہ پیدا کرتا ہے - جناب ملک خدا بخش صاحب یہ فرمائیں گے کہ جو غلہ مویشیوں کے کھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے - حمزہ نے اس کا ذکر نہیں کیا - اور وہ ایک کروڑ من جو بیج کے طور پر استعمال ہوتا ہے اسکو بھی بھول گیا - مگر جناب والا - ۴۔لاکھ ۷۰ ہزار چاول جو ہم برآمد کرتے ہیں میں اسکا ذکر کرنا بھی بھول گیا ہوں اس وقت ہم اعلیٰ قسم کا چاول بھی بیرونی ممالک کو برآمد کرتے ہیں - اگر ہم چاہیں تو اس ایک من کے بدلے تین من گھٹیا قسم کا چاول درآمد کر سکتے ہیں - اگر وزیر خوراک صاحب کے بیان کو پیش نظر رکھا جائے تو اس وقت تک ہم ایک لاکھ باون ہزار ٹن گندم درآمد کر چکے ہیں اور ۲ لاکھ ۲۰ ہزار ٹن گندم ہمارے لئے جہازوں میں لادی جا چکی ہے جو دسمبر تک یہاں پہنچ جائے گی اگر ان اعداد و شمار کو مد نظر رکھا جائے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اس وقت ملک کے اندر جو غذائی قلت ہے یہ اللہ تعالیٰ کی

طرف سے نہیں بلکہ ہماری بداعمالیوں کے علاوہ یہ حکومت کی ناکامیوں کی پیدا کردہ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں ان افراد سے جو اس ایوان میں یہ کہتے ہیں کہ غلے کی سمگلنگ کی مقدار اس حد تک نہیں جتنی عام طور پر کہی جاتی ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ جو لاکھوں روپیہ کا ریشمی کپڑا گھڑیاں ٹرانسسٹر یہاں تک کہ روسی ماچسیں مغربی پاکستان میں سمگل ہو رہی ہیں۔ ان کی جو قیمت ہے وہ ہم کس صورت میں دوسرے ملکوں کو ادا کرتے ہیں ۔ اس کا صرف ایک ہی جواب ہے ۔ کہ غلہ کی صورت میں ۔ کیونکہ ہمارے ہاں اپنے ہمسایہ ملکوں کے مقابلے میں زیادہ سستی چیز غلہ ہے ۔ لازماً یہ غلہ دوسرے ملکوں کو بھیجا جا رہا ہے مگر ہماری حکومت اس سے بالکل بے نیازی اور لاپروائی برت رہی ہے اور یہ محسوس نہیں کرتی کہ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہماری آبادی بھوکوں مرے گی ۔

آج حکومت ہمیں کہتی ہے کہ ہم اپنے پیٹ پر پتھر باندھیں میں ان سے یہ کہتا ہوں کہ عوام نے تو پہلے ہی عملاً اپنے پیٹ پر پتھر باندھ رکھے

ہیں ۔ لیکہ افسوس ہے کہ ہمارے حکمرانوں نے کبھی یہ سبق نہیں سیکھا ۔ وہ صرف زبانی کہتے ہیں عملاً انہیں کبھی ایک قدم اس طرف اٹھانا نصیب نہیں ہوا ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ جیسا کہ میں پہلے عرض کرچکا ہوں اس وقت ہمارے ملک کی عام آبادی کو محض غلہ کی قلت ہی درپیش نہیں بلکہ ہماری قومی سلامتی کو بھی خطرہ درپیش ہے اور ہماری قومی غیرت کو ٹھیس لگ رہی ہے ۔ یہ ہماری غیرت کو چیلنج ہے کہ ہمیں اپنے دشمن کے سامنے ہاتھ پھیلانے پڑیں ۔

جناب والا ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ دریائے سندھ پر پانچ بڑے بند باندھے جا چکے ہیں ۔ اور یہ ایسا دریا ہے کہ پچھلے سال جب باقی سب دریاؤں میں پانی کی قلت رہی اسمیں معمول کے مطابق پانی بہتا رہا ۔ میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اس دریا پر باندھے گئے بندوں سے سیراب ہونے والے علاقوں میں ہم مناسب وقت پر غلہ کی کاشت کیوں نہ کر سکے ۔ یہ لاکھوں کروڑوں ایکڑ زمین جو اس دریا کے پانی سے سیراب ہو سکتی تھی اس میں غلہ کی پیداوار کیوں نہ کی گئی ۔ اس کی صرف ایک ہی وجہ تھی ۔ دور رس منصوبہ بندی کا فقدان میرے محترم دوست مسٹر زین نورانی نے کیا

خوب فرمایا ہے کہ غلہ کی کمی کو ایک دن میں پورا نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کے لئے منصوبہ بندی کی ضرورت ہے مجھے آپ سے بیس پچیس روز پہلے تھل میں جانے کا اتفاق ہوا وہاں نہریں بہتی ہیں ۔ راجباہ بنے ہوئے ہیں ۔ مگر ہزاروں ایکڑ زمین بیکار پڑی ہے حکومت کی زمین کی تقسیم کی پالیسی اتنی ناقص ہے ۔ کہ اس ملک میں لاکھوں انسان بیکار اور نیم بیکار ہیں ۔ لیکن مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پبلک کے شدید مطالبہ کے باوجود ملک کی سلامتی کو خطرہ درپیش ہونے کے باوجود ایک ارب روپیہ کی غیر معمولی رقم باہر سے گندم منگوانے پر خرچ کرنے کے باوجود گورنمنٹ ہزاروں ایکڑ بیکار رقبہ چھوٹے کاشتکاروں یا مزارعین میں تقسیم کرنے کے لئے تیار نہیں میں نہیں سمجھتا کہ گورنمنٹ کی اس پالیسی کی بنیاد کیا ہے؟

جناب سپیکر۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پچھلے سال بارشیں کم ہوئیں میں موجودہ حالات کی تمام کی تمام ذمہ داری حکومت پر نہیں ڈالتا ۔ (تالیاں)

لیکن میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کیا پچھلے سال کھاد چودہ پندرہ روپے من فروخت نہیں ہوتی رہی ۔ جب کہ مقرر کردہ قیمت آٹھ روپے فی من تھی

کیا آپ کے محکمہ زراعت نے لوگوں کو وقت پر مناسب بیج مہیا کیا ۔ یقین کیجئیے کہ جہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بارشوں کی کمی تھی ۔ لیکن اگر ہم نے تھوڑی سی انسانی کوشش کی ہوتی تو ہمیں اس صورت حال کا سامنا نہ کرنا پڑتا ۔

جناب سپیکر ۔ میں جناب ملک خدا بخش صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ مجھے بتا سکتے ہیں کہ جب وہ مل والوں کو سترہ روپے من غیر ملکی گندم دیتے ہیں تو آجکل ہمارے ملک میں میدہ کی قیمت نوے پچانوے روپے فی بوری کیوں ہے ۔ سوجی کی قیمت ستر روپے سے ۷۵ روپے تک فی بوری کیوں ہے کیا آپ نے بعض مل والوں کو یہ کہہ کر کہ وہ ۵۰ فیصد درآمدی گندم اور ۵۰ فیصد ملکی گندم استعمال کریں ۔ اور میدہ نہ نکالیں ۔ انہیں محکمہ خوراک کے افسران کو رشوت دینے کے لئے ایک زرین موقع مہیا نہیں کر دیا ۔ آپ نے تو انہیں اجازت دی ہے کہ وہ نصف درآمدی گندم استعمال کرکے پونے بائیس روپے فی من آٹا فروخت کریں ۔ مگر میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ بڑے بڑے شہروں میں بھی جہاں آپ نے لاکھوں من گندم مہیا کی ہے صورت حال اتنی اطمینان بخش نہیں ۔ منٹگمری

کو لیجئیے لائل پور کو لیجئیے ۔ سرگودھا ۔ ملتان اور بہاول پور کے تمام اضلاع کو لے لیجئے بلکہ مجھے یہاں تک علم ہے کہ سابقہ سندھ میں بھی یہی حالت ہے بلکہ سابقہ صوبہ سرحد میں اس سے بھی بد ترین حالت ہوگی اور چھوٹے چھوٹے شہروں کی حالت بڑے شہروں کے مقابلہ میں زیادہ خراب ہے ۔ اور آپ نے چھوٹے شہروں کے لئے کیا انتظامات کئے ہیں لیکن اس کے باوجود اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ انقلابی حکومت ہے اور ہم پورے طور پر کوشش کر رہے ہیں کہ لوگوں کے لئے فوری طور پر مناسب قیمتوں پر غذا مہیا کریں میں سمجھتا ہوں کہ آپ کوشش کرتے ہیں ۔ آپ بزرگ ہیں غلط بیانی نہیں کرتے لیکن بزرگوار محترم آپ کی حکومت انسانوں کو انسان نہیں سمجھتی رہی ۔ آپ کی حکومت کی پالیسیوں کو پالیسیاں نہیں کہا جا سکتا ۔ آپ کی کوئی منصوبہ بندی نہیں ۔ آپ ایک پالیسی کو اپناتے ہیں اور دوسرے دن دوسری پالیسی کو اپناتے ہیں ۔ آپ مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ یہ دعوے کرتے ہیں کہ پچھلے سال تقریباً ۳ لاکھ ۸۰ ہزار ٹن چینی اس ملک میں پیدا ہوئی ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا شوگر کمشن نے مغربی پاکستان میں ۷ لاکھ ٹن چینی

پیدا کرنے کی سفارش نہیں کی تھی ۔ آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ مغربی پاکستان کی شوگر ملز تاخیر سے کیوں چلیں ؟ آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ آپ نے چاول کی پالیسی کا اس وقت اعلان کیوں کیا جس وقت ہزاروں من چاول منڈیوں میں پڑا تھا ۔ اور لوگ چاول کی پالیسی کا انتظار کرتے رہے ؟ کیا حقیقت نہیں ہے کہ آپ نے چینی کی غلط پالیسی بنائی جس سے مل مالکان ناراض ہو گئے آپ نے نئی شوگر پالیسی مرتب کرتے وقت ۸۴ فیصد گنے کے کاشتکاروں کا خیال نہ رکھا جو گنے سے گڑ ۔ شکر یا کھانڈ سازی بنانے پر مجبور ہیں ۔ آپ نے عوام کو دبایا جو بہادر اور جری ہیں لیکن غریب اور کمزور آپ کی خوشامد قطعاً پسند نہیں کرتے۔ آپ کو چاہئے تھا کہ فوری طور پر اپنی شوگر پالیسی میں تبدیلی کرتے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ تو مل مالکان کے مفادات کی حفاظت کر رہے ہیں تو ملیں ایک ماہ تاخیر سے کیوں چلیں ؟ اور جو گنا کہر سے تباہ ہوا اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے ۔ اب اگر ملیں گنا کم استعمال کریں گی تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہو گی ؟ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت بہت دور اندیشی سے کام لیتی ہے اور وہ دور اندیشی بھی زبانی کہنے کی ہے۔ اسکو عملاً دیکھنا چاہئیے کہ کیا پیدا ہوگا اور

ہماری اپنی ضروریات کیا ہیں ۔ قوم کی حالت یہ ہے کہ ہمارا ملک زرعی ملک ہے اور لاکھوں ایکڑ زمین ہمارے پاس موجود ہے اور کروڑوں انسان بیکار ہیں ۔ وسائل کی کمی نہیں ۔ اگر وسائل کی کمی نہیں تو ایک اچھی حکومت ٹھیک طریقے سے تمام وسائل کو استعمال کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ آج ہمیں غذائی قلت کا سامنا کرنا پڑے ۔ یقیناً تمام تکالیف رفع ہو سکتیں ہیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپ کو بیٹھے بٹھائے کیک پیسٹری میسر ہے اور ایک مزدور اور غریب آدمی کو چاول بھی میسر نہیں ان لوگوں کی بابت جن کی اوسط آمدنی کی بابت ہمارے قائد ایوان نے بتایا ہے کہ سالانہ آمدن ۳۹۴ روپے ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس مہنگائی کے دور میں وہ غریب لوگ جن کی سالانہ اوسط آمدن اتنی کم ہو ان میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو ایک ایک دن میں ۱۰ ۱۰ ہزار روپیہ کماتے ہیں یہ کہاں سے گزارہ کریں ۔ ہماری حکومت کی حالت یہ ہے کہ لوگوں وہ کو کہتی ہے کہ قربانیاں دیجئے ۔ نیکی کیجئے اس کا آخرت میں بدلا ملے گا اور خود ان کی حالت یہ ہے کہ وہ حرص کے پیچھے بھاگتے ہیں ۔ ناجائز منافع کے پیچھے بھاگتے ہیں ۔ شیخ سعدی نے انہی کے متعلق فرمایا ہے اگر حکمران ناجائز طریقے سے ایک انڈا کھا جاتا تو اس کے اعمال

ہزاروں مرغ سیخ پر چڑہا کر کھا جاتے ہیں ۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ آپ اور آپ کے عمال کیا کرتے ہیں ۔ اس ملک میں ذخیرہ اندوزی کی بری لت پڑ گئی ہے ۔ سمگلنگ پورے زوروں پر بڑھ رہی ہے ۔ آپ اسکے برعکس دعوے کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر نے فرما دیا ہے کہ چند ایک منٹ میں میں اپنی تقریر ختم کروں اس لئے میں مجبور ہوں کہ چاول اور چینی کی پالیسی پر اپنی تمام معروضات پیش نہیں کر سکتا ۔ ان حالات کے پیش نظر جناب سپیکر کی وساطت سے میں حکومت سے عرض کرتا ہوں کہ یہ اقتدار آنے جانے والی چیز ہے اور خاص طور پر تمام ممبر صاحبان کو اب اس کا احساس ہو جانا چاہئے اور خدا کے واسطے اس ملک کے اوپر احسان کیجئے ۔ اگر آپ ہم پر احسان نہیں کرتے تو آپ آنے والی نسلوں کا ہی خیال کیجئے ۔ آپ کو اگر کوئی احساس نہیں ہے تو یہی احساس کیجئے کہ آج بھیک مانگنے والا پیالہ اٹھائے ہوئے ہیں اور دشمن کے سامنے جاتے ہیں کہ ہمارے ساتھ بھائیوں جیسا سلوک کیجئے ۔ آپ یقین کیجئے کہ اگر آپ اس ملک کی عام آبادی کو اپنے اعتماد میں لیں گے تو آپ کی پالیسیاں بھی ٹھیک ہوں گی اور عام آبادی اس کیلئے آپ کی کرسی

کو بھی محفوظ رکھے گی اور آپ کی پوری حمایت بھی کرے گی - آج جو حالات نمودار ہوئے ہیں اور یہ دن جو نئے آ رہے ہیں ان دنوں کو دیکھنا ہمیں نصیب نہ ہوتا - جو کچھ بھی یہ ہوا ہے اور جو کچھ نمو دار ہونے والا ہے یہ سب کچھ آپکی کارروائی کا نتیجہ ہے -

Major Malik Muhammad Ali (Sargodha III) : Mr. Speaker Sir, this is an important issue. In fact, I would say, it is vital to our national economy. It has, in the past, even wrested vital decision from us which were dictated because of our limitations in the procurement of food. But at this stage, I would initially like to thank the Leaders of House and Opposition for giving us an opportunity to discuss this important matter and also would like to compliment them, for the pleasant atmosphere, which they have created in this House.

The procurement of food has two main aspects. The one being yearly and the other, a long term one. For a short term basis, we have been handicapped this year. The factors have been recounted already; being the emergency, the drought, the failure of commitments made by our several friends who said that they would supply but they did not.

And these, I think, do not lead us into a situation which we can say is beset with "insurmountable difficulties." I do not agree

with this view. Similarly there is the opinion that agriculture in the past has made no progress. I am afraid I also could not agree with this. Agriculture in our country in this decade, has made a lot of progress. The farmer in the village is not what he used to be about a decade back. He now plans, he has the know-how, the ambition and the incentive to produce more, to gain from it himself, to benefit his nation. We have made certain progress in producing more food-grains than we used to do about four years ago. I believe statistics have been quoted that the figures have risen from thirty-seven million to forty-five million. But these figures have again been contradicted. Unfortunately statistics are a measure which can be misinterpreted by both sides and it is so difficult to find results from it. We hear that the population is rising but people quoting statistics from both sides do not agree to it. Therefore I would desist from quoting any statistics, but I know that the farmer now is doing much better. I am a farmer and I am sure that in this House there are others who are better than me. Even in the last year on food-grains alone I have been able to achieve much better results than the previous year. The Government has, through its various agencies, infused a spirit into the tiller in the village with which he has now got the incentive. He knows that better seeds have an effect, fertiliser is beneficial, good marketing practices would give him a better return and, therefore, he is willing and he has gained the know-how whereby to improve his productivity.

Sir, so far the results in agricultural improvement have been commendable but they are not the last word I would say that now the time has come when we will have to make a methodical, scientific and coordinated effort. As for this vital problem I think we should earnestly tackle it on an emergency basis. We need a leadership, a leadership which will set the goals to be achieved, inspire the people to achieve them and have an organisation which will execute those policies. Thereafter we need an organisation which would implement those policies, would have the know-how, command together the resources with which to do it. In this context, I think that in the Minister for Food, we have a person who has the initiative, the drive, experience and the organizing ability to do this job. With the existing departmental resources at his disposal when coopted with the present system of Basic Democracies I think he can have a sufficiently large and comprehensive organisation which will reach all the agriculturists of this Province. But it is a huge task. It will have to be done in a much better manner than we have seen it executed so far. It would have to be properly planned. The efforts of Departments will have to be coordinated, their objectives set, programmes phased out and then most of all, the practical execution of these plans would have to be supervised. Short of this we shall fail in it. Any lop-sided methods with loop holes will not achieve the results. We know that population in our country

is well risingnearly nigh about thirty lakhs a year. It is an old economic law that dopulation rises much faster than the rate of production. I think Mr. Hamza would agree.

Mr. Hamza : It has been belied by the Westerners.

Major Malik Muhammad Ali : Therefore the question is that we have to have a better leadership and a more efficient organisation to increase our over-all total production of food-grains. At present there are a number of loopholes. Uufortunately in our country we cannot be dictatorial. This is a country with a free economy. We follow the policy of laissez faire. We cannot dictate to the farmer that you will have to do this but we can persuade him. There are various methods of persuasion, mostly through economic means. I think, in this regard, the first one is that you give him a stable and steady price for food-grains. You have got to make it worthwhile for him to grow those food-grains. Pakistan is not the only country that has run short of its food-grains. Countries more advanced in this sense, than Pakistan have run short of food-stuff. They have subsidized it. I would quote the example of U. K. The point, however, is that we have to make it worthwhile for the farmer to grow those food-grains and keep on growing those food-grains. The first is by a steady price. The second is that we should assist him or rather persuade him to keep looking towards the growth of food-grains, by a land revenue system which is conducive to it. If we

have a land revenue system which would discourage him from growing food-grains he would stay away from it. The farmer would much rather grow sugar-cane or cotton or any cash crop which puts extra money in his pocket than food-grains. But the farmer now-a-days needs help. He is awake. He knows what is required of him. He knows how to do it. But he does not have the resources. First of all he does not have the money. There was a time when the 'bania' used to supply that money. The bania along with this vast resources of finance has disappeared. The Government has tried to cover up the gap but it has been very small effort, it has borne very small effects. The present system of credit through the ADB is not enough. It is full of red-tapism. It costs a lot to the poor farmer to get that credit. Any way, I think, a good suggestion has been put up by my learned friend, Mr. Zain Noorani that the Scheduled Banks should be persuaded to advance credits to the farmers.

Mr. Speaker : The member may please try to conclude now.

Major Malik Muhammad Ali : Apart from the credit, there is another essential item, the water supply. I think in water supply, the limiting factor should be the water which is available in the rivers. We should get all the water so long as it is in the rivers. If the canals can't take it, I have a suggestion to make. The Union Council will raise the banks for you at little expense provided you guarantee that they will get water.

There is, Sir, the Agriculture Department, the Revenue and the Agriculture Development Corporation, and they all run on different horses. They have to be coordinated. They are at one task and they have all to do it and as a coordinated team. It is a team work. The Agriculture Department is office-tied. There are so many forms which they have to attend to, that they can't look to the field work. They are bogged down. They have no vehicles. They can't authorise even the repair of a tyre. The machinery of the Agriculture Department is out of order. They can't have it readily repaired because all the sanctions come from the Central Directorate. The requirement is decentralization.

There has been a lot of propaganda from the A. D. C. and other agencies that we have improved seeds for you. This is a joke. There is no seed, called the Maxi-Pak. A district, which could grow a lot of foodgrains, like Sargodha, has got five maunds total. It didn't turn up in that district. Government is the largest owner of uncultivable land. There are various ways of disposing it of. Most of this land is 'banjar', saline and waterlogged. Well, sell it or give it to some farmer and he will cultivate and grow food on it. I will say that similarly there are a whole number of things by which we can improve our effort. What is being done has been done well.

It hink it is praiseworthy. A farmer is well-advanced from what he was about ten years back. I myself know the results which he has

achieved. I think with some effort we can overcome this shortage of foodgrains in our country, and this province of West Pakistan could again be the granary of the sub-continent.

I thank you, Sir.

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی (ملتان - ۱) - جناب والا - سب سے پہلے میں لیڈر آف دی ہاؤس ملک صاحب کی جرأت اور حوصلہ اور حقیقت پسندی کا جو انہوں نے اظہار کیا ہے - اور اس ہاؤس کے معزز اراکین کو فوڈ پالیسی پربحث کرنے کے لئے تقریر کا آغاز کیا ہے - عرض کروں گا کہ وہ قابل تعریف ہے - وہ حوصلہ اس لئے ہے - کہ جب میں نے حمزہ صاحب کی تقریر سنی تو اس کے بعد میں نے محسوس کیا - کہ یہ ملک صاحب ہی کا حوصلہ تھا کہ انہوں نے اپنے ممبران کو ترغیب دی کہ وہ فوڈ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں -

پہلے یہ معلوم ہوا تھا - کہ یہ موقع فراہم کیا جا رہا ہے - کہ اس میں ہم سب مل کر اس مشکلات کے دور میں جب ہمیں غذائی قلت کا سامنا ہے گورنمنٹ کی پالیسیوں اور عوام کی مشکلات کو دور کرنے اور ان کے حل کو ڈھونڈنے کے لئے سر جوڑیں گے - مگر اس وقت تک میں نے جو بھی تقریر اپنی دوسری طرف بیٹھنے والے اصحاب سے سنی ہے - اس میں مجھے یہی نظر آیا ہے

کہ جس طرح ہندوستان پاکستان بننے کے بعد سے آج تک اسی طرح پیٹ رہا ہے ۔ ہمارے دوست سابقہ حکومتوں اور نئی حکومت میں موازنہ کرتے چلے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ food policy کو جہاں تک میں سمجھتا ہوں ۔ اسے تین باتوں پر قائم رہنا چاہئے ۔

۱۔ جس میں عوام کا فائدہ ہو ۔

۲۔ کاشت کار کو فائدہ ہو ۔

۳۔ ملک کو فائدہ ہو ۔

جہاں تک فوڈ پالیسی کا تعلق ہے ۔ پہلے پہل اس میں کاشت کار کا حصہ آتا ہے ۔ کیونکہ وہ اس کے لئے جد و جہد کرتا ہے ۔ میں نے آج تک یہی دیکھا ہے ۔ اور پچھلے دو سال میں بھی بجٹ سیشن کے دوران میں کاشت کاروں کا ذکر کیا تھا ۔ کہ ایک طرف تو حکومت فوڈ پالیسی مرتب کرتی ہے ۔ اور دوسری طرف ان کاشت کاروں کو جو دن رات محنت کر کے پسینہ بہاتے ہیں ان کی مراعات کو دیکھا جائے ۔ اور موازنہ کیا جائے ۔ تو اس سے یہ محسوس ہوتا ہے ۔ کہ کاشت کار کو اپنی محنت کا پھل نہیں ملتا ۔ جناب والا ۔ میرا

مقصد صنعت کار سے کاشت کار کا مقابلہ کرنے کا اس لئے نہیں ہوگا۔ کہ میں صنعت کاروں کے خلاف کچھ کہوں گا ۔ صنعت کار کو تو ۵ سال کی Tax holiday دی جاتی ہے ۔ ایک صنعت کار کی production کو safeguard کرنے کے لئے باہر سے امپورٹ بند کر دی جاتی ہے ۔ اس کو اپنا مال بھیجنے پر bonus کی مراعات دی جاتی ہیں ۔ پھر اور کئی مراعات دی جاتی ہیں ۔ دوسری طرف کاشت کار کی حالت یہ ہے ۔ کہ وہ چاول باہر بھیجتا ہے ۔ تو اسے کوئی bonus نہیں ملتا ۔ وہ کپاس بھیجتا ہے ۔ اس کو کوئی bonus نہیں ملتا ۔ ایک طرف فوڈ کیلئے پالیسی مرتب کی جاتی ہے دوسری طرف ٹھیکہ بڑھا دیا جاتا ہے۔ ایک سال ٹھیکہ بڑھ جاتا ہے ۔ تو اسی سال آبیانہ زیادہ ہو جاتا ہے آبیانہ بڑھانے کے بعد کھاد کے لئے جو مراعات دی جاتی ہیں وہ واپس لے لی جاتی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ہماری فوڈ پالیسی جب مرتب کی جاتی ہے ۔ تو ہمیں چاہئے ۔ کہ ملک کو خود کفیل کرنے کے لئے ایسی پالیسی مرتب کریں ۔ جو کم از کم ایک خاص period کے لئے ہو ۔ یہ نہایت ضروری ہے ۔ اس وقت تو ایسا ہوتا ہے ۔ کہ ایک سال کھاد ۸ من کے حساب سے ملتی ہے ۔ اور دوسرے ہی سال اس کے نرخ بڑھ کر ۱۱ روپیہ من ہو جاتے ہیں ۔ اگر آپ غور فرمائیں تو آپ

دیکھیں گے ۔ کہ چھوٹے کاشتکاروں کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ کیونکہ زمینیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم ہو جانے کے بعد ان کے economic units بہت قلیل ہو چکے ہیں ۔ وہاں وہ جتنی خوراک پیدا کرتے ہیں ۔ وہ قوم اور ملک کے لئے پیدا نہیں کر سکتے ۔ صرف اپنے لئے پیدا کر سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ جتنی کھاد کی ان کو ضرورت ہوتی ہے ۔ یا جس بیج کے لئے ان کو کھاد کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس کے خریدنے کے لئے ان میں استطاعت نہیں ہوتی ۔ اس لئے وہ اتنی ہی خوراک پیدا کریں گے جتنی وہ خود کھائیں گے ۔ باقی cash crops کی کاشت کریں گے اس لئے میں پھر عرض کروں گا ۔ کہ جب یہاں کوئی فوڈ پالیسی مرتب کی جائے ۔ تو اس کے لئے کم از کم کوئی عرصہ مقرر کیا جائے۔ تاکہ کاشت کار چار پانچ سال میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکے ۔ جس طرح آپ کوئی منصوبہ چند سالوں کے لئے بناتے ہیں ۔ اسی طرح فوڈ پالیسی بھی چند سالوں کے لئے بنائیں تاکہ کاشت کار کو اس سے فائدہ ہو ۔

دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان کی سوا پانچ کروڑ کی آبادی ہے ۔ جس میں سے ۸۰ فیصد آبادی دیہاتی آبادی ہے باقی ۲۰ فیصد شہروں میں آباد ہیں ۔ دراصل اور درحقیقت یہ خوراک ہمیں ان ہی

لوگوں کے لئے چاہئے ہے جو شہروں میں آباد ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ۲۰ فی صد آبادی جو تقریباً ایک کروڑ کے نزدیک ہو گی اس کے لئے جتنی خوراک ہمیں درکار ہے اس کے لئے میں ملک صاحب اور گورنمنٹ سے یہ عرض کروں گا کہ آپ procurement سکیم کو نافذ کریں۔ پہلے گورنمنٹ جو procure کرتی تھی تو ایسے ہی نازک دور میں وہ غلہ تقسیم ہوتا تھا مگر گورنمنٹ نے پچھلے سال procurement سکیم کے سلسلے میں ۱۳ روپے کا اعلان کیا تھا مگر اس میں خریداری نہیں ہوئی کیونکہ چھوٹے کاشتکار جتنا گندم ہوتا ہے وہ پہلے پہل مارکیٹ میں لے آتے ہیں۔ اور ۱۳ - ۱۴ روپے میں فروخت کر کے چلے جاتے ہیں۔ یہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ بڑے بڑے زمیندار (جو آج کل بڑے تو نہیں ہیں متوسط ہی ہیں) نے گندم کو روک لیا ہے اور ان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں نہ ان کے پاس زمین ہے نہ ان کے پاس وسائل ہیں گندم کے نرخوں کو وہ اپنی مرضی کے مطابق ہونے کا ضرور انتظار کریں گے کہ اس کے نرخ حالات کے مطابق زیادہ ہو جائیں۔ مگر میں اتنا ضرور سمجھتا ہوں کہ آج کل بڑے زمینداروں کے پاس گندم نہیں ہے کیونکہ بجائی کے وقت سے پہلے زمیندار

فارغ ہو جاتا ہے اور بجائی کے بعد یہ تاجر پیشہ حضرات کے پاس چلی جاتی ہے یا پھر سمگلنگ کی نذر ہو جاتی ہے ۔ تو میں یہ گذارش کروں گا کہ سمگلنگ پر آپ کڑی نگرانی رکھیں ۔ اور بارڈر ایریا پر کڑی نگرانی رکھیں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ procurement سیکم ہونی چاہئیے کیونکہ ہمیں ان ایک کروڑ کے لئے جو شہروں میں آباد ہیں ۱۵ لاکھ ٹن غلہ درکار ہے اور گورنمنٹ کے پاس صرف ۵ لاکھ ٹن کے ذخیرے ہیں تو میں یہ گذارش کرونگا کہ آپ مہربانی فرما کر گندم کے ریٹ اتنے گرا دیں کہ کاشتکار کی حوصلہ افزائی ہو اور بجائی کے لئے بھی جو کاشتکار کا ۱۵۰ روپے per acre خرچ ہوتا ہے اس کے لئے بھی نرخ مقرر کر دیں ۔ اور جب وہ اپنی گندم آپ کو دے تو اس کو procure کرنے میں ۲ روپے کا نقصان بھی ہوتا ہو تو ہونے دیں اس طرح ۸ - ۱۰ کروڑ روپیہ بطور subsidy ضرور گورنمنٹ کو نقصان اٹھانا پڑے گا ۔ مگر گورنمنٹ کے پاس اس طرح ۱۵ لاکھ ٹن کا ذخیرہ ہو جائیگا ۔ آپ کے پاس ۱۵ لاکھ ٹن کا سٹوریج ہونا چاہئیے جس میں آپ ۱۵ لاکھ ٹن گندم procure کرکے Store کریں ۔ اس سے foreign exchange بھی بچ جائیگا ۔ دوسرے

Grow More Food کے سلسلے میں campaign چل رہا ہے وہ قابل تعریف ہے اس سے میں انکار نہیں کر سکتا اور اس سے ہماری اکثر و بیشتر ضروریات پوری ہو رہی ہیں - مگر چھوٹی چھوٹی سی باتیں ہیں اگر آپ اندازہ لگائیں تو امید ہے تھوڑی بہت اس میں improvement ہو گی - میں گذارش کرونگا کہ لوگوں کو گراؤنڈ واٹر استعمال کرنے کی ترغیب دی جا رہی ہے مگر افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ٹیوب ویل کے پائپ کو پونس پر رکھ دیا گیا ہے - میں حیران ہوں کہ وہ پائپ جو دس یا گیارہ روپے فٹ مل جاتا تھا وہ ۶ فٹ والا پائپ ۴۰ روپے فٹ ہو گیا ہے - دوسری بات جو میں عرض کروں گا کہ ایک non-perennial علاقے میں جہاں پانی کا level ۳۵ - ۴۰ فٹ تک ہے اور پانی بھی میٹھا ہے وہاں جہاں تک ہو سکے لہری پانی ۱۵ اکتوبر کی بجائے یکم نومبر تک کر دیا جائے تاکہ کاشتکار گندم پورے طور پر کاشت کر سکے -

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب سپیکر - مسئلہ خوراک آدم اور ابن آدم کا شروع ہی سے پریشان کن مسئلہ رہا ہے - حضرت آدم جب دانہ گندم کھا کر جنت سے نکلے تھے اس وقت سے نسل

انسانی گندم کے ساتھ وابستہ ہے اور اس مسئلہ کی سنگینی اور خوراک کی کمی بیشی سے انسان دو چار رہا ہے۔

جناب والا ۔ یہ مسئلہ اس لئے بھی اہم ہے کہ اگر پیٹ میں روٹی نہ ہو اگر انسان بھوکا ہو تو زندگی کی دلفریبی اور رنگینی بے معنی ہے ۔ فنون لطیفہ کی تمام چیزیں شاعری اور شعر ۔ ادب ۔ مصوری اور موسیقی اس کے لئے کوئی معنی نہیں رکھتیں ۔ اس لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ اس مسئلہ کا حل ڈھونڈا جائے کہ کسی ملک اور کسی ملک کی کسی قوم میں اور کسی فرد کو اس مسئلہ کے متعلق کوئی پریشانی نہ ہو ۔

جناب والا ۔ اب وہ وقت نہیں رہا کہ آسمانوں سے قوموں کے لئے من و سلویٰ اترے اور لوگ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھے رہیں اور ان کو خوراک آسمانوں سے مہیا ہوتی رہے بلکہ اب یہ بدلا ہوا دور ہے اور بدلا ہوا وقت ہے اب ہمیں قوت بازو سے ان مسئلوں کو حل کرنا ہوگا اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم خود محنت کریں ہم عرق ریزی کریں کھیتوں میں ہل چلائیں اور اس مسئلہ کا حل جیسا میاں صاحب نے فرمایا ہے زمینوں سے

ڈھونڈیں اور زمین سے پیداوار حاصل کریں اور اپنے ملک و قوم کی خدمت کریں ۔

جناب والا ۔ یہاں یہ کہا گیا ہے کہ حکومت نے اس مسئلہ کیطرف توجہ نہیں دی یا وہ اس مسئلہ کے حل کرنے میں ناکام رہی ہے ۔ مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے اور میں یہ عرض کرنے کی جسارت کرتا ہوں کہ ابھی حال ہی میں جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب اور میاں محمد یسین صاحب اور مخدوم حمیدالدین صاحب سابق پنجاب کے اضلاع کے دورے پر تشریف لے گئے انہوں نے وہاں کاشتکاروں کو جمع کیا ان کو خطاب کیا ان سے باتیں کیں ان کو بتایا ان کی رہنمائی کی ۔ ان سے کہا کہ فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے کس طرح پیداوار میں اضافہ کرنا چاہئے ۔ اور وہ تمام مسائل جو زراعت سے متعلق ہیں انہوں نے موقع پر حل کئے ان کا موقع پر حل ڈھونڈا اس سلسلے میں انہوں نے لوگوں کے بہت کچھ مسائل حل کئے ۔ جناب والا ۔ یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ ایک دن میں یا ایک منٹ میں اس کا حل تلاش کر لیا جائے ۔ اپنے محدود وسائل کے پیش نظر اور ان حالات اور واقعات کے پیش نظر جو ہمیں درپیش ہیں اور جن سے ہم دوچار رہے ہیں میں یہ کہوں گا کہ اب بھی حالات اس قدر دگرگوں نہیں ہیں اب بھی

ہمارے مستقبل کے راستے اتنے تاریک نہیں ہیں ۔ ہم اپنے عزم و ہمت کے چراغ جلا کر ان راستوں کو منور کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ نماز مغرب کے لئے ایوان کی کارروائی ۲۰ منٹ کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

(اس کے بعد ایوان کی کارروائی بیس منٹ کے لئے ملتوی ہو گئی)

ایوان کا اجلاس پانچ بجکر تیس منٹ پر زیر صدارت مسٹر سپیکر منعقد ہوا ۔

مسٹر سپیکر ۔ رائے منصب علی خان ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اپنی استطاعت کی حد تک ۔ اپنے وسائل کی حد تک حکومت اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور یہ کوشش ضرور ہونی چاہئے کیونکہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور جناب والا یہ ضروری ہے کہ آٹا سستا ہو ۔ اور یہ ضروری ہے کہ روٹی سستی ہو اور آسانی سے ہر ایک کو میسر ہو ۔

جناب والا ۔ یہ مسئلہ ان لوگوں کا مسئلہ نہیں جو محلات میں رہتے ہیں

جو مل مالکان ہیں ۔ جو بڑے بڑے لینڈ لارڈ ہیں ۔ جو اہل زر ہیں ۔ بلکہ یہ ان لوگوں کا مسئلہ ہے جو ناردار ہیں ۔ جو مفلس ہیں ۔ جن کی آمدنی قلیل ہے ۔ جن کا ذریعہ کاشت ہے اور جن کی ساری تگ ودو تن کے کپڑے اور دو وقت کی روٹی کیلئے ہے ۔ اس لئے اس مسئلہ کو اولین فوقیت حاصل ہونی چاہئے اور اس کے حل کے لئے ہر ممکن کوشش اور ہر ممکن طریق کار اختیار کرنا چاہئے ۔ اس سلسلہ میں ایوان کے معزز ارکان نے بہت سی مفید تجاویز پیش کی ہیں اور مجھے امید ہے کہ وزیر خوراک و زراعت جن کو اس سلسلہ میں بہت وسیع تجربہ حاصل ہے جو ماہرین زراعت میں سر فہرست شمار کئے جاتے ہیں ۔ وہ ان تمام تجاویز پر چاہے وہ آپوزیشن کی طرف سے ہوں چاہے حزب اقتدار کی طرف سےہوں ان کو پیش نظر رکھیں گے اور ان سے مفید نتائج برآمد کرنے کی کوشش کریں گے ۔

جناب والا ۔ ذخیرہ اندوزی اور منافع کے رجحانات کو ختم کرنا چاہئے سمگلنگ کے بارے میں اس ہاؤس کے معزز اراکین کا جو نقط نظر ہے ۔ جو جذبہ اور احساس ہے اس کا اظہار وہ بڑے واضح الفاظ میں کر چکے ہیں ۔ سمگلنگ ہر صورت میں ۔ ہر مقام پر ۔ ہر جگہ پر ختم ہونی چاہئے ۔ سمگلروں کو سختی سے سزا دینے میں کسی قسم کی پس و پیش نہیں کرنی چاہئے ۔ ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کی موجودہ صورت حال کے پیش نظر اور ایک سنگین

جرم کے دفاع کے لئے چاہئے کہ جس طرح بھی ہو خواہ اپیل کے ذریعہ ۔ خواہ تلقین کے ذریعہ یا سزا دینے یا قوانین کے ذریعہ لوگوں کو آمادہ کیا جائے کہ وہ اس قسم کے اقدامات اور رجحانات کو ختم کریں ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ زیادہ غذا کے بارے میں اور پیداوار کے بڑھانے کے بارے میں اور زراعت کے بارے میں جتنے بھی بھی مسائل ہیں ان میں اہم مسئلہ خود کاشتکاروں کا مسئلہ ہے کاشتکاروں مسائل کو حل ہونا چاہئے ۔ ان کی مشکلات کو حل ہونا چاہئے ۔ بجلی ۔ پانی اور دیگر وسائل جو زراعت کے سلسلہ میں شب و روز در پیش ہیں ان کا عملی حل ڈھونڈنا چاہئے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت پانی کی کمی ہے اور بجلی کی کمی ہے یہ تمام ایسی باتیں ہیں جو کہ حکومت کے بس میں نہیں ہیں چونکہ یہ بنیادی باتیں ہیں اور ان کے بغیر متوقع نتائج برآمد نہیں ہو سکتے ۔ اس لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ ان مسائل کی طرف توجہ کرے اور انکو حل کرے ۔ اور وہ تمام سہولتیں جو زراعت پیشہ لوگوں کو درکار ہیں ان کے دروازوں پر ان کے گھروں پر اور ان کے دیہاتوں میں جا کر مہیا کرے تاکہ ملک اور قوم کی خدمت کے سلسلہ میں وہ اپنا صحیح رول

اور کردار ادا کر سکیں ۔ اور وہ لوگ کسی سے پیچھے رہنے والے نہیں ہیں ۔ ان میں جذبہ موجود ہے ۔ ان میں احساس موجود ہے ۔ ان میں حب الوطنی موجود ہے ۔ اسلئے تمام خامیاں ۔ تمام کوتاہیاں جس سے وہ دو چار ہیں ان کو دور کرنا نہایت ہی ضروری ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر فاروقی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸)جناب والا۔ اللہ تعالے کی زمین پر انسان کو جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کے لئے ہوا اور پانی کے بعد تیسری اہم چیز جس کی ضرورت ہے وہ غذا ہے ۔ جناب جس طرح ایک اچھا معاشرہ کبھی ایسے شخص کو عزت اور قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھتا جو اپنے رزق کو خود پیدا نہ کر سکے اور دوسرے کے سامنے دست سوال دراز کرے اسی طرح اقوام عالم کی برادری میں کبھی وہ قوم وقار کا مقام حاصل نہیں کرتی جو خود اپنے ذرائع سے اپنی غذائی ضروریات کیلئے خود کفیل نہ ہو سکے اور دوسروں کے سامنے اسکو دست سوال دراز کرنا پڑے ۔ بلکہ میں ایک قدم آگے بڑھ کر یہ عرض کروں گا کہ غذائی ضرورتوں میں خود کفیل ہونا خود ہماری سالمیت اور دفاع کیلئے ضروری ہے ۔ تاریخ کا طالب علم اس بات کو

جانتا ہے ۔ کہ دنیا میں بہت دفعہ ایسا ہوا ہے کہ ایک ملک اپنے جیالے اور دلیر جوانوں کے باوجود اپنے نوک دار نیزوں کے اور باوجود اپنے اسلحہ کے بڑے بڑے ذخیروں کے باوجود بڑی بڑی جنگیں اس لئے ہار چکا ہے کہ اس کے پاس غذا کا سامان موجود نہ تھا ۔

اور غذائی حیثیت سے وہ خود کفیل نہیں تھا ۔ اگر میں یہ کہوں ۔ تو شاید مبالغہ نہ کرونگا ۔ کہ اگر ملک کی ساری صنعتوں کی چمنیاں ٹھنڈی پڑ جائیں تو قوم پھر بھی زندہ رہ سکتی ہے ۔ اگر پاکستانی ثقافتی پروگرام پیش کرنے والی رقاصائیں انگلستان جا کر اپنے فن کا مظاہرہ نہ کریں ۔ تو پھر بھی قوم کا وقار قائم رہ سکتا ہے۔ اگر ساڑھے چار کروڑ روپے کی لاگت سے واپڈا ہاؤس تعمیر نہ کیا جائے ۔ تو پھر بھی ملک اپنا دفاع کر سکتا ہے ۔ لیکن اگر زمین اپنے سینے سے گندم کی بالی اگلنا چھوڑ دے تو میں آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ نہ تو قوم زندہ رہ سکتی ہے اور نہ ہی ملک کی سالمیت برقرار رکھی جا سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ خوراک کا مسئلہ بنیادی اہمیت کا مسئلہ ہے ۔ اس اہمیت اور کے پیش نظر ہماری حکومت کو چاہیئے کہ وہ یہ دیکھے کہ اس نے گذشتہ دس سال میں کس

کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے ۔ مجھے یہ کہتے ہوئے دکھ ہوتا ہے کہ اس برصغیر کا وہ حصہ جو کسی وقت دنیا کا غلہ گھر کہلاتا تھا اس ملک کے اس حصے کی غذائی حالت آج اس مقام پر پہنچ گئی ہے کہ اس ملک کا سب سے بڑا ایوان غذائی حالت پر بحث کرنے پر مجبور ہوا ۔ یہ تاریخ کا ایک المناک حادثہ ہے۔ یہ ہمارے حکمرانوں کے نامۂ اعمال پر بد ترین سیاہ دھبہ ہے ۔ میں ملک خدا بخش بچہ صاحب سے یہ عرض کرونگا کہ وہ ذرا تاریخ کے اوراق کو الٹ کر دیکھیں کہ اس سلسلے میں ان کے کارنامے کیا رہے ہیں ۔ خواجہ صفدر صاحب نے صحیح فرمایا تھا کہ یہ صورت حال ایک دو دن ایک دو مہینے یا ایک دو سال کی پیدا کردہ نہیں ہے ۔ یہ صورت حال آپ کے دس سالوں کے مسلسل کارناموں کا نتیجہ ہے ۔ جو ہم آج دیکھ رہے ہیں ۔ اسکے متعلق جناب وزیر خوراک نے بڑی سادگی اور بھول پن کے ساتھ ساری ذمہ داری ہندوستان کے ساتھ گذشتہ جنگ کے دروازے پر لا ڈالی ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ سے بھی شکایت کی ہے۔ کہ اللہ نے ہمیں ابررحمت سے محروم رکھا ہے ۔ تو میں ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس معاملے میں کسی بخل سے کام نہیں لیا ۔ بلکہ آج آپ جس مشکل سے دو چار ہیں وہ سب آپکے اپنے ہی کرتوتوں کا نتیجہ ہے ۔

Minister for Information (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) Sir, is the word کرتوت parliamentary.?

Mr. Speaker : This is not unparliamentary.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ دنیا کا یہ ایک مسلمہ اصول ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ جیسا کہ جناب سپیکر نے فرمایا ہے ۔ کہ یہ لفظ غیر پارلیمانی نہیں ہے ۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ مولانا صاحب کی زبان سے کچھ اچھا نہیں لگا ۔

Mr. Speaker : Yes, that is not in good taste.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ اردو ادب ایک کا لفظ ہے ۔ آپ بیگم زاھدہ خلیق الزمان سے پوچھ لیں کہ بڑے بڑے شعرا نے یہ لفظ اشعار میں استعمال کیا ہے ۔ نثر نگاروں نے نثر میں اسکو استعمال کیا ہے ۔ بڑے بڑے مضمون نگاروں نے اسے اپنے مضامین میں استعمال کیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اگر ان کو اپنے لفظ "کرتوت" پر اصرار ہے۔ اور جب آپ نے بھی اسے پارلیمانی قرار دیا ہے تو انہیں کہنے دیں ہمیں بھی اس لفظ پر کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مگر میاں صاحب ۔ وہ تائید تو بیگم صاحبہ کی مانگ رہے تھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان کو آپ پر کچھ شبہ ہوا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ چونکہ ہم نے اپنا اعتراض واپس لے لیا ہے ۔ اسلئے اب اسکی تائید کی ضرورت ہی نہیں رہی تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ دنیا میں زرعی پیداوار بڑھانے کے سلسلے میں جو مسلمہ اصول ہے ۔ وہ یہ ہے intensive farming اور Extensive farming

Extensive farming کامطلب ہے ۔کہ آپ کے پاس جسقدر زیر کاشت رقبہ ہو۔ اس رقبے میں مزید اضافہ کیا جائے اور نتیجتاً زرعی پیداوار میں اضافہ کیا جائے۔ اور intensive farming یہ ہے کہ آپ کے پاس جو قابل کاشت زمین ہے۔ اس میں سائنس کی معلومات اور دیگر جدید طریقوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کاشت کر کے پیداوار میں اضافہ کیا جائے ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ زرعی ترقی کی ان دونوں سمتوں میں آپ نے ترقی معکوس کی ہے ۔

Extensive farming کے میدان میں حال یہ ہے کہ ۴۹-۴۸ء میں تین کروڑ چھہتر لاکھ ایکڑ رقبہ ملک کے اس حصے میں زیر کاشت

تھا ۔ اور دس سال کے بعد یعنی ۵۹-۵۸ ء تک یہ زیر کاشت رقبہ بڑھ کر چار کروڑ چودہ لاکھ ایکڑ تک پہنچا ۔ اور آپ کے دوسرے پنجسالہ منصوبے میں یہی رقبہ گھٹ کر چار کروڑ دو لاکھ ایکڑ زیر کاشت رہ گیا ۔ تو بجائے اس کے کہ یہ زیر کاشت رقبہ اور بڑھتا ۔ آپ کی Extensive farming نے یہ ترقی معکوس کی ہے ۔ کہ جو رقبہ پورے ملک میں زیر کاشت تھا ۔ اس میں بارہ لاکھ ایکڑ کی کمی واقع ہو گئی ۔ ۔ ۔ میں وزیر خوراک کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ میرے اعداد و شمار کو غلط کہنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ میرے پاس ان سب کے حوالہ جات موجود ہیں اور آپ ہی کی طرف سے شائع کردہ اعداد و شمار موجود ہیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ شاید آپ نے جمع تفریق میں غلطی کی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جی نہیں ۔ اور آپ کی intensive farming کا عالم یہ ہے کہ ۴۹-۴۸ء میں food product یعنی وہ فصلات جو کہ غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ۔ یعنی گیہوں ۔ چاول ۔ مکئی ۔ جوار وغیرہ ۔ ان فصلوں کے لئے آپ دو کروڑ پانچ لاکھ ایکڑ اراضی زیر کاشت لائے تھے

اور ۶۶-۶۵ء میں ان ہی فصلوں کے لئے دو کروڑ تنیتالیس لاکھ ایکڑ رقبہ زیر کاشت لایا گیا ؟ یعنی ان سترہ سالوں میں ان فصلوں کے لئے زیر کاشت رقبہ میں اٹھارہ فی صد کا اضافہ ہوا ۔ اور پھر آپ اس بات کو بھی نوٹ کر لیں ۔ کہ ۴۹-۴۸ء میں جبکہ دو کروڑ پانچ لاکھ ایکڑ رقبہ ان فصلوں کے تحت تھا ۔ تو اس رقبے سے ہمیں چھیاسٹھ لاکھ پچاس ہزار ٹن غلہ حاصل ہوا تھا ۔ جبکہ اسکے مقابلے میں ۶۶-۶۵ء میں دو کروڑ تنیتالیس لاکھ ایکڑ زیر کاشت اراضی سے انہتر لاکھ تنیتالیس ہزار ٹن غلہ حاصل ہوا ۔ اسکا مطلب مختصر الفاظ میں یہ ہے کہ ان سترہ سالوں میں غلے کے لئے زیر کاشت زمین میں تو آپ نے اٹھارہ فیصد کا اضافہ کیا۔ لیکن اسکے مقابلے میں آپکی پیداوار میں صرف ساڑھے چار فیصد کا اضافہ ہوا ۔ اور اسکے علاوہ ایک اور طرح سے جون کیلئے کہ۴۹-۴۸ء میں آپ کی پیداوار فی ایکڑ ۸۶۸ من تھی اور ۶۶-۶۵ میں ۹۶۷ من تھی ۔ جناب آپکی intensive farming اور Extensive farming کا حال یہ ہے ۔ تو اب سوال یہ ہے ۔ کہ دنیا جب ترقی کے اتنے منازل طے کر رہی ہے ۔ اور پھر آپ کی acreage بھی بڑھ رہی ہے ۔ تو آپ کی پیداوار کیوں گھٹ رہی ہے اسکی وجوہات کیا ہیں ویسے تو اسکی بہت سی وجوہات ہیں ۔ لیکن میں اس

وقت آپ سے مختصراً چند باتیں عرض کرونگا ۔ ایک یہ کہ دنیا کے ترقی یافتہ اور متمدن ممالک میں کھاد کا استعمال جس طرح سے کیا جاتا ہے۔ میں اسکی دو تین مثالیں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کیونکہ intensive farming میں کھاد کے استعمال کو بڑا دخل ہے ۔

جاپان میں ۳۵۰ پونڈ فی ایکڑ کے حساب سے کھاد استعمال کی جاتی ہے برطانیہ میں ۱۳۵ پونڈ اور بلجیئم میں ۲۳۳ پونڈ فی ایکڑ کے حساب سے کھاد استعمال کی جاتی ہے ۔ لیکن آپ نے ۶۶-۶۵ء کے بجٹ پر جو قرطاس ابیض پیش کی تھی ۔ اس میں آپ نے یہ تو فرمایا ہے کہ آپ اٹھارہ پونڈ فی ایکڑ کھاد استعمال کریں گے ۔ اور اس انکشاف پر یا کھاد کی اس مقدار کے استعمال سے آپ خاصے مطمئن تھے ۔ گویا آپ نے کوئی بڑا کمال کر دکھایا ہے یا آپ نے کوئی بڑا مقصد حاصل کر لیا ہے ۔

جناب والا ۔ زرعی پیدا وار کو بڑھانے کیلئے دوسری ضروریات ترقی یافتہ آلات اور وسائل کی ہے لیکن اسکے معاملہ میں آپ کا کارنامہ یہ ہے کہ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں اس مد کے لئے باسٹھ لاکھ روپیہ مختص کیا گیا اور آپ نے بجٹ میں اسکے لئے گیارہ لاکھ روپے مہیا کئے ۔ جس میں سے واقعتاً تریسٹھ ہزار روپے خرچ ہوئے ۔ اور یہ اعداد و شمار اس ایوان کے پچھلے اجلاس میں

ایک سابقہ وزیر مال نے ایک سوال کے جواب میں مہیا کئے تھے - تو آپ نے زرعی پیداوار بڑہانے کے لئے کل باسٹھ لاکھ روپے مختص کئے تھے - کہ ان سے ترقی یافتہ آلات خریدے جائینگے - اور بجٹ میں آپ نے اسکے لئے گیارہ لاکھ روپے رکھے - جبکہ واقعتاً آپ نے صرف تریسٹھ ہزار روپے اس مد پر صرف کئے - تو جناب والا - جب آپ اپنے ہی بنائے ہوئے منصوبوں کو اسی طرح عمل میں لائے ہیں - اور اسکے باوجود بھی آپ خدا وند تعالیٰ سے شکوہ کریں - کہ اس نے آپ کو باران رحمت سے محروم رکھا - تو میرا خیال ہے کہ یہ گستاخی کے سوا کچھ نہیں ہے - تیسری بات یہ ہے کہ ایک طرف تمام دنیا میں زمینداریاں اور جاگیرداریاں دم توڑ رہی ہیں- اور تمام دنیا اس منزل کی طرف گامزن ہے- کہ زمین اور زمین کے سینے سے فصل اگانے والے طبقے کے درمیان کم سے کم رشتہ حائل ہو - دوسری طرف آپ نے گدوبیراج - غلام محمد بیراج اور خدا معلوم کن کن بیراجوں میں افسران حکومت کو زمین دیکر زمینداروں کی ایک نئی کلاس پیدا کر دی ہے - آپ اپنے منظور نظر عملے اور سول اور ملڑی افسران کا ایک "سویا" ہوا طبقہ زمینداران پیدا کر رہے ہیں - جسکا نتیجہ یہ ہے - کہ جب زمینوں کے ساتھ ہل چلانے والے مزارعے کا مالکانہ تعلق نہ رہا - اور جب انکے اپنے حقوق محفوظ نہ رہے- تو ظاہر ہے - کہ ان سے

اس محنت کی توقع نہیں کی جا سکتی ۔ جس سے کہ پیداوار میں اضافے کی صورت پیدا ہو۔ کیونکہ جب اسکے اصل حق کو ہی تسلیم نہ کیا جائے ۔ اور اسکو اس بات کا یقین ہی نہ ہو ۔ کہ اگلے سال بھی اس زمین سے استفادہ کرنے کا موقع مل سکے گا تو ظاہر ہے کہ زمین کی آب یاری اپنے پسینہ سے کرنے میں اسے تامل ہوگا ۔

تو جناب والا ۔ موجودہ ترقی یافتہ زمانہ میں جدید آلات و ذرائع و وسائل کا عدم استعمال ۔ مصنوعی کھاد کی استعمال سے فرار اور کاشتکار کو اس کا حق نہ دینے کا نتیجہ وہ ہے جو ۴۹-۱۹۴۸ء کے بعد آج ۶۶-۱۹۶۵ء میں ہمارے سامنے آ رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ان تمام خامیوں اور کوتاہیوں کے باوجود ان تمام بد اعمالیوں کے باوجود اللہ تعالی نے ہمارے ساتھ بخل نہیں کیا اور ۶۶-۱۹۶۵ء میں خوراک والی فصلوں سے ۶۹ لاکھ ۴۷ ہزار ٹن گیہوں چاول جوار اور باجرہ ہمیں حاصل ہوا ۔ اس میں سے ۱۰ فی صد بیج وغیرہ کے لئے یا جو غلہ ضائع ہو جاتا ہے اس کے لیے نکال دیں تو ۶۲ لاکھ ۵۲ ہزار ٹن Net غلہ اس سال اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیا ہے ۔ وزارت خوراک کے کاغذات میرے پاس موجود ہیں ۶۷-۱۹۶۶ء کا یہ سال

جو چل رہا ہے اس میں ۶۲ لاکھ ۹۳ ہزار ٹن کی ضرورت تھی اور بیج وغیرہ نکال دینے کے بعد پچھلے سال کی پیداوار جو ۶۲ لاکھ ۵۲ ہزار ٹن تھی اس کا یہ مطلب ہوا کہ ہمیں ۴۱ ہزار ٹن غلہ کا خسارہ ہے ۔ اس کے مقابلہ میں جو لاکھوں ٹن غلہ آپ درآمد کر چکے ہیں یا لاکھوں ٹن غلہ درآمد ہونے والا ہے ۔ اس ساری درآمد کے باوجود آپ کے بازار کا یہ حال ہے کہ جو اگست ۱۹۶۵ میں ۱۵-۰۰ روپیہ من تھا آج ملتان اور لائل پور کی منڈیوں میں جو غلہ کا گہوارہ ہیں ۳۰-۰۰ روپیہ من گیہوں مل رہا ہے ۔ آپ نے خود صبح اس ایوان میں فرمایا تھا کہ اس ملک میں ہماری اوسط آمدنی ۳۹۴-۰۰ روپیہ فی کس ہے ۔ اگر ہم اس کو صحیح مان لیں تو جس ملک میں ایک شخص کی روزانہ آمدنی ایک روپیہ یا ایک روپیہ دوآنہ ہے وہ ۳۰-۰۰ روپیہ من غلہ کیسے خرید کر اپنا پیٹ پال سکتا ہے میں کہتا ہوں کہ آپ نے خود ملک میں ایسے حالات پیدا کر دئے ہیں کہ اب لوگ گیہوں کے دانے دانے کو ترس رہے ہیں ۔ وہ لوگ جو خود غلہ پیدا کرتے ہیں ان کو بھی غذا میسر نہیں ہے ۔ شہروں کی حالت تو درکنار دیہاتوں میں جو حالت ہے وہ ہر روز اخبارات میں آ رہی ہے ۔ اوکاڑہ میں دام بڑھ رہے ہیں ۔ ملتان میں اور لائل پور میں گیہوں کے دام بڑھ رہے ہیں ۔ آخر یہ صورت حال کیوں ہے جبکہ غلہ کی کمی جو ۴۱ ہزار ٹن تھی وہ لاکھوں

غلہ امپورٹ کر کے پوری کی جا چکی ہے۔ میرے نزدیک اس کمی کی دو وجوہات ہیں۔

۱۔ سمگلنگ اور ۲۔ ہورڈنگ۔

یہ سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی چند ننگ قوم اور ننگ ملت افراد کی ملک سے غداری ہے کہ وہ غلہ ملک سے باہر بھیج رہے ہیں۔ تو بتائیے کہ آپ نے اس کے روکنے کا کیا انتظام کیا ہے یا تو آپ اس بات کو مان لیں کہ ملک میں ہورڈنگ کی وجہ سے غلہ موجود نہیں رہا اور اگر اس کو نہیں مانتے تو آپ جواب دیں کہ غلہ کہاں گیا۔ جو ملک خود غلہ پیدا کرتا ہے اور اب جب کہ فصل کو آئے ۴ ماہ بھی نہیں ہوئے کہ غلہ بازار سے غائب ہو گیا ہے۔ اس سے یا تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے خود ذخیرہ اندوزی کی ہوئی ہے اور ملک میں مصنوعی کمی پیدا کر دی ہے۔ یا آپ اس بات کو تسلیم کریں کہ غلہ ملک سے باہر سرحد پار جا رہا ہے سمگل ہو رہا ہے۔ اور آپ اسے نہیں روک سکتے۔ میں آپ کو اس کی وجہ بتاتا ہوں۔ اور آپ کی وساطت سے قائد ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ دنیا میں ایڈمنسٹریشن پر قابو دو طریقہ سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک تو سروسز سے اور دوسری عوام کے نمائندہ وزراء سے۔ سروسز کے لوگ اپنے اپنے کام میں ماہر ہوتے ہیں اور

احکامات وصول کرتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں ۔ وزرا ملک کی پبلک کے نمائندے ہوتے ہیں وہ پبلک کے مسائل کو بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کے مطابق حکومت کی پالیسی مرتب کرتے ہیں ۔ اور اپنے اثر اور تلقین کے ذریعے لوگوں کو برائی سے روکتے ہیں ۔ اگر سروسز کے لوگ ہی وزیر بھی مقرر کئے جائیں تو وہ اثر جو قوم کے نمائندوں سے حاصل ہوتا ہے وہ کہاں سے آئے گا۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ سروسز کا جو آدمی وزیر مقرر کیا جاتا ہے اس کی بات عوام کے لئے بے اثر ہوتی ہے ۔ میں آپ سے صاف الفاظ میں کہہ دیتا ہوں کہ X X X X X X X X*

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ انکار کر کے دیکھ لیجئے ۔

وزیر لمدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ آپ کی زبان سے یہ مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ کوئی اور کہتا تو اور بات تھی ۔ میرے دوست اختر صاحب کہتے تو کوئی گلہ نہ ہوتا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں hear-say پر یقین نہیں رکھتا اپنے علم کی بنیاد پر جانتا ہوں ۔

---

*Expanged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Farooqi about the appointment of Ministers are expunged from the proceedings of the Assembly. Next point please.

وزیر خوراک ۔ یہ غلط ہے جھوٹ ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے دوست ملک صاحب نے لفظ جھوٹ استعمال کیا ہے ۔ یہ لفظ غیر پارلیمانی ہے ۔

وزیر خوراک ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔ اور توقع رکھتا ہوں کہ کم‌ازکم عقل کی بات تو کریں ۔ ان کو ذاتیات پر نہیں آنا چاہئیے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے کسی کی ذات کے متعلق تو کچھ نہیں کہا ۔

وزیر خوراک ۔ ہم بڑے اخلاق سے بات کرتے ہیں اور ہم اخلاق سے آپ کی باتیں سننا چاہتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے اخلاق سے ہی بات کی ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Farooqi may please conclude his speech now.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ملک میں غلہ کی مصنوعی کمی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے افسران اور آپ کا عملہ اور آپ خود ذخیرہ اندوزی کو روکنے میں ناکامیاب ہو چکے ہیں۔ مجھے توقع نہیں کہ آپ اس پر قابو پا سکیں گے۔

چو کفر از کعبہ می خیزد کجا ماند مسلمانی

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot IV) : Sir, before I start my speech on the topic which is before us today, I would like to make a brief reference to what has just passed before this House.

I would request Mr. Farooqi, my learned friend, to make a study of the Constitution and he will see that the Minister, as defined in the Constitution, does not. ...

Mr. Speaker : The Member need not refer to that occurrence. The remarks made by Mr. Farooqi, have been expunged from the proceedings of the Assembly.

Chaudhri Anwar Aziz : Right Sir.

Sir, the topic today before us is Food and Agriculture or the production of food. This is a profession Sir, which is my own life and blood.

This is a profession in which my fore-fathers have specialised. This is a profession in which I have extended the map of Pakistan as far as the land and cultivation is concerned and I hope in future my son also follows this profession. So Sir, when I speak about this profession my condition is very much that of a man who said :

"How do I love thee,
let me count the ways."

In its multifarious proposition, this topic is before us and I really do not know where to start. But if there must be a start to it, let us start with a happy tiding. Let me give a tiding here today, Sir, that by the Grace of God, this Pakistan will be exporting wheat in another three years to come. I say this Sir, not on behalf of the Ministry nor do I say this on behalf of the Members. I say this on behalf of the farmers of this country who are the great sustainers of the society. Sir, let nobody take advantage of it and let nobody claim that he is responsible for which the farmer himself is responsible. Our farmers Sir have learnt a great law of Economics, which unfortunately the higher ups have been unable to master so far, and that is called 'Law of Opportunity Cost'. (*interruptions*).

آوازیں ۔ اردو میں تقریر کریں ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب میں کوشش کروں گا کہ اردو میں بولوں ۔ جناب والا ۔ یہ economics کا مسئلہ ہے جس کو opportunity cost

کہتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ایک مخصوص رقم ایک چیز پر لگائیں اور دیکھیں کہ اگر وہی رقم کسی دوسری جگہ پر لگا دیں تو آپ کو زیادہ نفع حاصل ہوتا ہے یا کم نفع حاصل ہوتا ہے ۔ پنجاب کے لحاظ سے اگر سوچیں یا زمیندار کے لحاظ سے اگر سوچیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ ایک ایکڑ میں گندم کاشت کرتے ہیں تو آپ کو کتنے پیسے ملیں گے اگر آپ اس میں مرچیں لگاتے ہیں تو اس میں سے کتنے پیسے ملیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ مرچیں نہ لگائیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ (سید احمد سعید کرمانی) ۔ مرچیں تو مولانا صاحب لگا چکے ہیں ۔

چودھری انور عزیز۔ مرچیں بھی فوڈ میں شامل ہیں ۔ میں نے جو کچھ کہا ہے اس سے فاروقی صاحب کے مرچیں لگ گئی ہیں ۔

Mr. Speaker : Order, order.

چودھری انور عزیز ۔ جناب آپ میری بات سنیں میرے پاس وقت بہت کم ہے اور میرے پاس points بہت ہیں وہ اب تک تشنہ رہے ہیں ۔

Please hear with me for sometime.

پھر یہ opportunity cost کے سلسلے میں ہمارے پاس ایک ایسا بیج آ گیا ہے جس کی وجہ سے زمیندار محسوس کرتا ہے کہ گندم کے لگانے میں فائدہ ہے اب زمیندار زیادہ سے زیادہ گندم لگائے گا اور ہم اس بیج کے بڑے مشکور ہیں کہ آئندہ دو سال کے اندر اندر ہم گندم میں خود کفیل ہو جائیں گے اور انشأ اللہ تیسرے سال ایکسپورٹ کریں گے ۔ کاش یہ opportunity cost کی بات ہمارے پلاننگ کرنے والوں کی سمجھ میں آ جاتی ۔ یوں تو ہم زیادہ سے سے زیادہ رقبہ زیر کاشت لا رہے ہیں لیکن اس میں سے پیدا کیا کر رہے ہیں ؟ میں آپ کی خدمت میں ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ امریکہ کے سائنسدانوں نے اپنے ملک کے لئے ایک فارمولا تیار کیا ہے کہ اگر ایک ٹن Nitrogen (fertilizer) زمین میں استعمال کریں تو یہ اس طرح ہے کہ انہوں نے ۱۰ء۷ نئے ایکڑ پیدا کر لئے یعنی اگر آپ زمین میں fertilizer استعمال کر رہے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ۱۰ء۷ نئے ایکڑ زیر کاشت لے آئے ۔ اور اگر آپ اسی مسئلے کو ذرا extend کریں تو آپ دیکھیں گے کہ کوئی incentive اور کوئی حوصلہ افزائی گورنمنٹ کی طرف سے ہمیں نہیں ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے اب میں چاول کی مثال لیتا ہوں آپ کوئی انڈسٹری بتا دیں جس میں آپ industrialist کو مجبور کرتے ہوں کہ ہم تم سے اس بھاؤ پر تمہاری چیز خریدیں گے اور اس کے بعد اکسپورٹ کر کے زر مبادلہ کماتے ہیں اور اس میں سے اس کو کوئی بونس نہیں ملتا ۔ یہ ہم صرف چاول پیدا کرنے والے زمیندار ہیں جن کے ساتھ یہ ظلم ہے کہ ہمیں مجبور کیا جاتا ہے کہ ہم ایک خاص قیمت پر چاول مہیا کریں ۔ اور اس سے وہ مشینری آئے جو ہمارے کبھی کام نہیں آ سکتی۔ جناب والا۔ اس زر مبادلہ کو ہمیں کسی صورت میں نہیں دیا جاتا ۔ یہاں پر ٹریکٹروں کا مسئلہ قابل غور ہے آپ اگر دیکھیں تو ہمارے ملک میں ٹریکٹروں پر گورنمنٹ کی اپنی اجارہ داری ہے یہ ٹریکٹرون کو sanction کرتے وقت اپنی اجارہ داری برقرار رکھتے ہیں ۔ اس کے بیچنے کے وقت بھی اجارہ داری رکھتے ہیں ۔ آپ اے ۔ ڈی بنک کے سوا کسی اور سے ٹریکٹر خرید ہی نہیں سکتے ۔ جناب والا ۔ اس ملک میں کاریں آرہی ہیں اور مختلف النوع قسم کی کاریں آ رہی ہیں ۔ اور جو کار آپ چاہیں منگوا لیں اس کے لئے foreign exchange کی کوئی ہدایات نہیں ہیں ۔ اس طرح زر مبادلہ خرچ کیا جاتا ہے اور جو قوم کو produce کر کے کچھ نہیں دیتا ہے اس کے مقابلے میں ہم چاول پیدا کرنے والے اور کاٹن پیدا کرنے والے جو foreign exchange پیدا کر کے دیتے ہیں ان کو اس

foreign exchange سے کوئی مدد نہیں ملتی ۔ ہم اگر کہتے ہیں کہ ہم کو ٹریکٹر منگوا دیں تو جواب دیتے ہیں کہ ہم تم کو ٹریکٹر دے دیں گے ۔

جناب والا ۔ ایک سیدھی سی بات ہے کہ ہم ۱۰۰ کروڑ روپے کی گندم کھانے کے لئے باہر سے خریدتے ہیں ۔ اگر یہ ۱۰۰ کروڑ روپے کو opportunity cost کے فلسفہ کے ماتحت سوچیں اور اگر یہ credit زمیندار کو دے دیں تو کیا وہ اپنی پیداوار زیادہ نہیں بڑھا سکتا؟ میں بہت سے زمینداروں کو ذاتی طور پر جانتا ہوں کیونکہ یہ میرا پیشہ ہے جو چاہتے ہیں کہ ہم کو کہیں سے کھاد مل جائے ان کے پاس نقد پیسہ نہیں ہوتا ۔ فصل آنے پر اور فصل بونے کے وقت اگر آپ زمیندار کو یہ ۱۰۰ کروڑ روپیہ کسی ایجنسی کے ذریعہ کھاد اور بیج خریدنے کے لئے دے دیں اور ان سے کاشتکار اپنا نام لکھ کر کھاد اور بیج حاصل کر لے تو آپ یقین کیجئے کہ آپ کی production ۲۰ گنا بڑھ جائیگی ۔

اس کے بعد آپ کسی انڈسٹری کو لے لیجئے اگر کوئی industrialist کوئی انڈسٹری لگاتا ہے تو اس سے آپ ۷ سال ٹیکس نہیں لیتے ۔ آپ اس کو loan دیتے ہیں ۔ اور اگر اس کا ایک لاکھ روپیہ اپنا ہے تو وہ ۱۰ لاکھ کا

کاروبار کرتا ہے۔ آج کل فصلوں کے سلسلے میں گورنمنٹ کی طرف سے جو زمینداروں کو incentive دیا جا رہا ہے تو یہ ہے کہ اس کا آبیانہ بڑھا دیا گیا ہے ۔ اگر کوئی incentive دیا گیا تو یہ کہ اس کے اوپر مالیہ بڑھا دیا گیا ہے ۔ plant protection والے جہاں پہلے سلام کرنے پر منت کام کر دیا کرتے تھے تو اب ان سے چار آنے فی ایکڑ مانگا جاتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ سلام معاف کر دیا گیا ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب یہ میرے دل کی باتیں ہیں آپ ان کو سن لیں تو مہربانی ہو گی ۔ ۔ ۔ ۔ آپ نے بات کر کے مجھے ادھر اُدھر کر دیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member may please try to conclude.

Chaudhri Anwar Aziz : Please don't be cruel to me. You will at least give me seven minutes more and I will conclude.

Mr. Speaker : The Menber has consumed more than ten miuiues.

Chaudhri Anwar Aziz : Most of the time was consumed in discussion by the House.

Sir, we have a great organisation here which is called the ADC, and then yet another organisation—WAPDA. Let me use the words of Churchill here :

> "Never before in the history of the world so little has been done by so many for so few."

These people have utilised the national money to absolutely no avail. Here is the crux of my thesis. If you want to put a tubewell through WAPDA and it costs sixty thousand rupees and then you realise sixty thousand rupees from the farmer as 'abiana' ...

یعنی واپڈا والے اگر ٹیوب ویل لگاتے ہیں تو اس کی ۶۰ ہزار قیمت لیتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ یہ ۶۰ ہزار روپے ہم ۱۰ سال میں وصول کریں گے لیکن اسی کے ساتھ ساتھ فی ایکڑ ۲۰ سال تک آبیانہ لیتے رہیں گے ۔ اس ٹیوب ویل کے لئے اگر آپ مہربانی کریں اور اس کا روپیہ زمیندار کو دے دیں تو زمیندار واپڈا والوں سے بہتر ٹیوب ویل لگائے گا اسکو خود اپنی فکر ہوگی اس کا وہ مالک ہوگا اور اس طرح زمیندار ایک single unit organisation ہوسکتا ہے۔

اگر آپ مہربانی کرنا چاہتے ہیں تو آپ ٹیوب ویل کے پائپ O.G.L. پر رکھدیں تاکہ زمیندار خود منگا لے آپ ہمیں ادھار دیتے ہیں ۔

Huge organisations which are top heavy, are consuming the national money and not producing real results.

جناب والا ۔ ایک اور نکتہ جو بہت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ یہ سارا ملک صرف زمینداری ہی سے پیسہ کماتا ہے تو میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمیں زمینداری کی تعلیم بھی دی جانی چاہئیے ۔ ہمارے پاس ریڈیو ہے ہمارے پاس ٹیلی ویژن ہے ہماری ہر یونین کونسل میں ایک Field Assistant ہے لیکن ان سب چیزوں کے باوجود ہماری Extension Service ہے حد کمزور ہے اور کسی قسم کا بھی کوئی نیا خیال نیا بیج یا کوئی نیا سلسلہ زمینداروں تک پہنچنے میں پانچ سال تو یونہی لگ جاتے ہیں ۔ میری درخواست ہے کہ زمینداری کی تعلیم پر خاص طور پر غور کیا جائے ۔ دو تین اور نکتے ہیں جو میرے دوستوں نے کہے ہیں اور وہ میں آپ کے سامنے پیش کرونگا اور وہ یہ کہ سندھ کے اوپر غلام محمد بیراج سے نیچے دائیں جانب بہت سی زمین پڑی ہوئی ہے وہاں پر Lift Irrigation ہو سکتی ہے ۔ اگر پرائیویٹ آدمیوں کو اجازت دیدی جائے کہ وہ ان پر Lift Irrigation کا انتظام کر لیں اور اگر ان کو اس سلسلہ میں کچھ مراعات اور امداد روپیہ دیدیا جائے تو یہ بہت سی زمین زیرکاشت لائی جا سکتی ہے اسی طرح بہت سی زمین ریلوے کی فالتو پڑی ہوئی

ہے ۔ اگر وہ بھی زمینداروں کو چار پانچ سال کے لئے الاٹ ہو جائے تو اس طریق سے بھی خوراک کی پیداوار بڑھ سکتی ہے۔ اور ایک اور چیز جس کا کسی نے ذکر نہیں کیا وہ گوشت کے متعلق ہے جو ہماری خوراک میں شامل ہے ۔ گوشت کے متعلق آج تک کسی قسم کی پلاننگ نہیں کی گئی کہ اس کی پیداوار کس طرح بڑھائی جائے ۔ حالانکہ یہ خوراک کا بڑا ضروری جزو ہے ۔ اس کے بعد دیہاتی علاقوں میں جو سڑکیں ہیں وہ بھی کافی اہمیت رکھتی ہیں جو کہ صحیح حالت میں ہونی چاہئیں ۔ تاکہ زمیندار اور کاشتکار اپنی پیداوار منڈیوں کے قریب پہنچا سکیں ۔ خود میرے علاقے میں آج تک کوئی سڑک نہیں ۔ شکرگڑھ اور نارووال تحصیل میں کوئی سڑک نہیں ۔ جب مارشل لاء لگا خدا ان کا بھلا کرے ایک سڑک وہاں بنا دی گئی ۔ ہم لاہور سے صرف ۶۰ میل دور ہیں لیکن ہمیں یہاں آنے میں پورے چھ گھنٹے لگتے ہیں ۔ اب آخر میں مجھے یہ کہنا ہے کہ میں نے آپکے سامنے چند incentive پیش کئے ہیں اور میری گزارش ہے کہ جناب وزیر صاحب ان کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں اور ٹیوب ویل خاص طور پر ہمیں کریڈٹ پر دیدیں ۔ تاکہ ہم خود ان کو لگائیں ۔ اور پھر ان کو چلائیں ۔ اور پھر ہم سے اس طرح پیسے وصول کریں ۔

میر خدا بخش (تھر پارکر - ۳) - جناب سپیکر - آج اس ایوان میں گندم کی پیداوار بڑھانے کا معاملہ ہے - ایگریکلچر کے محکمہ سے ہماری عرض ہے کہ ہمارے ضلع تھرپارکر میں بھی گندم کی کمی ہے اور ہم اریگیشن کے محکمہ اور ملک خدا بخش صاحب کے سامنے اس ایوان میں عرض کرتے ہیں کہ سال سن ۶۵ء سے نہری پانی کی کمی کی وجہ سے وہاں حالت بد تر ہو گئی ہے - ڈی - سی ضلع تھر پارکر سے ہم نے موقع ملاحظہ کرنے کی درخواست کی تھی جو انہوں نے قبول کی اور جمراؤ کی ٹیل تک خود گئے اور دیکھا کہ پانی بالکل نہیں تھا - ہمارے ضلع میں ہر مہینے میٹنگ ہوتی ہے - ڈی - سی کے سامنے متعلقہ انجینئر نے میٹنگ میں ہماری باتوں کا اقبال کیا اور کہا کہ نہر ڈسچارج نہیں لے سکتی ہم نے کہا کہ ربیع کے موقع پر آپ کہتے ہیں کہ دریا میں پانی کم ہے اور اس وقت یعنی خریف کے موقع پر آپکی نہر ڈسچارج پانی کا نہیں لیتی حالانکہ سکھر جمراؤ اور مٹھراؤ نہروں میں سے ربیع کا پانی دریا سے پورا دیتے ہیں جب اس کی وجہ پوچھی گئی تو انجینئر صاحب نے کہا کہ نہر جمراؤ میں کچھ خامی ہے - ہم تو چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک کی پیداوار بڑھے اور اتنی بڑھے کہ ہم باہر بھی بھیج سکیں - تو یہ کس طرح ہو سکتا

ہے جبکہ ہماری طرف ۲۲ دسمبر ۱۹۶۶ء سے نہر کی صفائی کے لئے نہری پانی کی بندش ہے ۔ میری گذارش ہے کہ حکومت اس طرح پر خرچ کرے جس سے فائدہ ہو کیونکہ یہ تو قومی سرمایہ ہے اور اگر خرچ ٹھیک نہ کیا جائے تو فصل بھی ہماری ضائع ہو جاتی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ افسران بالا یعنی ڈی ۔ سی صاحب کو اس کام میں دلچسپی لینی چاہیئے تاکہ زراعت بڑھے ۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ہم نے ڈی ۔ سی صاحب کو دکھایا وہ ہمارے ساتھ تھے لوگوں نے کہا کہ ۴۰ من گندم فی ایکڑ ہم پیدا کر سکتے ہیں لیکن ہمیں پانی بالکل نہیں ملتا ۔ فصل کے لئے سب سے بڑا معاملہ تو پانی کا ہے ۔ پانی بھی اگر ہو تو اریگیشن کا محکمہ کچھ کام نہیں کرتا اس کے لئے کوئی صورت کرنی چاہیئے ۔ تاکہ قومی سرمایہ کا صحیح طور پر استعمال ہو سکے تو کام ایسے اصول سے کرنا چاہیئے تجویز ایسی کرنی چاہیئے تاکہ تکلیف نہ ہو ۔ مارشل لاء کے زمانے میں ڈی ۔ سی محمود اقبال نے ویسٹ برانچ کی کھدائی کرائی اور ڈگری تحصیل کی گندم اتنی بڑھ گئی جو سارے ویسٹ پاکستان میں مشہور ہے ۔ ہم نے اس کے لئے ریزولیوشن بھی دیا ہوا ہے جو ہاؤس میں آئیگا اور اس نے ابھی پاس کرنا ہے ۔ تو میرا یہ کہنا ہے کہ آبپاشی میں جو پیسہ خرچ

ہوتا ہے وہ صحیح نہیں ہوتا ۔ ڈی ۔ سی صاحب جو میٹنگ کرتے ہیں اس میں یونین کونسل کے چیئرمین اور ٹاؤن کمیٹی کے چیئرمین کو بھی شامل کرنا چاہیئے تاکہ سب اکٹھے سوچ بچار کریں اور سال بھر میں کوئی خامی نہر میں نہ رہے ۔ اگر واہ نہر میں کوئی نقص رہ گیا تو فصل میں قطعاً ترقی نہیں ہو سکتی اور میری تجویز ہے کہ ملک خدا بخش صاحب اور مسٹر حمیدالدین صاحب نوٹ فرمالیں اور ان کو ہماری طرف دورے پر آنا چاہیئے کیونکہ ان کا فرض ہے کہ ملک میں گندم کی مقدار بڑھائی جائے ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی، سبی) ۔ جناب سپیکر ۔ دنیا میں وہی قومیں نکتہ عروج پر پہنچتی ہیں جو ثابت قدم، حب‌الوطن اور قومی جذبہ سے سرشار ہوتی ہیں ۔ وہ اپنے قومی مسائل کو آسانی سے اس جذبے کے تحت حل کر سکتی ہیں خداوند کریم کا شکر ہے کہ آج ہماری قوم بھی ان تمام اوصاف سے سرشار ہے جیساکہ دنیا نے دیکھا کہ پچھلے سال بھارت نے ہم پر بزدلانہ حملہ کیا اور ہماری قوم نے اس کا منہ توڑ جواب دیا اور ایک ہوکر ایسا مظاہرہ کیا کہ بھارت کو اپنے اس فعل پر شرمندہ ہونا پڑا ۔ اسی طرح یہ غذا کا مسئلہ ہے ۔

گو یہ عارضی ہے لیکن ہم قوم سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ اسی اتحاد سے اور قومی جذبے سے سرشار ہو کر اس کا مقابلہ کرے جناب والا ۔ مجھ سے قبل میرے معزز دوستوں نے کافی مواد ملک صاحب کو مہیا کر دیا ہے اور میرے بعد اور بھی حضرات بولنا چاہتے ہیں ۔ اس لئے میں مختصراً چند گزارشات آپ کے اور ملک صاحب کے سامنے پیش کرونگا ۔ مجھے سب سے پہلے ملک صاحب کے محکمہ زراعت کے متعلق کچھ کہنا ہے ۔ محکمہ زراعت میں آپ نے Directorate قائم کیا گیا ہے ۔ جسمیں ایک Extension Centre ہے ایک ریسرچ کا ادارہ ۔ اور ایک میکنیکل سیکشن ۔ اس کے متعلق میں نے یہ گذارش کرنی ہے کہ یہ تینوں بجائے آپس میں تعاون کرنے کے ایک دوسرے سے بغض رکھتے ہیں اور بجائے اس کے کہ وہ کام کو بنائیں وہ کام کو بگاڑنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ میں زین نورانی صاحب کی تائید کرتا ہوں کہ حکومت Scheduled Banks کو مجبور کرے کہ وہ آسان قسطوں پر زمینداروں کو قرضے دیں ۔ تاکہ وہ اپنی زمین کو آباد کر سکیں ۔ سب سے اہم مسئلہ جو اس وقت ہمیں درپیش ہے وہ غذا کا ہے ۔ اس وقت بازاروں گلیوں میں بھی یہ مسئلہ زیر بحث ہے ۔ چند یوم پیشتر جب میں اسمبلی سے باہر جا رہا تھا اور

ٹیکسی میں بیٹھا تو ٹیکسی ڈرائیور نے مجھ سے سوال کیا کہ آپ غلے کی قیمتوں پر کیوں کنٹرول نہیں کرتے ۔ میں نے پوچھا کہ بھائی آپ بتائیں کہ آپ کے خیال میں کیا ہونا چاہیئے تو اس نے بڑملا مجھے جواب دیا کہ سب سے پہلے حکومت یہ کرے کہ وہ سمگلنگ کو روکے ۔ اس لئے میں محترم لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں عرض کرونگا کہ جب تک آپ سمگلنگ کے مسئلے کو حل نہیں کریں گے ۔ آپ خواہ کتنی ترقی کیجیئے کتنی کھاد ڈالئے آپ اس مسئلہ کو حل نہیں کر سکتے (تالیاں) اس وقت پاکستان کے مختلف علاقوں سے آپ کی اجناس سمگل ہو کر باہر جا رہی ہے ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں ۔ خان غلام سرور خان صاحب ریونیو منسٹر میری تائید کریں گے ۔ کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے اضلاع سے ہمارا غلہ افغانستان کو جاتا ہے (تالیاں) میں آپ سے گذارش کرونگا کہ اس مسئلہ پر غور کیجیئے جب تک آپ سمگلنگ کو روکنے کی کوشش نہیں کرتے اس وقت تک غلے کی کمی پوری نہیں ہو سکتی ۔ اس سلسلہ میں میں یہ گذارش کرونگا کہ آپ بارڈر کے علاقوں میں افسران کو ایک جگہ رہنے کا زیادہ موقع نہ دیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا وہ افسروں سے مل کر سمگلنگ کرتے ہیں ؟

بابو محمد رفیق - یہی بات ہے -

جناب والا - دوسری بات میں آپ کے توسل سے منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے زمینداروں کو بھی کچھ ایسی مراعات ملنی چاہیئں جو باہر کے ملکوں میں زمینداروں کو حاصل ہیں - مثلاً فصلوں کا بیمہ وغیرہ - ایک اور چیز میں منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ کوئٹہ قلات ڈویژن میں لاکھوں ایکڑ غیر آباد رقبہ موجود ہے - وہاں لاکھوں ایکڑ زمین دشت و بیابان کی صورت میں بنجر پڑی ہے - یہاں آپ کے پنجاب اور سندھ میں سیم اور تھور کا جو مسئلہ ہے وہاں وہ بھی نہیں - اس رقبہ کو آباد کرنے پر توجہ دیجیئے وہاں سے آپ کافی غلہ پیدا کر سکتے ہیں - ضرورت صرف پانی مہیا کرنے کی ہے - اگر وہاں چھوٹے چھوٹے ڈیم بنا دیئے جائیں - اور لوگوں کو سستی قیمت پر ٹریکٹر مہیا کردیئے جائیں تو وہاں سے کافی غلہ حاصل کیا جا سکتا ہے -

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو ۱۵۳ - زون ۳) - صدر محترم - یہ مقام مسرت ہے کہ ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس نے ہمیں یہ موقع دیا ہے کہ ہم

ملک کی اس اہم ضرورت پر اس نمائندہ ایوان میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں ۔ اس کے لئے لیڈر آف دی ہاؤس مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ چنانچہ صبح سے یہ دیکھا گیا ہے کہ ہاؤس میں غذائی صورت حال کے سلسلہ میں مختلف قسم کی تجاویز پیش کی گئی ہیں ۔

جناب والا ۔ کسی ملک کی بقا اور استحکام کے لئے ضروری ہے کہ اس ملک کے ہر فرد کو روٹی اور کپڑا مہیا کیا جائے آج اس ایوان میں معزز اراکین نے بار بار یہ کہا ہے کہ گذشتہ آٹھ سال کے عرصہ میں غذا کے معاملہ میں یہاں کچھ نہیں کیا گیا ہے ۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ گذشتہ بیس سال کے عرصہ میں اس سلسلہ میں کچھ نہیں کیا گیا ۔ ہم نے گدا گری کی عادت جو شروع کی تو وہ چلتی ہی چلی گئی ۔ (تالیاں) گدا گروں کو دیکھیئے جنہیں مانگنے کی عادت پڑ جاتی ہے ۔ ہم نے ۱۹۴۷ سے بھیک مانگنی شروع کی اور آج تک اس پر کاربند ہیں ۔ کبھی یہ کم ہو جاتی ہے کبھی زیادہ ۔ صدر محترم سب سے پہلا کام جو ہمیں کرنا چاہیئے ۔ وہ یہ ہے کہ قوم گھاس کھائے پتے کھائے لیکن بھیک مانگنا بند کر دے ۔ (تالیاں) وہ قوم کبھی زندہ نہیں رہ سکتی جسکی غذا کا انحصار دوسرے ملکوں پر ہو ۔ قوم کا یہ فرض ہے کہ وہ

گھاس کھائے پتے کھائے جو بھی کچھ کھائے لیکن اپنے ملک کی پیدا کی ہوئی چیز کھائے - یہ کوئی خوشی کی بات نہیں کہ ہم پیسے بھی دیں اور بھیک بھی مانگیں -

صدر محترم - موجودہ حکومت قابل مبارکباد ہے کہ اس نے بیس سال کے عرصہ کے بعد ملک کی زرعی حالت کو اس قدر اہمیت دی کہ آج اس ایوان میں اس پر بحث ہو رہی ہے - جناب والا - میں تو عورت ہوں مجھے اس نسبت سے زرعی معلومات نہیں ہیں - تاہم میں اس سلسلہ میں چند باتیں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں جناب والا - ہمارے ملک کے بیشتر کاشتکار بہت چھوٹے رقبے کے مالک ہیں - آپ دیکھیئے جس آدمی کے پاس ۴-۵ ایکڑ زمین ہو وہ ٹریکٹر نہیں خرید سکتا یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ یونین کونسلوں کو ٹریکٹر مہیا کرے - یونین کونسلیں انہیں کرایہ پر دیں اور ان پر جو رقم خرچ ہو وہ کرایہ سے وصول کریں - کیونکہ ۴-۵ ایکڑ کا مالک اگر ٹریکٹر خریدے گا تو اسکا قرضہ عمر بھر ادا نہیں ہوگا - اس لئے حکومت ٹریکٹر خریدے اور وہ یونین کونسلوں کو تقسیم کیے جائیں - اور یونین کونسلیں ہر سال یہ بتائیں

کہ ان کے علاقہ میں کتنی پیداوار کا اضافہ ہوا ہے - جہاں تک گندم کی پیداوار کا تعلق ہے حقیقت تو یہ ہے کہ گذشتہ بیس سال میں ہم نے نہ صرف یہ کوشش نہیں کی کہ وہ زیادہ پیدا ہو بلکہ ہم نے تقریباً یہ کوشش کی ہے کہ اسکی پیداوار کی حوصلہ افزائی نہ کی جائے - اس کی بعض وجوہات تھیں - ہمیں غیر ملکی زرمبادلہ کی ضرورت تھی جو کپاس پر یا چاول پر مل سکتا تھا - مگر ہمارے فوڈ منسٹر صاحب کو اس امر پر بھی غور کرنا چاہیئے کہ چاول بھیجو اور گندم منگواؤ کی پالیسی کوئی قابل قدر پالیسی نہیں -

جناب والا - آج سے کچھ عرصہ پہلے ہمارے دیہات میں لوگ جوار، باجرہ، مکی، چاول سب کچھ کھاتے تھے مگر گذشتہ بیس سال سے ہر شخص گندم کھانا چاہتا ہے حکومت کا ہی نہیں بلکہ ہم لوگوں کا بھی جو عوام کے نمائندے ہیں یہ فرض ہے کہ ہم ملک کے ہر حصے میں پھیل جائیں اور لوگوں سے کہیں کہ وہ جوار، باجرہ، مکی، ہر چیز کھائیں - صرف گندم ہی نہ کھائیں ہماری حکومت کو بھی چاہیئے کہ وہ چاول کے ذریعے غیر ملکی زرمبادلہ کمانے کی پالیسی ترک کر دے یہاں سے چاول جاتے ہیں باہر سے گندم آتی ہے جو غیر ملکی سکہ ہم چاول سے کماتے ہیں وہ گندم پر خرچ کر دیتے ہیں - میزان برابر - کیوں نہ یہی چاول ہم اپنے عوام کو کھانے کے لئے دیں - جس طرح

ہم بیرونی ممالک سے گندم خریدتے ہیں اس قرضے کا سود در سود ادا کرنے میں تو آدمی خود بک جاتا ہے ۔ ہمیں باہر سے گندم کبھی نہیں منگوانی چاہیئے یہ غلط بات ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی زندہ یا مہذب قوم جسکی اخلاقی قدریں ہوں وہ ایسا نہیں کر سکتی ۔ ہم جو عوام کے نمائندے ہیں ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم اپنے لوگوں کو اس بات کے لئے تیار کریں کہ سخت سے سخت مشکلات برداشت کریں مگر ہمیں کسی بیرونی ملک سے گدا گری نہیں کرنی چاہیئے ۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی سمجھتی ہوں کہ زیادہ گندم پیدا کرنے کیلئے زرعی ٹیکس پر نظر ثانی کی جانی چاہیئے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ گذشتہ بجٹ میں ہم نے ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا تھا اس سے زمیندار بہت تکلیف میں ہیں ڈیزل کی قیمتوں پر نظر ثانی کرنا بے حد ضروری ہے کیونکہ لوگوں کو ڈیزل نہیں ملتا اور ٹریکٹر چلانے میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے ۔ آخر میں پھر میں یہی عرض کرونگی کہ غذائی قلت دور کرنے میں پوری قوم کو ہاتھ بٹانا چاہیئے ۔ یہ صرف حکومت ہی کا فرض نہیں ۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم ملک کے ہر گوشہ میں پھیل جائیں اور لوگوں سے کہیں کہ ہمیں اتنا غلہ پیدا کرنا ہے کہ ہم خود کفیل ہو جائیں ۔ یہ جو ہماری نظریں دوسرے ملکوں پر لگی

ہوئی ہیں کہ آج وہاں سے جہاز چل پڑے گا آج یہاں غلہ اتر رہا ہے کوئی زندہ قوم اسے برداشت نہیں کر سکتی - ہم نے بیس سال ایسی گداگری کرکے اسکا نتیجہ بھی دیکھ لیا ہے - ہم زندہ قوم ہیں - ہمیں چاہیئے کہ ہم زندہ قوم ہونے کا ثبوت دیں - اتنا غلہ پیدا کریں کہ نہ طرف خود کھائیں اور مشرقی پاکستان کو مہیا کریں بلکہ باہر بھی بھیج سکیں - میں قائد ایوان کی خدمت میں اور وزیر خوراک کی خدمت میں عرض کروں گی کہ وہ ہاؤس میں اور ہاؤس سے باہر کچھ لوگوں کی جو زراعت سے بہت واقفیت رکھتے ہیں ایک کمیٹی بتائیں تاکہ وہ یہ دیکھ کر سکیم بنائیں کہ ملک سے غذائی قلت کس طرح دور ہو سکتی ہے- پھر جو تجاویز وہ پیش کریں ان کو عملی جامہ پہنایا جائے-

جناب والا - کسی ملک میں غذا کی قلت اس کا بہت بڑا امتحان ہوتا ہے اس ایوان کے نمائندگان کو یہ محسوس کرنا چاہیئے کہ آپ کا ملک اس وقت ایک بہت بڑے امتحان سے دو چار ہے اور غذا کی بڑھی ہوئی قیمتیں آپ کے سامنے بہت بڑا چیلنج ہیں - آپ کو اس چیلنج کو قبول کرنا چاہئے اور آپ کو ان مشکلات کا مقابلہ ایسے کرنا چاہیئے جیسےآپ نے لڑائی لڑی ہے -

وزیر مال و بحالیات (مسٹر غلام سرور خان) - جناب سپیکر - میرا کچھ کہنے کا ارادہ نہیں تھا لیکن بابو محمد رفیق صاحب نے کہا کہ شاید مجھے

سمگلنگ کے متعلق علم ہو گا ۔ اس لئے میں سمگلنگ کے متعلق تھوڑی سی روشنی ڈالنا چاہتا ہوں ۔ مغربی پاکستان کے علاقوں میں سمگلنگ کے متعلق عرض کروں گا ۔ اس لیے کہ میں وہاں ملازمت کر چکا ہوں اور میں پشاور ڈیرہ اسماعیل خان ۔ کوئٹہ اور قلات ڈویژنوں میں رہا ہوں اس لیے وہاں کی سمگلنگ کی پوزیشن کا تھوڑا بہت مجھے علم ہے ۔

جناب والا ۔ قلات ڈویژن کا کوئی بارڈر افغانستان سے نہیں ملتا ہے اس کا بارڈر ایران سے ملتا ہے چونکہ اس کا فاصلہ کچھ طویل ہے اس لیے تھوڑی بہت سمگلنگ ہو جاتی ہے اور ہو سکتی ہے لیکن بہت کم امکان ہے ۔ یہاں اگر سمگلنگ ہو تو بغیر لاری کے نہیں ہو سکتی ۔ اونٹوں پر سینکڑوں میل سفر کرنا بہت دشوار ہے ۔ اور یہاں آسانی سے کنٹرول ہو سکتا ہے ۔ اور کنٹرول کیا ہوا ہے کوئٹہ سے سڑک کے ذریعہ ایک ہی راستہ ہے جو چمن سے ملتا ہے اور وہ کنٹرول ہو سکتا ہے اور بہت آسانی سے کنٹرول ہو سکتا ہے ۔ وہاں اگر کوئی جگہ ہے تو چمن ہے ۔ وہاں چمن سے بارڈر تک غلہ لے جایا جا سکتا ہے اور وہ آسانی سے کنٹرول ہو سکتا ہے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے وہاں

کے حکام کنٹرول کر سکتے ہیں اور کرتے بھی ہیں ۔ اگر کوئی کنٹرول نہ کرنا چاہے تو یہ دوسری بات ہے ۔ جہاں تک مجھے علم ہے وہاں کنٹرول کیا جا سکتا ہے اور کیا جاتا ہے ۔ اس کے ساتھ وزیرستان اور جنوبی وزیرستان کی ایجنسیاں ہیں یہ سب پہاڑی علاقے ہیں ۔ بلوچستان میں، جہاں زمین بھی ہے وہاں پانی نہیں ہے جہاں زمین نہیں ہے وہاں پانی ہے ۔ وہاں پہاڑی علاقہ ہے اور وہ لوگ خود غلہ کے محتاج ہوتے ہیں ۔ کیونکہ وہاں غلہ پیدا نہیں ہوتا ۔ وہاں جو بھی غلہ لے جائے تو یہی خیال ہوتا ہے کہ غلہ سمگل ہو رہا ہے حالانکہ حقیقت میں غلہ سمگل نہیں ہوتا ہے ۔ اگر وہاں سمگلنگ ہوتی ہے تو وہ بہت ہی برائے نام ہوتی ہے ۔ بارڈر کے ساتھ ساتھ جو زمین ہے وہاں آبادی بہت کم ہے وہاں اگر اونٹوں کے ذریعہ یا گدھوں کے ذریعہ کوئی غلہ لے جائے تو وہ کتنا غلہ لے جائے گا ۔ وہاں سے صرف ایک ہی راستہ ٹانک سے ہے اور وہاں سے افغانستان کا علاقہ بہت دور پڑ جاتا ہے ۔ وہاں سے کوئی سمگلنگ نہیں ہوتی ۔ بنوں کے ساتھ جو علاقہ ہے وہاں پر بھی تھوڑی بہت سمگلنگ ہو سکتی ہے وہاں سے افغانستان کا علاقہ بہت دور ہے لیکن وہاں کی ایجنسی میں خود غلہ کم ہوتا ہے اس لئے وہاں سمگلنگ بہت کم ہوتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد پشاور ڈویژن کو لے لیجئے ۔ وہاں خیبر کے علاقہ میں کوئی غلہ پیدا نہیں ہوتا وہاں ایک ہی سڑک ہے جو افغانستان سے ملتی ہے اس راستہ سے سمگلنگ ہو سکتی ہے لیکن وہاں اتنا کنٹرول ہے کہ وہاں ایک لاری بھی نہیں جاسکتی ۔ اگر کوئی کنٹرول کرنا چاہے تو وہاں ایک دانہ بھی نہیں لے جایا جا سکتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ بحث تو گرانی اورکساد بازاری سے متعلق ہے ۔ اور جو تجاویز وزیر صاحب دے رہے ہیں ۔ ان پر بحث کے لئے ہمیں بھی وقت ملنا چاہئے ۔ ہم لوگ بھی بیٹھے ہیں تاکہ ہم بھی اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب تشریف رکھیں ۔ وزیر صاحب بابو محمد رفیق کی تقریر کا جواب دے رہے ہیں ۔ اور وہ جواب دے سکتے ہیں ۔

وزیر مال و بحالیات ۔ جناب والا ۔ میں سمگلنگ کے متعلق پوزیشن سمجھانا چاہتا ہوں کیونکہ بہت سے لوگوں کو اس علاقہ کے متعلق علم نہیں ہے اور جو کچھ مجھے اس علاقہ کی سمگلنگ کے متعلق ہے وہ

میں آپ صاحبان کو بتانا چاہتا ہوں ۔ اور ہاؤس کے ممبر صاحبان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ حزب اختلاف کے ممبر صاحبان نے سمگلنگ پر زیادہ زور دیا ہے ۔ مجھے جہاں تک علم ہے مغربی علاقوں میں اتنی سمگلنگ نہیں ہوتی ہے ۔ جتنی مشرقی علاقوں میں ہوتی ہے مگر مجھے اس کا زیادہ علم نہیں ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں مشرقی علاقوں کے متعلق اس سلسلہ میں عرض کرنی چاہتا ہوں کہ کس طرح یہاں سمگلنگ ہوتی ہے ۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ صورت یہ ہے کہ فاضل وزیر خوراک و زراعت ۴۵ منٹ تقریر کرنا چاہتے تھے ۔ اس میں سے میں ۲۰ منٹ آپ صاحبان کو پہلے ہی وقت دے چکا ہوں اب ۲۵ منٹ ان کے بقایا ہیں ۔ جب تک یہ فیصلہ نہیں ہوتا کہ ہم ۷ بجے تک بیٹھیں گے میرے لیے ممکن نہ ہو گا کہ فاضل وزیر مال کی تقریر کے بعد کسی اور ممبر کو وقت دے سکوں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ سمگلنگ سب سے بڑی لعنت ہے اس کا بیان کرنا ضروری ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ایک گھنٹہ وقت بڑھا دیجئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ فیصلہ کر لیں تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہو گا ۔

(قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ مجھے نہایت ادب سے شکایت ہے کہ ہمیں تین گھنٹوں میں سے ایک گھنٹہ بھی وقت نہیں ملا ہے ۔ شام کے بعد دو تقریریں بیس بیس منٹ کی ہوئی ہیں ۔ یعنی ۴۰ منٹ ہمیں وقت ملا ہے ۔ ہمیں معاہدہ کی رو سے ڈیڑھ گھنٹہ ملنا چاہئے ۔ اور میرے دوست تقریر کرنے کے لیے بے قرار ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا ۔ مجھے ہاؤس کو وقت دینے میں بڑی خوشی ہوتی مگر ہماری engagement سوا سات بجے کے بعد ہے اس لیے مشکل ہو جائیگا ورنہ مجھے کوئی تامل نہ تھا ۔

وزیر مال و بحالیات ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ افغانستان اور ایران کے ساتھ ہمارے بارڈرز ہیں جو بہت طویل ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ

سمگلنگ بڑے پیمانے پر بہت ہوتی ہے یہ کبھی نہیں ہوئی اور یہ کہنا درست نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک غلے کی پیداوار کا سوال ہے اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ سال ۱۹۶۴-۶۵ میں ۳۷ لاکھ ٹن غلہ پیدا ہوا ہے اور ۱۹۶۵-۶۶ میں ۳۵ لاکھ ٹن غلہ پیدا ہوا ہے اور گذشتہ سال ۳۸ لاکھ ٹن غلہ پیدا ہوا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۱۹۶۵-۶۶ میں ۶ لاکھ ٹن زیادہ غلہ پیدا ہوا گذشتہ سال جو ربیع گذر گئی ہے اس میں غلہ کم پیدا کیوں ہوا ہے ۔ اس کے فاروقی صاحب نے اعداد و شمار پیش کئے ہیں اور یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ یہاں زمین بہت زیادہ زیر کاشت تھی لیکن پیداوار کم ہوئی ہے لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ بارانی رقبہ اتنا زیر کاشت لایا گیا ہے اور نہری رقبہ اتنا زیر کاشت لایا گیا ہے ۔ نہری رقبہ میں کافی حصہ گنا پیدا کرتا ہے اور بارانی رقبہ کے متعلق بحیثیت ایک زمیندار ہونے کے میں خود جانتا ہوں کہ بارشیں دیر سے ہونے سے فصلیں کم ہوتی ہیں ۔ یہاں فروری تک تو ایک قطرہ بارش کا نہیں گرا تھا مارچ میں بارشیں ہوئی تھیں جب فصل تقریباً تقریباً پک چکی تھی ۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ گندم کی ساری فصل فیل ہو گئی اور پیداوار بھی زیادہ کم

ہو گئی - اور بارانی رقبہ میں پیداوار اس قدر کم ہو گئی جس کا اثر یہ ہوا کہ صوبہ میں ۶ لاکھ کی کمی بھی پوری نہ ہو سکی -

جناب والا - اس کے علاوہ یہ کہنا کہ سرکاری ملازم کام نہیں کر رہے ہیں میرا خیال ہے یہ بالکل غلط ہے اور درست نہیں ہے - مجھے یہ ذاتی طور پر علم ہے - کہ جسقدر سکیمیں جس قدر تجاویز "زیادہ اناج اگاؤ" کے سلسلہ میں آتی رہی ہیں ان پر عمل ہوتا رہا ہے - ٹریکٹرز فرٹیلائزر اور بجلی کے متعلق کام ہوتا رہا ہے لیکن بعض چیزیں ایسی ہیں جو انسان کی طاقت سے باہر ہیں -

اگر بجلی فیل ہو گئی ہے - اگر اس کی وجہ سے کام نہیں ہو سکا - اگر وقت پر ٹریکٹر نہ آ سکے - یا وقت پر باہر سے گندم نہ مل سکے - تو یہ چیزیں ایسی ہیں - کہ کسی کے بس میں نہیں ہیں - اس لیے میں یہ عرض کرونگا - کہ حکومت کی طرف سے کوئی بھی کوتاہی نہیں ہوئی - میں معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں- اور بالخصوص حزب‌اختلاف کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ سال انشاء اللہ ان کو اس سلسلے میں کوئی شکایت نہ ہو گی -

(قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے دوست مجھے مشورہ دے رہے ہیں ۔ کہ اس وقت اجلاس ملک صاحب کے بغیر ہی چلتا رہے ۔ اور کل ملک صاحب بحث کا جواب دیدیں ۔

Mr. Speaker : I think it is not proper.

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں اس معزز ایوان کے معزز اراکین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بحث کے دوران ان تمام خدشات کو جو کہ میرے دل میں بعض اوقات راہ پاتے رہے ہیں ۔ بحث کا معیار اس سطح پر لا کر میرے تمام خدشات مفقود ہو گئے ۔ گو کہ ایک معزز ممبر کے ذاتیات میں چلے جانے کی وجہ سے کچھ تھوڑی سی تلخی پیدا بھی ہوئی اور حالانکہ میں ان جیسے بااصول رکن سے یہ توقع نہ کر سکتا تھا ۔ کہ وہ بغیر چھان بین کئے ہوئے ہی اس قسم کی جرات کریں گے ۔ بہر حال میں آپکی وساطت سے ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور ان کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ انہوں نے اپنی بحث کے دوران جو تفصیلات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی ہیں ۔ میں حتی المقدور اس پر عمل درآمد کرنے کی پوری پوری سعی کروں گا ۔

جناب والا ۔ میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپکی وساطت سے اس کاشتکار برادری کو بھی ہدیہ تبریک پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جنہوں نے ہمارے محبوب صدر کی اپیل پر لبیک کہا ۔ اور قومی جذبے اور ولولے سے کام لیتے ہوئے انہوں نے ربیع کی کاشت میں ایسی صورت پیدا کر دی ہے ۔ کہ جس سے مجھے امید ہو چلی ہے ۔ کہ اگر موسم سازگار رہا ۔ تو جس طرح ربیع کی فصل کی کاشت ہوئی ہے۔ اس سے ہمارے بہت سے مسائل حل ہوجائیں گے ۔ یہاں پر میں یہ بھی عرض کر دوں ۔ کہ غلے اور پیداوار میں اضافے پر تو مبارکباد کے مستحق ہمارے کاشتکار بھائی ھی ہوتے ھیں ۔ لیکن اس میں کسی قسم کی بھی کمی کا مجرم میں قرار دیا جاتا ہوں ۔ اس لیے میں بھی ان کا مشکور ہوں ۔ کہ انہوں نے الوالعزمی اور قومی جذبے سے سرشار ھو کر ایک بھر پور کوشش کی ہے ۔ کہ ہماری پیداوار میں اضافہ ہوسکے ۔ اب یہ اللہ تعالی کے اختیار میں ہے ۔ کہ وہ ان کی کوشش کو کس حد تک بار آور کرتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں مختلف نکتہ چینیوں کے بارے میں اپنی گذارشات پیش کروں ۔ میں چند باتوں کی طرف آپکی توجہ دلانا ضروری

سمجھتا ہوں ۔ میرے دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے تین چار امور کی طرف حکومت کی توجہ دلائی ہے اور انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ پیداوار میں اضافہ ہوا ہی نہیں ہے ۔ تو میں نہایت ادب و احترام اور تقاضے کے ساتھ ان کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ ہو سکتا ہے ۔ کہ ان کے خیال میں پیداوار میں اضافہ نہ ہوا ہو ۔ لیکن میرے اعداد و شمار تو کچھ اور ہی تصویر دکھلاتے ہیں ۔ باقی یہ کہ ہم نے اپنے دوسرے پنجسالہ منصوبے میں معین کردہ targets پورے نہیں کئے ۔ تو اس کے متعلق میں صرف اپنی یادداشت سے ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہم نے بیالیس لاکھ ٹن گندم کی پیداوار کا target رکھا تھا ۔ اور آپ کی کاشتکار برادری نے منصوبے کے آخری سال میں پینتالیس لاکھ ٹن کی پیداوار کرکے دکھا دی ہے ۔ البتہ چاول میں کچھ کمی رہی ۔ ہم نے اس کے لیے پندرہ لاکھ ٹن کا target رکھا تھا ۔ لیکن صرف تیرہ لاکھ ٹن کی پیداوار ہو سکی ہے ۔ اور جہاں تک نیشکر یعنی گنے کا تعلق ہے ۔ تو اس کی پیداوار میں تو اس قدر اضافہ ہوا ہے ۔ کہ جس کے سبب ہمارے پاس تھوڑی بہت فراوانی کی بھی صورت پیدا ہو گئی ہے ۔ اس لیے یہ کہنا کہ کاشتکار برادری نے معین کردہ targets پورے نہیں کئے ۔ میرے خیال میں یہ ان کے ساتھ انصاف نہ ہو گا ۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ کہی گئی ہے ۔ کہ ہم وہ وسائل

بروئے کار نہیں لائے ۔ کہ جن کے سبب فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ تو اس کے متعلق میں یہاں پر پوری ذمہ داری کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ۵۹-۵۸ء میں اس صوبے میں کھاد کی کل مقدار نوے ہزار ٹن استعمال ہوئی تھی ۔ اور اس معزز ایوان کو یہ جان کر خوش ہو گی ۔ کہ سال گذشتہ اس صوبے نے ساڑھے چار لاکھ ٹن کھاد استعمال کی ۔ اور ہم نے اس سال کھاد کے استعمال کا target دس لاکھ ٹن رکھا ہے ۔ تو اس لحاظ سے میرے خیال میں اس حکومت اور بالخصوص محکمہ زراعت کی کوششوں کو بہ نظر استحسان دیکھنا چاہئے ۔ اس طرح بیج کا معاملہ بھی ہے۔ اور آپ ایک اور چیز کو بھی دیکھیں۔ کہ ۵۹-۵۸ء میں ٹیوب ویل کی تعداد ۱۳۵۰ کے قریب تھی ۔ پچھلے سال کے اعداد و شمار کے مطابق پچھلے سال تک ۳۲،۰۰۰ ٹیوب ویل لگائے گئے تھے ۔ اور میری اطلاع ہے ۔ جو کہ تصدیق طلب ہے ۔ کہ اس وقت تک زمینداروں نے حکومت کے کہنے پر یا اپنی مرضی سے اور اپنے وسائل سے ۴،۰۰۰ ٹیوب ویل لگا دئیے ہیں ۔ جن کی وجہ سے چالیس ہزار کیوسک پانی پر قابو پا لیا گیا ہے ۔ ان ساری چیزوں کو دیکھنے کے لئے جن کو inputs کہتے ہیں ۔ اسی طرح سے جہاں

ہم صرف انتیس لاکھ ایکڑ پر spray کرتے تھے ۔ اب ساٹھ لاکھ ایکڑ پر spray ہوئی ہے ۔ تو ان سب چیزوں نے ہماری پیداوار میں اضافہ کیا ہے ۔ اس کے علاوہ میرے دوستوں نے ایک اور سوال اٹھایا ہے اور جس کے ساتھ میں متفق ہوں کہ ہماری strategy کا محور یہ ہونا چاہئیے کہ ہم اپنی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کریں ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ crux of the problem ہے اور وہ اس طرح سے بڑھ سکتی ہے کہ ہم وہ چیزیں اور طریق کار جسے کہ inputs کہتے ہیں۔ اور جو پیداوار میں اضافے کے لئے درکار ہوتی ہیں مہیا کریں ایک اور اعتراض یہ بھی ہے کہ پیداوار میں خاطرخواہ اضافہ نہیں ہوا ہے جو کہ ہونا چاہئیے۔ تو مجھے بھی اس سے اتفاق ہے مگر صورت حال یہ ہے کہ پہلے جو زمین زرخیز ہوتی تھی اور سب ہی کاشت ہوتی تھی ۔ تو اب اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہئیے کہ زمیندار حتی‌المقدور اپنی زمینوں سے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہیں ۔ لیکن ہمارے بیراجوں میں جو زمینیں ہیں ۔ ان کی پیداوار marginal ہیں اور اس وجہ سے پیداوار کی اوسط کو وہ نیچے کھینچتی ہیں ۔ انہوں نے ایک کتاب سے بھی حوالہ دیا ہے ۔ اور یہ فرمایا ہے کہ پیداوار میں جسقدر اضافہ ہوا ہے۔ یا جو بھی ترقی ہوئی ہے وہ ان اراضیات کے باعث جو کہ نئی زیر کاشت لائی گئی ہیں ۔ میں نے ان کے اس

بیان کے احترام میں کاغذات کا ملاحظہ کیا ہے۔ تو میرے پاس جو کوائف موجود ہیں ۔ ان میں تو یہ ہے کہ Planning & Development Commission کی رائے کے مطابق نئی زمینوں کی وجہ سے صرف 269/ة اضافہ ہوا ہے ۔ اور پیداوار میں باقی جو اضافہ ہوا ہے یہ تمام کا تمام کھاد کے استعمال سے ہوا ہے ۔ جو کہ پندرہ اور سولہ فیصد ہے ۔ اور Plant Protection سے اٹھارہ فیصد کا اضافہ پیداوار میں ہوا ہے۔ اور دیگر ہمچو قسم طریقوں کے استعمال سے بھی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے ۔ لہذا میں آپ کی وساطت سے خواجہ محمد صفدر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے ان سے اس حد تک ضرور اتفاق ہے کہ پیداوار میں اس قدر اضافہ اس وقت نہیں ہوا جتنا کہ ہمارے تصور میں تھا یا جسقدر کہ ہونا چاہئیے تھا ۔ مگر یہ بات بھی صحیح نہیں ہے کہ ہماری پیداوار میں اضافہ ہی نہیں ہوا ۔ اور اگر یہاں پر میں یہ عرض کروں کہ چونکہ ہمارے علاقے کا چالیس پینتالیس فیصد کے قریب علاقہ بارانی ہے اور اس وجہ سے اس کی اوسط پیداوار کا تمام تر انحصار بالعموم باران رحمت پر ہوتا ہے ۔ جس کے لئے جناب فاروقی صاحب نے مجھے بار بار کوسا تھا ۔ بہر حال میں تو باران رحمت کا قائل ہوں ۔ تو اس طرح رقبہ زیر کاشت کی اوسط پیداوار کم ہو جاتی ہے ۔ اور آباد کردہ رقبے کی اوسط

پید وار کو بھی نیچے کھینچ لیتی ہے۔ خواجہ صاحب نے ایک تجویز یہ بھی پیش فرمائی تھی کہ جب تک اس ملک کی غذائی حالت بہتر بنانے کے لیے war footing پر کام نہ کیا جائیگا ۔ اس وقت تک غذائی صورت حال بہتر نہیں ہو گی ۔ تو مجھے اس بارے میں ان سے سو فیصدی اتفاق ہے ۔

ہم اپنے مسائل کو خصوصیت سے اس معاملہ کو صحیح معنوں میں war footing پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اس سلسلہ میں اگر میں اپنے محبوب صدر اور جناب گورنر صاحب کی مساعی جمیلہ کا ذکر نہ کروں تو یہ درست نہ ہوگا ۔ وہ بھی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور کوئی دن اور کوئی وقت ایسا نہیں جاتا جب وہ اس مسئلہ کی طرف توجہ نہیں دیتے یا نہیں سوچتے اور ہدایات نہیں دیتے یا احکامات صادر نہیں کرتے۔اس لئے جب war footing پر حل کرنے کا سوال آتا ہے تو میں یہی کہتا ہوں کہ اس معاملہ کو حل کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ اسے ایک نیشنل معاملہ سمجھا جائے اور بلا امتیاز پارٹی بلا امتیاز رنگ نسل اور مذہب اور بلا لحاظ کسی چیز کے اس معاملہ کے لئے بھر پور کوشش کی جائے ۔ میں نے اس ایوان کے معزز ممبران سے ذاتی طور پر درخواست کی ہے ۔ اور آج بھی درخواست کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل

و کرم سے آپ اپنے اثر و رسوخ اور اپنے وسائل سے اس کے حل کے لئے اگر کاشتکاروں کی رہنمائی کریں اور ان کی دست گیری فرمائیں تو یقیناً آپ کا کاشتکار ایک معجزہ کرکے دکھا دے گا اور آپ واقعی محسوس کریں گے کہ واقعی اس نے ایک معجزہ دکھایا ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ۱۹۵۸-۵۹ میں آپ کی agricultural growth صرف ایک فیصد تھی اور اب دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں ۳٫۸ ہو گئی ہے ۔ جو جاپان کے بعد ایشیا میں دوسرے نمبر پر ہے۔ اس وقت دنیا بھر کے ماہرین نے کہا ہے کہ زرعی میدان میں اس وقت دنیا میں دو ہی ممالک ہیں جہاں غلہ کی پیداوار کے لئے ایسے اقدامات کئے جاتے ہیں کہ وہ دنیا کے لئے قابل تقلید ہیں ۔ ایک تو میکسیکو اور دوسرا پاکستان ۔ اگر آپ خود اعتمادی سے کام لیں اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں تو مجھے یقین ہے کہ یہ جو ہماری کوششیں جاری ہیں انشاءاللہ ان کا نتیجہ وہی ہوگا جس کی مجھے خواہش ہے یا جسکی آپ کو خواہش ہے بلکہ ہر پاکستانی کو خواہش ہے ۔ (قطع کلامیاں)

خواجہ صاحب نے ایک پوائنٹ پیش کیا تھا اور فرمایا تھا کہ ۱۹۶۰ میں ۵۴ لاکھ ٹن غلہ پیدا ہوا تھا اور آج تک اس کی حالت ویسی

ہی ہے ۔ میں حساب میں کمزور ہوں اور اعداد و شمار کو بھی زیادہ نہیں سمجھتا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے کوئی ایسی بات نہیں کہی ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اگر آپ نے نہیں کہی تو میں واپس لیتا ہوں۔ کسی دوست نے کہا تھا ۔ مجھے مغالطہ ہوا ہے غلطی ہو گئی ہے ۔ شاید نام کی غلطی ہوئی ہے ۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یسین خان وٹو)۔ غالباً فاروقی صاحب نے کہا تھا۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ بہرحال میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر مال صاحب نے سمگلنگ کی پوزیشن کو واضح کر دیا ہے اور میں کچھ زیادہ نہیں کہنا چاہتا ۔ اس وقت صرف تین چار اعلانات کرنا چاہتا ہوں ۔

۱۔ جہاں تک سمگلنگ کا تعلق ہے ہمارے نزدیک یہ گناہ ہے جرم ہے اور ہم اسے غداری سمجھتے ہیں ۔ میں حکومت کی طرف سے پوری ذمہ داری کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ ہم ہر وہ قدم اٹھانا چاہتے ہیں جس سے سمگلنگ ختم ہو جائے اس معزز ایوان کے معزز اراکین سے بالخصوص اپنے دوستوں سے اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس معاملہ میں ہماری طرف سے کسی قسم کی کوئی کوشش بقایا رہ جائے تو ہمیں بتا دیں ۔ آخر ہم انسان ہیں ۔ کوئی

فرشتے نہیں جیسا کہ ہمارے ایک دوست نے اس ہاؤس میں فرمایا تھا کہ یہ فرشتوں کی حکومت ہے - ہم تو ایسا نہیں سمجھتے ہم قاصر و مجبور انسان ہیں ہماری علمیت محدود ہے - آئیے ہمارا ہاتھ بٹائیے ہمیں چاہئے کہ ہم اس معاملہ کو نیشنل معاملہ سمجھیں اور war footing پر اس کو حل کریں -

۲- میرے چند دوستوں نے ذخیرہ اندوزی کے متعلق کہا ہے اور فرمایا ہے کہ مل والے صحیح کام نہیں کرتے - چنانچہ میں اس معزز ایوان کے سامنے پوری ذمہ داری کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ ہم اس حد تک مل والوں سے co-operate کریں گے جہاں تک وہ مفاد عامہ سے نہ ٹکراتے ہوں لیکن اگر کسی وقت کسی قسم کی ایسی adulteration میں کمی بیشی ہوئی تو ہمیں نہایت افسوس ہوگا اور ہم ان کے خلاف ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو مفاد عامہ کے موافق ہو -

۳- ایک چیز جو مغالطہ میں چلی تھی وہ یہ تھی کہ ہم دیسی گندم کی قیمت کے متعلق اکثر غلطی کر رہے ہیں - یا ہمیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے میں نہیں سمجھتا کہ ہمارا کوئی ایسا مقصد ہے - جن اصحاب نے اس کی

طرف میری توجہ دلائی ہے کہ میں دیسی گندم پر کنٹرول کروں ۔ لیکن اگر آپ مجھے دیسی گندم پر کنٹرول کرنے کی اجازت نہیں دیتے اور مشورہ نہیں دیتے تو فرمائیے کہ میں اصول رسد و طلب کے سوا اور کیا کر سکتا ہوں ۔ اس کے متعلق خواجہ صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے میں اسے بصدق دل قبول کرتا ہوں ۔ جونہی ہماری سٹاک پوزیشن اچھی ہوتی ہے ہم اتنی وافر گندم بازار میں لے آئیں گے ۔ اسے ڈپوؤں پر رکھیں گے اب بھی ڈپوؤں پر رکھی گئی ہے کہ اس کی وجہ سے نرخ اعتدال پر آجائیں گے لہذا مجھے خوشی ہوئی کہ مجھے کوئی ایسا مشورہ نہیں دیا گیا کہ میں اس پر کنٹرول کروں ۔ اگر میں اب کنٹرول کروں تو پھر میں ذمہ دار ہونگا ۔

جناب والا ۔ جہاں تک wheat policy کا تعلق ہے بالعموم اس ایوان میں اس کی ضمناً تصدیق کی گئی ہے ۔ بحث کا زیادہ رخ اس طرف چلا گیا ہے کہ زرعی پیداوار میں اضافہ نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اضافہ ہوا ہے مگر ہماری منزل دور ہے ۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ہماری اس وقت پیداوار فی ایکڑ کم ہے اور میں اسے صحیح سمجھتا ہوں ۔ لیکن پیداوار فی ایکڑ میں اضافہ کا جونہی موقع فراہم ہوا اور کاشت کار برادری اس موقعہ پر لبیک کہے گی ۔ اور اگر عوام کا بھی پورا پورا تعاون حاصل رہا تو آئندہ آنے والے

سالوں میں ایسی صورت حال پیدا ہو جائےگی کہ کسی قسم کا کوئی خدشہ نہیں رہےگا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے اس بات کا تہیہ کیا ہے کہ ڈیفینس کے بعد ایگریکلچر کو top priority دی جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملہ کے متعلق آپ اصحاب نے باتیں کرکے میرے ہاتھ مضبوط کئے ہیں اور میری معاونت کی ہے ۔ ایوان کے اس ریزولیوشن یا سرٹیفیکیٹ کے ساتھ ارباب بست و کشاد کے پاس جاؤں گا جو پلاننگ کے لئے رقومات تقسیم کرتے ہیں تو میرے خیال میں وہ ہمدردی سے بات کریں گے اور میری امداد کریں گے آپ یقین رکھیں کہ حکومت اس بات کا تہیہ کر چکی ہے کہ جسطرح بھی ہو زرعی پیداوار کو بڑھایا جائے کیونکہ اس کے بغیر ملک کی سالمیت، سر بلندی اور سرفرازی سب چیزیں خطرے میں ہیں ۔ اس لئے ہم اس معاملہ میں ہر ممکن کوشش کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ملک کی ترقی انڈسٹری بڑھانے سے ہو سکتی ہے۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ خواجہ صاحب کی بات اچھی ہے لیکن مجھے اس میں ذرا سا اختلاف ہے ۔ وہ یہ کہ ہمارے صوبہ کی economy نہ صرف agriculture سے رہ سکتی ہے اور نہ ہی یہاں صرف industrial economy

رہ سکتی ہے دونوں صورتیں مناسب نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کی economy کو Agri-Industrial Economy کہنا پڑے گا کیونکہ اسی صورت میں ہماری نجات ہے اور ہماری سرفرازی ہے ۔

اب میں آپ کی خدمت میں شکریہ ادا کرتا ہوں مجھے بہت کم وقت ملا ہے اور اس تھوڑے سے وقت میں میں نے اپنے خیالات کا اظہار کر دیا ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جو چیزیں انہوں نے اس وقت پیش کی ہیں اور کوئی اور تجاویز بھی اگر آپ کے ذہن میں آئیں تو مجھے بذریعہ خط اطلاع دے دیں یا مجھے بلا لیں میں اس پر عمل کرنے کو تیار ہوں ۔ بالخصوص میں حزب مخالف کے ممبران سے ضرور اپیل کروں گا کہ اگر ان کے پاس کوئی نسخہ کیمیا ہے یا کوئی اور چیز ان کے پاس ہو تو مجھے بتائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میرے پاس ایک نسخہ ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں تو حاجی صاحب سے نسخہ کے علاوہ ایک تعویذ بھی حاصل کروں گا ۔ اب میں صرف یہی کہوں گا کہ جس کے پاس کوئی نسخہ ہو وہ ہمیں دیں ہم اس پر عمل درآمد کریں گے اس وقت

ایڈمنسٹریشن نے اس بات کا تہیہ کیا ہوا ہے کہ جس وقت جہاں سے بھی کوئی موتی ملے ہم اٹھا لیں گے ۔ شکریہ ۔

Mr. Speaker : The House is adjourned for tomorrow to meet at 9.00 a.m.

The Assembly then adjourned (at 7.00 p.m.) till 9.00 a.m. on Tuesday, the 29th November, 1966.

Appendices

APPENDIX

(Ref : Starred Question

ANNEXURE

STATEMENT OF OVERTIME PAID TO EMPLOYEES OF STEEL

Serial No.	Shop	No. of Satff.	Amount of		
			January-February	February-March	March April
1	Electric Furnace Section.	160	3,176·50	3,092·11	4,381·70
2	Other Sections of Steel Shop.	1,900	9,243·38	10,662.50	9,265.61
	Total ...	2,060	12,419·88	13,754·61	13,647·31

I

No. 1232)

A

SHOP DURING THE PERIOD JANUARY TO AUGUST, 1965.

OVERTIME PAID IN RUPEES

April-May	May-June	June-July	July-August	Average
3,264·10	3,279·40	3,292·72	3,629·19	3,450
8,140·36	6,963·54	5,603·84	7,896·31	8,250
11,404·46	10,242·94	8,896·56	11,525·32	11,700

APPENDIX

(Ref : Starred Question

SCHEDULED AND ACTUAL ARRIVAL AT JHANG CITY AND

July,

Date.	Scheduled arrival at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City.	Scheduled arrival at Hundewali.	Actual arrival at Hundewali.	Scheduled arrival at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City.
1.7.65	11.55	12.08	14.52	14.52	3.06	4.09
2.7.65	,,	12.52	,,	15.22	,,	3.06
3.7.65	,,	12.10	,,	14.52	,,	3.11
4.7.65	,,	12.22	,,	15.12	,,	3.06
5.7.65	,,	12.10	,,	14.52	,,	3.06
6.7.65	,,	12.19	,,	14.52	,,	3.33
7.7.65	,,	12.12	,,	14.52	,,	3.06
8.7.65	,,	12.25	,,	15.00	,,	4.35
9.7.65	,,	13.02	,,	15.52	,,	3.26
10.7.65	,,	12.38	,,	15.32	,,	3.43
11.7.65	,,	13.08	,,	16.12	,,	3.36
12.7.65	,,	13,10	,,	16.01	,,	7.12
13.7.65	,,	12.26	,,	15.00	,,	3.33

II

No. 3966)

HUNDEWALI OF UP TRAINS.

1965.

Scheduled arrival at Hundewali.	Actual arrival at Hundewali.	Scheduled arrival at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City,	Scheduled arrival at Hundewali.	Actual arrival at Hundewali.
5.26	6.28	17.34	18.48	19.50	21.08
,,	5.26	,,	17.43	,,	20.06
,,	5.39	,,	17.51	,,	19.50
,,	5.26	,,	17.35	,,	19.40
,,	5.26	,,	17.54	,,	19.50
,,	6.05	,,	19.04	,,	21.32
,,	5.56	,,	17.58	,,	21.27
,,	6.53	,,	17.54	,,	19.50
,,	5.26	,,	19 28	,,	22.05
,,	6.00	,,	19.54	,,	22.00
,,	5.46	,,	18.49	,,	21.23
,,	9.45	,,	19.04	,,	21.03
,,	5.58	,,	17.45	,,	19.45

1	2	3	4	5	6	7
14.7.65	11.55	12.37	14.52	15 06	3.06	3.26
15.7.65	,,	12.13	,,	14.52	,,	3.14
16.7.65	,,	12.25	,,	15.26	,,	4.06
17.7.65	,,	12.18	,,	16.16	,,	3.28
18.7.65	,,	12.35	,,	15.30	,,	3.36
19.7.65	,,	13.14	,,	16.10	,,	3.23
20.7.65	,,	12.18	,,	15.05	,,	3.18
21.7.65	,,	12.06	,,	14.52	,,	3.54
22.7.62	,,	12.20	,,	14.52	,,	3.06
23.7.65	,,	12.31	t,	15.06	,,	3.29
24.7.65	,,	12.52	,,	15.25	,,	3.06
25.7.65	,,	12.30	,,	15.33	,,	3.10
26.7.65	,,	12.29	,,	15.05	,,	3.47
27.7.65	,,	13.10	,,	15.03	,,	3.14
28.7.65	,,	12.33	,,	15.25	,,	7.32
29.7.65	,,	12.12	,,	14.52	,,	4.36
30.7.65	,,	12.50	,,	15.37	,,	4.03
31.7.65	,,	11.58	,,	14.52	,,	3.21

8	9	10	11	12	13
5.26	5.53	17.34	17.30	1950	20.10
,,	5.58	,,	18.27	,,	20.30
,,	6-22	,,	17.47	,,	19.50
,,	5.56	,,	19.20	,,	21.50
,,	6.05	,,	17.58	,,	20.20
,,	5.53	,,	18.24	,,	20.15
,,	5.56	,,	17.34	,,	19.50
,,	6.25	,,	17.34	,,	19.50
,,	6.01	,,	17.50	,,	20.15
,,	5.51	,,	17.55	,,	20.59
,,	5.26	,,	17.49	,,	19.50
,,	5.38	,,	17.34	,,	19.50
,,	6.16	,,	17.40	,,	20.55
,,	5.26	,,	17.52	,,	19.55
,,	9.40	,,	18.54	,,	22.15
,,	6.56	,,	18.25	,,	21.00
,,	6.20	,,	17.44	,,	19.50
,,	6.26	,,	18.10	,,	20.00

1	2	3	4	5	6	7
						July,
1.7.66	11.10	11.56	14.05	15.00	3.39	4.30
2.7.66	,,	11.42	,,	15.00	,,	5.23
3.7.66	,,	11.33	,,	14.05	,,	5.03
4.7.66	,,	12.38	,,	16.05	,,	3.44
5.7.66	,,	13.09	,,	15.58	,,	4.08
6.7.66	,,	12.08	,,	15.00	,,	4.18
7.7.66	,,	11.35	,,	14.05	,,	3.44
8.7.66	,,	11,52	,,	14.35	,,	7.13
9.7.66	,,	11.32	,,	14.25	,,	3.49
10.7.66	,,	12.51	,,	15.43	,,	4.03
11.7.66	,,	12.15	,,	15.00	,,	3.39
12.7.66	,,	11.55	,,	15.00	,,	3.39
13.7.66	,,	13.27	,,	15.44	,,	3.58
14.7.66	,,	12.11	,,	14.50	,,	3.49
15.7.66	,,	13.20	,,	16.15	,,	4.35
16.7.66	,,	13.10	,,	16.05	,,	3.54

8	9	10	11	12	13
1966.					
6.17	6.52	17.22	17.22	19.39	19.30
,,	7.52	,,	17.42	,,	19.39
,,	7.31	,,	17.22	,,	19.39
,,	6.27	,,	17.25	,,	19.39
,,	6.42	,,	17.36	,,	19.39
,,	6.50	,,	17.22	,,	19.39
',	6.17	,,	17,22	,,	19.39
,,	9.48	,,	17.27	,,	19.39
,,	6.17	,,	17.40	,,	19.39
,,	6. 57	,,	17.29	,,	19.39
,,	6.27	,,	17.25	,,	19.39
,,	6.17	,,	17.32	,,	19.39
,-	6.17	,,	17.36	,,	19.39
,,	6.17	,,	17.22	,,	19.39
,,	7.10	,,	17.22	,,	19.39
,,	6.37	,,	17.22	,,	19.39

1	2	3	4	5	6	7
17.7.66	11.10	11.38	14.05	14.18	3.39	3.54
18.7.66	,,	12.13	,,	15.05	,,	3.54
19.7.66	,'	13.05	,,	16.05	,,	4.00
20.7.66	,,	13.00	,,	16.40	,,	4.14
21.7.66	,,	12.35	,,	15.13	,,	4.14
22.7.66	,,	12.55	,,	15.33	,,	4.05
23.7.66	,,	11.24	,,	14.05	,,	3.54
24.7.66	,,	11.46	,,	14.15	,,	3.59
25.7.66	,,	11.57	,,	15.00	,,	3.49
26.7.66	,,	11.33	,,	14.25	,,	4.08
27.6.66	,,	11.54	,,	14.57	,,	4.20

8	9	10	11	12	13
6.17	6.17	17.22	17.58	19.39	20.40
,,	6.36	,,	17.22	,,	19.35
,,	6.27	,,	18.04	,,	20.10
,,	6.53	,,	17.22	,,	19.39
,,	6.22	,,	17.22	,,	19.39
,,	6.52	,,	17.30	,.	19.39
,,	6.35	,,	17.29	,,	19.25
,,	6.32	,,	11.22	,,	19.25
,,	6.17	..	17.22	,,	19.39
,,	6.27	,.	17.51	,,	19.39
,.	7.07	,,	17.22	,,	19.30

1	2	3	4	5	6	7
28.7.66	,,	12.38	,,	15.30	,,	3.39
29.7.66	,,	11.57	,,	14.30	,,	3.39
30.7.66	,.	12.49	,,	16.02	,,	3.39
31.7.66	.,	11.45	,,	14.30	,,	3.53

8	9	10	11	12	13
,,	6.17	,,	17.22	,,	20.50
,,	6.17	,,	17.51	,,	19.45
,,	6.17	,,	17.22	,,	19.30
,,	6.17	,,	18.22	,,	20.13

ANNEXURE

SCHEDULED AND ACTUAL AT HUNDE ALI AND JHANG

JULY,

Date	Scheduled arrival at Hunde-wali.	Actual arrival at Hunde-wali.	Scheduled arrivavl at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City.	Scheduled arrival at Hunde-wali.	Actual arrival at Hunde wali.
1.7.66	12.33	12.55	15.04	16.23	20.02	20.14
2.7.65	,,	13.9	,,	16.00	,,	20.12
3.7.65	,,	12.51	,,	15.35	,,	20.2
4.7.65	,,	13.6	,,	15.58	,,	20.15
5.7.65	,,	13.30	,,	16.55	,,	20.40
6.7.65	,,	12.46	,,	15.25	,,	20.25
7.7.65	,,	12.49	,,	15,04	,,	20,22
8.7.65	,,	13.40	,,	16.40	,,	20,30
9.7.65	,,	12.58	,,	16.12	,,	20.15
10.7.65	,,	13.28	,,	15.55	,,	2.2
11.7.65	,,	13.23	,,	16,45	,,	20.27

'B'

CITY, OF DOWN TRAINS.

1965.

Scheduled arrival at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City.	Scheduled arrival at Hundewali.	Actual arrival at Hundewali.	Scheduled arrival at Jhang City.	Actual arrival at Jhang City.
22.36	23.11	9.17	9.27	11.29	11.39
,,	23.21	,,	9.17	,,	11.29
,,	22.36	,,	9.15	,,	11.29
,,	22.45	,,	9.17.9.15	,,	11.49
,,	23.20	,,	9.15	,,	11.25
,,	23.13	,,	9.17	,,	11.44
,,	23.00	,,	9.17	,,	11.24
,,	00.06	,,	9.17	,,	11.25
,,	22.36	,,	10.05	,,	12.50
,,	22.46	,,	9.17	,,	11.29
,,	22.53	,,	9.17	,,	11.29

1	2	3	4	5	6	7
12.7.65	,,	12.56	,,	15.13	,,	23.37
13.7.65	,,	12.33	,,	16.56	,,	20.43
14.7.65	,,	12.51	,,	16.43	,,	20.2
15.7.65	,,	13.6	,,	15.35	,,	20.12
16.7.65	,,	13.52	,,	16.58	,,	21.42
17.7.65	,,	13.38	,,	15.24	,,	20.26
18.7.65	,,	13.1	,,	15.46	,,	20.40
19.7.65	,,	12.56	,,	15.34	,,	20.35
20.7.65	,,	13.51	,,	16.55	,,	20.46
21.7.65	,,	14.19	,,	17.07	,,	20.45
22.7.65	,,	12.55	,,	15.23	,,	20.16
23.7.65	,,	12.33	,,	15.32	,,	20.02
24.7.65	,,	13.46	,,	17.05	,,	20.22
25.7.65	,,	13.10	,,	15.59	,,	20.26

8	9	10	11	12	13
22.36	2.50	9.17	9.17	11.29	12.00
,,	0.5	,,	9.17	,,	11.47
,,	23.3	,,	9,17	,,	11.29
,,	22.43	,,	9.17	,,	11.35
,,	0.26	,,	9.29	,,	11.29
,,	23.36	,,	9.17	,,	11.45
,,	23.33	,,	9.17	,,	11.29
,,	23.36	,,	9.17	,,	12.24
,,	23.36	,,	9.17	,,	11.29
,,	2.55	,,	9.17	,,	11.29
,,	22.53	,,	9.17	,,	11.49
,,	22.36	,,	9.17	,,	11.29
,,	22.51	,,	9.17	,,	11.29
,,	23.36	,,	9.17	,,	11.29

1	2	3	4	5	6	7
26.7.65	,,	12.50	,,	15.22	,,	20.10
27.7.65	,,	14.51	,,	16.38	,,	20.49
28.7.65	,,	14.28	,,	17.22	,,	23.34
29.7.65	,,	13.5	,,	15.45	,,	20.34
30.7.65	,,	12.51	,,	15.18	,,	20.20
31.7.65	,,	12.33	,,	15.13	,,	20.2
1.7.66	13.54	13.54	16.45	16.45	20.26	July 21.21
2.7.66	,,	13.54	,,	17.03	,,	20.26
3.7.66	,,	13.54	,,	17.48	,,	20.26
4.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	21.14
5.7.66	,,	13.54	,,	17.13	,,	20.26
6.7.66	,,	15.6	,,	16.65	,,	20.26
7.7.66	,,	13.54	,,	16.53	,,	20.26
8.7.66	,,	14.47	,,	17.25	,,	22.38

9	10	11	12	13	14
,,	22.36	,;	9.17	,,	11.39
,,	0.3	,,	9.17	,,	11.29
,,	2.06	,,	9.47	,,	11.42
,,	23.48	,,	9.17	,,	11.29
,,	22.51	,,	6.17	,,	11.29
,,	22.36	,,	6.17	,,	11.47
22.56	24.16	8.37	8.37	10.48	10.48
,,	22.56	,,	8.37	,,	10:48
,,	23.06	,,	8.37	,,	11:04
,,	24.46	,,	8.52	.,	11:04
,,	23.11	,,	8.47	,,	10,48
,,	22.56	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.07	,,	8.57	,,	10.48
,,	1.06	,,	9.2	,,	11.14
,,	23.26	,,	8.37	,,	12.06

1	2	3	4	5	6	7
9.7.66	,,	13.54	,,	17.12	,,	20.30
10.7.66	,,	13.54	,,	17.00	,,	20·26
11.7.66	,,	14.59	,,	16.58	,,	20.56
12.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	21.08
13.7.66	,,	13.54	,,	17.06	,,	20.26
14.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
15.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
16.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
17.7.66	,,	13,54	,,	16.53	,,	20.26
18.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	22.40
19.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	21.13
20.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
21.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
22.7.66	,,	13.54	,,	17,3	,,	20.46

8	9	10	11	12	13
,,	23.06	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.36	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.39	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.02	,,	8.37	,,	10.52
,,	23.11	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.52	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.26	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.06	,,	8.30	,,	13.56
,,	1.21	,,	8.37	,,	10.48
,,	24.16	,,	8.37	,,	10.48
,,	22.56	,,	8.37	,,	10.48
,,	22.56	,,	8.37	,,	11.02
,,	23.36	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.21	,,	8.37	,,	10.48

1	2	3	4	5	6	7
23.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
24.7.66	,,	13.54	,,	16,59	,,	20.26
25.7.66	,,	13.54	,,	16.45	,,	20.26
26.7.66	,,	13.54	,,	17.25	,,	20.26
27.7.66	,,	13.54	,,	16.53	,,	21.26
28.7.66	,,	13.54	,,	16.55	,,	21.06
29.7.66	,,	13.54	,,	17.17	,,	20.06
30.7.66	,,	13.59	,,	16.45	,,	20.26
31.7.66	,,	13.54	,,	17.16	,,	20.26

8	9	10	11	12	13
,,	23.09	,,	9.02	,,	10.48
',	23.06	,,	8,37	,,	11.48
,,	23.51	,,	8.59	,,	10.48
,,	23.16	,,	8.37	,,	10.53
,,	23.46	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.09	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.06	,,	8.37	,,	10.48
,,	23.26	,,	8.37	,,	10.53
					10.48

APPENDIX

Ref : Starred Question

Statement showing Particulars of train accidents which took place

Category of accidents.	Place of accident.	Date of occurrence.	Extent of loss caused to life.	Extent of loss caused to property (Railway).
1	2	3	4	5
Derailment of passenger trains.	1. Bannu	9.6.66	—	—
	2. Khudozai	21.6.66	—	—
	3. Between Naurang Serai & Gambila Serai.	3.7.66	—	—
	4. Haripur Hazara.	7.7.66	2	Rs. 10.527/-
	5. Shikar pur.	21.7.66	—	—
	6. Prem Nagar.	26.7.66	—	—

III

No. 3972)

on the P.W. Railway during June and July, 1966.

Names of Railway staff held responsible.	Reasons for the occurrence of accident.
6	7
M/s. Akbar Ali, Asstt : Way Inspector Incharge and Liaqat Hussain Asstt : Fitter Incharge.	Combination of minor defects in the track and locomotive. Neither of these defects, by itself, would have caused the accident.
M/s. Elahi Bux Station Master, Dost Mohd Pointsman and Husnain Driver.	Wrong setting of the line (trailing points) from which the train was to start.
None was held responsible.	The earthwork below the track becoming soggy on account of heavy rain during the night.
M/s. Bhawal Bux Driver and Muzaffar-ud-Din Asstt : Way Inspector Incharge.	Combination of the following factors, none of which by itself would have caused the accident :— (i) Somewhat excessive speed, (ii) Diesel locomotive attached in the rear was in power and pushing while the leading locomotive was trying to stop the train. (iii) Slightly damaged tongue rail. (iv) a little larger than the normal gap between tongue and stock rails.

1	2	3	4	5
Derailment of goods trains.	1. Departure Yard, Karachi.	1.7.66	—	Rs. 13,294/-
	2. Between Ran Pathani and Gharo.	12.7.66	—	Rs. 8,730/-
	3. Sarhari.	15.7.66	—	Rs. 340/-
	4. Between Utram & Jhimpir.	19.7.66	—	Rs. 16,200/-
	5. Between Khairabad Kund and Attock.	29.7.66	—	—
Collision involving passenger trains.	1. Jhimpir	16.7.66	—	Rs. 97,000/-
	2. Ruk	23.7.66	1	Rs. 3,500/-

6	7
M/s. Abdul Majid and Nazar Hussain Train Examiners.	Shifting of packages in the fruit van coupled with cerain minor mechanical defects in the wagon.
Mr. Mohd Yusuf Driver,	Inability of the Driver to control the speed of the train when entering the station.
None was held responsible.	Defective wheel assembly on an Indian Railway wagn which was on the train.
None was held responsible.	Accidental breakage of spring of a tank wagon. It is not possible to detect beforehand material which is likely to fail suddenly in service.
Mr. Rashid Iqbal, Train Examiner.	Slight shifting, during the run, of the heavy consignment loaded in one of the wagons on the train.
M/s. Waris Shah Yard Foreman, S. Mustafa, Guard and A. Shakoor Train Examiner.	Minor mechanical defects in an empty tank Wagon coupled with its wrong marshalling between loaded wagons. By themselves these factors would not have resulted in the accident.
M/s. Imdad Hussain Goods Clerk and Abdul Hafiz Train Examiner	Uneven loading of small packages in a goods wagon coupled with its slightly weak spring. By themselves these factors would not have caused accident.
According to report of Government Inspector of Pakistan Railways, which has yet to be finalised, the staff responsible are M/s. Hazrat Sahib Driver, Baboo Khan Guard, Mohd Yasin and Iqbal Hussain Firemen, Mohd Abbas Ali and S. Ashfaq Ahmad Asstt : Station Masters, Manzoor and Aleem ud-Din Pointsman and waterman Allah Wasaya.	Negligence in the observance of train working rules by the station and running staff.

1	2	3	4	5
Collision of trains	1. Harunabad	15.6.66	—	—
With road vehicles at level crossings.	2. Between Lyallpur and Risalewala.	26.6.66	—	—
	3. Hafizabad and Gajargola.	14.7.66	—	—
	4. Between Lodhran and Shah Nal.	21.7.66	40	Rs. 1,747/-

6	7
M/s. Faqir Mohd Cabinman, Mohd Rafiq Driver, Mubarak Ali and Mohd Siddique Azad Asst : Station Masters and S. Shamsher Ali Guard.	Negligence in the observance of train working rules by the station and running staff.
Railway staff have not been held responsible.	These accidents occurred at level crossings on account of negligence on the part of drivers of road vehicles.

APPENDIX IV

(Ref: Starred Question No. 4141)

SCHEDULED AND ACTUAL OF 11 UP CHENAD EXPRESS AT SHORKOT ROAD

Date	Seheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Read
1st September 1966 ...	14·23	16·21
2nd September 1966 ...	14·23	14·23
3rd September 1966 ...	14.23	14·23
4th September 1966 ...	14·23	15.24
5th September 1966 ...	14·23	15·15
6th September 1966 ...	14·23	15·30
7th September 1966 ...	14.23	14.50
8th September 1966 ...	14,23	14·23
9th September 1966 ...	14.23	14.41
10th September 1966 ...	14.23	14.30
11th September 1966 ...	14.23	14.23
12th September 1966 ...	14.23	14·38

ANNEXURE "A"—Concld.

Date	Scheduled arrival at Shorkat Road	Aetual arrival at Shorkot Road
13th Septemper 19 6 ...	14.23	14·23
14th September 1666 ...	14·23	14·33
15th September 1966 ..	14·23	14·23
16th Septemper 1966 ...	14.23	14·23
17th September 1966 ...	14·23	14·49
18th September 1966 ...	14·23	14·28
19th September 1966 ..	14·23	16·00
20th September 1966 ..	14·23	14·28
21st Septemper 1966 ..	14·23	15·01
22nd September 1966 ..	14·23	14·28
23rd September 1966 ...	14·23	14·33
24th September 1966 ...	14·23	14·28
25th September 1966 ...	14·23	14·23
26th September 1966 ...	14·23	14·23
27th September 1966 ...	14·23	14·23

ANNEXURE "B"

SCHEDULED AND ACTUAL ARRIVAL OF 12 DOWN CHENAB EXPRESS AT SHORKOT ROAD

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
28th September 1966 ...	14·23	14·23
29th Ssptember 1966 ...	14.23	14·23
30th September 1966 ...	14·23	14·33
1st September 1966 ...	12·45	... 12·45
2nd September 1966 ...	12·45	... 12·53
3rd September 1966 ...	12·45	... 13·10
4th September 1966 ..	12·45	... 12·45
5th September 1966 ...	12·45	.. 12·45
6th September 1966 ...	12·45	... 13·08
7th September 1966 ...	12·45	... 12·50
8th September 1966 ...	12·45	... 12·55
9th September 1966 ..	12·45	... 12·45
10th September 1966 ...	12·45	.. 13·15

ANNEXURE 'B'—concld.

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
11th September 1966 ..	12·45	.. 12·45
12th September 1966 ...	12·45	— 12·55
13th Sepeember 1966 ...	1245	.. 13·26
14th September 1966 ...	12·45	... 13·27
15th September 1966 ...	12·45	... 12·48
16th Septemper 1966 ...	12·45	... 12·45
17th September 1966 ...	12·45	... 13·44
18th September 1966 ...	12·45	... 12·45
19th September 1966 ...	12·45	... 13.56
20th September 1966 ...	12·45	... 12·55
21st September 1966 ...	12·45	... 12·45
22th September 1966 ...	12·45	... 12·45
23rd September 1966 ...	12·45	... 12·45
24th Septemper 1966 ...	12·45	... 13·53
25th September 1966 ..	12·45	... 12·55

ANNEXURE "C"

SCHEDULE AND ACTUAL ARRIVAL OF RC—36 DOWN RAIL CAR AT SHORKOT ROAD

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
26th September 1966 ...	12·45	.. 13·22
27th September 1966 ...	12·45	... 12·45
28th September 1966 ...	12·45	... 14·18
29th September 1966 ...	12·45	... 13·05
30th September 1966 ...	12·45	... 12·53
1st September 1966 ...	12·30	... 12·30
2nd September 1966 ...	12·30	... 12·30
3rd September 1966 ..	12·30	... 12·30
4th September 1966 ..	12·30	... 12·43

ANNEXURE "C" – *Concld.*

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
5th September 1966 ...	12·30	... 12·30
6th September 1966 ...	12·30	... 12·30
7th September 1966 ...	12·30	... 12·40
8th September 1966 ...	12·30	... 12·30
9th September 1966 ...	12·30	... 12·30
10th September 1966 ...	12·30	... 12·30
11th September 1966 ...	12·30	12·30
12th September 1966 ..	12·30	.. 12·45
13th September 1966 ...	12·30	... 12·35
14th September 1966 ...	12·30	... 12·38
15th September 1966 ...	12·30	... 12·30
16th September 1966 ...	12·30	... 12·30

ANNEXURE "C"—*Concld.*

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
17th September 1966 ...	12·30	... 12·30
18th September 1966 ...	12·30	... 12·30
19th September 1966 ...	12·30	... 12·30
20th September 1966 ...	12·30	... 12·30
21st September 1966 ...	12·30	... 12·30
22nd September 1966 ...	12·30	... 12·30
23rd September 1966 ...	12·30	... 12·45
24th September 1966 ...	12·30	... 12·30
25th September 1966 ...	12·30	... 12·30
25th September 1966 ...	12·30	... 12·30
27th September 1966 ...	12·30	... 12·30

ANNEXTURE "C"—*Concld.*

Date	Scheduled arrival at Shorkot Road	Actual arrival at Shorkot Road
28th September 1966 ...	12·30	... 12·30
29th September 1966 ...	12·30	... 12·42
30th September 1966 ...	12·30	... 13·00

APPENDIX

(Ref : Unstarred Question

Statement showing number of Persons dead and injured in train

Category of Accidents.	Place of Accidents.	Date of occurrence	No. Killed.
Collision involving passenger trains.	1. Departure Yard, Karachi.	18-12-65	—
Collision involving other trains.	2. Zeal Pak.	4- 8-65	—
	3. Kanjwani.	21-11-62	—
Collision with road vehicles at manned crossings.	4. Between Nowshera & Khushal Kot	4-12-65	1
	5. —do—	10-12-65	1
	6. Between Raiwind & Premnagar.	7- 3-66	—
	7. Between Gatti & Nishatabad.	21. 3.66	1
Collision with road vehicles at unmanned level crossings.	8. Between Sultanabad & Mirpur-Khas	17. 8.65	—
	9. Between Kuchlak & Bostan.	18. 9.65	1

V

No. 259)

accidents duding the Year 1965-66.

No. seriously injured	No. received minor injuries.	REMARKS
4 (One Railway Employee).	—	
	2	(Railway staff).
1 (Railway Employee)	1	—do—
2	—	Occupants of road vehicles.
1	—	
3	6	
—	1	
—	2	
—	4	

10.	Between Nishtara-bad & Hundewali.	11.11.65	1
11.	Between Reti & Malhar.	26.11.65	2
12.	Between Lalamusa & Chakpirana.	11.12.65	1
13.	Between Tarinda & Rahim-Yar Khan.	26.12.65	3
14.	Between Pasrurand Kila Sobha Singh.	29.12 65	—
15.	Between Jaurah Karnana & Dinga.	27. 1.66	—
16.	Between Spezand & Sariab.	17. 2.66	—
17.	Between Pasrur & Kila-Sobha Singh.	20. 2.66	—
18.	Tarinda.	20. 2.66	—

9	1	
—	—	
2	—	
3	—	
—	1	
1	3	
2	2	Occupants of road vehicles.
—	1	
—	1	Passenger in train.

19.	Between Lyallpur & Risale-wala.	21. 2.66	1
20.	Between Taxila & Sangjani	10. 4.66	—
21.	Harunabad.	15. 6.66	—
		Total	12

—	—	
1	—	Occupants of road vehicles.
1	—	
30	25	

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 29th November, 1966.

سہ شنبہ - ۱۵ شعبان المعظم - ۱۳۸۶ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۚ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۚ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝

(پ ۲۴- س ۴۱- ع ۱۹- آیات ۳۴ تا ۳۷)

برائی اور اچھائی برابر نہیں ہو سکتی تم (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت ہی اچھا ہو کہ جس شخص کے اور تمہارے درمیان دشمنی تھی (دیکھو گے) جیسے وہ تمہارا گہرا دوست ہے۔ اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو مستقل مزاج اور برداشت کرنے والے ہیں اور یہ بات اسی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑا صاحب نصیب ہے۔ اور اگر اس وقت تمہیں شیطان کی طرف سے وسوسہ آنے لگے تو فوراً اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بے شک وہ سنتا اور جانتا ہے۔ اور رات دن سورج و چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ سورج کے سامنے سر بسجود ہو اور نہ چاند کے اگر تم اسی کی عبادت کرنا چاہتے ہو تو صرف اللہ کو سجدہ کرو جس نے ان تمام چیزوں کو پیدا کیا ہے۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Hamza.

DISCREPANCY IN BILLING AND ELECTRICITY GENERATED BY FEEDERS IN SOUTHERN REGION

***3462. Mr. Hamza :** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) the total units of electric power being generated monthly by each feeder in Southern Region;

(b) whether the total billing of the electricity correspond with the respective feeder readings;

(c) in case there is any difference in billing and generation of electricity reasons thereof and the action taken or intended to be taken against the staff responsible for the discrepancy?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Power sent out by each feeder is not readily available. However, average total generation in Southern Region is 20.12 million Units per month.

(b) Feeder-wise billing figures are also not readily available. Average monthly billing is 17.14 million Units.

(c) the difference between units generated and units sold is 14.31 percent, out of which 8.04 percent are used in auxiliaries and nearly 6.27 percent are used in lines — a very small part might be undetected theft by some consumers. A detection organization has been created to check stealing.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ بتایا گیا ہے کہ محکمہ کے پاس

feederwise بجلی کے اعداد و شمار موجود نہیں ہیں کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آپ بجلی کے سرقہ کے امکانات کی روک تھام یا بجلی کے سرقہ کا تدارک کس طرح کرتے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ اس سلسلہ میں ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کرتے ہیں کہ میٹروں کو زیر نگرانی رکھا جائے پھر بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص بجلی کے تار میں اپنی لائین لگا نے اور بجلی چوری کر لے ۔ اس کے تدارک کے لیے ہم periodical checking, examination and supervision کرتے رہتے ہیں ۔ اس کے باوجود بھی کسی قدر percentage کی pilferage ممکن ہو سکتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ جب feeder-wise بل تیار کرتے ہیں اور انکے اعداد شمار ہی نہیں ہیں تو آپ کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے کتنی بجلی مہیا کی اور اسکے مقابلے میں کتنی رقومات بجلی بہم پہونچانے کی صورت میں ادا ہوئیں اور کتنی بجلی چوری ہوئی ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ اسکا جواب ہمنے حصہ (ج) میں دیا ہے :-

> "..... A detection organization has been created to check stealing "

اسکو دیکھیں اور بہرحال ہمنے یونٹوں کا شمار کر کے اسکا نقصان بتایا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اسوقت آپ کے پاس feeder-wise اعداد و شمار نہیں ہیں اگر آپ چاہیں تو کیا یہ فراہم ہو سکتے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ ہو سکتے ہیں ۔ ہمنے عرض کیا ہے اور اسکا فرق بتایا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ نے تو کل میزان کا پتہ کیا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ کیا آپ نے یہ معلوم کرنے کیلئے کوئی detection سٹاف رکھا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جی ہاں ہمارے افسران اسکی نگرانی کرتے رہتے ہیں اور یہ انکے فرائض میں ہے کہ وہ اسبات کو دیکھیں کہ کہاں سے اور کتنی بجلی ضائع ہوئی ہے ۔

ASSISTANT ELECTRIC INSPECTORS AND OVERSEERS EMPLOYED IN LAHORE, PESHAWAR, KARACHI, MULTAN AND HYDERABAD REGIONS

*3543. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the total number of Assistant Electric Inspectors and Overseers employed in Lahore, Peshawar, Karachi, Multan and Hyderabad Regions separately;

(b) the names, dates of appointments and dates of promotion of Overseers to the posts of Assistant Electric Inspectors along with dates of confirmation in each case;

(c) the procedure for promoting Overseers to the posts of Assistant Electric Inspectors, and whether the said promotions were made by selection or on Departmental recommendations;

(d) the prescribed period of probation of promoted Assistant Electric Inspectors?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan **Maneka**): The desired information is placed on the Table. of the **Assembly**.*

مسٹر حمزہ ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائیں گے کہ وہ اسسٹنٹ الیکٹرک انسپکٹر جو ان اسامیوں پر ۱۹۴۹ء ۔ اور ۱۹۴۵ء سے کام کر رہے ہیں انکو آج تک مستقل کیوں نہیں کیا گیا ہے ؟

وزیر برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ کون سے ؟

مسٹر حمزہ ۔ میرے سوال کے حصہ (بی) کے سلسلے میں جو آپ نے جواب میں شیڈول دیا ہے اسکو دیکھئے ۔

وزیر برقیات ۔ کون سے ریجن میں ہے ریجن تو دیئے ہوئے ہیں۔

مسٹر حمزہ ۔ لاہور ریجن میں ۔ منور حسین کو آپ نے سنا ہے کہ ۳۹-۲۳۸۸ء کو تقرر کیا گیا تھا ۔ اور ابتک یہ مستقل نہیں ہوا ہے ؟

*Please see Appendix I at the end.

وزیر برقیات ۔ اسکے لئے جناب ۔ کم سے کم ایک سال کی آزمائشی مدت چاہیئے تھی جب یہ مکمل کر لیں گے تب انکی مستقلی کا سوال پیدا ہوگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں آپ سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ نمبر (۳) جو ہے وہ ۲۳-اکتوبر ۱۹۳۵ء کو مقرر ہوا اور ۲۰-جولائی ۱۹۶۵ء کو اسے ترقی دی گئی ۔ ایک سال کا عرصہ ہو چکا ہے اسکو ابتک مستقل کیوں نہیں کیا گیا ؟

Minister of Power : Inquiries are pending against them and till they are completed they are not liable to be confirmed.

بابو محمد رفیق ۔ کب سے ان کے خلاف انکوائری ہو رہی ہے اور کس تاریخ سے شروع ہوئی ہے ؟

وزیر برقیات ۔ میرے پاس تاریخ نہیں ہے لیکن اسوقت ان کے خلاف تحقیقات نہیں ہو رہی ۔ ایک سال کی آزمائشی مدت گذرنے سے پہلے انکوائری ہوئی ہے ۔ یعنی یہ اس وقت آزمائشی مدت عبور کر رہے تھے ۔

چودھری محمد نواز ۔ یہ تحقیقات کبتک مکمل ہوگی ؟

وزیر برقیات ۔ جلد سے جلد مکمل ہو جائیگی ۔ لیکن اسکا تعین نہیں کیا جا سکتا ۔ اتنا یقین دلا سکتا ہوں کہ انکوائری کو جلد سے جلد

مکمل کیا جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ آپ نے میرے سوال کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ الیکٹرک سب انسپکٹر اور اسسٹنٹ الیکٹرک انسپکٹر جو بنائے جاتے ہیں تو in present case promotions were made by selection on merit, اسکا کیا مطلب ہے ؟

وزیر برقیات ۔ ویسے ترقی دینے کیلئے سینیارٹی مع حسن کارکردگی دیکھنی ہوتی ہے لیکن حسن کارکردگی کے تعین کیلئے اسکی رپورٹیں دیکھنی ہوتی ہیں character role ہوتا ہے اور ریکارڈ وغیرہ اور آخر کار یہ سب چیزیں پیش نظر رکھکر ترقی دی جاتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ محض آپ کے افسران بالا کی صوابدید پر ہے اور مدت ملازمت کوئی چیز نہیں ہے ؟

وزیر برقیات ۔ seniority-cum-efficiency اور اسکی بنیادی چیز reports ہوتی ہیں کہ اسنے کیسا کام کیا ہے اور اسکا تعین افسران کرتے ہیں یعنی یہ کہ اسکا کام کیسا ہے اسکا character role کیسا ہے اسکا behaiour کیسا ہے ان سب چیزوں کو examine کیا جاتا ہے اگر وہ ان تمام چیزوں پر پورا اترتا ہے تب promote کیا جاتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ آپ بجا فرماتے ہیں وہ تو آپ ہی کے افسر نہیں ہیں بلکہ سارے پاکستان کے افسر ہیں ۔

وزیر برقیات ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ میرے محکمہ کے افسر یہ کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں اب یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ آپ ترقی جو دیتے ہیں تو سلیکشن کرتے وقت محض حسن کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہیں ۔ کیا مدت ملازمت کو بھی کچھ اہمیت دیجاتی ہے؟

وزیر برقیات ۔ سینیارٹی مع حسن کارکردگی اسمیں شامل ہوتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ جواب سے تو ظاہر نہیں ہوتا ہے ۔

وزیر برقیات ۔ ظاہر ہے ۔

OVERSEERS AND ASSISTANT ELECTRIC INSPECTORS EMPLOYED IN LAHORE REGION

*3544. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the total number of Overseers and Assistant Electric Inspectors employed in Lahore, including the period for which each of them stayed in the Lahore Region;

(b) the total number of Overseers and Assistant Electric Inspectors employed in the Multan, Karachi, Hyderabad and Peshawar Regions, respectively and in case any one of them has served in any other region (than the region in which he is serving) the period of his stay in that region;

(c) whether Overseers and Assistant Electric Inspectors employed in Lahore region are transferable to other regions, if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka):

LAHORE REGION

	Nos.	
(a) (i) Overserrs (Electrical Sub-Inspectors).	2	All are working in Lahore Region since its formation from Ist May 1962.
(ii) Assistant Electric Inspectors.	3	Ditto.

MULTAN REGION

(b) (i) Electrical Sub-Inspectors.	3	All the three Electrical Sub-Inspectors in this Region are working since its formation on Ist May 1962.
(ii) Assistant Electric Inspectors.	1	The Assistant Electric Inspector attached to this Region was formerly working in Peshawar Region and stayed in that region from Ist January 1963 to 17th November 1964.

KARACHI REGION

(i) Electrical Sub-Inspectors	3
(ii) Assistant Electric Inspector	1

HYDERABAD REGION

(i) Electrical Sub-Inspector	3
(ii) Assistant Electric Inspector	2

All the members of the staff are working in this Region since the creation of this Region on Ist May 1962.

PESHAWAR REGION

	Nos.	
(i) Electrical Sub-Inspectors	2	Mr. S. Ali Kausar, Assistant Electrical Inspector transferred from Karachi to Peshawar on
(ii) Assistant Electric Inspector.	1	9th November 1964 and the rest of the staff is continuing since the creation of this Region on Ist May 1962.

(c) Yes.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اسسٹنٹ الیکٹرک انسپکٹر جو ہوتے ہیں انکے تبادلے کا کیا طریقہ کار ہے انکو ایک خاص ریجن میں آپ کتنا عرصہ رکھتے ہیں ؟

وزیر برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ اس ریجن میں جہاں وہ تعینات ہوتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ عام طور پر تعیناتی کا عرصہ کتنا ہوتا ہے اور کتنی دیر رکھتے ہیں اور انکو ایک جگہ سے دوسری جگہ کیسے تبدیل کرتے ہیں ؟

وزیر برقیات ۔ جتنے قابل تبادلہ ہوتے ہیں انکو عام طور پر تین سال کے بعد تبدیل کر دیا جاتا ہے اور جو ریجنل cadre posts ہیں وہ اپنے ریجن میں رہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے سوال کے حصہ (ب) میں فرمایا ہے کہ ملتان ریجن میں all three electrical Sub-Inspectors in this region were working since formation. آپ کو پتہ ہے کہ اہلکار جب کہیں زیادہ عرصہ کام کرتے ہیں تو اس سے خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور عام طور پر پالیسی یہ ہوتی ہے کہ مقررہ مدت کے بعد انکو تبدیل کر دیا جائے تو آپ نے اسکے لئے کیا گنجائش رکھی ہے ؟

وزیر برقیات ۔ اگر تین سال ہو گئے ہیں تو انکو تبدیل ہونا چاہیئے ۔

وزیر برقیات ۔ جناب والا ۔ یہ اپنے ریجن میں رہیں گے ۔

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ پشاور ریجن کے متعلق جواب کے حصہ (ب) میں یہ لکھا ہے ۔

> "Mr. S. Ali Kausar, Assistant Electrical Inspector transferred from Karachi to Peshawar on 9th November, 1964 & the rest of the staff is continuing since the creation of this Region on 1st May 1962."

تو اگر انہوں نے ریجن کے لحاظ سے اپنے ہی ریجن میں رہنا ہے تو ان کے تبادلے کیوں عمل میں لائے گئے ہیں ؟

وزیر برقیات ۔ ۱۹۶۲ء سے قبل وہ وہاں تھے اس کے بعد وہ یہاں پر ہیں ۔ جتنا سٹاف ہے وہ اس ریجن کے ۱۹۶۲ء میں معرض وجود میں آنے سے بدستور کام کر رہا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ سوال کے جواب میں لکھا ہوا ہے کہ ۱۹۶۴ء میں آپ نے ان کو ٹرانسفر کیا ۔ ذرا آپ اسے پڑھیں ۔

وزیر برقیات ۔ اس کے متعلق میں پھر عرض کرونگا ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ جتنے بھی ریجن ہیں ان ریجنوں میں ایک سٹیشن پر کتنے عرصہ کے لئے آدمی رہ سکتے ہیں ۔ یعنی ریجن کے اندر کتنا عرصہ رہے ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے آپ ایک علیحدہ سوال دیں ۔

چوہدری محمد لوئیں ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ کیا یہ سوال دہرایا جائیگا کیونکہ مخدوم صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کا جواب بعد میں دیا جائیگا ۔

Mr. Speaker : This is a lengthy answer printed in the answer book. I don't think there is need to repeat this question. So far as one particular information is concerned the Member can have it from the Minister concerned.

POSTING SENIOR OVERSEERS AS LEAVE RESERVES IN IRRIGATION DEPARTMENT, LYALLPUR

*3576. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Irrigation and Power pleased to state :—

(a) the number of divisions under the charge of Chief Engineer, Irrigation, Lyallpur;

(b) the names and duration of service of the leave reserve Overseers working in the said Division;

(c) whether it is a fact that according to departmental rules Senior Overseers should not be placed on relieving, survey and other odd jobs;

(d) whether it is a fact that some Senior Overseers have been placed as leave reserves;

(e) if answer to (c) and (d) above be in the affirmative, reasons for posting senior Overseers as leave reserves?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) 19.

(b) As per statement placed on the Assembly Table.

(c) Yes, subject to the exigencies of service.

(d) Yes.

(e) Due to exigencies of service and other administrative requirements.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اتفاق کی بات یہ ہے کہ جو سٹیٹمنٹ انہوں نے میز پر رکھی ہے وہ مجھے مہیا نہیں کی گئی ۔ کیا یہ اس لیے ہے کہ میں اپنے پورے ضمنی سوال نہ کر سکوں ۔ مجھے اس چیز پر اعتراض ہے ۔ تو میرا خیال ہے کہ بہتر ہو گا کہ اس سوال کو ملتوی کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker: This question would be repeated on the next turn.

OPERATORS OF TUBE-WELLS RUN BY LAND AND WATER DEVELOPMENT BOARD

***3609. Mr. Hamza**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the operators of tube-wells run by Land and Water Development Board are considered as work-charge staff;

(b) the date on which Scarp I Jaranwala Scheme No. II was taken in hand alongwith the number of tube-well operators employed under the said scheme in the year 1962;

(c) whether it is a fact that the Tube-well operators employed under the said scheme had formed a Union named as "Mechanical Workers Union" in order to safeguard their interests;

(d) the number on Tube-well Operators who were running the tube-wells under the said scheme in 1962 and are still working without any break in their service;

(e) in case their number is comparatively low; reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Yes.

(b) (i) In June, 1960.

(ii) 136 operators.

(c) Yes;

(d) 35 operators.

(e) There were in all 136 operators in Jaranwala Scheme No. II who came on transfer to SCARP-I in July, 1963.

Out of these only 35 operators are in position at present. The remaining 101 operators have since left on account of the following reasons:—

(1) 47 operators left service wilfully ;

(2) Services of 14 operators were terminated on account of continued absence ;

(3) 33 Operators were removed from service for negligence in the performance of their duties;

(4) 7 operators were transferred to their schemes in the interest of public service.

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان ٹیوب ویلوں پر جو operators کام کرتے ہیں وہ ۱۹۶۲ء سے عارضی طور پر کام کر رہے ہیں ان ورکشاپوں میں تو کیا ان کو مستقل نہیں کیا جا سکتا ؟

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ اس کے متعلق یہ ہے کہ ان کو مستقل طور پر اس لئے نہیں رکھا جاتا کیونکہ بہت سے factors ہوتے ہیں جن کی طرف خیال کرنا پڑتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اخوند صاحب کیا یہ سوال محکمہ قانون کے متعلق ہے ؟

وزیر قانون ۔ جناب اس کا تعلق Land and Water Development Board سے ہے ۔ ان operators کو اس لئے مستقل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ان کے کام میں بہت سے نقائص پائے جاتے ہیں ۔ وہ بجلی کی مشینوں پر کام کرتے ہیں کبھی یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ ان کو جلا دیتے ہیں تو ان حالات ان کو مستقل یا permanent نہیں رکھا جا سکتا ۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی دقتیں ہو جاتی ہیں جن کا نوٹس لیا جاتا ہے ۔ یعنی ان جملہ

قسم کی دقتوں کی وجہ سے کام میں ہرج واقع ہوتا ہے اس لئے انہیں مستقل طور پر نہیں رکھا جاتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرا خیال ہے کہ وزیر صاحب کو یقیناً اس چیز کا پورا احساس ہوگا اور اس سوال سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سال ۱۹۶۰ء میں ۱۳۶ operators رکھے گئے جن میں سے اس وقت صرف ۳۵ کام کر رہے ہیں کیا آپ کے نزدیک یہ صورت حال تسلی بخش ہے ۔ کیا محض عارضی operators اپنے کام میں پوری دلچسپی لے سکتے ہیں ؟

وزیر قانون ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ جب تک ان کا کام اچھا ہوگا ان کے لئے ان کے فائدہ کے متعلق ضرور غور ہوگا اور پھر جو سکیم ہے operators کے رکھنے کی اس کو مستقل بنا دیا جائیگا ۔ لیکن ۱۹۶۳ء سے اب تک ان کا کام ایسا رہا کہ ۱۳۶ میں سے صرف ۳۵ اس وقت تک اپنی پوزیشن میں رہ سکے ۔ باقی چھوڑ گئے یا کچھ کو معطل کیا گیا یا نکالا گیا یا کئی operators کی مسلسل غیرحاضری تھی تو قصہ کو تاہ کئی وجوہات ہیں جن کی بناء پر انہیں مستقل نہیں رکھا جا سکتا ۔ بہر صورت اس معاملہ پر دوبارہ غور کر کے اس کو finalize کیا جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر قانون صاحب کی خدمت میں مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ انہیں جو کچھ بتایا گیا ہے انہوں نے پڑھ کر سنا دیا

ہے ۔ میں نے مودبانہ طور پر عرض کیا ہے اور مودبانہ طور پر ہی ان سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ صورتحال محض اس لئے پیدا تو نہیں ہوئی کہ X'EN جب بھی آتا ہے نئی جگہ پر وہ اپنے ساتھ operators کی ایک فوج لے کر آتا ہے جن میں اس کی ذاتی دلچسپی ہوتی ہے ۔ کیا آپ کے پاس اس قسم کی شکایات نہیں پہنچیں اور اگر نہیں پہنچیں ہیں تو آپ نے اس کا کیا ازالہ کیا ہے۔

Minister of Law : I require fresh notice for this question.

بابو محمد رفیق ۔ جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ چونکہ operators زیادہ غلطی کرتے ہیں اس لئے ان کے خلاف ایکشن نہیں لیتے اور ان کو اس لئے مستقل بھی نہیں کرتے تو میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا مستقل سٹاف جو ہے وہ غلطی نہیں کرتا جو کہ یہ غیر مستقل لوگ کرتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ operators لوگوں کا سٹاف ایسا ہوتا ہے کہ یہ ضروری ہے کہ انہیں temporary رکھا جائے ۔ operators کو ہر وقت اپنی ڈیوٹی پر رہنا چاہیئے ۔ بڑا لمبا چوڑا طریق کار ہے تو مناسب یہی سمجھا گیا ہے کہ انہیں work charged establishment پر رکھا جائے تاکہ کام چلتا رہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا وزیر صاحب اس چیز پر غور کرنے کو تیار ہیں کہ operators کی آسامیوں پر جو لوگ کام کرتے ہیں انہیں مستقل کر

دیا جائے تاکہ وہ زیادہ دلچسپی اور ایمانداری سے اپنا کام کر سکیں ۔

وزیر قانون ۔ اگر operators مستقل کئے جائیں گے تو یقیناً ان کو بھی مستقل کیا جائے گا ۔ سوال یہ ہے کہ وہ سکیم کیسے چلائی جائے گی ۔ آیا وہ دائمی عملہ ہو گا یا عارضی ۔ جن کا کام اچھا ہوگا انہیں مستقل کر دیا جائیگا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ کیا ان کو رکھنے یا نکالنے کے لئے کوئی رولز ہیں ؟

وزیر قانون ۔ ان کے لئے کوئی رولز نہیں ہوتے ہیں ۔ وہ متعلقہ افسروں کی مرضی پر ہوتے ہیں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ وہ جو ہمیشہ temporary ہوں گے وہ ایمانداری سے کام نہیں کریں گے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ محض رائے ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا لامنسٹر صاحب بتائیں گے کہ اور بھی بہت work charged سٹاف ہے ۔ کیا ان سب کو مستقل نہیں کیا جاتا ؟

وزیر قانون ۔ پی ڈبلیو ڈی میں کچھ work charged عملہ بھی ہے مگر ان کا مستقل یا غیر مستقل ہونا ان کے کام کی نوعیت کے مطابق ہوتا ہے ۔

PROMOTION OF MR. MUHAMMAD DIN, OVERSEER AS ASSISTANT ELECTRIC INSPECTOR, LAHORE REGION

*3636. **Mr. Munawar Khan** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Mr. Muhammad Din, Overseer has recently been promoted as Assistant Electric Inspector, Lahore Region;

(b) whether it is a fact that the said official has acquired large property; if so, (i) value of the property acquired by him ; (ii) the source of his income from which the property was purchased ;

(c) whether the said employee is also running a Medical Store on Temple Road, Lahore ;

(d) whether the said employee is posted at Lahore since the date of his appointment ; if so, the duration of his stay at Lahore alongwith reasons for not transferring him out of Lahore Region ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (a) Yes.

(b) The officer has acquired only one evacuee house.

(i) Rs. 13,467·00.

(ii) The house has been purchased against his own verified claim of Rs. 2 800·00 and the claim of his relatives to the extent of Rs. 10,667·00, which is being paid by the officer to his relatives in easy instalments out of his own savings.

(c) The Government have no such information.

(d) Yes, about 21 years :

Reasons—(1) From 24th October 1945 to 10th February 1963, all the overseers were stationed at Lahore hence the question of transferring Mr. Mohammad Din to another place within the region did not arise.

(2) From 11th February 1963 to Ist July, 1964, he was promoted as an officiating Assistant Electric Inspector on *ad hoc* basis and was not transferable for such temporary officiating arrangement.

(3) From Ist July 1964 to-date he is working as A.E.I. against a permanent and regular vacancy and as such he has not completed three years stay at Lahore.

چودھری محمد ادریس - یہ ۱۰۶۶۷ روپے کا کلیم ہے جو اس نے اپنے رشتہ دار سے لیا ہے - اس کے اس رشتہ دار کا نام کیا ہے - اس کے ساتھ رشتہ داری کیا ہے - کیا وہ رشتہ دار کہیں ہے بھی یا نہیں ؟

وزیر برقیات (مخدوم حمیدالدین) - یہ اتنا مفصل تو دریافت نہیں کیا گیا - اس سے اتنا اندازہ ضرور ہے کہ وہ یقیناً ان کا کوئی قابل اعتماد اور قریبی رشتہ دار ہوگا -

چودھری محمد ادریس - اس سوال کا مقصد یہ تھا کہ یہ مکان ۱۳۴۶۷ روپے کا اپنی آمدنی سے زائد کا لیا ہے - جب آپ اسکو shield کرتے ہیں کہ یہ اس نے اپنے کسی رشتہ دار کا کلیم لیا ہے تو کیا آپ پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا تھا آپ اسکے رشتہ داروں کا پتہ لگائیں - کہ کوئی اسکا رشتہدار ہے بھی یا نہیں ؟

وزیر برقیات ۔ نہیں ۔ چونکہ اس کی نوعیت اسوقت غیر قانونی نہیں تھی ۔ اس لئے یہ ضرورت نہیں سمجھی گئی کہ اس معاملہ میں اتنا گہرا کر دریافت کریں کہ اسکے کس نوعیت کے رشتہ دار ہیں ۔

نوابزادہ رحم دل خان ۔ نمبر ۲ کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ۱۱ فروری ۶۳ء سے یکم جولائی ۶۴ء تک اسے ad hoc طریق سے عارضی اسسٹنٹ الیکٹرک انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی دی گئی اور اس عارضی انتظام کے لحاظ سے اسے یہاں سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ اور اس کے بعد یکم جولائی ۱۹۶۴ء سے آج تک وہ بطور اے ای آئی work کر رہا ہے ۔ اور وہاں اس نے ابھی تین سال پورے نہیں کئے ۔ کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ جب وہ اس اسامی پر مستقل ہو جائے گا تو لاہور میں تین سال اور بھی رہے گا ۔

وزیر برقیات ۔ ۱۹۶۴ء سے اب تک کچھ مہینے ابھی بچتے ہیں ۔

نوابزادہ رحم دل خان ۔ فروری ۱۹۶۳ء سے اب تک اس کے تین سال پورے ہو چکے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔ مخدوم صاحب۔ وہ پوچھتے ہیں کہ کیا مستقل ہو جانے کے بعد اس کی پھر تین سال کی نئی مدت شروع ہو جائےگی ؟

وزیر برقیات ۔ یہ قائمقامی کا عرصہ جو ہے یہ اس میں نہیں گنا جاتا جبکہ وہ temporary ad hoc post پر قائمقام کے طور پر کام کر رہا ہو ۔

نوابزادہ رحم دل خان ۔ وہ پہلے اسی اسامی پر قائمقام کے طور پر کام رہا تھا مگر آپ اس کا وہ عرصہ شمار نہیں کر رہے اس کے لئے کون سا رول ہے ؟

وزیر برقیات ۔ اس کے لئے میں ایک نوٹیفیکیشن پر انحصار کرونگا

This ad hoc appointment will not confer any right on him in the matter of appointment to the same post not the service will count towards seniority.

تھوڑا سا وقت زائد اور بھی ہوگیا ہے مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اب ہمارے پاس ایک سکیم ہے ان لوگوں کو تبدیل کرنے کی اور یہ بھی اس کے تحت تبدیل ہو جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا محکمہ کے جواب سے یہ ظاہر نہیں ہوتا ہے کہ ۲۱/۲۲ سال یہ لاہور میں کام کر رہا ہے ۔ کیا آپ اپنے قواعد میں ایسی تبدیلی کریں گے کہ رحم دلی کی بنا پر اب اسے ہمیشہ کے لئے لاہور ہی میں رکھا جائے ؟

وزیر برقیات ۔ نہیں ۔ بلکہ ہم اسے باہر بھیجنے کی سوچ رہے ہیں ۔

WATER-LOGGING AND SALINITY IN HYDERABAD DIVISION

*3699. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Nara, Namrao and Mithrao canals in Hyderabad Division have been silted up ;

(b) whether it is a fact that water-logging and salinity is increasing day by day on both sides of the said canals ;

(c) whether it is a fact that sufficient bridges have not been built over the said Nara Canal which is causing inconvenience to the inhabitants of the said area ;

(d) whether it is a fact that a scheme has been prepared by Government to eradicate the menace of water-logging and salinity in the said area; if so, the details thereof alongwith the time by which the said scheme will be implemented?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) No, only Nara Canal below Makhi Weir is silted up in certain reaches.

(b) Yes.

(c) No.

(d) Yes, a Master Plan to eradicate water-logging has been prepared. Its estimated cost is Rs. 12,95,24,000·00. The scheme will be implemented in ten years after approval.

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہ جو انہوں نے جواب میں کہا ہے کہ ماکھی دیر کے نیچے نارا کینال کا بہت سا حصہ مٹی سے بھر گیا ہے کیا وہ فرمائیں گے کہ نہر کا جو حصہ مٹی سے بھر گیا ہے وہ کتنا حصہ ہے ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ اس کے متعلق عرض کیا ہے کچھ

حصہ مٹی سے بھر گیا ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جس حصہ میں، مٹی بھر گئی ہے وہاں سکیم کیا ہے اسے صاف کرنے کی ؟

وزیر آبپاشی ۔ اس سلسلہ میں جو یہ ساری سکیم ہے تقریباً تیرہ کروڑ کی ہے جیسے جواب میں عرض کیا ہے اس نہر میں جتنے نقائص ہیں وہ دور کر دئیے جائیں گے ۔ یہ پروگرام بنایا گیا ہے ۔ امید ہے حکومت کی طرف سے اسکی منظوری ہو جائےگی کیونکہ لفٹر کمیشن نے اسے منظور کر دیا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ سیم‌زدگی کی سکیم کے متعلق سوال پوچھا گیا ہے کہ اس نہر کے اس حصہ کو جو بھل سے پر ہو گیا ہے ٹھیک کرنے کیلئے کیا کیا گیا ہے ؟

وزیر آبپاشی ۔ یہ silted process ہے اس کی کھدائی نہیں کی جا سکتی اس کا ڈیزائن اور original model ایسا ہے کہ ہر channel کی کھدائی نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ کرتے ۔

چودھری محمد ادریس۔ جناب والا ۔ آپ اپنے جواب میں کہتے ہیں کہ

> "No, only Nara Canal below Makhi Weir is silted up in certain reaches."

آپ کہتے ہیں کہ بھل سے پر نہیں ہوئی ۔ جو نہریں بھل سے پر ہو گئی ہیں ان کو ٹھیک کرنے کیلئے کیا کیا ہے ؟

Minister of Irrigation & Power : You just read the question.

> "Whether it is a fact that Nara, Nawrao and Mithrao canals in Hyderabad Division have been silted up;"

And the answer is—

> "No, only Nara Canal below Makhi Weir is silted up in certain reaches."

ساری نہر بھل سے پر نہیں ہے ۔ صرف ماکھی ویر کے نیچے نارا کینال مٹی سے بھر گئی ہے ۔ اس کی تشکیل مکرر کی ایک سکیم زیر منظوری ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم نہر میں بھل کی صفائی کے لئے کچھ نہیں کرتے ۔ کیا آپ کے نوٹس میں ہے کہ پھر لاکھوں روپیہ آپ ہر سال ان کی برقراری اور بھل کی صفائی کیلئے خرچ کرتے ہیں اور آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم خرچ نہیں کرتے ۔

وزیر آبپاشی ۔ ہم ان کی تشکیل مکرر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ اسکی صفائی ہو جاتی ہے ۔

---

*۳۷۰۔ **مسٹر محمد بخش خان تاریجو** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ حیدر آباد ڈویژن میں سیم اور تھور کو

کم کرنے کیلئے میسرز ہنٹنگ ایکسپرٹ نے کچھ طریقے تجویز کئے ہیں ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ان طریقوں میں پانی کا بہاؤ تیز کرنے کیلئے سطحی نالوں کی کھدائی بھی شامل ہے ۔

(ج) اگر جزو (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو کیا حکومت مذکورہ طریقوں پر عملدرآمد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ایسا ہو تو کب اور اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں ؟

پارلمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں ۔ سطحی اعراب منصوبے کا ایک حصہ ہیں ۔

(ج) اس کے تدارک کی تدابیر پہلے ہی زیر عمل ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ سوال کے حصہ "الف" میں یہ کہا گیا ہے کہ ایکسپرٹ نے کچھ طریقے تجویز کئے ہیں ۔ وہ طریقے کب عمل میں آئیں گے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ تدارک کی تجاویز پہلے ہی زیرعمل ہیں ۔ یہ تو حصہ "ج" میں ہے ۔ اس کا جواب یہ ہے کہ سیم اور تھور کے

تدارک کی تدابیر زیر عمل ہیں ۔ اس سلسلہ میں ان پر جہاں بین کی جا رہی ہے ۔ ان کا سروے کیا جا رہا ہے اور سکیم تیار کی جا رہی ہے تاکہ جتنی بھی مشکلات ہیں وہ دور ہو سکیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ کب یہ سکیم تیار ہو جائے گی ؟ اور کب کام شروع ہوگا ؟

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب وہ کہتے ہیں کہ کام شروع کیا جا چکا ہے سکیم زیر عمل ہے ۔

---

*۳۷۰۷- **رانا چندر سنگھ** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ضلع تھرپارکر کے صحرائے نارا میں سیم تھور کی بیماری میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ بیماری کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے ۔ کہ نارا اور جمڑاؤ کی آبپاشی کی نہریں مسلسل بہتی رہتی ہیں ۔

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ نارا کینال کے شرقی اور جمڑاؤ کینال کے غربی جانب متصل تقریباً ۲۵ لاکھ ایکڑ اراضی متاثر ہوئی ہے ۔

(د) اگر جزھائے (الف) تا (ج) بالا کا جواب اثبات میں ھو تو ۔

(اول) متذکرہ بیماری کو دور کرنے کیلئے کیا اقدام کئے گئے یا کرنیکا ارادہ ھے ۔ اور

(دوم) متذکرہ بالا علاقہ میں حکومت کی کوششوں سے اب تک کتنے ایکڑ اراضی بحال ہوئی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) جی نہیں ۔ تھور اور سیم کے بڑھنے کی رفتار تیز نہیں ہے بلکہ درمیانی ہے ۔

(ب) جی ھاں ۔

(ج) پچیس لاکھ ایکڑ نہیں ھے بلکہ سترہ لاکھ ایکڑ ہے ۔

(د) واپڈا اس ریجن میں ایک جامع ترقی کے منصوبہ پر چھان بین کر رہا ہے ۔ جس میں اس وبا کا سدباب کرنے کے لئے ٹیوب ویل نصب کرنے اور ٹائل اعراب بنانے شامل ہیں ۔

(ii) نمبر ۱ کو مدنظر رکھتے ہوئے ریکلیمیشن کا کام ابھی شروع نہیں ہوا ۔

میر خدا بخش ۔ جناب والا۔ نارا اور جمڑاؤ کی آبپاشی کی نہریں ۲۲ دسمبر

سے بند ہو جائیں گی ۔ اگلے سال مکمل انتظام کیلئے کچھ کیا ہے یا نہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین)۔ جناب والا۔ یہ سوال water-logging کے متعلق ہے ۔ اس سوال میں water-logging کے متعلق دریافت کیا گیا ہے کہ کس کس tract میں ہے ضلع تھرپارکر میں سیم اور تھور زیادہ ہو رہی ہے اسکی روک تھام کیلئے تدابیر کر رہے ہیں ۔ اس معاملہ کو examine کیا جا رہا ہے جب رپورٹ تیار ہو جائے گی تو اس علاقہ کے لئے ایک سکیم بنائیں گے اور اس پر عمل کیا جائیگا ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری نے جواب میں کہا ہے کہ ۱۱ لاکھ ایکڑ زمین water-logging میں آ گئی ہے اور سیم زدگی کی رفتار درمیانی ہے ۔ اگر رفتار تیز ہو گئی تو کیا ہوگا ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب فرمائیں گے کہ یہ کب غور کر رہے ہیں اور کب تک آپ غور کرتے رہیں گے ؟ کب تک سکیم تیار ہو جائے گی ؟ اور کب تک منظور ہو جائے گی ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ ultimately اس پراجیکٹ کی feasibility پر دارومدار ہوگا ۔ اگر سارے contributing factor اس کے حق میں ہوئے تو تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں کام شروع ہو جائیگا ۔

حاجی سردار عطا محمد۔ جناب والا۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۷ لاکھ ایکڑ زمین سیم اور تھور کے زیر اثر ہے۔ اس ۱۷ لاکھ ایکڑ زمین پر چھوٹے چھوٹے زمیندار ۔ کاشتکار جن کی پانچ یا دس ایکڑ زمین ہے گزارہ کرتے ہیں ۔ اگر یہ ۱۷ لاکھ ایکڑ زمین سیم کے نیچے ہے تو آپ نے ان لوگوں کے گزارہ کے متعلق کیا سوچا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات۔ جناب والا ۔ سیم کے اثرات سارے مغربی پاکستان میں ہیں صرف اس علاقہ میں ہی نہیں ہیں اب یہ کیا گیا ہے کہ اس اراضی پر اثرات ضرور موجود ہیں تو اس سے زیادہ ایسے علاقے بھی ہیں جو ان ماڈریٹ اثرات کی بجائے intense بھی ہیں ۔ اس سلسلہ میں حکومت اپنے کام سے تغافل نہیں برت رہی ۔ اس کے متعلق چھان بین ہو رہی ہے جب مکمل ہو جائے گی تو مجھے امید ہے کہ تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں عمل شروع ہو جائیگا۔

---

*۳۷۱۰۔ **رانا چندر سنگھ** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی میرے نشان زدہ سوال نمبر ۳۳۰۳ کے جواب جو مورخہ ۲۹ جون ۱۹۶۶ء کو ایوان میں دیا گیا کے حوالے سے از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ کتنے ایکڑ رقبہ میں زیر سطح پانی عموماً ۵ سے ۶ فٹ تک ہے اور حکومت متذکرہ علاقہ میں پانی کی بلند ہوتی ہوئی سطح کو روکنے کیلئے کیا اقدام کرنیکا ارادہ رکھتی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ ۱۹۶۳ کی پیمائش کے مطابق ۲۲۴۰۰ ایکڑ میں بڑھتی ہوئی سیم کا سدباب کرنے کے لئے

منصوبوں کی چھان بین ہو رہی ہے اور انکو بتریج پروگرام میں زیر عل لایا جائیگا ۔

---

*۳۷۱۱ **رانا چندر سنگھ** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے ۔ کہ ضلع تھرپارکر میں ''ماکھی دہندہ ڈر پنج پراجیکٹ'' نام کا ایک منصوبہ بنایا گیا تھا ۔

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو ۔

(اول) متذکرہ منصوبے کی نمایاں خصوصیات کیا تھیں ۔

(دوم) اس منصوبے پر عملدر آمد کب شروع ہوا ۔

(سوم) اس پر کہاں تک عملدر آمد ہو چکا ہے ۔

(چہارم) دوسرے پانچ سالہ منصوبے میں متذکرہ منصوبے کیلئے کتنی رقم مختص کیگئی ۔

(پنجم) اس پر کتنی رقم خرچ کی جا چکی ہے ۔

(ششم) کتنی رقم خرچ سے بچی ہوئی ہے۔

(ہفتم) اس سے کیا نتائج برآمد ہوئے ۔

(ہشتم) ان علاقوں کے نام کیا ہیں جنہیں متذکرہ منصوبے کے ساتھ شامل کیا گیا ہے ۔ نیز یہ علاقہ کل کتنے ایکڑ اراضی میں پھیلا ہوا ہے ۔ اور

(نہم) متذکرہ منصوبے پر عملدرآمد کب تک مکمل ہو جائیگا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) جی ہاں لیکن ضلع سانگھڑ میں ۔

(ب) (اول) (۱) کل خرچہ سکیم ۳۷۰۳ لاکھ

(۲) کل رقبہ جو سیراب ہوگا۔ ۱۲۵۰۰۰ ایکڑ

(۳) ڈرین کی لمبائی ۵۷۰۵ میل

(دوم) مئی ۱۹۶۰ء

(سوم) قریباً مکمل ہے ۔

(چہارم) ۲۰۰، ۴۰، ۲۶ روپے ۔

(پنجم) ۴۴۳، ۴۹، ۲۲ روپے ۔

(ششم) ۸۱۷، ۹۰، ۳ روپے ۔

(ہفتم) جیسا کہ شق "ب" (iii) بالا میں ہے ۔

(ہشتم) متصل رقبہ ۱۔ ڈم برانچ ۲۔ حیدری مائنر ۳۔ بھیری مائنر ۴۔ سانگھڑ مائنر ۵۔ ٹوزی مائنر ۶۔ سالقری مائنر ۷۔ باغداد مائنر ۸۔ ھیران ڈسٹری ۱۲،۵۰۰ روپیہ تک رقبہ جات مستفید ہوئے ہیں ۔

(نہم) سال رواں کے اختتام تک ۔

PROVISION OF ELECTRICITY TO AREA SURROUNDING THE SAKRN HAB STREAM IN LASBELA DISTRICT

*3735. **Mr. Muhammad Hashim Lassi** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that electricity has not so far been supplied to the area surrounding the Sakran Hab Stream in Lasbela District; if so, the likely date by which the said area would be provided with electricity ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : Yes. No date can be given as there is no provision in the present plan for extension of lines to that area.

مسٹر محمد ھاشم لاسی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتا سکیں گے

کہ کراچی سے سکرنڈ کے علاوہ کا فاصلہ کتنے میل کا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ اس وقت تو ہم نہیں بتا سکتے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتا سکتے ہیں کہ سکرنڈ میں بہترین قسم کے باغات ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ علاقائی نوعیت کا سوال ہے ۔ باغات کے متعلق مجھے اس وقت علم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Next question. Mr. Muhammad Hashim Lassi.

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جو سوالات ہیں اس میں ہمارا بہت مفاد ہوتا ہے اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوالات میں مفادات ضرور ہوتے ہیں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ جو فاضل ممبر سوال کا نوٹس دے گا وہ اس میں لکھے گا کہ مجھے اس سوال کا جواب اردو میں دیا جائے اور اسکا جواب بھی اردو میں پڑھا جائیگا ۔ اگر وہ یہ نہیں لکھے گا تو محکمہ اسکا جواب انگریزی میں دے گا ۔ جو سوالات کی فہرست ہے اس میں یہ جواب چھپا ہوا ہے ۔ اردو سوالات

کی فہرست بھی آپ کے پاس ہے ۔ آپ اسکو دیکھ کر سمجھ سکتے ہیں اور اپنا ضمنی سوال کر سکتے ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ میں صرف ان کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ یہ said area جو ہے ۔

It is being explored and after great network has been extended to South of Hyderabad towards Karachi.

---

*۳۷۳۶ ۔ **مسٹر محمد ہاشم لاشی** ۔ کیا وزیر آبپاشی و برقیات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ حاجی چٹہ خان بلوچ گوتھ (ضلع لسبیلہ) کے نزدیک ہب سٹریم (ندی) پر باغات کی بہت سی ایکڑ اراضی دریا برد ہو گئی ہے ۔

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو آیا متعلقہ محکمہ نے اراضی کی دریا بردگی کو روکنے کیلئے کوئی سکیم بنائی ہے ۔ اگر یہ درست ہو تو اس سکیم کو عملی جامہ پہنانے میں تاخیر کی وجوہ کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) سیکم پر مستعدی سے غور ہو رہا ہے اور امید ہے کہ مطلوبہ سرمایوں کے دستیاب ہونے پر اس پر عمل درآمد شروع کر دیا جائے گا ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا یہ حقیقت ہے ۔ کہ ۶۳ء میں اس سکیم کا پوری طرح سروے کیا گیا تھا ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں اس کی اہمیت کا احساس کرتے ہوئے جیسا کہ معزز رکن نے بھی فرمایا ہے ۔ اور ان کی اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے ہم نے اس سکیم پر کام کرنے کی غرض سے حکومت کو approach کیا ہوا ہے ۔ تاکہ ہم اس سال اس کے متعلق تدارک کریں ۔ اور اس پر کام کر سکیں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ جناب والا ۔ شاید محترم وزیر صاحب میرے سوال کو سمجھ نہیں سکے ۔ اس لیے میں اپنا سوال دھراتا ہوں ۔ میں ان سے یہ دریافت کر رہا ہوں ۔ کہ آیا اس سکیم کی سروے کرنے کے بعد اس کی رپورٹ مکمل کی گئی تھی ۔ یا نہیں ؟

وزیر آبپاشی - تو اس سلسلے میں ہم نے حکومت سے فنڈ مانگے ہیں۔ تاکہ اس موجودہ مالی سال میں اس پر عملدرآمد کر سکیں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس سکیم کا پورا سیکچ اور پوری رپورٹ چیف انجنیئر قلات کو بھیج دی گئی تھی ؟

وزیر آبپاشی - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا - کہ ہمیں اس ساری سکیم کی افادیت کا اعتراف ہے - اسی لیے ہم کوشش کر رہے ہیں - کہ اس کے لیے فنڈ مہیا کئے جائیں - تاکہ اس مالی سال میں ہی کام شروع کر سکیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - جب ۱۹۶۳ء میں یہ رپورٹ مکمل ہو گئی تھی - اور وزیر صاحب کو اس سکیم کی افادیت کا بھی اعتراف ہے - اور انہیں اس کی ضرورت کا بھی احساس ہے - تو پھر اس کے باوجود بھی اس کے لیے فنڈ کیوں مہیا نہیں کئے گئے - جبکہ تین سال کا عرصہ رپورٹ کی تکمیل کو بھی گذر چکا ہے - کیا وہ اس کی وجوہات بتائیں گے ؟

وزیر آبپاشی - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ ہم بہت سی سکیمیں تجویز کرتے ہیں - لیکن سب کے لیے تو فنڈ نہیں مل جاتے ۔

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر - جتنے بھی سوالات پوچھے جاتے ہیں - تو ان سب کا جواب یہی دیا جاتا ہے - کہ فنڈ نہیں ملتے ہیں - تو میں ان سے یہ دریافت کروں گا - کہ کیا وہ سندھ کے علاقے کو پاکستان کا ہی حصہ سمجھتے ہیں ؟

وزیر آبپاشی - جناب سپیکر - میں حاجی صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا - کہ وہ division-wise اس موجودہ بجٹ کا مطالعہ کریں - اور دیکھیں - کہ ان کے علاقے کو اس بجٹ میں کتنی رقم ملی ہے - میں سمجھتا ہوں - کہ گورنمنٹ کے پاس فنڈز کی موجودگی کے پیش نظر ان کو جتنی رقم ملی ہے - وہ کم نہیں ہے -

حاجی سردار عطا محمد - یہ تو میں نے دیکھا ہے - لیکن یہ سب تو غلام محمد بیراج اور گدو بیراج کے علاقے کے لیے مخصوص کیا گیا ہے - باقی علاقے کے لیے تو اس میں نہیں ہے - کیا وہ باقی علاقہ سندھ میں شامل نہیں ہے ؟

وزیر آبپاشی - باقی علاقہ بھی سندھ میں ہی شامل ہے - ان کے لئے فنڈز مہیا کیے گئے ہیں - لیکن یہ ہو سکتا ہے - کہ یہ فنڈز تمام ضرورتوں کے لیے کافی نہ ہوں -

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا وزیر آبپاشی کو اس بات کا علم ہے ۔ کہ ساکران کی اراضیات تقریباً ڈیڑھ ہزار روپے فی ایکڑ کے حساب سے فروخت ہوتی ہیں ۔ اور ایسی کارآمد زمینیں جب ندی کی وجہ سے دریا برد ہو جاتی ہیں تو اس کی اہمیت کے پیش نظر ایک سکیم جو ۱۹۶۳ء میں مکمل کی گئی تھی ۔ تین سال کا عرصہ گذرنے کے بعد بھی اس کے لیے فنڈز مہیا نہیں کیے جا سکے ۔ تو اس کی وجوہات کیا ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس سوال کا جواب پہلے ہی دیا جا چکا ہے ۔

---

*۳۷۳۷ ۔ **مسٹر محمد ہاشم لاسی** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ضلع لسبیلہ میں لکھرا بند وہاں کے مقامی زمینداروں نے اپنی مدد آپ کے تحت تعمیر کیا تھا ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ڈویژنل کونسل کراچی نے متذکرہ بند پر تالیاں تعمیر کرنے کے لیے ایک لاکھ روپے کی منظوری دی تھی اگر ایسا ہو تو ۳۰ جون تک اس رقم میں سے کتنی رقم خرچ کی گئی ۔

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ متذکرہ بند کو اور مضبوط بنانے کی ضرورت ہے ۔ اگر ایسا ہو تو اس ضمن میں محکمہ آبپاشی نے کیا اقدامات کرنے کی تجویز کی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) : (الف) جی نہیں ۔ "اپنی مدد آپ" کے تحت زمینداروں نے بہت قلیل حصہ تعمیر کیا تھا باقیماندہ پشتہ کو محکمہ آبپاشی نے تعمیر کیا تھا ۔

(ب) جی ہاں ۔ ڈویژنل کونسل کی جانب سے صرف کردہ رقم کا محکمہ آبپاشی کو کوئی علم نہیں ہے ۔

(ج) جی نہیں ۔ سروے ورک کے مکمل ہو جانے کے بعد موجودہ پشتہ کی حفاظت کے لیے صرف فاضل امدادی پشتے تعمیر کرنے کا منصوبہ ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ جناب والا ۔ جواب کے حصہ (ب) میں بتایا گیا ہے ۔ کہ ڈویژنل کونسل نے ایک لاکھ روپیہ دیا تھا ۔ تو اس سلسلے میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ "جی ہاں" تو میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ کیا یہ ضروری نہ تھا ۔ کہ اس ایوان

کو یہ اطلاع فراہم کر دی جاتی ۔ کہ اس ایک لاکھ روپے کو کس طرح صرف کیا گیا ہے ۔ اور بقایا رقم کا کیا بنا ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) ۔ ڈویژنل کونسل نے کچھ رقم دی ہے ۔ جسکا حساب ہمارے پاس نہیں ہے ۔ ہمیں اس ایک لاکھ روپے کا علم نہیں ہے ۔ کیونکہ ہمارے پاس اسکا حساب نہیں ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ محکمہ آبپاشی کے بل ڈوزروں نے اس بند پر کام کیا ہے ۔ جس کی رقم اس ایک لاکھ روپے میں سے دی گئی ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ بیشتر کام B & R کی مشینری سے ہو رہا ہے ۔

---

*۳۷۳۸ ۔ **مسٹر محمد ہاشم لاسی** ۔ کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا ضلع لسبیلہ میں جو نہایت پسماندہ ہے ٹیوب ویل نصب کرنے کی کوئی سکیم ہے ۔

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو آئندہ مالی سال کے دوران مذکورہ ضلع میں کتنے ٹیوب ویل نصب کرنے کی تجویز ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مالیکا) : (الف) جی ہاں ۔ ان کے ممکن العمل ثابت ہونے پر ۔

(ب) ان ٹیوب ویلوں کی تعداد جن کو آئندہ مالی سال کے دوران نصب کیے جانے کی تجویز کی گئی ہے اس مرحلے پر نہیں بتائی جا سکتی کیونکہ یہ تجویز زیر غور ہے اور ہنوز اسے آخری صورت نہیں دی گئی ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا آپ نے اس کے ممکن العمل ہونے کے لیے لس بیلہ میں کوئی تجربہ بھی کیا ہے ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) ۔ جی ہاں ۔ اس کی feasibility کو examine کر رہے ہیں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا آپ نے لس بیلہ میں ٹیوب ویل لگانے کا جائزہ لینے کی کوئی تکلیف گوارا کی ہے ۔ تاکہ یہ ممکن العمل ثابت ہو سکے ۔

وزیر آبپاشی - جناب سپیکر - ٹیوب ویل لگانے کے لیے انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے - یہ خاص طور پر کس جگہ کے لیے فرما رہے ہیں - ہم تو اسکی collective feasibility کو دیکھتے ہیں - کہ آیا یہ feasible ہے یا نہیں - اور وہ ہم کر رہے ہیں - اب ہم کسی خاص جگہ کو تو pinpoint نہیں کر سکتے -

مسٹر محمد ہاشم لاسی - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں - کہ کیا اگلے مالی سال میں ایسا کوئی تجربہ کیا جائیگا - کہ لس بیلہ میں ایک ٹیوب ویل دیا جائے -

وزیر آبپاشی - جی ہاں - اگلے مالی سال میں ہم حکومت سے روپیہ مانگ رہے ہیں - اس سال ہم اس کی feasibility کو مکمل کر لیں گے اور اگلے سال ہم اسکے لیے رقوم طلب کر لیں گے -

---

*۳۷۳۹ - **مسٹر محمد ہاشم لاسی** - کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ ضلع لسبیلہ سے ونڈو ڈھورا اور ٹٹیاں اریگشن سکیموں پر عملدرآمد ملتوی کر دیا گیا ہے -

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہ کیا ہیں اور آیا مذکورہ سکیمیں رواں مالی سال کے دوران دوبارہ شروع کر دی جائینگی ۔

(ج) حکومت نے ان سکیموں پر اب تک علیحدہ علیحدہ کتنی رقم خرچ کی ہے اور یہ کہ ان سکیموں پر کام کب شروع ہوا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) : (۱) ونڈو ڈھورا آبپاشی سکیم ۔

(الف) جی ہاں ۔

(ب) اس کام کو آب ریز کے تین میل اوپر بند تعمیر کرنے کی تجویز کے ساتھ ملا دیا گیا ہے آب ریز پر بند کی تعمیر کرنے کی تجویز نظامت منصوبہ بندی و تحقیق کوئٹہ ریجن کے پاس زیر تحقیق ہے ۔ نظامت منصوبہ بندی و تحقیق کی رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر پراجیکٹ کی آخری عمل پذیری کا فیصلہ ہونے تک کام ملتوی رکھا جائے گا ۔

(ج) تا حال صرف کردہ مجموعی رقم ۶۷،۵۵،۲۳۴۰۰ روپے

تاریخ آغاز ۱-۶-۱۹۶۶ء

(۲) ٹٹیان آبپاشی سکیم

(الف) جی نہیں ۔

(ب) نالیاں بنانے کا کام حال ہی میں مکمل ہوا ہے اور آہنی دروازے اور گیٹر بنانے کا کام بھی مغل پورہ ورکشاپ لاہور میں ہو رہا ہے ۔ ویر کی تعمیر کرنے کا کام ۱۹۶۴ء کے سیلاب کے بعد ایک معاہدہ کی رو سے ترک کر دیا گیا تھا ۔ آخری تصفیہ کرنے کے لیے ٹھیکیدار کو آخری نوٹس جاری کر دیا گیا ہے توقع ہے کہ مالی سال کے دوران ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران میں کام شروع کر دیا جائے گا ۔

(ج) تا حال کل صرف کردہ رقم ۸،۸۵،۷۹۱۶۰۰

تاریخ آغاز ۲۳-۳-۱۹۶۳ء

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا یہ حقیقت ہے ۔ کہ نظامت منصوبہ بندی اور تحقیقات کوئٹہ ریجن کے مشورے کے بغیر اس سکیم کو شروع کیا گیا تھا ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) ۔ جی نہیں ۔ کیوں کہ یہ نظامت بعد میں وجود میں آئی ہے ۔

مسٹر محمد هاشم لاسی - کیا یہ صحیح ہے کہ یہ سکیم سروے کے کے بغیر ھی شروع کی گئی تھی اور لاکھوں روپیہ ضائع کیا گیا تھا ؟

وزیر آبپاشی - یہ سکیم بغیر سروے کے شروع نہیں کی گئی تھی - نظامت تحقیق و منصوبہ بندی نے اس کے لیے مشورہ دیا تھا - کہ اگر اسے remodel کیا جائے تو یہ زیادہ افادیت کی حامل ہو گی - چنانچہ نظامت سے اتفاق کرتے ہوئے یہ کام شروع کر دیا گیا - کیونکہ یہ بتایا گیا تھا کہ اس سے ضرور فائدہ ہو گا - اسی لیے اسے take up کیا گیا - اس کے لیے باقاعدہ سروے کی گئی تھی پھر انسان کے عمل میں کمی بیشی ہو جاتی ہے اس کا ضرور اعتراف کروں گا لیکن یہ کہ سروے کے بغیر کام شروع ہوا یہ صحیح نہیں ہے -

مسٹر محمد هاشم لاسی - کیا آپ کو معلوم ہے کہ چیف انجنیئر کوئٹہ قلات کے ریمارکس فائل پر موجود ہیں کہ یہ غلطی ہو گئی جو کام شروع کیا گیا ؟

وزیر آبپاشی - جی نہیں -

بابو محمد رفیق - کیا یہ ممکن نہیں کہ جب ایک بات آپ کے نوٹس میں آ گئی ہے تو اس پوائنٹ کی تحقیقات کرائیں کہ یہ سکیم غلط تھی اور قوم کا بہت سا روپیہ ضائع ہو گیا ہے ؟

وزیر آبپاشی ۔ پھر وہ بتا دیں کہ چیف انجنیئر نے کیا لکھا ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ آپ فائل دیکھ سکتے ہیں ۔

وزیر آبپاشی ۔ کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ معزز ممبر چیف انجنیئر کے ریمارکس کا اعادہ کر دیں ۔

SLUICE GATES ON HEADS OF ALL DISTRIBUTORIES OF MALKANI SUB-DIVISION CIRCLE RAHIMYAR KHAN

***3852. Khawaja Jamal Muhammad Koraija**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that sluice gates have been installed on the heads of all distributories of Malkani Sub-Division circle Rahimyar Khan;

(b) whether it is a fact that sluice gates have not so far been installed on the heads of Antran and Shedani distributories (Panjnad Canal 167 R. D.);

(c) whether it is a fact that due to absence of sluice gates at the heads of the distributories mentioned in (b) above, the supply of water in the said distributories is much less than the sanctioned quantity;

(d) if aaswer to (a) to (c) above be in the affirmative, whether Govern-

ment intend to install sluice gates on the heads of Antran and Shidani Distributories (167 R.D. Panjnad Canal) if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Yes, except at the heads of four high level channels namely Rahim, Raj, Uran Shedani Distributories.

(b) Yes.

(c) No.

(d) The answer (c) above is in the negative, but gates will be provided at the heads of these distributories as soon as funds become available.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جب آپ نے رحیم یار خان کی تمام ڈسٹریبیوٹریوں کے ہیڈز پر درے لگائے ہیں تو باقی چار کھایوں پر کیوں درے نہیں لگائے گئے ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) ۔ ہم نے بہتری کے لیے ایسا کیا ہے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ نہر کے گیٹ پر لگائیں تو اس سے نقصان ہو گا جہاں ضرورت تھی ان distributories پر ہم نے درے لگا دئے ہیں ۔ اب کوئی نقصان نہیں ہو گا ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ آپ نے تسلیم کر لیا ہے ۔ کہ ان چار distributories کی سطح بلند ہے اس لیے جب تک آپ ہیڈ کو اونچا نہیں

کریں گے ان میں پانی نہیں جا سکے گا ۔ اگر درے لگا دئے جائیں گے تو پانی پوری مقدار میں جائے گا اور کوئی نقصان نہیں ہو گا ۔ ورنہ سطح بلند ہونے کی وجہ سے پانی پورا نہیں جائے گا ۔

وزیر آبپاشی ۔ ہم نے کہاں کہا ہے کہ سطح بلند ہے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ آپ نے خود سوال کے جواب میں لکھا ہے ۔

"ماسوائے چار کھایوں یعنی رحیم ۔ راج یوران اور شیدانی ڈسٹری بیوٹریوں کے ہیڈوں کے جن کی سطح بلند ہے ۔"

یہی وجہ ہے کہ پانی کی سپلائی بہت کم ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ کہاں لکھا ہے ؟

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جب میں نے پڑھ کر سنا دیا ہے پھر بھی آپ نہیں مانتے ۔ کیا کوئی معزز ممبر جو تین لاکھ کا نمائندہ ہے غلط بیانی کر سکتا ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ نہیں نہیں غلط بیانی نہیں ۔ دیکھئے سوال کے بہت سے

حصے ہوتے ہیں -

خواجہ جمال محمد کوریجہ - جناب یہاں لکھا ہوا ہے - کہ سطح بلند ہے -

وزیر آبپاشی - یہ صحیح ہے اور مجھے اعتراف ہے - میں آپ کا شکر گذار ہوں آپ نے میری تصحیح فرما دی ہے - تو میں پھر یہی عرض کروں گا کہ چونکہ normally جہاں channel کا پانی باند ہونا چاہئے وہاں ڈسٹری بیوٹریز میں باسانی جا سکتا ہے -

خواجہ جمال محمد کوریجہ - جناب والا - میں نے تو یہ عرض کیا تھا کہ جو distributories ہیں ان کی سطح بلند ہے اگر نہر میں پانی کم ہو جائے تو جب تک ان کو head up نہ کیا جائے ان میں پانی نہیں جا سکتا - میں نے اسی لیے عرض کیا ہے کہ ان کی سطح کو بلند کرنے کے لیے صرف ایک ہی چیز ہے کہ وہاں درے لگائے جائیں تاکہ ان میں پورا پانی آسکے - ہمیں مقدار سے بہت کم پانی ملتا ہے - آپ بتائیں کہ آپ نے میرے سوال کا کیا جواب دیا ہے ؟

وزیر آبپاشی - میں عرض کر رہا ہوں کہ گیٹ وغیرہ ہم نے لگانے شروع کر دئے ہیں اور آپ کے گیٹ بھی جلدی ہی لگائے جائیں گے -

UNCOMMANDED LAND IN CHACHARAN SECTION OF MALKANI SUB-DIVISION CIRCLE RAHIMYAR KHAN

*3853. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) the acreage of uncommanded land in Chachran section of Malkani sub-division, circle Rahim Yar Khan, alongwith the acreage of riverine and canal irrigated areas separately;

(b) whether it is a fact that Mad Adil Minor is being constructed on Chachran S.R. to irrigate the river-bank areas;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, whether there is any scheme under consideration of Government for irrigating uncommanded areas as well; if so, when it will be implemented and if there is no such scheme, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Uncommanded area in Chachran section of Malkani Sub-Division Rahim Yar Khan Circle 2,640 acres.

Riverian Area ... 6,100 acres (approximately).

Canal irrigated area ... 36,896 acres.

(b) No.

(c) The question of implementing the scheme does not arise. The reason for no scheme is due to tight water supply conditions on the Sutlej Valley Project Canals.

EMBEZZLEMENT IN THE ACCOUNTS OF IRRIGATION DEPARTMENT AT JAMPUR, DISTRICT DERA GHAZI KHAN

*3854. **Khawaja Jamal Muhammad Korajia**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that S.D. O. canals, Sub-Division Jampur, Circle Dera Ghazi Khan sent a telegram to the Irrigation Department in 1963 about some embezzlement in the departmental accounts;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the details of official investigation made in the said embezzlement case; if no investigation was made, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a). No.

(b). Does not arise.

CONSTRUCTION OF MALKANI SEM NULLAH IN SUB-DIVISION MALKANI CIRCLE RAHIM YAR KHAN

*3855. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that about one lakh rupees were spent on the construction of Malkani Sem Nullah in Sub-Division Malkani, Circle Rahimyar Khan;

(b) whether it is a fact that 150 acres of agricultural land has been reclaimed after the construction of the said Sem Nullah;

(c) whether it is a fact that about 275 acres of agricultural land is flooded by the accumulation of sem water because there is no power-pump on the out-fall ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangements for installing a power pump immediately; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Yes.

(b) Yes.

(c) No.

(d) There is no propsal to instal pumps at the out fall as it is not considered necessar..

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ وہاں پر آپ نے جو تین لاکھ روپیہ خرچ کر کے سیم نالی بنائی ہے اس کا کیا مقصد ہے ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ تاکہ سیم کا پانی نکالا جائے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جب اس کو سیم کے پانی کو نکالنے کے لئے بنایا گیا تھا تو اس کا پانی ڈالنے کا طریقہ کیا یہی سوچا تھا کہ اسے

escape میں ڈالا جائے ۔ اب جب سیلاب آتا ہے اور آپ اسے بند کر دیتے ہیں تو سیم کا پانی پھر رقبوں میں چلا جاتا ہے ۔ آپ نے اس کا کیا تدارک کیا ہے ؟

وزیر آبپاشی ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ سیم نالی پر جو گیٹ ہے اس کو صرف flood season میں بند کیا جاتا ہے دس بارہ یا پندرہ بیس روز کے لئے بند ہوتا ہے ہمیشہ کے لئے بند نہیں رہتا ۔ پندرہ بیس دن کے stoppage کی وجہ سے سیم کے اثرات پیدا نہیں ہو سکتے ۔ اس کے اثرات تو اور بھی associated reason کی وجہ سے ہو سکتے ہیں ۔ اور یہ جو آپ کہتے ہیں کہ یہ بند رہتا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ بند نہیں رہتا بلکہ دریا کے اس حصہ میں جب سیلاب pass کر رہا ہو تو صرف ان دنوں کے لئے بند ہوتا ہے ۔ اور اس کے یہ اثرات نہیں ہو سکتے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ آپ فرما رہے ہیں کہ سیلاب کا پانی دس پندرہ دن رہتا ہے حالانکہ وہاں تین ماہ تک سیلاب رہتا ہے کیونکہ وہاں چھ دریا ملتے ہیں اور بہت زیادہ سیلاب رہتا ہے یہ ان کو معلوم ہے کہ سیم کا موسم بھی ان دنوں میں ہی ہوتا ہے اور پانی کا نکاس بھی ان دنوں ہوتا ہے اس کو head up بھی اسی موسم میں کیا جاتا ہے ۔ جب سیم کی نالی بھر جاتی ہے تو لازماً پانی کھیتوں میں چلا جاتا ہے ۔ پہلے یہ ہوتا تھا

کہ رقبہ سیم میں چلا گیا اور زمینداروں نے برداشت کر لیا ۔ اب وہ جو اپنا اناج ڈالتے ہیں اس کو بھی رو رہے ہیں اس لئے وہاں اگر کوئی پمپ لگا دیا جائے تو پانی کو escape میں ڈالا جا سکتا ہے ۔

Mr. Speaker : That is a suggestion.

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ میں یہ اسلئے عرض کرتا ہوں تاکہ ان کو ہمیشہ کے لئے اطمینان ہو جائے ۔ کہ یہ تین مہینے کی کیفیت دریاؤں میں برقرار نہیں رہتی اور نہ ہی تین ماہ تک گیٹ بند رہتے ہیں ۔ وہ تو تھوڑے وقت کے لئے بند ہوتے ہیں ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں نے بتایا ہے کہ سیلاب رہتا ہے یہ فرما رہے ہیں کہ نہیں رہتا ہے ۔ اسکے متعلق میں آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں کہ آپ کوئی آدمی مقرر کر دیں اور وہ چل کر دیکھ لے ۔ میں نے تو کہا ہے کہ تین مہینے سیلاب رہتا ہے یہ کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کوریجہ صاحب میں نہیں بھیجوں گا یہ تو مخدوم صاحب ہی بھیجیں گے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ یہ جو کچھ فرما رہے ہیں اسکے لئے

میں عرض کروں گا کہ جو انفارمیشن انکو دی گئی ہے وہ غلط ہے وہاں پانی سیلاب کا پانی ۶-مہینے تک رہتا ہے - اسکا جو drain ہے جب وہ بند ہوتا ہے تو اسکا پانی تمام علاقہ میں پہنچ جاتا ہے -

وزیر آبپاشی - آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ ۶-مہینے دریا میں سیلاب نہیں رہتا ہے تھوڑے وقت کیلئے رہتا ہے اور جو سیم زمین میں رہجاتی ہے یہ اثرات اسکی وجہ سے ہیں اسکے لئے میں عرض کروں گا کہ منگلا ڈیم کے مکمل ہونے کے بعد جو اس سال مکمل ہو۔جائیگا اور الڈس بیسن کے مکمل ہونے کے بعد جو سیلاب کی پوزیشن improve ہو جائیگی اسکے بعد ڈیم میں پانی جمع کیا جائیگا - یہ میں آپ کو اطمینان دلاتا ہوں کہ تھوڑے دنوں کیلئے سیلاب کی کیفیت رہتی ہے جس سے آپ فرما رہے ہیں کہ تکلیف پہنچتی ہے اسکے لئے میں نے عرض کیا ہے کہ ان dams کے بننے کے بعد دریاؤں کی وہ پوزیشن نہیں رہیگی اور یہ جو سیم نالی ہے مجھے امید ہے کہ بند نہیں ہوا کریگی -

Mr. Speaker : The Question Hour is over now.

بابو محمد رفیق - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - بعض سوالات جو کاپی میں re-print ہوتے ہیں اور انکے لئے کہدیا جاتا ہے کہ ہاؤس کی میز پر انکی

تفصیل رکھدی گئی ہے اور جو جواب ہمکو دیا جاتا ہے وہ اس سے مختلف ہوتا ہے تو ہمکو printed جواب دو ایک دن پہلے دیا جایا کرے تاکہ ہم اسکو دیکھکر تیاری کر سکیں ۔

MALAKAND...	90 66	129.86
DARGAI	137.81	127.72

It is not possible to give the income derived by each one of the Stations individually as these stations feed the power generated by them into the grid net work.

MAKING OF A TUNNEL THRHUGH LOWARI PASS

*4611. **Atalíq Jafar Ali Shah** : Will the Minister of Irrigaiion and Power be pleased to state whether it is a fact that some survey is being conducted by WAPDA for making a tunnel through Lowari Pass; if so, the exact nature of the said Survey, the results so far achieved therefrom and the approximate time by which the said survey is expected to be completed?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din): Yes, topographical and geological mapping and sub-surface exploration; detailed geological mapping has alomost been completed and two bores have been drilled to ascertain the geological features, topographical survey is being arranged ; by June, 1967.

PROMOTION OF JUNIOR CLERKS OF IRRIGATION DEPARTMENT IN FORMER N.W.F.P. AREA

*4618. **Nawabzada Rahim Dil Khan** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that the Junior Clerks of Irrigation Department in the former N.W.F.P., area are given promotion

period of 11 years but no such condition is imposed on their counterparts in the former Punjab area, if so, reasons for disparity?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din): No Departmental Examination is prescribed for promotion of the Ministeral Clerical Establishment borne on Regional Office cadre in the former Punjab area but passing of Sub Divisional Accounts Examination is compulsory for Assistant Clerks (Junior Clerks) borne on circle cadre for their promotion as Sub Divisional Clerks (Senior Clerks).

Rules in this respect have not yet been integrated and the areas of the former Provinces of the West Pakistan are being governed by the rules applicable to them before Integration.

WATER SUPPLY IN FATEH MURAD CANAL, GAJYANI CANAL, HAKRA CANAL AND FORDWAH-DISTRIBUTARY

***4623. Mr. Abdul Qayyum Qureshi :** Will the Ministers of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Fateh Canal, Murad Canal, Gajyani Canal, Hakra Canal and Fordwah Distributary in Sadiqia Division are perennial canals,

(b) whether it is a fact that all the said canals emanate from Sulemanki Headworks;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative the number of

days during the period from July, 1966 to 1st October, 1966 during which water was supplied in each of the said canals?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din): (a) Yes.

(b) No. Only Sadiqia and Fordwah Canals emanate from Sulemanki Headworks.

(c) The statement containing the information is placed on the Table.

STATEMENT GIVING THE NUMBER OF DAYS DURING THE PERIOD FROM JULY TO OCTOBER 1966 DURING WHICH WATER WAS SUPPLIED.

Sr. No.	Name of Channel.	July 1966	August 1966	September 1966	October 1966
1	Fateh Distributary.	25	29	24	30
2	Murad Distributary.	27	29	29	25
3	Gajyani Distributary.	27	27	28	23
4	Hakra Branch.	31	30	30	31
5	Fordwah Distributary.	30	25	29	18

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER

ESTIMATED EXPENDITURE OF WAPDA

231. **Khawaja Muhammad Safdar** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state the total estimated expenditure of WAPDA for the current financial year giving the expenditure of Indus Basin Plan, other water projects and electricity, separately ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : As per statement placed on the Table of the House.

STATEMENT SHOWING TOTAL EXPENDITURE OF WAPDA FOR THE YEAR, 1966-67.

(*1*) *Indus Dasin Project.* . . Rs. 184.02 crores.

(*2*) *Capital Expenditure.*

(a) Water Projects : Rs. 23.3860 crores . . Rs. 53.79 crores.

(b) Power Projects : Rs. 29.9103 crores

(c) WAPDA House : Rs. 0.4975 crores

(*3*) *Revenue Expenditure.*

Operation expenditure of . . . Rs. 11.67 crores.

Electricity Operation Branch.

Total Expenditure : . . Rs. 249.48 crores.

QUESTION OF PRIVILEGE

RE: INCORRECT REPLY TO STARRED QUESTION NO. 4226.

Mr. Speaker: We will now take up the Privilege Motion, which was tabled by Mr. Munawar Khan on 25th November.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ منور خان صاحب نے اپنے Privilege motion میں ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے سوال کا جواب غلط دیا گیا ہے ۔ میرے خیال میں ان کو اس سلسلے میں کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان کو ہوئی ہے یا آپ کو ہوئی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں ابھی عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ آپ کی خدمت میں ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ وٹو صاحب یہ غلطفہمی پرانی ہے یا نئی ہے (قہقہہ)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ غلط فہمی ملک اختر کی عمر سے بھی پرانی ہے ۔ ان کا سوال یہ تھا کہ

> "Whether it is a fact that in the said pilot project area lakhs of rupees have been sanctioned by the District Council, Bannu, and the Divisional Council, D. I. Khan, without ascertaining whether there was a graduate Secretary in the area; if so, the reason thereof, and the action Government intend to take against the officials responsible therefor."

And, Sir, our reply is—

> "It is not correct that lakhs of rupees have been sanctioned (the word 'sanction' is very important Sir.) for this pilot project area by the District Council, Bannu, and the Divisional Council, D.I. Khan. In fact only Rs. 8,000/- out of the Rural Works fund have been sanctioned. Moreover, the appointment of a graduate Secretary is not necessary as explained in (b) and (c) above."

خان صاحب کو یہ غلط فہمی اس وجہ سے پیدا ہوئی ہے اور واقعاتی پوزیشن اس وقت یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے ایک ریزولیوشن پاس کیا جس میں (جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں تھوڑی سی قانونی پوزیشن اور پروسیجر بھی عرض کر دوں) کہ جتنے یونین کونسلوں کے پروگرام ہوتے ہیں اور سکیمیں ہوتی ہیں وہ پانچ ہزار تک تحصیل کی ہوتی ہیں اور ۵۰ ہزار ڈسٹرکٹ کونسل کی اور ۵۰ ہزار سے اوپر جتنی سکیمیں ہوتی ہیں ان کی منظوری دینے کی مجاز ڈویژنل کونسل ہوتی ہے اور ۵۰ ہزار سے ۵ لاکھ تک ڈویژنل کونسل کی سکیمیں ہوتی ہیں اور اول تو جب ۵ لاکھ سے اوپر کی تمام سکیمیں جو ہوتی ہیں ان کی منظوری گورنمنٹ دیتی ہے ۔ اس سلسلے میں خانصاحب کو غلط فہمی اس وجہ سے پیدا ہوئی مین عرض کر رہا تھا تو ملک اختر صاحب آ رہے تھے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس میں ڈسٹرکٹ کونسل کی ایک قرار داد کے الفاظ ہیں ۔ میرے خیال میں خان صاحب کو کچھ غلط فہمی اس وجہ سے بھی ہوئی ہے

ایجنڈے میں ۲۰ نمبر پر اسسٹنٹ ڈائرکٹر بنیادی جمہوریت پائے ہنوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے اپنے معمولی جلسہ کی قرارداد مین مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۶۶ء مندرجہ ذیل سکیمیں بہ تخمینہ لاگت مندرجہ محاذ ہریک منظور کی تھیں - اس میں چوکی ککی تا عصمت ککی دو میل بلیک ٹار روڈ ۱ لاکھ ۲۵ - لاکھ روپے کی سکیم ہے اور دوسرے سیرنگ روڈ از ککی کلان تا ندی لورا پیک ٹار روڈ تین فرلانگ یہ ۵ ہزار کی سکیم تھی - جسے ترمیم کرکے ایک یعنی ایک لاکھ ۲۵ ہزار سے ترمیم کرکے پہلی ایک لاکھ چالیس ہزار روپیہ کر دی گئی اور دوسری پانچ ہزار سے ۹۵ ہزار روپے کر دی گئی - یہ غلط فہمی خان صاحب کو اس وجہ سے ہوئی کہ ایوان نے متفقہ طور پر دو سکیموں کی منظوری بہ ایزاد شدہ تخمینہ لاگت دی حالانکہ یہ منظوری عملاً منظوری نہیں ہے بلکہ یہ منظوری عملاً سفارش ہے - ڈویژنل کونسل کو جس میں ایک سکیم ہے اور وہ موجودہ یونین کونسل کے بارہ میں ہے ککی چوکی سے عصمت ککی تک سوا دو میل سڑک کی تعمیر اور ککی کلان سے ندی لورہ تک سڑک پختہ کرنے کا منصوبہ اور یہ ۹۵ ہزار روپیہ کی سکیم ۱۷ اکتوبر کو ڈویژنل کونسل کے سامنے پیش ہوئی جس میں ڈویژنل کونسل نے ڈویژنل کمشنر کو اور

ڈویژنل کونسل کے چیئرمین کو اس سلسلہ میں مجاز کیا کہ وہ ساری چیز کو دیکھیں اور اس کے بعد اس کے متعلق منظوری دیں ۔ اور جناب والا ۔ اس وقت تک یہ معاملہ ڈویژنل کمشنر کے زیر غور ہے ۔ چنانچہ اس حد تک یعنی پہلی غلط فہمی جو ڈسٹرکٹ کونسل کی منظوری درج ہونے کی وجہ سے خانصاحب کو ہوئی اس کے باوجود چونکہ ڈویژنل کونسل نے منظوری کا لفظ اب تک نہیں لکھا ہے اور نہ ہی انہوں نے اس کی منظوری دی ہے ۔ اس لیے واقعاتی طور پر منظوری والا معاملہ نا درست ہے ۔ گویا اس وقت تک بھی وہ آٹھ ہزار روپیہ جو ایک ڈسپنسری کے لئے منظور کیا گیا ہے وہی منظور ہوا ہے اور اس سے زیادہ کوئی رقم ان سکیموں کے لیے جو یونین کونسلوں کے متعلق ہیں منظور نہیں ہوئی ۔ خانصاحب کو یہ غلط فہمی اس مد کے ایجنڈا میں آنے کی وجہ سے ہوئی ہے حالانکہ مسئلہ ابھی تک زیر غور ہے۔ اور اس میں بہر صورت مفاد عامہ کا خیال رکھا جائیگا ۔ مقصد تو دراصل یہی ہوتا ہے کہ سکیموں کی منظور شدہ رقم کے مطابق خرچ کیا جائے ۔ اور تحصیل کی حد تک یا ڈسٹرکٹ یا ڈویژن کی حد تک کوئی زیادتی یا

غلطی اگر ایک ادارے کے علم میں آ جائے یا کسی دوسرے کے علم میں ہو تو عوام کی یہ جو رقوم ہیں ان کا مصرف دانشمندی سے ہونا چاہیئے ۔ اور ان کے مصرف کے بارے میں جانچ پڑتال اور چھان بین کرکے قدم اٹھانا چاھئے تاکہ چھان بین بھی صحیح طور پر ہو سکے چنانچہ اس سلسلہ میں کمشنر چھان بین کر رہے ہیں ۔ مسئلہ زیر غور ہے اور ان سکیموں کی منظوری صرف اسی صورت میں دی جائے گی اگر یہ پایا جائے کہ یہ سکیمیں مفاد عامہ میں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب آپ کے چیئرمین اور آپ کے بنیادی جمہوریت کے دوسرے افسران یہ لفظ کیوں استعمال کرتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کونسا جناب والا ؟

مسٹر سپیکر ۔ "منظوری" کا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ انہیں یہ لفظ استعمال نہیں کرنا چاہئے تھا ۔ میں نے اس لیے عرض کیا کہ خانصاحب کو زیادہ تر غلط فہمی ہو گئی تھی ۔ لیکن اگر آپ "منظوری" کا لفظ بھی لے لیں تو بھی آپ ملاحظہ فرمائیں کہ منظوری ڈسٹرکٹ کونسل نے نہیں دی بلکہ انہوں نے اپنے سوال میں واضح طور پر یہ فرمایا ہے ۔

"Whether it is a fact that for the said Pilot Project area lacs of rupees have been sanctioned by the District Council Bannu and the Divisional Council Bannu."

یعنی ان دونوں نے یہ sanction کئے ہیں ۔ یہ دونوں معاملے یعنی دونوں سڑکیں ایک قرارداد کے تحت دونوں جگہوں پر deal ہو رہی ہیں ۔ گویا خانصاحب کے علم میں یہ بات جو ڈسٹرکٹ کونسل میں آئی ہے وہ ڈویژنل کونسل میں بھی منظور ہو چکی ہے اور جو واقعاتی طور پر ڈسٹرکٹ کونسل کے غلط الفاظ کے استعمال کے باوجود ڈویژنل کونسل میں وہ چیز منظور نہیں ہوئی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ انہوں نے نا درست الفاظ کیوں لکھے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ عملاً انہوں نے وہی کیا جو انہیں کرنا چاہیئے تھا ۔ اور اس میں ہم یہ عرض کرینگے کہ جہاں تک اس ہاؤس کا تعلق ہے اس نے یہ بات منظور کر لی کہ اس منظوری کو ہم عملاً منظوری تصور نہیں کرتے ۔ جب تک ڈویژنل کونسل اس کو منظور نہیں کریگی اس وجہ سے خانصاحب کو غلط فہمی ہو گئی ورنہ واقعاتی طور پر یہ ٹھیک ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ میاں صاحب ڈسٹرکٹ کونسل کی منظوری کے جواب میں تو آپ نے یہ کہا ہے کہ یہ غلط ہے کہ یہ منظوری ہوئی ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں نے دونوں کے جواب میں کہا ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کے متعلق آپ نے کہا ہے کہ یہ غلط ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کے لیے کوئی علیحدہ نہیں کہا ۔ آپ سوال ملاحظہ فرما لیں انہوں نے محض سوال یہ کیا ہے۔

> "Whether it is a fact that for the said Pilot Project area lacs of rupees have been sanctioned by the District Council Bannu and the Divisional Council, D.I. Khan."

It is the same problem and the same resolution which is being discussed by both the District Council and the Divisional Council. So, the question itself pertains to the problem which is under consideration of both these bodies. The question merely says that both these bodies have sanctioned the amount.

Mr. Speaker : But the term "lacs of rupees" is vague. The member cannot be exact and that is why he has asked for the information.

Moreover, the agenda says that it was sanctioned.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ نہیں جناب دو طرح کے ایجنڈے ہیں ۔

Mr. Speaker : Who prepares the agenda?

Minister of Basic Democracies : The Secretary of the District Council.

Mr. Spea ker : Under the directions of the Chairman.

Minister of Basic Democracies : Yes, Sir.

Mr. Speaker : And they have used the word 'manzuri'. Then why should not the member presume it? That may be a legal point.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ legal point نہیں ۔ آپ اس بات پر توجہ فرمائیں کہ ان کا سوال یہ نہیں ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے منظوری دے دی ہے ۔ ان کا سوال یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسل نے منظوری دے دی ہے اگر اس بات کو یہ بھی سمجھ لیا جائے کہ وہ "منظوری" منظوری ہے اور میں نے عرض کیا کہ وہ منظوری قانون کے مطابق کوئی منظوری نہیں ہے اور ہم قانون کے مطابق منظوری اسی کو سمجھیں گے جب ۵۰ ہزار سے اوپر کی سکیم جو ہے وہ ڈویژنل کونسل بھی منظور کر دے اور چونکہ سوال میں بھی یہ بات واضح ہے اور جناب اگر میری طرح آپ اس

مسئلہ پر غور فرمائیں گے کہ جب قانون کے مطابق ۵۰ ہزار کی سکیم ڈسٹرکٹ کونسل منظور نہیں کر سکتی اور معاملہ ڈویژنل کونسل کے پاس جاتا ہے اور اس صورت میں بھی وہ ڈویژنل کونسل کے پاس گیا اور وہاں منظور نہیں ہوا اور سوال میں یہ بات واضح طور پر بیان کی گئی ہے کہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسل نے منظور کیا ہے جو واقعاتی طور پر نادرست ہے اگر وہ یہ کہتے کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے منظور اور ڈویژنل کونسل کے پاس زیر غور ہے اور اس کا جواب میں دیتا کہ "نہیں" تو میرا جواب غلط ہوتا۔ لیکن جب انہوں نے اپنے کہنے کے مطابق یہ کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل اور ڈویژنل کونسل نے منظوری دے دی ہے اس میں صاف بات ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل تو اس کی منظوری دے ہی نہیں سکتی تھی اور یہ ایک ہی مسئلہ ہے ۔ یہ دو مسئلے نہیں ہیں کہ ایک میں ڈسٹرکٹ کونسل نے لاکھوں روپیہ منظور کر دیا ہو اور وہ بعد میں ختم ہو گیا ہو اور یہ کہنا کہ دوسرا مسئلہ ڈویژنل کونسل میں لاکھوں روپیہ زیر غور ہے ۔ ایک ہی بات جو ڈسٹرکٹ کونسل میں آئی وہی بات ڈویژنل کونسل میں بھی آئی اور اس کے بارے میں انہوں نے یہ پوچھا ہے ۔ یعنی mention کیا ہے کہ ضروری سکیم ہے ۔ لیکن یہ وہی چیز ہے جس کے

بارے میں انہوں نے سوال میں یہ کہا ہے کہ "By the District Council and the Divisional Council" میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر یہ بھی تصور کر لیا جائے تو دوسری بات ہے ۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ ان کو غلط فہمی اس لئے ہوئی ہے ۔ کہ اس ریزولیوشن میں جو الفاظ تھے وہ منظوری کے تھے ورنہ واقعاتی طور پر جب وہ اسی معاملہ کے بارے میں ڈسٹرکٹ کونسل اور ڈویژنل کا حوالہ دیتے ہیں اور اس معاملہ یا مسئلہ کا ابھی تک ڈویژنل کونسل نے فیصلہ نہیں کیا تو اس کو ہم منظوری نہیں کہہ سکتے ۔ اس لئے واقعاتی طور پر میرا جواب بالکل درست ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا میاں آپ اس رقم کے متعلق یہ سمجھتے ہیں کہ یہ لاکھوں روپیہ دونوں ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسل کو ملا کر پڑھا جائیگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو کیا یہ مناسب نہیں تھا کہ آپ دونوں کی تفریق کر دیتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ دونوں صورتیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آیا یہ ریزولیوشن اور ایجنڈا جواب تیار کرتے وقت آپ کے پاس آ چکا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس وقت جناب والا ۔ جو جواب ہمارے پاس آیا ہے اس کے بارے میں یہ ہے اور اسی وجہ سے جناب سے میں نے وقت لیا تھا ۔ میں صحیح پوزیشن ریزولیوشن منگوا کر بھی دیکھ لوں ۔ جناب والا۔ میں اس بارے میں عرض کرتا ہوں انہوں نے کہا ہے :۔

> "Only rupees eight thousand sanctioned by District Council Bannu out of rural works programme funds for civil dispensary Kakki (.) for request rupees two lacs . . . .

Note, Sir. The words are 'request'.

> ". . . . Request for rupees two lacs thirty-five thousand already made for two roads for the pilot project area Kakki (.) sanction awaited".

مسٹر سپیکر ۔ کیا یہ ڈسٹرکٹ کونسل کا ایجنڈا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ ڈسٹرکٹ کونسل کا جواب ہے ۔ جس پر ہمارا یہ جواب مبنی ہے اور یہ جناب بالکل واضح بات ہے اور مجھے پورے طور پر یقین ہے کہ یہ بڑی واضح بات ہے جب ایک ادارہ

منظوری دے ہی نہیں سکتا یہ چیز اس کے حیطۂ اختیار میں نہیں ۔ وہ تو صرف اس چیز کی سفارش کر سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ڈسٹرکٹ کونسل کی میٹنگ میں جو ریزولیوشن پاس ہوا اس کے الفاظ کیا ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس میں جناب والا سکیموں کی منظوری سے متعلق چیزیں ہیں ۔ اس میں بعض سکیموں کو منظور کیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے اس ریزولیوشن نمبر ۲۰ کی منظوری دی ہے اس کے الفاظ کیا ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں عرض کرتا ہوں جناب ۔ یونین کونسل سے ایک سکیم آتی ہے اور یونین کونسل یہ قرارداد منظور کرتی ہے اور تحصیل کونسل کو بھیج دیتی ہے ۔ پھر تحصیل کونسل اسے منظور کرتی ہے ۔ اگر وہ پانچ ہزار کے اندر مالیت کی سکیم ہو تو پھر تحصیل کونسل کی وہ منظوری فائنل سمجھی جاتی ہے ۔

Mr. Speaker : But this decision is to be recorded by the Deputy Commissioner.

Minister for Basic Democracies : No Sir, by the District Council, not the Deputy Commissioner.

Mr. Speaker : Deputy Commissioner is not the Chairman ?

Minister for Basic Democracies : He is the Chairman alright.

Mr. Speaker : But the Chairman writes the decision.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جی ہاں ۔ وہ تو جو procedure ہوتا ہے اس کے مطابق بعد لکھا جاتا ہے اسکے بعد وہ ڈسٹرکٹ کونسل کے پاس جاتا ہے اگر پانچ ہزار سے اوپر کی سکیم ہے تو تحصیل کونسل اسے منظور کر دیتی ہے اور اگر تحصیل کونسل اسے نا منظور کر دے پھر وہ ڈسٹرکٹ کونسل کے پاس اوپر نہیں جائے گی لیکن اگر وہ منظوری دے دے اور وہ پانچ ہزار سے اوپر کی سکیم ہو تو پھر وہ ڈسٹرکٹ کونسل کے پاس جائے گی ۔ اگر وہ نا منظور کر دے تو وہ ڈویژنل کونسل میں نہیں جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ڈویژنل کونسل کا فیصلہ ڈپٹی کمشنر نے کیا لکھا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایوان نے متفقہ طور پر دونوں سکیموں کی منظوری یا ایزاد شدہ تخمینہ لاگت دی ۔

منسٹر سپیکر ۔ اور اس میں یہ نہیں ہے کہ یہ اس کو ریفر کیا جائے یا ڈویژنل کونسل سے سفارش کی جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ یہ کبھی ریزولیوشن میں لکھا نہیں جاتا ہے ۔ کیونکہ یہ رول آف پروسیجر ہے ۔ جس طرح یہاں تقریر کرتے وقت کوئی ممبر یہ نہیں کہتا کہ میں فلاں رول آف پروسیجر کے تحت یہ تقریر کر رہا ہوں ۔ جس طریق سے یہ presumed ہے اسی طرح ہر ریزولیوشن میں یہ پرووِژن ہوتا ہے ۔ اگر وہ نہ کر دیں تو یہ سکیم وہیں ختم ہو جاتی ہے ڈسٹرکٹ کونسل میں نہیں جاتی ۔ اور اس کے مطابق وہ ڈویژنل کونسل میں گئی ۔ یہ نہیں کہ اپنے پاس رکھ کے یہ سمجھ لیا جائے کہ وہ منظور ہے ۔ اب اگر وہ ڈویژنل کونسل اسے منظور کر دے تو وہ منظور ہے۔ اور اگر وہ نامنظور کر دے تو پھر نامنظور ہے ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کی منظوری کا یہ مطلب ہے کہ جہاں تک اس ایوان کا تعلق ہے یہ منظور ہے ۔ اس ایوان کے اختیار میں دو چیزیں ہیں ۔ نامنظور کرنا ان کے اختیار میں ہے ۔ لیکن اگر وہ منظور کریں گے تو وہ منظوری subject to confirmation of the Divisinal Council ہوگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر وہ اپنا ریزولیوشن ڈویژنل کونسل کو نہ بھیجیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اگر نہ بھیجیں تو اس کی کوئی وقعت نہیں ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ دفتر جو ہے آپ کی ڈسٹرکٹ کونسل کا کیا وہ پابند نہیں ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ وہ پابند ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ کس طرح پابند ہے جب اس میں ڈائرکشن ھی نہیں کہ وہ ڈویژنل کو بھیجا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ ڈائرکشن تو presumed ہے ہمارے رولز کے مطابق جو میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : That is there. Why has it-nol been recorded in the decision ?

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ This is, Sir, going too far.
جیسے آپ ارشاد فرمائیں گے میں submit کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن جو قانون بن گیا ہے وہ اس ریزولیوشن میں ہے ۔ اگر آپ ڈسٹرکٹ کونسل کو یہ اختیار دے دیں کہ وہ لکھ دیں کہ یہ ڈویژنل کونسل کو بھیجا جائے تو یہ ٹھیک ہے ۔ اگر وہ نہ لکھیں تو یہ سمجھا جائے کہ ہمارے

قانون سے ایسے ریزولیوشن کی زیادہ اہمیت ہے جس کا انہیں اختیار ہی نہیں ہے ۔ ان کا اختیار صرف یہ ہے کہ وہ اسے منظور کریں تو اوپر بھیجیں ۔ لیکن اگر وہ منظور کر کے اوپر نہ بھیجیں تو نہ ہم وہ رقم دیں گے اور نہ وہ رقم منظور سمجھی جائیگی ۔ اب اگر آپ یہ فیصلہ فرما دیں کہ ڈسٹرکٹ کونسل کے اختیار میں وہ چیز ہے جو ان کے اختیار میں نہیں ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کہ قانون ایک طرف اور ڈسٹرکٹ کونسل کی رائے اس بارمیں جس بارہ میں وہ قانوناً پابند ہے کہ وہ اسے ڈویژنل کونسل کو بھیجے دوسری طرف مگر اس صورت میں وہ صرف ایک آدمی کے تحریر کرنے پر منحصر ہوگا کہ وہ ڈویژنل کونسل کو بھیجے یا نہ بھیجے ۔ یہ جناب والا ۔ قانون کا منشا نہیں ۔ قانون کا منشا یہ ہے کہ انکو دو اختیار ہیں ۔ منظور کرنے کا اور نا منظور کرنے کا ان کے منظور کرنے کا صرف ۔قصد یہ ہوگا ۔ کہ یہ بات ڈویژنل کونسل میں جائے گی ۔ اور آخری اتھارٹی ڈویژنل کونسل کی ہوگی ۔ اب اس کا مطلب جناب والا ۔ یہ ہوگا کہ ہر یونین کونسل میں جو چیز پاس ہو اس کے لئے ہم lay down کریں کہ وہ تحصیل کونسل میں جائےگی ۔ ڈسٹرکٹ کونسل میں جائے گی ۔ ڈویژنل کونسل میں جائے گی ۔ اس صورت میں یہ ہوگا کہ اگر چیئرمین یونین کونسل کسی بڑے سے بڑے ریزولیوشن کو پاس کر کے اس پر یہ لکھ دے کہ ہم

نے یہ ریزولیوشن اوپر نہیں بھیجنا تو وہ وہی ختم ہو جائے گا ۔ کیونکہ وہ کارروائی کنٹرولنگ اتھارٹی کو جانی ہوتی ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر رولز require کرتے ہیں تو وہ اس پر لکھے کہ یہ بھیجا جائے ۔ چیئرمین یہ ریکارڈ کرے کہ یہ چیز جو ہے وہ اوپر بھیجی جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے استدعا کرونگا ۔ کہ اگر آپ یہ اختیار یونین کونسلوں کو دیں گے ۔ ان چھوٹے اداروں کو دیں گے تو اس کے نتیجے کے بارہ میں آپ خیال فرما لیں ۔ ہم نے قانون کے مطابق ہر ادارے کو پابند کیا ہے کہ وہ اپنے ایجنڈے کو کنٹرولنگ اتھارٹی کے پاس بھیجیں ۔ اب اگر جناب کا یہ ارشاد ہے ۔ جو مجھے یقین ہے کہ آپ محض واقفیت حاصل کرنے کی غرض سے ارشاد فرما رہے ہیں ورنہ اگر یہ interpretation کی جائے تو کیا جناب والا ۔ مجھے اجازت دیں گے کہ میں یہ بات یونین کونسلوں اور ان اداروں پر چھوڑ دوں کہ وہ چاہیں تو اپنے پاس شدہ ریزولیوشن کنٹرولنگ اتھارٹی کو بھیجیں اور چاہیں تو نہ بھیجیں۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ۔ میرا منشا یہ نہیں تھا ۔ میرا منشا یہ ہے کہ جو رولز آپ نے بنائے ہیں وہ انہیں پابند کرتے ہیں کہ وہ اس کارروائی کو

بھیجیں ۔ یہ ان رولز کے مطابق ہے ۔ ان کی خلاف ورزی نہیں ۔ وہ آپ کے رولز کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے وہ ریزولیوشن یا فیصلہ یا ایجنڈا جو بھی ہے وہ تحصیل کونسل کو یا ڈسٹرکٹ کونسل کو یا ڈویژنل کونسل کو بھیجیں اور اس کے مطابق کارروائی ریکارڈ کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں بڑے احترام کے ساتھ عرض کرونگا ۔ کہ اس بارہ میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے کہ یہ بات مناسب تھی یا نا مناسب تھی مگر یہ کہنا کہ قانونی طور پر یہ پابندی ہے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ ان لوگوں کو وہ اختیار دے رہے ہیں جو قانون نے انہیں نہیں دیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں قانون کی پابندی کے لئے یہ پابندی لگا رہا ہوں ۔ کہ وہ قانون کے مطابق یہ لکھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ قانون کی پابندی میں جناب والا ۔ یہ کہیں درج نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ مجھے اجازت دیں ۔ I fully know my

subject. I will explain it just now. میں عرض کر رہا تھا کہ یہ چیز باقاعدہ گذشتہ کافی عرصہ سے صحیح طور پر چل رہی ہے ۔ یہ چیز جناب والا ۔ presume کی جاتی ہے کہ ان کی منظوری اس حد تک ہے جس حد تک ان کو اختیار ہے ۔ اس بارہ میں انہیں پچاس ہزار تک اختیار ہے ۔ پچاس ہزار سے اوپر ہو تو ان کی منظوری کا جہاں تک تعلق ہے وہ ڈویژنل کونسل کی منظوری کے تابع ہے اب جناب جس طرح بھی آپ اس سوال کو پڑھیں ڈسٹرکٹ کونسل اینڈ ڈویژنل کونسل پڑھیں ۔ تو بھی جناب والا ۔ وہ sanction ہے تو complete نہیں ہے ۔ اور اگر آپ ڈسٹرکٹ کونسل کا لفظ علیحدہ پڑھنا چاہیں تو بھی میں یہ عرض کرونگا کہ جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم ان کی منظوری کو قانون کے مطابق منظوری تسلیم نہیں کرتے ۔

اب جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ تحریک استحقاق میں جس چیز کو اہمیت ہوتی ہے وہ واقعاتی پہلو ہے ۔ باقی چیزیں اپنی جگہ بجا ہیں ۔ میں یہ عرض کرونگا جناب والا ۔ کہ واقعاتی طور پر بھی ہمارا جواب درست ہے ۔ اگر منشا غلط جواب دینے کا ہو اور اس ایوان کے وقار کو نقصان پہنچانے کا ہو تو وہ چیز ہوتی ہے جناب والا ۔ جو breach of privilege

کا باعث ہوتی ہے میں پورے اطمینان سے آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اس ایوان کو جواب درست دیا گیا ہے ۔ قانونی طور پر بھی اور واقعاتی طور پر بھی ۔ لیکن اگر کسی لفظ کی وجہ سے یا کسی صاحب نے ناواقفیت کی بنا پر یہ سمجھ لیا کہ یہ منظوری تھی ۔ تو میری اس وضاحت کے بعد جناب والا ۔ یہ غلط فہمی رہنی چاہئیے ۔ نہ اس کی منظوری ہوئی ہے اور نہ ہماری نیت غلط جواب دینے کی تھی ۔ میں اس ایوان کے ہر رکن کا احترام کرتا ہوں اور اپنے آپ کو ہمیشہ پابند سمجھتا ہوں پہلے جتنا عرصہ وزیر رہا اور آئندہ بھی جتنا عرصہ رہونگا کہ اس معزز ایوان کے اراکین کا احترام کروں ۔ اس ایوان کے وقار کو اونچا کرنا میں اپنے ایمان کا جزو سمجھتا ہوں (تالیاں) اس لئے میری طرف سے غلط جواب دینے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Is Mr. Munawar Khan satisfied ?

Mr. Munawar Khan : I am satisfied Sir, & I don't press my motion.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ مجھے آپ کو مطمئن کرنے میں تو بڑی دیر لگی تھی مگر معزز رکن تو جلدی ہی مطمئن ہو گئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ شاید اسی لئے جلدی مطمئن ہو گئے ہیں کہ آپ کو مجھے مطمئن کرنے میں دیر لگی تھی ۔

ADJOURNMENT MOTIONS

SALE OF 'JASHN-E-MULTAN' TICKETS THROUGH UNDUE INFLUENCE OF OFFICIALS AT MULTAN

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions. The first adjournment motion is No. 21 which was deferred. That was tabled by Mr. Hamza.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : There has been no illegal sale and there has been no sale of tickets through officers. I oppose the motion and request that it may be ruled out of order.

Mr. Speaker : The allegation is that officers influenced people to purchase the tickets.

Minister of Law : I may read;

> "Mr. Hamza has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence,

namely, the illegal sale of Jashn-e-Multan (Cultural Show) tickets through undue influence of the officials at Multan, which has caused great resentment among the public especially in Multan District. The matter was brought to my notice through a detailed letter written to me by a citizen of Multan."

Therefore, sir, two points are involved. First of all illegal sale of tickets and second, sale of tickets through undue influence of officials. On point of facts I beg to dispute both the statements. The allegations are incorrect. Neither there has been illegal sale nor has it been through official agency nor has been there undue influence.

For the satisfaction of the Member I would like to add one word. My friend Mr. Hamza had the other day referred to tickets bearing a certain Seal. That was done with a view to see that there is no embezzlement through the sale of false tickets.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that Officers have not sold the tickets?

Minister of Law : They have not. The seal was put with a view to see that false tickets are not sold.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that there should have been signatures of officers and not seals?

Minister of Law : The idea was that there could be tickets with seals and without seals. Just to get over the possibility of bogus tickets being sold the seal had been put.

Mr. Speaker : Was the seal fixed before the sale and distribution of tickets?

Minister of Law : The tickets were sealed and then they were sent. In other words it was a rubber seal.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that the rubber stamp was fixed before distribution of tickets for sale.

Minister of Law : Yes Sir.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - جناب وزیر قانون صاحب بہت ہی اچھے وکیل ہیں اور انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں افسران کی ناجائز کارروائیوں کی حمایت کرنے کا ایک بڑا اچھا طریقہ اختیار کیا ہے لیکن اس حقیقت کو تسلیم کرنے سے کہ جشن ملتان کلچرل شو میں جو ٹکٹ تھے ان پر آفیشیل سیل ڈپٹی کمشنر کی لگائی گئی ہے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ رقومات جو اکٹھی کی گئی ہیں محض افسران کے ناجائز اثر بلکہ دباؤ سے حاصل کی گئی ہیں - جناب سپیکر - یہ قطعاً ڈھکی چھپی چیز

نہیں اور آپ کو اپنی عملی زندگی میں تجربہ ہوا ہوگا کہ جب کبھی اس قسم کے نام نہاد جشن منائے جاتے ہیں تو آفیشیل مشینری - سرکاری افسران اور وہ لوگ جو انکے پاس سرکاری فرائض کی انجام دہی کے لیے حاضر ہوتے ہیں اور وہ حاضر ہونے پر مجبور ہوتے ہیں ان کو یہ رقومات ادا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے -

جناب سپیکر - میرے پاس جو ٹکٹ ہے وہ ۱۰۰ روپے کا ہے اس پر لکھا ہے "جشن ملتان کلچرل شو سیزن ٹکٹ ۱۶-۱۷ نومبر ۱۹۶۶ء" جناب وزیر موصوف نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ افسران نے کوئی دباؤ ڈالا ہے اور محض رقومات کے غبن کے تدارک کے لیے مہریں لگا دی ہیں ان کا یہ بیان ان کے بلند مرتبہ کے خلاف ہے اور ان کی عزت کے خلاف ہے - میں اس سے زیادہ کچھ عرض نہیں کر سکتا لیکن یہ اس امر کا بین ثبوت ہے کہ یہ افسران جس طرح اپنے سرکاری فرائض سر انجام دیتے ہیں یا غیر سرکاری فرائض جس طریقے سے سر انجام دیتے ہیں ان کا آپ کو بھی علم ہے - ایسا کام جو ان کے فرائض میں شامل نہیں ہوتا اس کو وہ اپنے فرائض میں سمجھتے ہیں لیکن جو ان کے فرائض میں شامل ہے وہ اس کو قطعاً نظر انداز

کرتے ہیں اور یہی صورت حال ہمارے ملک کی انتظامیہ کا بڑا المیہ ہے ۔ میں ان معروضات کے پیش نظر سمجھتا ہوں کہ جو تحریک التوا میری جانب سے پیش کی گئی ہے وہ آئین قانون اور قواعد و ضوابط کے عین مطابق ہے اور اس کو باضابطہ قرار دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱)۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے انکار کیا ہے کہ مقامی افسران نے ان ٹکٹوں کو فروخت ہے ۔ جناب والا جشن ملتان کی کمیٹی کا چیئرمین ملتان کا کمشنر ہے اور وہاں کا ڈپٹی کمشنر وہاں کا سپرنٹنڈنٹ آف پولیس۔ وہاں کا جی اے I اور وہاں کا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اس کمیٹی کے ممبر ہیں ۔ یہ ٹکٹیں اس کمیٹی کی طرف سے ہی شائع ہوئی ہیں جس کا چیئرمین خود کمشنر ہے اور اس کا ڈپٹی کمشنر ممبر ہے ۔ جی ۔ اے I کے اس ٹکٹ پر دستخط ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

(اس مرحلہ پر خواجہ محمد صفدر صاحب نے ٹکٹ مسٹر سپیکر کو دکھائی)

جناب والا ۔ جس کمیٹی کے خود ہی ہمارے کمشنر صاحب صدر ہوں ۔ جس کا ممبر اس جگہ کا ڈپٹی کمشنر ہو ۔ جس کا ممبر اس جگہ کا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہو ۔ جس کے ممبر اس جگہ کے دیگر افسران ہوں ان کے متعلق یہ کہنا کہ ڈپٹی کمشنر صاحب نے اے یا بی غیر سرکاری افراد کو حکم دیا ہے کہ وہ ٹکٹ فروخت کریں غلط ہے انہوں نے خود اپنے اثر و رسوخ اور ناجائز دباؤ سے لوگوں سے ۱۰۰ روپیہ فی ٹکٹ وصول کیا ہے اور ان کو ٹکٹ دیئے ہیں اور ۷ دن تک رقص و سرود کی محفلوں میں راجہ اندر بن کر بیٹھے رہے ۔ کیا ایسی صورت میں واجب نہیں ہے کہ ہم ان کو روکنے کی کوشش کریں اور ان کو تنبیہہ کرنے کی کوشش کریں وزیر قانون کا ہمارے دل میں بڑا احترام ہے مگر وہ اٹھ کر ان افسران کی ناجائز حمایت کریں جیسے یہ ان سے تنخواہ لیتے ہیں وزیر قانون تنخواہ سرکاری خزانے سے لیتے ہیں ۔ کمشنر ان کو تنخواہ نہیں دیتا نہ ہی ڈپٹی کمشنر ان کو تنخواہ دیتا ہے ۔ ان کے منہ سے ایسے بات لگتی ہے جیسے وہ ان کے ماتحت ہیں اور اس لیے ان کو defend کر رہے ہیں ۔ اگر وہ غلطی پر ہیں تو وزیر قانون ان کو defend نہ کریں ۔ اگر ہم غلطی پر ہوں تو ضرور وہ ان کو defend کریں ۔ اگر وہ غلطی پر ہوں تو ان کو اس ایوان میں سرزنش کرنی ہو گی ۔

Mr. Speaker : The learned Law Minister has denied the facts which

are proposed to be discussed in this adjournment motion. But I have seen the original ticket which has been issued under a rubber stamp and containing the signature of a particular official. In view of these tickets I hold that authentic proof has been produced. I do not agree with the learned Law Minister and I hold the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar : Hear, hear.

Mr. Speaker : Mr. Hamza has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the illegal sale of Jashn-e-Multan (Cultural Show) tickets through undue influence of the officials at Multan, which has caused great resentment among the public especially in Multan District. The matter was brought to my notice through a detailed letter written to me by a citizen of Multan.

Minister of Law : I oppose it.

Mr. Speaker : Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 25 Members rose in their places, leawe to move the motion was refused.

ORDERS OF S.H.O. GUJRANWALA CITY POLICE STATION PROHIBITING OPPOSITION PARTIES LEADERS FROM TAKING OUT A PROCESSION IN PROTEST AGAINST RISING FOOD PRICES

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motion No. 61 Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the wholly unlawful orders of the S.H.O. Gujranwala City Police Station served on the local opposition parties leaders on the 19th & 20th of November, 1966 ordering them not to take out a procession in protest against the rising food prices. This harassing, intimidating unlawful order of the S. H. O. Gujranwala City has caused wide spread resentment amongst the public of Gujranwala.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir I oppose the motion. The facts are that the District Magistrate, Gujranwala, vide his order dated 20th November 1966, had banned the holding of the public meetings and taking out processions in public for a period of two months under section 144 Cr. P.C. On receipt of that message, the S.H.O. City Gujranwala, was directed by the S.P. to inform the participants about the above orders and to ask them to obtain permission from the District Magistrate, Gujranwala if they intended to take out a procession. So the information was conveyed to some of the persons, and it is incorrect to say that they were intimidated by the

police. The action of the S.H.O. was in pursuance of the legal orders. The matter may, therefore, kindly be ruled out of order.

Mr. Speaker : When did the S.H.O. communicate these orders to those persons?

Minister of Law : I don't have the order now.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, some of them were served on the 19th.

Minister of Law : May be, yes.

Mr. Speaker : How is it that the S.H.O. served the orders before the promulgation of section 144?

Minister of Law : I don't have the order with me Sir. If you could kindly postpone it I will get the necessary information and inform the House.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اس کو واضح کر دوں ۔ میرے پاس اس حکم کی نقل موجود ہے جس میں نمبر ۸ پر ایک صاحب چودھری علی محمد کا نام درج ہے ۔ یہ نقل ان کی ھی دستخط شدہ ھے اور اس پر ۱۹ نومبر کی تاریخ درج ھے ۔ انہوں نے لکھا ہے "کہ ان سے اس حکم نامے پر دستخط کرائے گئے ہیں ۔ حالانکہ یہ رپورٹ بالکل غلط اور بے بنیاد ھے" یہ ان کی ھی بھیجی ہوئی نقل ہے ۔ اور ان کے دستخط کے نیچے ۱۹ نومبر کی تاریخ درج

ہے ۔ اور ان کے دستخط سے ہی میرے پاس یہ نقل پہنچی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اخوند صاحب ۔ کیا کل تک آپ اس کو منگوا لیں گے ۔

Minister of Law : I will get the particulars.

Mr. Speaker : We will take up this adjournment motion tomorrow.

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ معاملہ بڑا دلچسپ ہو گیا ہے کہ ۲۰ نومبر کو تو دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ہوتا ہے ۔ اور ۱۹ نومبر کو اس کا اطلاق لوگوں پر ہوتا ہے ۔

Minister of Law : Mr. Speaker, Sir, the finding of the Chair was reserved on motion No. 34 and it was fixed for today.

Mr. Speaker : The ruling was reserved and it was not fixed for today.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ آپ کے ضلع کے پولیس افسر آپ کے ضلع کے ساتھ عجیب سا رویہ روا رکھ رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہاں پر بیٹھے ہوئے میرے لئے گوجرانوالہ اور لائل پور میں کوئی فرق نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس کے متعلق تو آپ کو بہتر معلومات ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : Next motion is 62. It was from Malik Akhtar and it concerns the food policy. Therefore, it is ruled out of order.

SERIOUS CONDITION OF SARDAR SHAUKAT HAYAT KHAN AND GOVERNMENT'S DELAY IN ALLOWING HIM TREATMENT BY A DOCTOR OF HIS OWN CHOICE.

Mr. Speaker : Next is 63, that is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg leave to ask for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the serious condition of Sardar Shaukat Hayat Khan and delay of the Provincial Government in acceding to the request made by Begum Sardar Shaukat Hayat Khan to get the detained leader treated by a Doctor of their own choice. This action of Government has perturbed the minds of public of West Pakistan.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker, I oppose the motion. The facts mentioned are not correct. The Government have always allowed all possible medical aid to the detenu, and for your information, Sir, in June 1966 when they requested for the services of a particular doctor from an American Hospital it was

allowed. Later on again he was being attended to by Dr. Piracha of Dow Medical College. Thereafter there was a request that Dr. Sagar of the United Christian Hospital, Lahore, may be permitted to attend on Sardar Shaukat Hayat Khan. The Provincial Government issued an order, which is more than a month old and he is having treatment from him, according to the request and wishes of Begum Shaukat Hayat. There has been no delay and my learned friend seems to have been misinformed.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I have a cutting from the daily 'Nawa-i-Waqt', dated the 24th November, 1966. and it reads as under :

"سردار شوکت حیات کے علاج کے سلسلے میں
گورنر کی ہدایات،، "گورنر مغربی پاکستان" - - -

Mr. Speaker : What is this document ?

Malik Muhammad Akhtar : It is concerning some leave being granted to them for getting medical treatment ...

Mr. Speaker : Is the Member reading from the newspaper ?

Malik Muhammad Akhtar : Just two lines, Sir.

"گورنر مغربی پاکستان مسٹر محمد موسیٰ نے
صوبائی محکمہ صحت کے حکام کو حکم دیا ہے -

کہ کونسل مسلم لیگ کے نظر بند رہنما سردار
شوکت حیات کو ان کی پسند کے ماہر امراض
قلب سے علاج کرنے کی اجازت دی جائے ۔
صوبائی گورنر نے یہ حکم سردار شوکت حیات کی
بیگم کی طرف سے دی گئی ایک درخواست پر
جاری کئے ہیں جس میں کہا گیا تھا ۔ کہ وہ
سردار شوکت کا علاج اپنی پسند کے ماہر امراض
قلب سے کرانا چاہتی ہیں ۔ ،،

تو جناب والا ۔ اگر اس سے قبل اس کی اجازت دی ہوتی جیسا کہ انہوں نے بیان دیا ہے ۔ تو شاید اس کی ضرورت ہی پیدا نہ ہوتی ۔ جیسا کہ اب گورنر صاحب نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ خبر کس تاریخ کی ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ یہ چوبیس تاریخ کی خبر ہے ۔ اور اغلباً میں نے چوبیس یا پچیس تاریخ کو یہ motion tender کر دیا تھا ۔ تو جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ اگر یہ اجازت پہلے سے دی ہی گئی ہوتی اور اگر اس اجازت کو جاری رکھا گیا ہوتا تو پھر اسکی ضرورت پیش نہ آتی ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اب صورت حال کیا ہے ۔ کیا ان کو ان کی پسند کے مطابق ڈاکٹر مل چکا ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں ۔

Mr. Speaker : Therefore the matter has lost its urgency and it is ruled out of order.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اسمبلی کی کارروائی کے دوران حکومت کی طرف سے اور بالخصوص وزراء کی طرف سے جو بیانات دیئے جاتے ہیں ۔ ان کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہوتی ہے ۔ اور آپ عموماً ان بیانات کو درست تسلیم کرتے ہوئے ان ہی کے حق میں اپنی رولنگ دے دیتے ہیں ۔ اور آپ ایسا کرنے میں حق بجانب بھی ہیں ۔ لیکن اگر جناب وزیر قانون توقع کے بالکل برعکس غلط بیانی کریں جسکا ثبوت گورنر صاحب کے بیان سے بھی ہمارے سامنے آ گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس تحریک التوا کو تو آپ نے خلاف ضابطہ قرار دے ہی دیا ہے اور جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں آپ اس کے لیے حق بجانب بھی ہیں ۔ لیکن اس ایوان میں اس سے بھی بڑا جو جرم سر زد ہوا ہے میں اس کی طرف آپ کی توجہ دلاتا

ہوں ۔ کیونکہ اس طرح سے تو ایوان کی کارروائی انتہائی بے معنی ہو کر رہ جائے گی ۔

Mr. Speaker : I think no action is called for from me in this matter.

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن
خاک ہو جائینگے ہم تم کو خبر ہونے تک

DEATH OF A YOUNGMAN DUE TO THE FAILURE OF THE HEALTH DEPARTMENT TO ADMIT HIM IN THE HOSPITAL & PROVIDE MEDICAL TREATMENT

Mr. Speaker : Next motion is from Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir I beg leave to ask for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, that as reported in the Daily Jang Karachi on 23.11.66 a young man died due to the failure of the Health Department to admit him in the hospital and to provide proper medical treatment.

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ میں اس تحریک کی مخالفت کرتی ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ آپ یہ بھی فرمائیں کہ آپ اس تحریک کی مخالفت کس بناء پر کرتی ہیں ۔

وزیر صحت ۔ میں نے اس سلسلے میں مولانا صاحب کو پہلے کی تمام تفاصیل ارسال کر دی ہیں ۔ میں نے آپ کو بھی عرض کر دیا تھا کہ سول ہسپتال کراچی کے سپرنٹنڈنٹ نے اس افسوسناک معاملے کے متعلق معلومات فراہم کی ھیں ۔ وہ میں نے مولانا صاحب کو بھیج دی ہیں اور امید ھے کہ وہ تفاصیل انہوں نے پڑھ بھی لی ہوں گی ۔ اور ان کی تسلی بھی ہو گئی ھو گی کیونکہ وہ بالکل صحیح ہیں اور ان میں کسی قسم کی غلط بیانی نہیں کی گئی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے جو واقعات فاروقی صاحب کو بتائے ہیں ۔ مجھے بھی بتا دیں تاکہ ایوان کو بھی ان کا علم ہو سکے ۔

وزیر صحت ۔ میں نے تو مولانا صاحب کو پڑھکر سنائی ھیں ۔ بہر حال ایوان کی اطلاع کے لیے بھی عرض کئے دیتی ہوں ۔ کہ سول ھسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے اس افسوسناک معاملہ کے متعلق معلومات حاصل کی

گئیں ۔ دراصل مریض خسرہ جیسی چھوت کی بیماری میں مبتلا تھا ۔ ایسے مریضوں کی حفاظت اور صحت کے پیش نظر عام ہسپتال میں نہیں رکھا جاتا اور ان کے لیے کراچی میں ایک علیحدہ ہسپتال قائم کیا گیا ہے ۔ اس مریض کو بھی طبی معائنہ اور تشخیص مرض کے بعد چھوت کی بیماریوں کے ہسپتال میں داخل ہونے کے لیے مشورہ دیا گیا ۔ اور اس ہسپتال میں داخل ہونے کے لئے رجوع کرنے کی چٹ مریض کو دے دی گئی ۔اس کے بعد بھی مریض نے چھوت کی بیماریوں کے ہسپتال میں داخلہ نہیں لیا اور بعد میں جو کچھ بھی ہوا اس کا ہمیں کوئی علم نہیں ۔

یہ معاملہ ایک مریض اور اس کے متعلقین کی غفلت لاپروائی اور طبی مشورے کی طرف سے بے توجہی برتنے کا ہے اور کسی بھی طرح فوری عوامی اہمیت کا معاملہ نہیں سمجھا جا سکتا ۔ ایسے معاملات کے لیے تحریک التوا لانا کہاں تک مناسب ہے ۔ یہ فیصلہ فاروقی صاحب خود فرمائیں ۔ امید ہے کہ اب وہ خود ہی اس تحریک کو واپس لے لیں گے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ بیگم صاحبہ نے وزارت کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد جس محنت اور عوامی جذبہ کے تحت اپنے فرائض کو انجام دیا ہے میں اس کی قدر کرتا ہوں ۔ جو بیان انہوں نے اس وقت

پڑھا ہے یہ انہوں نے اپنے چیمبر میں مجھے دکھایا تھا اور میں اس سے مطمئن ہوں لیکن اس میں صرف نقص یہ ہے کہ اگر وہ اپنے عمال کو اس بات کی طرف متوجہ کریں کہ وہ عوام کی بہترین خدمت انجام دیں تو زیادہ بہتر ہے -

زیر بحث معاملہ میں ڈاکٹر نے تشخیص کی کہ مریض کو خسرہ کی بیماری ہے اور اسے اسی حالت میں چھوت کے ہسپتال میں جانے کا مشورہ دیا - جیسا کہ اخبارات سے ظاہر ہوتا ہے مریض سول ہسپتال سے جانے کے اڑھائی گھنٹہ بعد فوت ہو گیا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی حالت نازک تھی اور جب ڈاکٹر نے محسوس کر لیا تھا کہ اسے چھوت کے ہسپتال میں جانا چاہئے جو صرف ۵۰ گز کے فاصلہ پر ہے تو اس کے لیے کسی ایمبولینس کار کا انتظام کر دینا چاہئے تھا - کیونکہ اس کی حالت خطرناک تھی اور وہ لا وارث تھا کوئی پوچھنے والا نہیں تھا - میں بیگم صاحبہ سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ڈاکٹروں کو ہدایات جاری کریں کہ ایسے حالات میں اگر ڈاکٹروں کی طرف سے ہمدردی کا اظہار نہ کیا جائے گا تو یہ بڑی زیادتی ہو گی - ان کو چاہئے کہ وہ ایسے بد کردار اور کام چور ڈاکٹروں کے خلاف

کوئی کارروائی کریں ۔ اگر وہ اس بات کی یقین دہانی کرائیں تو میں یہ تحریک التوا واپس لے لوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب آپ نے بیگم صاحبہ کی کارکردگی کی خود تعریف کی ہے ۔ کیا اس کے بعد بھی آپ کو کسی یقین دہانی کی ضرورت ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ویسے تو میں ان کے کام سے مطمئن ہوں ۔

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

HIGH-HANDEDNESS OF THE RLY. POLICE ON THE PASSENGERS OF PADIDAN-TANDO ADAM (VIA MORO FEEDER) RLY. LINE.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں مندرجہ ذیل تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں چونکہ اس معاملہ کا تعلق امن عامہ سے ہے لہذا اس معاملہ پر بحث کرنے کے لئے فوری طور پر اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ معاملہ یہ ہے کہ پڈعیدن سے ٹنڈو آدم وایا مورو فیڈر ریلوے لائین پر پولیس کی زیادتی کی وجہ سے مسافروں میں سخت پریشانی ہے ۔ حیدرآباد کے روزنامہ "مہران" مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۶۶ کے مطابق اس لائین پر سفر کرنے

والے لوگوں کو پولیس کے سپاہی جو کہ گاڑی کے ساتھ ہوتے ہیں مجبور کرتے ہیں کہ وہ ٹکٹ گھر سے ٹکٹ نہ خریدیں اور انہیں کرایہ سے کم رقم ادا کرکے اپنی منزل پر پہنچیں جو اس طرح نہیں کرتے ان کو پولیس والے ہراسان کرنے اور پریشان کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ پولیس کی اس قسم کی زیادتی سے ایک طرف عوام میں پریشانی ہو رہی ہے دوسری طرف حکومت کو مالی نقصان پہنچ رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کی یہ شکایت عمومی قسم کی ہے ۔ کسی خاص واقعہ کے متعلق نہیں ۔ اس کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ ان لوگوں کو بہت نقصان ہو رہا ہے ان کی عزت خطرہ میں ہے ۔ اگر کوئی ٹکٹ لیتا ہے تو پولیس والے اس کی بے عزتی کرتے ہیں ۔ یہ حالت بہت دیر سے ہے اور ابھی تک ایسے ہی گذر رہی ہے ۔ لہذا میں چاہتا ہوں کہ اس کو زیر بحث آنا چاہئے وہ لوگ بہت ہراسان ہیں اور بے حد پریشان ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ تحریک التوا میں کوئی مخصوص واقعہ بیان نہیں کیا گیا اور ایسے واقعات کے لئے اجازت لی جا رہی ہے جو فوری اہمیت کے حامل نہیں

لیز مفاد عامہ کے حامل نہیں۔ علاوہ ازیں موشن میں عمومی شکایات کا ذکر ہے فوری اور خاص شکایت کا حامل نہیں اس لئے اس تحریک التوا کو مسترد کیا جاتا ہے ۔

HARASSMENT OF THE RESIDENTS OF VILLAGE SAMITAMI NEAR HYDERABAD BY DACOITS.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں مندرجہ ذیل تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں چونکہ یہ معاملہ امن عامہ سے متعلق ہے لہذا اس تحریک پر واضح اور فوری طور پر بحث کرنے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ معاملہ یہ ہے کہ حیدرآباد کے قریب سامیتامی نامی ایک گاؤں کے عوام ڈاکوؤں کی ایک کارروائی کی وجہ سے بے حد ہراساں اور خوفزدہ ہیں ۔ حیدرآباد کے ایک روز نامہ "عبرت" مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۶۶ کے مطابق مذکور گاؤں کے ایک زمیندار محمد عباس بھنور کے گودام جس میں ہزاروں روپے کا اناج موجود تھا کو ڈاکوؤں نے آگ لگا دی جس سے سارا اناج جل کر راکھ ہو گیا ۔ کچھ عرصہ ہوا کہ ڈاکوؤں نے خط کے ذریعے مذکورہ زمیندار کو دھمکی دی تھی کہ وہ مقررہ وقت کے اندر رقم پہنچا دیں ۔

رقم نہ پہنچانے پر ڈاکوؤں نے گاؤں پر حملہ کیا لیکن محمد عباس کو وہاں پر نہ پاکر واپس چلے گئے ۔ اس امر کی اطلاع پولیس میں درج کرائی گئی لیکن پولیس ان ڈاکوؤں کا سراغ لگانے میں ناکام رہی ۔ اب موقع ملنے پر ان ڈاکوؤں نے مذکورہ زمیندار کے اناج کے گودام کو آگ لگا دی اور اس طرح اپنا وعدہ پورا کیا ۔ ڈاکوؤں کی اس قسم کی سرگرمیوں کی وجہ سے وہاں کے عوام سخت ہراساں ہیں اور اب تک پولیس کی طرف سے کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ جناب والا ۔ میں حاجی صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جب پولیس کے پاس پہلی رپورٹ درج کرائی گئی تو پولیس پارٹی حفاظت کے لئے وہاں موقع پر گئی ۔ تاکہ ڈاکوؤں کو پکڑ لائے ۔ لیکن وہاں زمیندار کے گاؤں میں کوئی شخص نہیں پہنچا ۔ حالانکہ پولیس نے اندھیرا کیا ہوا تھا ۔ اس کے بعد دوسرے روز آٹھ بجے یہ معلوم ہوا کہ اناج کے گودام میں آگ لگا دی گئی ہے ۔ اس کے بعد ۲۶-۱۱-۶۶ کو پولیس نے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا اور ان میں سے ۶ ڈاکو مارے گئے ۔ ان کے نام یہ ہیں ۔

کارو ماچھی

رمضان ملچھی
بٹھو ڈیری
ملوکالو
غلام حیدر سپاہی
اقبال پنجابی

میرے ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اس گروہ کا لیڈر کارو ماچھی تھا۔ پولیس نے اس کو اور اس کے رفیقوں کو shoot کر دیا۔ میرا خیال ہے پولیس نے اپنے فرائض میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ اور حلیمی صاحب مطمئن ہوں گے۔

مسٹر سپیکر۔ اس معاملہ میں حکومت پہلے کارروائی کر چکی ہے اس لئے یہ تحریک التوا مسترد کی جاتی ہے۔

حاجی سردار عطا محمد۔ اس تحریک التوا میں حیدرآباد ڈویژن کے ایک گاؤں کا ذکر ہے۔ جناب وزیر قانون نے جن ڈاکوؤں کا ذکر کیا ہے وہ ضلع نواب شاہ کے متعلق ہیں۔ یہ تو ایسی بات ہے کہ جرم تو میں کروں اور حمزہ صاحب کو اس کی سزا مل جائے۔ اس کی تلافی ہو سکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔

جب تک ان لوگوں کو نہ پکڑا جائے اور ان کے گروہ کا سراغ نہ لگایا جائے میں مطمئن نہیں ہوں گا ۔ کیونکہ حیدرآباد ڈویژن کے ڈاکوؤں کا معاملہ اور ہے اور نواب شاہ کا معاملہ اور ہے ۔

وزیر قانون ۔ جناب حاجی صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے یہ واقعہ حیدرآباد ضلع کا ہے اور دادو ضلع حیدرآباد کے درمیان سندھو دریا ہے کبھی وہ لوگ اسطرف آ جاتے ہیں اور کبھی اسطرف آ جاتے ہیں اور یہ دادو کا مسئلہ حیدرآباد ڈویژن کا ہے ۔

Mr. Speaker : Next motion No. 68, from Mr. Hamza. As this motion concerns Food Policy, it is ruled out of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اب کافی وقت ہو گیا ہے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ باقی adjournment motions کل لے لی جائیں ۔

Mr. Speaker : We will take up the rest of the adjournment motions tomorrow.

BILLS

THE WEST PAKISTAN CO-OPERATIVE BOARD (DISSOLUTION) BILL, 1966.

Mr. Speaker : We will now take up the orders of the day.

First item is from Minister for Agriculture and Cooperation.

Minister for Agriculture and Co-operation (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill 1966.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill 1966, stands presented to the House.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister for Agriculture and Co-operation : The Member is opposing this Sir.

Mr. Speaker : There is no question of opposition.

Minister for Agriculture and Co-operation : I beg to move :

> That the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill 1966, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill 1966, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare be taken into consideration at once.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill 1966, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare be circulated for eliciting public opinion thereon by 31st December, 1966.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عام صورت یہ ہے کہ جب کوئی وزیر صاحب کوئی تحریک اس ایوان میں پیش کرتے ہیں اور خصوصاً ایسی تحریک جو آئین سازی سے متعلق ہو تو اسکی غرض و غایت اور ضرورت کو ابتدا ہی میں ایوان کو بتا دیتے ہیں ۔ یہ تحریک جو ابھی پیش کیگئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس پر چونکہ خواجہ صاحب کی امنڈمنٹ ہے اسلئے پہلے وہ put کیجائیگی ۔

Motion under consideration, amendment moved is :

> That the West Pakistan Co-operative Board (Dissolution) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare be circulated for eliciting public opin on thereon by 31st December, 1966.

Minister for Agriculture & Co-operation : Opposed.

خواجہ محمد صفدر ۔ میرا خیال ہے کہ اگر محترم قائد ایوان اسکے متعلق کچھ ارشاد فرما دیتے تو زیادہ بہتر ہوتا پھر اسکے بعد میں اسکے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتا اور اگر وہ نہیں اظہار خیال کرنا چاہتے ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ۔ یہ آپ نے کیسے قیاس کر لیا کہ وہ اظہار خیال نہیں کرنا چاہتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ چاہتے ہیں تو کریں ۔

وزیر زراعت و امداد باھمی (ملک خدا بخش) ۔ جی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱)۔ جناب والا ۔ اس مسودہ قانون کی غرض و غایت یہ ہے کہ ایک بورڈ جسکا نام کوآپریٹو ڈویلپمنٹ بورڈ ہے اور جسے جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان نے ۲۷۔اپریل ۱۹۶۲ کو ایک آرڈیننس کے ذریعہ قائم کیا تھا اسکو اب محدوم کر دیا جائے اسکو توڑ دیا جائے اسکو توڑنے سے جو کچھ نتائج اور عواقب پیدا ہوئے ہیں اب اسکے کاروبار کی دیکھ بھال کیلئے ایک ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کیا جائے اگر جناب قائد ایوان جو کہ اس مسودہ قانون کے انچارج ہیں اس بل کی غرض و غایت پر روشنی ڈال

دیتے اور ہمیں بتاتے کہ اس بورڈ نے جس کو توڑنے کے لیے یا جس کا فاتحہ پڑھنے کے لیے آج ہم یہاں اکٹھا ہوئے ہیں گذشتہ ۴ سالوں میں بلکہ ساڑھے چار سالوں میں کیا کارھائے نمایاں کئے تو میرے لیے نہایت ھی مسرت کا مقام ہوتا بلکہ ایسی صورت میں میں کچھ سیکھ لیتا میرے علم میں کچھ اضافہ ہو جاتا ۔ جن عظیم مقاصد کے پیش نظر وہ بورڈ معرض وجود میں لایا گیا تھا وہ کس حد تک پورے ہوئے ہیں اور کس حد تک پورے نہیں ہوئے ہیں اور سب سے بڑی بات جس سے اس ایوان کو میری رائے میں دلچسپی ہو گی اور ایوان کو ھی نہیں بلکہ اس صوبے کے ۵ کروڑ افراد کو دلچسپی ہو گی وہ یہ ہے کہ اس بورڈ نے کروڑوں روپے کے سرمایہ کو جو مختلف ذرائع سے جس کی تفصیل بعد میں بیان کروں گا حاصل کیا تھا کس طرح خرچ کیا ۔۔۔۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس

صوبے کے ۵ کروڑ عوام کو اس امر میں بیحد دلچسپی ہو گی اور اس ایوان کے معزز ارکان کو بھی مجھے یقین ہے کہ اس مسئلہ کے معلوم کرنے میں دلچسپی ہو گی کہ وہ کروڑوں روپے کا سرمایہ جو کہ مختلف ذرائع سے اس بورڈ نے گذشتہ چار یا ساڑھے چار سال میں حاصل کیا اس کو کس طرح صرف کیا گیا ۔ آیا وہ درست طور پر صرف ہوا یا وہ خرد برد کر دیا گیا اور ایوان کو یہ بھی معلوم کرنے میں دلچسپی ہو گی کہ وہ مختلف projects جو کوآپریٹو ڈولپمنٹ بورڈ کے تحت گذشتہ چار ساڑھے چار سال میں شروع کئے گئے تھے ۔ مکمل کئے گئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعض projects ابھی تک تکمیل نہیں ہوئے یا جو مکمل ہو چکے ہیں ان کا کیا بنا ۔ کیا وہ منافع بخش تھے یا کہ وہ خسارہ کا سودا تھا یہ تمام سوالات کے جوابات میں جاننا چاہتا تھا لیکن افسوس کہ قائد ایوان نے یہ مناسب خیال نہیں کیا کہ وہ اس مرحلہ پر ہمارے ان خدشات اور شبہات کو دور کرنے کی سعی فرماتے ۔ میں ان سے درخواست کرنے میں یقیناً اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتا ہوں کہ آج جب وہ ہم سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اس بورڈ کا خاتمہ پڑھیں وہ ہمیں بتائیں کہ اس بورڈ نے چار سال میں کیا کیا ۔ اس بورڈ کی کمزوری کیا تھی ۔ اگر کسی فرد نے اس بورڈ کے سرمایہ کو خرد برد کیا تو اس پر ذمہ داری ڈالی گئی یا نہیں ۔ لہذا میں قائد ایوان سے

درخواست کرونگا کہ وہ ان سوالات کا جواب اس ایوان میں دیں اس کے بعد دوسری باتوں کا جواب کسی اور موقع پر دیدیں جس وقت ہم بھی ان کے متعلق ان سے اپنی گذارشات کر سکیں۔ ایسا نہ ہو کہ اس بحث کے اختتام پر محترم قائد ایوان ہمیں ان سوالات کا جواب دیں جبکہ قواعد کی رو سے ہماری زبان بند ہو چکی ہو۔ تو جناب والا۔ میں ان گذارشات کے بعد اب مختصراً یہ عرض کرونگا کہ میں کیوں یہ چاہتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو عوام کے مشورہ کے لیے مشتہر کیا جائے۔ جناب والا۔ آپ کو یاد ہو گا کہ یہ بورڈ اپریل ۱۹۶۲ء میں معرض وجود میں ایک آرڈیننس کے ذریعے آیا اس زمانے میں اسمبلی کا وجود نہ تھا۔ مارشل لاء کا زمانہ تھا۔ ہمارے ارباب اقتدار نے اپنی ہی صوابدید پر جیسا کہ انہوں نے پسند فرمایا اس کو ایک قانون کی شکل دے کر اس کا وجود ہمارے سامنے لا کھڑا کیا۔ اس کی تشکیل اس طور پر تھی کہ اس بورڈ کا ایک چیئرمین تھا اور دس اس کے ممبر تھے۔ اس کے بعد ۱۹۶۵ء میں اس میں ترمیم ہو گئی اور ایک کونسل کا اس میں اضافہ بھی کر دیا گیا اور ہمارے سابق وزیر قانون نے اپنی تقریر دلپذیر میں اس ہاؤس میں تقریر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ ہم عوام کو

بورڈ کے کاروبار میں شریک کرنا چاہتے ہیں تاکہ لوگ بورڈ کی کونسل میں شامل ہو جائیں تاکہ بورڈ ان کے مشورے سے مستفید ہو ۔ ایسی زبانی باتیں وہ ہمیں کئی سال سناتے رہے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کچھ فرائض اور کچھ اختیارات اس قانون کے تحت اس بورڈ کے ذمے ڈالے گئے تھے ۔ ان فرائض اور اختیارات کا کیا بنے گا یا ان کا کیا بننا چاہیئے ۔ اس صوبے کے پانچ کروڑ افراد اپنی رائے دیں کہ اگر اس بورڈ کو توڑا جا رہا ہے تو جو فرائض اور اختیارات اس کے ذمہ تھے وہ کس اتھارٹی یا کس محکمہ یا کس ادارے کو سپرد کئے جائیں ان کو کیونکر چلائیں اور ان اختیارات کو کیونکر استعمال کریں جناب والا ۔ وہ اختیارات اس قدر وسیع تھے کہ کوآپریٹیو موومنٹ اور محکمہ دونوں پر حاوی تھے ۔ دونوں کو وہ احاطہ کئے ہوئے تھے ۔ میرا خیال ہے کہ یہ زیادہ مناسب ہو گا کہ اگر میں مختصر سا حوالہ کتاب میں سے دیدوں ۔ جناب والا ۔ یہ ہے ۔

نمبر ے پر ہے ۔

POWERS, DUTIES AND FUNCTIONS OF THE BOARD

7. The Board shall perform the following functions :—

(a) promote the organization of cooperative societies of all types ;

(b) encourage, assist in and supervise the development of cooperative societies;

(c) take over and manage the affairs of cooperative societies and and when required to do so by the Registrar under any law relating to cooperative societies in force in the Province or any part thereof;

"(cc) advise, supervise, control and guide the Cooperative Movement". . . .

and this is very important sir,

(d) "and the field staff of the Cooperative Department carry out survey of new projects in the cooperative field."

and sir, this is the blanket clause,

(f) "do all such things as are incidental or conducive to the healthy development of the Cooperative Movement in the Province."

یہ حقیقت ہے کہ اس محکمہ کے سر پر بورڈ مسلط کیا گیا تھا ۔ بورڈ کو بہت وسیع اختیارات حاصل تھے ۔ کوآپریٹیو موومنٹ کو چلانا ، اس کو فروغ دینا اس کو ترقی دینا اور اس تحریک کو اس صوبے میں مقبول بنانا

یہ تمام ذمہ داری اس بورڈ پر تھی اس قدر وسیع اختیارات اس بورڈ کے پاس تھے ۔ اب ہمیں معلوم کرنا ہے کہ اس بورڈ نے ان اختیارات کو کس طرح استعمال کیا ۔ ہم معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اب یہ اختیارات کون استعمال کریگا ۔ مجھے اخبارات کے ذریعہ معلوم ہوا ہے کہ اس محکمے کو محکمہ خوراک کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف دلاؤں کہ محکمہ خوراک نے جب سے جنم لیا ہے یعنی ۲۸ سال سے یہ محکمہ عارضی ہے جناب والا اس کو ابھی تک عارضی رکھا گیا ہوا ہے ۔ کئی لوگ اس عرصہ میں پیدا ہوئے اور کئی مر بھی گئے ہیں ۔

جناب والا ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس محکمہ کو خوراک کے ساتھ کیوں منسلک کیا جا رہا ہے ۔ اس کو "نتھی (ب)" کیوں بنایا جا رہا ہے پہلے محکمہ خوراک کی دیکھ بھال کر لیجیئے پھر اس محکمے کو جو کہ ہمارے خیال میں اس صوبے کے لئے نہایت اہم اور ضروری ہے ۔ پھر اس کو کسی دوسرے محکمہ کے ساتھ نتھی (ب) یا منسلک کیجئے ۔ ہمیں اس پر بھی اعتراض ہے ۔ کہ ایسا کیوں کیا جا رہا ہے ۔ ملک کی تقسیم سے قبل یہ محکمہ آزاد تھا اور بہت قابل افسر اس کا انچارج ہوا کرتا تھا جو رجسٹرار کہلاتا تھا آج یہ

کہا جاتا ہے کہ کوآپریٹیو موومنٹ کو فروغ دو ۔ وہ فروغ کیسے ہو جب کہ اس کے افسر اعلیٰ کو فروغ نہیں ملتا ۔ رجسٹرار آج بھی اس محکمہ میں مقرر ہے ۔ لیکن آپ اس کی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتے ۔ اس کے اختیارات آپ نے محدود کر دئیے ہوئے ہیں ۔ اس محکمہ کی انفرادیت ختم ہو رہی ہے ۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ اس محکمے کو فروغ نہیں ہوتا ۔ میری رائے میں آپ کے عمل اور فعل میں تضاد ہے ۔ میں اخباری رپورٹ کے مطابق یہ یہ سب کچھ کہہ رہا ہوں مجھے معلوم نہیں کہ حقیقت اصل میں کیا ہے ۔ ہمارے وزرا کے دل میں کیا ہے ۔ میں ان تمام مفروضوں کو سامنے رکھ کر جو مجھے اخبارات یا دوسرے وسائل سے معلوم ہو سکیں ہیں بات کر رہا ہوں ۔ میں اس پر مزید بحث اس وقت نہیں کرونگا ۔ کہ اس کے اختیارات کس کو سونپے جائیں ۔ دوسرا پوائنٹ جو میرے نزدیک اہم ہے وہ یہ ہے کہ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ساڑھے چار سال میں جناب والا بورڈ کے پاس جو سرمایہ جمع ہوا اس کا کیا بنا ۔ بورڈ نے کن کن سے رقوم لینی تھی اور کس کس کو ادا کرنی ہے ۔ یہی بورڈ کیا ہمارے تمام محکمہ جات کے مالی کا روبار مشکوک ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کے گناہوں کو بخشے اور ہماری

مدد کرے۔ میں مایوس نہیں ہوتا۔ میں تو بہت رجائیت پسند ہوں۔ مجھ پر قنوطیت طاری نہیں ہوتی۔ مگر حالات سے کبھی تھوڑی سی مایوسی ضرور پیدا ہو جاتی ہے۔ اس بورڈ کا سرمایہ اس طرح فراہم ہوتا ہے۔

The Board's fund shall consist of—

(a) grants made by the Central Government, the Provincial Government and the State Bank of Pakistan.

یعنی اس میں امدادی رقوم بھی شامل ہوں گی۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سومرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

جناب والا۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس قانون کے تحت یعنی مغربی پاکستان کوآپریٹیو بورڈ ڈویلپمنٹ آرڈیننس ۱۹۶۲ء کے تحت بورڈ کا ایک فنڈ ہے۔ جس میں مختلف ذرائع اور وسائل سے نقدی جمع ہوتی رہی۔

West Pakistan Co-operative Board Ordinance XIV of 1962 :

(a) Grants made by the Central Government, the Provincial Government and the State Bank of Pakistan.

یعنی امدادی رقوم قرضہ نہیں جو مرکزی حکومت سے صوبائی حکومت سے

اور سٹیٹ بنک آف پاکستان سے آئیں تین چار سالوں میں کسقدر آئیں ھمیں بتائیں ۔ مرکز نے کیا دیا ۔ صوبہ نے کیا دیا اور سٹیٹ بنک آف پاکستان نے کیا دیا ۔

(b) loans obtained from Government and the State Bank of Pakistan.

انہیں یہ اختیار حاصل تھا کہ اگر حکومت سے یا سٹیٹ بنک سے قرضہ جات لینے پڑیں تو لے لیں ۔

(c) loans and grants obtained from a foreign agency with the special or general sanction of the Government.

یہاں انہیں قرضے لینے کی کھلی چھٹی دے دی گئی ہے جس جگہ سے چاہیں قرضے لیں ۔ امریکہ سے ، جاپان سے یا انڈیا سے کسی جگہ سے بھی چاہیں وہ امدادی قرضے حاصل کر لیں ۔ کسی ذریعے سے لے لیں یا کسی فارن ایجنسی سے لے لیں ۔

Fees and contributions received from Co-operative Societies.

کوئی فیس بھی انہوں نے مقرر کی ہوئی تھی ۔

All other sums received by the Board.

اس کے علاوہ بھی جہاں کہیں سے اس بورڈ کو روپیہ مل سکے خواہ چوری کا ہو خواہ ٹھگی کی ہو ۔ خواہ کسی قسم کا ہو ۔ یہ سب روپیہ اس بورڈ کے فنڈ میں جمع ہوتا تھا ۔ جس کو یہ operate کرتے تھے ۔ اب جناب والا قدرتی طور پر اور اخلاق اور قانون کے ہر ضابطہ کے مطابق اس صوبہ کے پانچ کروڑ عوام یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ یہ فنڈ کس طرح صرف ہوا ۔ اس کا بقایا کیا ہے یا کوئی نہیں ۔ کہیں یہ خورد برد تو نہیں ہوا ۔ کیونکہ یہ فنڈ کسی فرد واحد کی جائداد نہ تھا ۔ نہ صدر مملکت کی کوئی ذاتی رقم اس میں تھی نہ گورنر صاحب نے کوئی ذاتی رقم اس میں دی ہوئی تھی ۔ نہ کسی وزیر کی ذاتی رقم تھی۔ نہ کسی افسر کی ذاتی رقم اس میں شامل تھی ۔ یہ عوام کا سرمایہ تھا ۔ یہ تو ہمارا روپیہ تھا ۔ جو ٹیکسوں کے ذریعے مرکزی حکومت نے اکٹھا کیا ہوا تھا ۔ سٹیٹ بنک بھی یہاں کے عوام کا ہے ۔ اگر بورڈ نے کہیں سے قرضہ برداشت کیا ہے تو یہاں کے عوام اس کی ادائیگی کے ذمہدار ہیں ۔ اگر کسی فرد واحد نے ادا کرنا ہے ۔ تو چشم ما روشن دل ماشاد ۔

کم از کم یہ تو بتایا جائے کہ یہ کتنا روپیہ ہے ۔ کس طرح صرف ہوا

اور کہاں صرف ہوا اس لئے بھی میں چاہتا ہوں کہ زائد معلوم کرنے کے لئے اس مسودۂ کو مشتہر کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ایوان میں کورم نہیں ۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*).

The House is in quorum. Yes Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ عام طور پر صوبہ میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ اس بورڈ نے حالات کو اس قدر پراگندہ کر دیا ہے تحریک امداد باہمی میں اس قدر انتشار پیدا کر دیا ہے ۔ محکمہ کوآپریٹو کو اس قدر مفلوج کر دیا ہے ۔ اور اپنا سرمایہ اس بری طرح سے برباد کیا ہے کہ حکومت جو ایک عرصہ سے چھوٹی اور بڑی بد دیانتیوں کو بھی بغیر ڈکار لئے ہضم کر جاتی رہی ہے اب اس کے بھی بس کی بات نہیں کہ اس قسم کے بدنام بورڈ کو اس قسم کے ناکارہ بورڈ کو اور اس قسم کے عبث اور بدنام بورڈ کو مزید کچھ عرصہ کے لئے قائم رکھے ۔ لوگوں میں یہ عام خیال ہے کہ بڑے بڑے افسران نے نہ صرف اس بورڈ

سے بڑی بڑی تنخواہیں لیں بلکہ اس بورڈ کے ذریعہ گلچھڑے بھی اڑائے ہیں۔ وہ خیانت کے مرتکب ہوئے ہیں - انہوں نے بد دیانتی کی - رشوتیں لیں اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس بل کے ذریعہ قبل اسکے کہ آپ اس بورڈ کو توڑ دیں اور اس کی ذمہ داری کسی دوسرے ادارہ یا فرد پر عائد کر دیں - جب تک اس بورڈ کی بددیانتیاں کسی نہ کسی پر خواہ موجودہ لوگوں پر عائد ہوں یا ان کے پیش رووں پر عائد ہوں مقرر نہ کر لیں اس وقت تک ہم چاہتے ہیں کہ اس بل کو پاس نہ کیا جائے اور اس بورڈ کو نہ توڑا جائے - ایک دفعہ اس بورڈ کو توڑ دیا جائیگا تو شاید یہ مقصد کبھی پورا نہ ہو سکے گا اور ہم بد دیانت افسران کو کبھی بھی نہ پکڑ سکیں گے -

جناب والا - میں اس لیے بھی چاہتا ہوں کہ یہ بل عوام کی رائے معلوم کرنے کے لیے مشتہر کیا جائے - اس بورڈ کے ذریعہ سے ایک عرصہ تک اس صوبہ کی نہایت اور اہم ضرورت میری مراد مصنوعی کھاد سے ہے تقسیم ہوتی رہی ہے - اس بورڈ نے کھاد کی تقسیم کے لئے سروس سوسائٹیاں بنائی تھیں۔ کس قدر رقم اس مد میں سروس سوسائیٹیوں اور دوسرے اداروں سے واجب الادا ہے - اور یہ بھی بتایا جائے کہ کھاد کی تقسیم کے متعلق کون سی نئی تجویز حکومت کے سامنے ہے - اس صوبہ کی ۸۵ فیصد آبادی (ہم کل بھی یہ

کہتے رہے ہیں) مطالبہ کرتی ہے اور ان کی یہ ضرورت ہے کہ ان کو کھاد مہیا کی جائے ۔ جناب قائد ایوان نے کل ایک مژدہ سنایا اس سے پہلے اخبارات میں بھی وہ بیان دئے جا چکے ہیں کہ سال رواں میں ۱۰ لاکھ ٹن کھاد اس صوبہ میں تقسیم ہو گی ۔ میں اس خبر کو بڑا مبارک سمجھتا ہوں اور مجھے اس سے خوشی ہے کہ یہ حکومت اس صوبہ کے زمینداروں کو کھاد مہیا کریگی ۔ جناب والا ۔ ہمارے کسان ۸ روپے کی بوری ۲۴ روپے کے بھاؤ اپنے گنا کی فصل کے لیے ۔ اپنے چاول کی فصل کے لیے خریدتے رہے ہیں اور وہ زمیندار جو ۲۴ روپیہ نہ سہی ۱۴ یا ۱۵ روپیہ بوری خریدتے رہے ہیں وہ اس سال آسانی سے کھاد خرید سکیں گے ۔ مگر

"اے بسا آرزو کہ خاک شدہ"

امیدیں تو ہماری کئی بنتی ہیں اور ہم کئی امیدیں قائم کرتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ یہ baseless ڈیموکریسی کی طرح ان امیدوں کی بھی کوئی base نہیں ہوتی ۔ ان کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی ۔ ان موہوم امیدوں پر سے صوبہ کے عوام کا گذارہ ہے ۔ آج اخباروں میں بیان آ جاتا ہے کہ فلاں کام ہو رہا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ خدا کرے یہ کام ہو جائے ۔ لیکن جب وقت آتا ہے تو ایک اور بیان آ جاتا ہے کہ ۶ ماہ کے بعد یہ

کام ہو گا ۔ پھر ۶ ماہ ان امیدوں پر رہتے ہیں کہ یہ کام ہوجائیگا اس طرح یہی چکر چلتا رہتا ہے ۔ نو ماہ سے بھی زیادہ گذر جاتے امیدوں کو conceive کرتے کرتے ہمارے وزراء لیکن پیدا کچھ نہیں کرتے ۔ یہی مشکل ہے۔ میں عرض کر رہا تھا کہ یہ ہمیں بتایا جائے کہ آج ساڑھے چار سال کے بعد جب ہم اس ارادے سے اکٹھے ہوئے ہیں کہ ایک نہایت ہی مہنگے بورڈ کو توڑ دیں ۔ نہایت ہی گراں بورڈ کو توڑ دیں ۔ ہمیں یہ بتایا جائے کہ یہ ایڈمنسٹریٹو اس سے کیا کم مہنگا ہو گا ۔ ایڈمنسٹریٹو کو بھی تقریباً تقریباً وہی اختیارات حاصل ہیں (میں اس کی تفاصیل کے متعلق کسی اور وقت عرض کروں گا) جہاں تک کہ عملہ کا تعلق ہے جو اس وقت ملازم ہے وہی بل کے ذریعہ اس ایڈمنسٹریٹو کا ملازم بن جائےگا ۔ وہ تنخواہیں بھی وہی لے گا ۔ بد دیانتی اور خویش پروری بھی اسی طرح کرے گا ۔ تمام برائیاں جو بورڈ کے ذمہ اس وقت ہیں ۔ ان سے پیچھا چھڑانا ایڈمنسٹریٹو کے لیے مشکل ہو گا ۔ اور یہ اس کے سر بھی مسلط ہوں گی ۔ جناب والا ۔ اگر شک ہو تو میں اس بل کی آخری کلاز پڑھے دیتا ہوں ۔ کلاز ۱۳ (۲) میں ہے کہ ۔

"Notwithstanding the repeal of the said Ordinance, everything done, action taken, obligation or liability incurred, contract entered into, officer

appointed or person authorized and order issued under any of the provisions of the said Ordinance, shall, if not inconsistent with the provisions of this Act, continue in force and, so far as may be, be deemed to have been respectively done, taken, incurred, entered into, appointed, authorised or issued under this Act."

اس لیے میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ آپ کا کیا ارادہ ہے اور یہ آپ کا کیا منشا ہے کہ اس بورڈ کے اخراجات کا بوجھ اس غریب صوبہ کے کند ھوں سے اٹھایا جائے ؟ مجھے یہ بھی بتایا جائے کہ اسی قدر بوجھ یعنی مالی بوجھ ایڈمنسٹریٹو کی شکل میں پھر اس غریب صوبہ کے عوام کے کند ہوں پر کیوں ڈالا جائے ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ بورڈ دیوالیہ ہو گیا ہے تو ایک liquidator مقرر کیجئے ۔ اس کی جو assets اور liabilities ہیں ان کے حساب کے لیے دو ایک سال کی میعاد مقرر کر لیجئے ۔ میں تجویز کرتا ہوں کہ دو سال کی میعاد مقرر کی جائے ۔ کسی شریف آدمی کو اگر آپ کو مل جائے اس کو liquidator مقرر کر دیا جائے ۔ یہ بات واضح کر دی جاوے کہ بورڈ دیوالیہ ہو گیا ہے اس ایڈمنسٹریٹر کا اس لیے تقرر کیا جا رہا ہے کہ وہ اس بورڈ کے حسابات کو چکائے ۔ اگرچہ جس ادارے یا آدمی کا دیوالیہ ہو جائے اس سے کوئی چیز وصول نہیں ہوا کرتی ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی پہلی تقریر ختم کرتا ہوں اب دوسری موشن میں بقایا باتیں عرض کروں گا۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat—II) Mr. Speaker, Sir, I was disappointed not because one of our experienced Ministers, who has great experience of Administration, has presented a Bill to wind up the affairs of the Co-operative Board. My disappointment, Sir, is that I feel that the Co-operative Department is about the only department that can save Pakistan and guarantee its future well-being and prosperity is being ignored. I feel, normally, the Co-operative Department like all other important beneficient departments of Government has always been neglected and usually the Minister-in-Charge of these portfolios used to be the junior most Minister whose voice within the Cabinet did not count for much. I was really happy and delighted to see and to find that the Leader of the House was incharge of this portfolio. In the present concept of things, in my humble opinion, there are two alternatives for a country like ours-either we go to a totallitarion economy or we accept the socialistic one; whether you call it Islamic or by any other name. I feel that the creation of this Board was a correct step. It was a kind of a supreme command which had been created in order to organise and channelise the efforts of this department. There must be some very cogent

reasons and there must be some very real reasons as to why this Board is now being wound up. I for one do not know and am not aware of the reasons but I feel that if the Co-operative Movement is allowed to fall into the hands of one individual it may not be possible for him to cope with all the various and different constructive channels into which the Movement must organize in order to become a really effective and a really strong Movement.

For instanee Sir, the centralisation of power in one individuals which I believe, the Honourable Minister now wants to resort to, I would merely mention to him as to what is the position in WAPDA, what is the position of the Agricultural Corporation and moreover, I believe, we are also setting up a Corporation or a similar Board for the industries Department; then why are we removing the supreme command or the organisation which should have been really effective. If there is any thing wrong with the management or if there is anything wrong with the personnel or with the persons manning these things, then, I think, Sir, the Honourable Minister should try to improve upon that rather than wipe out something on which the well being of this country would depend. Nobody has here denied that the Co-operative movement is a must. The Honourable Minister would know that Denmark, which is the coldest country in Europe was, sometime back, the poorest country too as

far as the endowments of nature were bestowed on it. Today, Sir, we see, it is the richest country in Agriculture and one of the richest country in Europe and that is simply because the co-operative movement there is quite effective and working smoothly. I believe, Sir, that even in Japen today, its biggest industry depends upon the cottage industry. My intention Sir, was not that I should speak on the movement or the pros and cons of the Board or their sins of ommissions and commissions but my request to the Honourable Minister is that before he takes the steps which so vitally concern the well being of this country, he should very kindly ponder over it and take this House or the people in confidence as to what is the alternative and what are the ways and means we can devise to improve this most important Department of the Government.

Thank you.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کا یہ فیصلہ کہ Cooperative Development Board کو ختم کر کے اس کے تمام تر اختیارات یا ذمہ داریاں فرد واحد کو سونپ دے ۔ میرے لئے عجوبہ نہ تھا ۔ یا غیر متوقع نہ تھا ۔ بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ حکومت کے نقطہ نظر سے یا حکومت کی جو پالیسی روز اول سے رہی ہے ۔ یا حکومت کا مطلب بنکہ

ہماری انقلابی حکومت کا جو مطلب ہے ۔ یہ عین اس کے مطابق ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ حق بہ حق دار رسید ۔ جناب ملک خدا بخش صاحب نے میری درخواست کے باوجود اس ایوان کو اس مسودۂ قانون پر بحث کرنے سے قبل اعتماد میں لینے کی زحمت گوارا نہ کی ۔ ابھی کل ہی جب مغربی پاکستان میں خوراک کے مسئلے کے بارے میں اس ایوان میں بحث شروع ہوئی ۔ تو انہوں نے عین مناسب وقت پر یہ پسند فرمایا کہ سب سے پہلے خوراک کے مسئلے کو یا خوراک کے متعلق حکومت کی جو کچھ بھی پالیسی ہے ۔ اس سے ایوان کو آگاہ کریں ۔ لیکن مجھے انتہائی دکھ ہے کہ انہوں نے میری درخواست کو شرف قبولیت نہیں بخشا ۔ اور آج ایک اچھی مثال پر عمل نہ کر کے ہمیں انہوں نے مزید تعریف کرنے کا موقع بھی فراہم نہ کیا ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے بھی جب اس بورڈ میں ہر کمشنری سے ایک ممبر لئے جانے کا ترمیمی آرڈیننس اس ایوان میں پیش ہوا تھا ۔ ہماری طرف سے اور خاص طورپر حزب اختلاف کی طرف سے اس وقت یہ اعتراض ہوا تھا کہ یہ مشاورتی بورڈ جو کہ اس کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے کی چنداں ضرورت نہیں ہے ۔ کیونکہ اس بورڈ کے تمام تر اختیارات اس قانون کے

مطابق بورڈ کے چیئرمین کے پاس ہی تھے - بورڈ کے چیئرمین کو یہ حق حاصل تھا کہ جس وقت چاہے وہ اس کی میٹینگ طلب کرے - اور اسکا ایجنڈا تیار کرے - یا ایجنڈے میں جس معاملہ کو پیش کرنا چاہے شامل کرے - اور وہ افراد جو ہر کمشنری سے اس میں مقرر کئے گئے تھے ان کا کام بھی محض مشورہ دینا تھا - اس سے آگے ان کے اختیارات میں کچھ بھی نہ تھا اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اگر بورڈ کی طرف سے کوئی غلطیاں سرزد ہوئیں - یا بورڈ کی کارگزاری سے جب حکومت غیر مطمئن ہو - اس کی ذمہ داری خود حکومت پر ہی عائد ہوتی ہے- حکومت کا یہ فرض تھا کہ آج وہ اس ایوان میں ہمیں مطلع کرتی کہ اس حکومت نے بذات خود پچھلے ساڑھے چار سال میں کیا کیا غلطیاں کی ہیں یا کیا کیا کارہائے نمایاں سرانجام دئیے ہیں - اور کن وجوہات کی بناء پر حکومت یہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہوئی ہے کہ اس بورڈ کو قطعی طور پر ختم کر دیا جائے - میں نے ابھی تقریر کے آغاز میں عرض کیا تھا کہ اس فیصلہ کا مقصد یا مطلب تو یہ ہے کہ "حق بہ حقدار رسید،، کیونکہ بورڈ کو توڑ کر عملاً ایک شخص کو وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں - جہاں تک بورڈ کی ہیت ترکیبی کا تعلق ہے - اس میں ذرا بھی فرق نہیں آیا -

جناب سپیکر ۔ جب اس مسودہ قانون کے مطابق ۔ تو ایڈمنسٹریشن کو لامتناہی اور لا محدود اختیارات دے دئیے گئے ہیں جیسا کہ پہلے چیئرمین کو اختیارات حاصل تھے ۔ اب ایڈمنسٹریٹر کو بھی اس قسم کے اختیارات دئیے جا رہے ہیں ۔ اور تحریک امداد باہمی کے عمال اور اسمبلی کو اعتماد میں لینے کی جو غرض و غایت ہے وہ اس کی نشان دھی نہیں کرتی ۔ جیسا کہ مجھ سے قبل جناب قائد حزب اختلاف نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ بورڈ کو اس حد تک وسیع اختیارات حاصل تھے کہ نہ صرف سٹیٹ بنک ۔ مرکزی اور صوبائی حکومت بلکہ اس کو غیر ممالک سے بھی قرضہ جات حاصل کرنے کے اختیارات حاصل تھے۔ لیکن انتہائی وسیع اختیارات کے ہوتے ہوئے حکومت کی یہ مخصوص پالیسی رہی ہے ۔ اور مستقل پالیسی رہی ہے کہ ایوان کو اعتماد میں نہ لیا جائے ۔ ان تمام نیم خود مختار اداروں میں جو بدعنوانیاں ہو رہی ہیں ۔ اور کروڑوں روپیہ کا جو ضیاع ہو رہا ہے ۔ اس کی تمام تر ذمہ‌داری حکومت پر ہے ۔ اگرچہ اس معزز ایوان کے ممبران عوام‌الناس اور صوبہ کی آبادی کے نمائندے ہیں ۔ لیکن آج تک حکومت نے اس ایوان کے پر زور اور مسلسل مطالبات کے باوجود یہ پسند نہیں کیا ۔ کہ

ان نیم خود مختار اداروں کے بارے میں یہ پوچھ لے کہ رقومات کہاں کہاں خرچ کی گئی ہیں ۔ ان رقومات کے خرچ کرنے کے بارے میں نہ پوچھ سکنے سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ اگرچہ ان نیم خود مختار اداروں کے متعلق اتنا رونا رویا گیا ہے ۔ پھر بھی حکومت چاہتی ہے کہ اس ایوان میں ایک مسودہ قانون لا کر ان نیم خود مختار اداروں کو خود مختار ادارے قرار دے دے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت خدا معلوم فرد واحد کو اتنے وسیع خاتیارات دینے پر کیوں مصر ہے ۔ مجھے علم ہے کہ وحدانیت اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ہے ۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی بعض خصوصیات ہیں ۔ اس نے تمام دنیا کو پیدا کیا ہے ۔ اس کو پوشیدہ اور ظاہر کا پورا علم ہے ۔ اللہ اپنی تمام مخلوق سے ایک جیسا سلوک کرتا ہے ۔ لیکن انتہائی افسوس ہے کہ یہاں یہ وبا نازل ہو گئی ہے کہ حکومت ایک فرد واحد کو خدا کا درجہ دینے پر تلی ہوئی ہے ۔ اس ملک کی حکومت بھی فرد واحد کے گرد گھومتی ہے ۔ اسی طرح یہاں بھی فرد واحد کو اتنے وسیع اختیارات دئے جا رہے ہیں ۔ اس تحریک سے جو افراد منسلک ہیں ۔ اور وابستہ ہیں ۔ یا متاثر ہوئے ہیں ۔

ان کو پہلے مشورہ دینے کا حق حاصل تھا ۔ ان کو مشورہ تک دینے کے حق سے محروم کر دیا گیا ہے ۔ اور ان کا یہ حق سلب کر لیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ۱۹۶۵ء میں کوآپریٹیو ڈولپمنٹ بورڈ کے متعلق ایک ہنگامی قانون کے ذریعہ ترمیم کی گئی تھی ۔ اس وقت جناب وزیر قانون جب اس آرڈیننس کو اس ایوان میں منظوری کے لئے پیش کر رہے تھے نے یہ فرمایا تھا کہ بورڈ کو وسیع اختیارات دینے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی اور وہ افراد جو اس بورڈ سے متعلق تھے ۔ یا صوبہ کے محکمہ کوآپریٹیو سوسائیٹیز کے نمائندے ہوتے تھے ان کو محض مشورہ دینے کے اختیارات کیوں دئیے گئے تھے ۔ وہ وجوہات جو انہوں نے اپنے بیان میں گنی تھیں وہ یہ ہیں ۔

"The executive which was mainly responsible for the recovery were not permitted to do what they were required to do under the Law. They were hampered in their daily performance of work by persons who were interested in themselves. As Mr. Soomro described here to-day and sometimes back what has happened in the Southern Region. Members waho hve been elected to the Regional

Cooperative Bank are those majority of whom are dafaulters themselves or some of them who are members of this Board itself or those from whom it has become impossible to recover a single pie or those who are absolutely paupers and insolvents and indebted to the Bank to the tune of lakhs of rupees."

جناب سپیکر ۔ اس وقت ان افراد سے یہ اختیارات سلب کرنے کے لئے اس قسم کی توجیہات پیش کرتے ہیں ۔ کیا اب میں وزیر متعلقہ سے یہ دریافت کرنے کی جسارت کرتا ہوں ۔ کہ جب آپ نے ان افراد سے تمام تر اختیارات سلب کر لئے ہیں تو آج یہ ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے کہ آپ اس Development Board کو ختم کر دیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈولپمنٹ بورڈ کی نااہلی کی تمام تر ذمہداری حکومت پر ہے ۔ کیونکہ اس کو حکومت کے نامزد کردہ افسران ہی چلاتے تھے ۔ چونکہ ان کو چلانے کے اختیارات تھے ۔ اس لئے اصل ذمہداری بھی ان پر تھی ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ اتنے وسیع اختیارات دینے کے باوجود آج ہماری حکومت ہمیں اعتماد میں لینے کو تیار نہیں ۔ اور اس کو اس قسم کا فیصلہ کرنا پڑا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس محکمہ کا قلمدان وزارت اس وقت جناب بچہ صاحب کے پاس ہے ۔ خوراک اور زراعت کے قلمدان بھی ان کے پاس ہیں ۔ علاوہ ازیں اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے ۔ کہ اس محکمہ کو محکمہ خوراک میں مدغم کیا جا رہا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اگر اس میں صرف یہ بھی جواز ہے کہ معزز وزیر کے پاس یہ محکمہ بھی ہے ۔ یا دونوں محکموں کے قلمدان وزارت ان کو سونپ دئیے گئے ہیں ۔ تو میں نہیں سمجھتا کہ اس فیصلہ کا اگر یہی سبب ہے اور اس کا کیا وزن ہے اسلئے تبدیل کرنا ضروری ہے ۔ جناب سپیکر۔ آپ کو معلوم ہے کہ حکومت کی پالیسیوں کے بارے میں بہت سے دعوی کئے جاتے ہیں ۔ منصوبہ بندی میں بھی یہ بہت ماہر ہیں لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ ہر فرد جو نیا آتا ہے وہ نئی عمارت تعمیر کرتا ہے اور اس کے جانے کے بعد ایک نیا فرد اور آ جاتا ہے اور وہ پہلی عمارت گرا دیتا ہے اور نئی عمارت کھڑی کرتا ہے ۔ انسانوں کو دوام حاصل نہیں ہے تحریکیں اور محکمے ہمیشہ ہمیشہ رہتے ہیں اور ان کے ذریعے ملک کے مسائل کو حل کرنا ہوتا ہے ۔ اگر فرد واحد محض اسلئے کہ چونکہ دو قلمدان وزارت

اسکے سپرد کر دئیے گئے ہیں اس محکمہ کو توڑ دے اور دوسرے کے ساتھ نتھی کر دے تو یہ محکموں کے ساتھ گویا مذاق ہو گا اور اسطرح سے محکموں کو بہتر طریقہ سے چلایا جانا ناممکن ہو گا ۔ جناب سپیکر ۔ اگر اس بورڈ کو حکومت کسی خصوصی وجوہات کی بناء پر توڑ رہی تھی آپ کو احساس ہوگا کہ اس بورڈ کے اختیارات کتنے وسیع تھے اس کے پیش‌نظر حکومت کا یہ فرض تھا کہ اس ایوان میں اعلان کرتی بلکہ اس مسودہ قانون میں واضح طور پر اسکا ذکر کیا جانا ضروری تھا کہ وہ اتنے وسیع اختیارات ایک فرد واحد کو کتنے عرصہ کے لئے دے رہی ہے ۔ جب حکومت اتنے اہم کام کے لئے میعاد مقرر کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تو اس کا یہ مطلب نکلتا ہے کہ حکومت کو بذات خود اس بات کا یقین نہیں ہے کہ کتنے عرصے میں اس تمام کام کو وہ سر انجام دے سکیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسے محض حکومت کی صوابدید پر چھوڑنا انتہائی زیادتی ہے ۔ یہ معمولی سا کام نہیں ہے ۔ ایک طرف حکومت ایک فرد واحد کو اتنے وسیع اختیارات دے رہی ہے اور دوسری طرف اسکے لئے کوئی میعاد مقرر کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ بھی حکومت کر رہی ہے اسکی سابقہ تاریخ سابقہ

روایات یا عدم روایات ان کے کہنے کے عین مطابق ہے ۔ جہاں حکومت عام آبادی کو اعتماد کے لائق نہ سمجھے اگر اس حکومت نے پبلک کے نمائندہ اداروں کو قابل اعتماد نہ سمجھا اس حکومت کے نزدیک اس ملک میں اگر کوئی شخص یا کوئی طبقہ قابل اعتماد ہے تو وہ محض نوکر شاہی کا ہے جناب ملک خدا بخش صاحب مجھ سے خفا نہ ہو جائیں کہ نوکر شاہی کا ذکر کر دیا ہے ۔ ملک صاحب حقیقت یہ ہے کہ آپ کے دل میں ان کے لئے بہت محبت ہو گی اور تڑپ ہو گی لیکن یہ پرانی بات ہے اور آج تو آپ ہم میں سے ہیں اور آج تو آپ کو ہم پر اعتماد کرنا چاہئیے۔ ماضی کو چھوڑئیے۔ کم سے کم ہمیں آپ سے بھی بہت سی توقعات ہیں۔ جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہو سکتا ہے کہ ملک خدا بخش صاحب کو نوکر شاہی سے خاص محبت ہو لیکن وہ تو پرانی بات ہے ان کو اب ان سے خاص دلچسپی نہ ہو گی آپ تو ہمارے نزدیک ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب فاصلہ بہت ہی کم ہے اور کم سے کم آپ دلی طور پر ہمیں بہت ہی نزدیک سمجھئے اور یقین کیجئے کہ اگر آپ عوام الناس اور اس صوبہ کی آبادی پر اور ان کے نمائندوں پر اعتماد کریں گے تو وہ آپ کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں

گے - وہ آپ کے ساتھ اسی قسم کی وفاداری کریں گے جس قسم کی وفاداری کے آپ عادی ہیں -

Mr. Deputy Speaker : The Member may please be relevant ; he is irrelevant.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں ان معروضات کے پیش نظر جناب قائد ایوان سے یہ عرض کروں گا کہ آپ نوکر شاہی کے اختیارات کو محدود کرنے کی کوشش کریں اور ان کو ایک ہتھیار کے طور نہیں بلکہ ایک خادم کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کریں بلکہ ایسی کوشش نہ کریں کہ آپ ان کو ہمارے سروں پر لا کر بٹھا دیں - ان کو اتنے وسیع اختیارات نہ دیں جن کو وہ صحیح معنوں میں ملک و قوم کے مفاد کے لئے استعمال نہ کر سکیں - آپ نے پچھلے ۸ سال میں دیکھا کہ آپ نے اتنے وسیع اختیارات دئے لیکن اس کے باوجود آج ملک میں جو صورت حال پیدا ہو گئی ہے وہ آپ کے سامنے ہے - محض اختیارات کا دیا جانا اور پرسش کے حق کو سلب کرنا کسی لحاظ سے بھی مناسب اور موزوں نہیں ہے اور ایک ایسی مملکت کے شایان شان نہیں ہے جسے آپ کہتے ہیں کہ اسلامیہ جمہوریہ پاکستان ہے -

اگر آپ اسکو اسلامی جمہوریہ پاکستان سمجھتے ہیں تو خدا را اس غلط پالیسی کوجلد سے جلد چھوڑئے یہ آپ کے لئےبھی مفید ہوگا اور اس قوم کے لئے بھی - ان معروضات کے ساتھ میں جناب سپیکر جناب خدا بخش بچہ صاحب سے عرض کروں گا کہ اس مسودہ قانون کی بحث کو پبلک کی رائے معلوم کرنے کے لئے کچھ عرصہ کے لئے ملتوی کریں تاکہ عام لوگوں کے جو تاثرات ہیں - جو آپ تک نہیں پہونچ سکے وہ آپ تک پہونچ سکیں -

Mr. Deputy Speaker: Malik Akhtar to speak now.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir I also want to speak.

Malik Muhammad Akhtar : I don't mind Sir if he wants to speak first. I will speak after him, but I will speak.

Mr. Deputy Speaker : Alright, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - میری طبیعت یہ بات پسند نہیں کرتی کہ اس ایوان میں ایسی باتیں بار بار دھرائی جائیں جو اس ایوان میں کہی جا چکی ہوں اور اس ایوان کا قیمتی وقت جس کی قیمت قومی خزانہ ادا کرتا ہے - اس کو ایک ہی بات دھرا کر بار بار ضائع کیا

جائے ۔ لیکن میری مجبوری یہ ہے کہ قانون سازی کے وقت وہ بنیادی نقص جس کی طرف ارباب حکومت کو بار بار اس ایوان میں اور اس ملک کے دوسرے ایوانوں میں توجہ دلائی جا چکی ہے اس بنیادی نقص اور خرابی اور اس کے برے نتائج سے مطلع کیا جا چکا ہے لیکن اس کے باوجود اگر آپ اصرار کرتے ہیں کہ جو بھی قانون بنے چاہے وہ ہنگامی ہو یا مسودہ قانون کی شکل میں ہو ایوان میں لایا جائے ۔ اس میں وہ نقص باقی رہے تو پھر جناب والا ہمارے لئے ممکن نہیں کہ ہم مانند زخم اپنا منہ بند رکھیں ۔ اور آپ سے شکوہ جفا نہ کریں ۔ جناب عالی قانون سازی کا بنیادی نقص بلکہ اس حکومت کا بنیادی نقص جس کی طوف میں نے اشارہ کیا ہے اس سے میرا مطلب ہے اختیارات سے اور پبلک اداروں سے عوام کے نمائندوں کا اخراج اور نوکر شاہی کی بالا دستی کو مضبوط سے مضبوط تر کرنے کی پالیسی ہے ۔ کل شام کی تقریر میں بھی میں نے اس بات کی طرف اشارتاً عرض کیا تھا اس سے میرے کئی دوستوں کو شکایت ہوئی جن میں سے بعض میرے ایسے دوست ہیں جن کا میں بہت عزت و احترام کرتا ہوں میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اگر میرے الفاظ سے کبھی کسی کو تکلیف پہنچی ہو تو مجھے

افسوس ہے ۔ میں معذرت چاہتا ہوں ۔ میری نیت ہرگز یہ نہیں ہوتی کہ میں کسی شخص کے جذبات کو مجروح کروں لیکن یہ بھی میرے لیے ممکن نہیں کہ میں زہر ہلا ہل کو قند کر سکوں ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ساری دنیا کی قانون سازی کا دریا اور اس کا دہارا ایک طرف بہہ رہا ہے اور ہم دوسری طرف جا رہے ہیں ۔ آپ تاریخ کا مطالعہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ ملوکیت اور شہنشاہیت کے بعد جب جمہوری دور کا آغاز ہوا تو ہر ملک میں پالیسی اور ایک مسلم نظریہ یہ تھا کہ اختیارات زیادہ سے زیادہ عوام کے نمائندوں کی طرف منتقل کئے جائیں ۔ تاکہ عوام الناس خود اپنے مسائل کے سمجھنے اور ان کو طے کرنے کے قابل ہو جائیں ۔ آپ دنیا کے دوسرے ملکوں کو چھوڑیئے خود اپنے ہی اس ملک کی تاریخ غلامی کو یاد کیجئے ۔ ۱۸۵۷ء میں جب انگریزوں کا اس ملک پر پورا قبضہ ہو گیا تو انیسویں صدی کے آخری دس سال میں انہوں نے ملک کے مختلف صوبوں میں لوکل سیلف گورنمنٹ کے ادارے قائم کرکے عوام کو اختیارات کا تھوڑا سا موقع دیا اور حکومت کے معاملات کے قریب تر لانے کی کوشش کی اور ۱۹۱۹ء میں ایک دستور

نافذ کیا جس میں عوام کو کچھ مزید اختیارات دئے گئے ۔ تو تاریخ کا sequence یہ ہے کہ اختیارات میں نوکر شاہی کی بالا دستی کو کم کیا جائے اور عوامی نمائندوں کو حکومت کے اداروں کے قریب تر لایا جائے ۔ جناب والا ۔ یہ قانون جو اس وقت پیش نظر ہے وہ اس قانون کی قبر کا کتبہ ہے جو ۱۹۶۲ء میں اس ملک میں نافذ ہوا تھا اور جب اس قانون کے پس منظر کی طرف آپ نظر کریں گے تو اس کے سمجھنے میں سہولت ہو گی) ۱۹۶۲ء کا سال پاکستان کی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے اور وہ سال بہت ہی اہم کارناموں کا سال ہے ۔ یہ میں اس لیے کہتا ہوں کہ یہ وہ وقت تھا جبکہ چار سالہ سیاسی تعطل کے بعد اس ملک میں کچھ آثار پیدا ہو رہے تھے کہ شاید جمہوریت اور سیاسی پارٹیاں اور سیاسی فکر رکھنے والے لوگوں کو پھر زندگی ملے ۔ چار سال کے سیاسی تعطل کے بعد ۱۹۶۲ء کے اوائل میں اچھا یا برا دستور نافذ ہوا اور اس بات کا امکان پیدا ہوا تھا کہ اب یہاں اسمبلیاں قائم ہونگی اور ملکی معاملات و قانون سازی میں عوام کے نمائندوں کو اپنی بات کہنے کا کچھ موقع مل سکے گا ۔ مارشل لاء کا اور فوجی حکومت کا گھٹا ٹوپ بادل اس ملک کی سیاسی

فضا پر چھایا ہوا تھا لیکن اس کے باوجود جمہوریت کے سورج کی ہلکی ہلکی کرنیں سطح زمین پر پڑ رہی تھیں اور لوگ خوش ہو رہے تھے کہ اب شاید ہمیں حکومت کے قریب آنے موقع ملے گا تو یہ قانون ۱۹۶۲ء کا جس میں ڈیویلپمنٹ بورڈ قائم کیا تھا یہ ۱۹۶۲ء کی سیاسی فضا کا نتیجہ تھا ۔ یہ اس وقت کی یادگار ہے ۔ چنانچہ ایک ادارہ قائم کیا گیا جس میں امداد باھمی کی ترقی کے لیے عوام کے نمائندوں کو اس بورڈ میں شامل کیا گیا تاکہ حکومت کے افسران کے دوش بدوش عوامی نمائندے مل کر کام کریں تعاون کریں اور اس ملک میں تحریک امداد باہمی کو ترویج و ترقی دی جائے ۔ مجھے معلوم نہیں کہ کیا وجوہات تھے کہ تین سال کے بعد ۱۹۶۵ء میں سابق وزیر قانون نے ایک نئے ہنگامی قانون کے ذریعے سے سابق ہنگامی قانون میں ایسی تبدیلی کر دی ۔ جو کہ ترقی معکوس کے ہم معنی تھی یعنی وہ بورڈ جس میں عوامی نمائندے موجود تھے ان کو خارج کر دیا گیا اور ایک کونسل بنائی گئی جس میں عوام کے نمائندوں کو شامل کیا گیا لیکن وہ کونسل اپنے حدودکار کے لحاظ سے بے اثر تھی تبدیلی جس نیت سے کی گئی تھی اس کے متعلق میں پھر عرض کرونگا لیکن

وہ ترقی معکوس تھی اور جو دریا کے دوسرے رخ کی طرف ہمیں لیے جا رہی تھی یعنی وہ بورڈ جس میں عوام کے نمائندے موجود تھے اس میں سے انہیں خارج کر دیا گیا ۔ ایک سال کے بعد پھر آپ کو اب ضرورت محسوس ہو رہی ہے کہ اس کونسل اور ڈیلوپلمنٹ بورڈ کے ڈھانچے کو ختم کر دیا جائے جس میں دراصل عوام کے نمائندوں کو کچھ کہنے کا اختیار حاصل نہ تھا ۔

جناب والا ۔ اگر آپ ملک میں کچھ بہتر حالات پیدا کرنا چاہتے ہیں اگر واقعی آپ کو تحریک امداد باہمی کے متعلق خواہش ہے کہ اس کی ترویج و ترقی ہو تو کوئی ایسا مسئلہ جس سے عوام مطمئن ہوں جو انتظامیہ کا مسئلہ نہ ہو اس میں جب تک عوام کے نمائندوں کو آپ شریک نہ کریں گے ان کو اپنے دوش بدوش کام کرنے کا موقع نہ دیں گے تو عوام کی تربیت نہیں ہو سکے گی ۔ بلکہ نوکر شاہی کی بالا دستی قائم رہے گی اور یہ چیز مفید نتائج پیدا نہیں کرے گی ۔ اور نہ آپ کو اس سے مفید نتیجہ کی توقع کرنی چاہیئے ۔ آپ نے اس قانون میں اس کے ابتدائیہ میں اس

کے افتتاحیہ میں یہ فرمایا ہے یعنی اس کی ضرورت کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

> ''The West Pakistan Co-operative Board has not been in a position to make a solid contribution in the way of organising and developing new Co-operative Societies.''

تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ ویسٹ پاکستان کوآپریٹیو بورڈ جس کا چیئرمین حکومت کا مقرر کیا ہوا ایک افسر ہوتا ہے جس کے تمام کے تمام پانچوں ارکان حکومت کے مقرر کئے ہوئے ہوتے ہیں اور ۱۹۶۵ء کی ترمیم کے بعد وہ کونسل جس میں عوامی نمائندے تھے وہ بالکل بے اثر کونسل ہو چکی ہے ۔ آپ نے اس بورڈ کے ذریعے اختیارات اپنے ہی مقرر کئے ہوئے ایک افسر اور اس کے ساتھ پانچ دوسرے افراد کو دیئے کیونکہ یہ ادارہ انہی لوگوں پر مشتمل تھا تو یہ اس لیے کیا گیا تھا کہ تحریک امداد باھمی کو ترقی ہو ۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ ادارہ ملک میں تحریک امداد باہمی کی ترقی میں کوئی مفید contribution

نہیں کر سکا ۔ تو پھر اب آپ کیوں یہ سمجھتے ہیں کہ چھ آدمیوں کی بجائے ایک ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا جائے جس کی حیثیت چیئرمین سے مختلف نہیں ہو گی نہ اپنے عہدے کے لحاظ سے نہ اپنی صلاحیت کے لحاظ سے اور پھر وہ کام جو چھ آدمیوں کا بورڈ پورا نہیں کر سکا وہ ایک ایڈمنسٹریٹر کیسے پورا کرے گا ۔ میں اس کی وجہ سمجھنے سے قاصر ہوں وہ چھ افراد کا بورڈ اور ان چھ آدمیوں کو جنہیں آپ نے اختیارات دئے اپنے حکم سے جب وہ تحریک امداد باھمی کو ترقی نہ دے سکے تو ان کی بجائے ایک فرد واحد جو چیئرمین کی حیثیت کا ہو گا تو اس کے اندر کیسے یہ صلاحیت آئیگی کہ وہ سوئی ہوئی قوتوں کو جگا کر ملک میں تحریک کو پھر سے زندہ کر دے ۔ جناب والا ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ واقعی وہ بورڈ اپنے فرائض کو جو اس کے ذمہ کئے گئے تھے ۔ ادا نہیں کر سکا تو صحیح طریقہ یہ تھا کہ یہ جائزہ لیا جائے کہ کیا وہ افسر ناقابل تھے یا بورڈ کی تشکیل میں خود خرابی تو نہیں ہے یا ان افراد کی خرابی ہے جو اس بورڈ کے ممبر تھے اور جن کے ذمہ وہ فرائض تھے جن کو درحقیقت وہ پورا نہ کر سکے اگر بورڈ کی خرابی ہے تو آپ ہمیں بورڈ کی خرابی بتائیں ۔ آپ نے

اس کے طریقہ کار کی خرابی نہیں بتائی ہے بلکہ اس کے ابتدائیہ میں بورڈ کو ختم کرکے ایک ایڈمنسٹریٹر کے مقرر کرنے کی جو وجہ اس میں بیان فرمائی ہے وہ یہ نہیں ہے کہ اس بورڈ کے آئین میں جو اختیارات ان کو دئے گئے تھے ان اختیارات کی تفویض میں یا وہ سارا قانون جس طریقہ سے نافذ کیا تھا اس کے نفاذ میں کچھ ایسا نقص تھا جس سے تحریک امداد باہمی کو مدد نہ مل سکی بلکہ آپ نے تو یہ فرمایا ہے کہ وہ بورڈ اپنے فرائض منصبی کو صحیح طور پر ادا نہیں کر سکا ۔ تو دراصل بات یہ ہے کہ بورڈ کی خرابی نہیں تھی اور اس ادارے کی خرابی نہ تھی جو اس میں اس ادارے کے رکن کی حیثیت سے موجود تھے اور جن کو آپ نے اس ادارے کا رکن بنایا تھا ۔ تو بجائے اس کے کہ آپ اپنی اس غلطی پر نادم ہوتے آپ نے جن لوگوں کا پہلے اس ادارے میں تعین کیا تھا آپ کو چاہیئے تھا کہ ان کو واپس کرکے نئے افراد کو آپ وہاں لاتے تاکہ وہ اس ادارے میں نئی روح پھونکتے اور ملکہ میں تحریک امداد باہمی کی اشد ضرورت کو بہتر طریقہ سے سر انجام دیتے ۔ آپ نے تو سرے سے ہی

ساری عمارت ہی ساری گرا دی ۔ تاکہ اس کی بنیاد ہی نہ رہے ۔ اور ایک نیا ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا ۔

جناب والا ۔ پھر اس نئے ایڈمنسٹریٹر کومقرر کرنے کے ساتھ مجھے یہ دیکھ کر دکھ ہو رہا ہے کہ وہ اختیارات جو پانچ نفری بورڈ کو حاصل نہیں تھے ۔ اور وہ اختیارات جو اس بورڈ کے ساتھ ایڈوائزری کونسل کی موجودگی میں اسے حاصل نہیں تھے ۔ اب اس ایک فرد کو آپ اختیارات دے رہے ہیں ۔ اسکی تفصیلات پر تو پھر بعد میں بحث ہو گی ۔ اسوقت میں دو تین یا تین مجملاً اور اشارتاً پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

پہلے بورڈ کے لئے ضروری تھا کہ وہ اپنے حسابات چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے چیک کرائے ۔ اب ایڈمنسٹریٹر کے لئے یہ لازمی نہیں ہے ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ ایڈمنسٹریٹر کو اس سے آزاد کرنے کی کیا وجہ ہے ؟ جب کہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کا آڈٹ مسلمہ آڈٹ سمجھا جاتا ہے ۔ پہلے بورڈ میں عوام کے نمائندے تھے ۔ اگر اس کے لئے یہ طریقہ آڈٹ کا ضروری تھا تو ایڈمنسٹریٹر

کے لئے بھی ضروری ہونا چاہئیے تھا ۔ مزید برآں یہ اس پہلو سے بھی ضروری ہے کہ ایڈمنسٹریٹر کے حسابات کا چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ جائزہ ملے کیونکہ نیا ایڈمنسٹریٹر بلا شرکت غیرے تمام پبلک فنڈ کا مالک ہو گا ۔ اب اس پر یہ پابندی کیوں نہیں ؟ پھر وہ بورڈ اس کا پابند تھا کہ کوئی خرچ کرنے سے پہلے اپنے ادارے کا بجٹ بنا کر حکومت سے منظوری حاصل کرے ۔ اور اس بعد وہ خرچ کرے ۔ ایسے یہ آزادی نہیں تھی کہ پہلے خرچ کرے پھر اسے حکومت کی رضامندی کے لئے بھیج دے ۔ اس کے لئے ضروری تھا کہ وہ پہلے بجٹ بنائے ۔ اپنے اخراجات اور آمدنی کا منصوبہ پیش کرے جب حکومت اسے منظور کرے تو کوئی خرچ کرے ۔ مگر اب یہ ایڈمنسٹریٹر اس قید سے آزاد ہے ۔ یہ اپنی صوابدیدہ کے مطابق خرچ کر کے سال کے آخر میں حساب پیش کرے گا ۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ جب حکومت کے تمام ادارے جنہیں قومی خزانہ پر تصرف حاصل ہے پہلے بجٹ منظور کراتے ہیں تو اس ایڈمنسٹریٹر کو اس پابندی سے کیوں آزاد کیا گیا ہے ۔

پھر جناب والا ۔ آپ نے پچھلے قانون میں اس بورڈ کو یہ سہولت دی تھی کہ اگر وہ کوئی کام in good faith کریں گے تو کسی عدالت میں ان

کو چیلنج نہیں کیا جائے گا کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ انہوں نے وہ کام in good faith کیا ہے۔ لیکن ساتھ ہی ان کے لئے یہ بھی قید تھی کہ وہ نیک نیتی کے علاوہ with due care & caution کیا گیا ہو۔ اب آپ نے ایڈمنسٹریٹر صاحب کے لئے یہ الفاظ نکال دئیے ہیں۔ حالانکہ good faith مبہم چیز ہے اور due care and caution ٹھوس چیز ہے اور اسے ثابت کرنا زیادہ آسان ہے۔ آپ نے یہ الفاظ نکال کے ایڈمنسٹریٹر کو زیادہ آزاد کر دیا ہے۔ اپنے فرائض کی انجام دہی میں اور قومی خزانہ میں تصرف کے اختیارات میں۔

جناب والا۔ میں آپ کے توسط سے معزز قائد ایوان اور اس بل کے انچارج وزیر خوراک کی خدمت میں عرض کروں گا کہ حکومت کا ذمہ‌دار رکن ہونے کی حیثیت سے آپ کا فرض یہ ہے کہ قانون سازی میں صحت مند طریقوں کا راہ دیں۔ اور ان طریقوں کو چھوڑ دیا جائے جن کے باعث حکومت پچھلے زمانہ میں بدنام ہو چکی ہے اور عوام میں حکومت کے بارے میں یہ تاثر ہے کہ وہ نوکر شاہی کی بالا دستی اور عوام کو اختیارات سے خارج کرنے کی پالیسی پر کاربند ہے۔ میں ان کی خدمت میں نہایت دلسوزی سے عرض کرتا ہوں کہ نوکر شاہی سے زیادہ عوام ہیں جن کی بنیادوں پر یہ ملک

قائم ہے ۔ وہ انہیں اپنے اعتماد میں لیں ۔ ان کے نمائندوں کو اپنا شریک کار بنائیں کوئی قانون جو عوام کو اپنے ساتھ شامل ہونے کا موقع مہیا نہیں کرتا وہ عوام کی کوئی مفید خدمت نہیں کر سکتا ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں خواجہ صفدر صاحب کی اس تحریک کی تائید کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو جو اختیارات کو ایک ادارے سے منتقل کر کے نوکر شاہی کے ایک افسر کے ہاتھ میں دینے کے مترادف ہے رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔

(At this stage Malik Muhammad Akhtar rose to speak.)

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, no repetition of what has already been said.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ بہت اچھا جناب ۔ جناب سپیکر ۔ میں بھی اس موضوع پر ایک تحریک پیش کر چکا ہوں ۔ کہ اس مسودہ قانون کو مشتہر کیا جائے اور اس کے بارہ میں ایوان کی رائے حاصل کی جائے ۔ میں سختی سے اپنے موضوع پر بات کروں گا ۔ اور اپنے آپ کو پابند رکھوں گا ان تین چار نکات پر جو نہایت ہی اہم ہیں ۔ اور جن کے لئے اس مسودہ قانون کے

متعلق عوام کی رائے حاصل کرنا ضروری ہے ۔ آپ نے ہماری رائے کی نمائندگی کی ہے کہ آپ ہمیں اعتماد میں لے رہے ہیں"۔ کہ آرڈی نینس کی بجائے ایک بل لے آئے ہیں ۔ اس کے لئے یہ اور بھی ضروری ہے کہ اسکے متعلق عوام کی رائے معلوم کی جائے ۔ کیونکہ یہ اس ایوان کے علاوہ ان لوگوں کے بھی متعلق ہے جن لوگوں کی اس بورڈ کے پاس گرانقدر رقوم جمع تھیں ۔ اور وہ رقوم خرد برد ہوئی ہیں ۔

جناب سپیکر۔ آج میں ان دلائل کو دہرانا نہیں چاہتا جو گذشتہ دو دن سے اس ایوان میں دئیے جا رہے ہیں اور آج بھی یہاں جن کا تذکرہ ہوا ہے ۔ سب سے بڑا scandalous کھیل جو موجودہ انقلابی حکومت کے دور میں عوام سے کھیلا گیا ہے وہ یہ ہے کہ غریبوں کے سرمائے کو چند سیاستدانوں نے ، چند بر سر اقتدار حضرات نے لوٹا ۔ کوآپریٹیو سوسائٹیوں میں جو بھی deposit تھے وہ چھوٹے لوگوں کے تھے اور انھیں بڑی مچھلیاں نگل گئیں ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت نے ۲۵ کروڑ روپے کے اعداد و شمار جو اس ایوان میں بتائے ہیں کہ ان کی وصولی ہو چکی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ

اگر حکومت چاہے کہ اس پر انہیں داد تحسین دی جائے تو یہ ہرگز میرے خیال کے مطابق اس کے مستحق نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ گذشتہ سیشن میں اور اس سیشن میں بھی جب یہ انکشافات ہوئے تو تمام ملک میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

ملک محمد اختر ۔ جو اعداد و شمار ہمارے سابقہ وزیر قانون مسٹر غلام نبی میمن نے پیش کئے کہ اس وقت اس قدر رقومات لوگوں کے ذمے ہیں اور ان کے لئے نئی لجسلیشن کی ضرورت ہے اس سے قوم بیدار ہو گئی ۔ اس سے قوم بیدار ہو گئی ۔ اس سے قوم چونک اٹھی ۔ قوم کو پتہ چل گیا کہ مہذب لٹیرے ان کی جیبوں کو خالی کر چکے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے صرف چار نکات ہیں جن کو میں بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کے لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بل رائے عامہ کے لئے مشتہر ہونا نہایت ہی ضروری ہے ۔ سب سے پہلا نقطہ جس کو میں بیان کر رہا تھا وہ گراں قدر رقومات کے متعلق جو آج bad debts بن چکی ہیں اور

جن کی recovery یا تحفظ موجودہ بورڈ کی نگہداشت میں براہ راست ہے ۔ موجودہ بورڈ جس کو dissolve کیا جا رہا ہے یہ ان کے banking سیکشن کے متعلق تھے ۔ جناب والا ۔ میں مجوزہ بل کے پرنسپل کے بارے میں اختصار سے کام لیتے ہوئے چار نکات کے متعلق عرض کروں گا کہ جس سے یہ ظاہر ہو کہ بل کا مشتہر ہونا نہایت ہی ضروری ہے ۔

جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے ۔ مجھے ذرا سا reference دینا ہے اسی تقریر سے جو غلام نبی میمن صاحب نے پریس سٹیٹمنٹ دی تھی ۔ جس نے پبلک کو چونکا دیا ۔ جس نے ملک میں سنسی پیدا کر دی ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ یہ سنسی کہتے ہیں یہ کون سی زبان بول رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ سنسکرت ہے ۔ جناب والا ۔ رائے عامہ حاصل کرنا اس لئے بھی اشد ضروری ہے کیونکہ عوام کوآپریٹیو سوسائیٹیز کے متعلق بیدار ہو چکے ہیں ۔ لوگوں کو اس بے بارے میں خدشہ پیدا ہو چکا ہے کہ ان کے

ساتھ کیا کھیل کھیلا گیا ہے اور ان کے ساتھ پھر دوبارہ یہی کھیل نہ کھیلا جائے ۔ اس لئے نہایت ہی ضروری ہے کہ اس safeguard اور cheek کے نئے قانون کی رو سے عوام کی رائے کو incorporate کیا جائے ۔ مسٹر غلام نبی میمن نے بتایا تھا کہ کل قرضہ جات ۱ کروڑ ۵۹ لاکھ ۸۷ ہزار ہیں جن پر ۱۱ لاکھ ۶۸ ہزار ۶ سو روپیہ سود دینا تھا ۔ ان کے متعلق انہوں نے فرمایا تھا کہ یہ رقومات صرف چار cases میں واجب الادا ہیں جن میں ایک کیس میں ۷۰ لاکھ دوسرے میں ۴۵ لاکھ ۹۰ ہزار تیسرے کیس میں ۴۵ لاکھ اور چوتھے کیس میں ۱۲ لاکھ روپیہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان قرضہ جات کا اس کوآپریٹیو بورڈ سے کیا تعلق ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ان کا اس سے تعلق ہے ۔ انہوں نے Banking Section of Cooperative Development Board مقرر کر رکھا ہے ۔

I can quote that.

Mr. Speaker : What is that Section ?

ملک محمد اختر ۔ جناب یہاں چیئرمین صاحب موجود ہیں ۔ ان کی

۱۹۶۴-۶۵ کے متعلق رپورٹ ہے جس میں انہوں نے تسلیم کیا ہے He can admit or deny it جو انہوں نے سیکشن ۱۷ کے تحت رپورٹ publish کی ہے کہ ہم نے banking کو سپروائز کرنے کے لئے علیحدہ ڈیپارٹمنٹ مقرر کیا ہے ۔ یہ جناب والا Page ۸ پر ہے یہ Co-operative banking کے عنوان سے یہ رپورٹ ہے ۔ میں اس کی دو لائنیں پڑھوں گا ۔

> "The present report encompasses a wider and more diversified field of activities primarily compiled to satisfy the requirements of Section 17 of the Board's Ordinance.

اس رپورٹ میں جناب والا ۔ انہوں نے تمام ادارہ کے متعلق دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ رپورٹ banking کے متعلق ہے ۔ زیر بحث آرڈیننس کے سلسلہ میں یہ چیز relevant نہیں ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : Let him deny that there is not a Banking Section.

Mr. Speaker : I am not concerned with this Report. The Member should be relevant to the discussion of this Bill.

ملک محمد اختر ۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کے متعلق بات کروں گا ورنہ جیسے آپ کہیں میں اس نقطہ کو جو ۲۵ کروڑ روپے کی رقم جس کے لئے ملک میں ہیجان پیدا ہوا ہے اس میں loans کی recovery ہونے کے متعلق ہے چھوڑ دیتا ہوں ۔

میاں محمد شفیع ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ملک اختر صاحب کو غالباً مغالطہ لگ رہا ہے کہ بورڈ loans کی ذمہ دار ہے ۔ بورڈ کا ان قرضوں سے تعلق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب بورڈ کا direct تعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ loans کی پرانی repayment جو ہیں یا سنٹرل Banks کے جو loans ہیں ان کے ساتھ Cooperative Development Board کا ۔ ۔ آپ یہ فرمائیں کہ کون سے سیکشن کے ساتھ ان کا یہ function ہے کہ ان کی جو repayment ہے حاصل کرے ۔

If the Member is not prepared on that point he may please pass on to the next point.

ملک محمد اختر ۔ میرے پاس ہے ۔

I can give it to you in a while.

جناب والا ۔ اسی رپورٹ سے وہ سیکشن مل گیا ہے ۔ آپ صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

"The additional functions of Board . . . , The newly-inserted sub-section 7(cc) of the Board's Ordinance puts a a new complexion on the responsibility of the Board for day-to-day administration of the movement. It reads : advise, supervise, control and guide the Cooperative Movement and the field staff of the Cooperative Department; "

یعنی مکمل کنٹرول ہے جیسا کہ جناب کو اسمبلی سیکرٹریٹ کے متعلق مکمل اختیارات ہیں اسی طرح یہ چیئرمین ڈیولپمنٹ بورڈ کو مکمل اختیارات دئیے گئے ہیں ۔ اس پرویژن کی رو سے اور سیکیشن (سی ۔ سی) ۷ کے تحت تمام کے تمام معاملات میں خواہ وہ loans کے متعلق ہوں ۔ خواہ Promoting of Society کے متعلق ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اگر مجھے وقت مل جائے تو کل میں پندرہ بیس مثالیں نکال کر دے دوں گا ۔ اس کے متعلق پندرہ بیس شقیں عرض کروں گا ۔

